


مجربات حیات



حکیم محمد حیات

بواسیر

اس مرض میں مقعد کے مقام پر مسّے پیدا ہو جاتے ہیں اور ورم کر جاتے ہیں۔ مریض کو تکلیف ہوتی ہے۔ کبھی ان سے خون آتا ہے اور اس قدر آتا ہے کہ مریض کی جان خطرے میں پڑ جاتی ہے۔ کبھی دورہ سخت ہوتا ہے۔ مقعد ورم کر جاتی ہے۔

علاج: دورہ کی حالت میں جب مسے بہت درد کر رہے ہوں تو گرم پانی میں بٹھا دیں یا پیاز کتر کر باریک کر کے گھی میں گرم کر کے بندھوا دیں یا آلو پانی میں اُبال لیں اور نرم ہونے پر کوٹ کر ٹکی بنا کر گھی میں چپڑ کر گرم گرم باندھ دیں۔ اس سے مسوں کا دورہ کم ہو جائے گا درد بند ہو گا۔ یا برے بھنگ ایک تولہ۔ باریک کر کے مکھن میں ملا کر دن میں کئی بار مسوں کو اس سے چپڑ دیں۔ اس سے بھی درد بند ہو گی یا برگ بھنگ ایک تولہ۔ دودھ ایک کلو میں اُبال کر اس کا مقعد کو بھپارہ دیں اور پھر پتے پن کر ٹکی بنا کر گھی سے چپڑ کر نیم گرم باندھ دیں۔ ان تمام تدابیر سے مرض کا دور کم ہو جائے گا۔ اب خون بند کرنے کا اور مسوں کا علاج کریں۔

(۱۱۴۱) تخم نیم

مریض عمر ۲۵ سال دکھایا گیا جس کی مقعد سے اس قدر خون جاری تھا کہ جیسے بکرا ذبح کیا ہو۔ یہ گولیاں دی گئی۔ ایک ایک گولی صبح وشام دینے سے خون بند ہو گیا۔

هوالشافی: کافور۔ رسونت صاف۔ مغز تخم نیم۔ ناگ کیسر۔ منقیٰ مساوی۔ گولی بقدر جنگلی بیر بنا لیں۔ اس کے کھانے سے خون بند ہو گیا۔ اور کافور اور کیسٹرائل ۷ حصہ ملا کر آگ پر گرم کریں۔ جب مل جائے تو اتار کر اس سے مسوں کو صبح وشام چپڑ دیں۔ مسّوں کا زور کم ہو جائے گا۔ ان گولیوں سے علاج کئے ہوئے مریضوں کو چالیس چالیس سال ہو گئے دورہ نہیں ہوا۔

(۱۱۴۲)

مریضہ عمر چالیس سال۔ کئی سال سے بواسیر کی تکلیف میں مبتلا تھی۔ اس نے آ کر

بیان کیا کہ میں زندگی سے بیزار ہوں۔ میرا علاج کریں۔ یہ گولیاں تیار کر کے دیں۔ اس سے اس کو بواسیر کی تمام تکلیف دور ہوگئی وہ کئی سال زندہ رہی دوبارہ بواسیر نہیں ہوئی۔

ھوالشافی: تمہ ۱۶ عدد لے کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ۱۶ سیر پانی میں ڈال کر جوشا دیں جب پانی ایک سیر رہ جائے تو پن کر اس میں پوست ہلیلہ زرد۔ ہلدی۔ نمک سیاہ ۶۔۶ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ جوہر نوشادر ۳ تولہ ملا کر کھرل کریں جب تمام پانی تمہ کا خشک ہو جائے تو آب کنوار گندل میں ایک دن کھرل کر کے حب ۲۔۲ رتی تیار کریں۔

خوراک: ایک سے تین گولی تک ہمراہ سادہ پانی صبح و شام کھلائیں۔

کورس: چودہ یوم۔ نمک مرچ کم سے کم دیں۔ اس سے بواسیر کی قبض بھی دور ہو گی اور مسے تک خشک ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ صاحب نسخہ نے اس کو ہر قسم کی بواسیر کو مجرب لکھا ہے۔ میں نے بھی کئی مریضوں کو دیا آئندہ عمر بھر نہ ہو گی۔ دوائی کم از کم چالیس دن استعمال کریں۔

(۱۱۴۳) شہر وزیر آباد کے ایک حکیم کا لاجواب نسخہ

ھوالشافی: نرکچور۔ رسونت ۵۔۵ تولہ۔ آب مولی مقطر ۲۵ تولہ۔ کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا دیں اور کچھ شیاف کی طرح بنا دیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام کھائیں۔ اور شیاف گھس کر مسوں پر لگائیں۔ ہفتہ عشرہ میں اندرونی بیرونی علاج سے فائدہ ہو گا۔ حکیم صاحب نے تیار گولیاں دکھائیں اور اپنا معمول مطب بیان کیا۔ نمک مرچ کم کھائیں اور دوران علاج غسل نہ کریں۔ حکیم نے اپنی تیار شدہ گولیاں بھی مجھے دکھائیں۔

(۱۱۴۴) جدوار

متقدمین نے ایک گولی بواسیر کا خون بند کرنے کے لیے مجرب لکھی ہے۔ صاحب قرابادین اکمل اعظم والے نے اس کو مجرب لکھا ہے۔ اس کے اجزا ہی گواہی دے رہے ہیں کہ مجرب ہیں۔

ھوالشافی: جدوار۔ افیون ایک ایک تولہ۔ خشخاش۔ مغز تخم کدو شیریں۔ تخم کاہو۔ کشنیز خشک۔ گوگل۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بروغن زرد بریاں کردہ۔ گل گاؤزبان۔ مغز بادام ہر ایک دو دو درم۔ گوند کیکر بریاں۔ کتیرا۔ زعفران۔ دارچینی۔ بہمنین۔ دانہ ہیل۔ دم الاخوین۔ بسد۔

کہربا۔ طباشیر نقرہ ایک ایک درم۔ صندل سفید۔ اجوائن خراسانی ہر ایک آدھا درم باریک کر کے حب نخودی بنا دیں۔

خوراک : ایک ایک گولی صبح وشام بواسیر کا خون بند کرنے نزلہ وزکام خفقان بلکہ یہ ہر جگہ کا خون بند کرنے میں اکسیر ہیں۔

(۱۱۴۵) حکیم یزدانی

حکیم اقبال یزدانی نے لاہور داتا صاحب کے نزدیک دواخانہ تیار کیا تھا اور اسرار حکمت پرچہ بھی نکالتے تھے۔ ان کی ایک کتاب جیبی فارماکوپیا مرتب کی میں بھی کتاب خریدنے گیا اور کہا کہ حکیم صاحب کتاب تو میں نے خریدی ہے۔ اس میں کوئی کامیاب دوائی بتا دیں وہ فرمانے لگے کہ اس میں بواسیر کی گولیوں کا نسخہ ہے جو کہ ایک بزرگ تیار کرتے تھے۔ لوگ اس سے لے جاتے تھے۔ آرام آنے کے بعد نسخہ طلب کرتے۔ لیکن وہ نہ بتاتے۔ تین تین سو روپیہ دینے کا لالچ بھی دیا لیکن انہوں نے نہ بتایا ان سے حاصل کر کے کتاب میں درج کر دیا ہے اور وہ یہ ہے۔

ھوالشافی : نیم کے زرد پتے جو کہ خود بخود نیم سے گر گئے ہوں۔ ایک سیر۔ بیخ اندرائن ایک پاؤ۔ پانچ سیر پانی میں بھگو دیں۔ گرمیوں میں سات دن اور سردیوں میں اکیس دن بھگو کر جوش دیں جب اچھی طرح گل جائیں تو موٹے کپڑے سے چھان کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ غلیظ ہو جائے تو گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔ قلمی شورہ ۵ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ملا کر گائے کے گھی سے چرب کریں اور ہاتھ کو لگا کر گولیاں نخودی بنا دیں۔

خوراک : ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ عرق سونف ۱۰ تولہ سے دیں۔ اس کے استعمال سے مسے بھی مرجھا کر گر جاتے ہیں۔

نکات مطب : نیم کا کوئی جز کھانا وریدوں سے خون کی آمد کو بند کر دیتا ہے۔ اندرائن قبض کشا ہے۔ کسی دوا میں خون بند کرنے اور قبض دور کرنے کی خاصیت بنا دی جائے تو بواسیر کی لاجواب دوا بن جاتی ہے۔

(۱۱۴۶)

ایک نسخہ مجرب جو کہ کئی حکیموں نے اپنے مطب میں تیار کیا ہوا ہے اور میں بھی تیار کر

کے رکھتا ہوں لاجواب ہے۔صاحب نسخہ کا فرمان ہے کہ اس جیسا مجرب نسخہ آپ کو نہ ملے گا۔ خونی بواسیر میں صرف چار دن کے استعمال سے اثر دکھاتا ہے اور دو ہفتہ کے استعمال سے مسے بھی خشک ہو جاتے ہیں۔ مایوس سے مایوس مریضوں پر آزمایا ہے۔

ھوالشافی : شورہ قلمی ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفی ۲ تولہ۔ دونوں کو باریک کریں اور مٹی کے پیالے (کورے) میں ڈال کر بے شعلہ انگاروں پر چڑھا دیں۔ اور پاس بیٹھ کر کسی لوہے کے اوزار سے شورہ اور گندھک کو الٹتے رہیں شورہ کا پانی خشک ہو جائے تو اتار کر پیالہ سے نکال کر کاغذ پر رکھ کر پڑیا باندھ دیں۔ چند منٹ کے بعد باریک کریں۔

خوراک: ۲ ماشہ روز صرف پانی سے کھائیں اور اس کو میں نے اور میرے ہم عصر کئی حکیموں نے تیار کر رکھا ہے۔ واقعی مجرب ہے یہ دوائی ورم جگر و طحال۔ بندش بول اور سوزاک میں مفید ہے۔

ایک صاحب کا لاجواب راز

ایک وقت یہ دوا دیں اور بعد از غذا صبح و شام یہ گولیاں ایک ایک عدد ملا کر دیں۔ اس سے مسے بھی خشک ہو جاتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ (۱) رسونت صاف۔ مغز تخم سرس۔ مغز تخم نیم۔ تینوں مساوی الوزن گولی نخودی بنالیں۔ (۲) ریوند خطائی ۵ تولہ باریک کر کے آب پتہ بکرا میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں ہفتہ عشرہ میں بواسیر دور ہو گی۔ پہلی اور پچھلی دونوں گولیاں ایک ایک عدد ملا کر بعد از غذا دیں اور اوپر والا پاؤڈر صبح کو ۲ ماشہ کھلائیں۔ اس سے بواسیر کے مسے بھی خشک ہو جائیں گے اور مسوں پر روغن گندھک لگائیں۔

روغن گندھک : گندھک آملہ سار ۵ تولہ لے کر باریک کریں اور روغن زرد اس قدر ملائیں کہ مرہم کی طرح بن جائے۔ اس سے روئی تر کر کے بتی بنا دیں اور چمٹہ سے پکڑ کر نیچے سے آگ لگا دیں حتیٰ کہ تمام روئی جل جائے نیچے پیالہ رکھیں۔ تمام روغن پیالی میں ٹپکائیں۔ تیار ہے اس کو مسوں پر لگائیں۔ اس کے علاوہ پھوڑے پھنسیاں اور پرانی دھدر پر لگائیں میں نے تیار کر کے اس سے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔ یہ کھلایا بھی جا سکتا ہے۔ (اگر روئی کو ایک لوہے کی سیخ پر لگا کر بنا دیں تو روغن گرنے کا خطرہ بھی نہ رہے گا)۔ یہ لاجواب روغن ہے میں کئی بار

تیار کر کے فائدہ اٹھا چکا ہوں۔ یہ وہ راز ہیں کہ کئی کئی سال اُستاد شاگردوں سے خدمت لے کر بھی نہیں بتاتے۔

(۱۱۴۷) فوجی

ایک فوجی کو کسی آدمی نے نسخہ بتایا اور کہا کہ یہ لاجواب نسخہ ہے اس سے بواسیر قطعاً دور ہو جاتی ہے۔ فوجی میرا عزیز تھا۔ اس نے مجھ کو لا کر دیا اور معمول مطب بنانے کو کہا اس کے بعد ''الحکیم'' کی ایک فائل دیکھی اس میں بھی یہ نسخہ درج تھا اور صاحب نسخہ نے یہاں تک لکھا تھا کہ میرا تمام عمر کا معمول ہے۔ اور خون آنا تو ایک دن میں بند ہو جاتا ہے اور متواتر دو ہفتہ کے استعمال سے مسے بھی خشک ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی : پوست ریٹھہ۔ جوکھار۔ مغز تخم نیم۔ ریوند چینی ایک ایک تولہ۔ آب مولی سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا دیں۔ ایک ایک عدد صبح و شام دیں۔ غذا مرغن دیں۔ ان نسخہ جات میں سے کوئی بھی آپ آزمائیں گے تو مجرب ہی پائیں گے۔ کئی مصنفوں کی عادت ہوتی کہ وہ نسخہ بیان کرنے کے بعد لکھ دیتے ہیں کہ دوسری جلد میں لکھوں گا۔ لیکن میں نے جو کچھ لیا ہے سب اسی جلد میں بتا دینے کا عہد کیا ہے۔

(۱۱۴۸)

حکیم محمد شریف دنیا پوری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ کو بتایا کہ ایک ایلوپیتھی ڈاکٹر میرے ہاں آئے کپڑے خون سے لت پت دکھائے اور کہا کہ میں ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہوں اپنی دوائیں اور ٹیوبیں استعمال کر چکا ہوں۔ لیکن بواسیر کی تکلیف ٹس سے مس نہیں ہوئی تو حکیم صاحب جو کہ نظریہ مفرد اعضا کے عامل اور حکیم صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کے خاص شاگردوں میں سے تھے۔ یہ دوائی دے دی۔ اور کھانے کو غذا بھی سمجھا دی اور بعد کھا کر ایک ہفتہ میں پتہ دیں۔ ہفتہ کے بعد ڈاکٹر صاحب آئے تو خوش تھے۔ خون آنا بند تھا۔ حکیم صاحب کا بیان ہے کہ ڈاکٹر صاحب دوائی متواتر کھاتے رہے۔ مسے تک خشک ہو گئے۔ وہ نسخہ یہ ہے۔

ھوالشافی : اجوائن دیسی۔ رائی۔ بانچی۔ ۴۔۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار۔ ۱۲ تولہ۔ باریک کریں۔

خوراک : ۴ رتی سے ماشہ تک ہمراہ پانی دن میں چار بار۔ زیادہ تکلیف ہو تو کئی ماہ کھلاتے

رہیں اس کے بعد ڈاکٹر صاحب تحفہ لے کر آئے اور نسخہ کی تعریف کی ایک ملاقات میں فرمایا کہ پوست ریٹھہ اور رائی ۵۔۵ تولہ کی گولیاں نخودی بنا کر ایک عدد یہ بھی ساتھ دے دیا کریں۔ کیونکہ ریٹھہ بھی دافع بواسیر ہے۔ یہ ایک لاجواب کورس ہے۔

(۱۱۴۹) حب بواسیر

قرابادین مجددی ایک فاضل طبیب گزرے ہیں اسی طرح حکیم قاسمی صاحب بھی لاہور کے فاضل طبیب تھے انہوں نے فرمایا کہ:

ھوالشافی: کچلہ مدبر۔ گوگل صاف اور مغز تخم نیم۔ حب نخود سے چھوٹی گولی بنالیں۔ ایک ایک صبح وشام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔ یہ گولیاں بواسیر کو لاجواب ہیں۔ مغز تخم نیم۔ وریدوں سے خون خشک کرتی ہے۔ گوگل محلل اورام اور قبض کشا ہے۔ کچلہ بھی مقوی اعصاب اور دافع قبض ہے کمزوری کو دور کرتا ہے۔ یہ گولیاں بڑے بڑے حکما کی مجرب ہیں۔ آپ بھی تیار کریں۔ مفید ہیں۔

(۱۱۵۰)

مریضہ عمر ۴۰ سال عرصہ دراز سے بواسیر کی تکلیف میں مبتلا تھی۔ سیروں خون جاتا تھا۔ ایک حکیم صاحب کے بتانے سے یہ گولیاں بنا کر دی۔ جس سے مریضہ کو پھر کبھی تکلیف نہ ہوئی۔

ھوالشافی: آب مولی ایک سیر میں رات کو رسونت ۱۰ تولہ کوٹ کر بھگو دیں۔ سب کو نتھار کر نرم نرم آگ پر پکائیں جب غلیظ ہو جائے تو گندھک آملہ سار صاف ۱۰ تولہ ملا کر حب بقدر جنگلی بیر بنا کر صبح وشام کھلائیں۔ غذا مرغن کر دی اس سے اس مریضہ کی بواسیر ختم ہوگئی۔ حکیم صاحب نے نسخہ بیان کرنے کے بعد بتایا کہ تمام عمر کا معمول ہے۔

(۱۱۵۱) حب لاجواب برائے بواسیر

مغز تخم کرنجوہ اور پوست ریٹھہ مساوی الوزن گولیاں بنالیں۔ یا مغز تخم نیم۔ رسونت۔ چھلکا ریٹھہ ۵۔۵ تولہ کی گولیاں نخودی بنا دیں۔

خوراک: ایک ایک عدد صبح وشام کھلائیں۔ ان کا فرمانا ہے کہ ان نسخہ جات کے متواتر

کھلانے سے مسّے خشک ہو جاتے ہیں یہ حکیم صاحب لاہور میں مطب کر رہے ہیں اور ہمارے عزیزوں میں سے ہیں۔ انہوں نے اپنے معمول مطب نسخے بتائے اور کہا کہ تم بھی ان کو معمول مطب بنا لو۔

(۱۱۵۲) بواسیری مسّے

بواسیر کے مسوں کو دور کرنے کے لیے بھی بڑے حکیموں نے دوائی تیار کی ہے جس سے مسے اکھڑ جاتے ہیں۔ کئی لوگوں کا ذریعہ معاش ہی یہ ہے کہ وہ مریضوں سے دو دو ہزار لے کر مسے دور کرتے ہیں۔ میں نے بھی اس کے لیے کئی نسخے حاصل کئے ہیں وہ تمام ہی لاجواب ہیں میں نے خود تیار کر کے کئی مریضوں کے مسے دور کئے ہیں۔ وہ بھی آپ کو بتا رہا ہوں۔ جس میں بڑے بڑے مسے بھی ہیں اور کئی آدمی مسّوں کو سوئی سے چھید کر دوڑے ڈالتے ہیں پھر اس کا اپریشن کرتے ہیں۔

(۱۱۵۳) دو ہزاری گولی

یہ ایک گولی کا نسخہ ہے جس سے وہ تمام عمر لوگوں کے بواسیر کے مسے دور کرتا رہا اور کئی کئی سو روپے لوگوں سے لیتا رہا۔ ایک حکیم صاحب نے اس کو قریباً دو ہزار روپے کی اشیاء دے کر راضی کر کے حاصل کیا اور مجھ کو بتا دیا اور تیار شدہ گولیاں بھی دکھائیں اور کہا کہ آپ کے پیار کی وجہ سے بتا رہا ہوں۔

ھوالشافی : سم الفار سفید۔ ہڑتال ورقی ایک ایک تولہ گاچنی زرد ۲ تولہ باریک کرکے ملا کر قدرے پانی ملا کر اس کی بتیاں بنا لیں۔ لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر لگائیں۔ تین دن کے اندر مسے پھول جائیں گے۔ پھر کافور مکھن میں ملا کر لگائیں۔ جلن دور ہونے پر پھر لگائیں۔ اسی طرح کرنے سے مسے خشک ہو کر گر جائیں گے۔ ساتھ میں کھانے کو قبض کشا دوا دیتے رہیں۔ مسے دور ہوں گے۔ صاحب نسخہ کا ذریعہ معاش ہی یہ نسخہ تھا۔

(۱۱۵۴) ضماد بواسیر

ھوالشافی : مغز تخم املی کلاں ایک تولہ۔ گٹھلی خرما ایک تولہ۔ برادہ سکہ ۲ تولہ۔ حمام دستہ میں اتنا کوٹیں کہ مثل سرمہ ہو جائے۔ اس سے ۴ رتی لے کر چند قطرے پانی ڈال کر حل کر کے

مسوں پر لگائیں۔ اس سے ٹھنڈک بڑھ جائے گی۔ اور چند دن میں مسے دور ہوں گے۔ ایک صاحب فن کا تجربہ شدہ نسخہ ہے اور صرف سکہ مسکہ گائے میں گھس کر کے لگانا بھی مسوں کے زور کو توڑ دیتا ہے میں نے بھی کئی بار لگوایا ہے۔ یہاں تک گھسیں کہ مسکہ سیاہ ہو جائے اسی طرح اگر روغن گل میں رگڑا جائے تو بھی مفید و مجرب ہے۔ صاحب رموز اطبا کا مجرب ہے۔

(۱۱۵۵) بھینس

ایک مریض نے مجھ سے ذکر کیا کہ مجھ کو بواسیر کا مسہ ہو گیا۔ کسی صاحب نے نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ گیری ۵ تولہ باریک کر کے لگانے کو کہا میں نے لگایا اور مسہ دور ہو گیا۔ پھر اس نے کئی آدمیوں کو بتایا ان کے مسے بواسیری بھی دور ہو گئے۔ بلکہ ایک بھینس کے شیر دان پر مسے پیدا ہو گئے تو تیار کر کے روغن سرسوں میں ملا کر نیم گرم کر کے لگایا تو مسے جڑ سے دور ہو گئے لاجواب کم خرچ ہے۔ میں نے خود مسے گرتے دیکھے ہیں۔

(۱۱۵۶) مرہم بے ضرر

مرہم بواسیر بے ضرر۔ ایک بڑے حکیم صاحب کے داماد نے مجھ کو کہا یہ مرہم بواسیر کے مسوں کے لیے میری اور میرے خسر کی مجرب ہے۔ اس سے بواسیر کی جلن۔ ورم۔ سوزش دور ہو جاتی ہے۔ تمام عمر کا معمول ہے۔

ھوالشافی : مازو۔ افیون ۲۔۲ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ ویزلین ڈھائی تولہ۔ مثل سرمہ باریک کر کے ویزلین میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ شدت مرض میں آٹھ پہر میں تین بار ملیں اور سوزش ختم ہونے کے بعد صرف رات کو ایک بار لگائیں۔ اس قدر زود اثر ہے کہ ایک گھنٹہ میں مریض کو سکون ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

(۱۱۵۷) مرہم بواسیر

یہ مرہم لاجواب۔ کم خرچ اور بالا نشین ہے۔

ھوالشافی : کافور۔ سہاگہ پھلہ۔ ایک ایک تولہ۔ باریک کھرل میں ڈال کر باریک کریں اور روغن ناریل اس قدر ملائیں کہ مثل مرہم ہو جائے۔ اس کو صبح و شام مسوں پر لگائیں اس سے مسوں کا پھولنا بند ہو جاتا ہے اور درد بھی بند ہو جاتی ہے۔ چند دن کے استعمال سے

مسے خشک ہو جاتے ہیں۔ معمول مطب ہے۔ لاجواب بے ضرر ہے۔ ایک صاحب نے رسونت صاف۔ مساوی وزن ملانے کو کہا ہے کہ تین اجزا ملا کر بنائیں۔ زیادہ مفید ہے۔ نیز رسونت ملانے سے خون زیادہ روکتی ہے۔ ایک حکیم صاحب مکہ معظمہ میں صرف رسونت کو عرق گلاب میں حل کر کے ویزلین ملا کر لگاتے ہیں۔

(۱۱۵۸) کاسٹک سوڈا

ایک صاحب جو کہ مجھ کو اپنے باپ سے زیادہ پیار کرتے ہیں ان کے پاس بواسیر کے مسے گرانے کا لاجواب نسخہ تھا۔ انہوں نے کسی صاحب فن سے حاصل کیا تھا۔ مجھ کو بتا دیا۔

ھوالشافی: سوڈا کاسٹک جس سے صابن بنتا ہے لے کر اس کے مساوی الوزن پانی ملا کر شیشی میں رکھیں۔ ملانے سے گرم ہو جائے گا۔ سرد ہونے پر ڈاٹ لگا دیں۔ تیار ہے جسم پر کسی جگہ مسہ ہو اس کے سرے پر لگا دیں دوا اندر چلی جائے گی۔ لگاتے رہیں۔ مسہ جڑ سے نکل جائے گا بواسیر کے مسوں پر لگائیں مسے پھول جائیں گے۔ زیادہ تکلیف ہو تو مکھن میں کافور ملا کر لگا دیں جب زور ٹوٹ جائے تو پھر لگائیں اس سے جڑ سے نکل جائیں گے میں نے اس کا تجربہ کیا ہے کس قدر آسان نسخہ ہے اور تجربہ میں لاجواب ہے۔ ایسے کئی نسخے لوگ قبروں میں لے گئے۔ لیکن میں نے عہد کر رکھا ہے کہ تمام نسخہ جات میں نے خواہ کس قدر محنت سے حاصل کئے ہیں۔ آپ کے حوالے کر دوں۔ دنیا فانی ہے کسی کے کام آ جائے ایسے نسخے کتابوں میں درج نہیں کرتے۔ معمول مطب ہے۔ بس صاحب نسخہ اور مجھ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

(۱۱۵۹) حکایت

ایک بواسیر کا معالج یہ نسخہ تیار کرتا تھا۔ بلکہ اس کا ذریعہ ہی یہ نسخہ تھا وہ بواسیر کے مسوں پر لگاتا۔ اور چند دن میں مسے گل کر نکل جاتے۔ مناسب مرہم لگا کر زخم درست کر لیتا وہ کئی سو روپے ماہوار کماتا۔ ایک حکیم نے اس سے نسخہ حاصل کر لیا وہ میرے عزیزوں سے تھے۔ مجھ کو بتا دیا۔ بلکہ حکیم صاحب کے ماتھے پر ایک مسّہ نکل آیا بطور تجربہ اس پر لگایا اس جگہ ورم ہو گیا دو تین بار لگانے سے جڑ سے دور ہو گیا۔ اس نسخہ سے ایک میں نے بھی تیار کیا۔ ایک صاحب دھدر کا علاج کرتے تھے اس کا بھی مجھ کو علم ہو گیا۔ ایک دایہ اس سے بچوں کے منہ پکنے پر ہلکی

کر کے لگا دیتی اس سے بچوں کا منہ پکنا ایک بار میں درست ہو جاتا۔ لیکن دوا لگتی بہت۔ مریض بواسیر کے دورہ میں نہ لگائیں دورہ مرض کم ہونے پر لگا دیں۔ اس سے بواسیر کے مسے اور عام مسے جلد دور ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی: کشتہ جست ۲ تولہ۔ نوشادر ۶ تولہ باریک کر کے رکھیں۔ ایک لوہے کے برتن میں پہلے کشتہ جست کی تہ لگا دیں اوپر نوشادر بچھا دیں۔ پھر جست کی تہ لگا دیں۔ پھر نوشادر کی اسی طرح تہ بہ تہ رکھ کر آگ پر رکھیں۔ کناروں سے پکنا شروع ہوگا اس کو ہلا دیں۔ حتیٰ کہ تمام نوشادر پانی بن جائے تو اتار کر رکھیں جب سرد ہونے کے قریب ہو تو جلد جلد اکٹھا کر کے چینی کے برتن میں رکھیں اور اس کی بتیاں بنالیں۔ تیار ہے اس کو قدرے رگڑ کر پانی سے مسوں پر لگا دیں یا دھدر چنبل پر لگا دیں۔ اس سے مسے پھول جائیں گے۔ پانی نکلے گا۔ اندازاً سات دن میں مسے گر جائیں گے۔ مناسب مرہم لگائیں۔ اگر درد ورم زیادہ ہو جائے تو ناغہ کر کے لگائیں اور روغن گائے لگا دیں۔ ایک حجام نے بھی تصدیق کی کہ ہمارا بھی معمول مطب ہے۔ منہ میں اگر لگانا ہو تو گھی گائے ایک ماشہ میں ایک رتی ملا کر لگائیں۔ کئی کتابوں میں نوشادر اور کشتہ جست مساوی الوزن لکھا ہے۔ جس طرح چاہیں تیار کرلیں۔

(۱۱۶۰) مرہم بے ضرر

مسوں کو لگانے سے دور اور ورم کو کم کرتی ہے۔

ھوالشافی: جائفل کا ایک دانہ توڑ کر مغز حاصل کریں۔ مغز جائفل ایک تولہ افیون ایک ماشہ۔ باریک کر کے روغن گل سے رگڑتے جائیں کہ مثل مرہم ہو جائے اس کو مسوں پر لگا دیں۔ درد ورم کم ہو جائے گا مسے کا پھولنا کم ہوگا۔ درد بند ہوگا۔ خون بھی بند ہوگا۔ صاحب قرابادین مجددی کا معمول ہے۔

(۱۱۶۱) پتہ گائے

ایک صاحب جو کہ اپنے بھائیوں سے زیادہ عزیز جانتے ہیں کم و بیش پچاس سال سے محبت ہے۔ انہوں نے مسوں کو دور کرنے کا لاجواب نسخہ بتایا اور کہا کہ سینہ کا راز ہے۔ تیار کر کے فائدہ حاصل کرلیا کریں لاجواب مجرب ہے۔

ھوالشافی: پتہ گائے یا بچھڑا ایک عدد لے کر اس میں سم الفار سفید ایک تولہ باریک کر

کے ڈال کر پتہ کا منہ بند کر کے لٹکا دیں۔ حتیٰ کہ خشک ہو جائے تو نکال لیں۔ باریک کریں۔ پتے کے پانی سے تم الفار مدبر ہو جاتا ہے۔ بقدر ایک چاول تھوک میں ملا کر مسے پر لگا دیں اس مسے پھول جائیں گے۔ پھر گھی اور آٹا کا حلوہ بنا کر باندھ دیں۔ یا گھی میں پیاز جلا کر لگا دیں۔ مسے دور ہوں گے۔

(۱۱۶۲) مرہم

مرہم بواسیر قرابادین مجددی والے کی معمول مطب ہے۔ اس سے بواسیر کے مسے خشک ہو کر ساقط ہو جاتے ہیں۔

هوالشافی: مازو۔ کتھ سفید۔ پھٹکڑی ۶۔۶ ماشہ۔ طوطیہ سبز ایک ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ باریک کر کے چربی میش ڈھائی تولہ میں ملالیں اور اس کو مسوں پر لگا دیں۔ اگر سوزش ظاہر ہو تو چربی زیادہ کر دیں۔ تا کہ تیزی کم ہو جائے۔ اگر سوزش ہرگز ظاہر نہ ہو تو طوطیہ زیادہ کر دیں۔ تا کہ قدرے سوزش ظاہر ہو اس سے بواسیر کے مسے پھولنا بند ہو کر گر جائیں گے۔ میں نے اس کو تیار نہیں کیا۔ صاحب نسخہ کی تحریر اور اجزا سے حساب لگایا جا سکتا ہے کہ لاجواب ہے۔ اس نسخہ میں مسکن حابس خون۔ دافع درد اور قاطع مسہ دوائیں شامل ہیں۔ لہٰذا یہ ٹھیک ہے

(۱۱۶۳)

نوٹ: جب مریض کے مسوں پر دوا لگا دیں۔ اندر کوئی بے ضرر چیز بطور قبض کشا کھلاتے رہیں۔ مثلاً بادام روغن۔ گلقند۔ یا دودھ گھی و کھانڈ ملا کر کھلائیں۔ اس سے قبض کشائی بھی ہوگی اور زہریلے اثرات سے بھی آرام رہے گا اور نمک مرچ کم سے کم دیں یا نہ دیں۔ ایک مریضہ بواسیر کی شکایت سے بہت تنگ تھی اس کو اس سفوف کی پڑیاں باندھ دیں۔ چند دن کے بعد مریضہ شکریہ ادا کرنے آئی اور نسخہ کی تعریف کی کہ لاجواب نسخہ ہے۔

هوالشافی: سفوف ملٹھی ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ڈھائی تولہ۔ برگ سنا مکی ۵ تولہ۔ سونف ڈھائی تولہ۔ چینی ۱۵ تولہ باریک کر کے رکھیں۔

خوراک: ۴ سے آٹھ ماشہ تک ہمراہ دودھ اور شکر دیں۔ یہ لاجواب دوائی بواسیر میں قبض کشائی کرتی ہے۔ مسوں کے زور کو توڑ دیتی ہے۔ حاملہ کو بھی دے سکتے ہیں۔ اس دوائی کے استعمال سے اس مریضہ کی تمام تکالیف دور ہو گئیں۔

(۱۱۶۴) ایک وید صاحب کا لاجواب راز

ایک چھٹانک گندھک آملہ سار کو باریک کر کے ایک سیر دودھ میں ڈال کر جوش دیں۔ جب دودھ پک جائے پھر ضامن لگا کر بلو کر مکھن نکال لیں۔ تیار ہے۔ اس گندھک گھرت کو بیرونی پر خارش پر ملیں نیز بھی کھلایا بھی جا سکتا ہے۔ پانچ بوند پتاشہ یا دودھ میں ملا کر پلا دیں۔

تیاری مرھم : برگ بھنگ۔ برگ مہندی۔ کافور۔ مساوی الوزن کا سفوف ایک حصہ۔ گندھک گھرت ۴ حصہ ملا کر کھرل کریں کہ یک ذات ہو جائے۔ اس کو قضائے حاجت کے بعد مسوں پر لگا دیں۔ ورم دور ہو کر خون کا آنا بھی بند ہو جاتا ہے۔ کچھ عرصہ لگاتے رہیں۔ اور کھانے کو یہ گولیاں تیار کر کے دیں۔

ھوالشافی : کافور ۸ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ رسونت مصفیٰ ۲ تولہ۔ آب مولی سے کھرل کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنا دیں۔

خوراک : ۲۔۲ عدد صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔ دودھ لسی۔ شربت انجبار سے دیں۔

فوائد : بواسیر خونی۔ بھگندر نیز مصفی خون لاجواب گولیاں ہیں۔ یہ دونوں تیار کر کے رکھیں بواسیر کے مریضوں کو آب شفا کے نزدیک کر سکتے ہیں۔

(۱۱۶۵) مرہم مجرب نیم سائیدہ

مکھن شئہ۔ برادہ چوب نیم ۴۔۴ تولہ۔ سہاگہ پھلہ ۳ تولہ۔ کانسی کے کٹورے میں نیم کی لکڑی سے رگڑیں مرہم بن جانے پر لگا دیں۔ لیکن ایک صاحب نے اس میں کافور ۳ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ کا اضافہ کر کے تیار کی جو کہ فوائد میں بے بہا بڑھ گئی۔ مسکن اور دافع خون ہے۔

(۱۱۶۶) آکاش بیل

ایک عطائی آدمی بواسیر کی گولیاں بنا کر دیتا۔ لوگوں کو فائدہ ہوتا۔ نسخہ بتانے کو تیار نہ تھا۔ میں نے اس کے داماد کو کہا کہ اس سے نسخہ حاصل کر لے داماد نے سسر سے نسخہ حاصل کر کے مجھے بتا دیا۔

ھوالشافی : افیون ایک حصہ۔ گاچنی ۴ حصہ ملا کر پانی سے مسوں پر ضماد کریں۔ اس سے درد ورم دور ہوگا۔ اندرونی طور پر آب آکاس بیل ایک پاؤ۔ آب مولی ایک پاؤ نرم نرم آگ پر رب بنا کر گولی بقدر جنگلی بیر بنا دیں۔ ایک عدد صبح و شام دیں غذا مرغن۔ اس سے کئی آدمی شفا پا چکے ہیں۔ میں اس نسخہ کی تعریف سنتا رہا اور انتہائی مشکل سے حاصل کر کے کتاب میں درج کر دیا ہے۔ دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

(۱۱۶۷) مرمکی

ضلع سرگودھا میں ایک شخص کو بواسیر کا خون شروع ہوا اور ساتھ مقعد میں زخم بھی تھے۔ قریباً تین ماہ تک خون جاری رہا۔ اس وقت کے ڈاکٹر بھی علاج سے عاجز آ گئے۔ آخر ایک لائق طبیب کی طرح رجوع کیا۔ تو انہوں نے یہ شیاف تیار کر کے رکھنے کو کہا۔

ھوالشافی : مرمکی۔ اقاقیا۔ اجوائن خراسانی۔ گوند کیکر۔ چاول بریاں۔ مساوی الوزن۔ آب مورد سے شیاف تیار کریں۔ اس شیاف کو رکھا تو خون بند ہو گیا۔ مریض نے آئندہ شیاف سے انکار کر دیا تو اس کو باریک دھوڑا بنا کر مقعد اور مسوں پر لگا دیا جاتا۔ اس سے تمام تکالیف [illegible] گئیں۔ اندرونی طور پر خون بند کرنے والی ادویہ کا استعمال کیا گیا۔ یہ ایک لاجواب فارمولا ہے۔ تیار کر کے مطب میں رکھیں۔

(۱۱۶۸) عرق فولاد ترش

عرق فولاد ترش بھی اندر سے خون آنے کو مجرب ہے۔ ایک بڑے طبیب کا معمول مطب اور ان کا تجویز کردہ ہے۔ آب برگ جامن ڈھائی سیر۔ لوہے کی باریک تاریں ایک پاؤ۔ ترپھلہ ۱۵ تولہ۔ اجوائن دیسی۔ سونف رومی ڈھائی ڈھائی تولہ۔ ایک مٹکہ میں ڈال کر منہ بند کر دیں۔ گرمیوں میں سات دن دھوپ میں رکھیں اور سردیوں میں ۱۴ دن کے بعد چھان لیں۔

خوراک : ۵۔۵ قطرہ۔ پانی میں ملا کر پلائیں۔ اور نکسیر میں ناک میں ٹپکا دیں۔

فوائد : مقوی معدہ اور جگر۔ حابس اسہال کہنہ و ذیابطیس کو بھی مجرب ہے۔ صاحب نسخہ ایک لائق طبیب تھے۔

نکات بواسیر از اجمل خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(۱) جگر کی اصلاح کریں۔ (۲) ہضم اچھا کریں۔ (۳) ریاح تحلیل کریں۔ (۴) قبض رفع کریں۔ (۵) مقامی طور پر مسوں کا زور توڑنے والی یا گرانے والی ادویہ استعمال کریں۔ روغن زردی بیضہ مرغ مسوں پر لگانا مسوں کا زور توڑ دیتا ہے۔

(۱۱۶۹) حب کبد نوشادری

ایک بزرگ نے مجھ کو بتایا کہ حب کبد نوشادری ۲۔۲ عدد عرق مکو۔ عرق سونف۔ عرق کاسنی سے دینا بواسیر کے مریض کو متواتر کھلانا مجرب ہے۔ میں نے کئی مریضوں کو بتایا ہے۔ تمام کو آرام آ گیا ہے۔

(۱۱۷۰) مہمان کا فرمان

ایک مہمان نے جب کہ میں بواسیر پر مضمون لکھ رہا تھا تو فرمایا کہ میری طرف سے بھی لکھ دیں۔ یہ میرا کئی بار کا مجرب ہے۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ رات کو بھگو کر صبح کو پن کر پی لیں اور کافور ۳ ماشہ افیون ایک ماشہ۔ ویزلین ڈھائی تولہ میں ملا کر مسوں پر لگایا کریں اس سے بواسیر کے مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔

(۱۱۷۱) اکسیر بواسیر سفوف سمی: ۲

ھوالشافی: سم الفار سفید ایک ماشہ۔ چینی سفید آٹھ تولہ۔ بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔

خوراک: ایک رتی صبح و شام ہمراہ پانی۔ اس سے بھگندر بھی دور ہوگا۔

اگر خون بہت زیادہ بہہ رہا ہو تو سفوف مفرح ۳ ماشہ۔ ہمراہ شربت انجبار دیں۔ نسخہ امراض دل میں دیکھ لیں۔ سفوف برش کافوری سے بھی درد بند ہو جاتی ہے۔ اور خون آنا بھی رک جاتا ہے۔

نسخہ: کافور ۳ ماشہ۔ افیون ایک تولہ۔ جدوار ۹ ماشہ۔ چینی سفید ۱۶ تولہ۔ ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں۔

خوراک: ۲ رتی سے ماشہ تک۔ ہمراہ پانی دن میں چار خوراک۔ پرنالہ کی طرح خون آنا رک جائے گا درد بند ہوگی۔

(۱۱۷۲) مرہم بواسیر

ھوالشافی : سہاگہ پھلہ۔ کافور دیسی ایک تولہ لے کر کھرل میں باریک کریں اور روغن ناریل ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ اس کے مساوی کھرل ہو جائے اور مثل مکھن مرہم بن جائے اس کو صبح وشام قضائے حاجت کے بعد لگایا کریں۔ اس سے مسے خشک ہو جائیں گے۔ یہ لاجواب اور بے ضرر مرہم مسوں کو خشک کرتی ہے۔

(۱۱۷۳) روغن مسہ بواسیر

ھوالشافی : کسٹرائل آٹھ تولہ۔ کافور ایک تولہ ملا کر اس قدر گرم کریں کہ کافور حل ہو جائے۔ اس کو سنبھال لیں اور رفع حاجت کے بعد مسوں پر صبح وشام لگا دیں۔ کچھ دن استعمال کرنے سے مسوں کا زور ٹوٹ جائے گا اور بواسیر کی تمام تکالیف دور ہو جائیں گی۔ ایک سادہ بے ضرر مجرب تیل ہے۔

نکات مطب

سائیکل یا گھوڑا یا موٹر سائیکل کی سواری نہ کریں۔
پاخانہ آنے والی جگہ ہے لہٰذا دوائی اثر کم کرتی ہے۔
روزانہ سیر کریں اور مرچ کم گھی زیادہ استعمال کریں۔

(۱۱۷۴) بواسیر ریاحی

اس مرض میں مریض کے سفرہ میں مسے تو کم ہوتے ہیں لیکن پیٹ میں ریاح زیادہ ہوتے ہیں۔ اپھارہ۔ کمیٔ ہاضمہ۔ خرابی جگر۔ رنگ زردی مائل۔ پیٹ میں درد اور ریاح زیادہ پیدا ہوتے ہیں اور مقعد پر بھی اس کا اثر ہوتا ہے۔ لیکن مسے نہیں ہوتے۔ البتہ سفرہ میں خارش سفرہ ضرور ہوتی ہے۔

ھوالشافی : گوگل صاف۔ نرکچور۔ رسونت ۵۔۵ تولہ۔ خوب کوٹیں۔ ۱۰ ہزار چوٹ لگائیں۔

خوراک : ایک عدد۔ صبح وشام ہمراہ پانی۔ بواسیر خونی وبادی دونوں کو مجرب ہے۔ اس سے مسوں کو بھی فائدہ ہوگا۔ اور قبض بھی دور ہو گی۔

(۱۱۷۵) حب بواسیر بادی و ریاحی

ھوالشافی : پوست ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ۔ سہاگہ پھلہ ۵ تولہ۔ رسونت۔ مصبر۔ مصطگی رومی اصلی۔ کچور۔ گوگل۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ کو لعاب کنوار گندل ۱۰ تولہ سے چھ گھنٹہ کھرل کر کے حب نخودی بنا دیں۔

خوراک : ۲۔۲ بوقت صبح و عصر۔

پرھیز : نیم گرم پانی۔ تمام گرم ترش بادی اور تیل والی اشیا مثلاً گوشت۔ اچار۔ چاول لال مرچ۔ بینگن۔ دال مسور۔ قند سیاہ۔ چائے کم کریں۔ یہ نسخہ بادی بواسیر کو مجرب ہے اور خونی کو مفید ہے۔

(۱۱۷۶) حب افسنتین

ھوالشافی : کچلہ مدبر ایک تولہ۔ رب افسنتین ۵ تولہ۔ شہد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔ ایک ایک عدد صبح و شام بعد از غذا۔

فوائد : یہ نسخہ طب جدید شاہدروی والوں کی ایجاد ہے۔ معدہ و جگر کی پرانی بدہضمی سے انسانی ذہنی ہو جاتا ہے اور مالیخولیا کے مریضوں کی طرح غیر طبعی حرکات کرتا ہے۔ پیٹ میں نفخ رہتا ہے۔ قبض دائمی اور تبخیر کو مجرب ہے۔ ایک پادری صاحب کو بھی یہ نسخہ کسی طرح مل گیا۔ اس نے اس کی بے حد تعریف کی بلکہ کہا کہ اس کی چار گولی سے پرانے سے پرانا ملیریا بخار بھی دور ہو جاتا ہے۔ خون صاف ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ تشنجی امراض مثلاً کزاز۔ تشنجی کھانسی کالی۔ مرگی۔ اختناق الرحم میں ایک گولی کی باریک کر کے آٹھ خوراک بنا کر دیں۔ تو لاجوب مفید ہوگا۔ زبردست ہاضم اور مصفی خون ہے۔

تمام مقوی معدہ و امعاء ادویہ کاسر ریاح اور ملین ادویہ اس مرض میں مفید ہیں۔ معدہ و جگر و امعاء کا فعل درست کر دیا جائے تو بواسیر خونی و بادی دور ہو جاتی ہے۔ اور جس کا درست رہے اس کو ہوتی ہی نہیں۔

(۱۱۷۷)

ہمارے گاؤں کا ایک آدمی ریاست کپورتھلہ میں حکمت سیکھنے گیا۔ اس کے استاد کے

بہت سے رشتہ دار بھی طبیب تھے۔ وہ شاہی طبیب ریاست کو بھی ملتا رہا اور مجھ کو نسخے لا کر دیتا وہ میرے دوستوں میں سے تھا۔ اس نے مجھ کو یہ نسخہ عطا کیا کہ یہ کپورتھلہ کے طبیبوں کا مجرب ہے۔

ھوالشافی : نوشادر ٹھیکری ایک تولہ۔ افسنتین رومی ۲ تولہ یا رب افسنتین ایک تولہ۔ مکھاں ۲ تولہ۔ کچلہ مدبر در شیر ایک تولہ۔ مویز منقی ۵ تولہ کی گولیاں نخودی بنا دیں۔ ایک ایک عدد صبح دوپہر شام بعد از غذا۔ ہمراہ پانی یا عرق سونف دینے سے معدہ وجگر کی کمزوری اور بیماریاں اس سے دور ہو جاتی ہیں۔ کاسر ریاح۔ مقوی معدہ وجگر دافع مراق ہے۔

(۱۱۷۸) شیاف

مقعد میں خارش ہو تو یہ دوائیں لگائیں۔

ھوالشافی : مرکی۔ اقاقیہ۔ اجوائن خراسانی۔ گوند کیکر۔ نشاستہ گندم۔ ایک ایک ماشہ۔ افیون ۶ رتی۔ آب مورد سے شیاف بنا کر روغن گل سے چپڑ کر رکھیں کمزوری کے لیے کشتہ منور۔ دوائے مسک معتدل سادہ میں رکھ کر صبح کو کھلائیں۔ اور شام کو حب مقل ۳ ماشہ۔ عرق سونف ۱۲ تولہ سے دیں۔ رفع قبض کے لیے مربہ ہلیلہ رات دیا کریں۔

(۱۱۷۹) مرکب افسنتین

ایک لاجواب نسخہ ہے۔ جس کا نام مرکب افسنتین ہے۔

ھوالشافی : افسنتین ۵ تولہ۔ گل سرخ ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان ۳ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ عود ہندی ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ طباشیر نقرہ ایک تولہ باریک کر کے خوراک ۵۔۵ گرین کے قرص تیار کریں۔ یہ دوائی بہت کڑوی ہے لہٰذا کیپسول میں بھر لیں۔ دراصل یہ نسخہ حکیم نوردین مرزائی بھیروی کا تھا اس کے بعد بڑے بڑے اطبا نے اپنے معمول میں شامل کر لیا۔ مثلاً فرید احمد عباسی رحمۃ اللہ علیہ۔ مفتی سلیم اللہ رحمۃ اللہ علیہ۔ اجمل خان رحمۃ اللہ علیہ اور اس کو بڑے بڑے اشتہاروں کے ساتھ ملک میں پیش کیا۔

فوائد : پرانی بدہضمی۔ دل کی دھڑکن۔ وحشت۔ گھبراہٹ۔ مالیخولیا مراقی۔ تبخیر معدہ۔ تشویش۔ ڈر۔ شک۔ وہم۔ ہول دل۔ جگر ومعدہ کی کمزوری۔ پراگندہ خیالی۔ مراق۔ کمزوری ہاضمہ۔ سدوں کو کھولتا ہے۔ اور حد درجہ کا مصفی خون ہے۔ معدہ وجگر کی دوسری دواؤں کے

ساتھ اس کا استعمال اکسیر کا کام دیتا ہے۔ میں نے خود اس کو تیار کیا اور ایک مطب میں سیروں کے حساب سے تیار ہوتا دیکھا۔ مرزائیوں کے تمام دواخانوں میں تیار رہتا ہے۔ آپ بھی اس سے مستفید ہوں۔ بدرقہ ہمراہ گلقند یا خمیروں کے ساتھ حب کبد نوشادری کے ساتھ میں نے لوگوں کو مناسب عرق سے دیتے دیکھا ہے۔

(۱۱۸۰) شربت بواسیر ریاحی

ایک بہت بڑے دواخانہ کے مالک کا تجویز کردہ ہے۔

ھوالشافی : گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ گل گاؤزبان ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ عناب ۳۰ دانے۔ لسوڑیاں ۶۰ دانے۔ مغز خیارین ۴ تولہ۔ برگ سنا مکی ۶ تولہ۔ تخم کاسنی ۲ تولہ۔ گلو ۲ تولہ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ کا مصری تین پاؤ سے شربت بنا دیں۔

خوراک : ۳۔۳ تولہ صبح وشام۔ شربت پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: دافع قبض۔ مقوی قلب وجگر۔ دل ومعدہ کی اصلاح کر کے پیشاب زیادہ لا کر صفرا کے زور کو توڑ دیتا ہے اور بواسیر ریاحی۔ خرابی امعا کو دور کر کے گردہ ومثانہ کی اصلاح کرتا ہے بواسیر ریاحی کو مفید ہے۔

(۱۱۸۱) حب بواسیر ریاحی بادی

ھوالشافی : گوگل صاف ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ سنڈھ ڈھائی تولہ۔ آملہ ۳ تولہ۔ تمہ دس عدد کا پانی نکال کر تمام ادویہ کڑاہی میں ڈال کر آب تمہ بھی ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں جب گولی کے قوام پر آ جائے تو اتار کر ہاتھوں پر بادام روغن لگا کر گولیاں بنا دیں اور ڈھائی تولہ بادام روغن بھی شامل کر لیں۔ دو گولی رات کو۔ عرق سونف یا دودھ سے دیں۔ اس سے قبض کشائی ہوگی۔ ریاح دور ہوں گے۔ اپھارہ دور ہوگا۔ اور بڑھا ہوا پیٹ بھی کم ہو جائے گا۔ پیٹ میں قراقر رہتی ہوگی وہ بھی دور ہوگی۔ درد مفاصل کو بھی آرام ہوگا۔ اگر وقت سے پہلے حیض بند ہو گیا ہوگا وہ بھی کھل جائے گا۔ لاجواب نسخہ ہے اس کی قدر کریں۔

(۱۱۸۲) اکسیری چورن

ایک ہندو ماسٹر نے بیان کیا کہ یہ نسخہ ہمارے خاندان میں تین پشت سے مجرب چلا آ

رہا ہے قبض۔ ریاح۔ معدہ کی جلن۔ تبخیر معدہ۔ کرم پیٹ۔ خارش جسم۔ نزلہ وزکام۔ پھوڑے پھنسی۔ خرابی ہاضمہ کا لاجواب علاج ہے۔

ھوالشافی : ہڑڑ۔ بھیڑہ۔ آملہ۔ زنگ ہریڑ۔ سونف دیسی۔ اجوائن دیسی۔ انار دانہ۔ کچور۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ پودینہ ۵۔۵ تولہ۔ نوشادر۔ نمک سونچل۔ سوڈا بائی کارب۔ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ سنا مکی صاف کا پاؤڈر ۱۰ تولہ کو باریک کریں۔

خوراک : ۳۔۳ ماشہ بعد از غذا آب گرم سے دیں۔ سرد پانی بھینس کی لسی۔ کچا دودھ نہ پئیں۔ یہ ایک لاجواب نسخہ ہے جس میں ترپھلہ ترکٹہ اور ہاضمے کی اشیاء شامل کی گئی ہیں اور سنا مکی سے قبض کشائی کر دی ہے۔ خرابی جگر۔ خرابی ہاضمہ اور قبض کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔

(۱۱۸۳)

یہ بھی ایک لاجواب نسخہ آپ نظر کرتا ہوں جو کہ کئی خاندانوں میں مجرب چلا آ رہا ہے۔ اور وہ مریضوں کو مفت بھی دیتے ہیں چھلکا ریٹھہ سوختہ۔ کتھہ سفید ۵۔۵ تولہ خوراک ۲ رتی مکن یا بالائی کورس ۷ یوم انشاء اللہ اس سے بواسیر دور ہو گی نمک مرچ نہ کھلائیں۔

بھگندر

نواسیر۔ بھگندر۔ مقام مقعد کے نزدیک پھوڑا ہو کر اس کا زخم نہ ملے اور وہ گاہے گاہے تر ہو کر تکلیف دے۔ اس سے پیپ و خون بہے۔ ان کا نام نواسیر یا بھگندر ہے۔ کبھی اس کا منہ بند ہو جاتا ہے یا باہر سے بالکل سوراخ بالکل باریک ہوتا ہے اور اندر کافی بڑا زخم ہوتا ہے۔ کبھی امعا کی طرف اس کا منہ ہوتا ہے۔

علاج : اندر مصفیات کھلانا اور مقام مرض کو صاف رکھنا۔ اور دوائی کا زخم کی تہہ تک پہنچانا۔ قبض کو دور کرتے رہنا اس مرض کا کامیاب علاج ہے۔

(۱۱۸۴)

اطریفل مقل قرابادینی۔ اس مرض میں مفید ہے۔ اگر ناسور کا منہ بند ہو تو میدہ گندم۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔ شہد خالص ایک تولہ۔ ملا کر مقام پر طلا کریں۔ تو ناسور کا منہ کھول کر کے صاف کر دیتی ہے۔

(۱۱۸۵)
مریض عمر ۵۰ سال نے شکایت کی کہ میری دبر کے اندر پھوڑا ہے تو یہ گولیاں دے دیں۔
ھوالشافی : آردتمہ۔ رائی۔ گندھک آملہ سار۔ ۵۔۵ تولہ۔ حب نخودی بنا دیں۔ ۴ سے آٹھ روزانہ پانی سے دینا شروع کر دیں۔ اس سے مریض کو قبض کا بھی فائدہ ہوا اور درد بھی کم ہو گئی۔ تیسرے دن کے بعد یہ جلاب دے دیا۔ جس سے مریض کا پھوڑا بھی پھٹ گیا۔ اسہال بھی آ گئے۔ ورم بھی دور ہو گیا وہ یہ ہے۔ پارہ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ۳ تولہ کو تین گھنٹہ کھرل کریں۔ اس کے بعد رائی تین تولہ ملا کر کھرل کریں۔ پھر جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ ملا کر تین گھنٹہ کھرل کر کے رکھیں۔ تیار ہے۔ اس سے تین رتی کے قریب دے دیا۔ جس سے مریض کو اسہال ہوئے اور پھوڑا بھی پھٹ کر ٹھیک ہو گیا۔ یہ دوائی ایک چاول چینی میں رکھ کر کھلا دیں مقوی معدہ ہاضم اور مقوی باہ ہے۔ چار چاول سے چھ چاول تک۔ گرم پانی یا دودھ سے دیں تو قبض کشا ہے اور ایک رتی سے تین رتی تک مسہل ہے۔

(۱۱۸۶) بتیاں

ناسور کے زخم کا اکثر منہ بند ہو جاتا ہے۔ اس میں مرہم نہیں جاتی تو اس میں بتیاں رکھی جاتی ہیں۔
ھوالشافی : سہاگہ پھلہ۔ پھٹکڑی۔ پھلہ۔ نیلا تھوتھا پھلہ۔ تینوں ہم وزن لے کر گوند کیکر سے بتیاں بنائیں اور ناسور میں دھکیل کر ناسور کی تہہ تک پہنچا دیں اس سے ناسور اندر ہی اندر سے صاف ہونا شروع ہو جائے گا۔ دھونے کے لیے برگ نیم جوشا کر یا بورک ایسڈ سے زخم کو صاف کرتے رہیں تو ان شاء اللہ ناسور مندمل ہو گا۔ زخم کو صاف رکھنا ضروری ہے۔

(۱۱۸۷) اکسیر شفا طب جدید

اسی نام سے یہ نسخہ کئی اطبا کا معمول ہے۔
ھوالشافی : کشتہ سنکھ ۳ تولہ۔ فوفل بریاں ۹ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۹ ماشہ۔ دار چکنا ایک ماشہ۔ کتھہ سفید ۹ ماشہ۔ زنگار ۹ ماشہ۔ عرق گلاب سے اتنا کھرل کریں کہ ایک

بوتل خرچ ہو جائے تیار ہے۔ نوفل کو تابہ پر اوپر کوئی پیالہ وغیرہ رکھ کر بند کر کے کوئلہ بنالیں۔ سنکھ کو گرم کر کے آب لیموں میں بجھاؤ دیتے رہیں۔ اس سے سنکھ پھول کر کچھ حصہ پانی لیموں میں رہ جائے گا۔ چند بار کے استعمال سے تمام سنکھ پھول جائے گا۔ پانی سے نتار کر باریک کر کے داخل کریں۔

فوائد: ایک رتی کے وزن سے یہ دوائی آتشک سوزاک کو مجرب ہے۔ حلوہ میں رکھ کر کھلا دیں یا کیپسول میں بند کر کے دیں۔ زخموں پر چھڑک دیں یا ویزلین میں ملا کر زخم پر پٹی باندھ دیں۔ میں نے اس دوائی کا خوب تجربہ کیا ہے۔ ناسور بھگندر کو مفید ہے بلکہ ناسور جسم کے کسی بھی حصہ پر ہو اس دوائی کو استعمال کریں۔

(۱۱۸۸) شربت مصفی

ھوالشافی: شاہترہ۔ چرائتہ۔ منڈی بوٹی۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سرخ۔ عشبہ۔ برہم ڈنڈی۔ برادہ شیشم سیاہ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ عناب ۶ دانے۔ کھانڈ ایک سیر کا شربت بنا دیں۔

خوراك: ۲۔۲ تولہ۔ پانی ملا کر صبح وشام پلائیں۔ یہ خون کا منضج بھی ہے اور صافیٔ خون بھی ہے۔ پھنسیوں کو لاجواب اور مشہور ومقبول دواخانوں کا راز ہے۔ سو نسخوں کا نچوڑ ہے۔ اس سے آتشک کا علاج بھی ہو سکتا ہے۔ ایک بوتل پلا کر جلاب دیں۔ غذا مرغن مگر نمک کم دیں۔

(۱۱۸۹) ایک مشہور دواخانہ کا راز

ھوالشافی: دار چکنہ۔ مردار سنگ۔ گندھک آملہ سار۔ نیلا تھوتھا۔ ہم وزن لے کر عرق گلاب یا شراب میں کھرل کر کے ٹکی بنا کر دو پیالوں میں بند کر کے جوہر اڑا لیں۔

خوراك: ایک دو چاول کیپسول میں بند کر کے دیں اور روزانہ کم از کم ۵ تولہ گھی اور آدھ سیر دودھ ضرور پئیں۔

فوائد: بواسیر۔ نواسیر۔ زخم سفرہ۔ اندرونی زخم۔ آتشک کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔ از حد مصفی خون ہے۔

(۱۱۹۰) ایک لاجواب تیل

ھوالشافی: آب برگ مدار ایک پاؤ میں تیل میٹھا ایک پاؤ ڈال کر پکائیں کہ صرف تیل

رہ جائے یا ایک بار پاؤ روغن سرسوں میں آک کی کونپل ۱۰ تولہ ڈال کر پکائیں جب کونپل سیاہ ہو جائیں تو پن کر رکھ لیں اس تیل کو ناسور پر لگائیں یا پچکاری سے ناسور کے اندر داخل کریں یہ تیل بواسیر۔ نواسیر۔ سانپ کے زخم اور خراب ٹیکے کے زخم کان کے اندر کے زخم یا باہر کی پھنسیاں ٹھیک کرنے میں لاجواب ہے۔ میں نے اس تیل کا خوب تجربہ کیا ہے۔ رینگن اور مفاصل کی دردوں کو بھی لاجواب ہے۔

(۱۱۹۱)

ایک حجام کے متعلق مشہور تھا کہ وہ گولیاں دیتا ہے جن کے استعمال سے ناسور بھگندر ختم ہو جاتا ہے۔ اس سے یہ نسخہ کسی طرح حاصل کر لیا۔

ھوالشافی: رسکپور ایک تولہ کو لے کر کھرل میں ڈال کر گودہ کنوار گندل سے کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ دو سیر گودہ کنوار گندل خرچ ہو جائے تو مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: ایک گولی روزانہ غذا مرغن دیں۔ حجام نے کہا کہ ہمارا خاندانی راز ہے۔ جس سے ہمارے خاندان نے سینکڑوں مریض ٹھیک کئے۔ اور ہزاروں روپے کمائے۔

(۱۱۹۲) ایک مشہور حکیم کا لاجواب نسخہ

ھوالشافی: فلفل سفید ۵ ماشہ۔ گیری گوالیاری ۵ ماشہ۔ طباشیر ۵ ماشہ۔ کتھہ سفید ۵ ماشہ۔ رسکپور ۳ رتی۔ دارچکنہ ۳ رتی۔ پارہ ۳ رتی۔ گندھک آملہ سار ۳ رتی۔ مردار سنگ ۳ رتی۔ سم الفار سفید ایک رتی۔ طوطیہ بریاں ایک ماشہ۔ زنگار ایک ماشہ۔ سہاگہ پھلہ ایک ماشہ۔ پوست درخت نیم ۱۱ ماشہ۔ باریک کر کے آب شاہترہ میں ایک دن کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش تیار کریں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام بعد از غذا ملائی ۲ تولہ میں رکھ کر کھلائیں۔

غذا: مرغن۔ ناسور۔ بھگندر۔ آتشک۔ خرابی خون کو لاجواب ہے۔

(۱۱۹۳) ویدک کا لاجواب نسخہ

ھوالشافی: ترپھلہ۔ گندھک آملہ سار شدھ۔ گوگل شدھ۔ ۵-۵ تولہ۔ باریک کر کے پہلے گندھک باریک کریں۔ پھر گوگل اور ترپھلہ ملا کر کسٹرائل کا قطرہ قطرہ ملا کر کوٹتے جائیں۔ حتیٰ

کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو تین تین رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک: ۲ سے ۴ گولی صبح و شام ترپھلہ کے جوشاندے سے یا آب گرم سے دیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے بواسیر۔ بھگندر۔ فساد خون دور ہو جاتا ہے۔ قبض کشا۔ مشتہی۔ ہاضم۔ دافع وات۔ مصفی خون۔ باؤ گولہ کو لاجواب ہے۔ ویدک کا لاجواب نسخہ بلکہ کایا کلپ ہے۔

(۱۱۹۴) روغن اسراری

یہ ایک لاجواب تیل ہے جس کے ہوتے ہوئے آپریشن کی ضرورت نہیں۔ تیل اوپر لگانے سے پھوڑے کے اندر چلا جائے گا۔ کیسے ہی گہرے ترچھے زخم ہوں یا وہ جو اندر سے تو کشادہ ہوں اور باہر صرف نشان ہو جسے ناسور ہوتے ہیں۔ خراب سے خراب زخم۔ ناسور بھگندر۔ خنازیر اس سے درست ہو جاتے ہیں۔ زخم کے اوپر پھوہار رکھ دیں روغن اندر چلا جائے گا اور اندر ہی اندر زخم کو درست کر دے گا۔

ھوالشافی: بیروزہ خام ایک سیر۔ الائچی خورد ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔ ریگ صاف ایک سیر لے لیں ایک کرم پیک جو کہ عرق نکالنے کے لیے ہوتی ہے۔ تیار کروالیں۔ پہلے آدھی صاف ریگ اس میں دال دیں اور پھر بیروزہ رکھ دیں۔ اس کے اوپر الائچی اور اوپر گندھک پڑی میں بند کر کے رکھ دیں۔ اور پھر بقایا ریگ آدھ سیر ڈال کر اس کا عرق نکال لیں۔ پہلے صاحب نسخہ نے جو طریقہ لکھا تھا وہ مشکل تھا اب اس دواخانہ والوں کے ایک رشتہ دار نے اس کا عرق نکالنے کے لیے یہ آسان طریقہ بتایا ہے۔ اس کو کھلایا بھی جا سکتا ہے۔

خوراک: ۵ قطرہ چینی میں رکھ کر کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ آتشک سوزاک کو مفید ہے۔ اور اس سے دودھ گھی ہضم ہونے لگتا ہے۔ یہ نسخہ طب جدید شاہدرہ والوں کی ایجاد ہے ۲۰ سال سے ان کے تمام دواخانے تیار کر کے بذریعہ اشتہار فروخت کر رہے ہیں۔ میرے ایک دوست حکیم نے بیان کیا کہ ایک آدمی کی چھاتی پر ناسور تھا وہ بڑی تکلیف میں تھا۔ اس نے مجھ کو علاج کے لیے کہا اور شرط یہ رکھی کہ آرام آ گیا تو تیس روپے دوں گا۔ یہ تیل دے دیا گیا۔ اس کے بعد مریض آیا اور خوش ہو کر تیس روپے دے دیئے اور کہا کہ تیل لگانے سے ایسا معلوم ہوا کہ اندر سے کوئی چیز صاف کر رہی ہے۔ روز لگاتا رہے۔ اب ناسور بالکل بند ہے۔ دبانے

سے درد نہیں کرتا۔ یہ واقعہ اس وقت کا ہے کہ جب گندم کا بھاؤ ایک روپیہ من تھا۔ اس نسخہ سے کئی حکما نے کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ آپ بھی تیار کریں۔

(۱۱۹۵) حب لاجواب

ھوالشافی : سم الفار سفید ایک ماشہ۔ پارہ ۲ ماشہ۔ عاقر قرحا ۲۰ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲۰ ماشہ۔ پہلے سم الفار اور پارہ کو کھرل میں ڈال کر آب لیموں سے کھرل کریں۔ جب پارہ حل ہو جائے تو ادویہ ملا کر تین عدد لیموں کے رس سے کھرل کر کے حب نخودی بنالیں۔ پہلے مسہل دے کر یہ گولیاں۔ مونگ کی دال کے جوشاندے سے کھلائیں۔

فوائد: ناسور۔ بھگندر۔ آتشک۔ خنازیر کو لاجواب ہے۔

❀❀❀

وجع المفاصل۔ درد کمر۔ درد رینگن۔ درد اعصاب

کہنی یا ٹخنے کے درد کو وجع المفاصل کہتے ہیں۔ اگر یہ درد انگلیوں کے جوڑوں میں ہوتو اس کو نقرس کہتے ہیں۔ اگر یہ درد کمر میں ہوتو درد کمر کہتے ہیں۔ اگر یہ درد بائیں یا دائیں ٹانگ میں کمر سے لے کر چھوٹی انگلی تک جائے اور ٹانگ سن ہو درد شدید ہوتو اس کو رینگن کہتے ہیں۔ اس درد سے ٹانگ کمزور اور سوکھ بھی جاتی ہے اور چھوٹی بھی ہو جاتی ہے۔ استادوں کے بیان اور کتابوں کے نسخوں سے اور تجربات نے اس کی تصدیق کی ہے کہ یہ تمام امراض بلغمی ہیں اور قبض کشائی کرنا۔ سرد اشیا۔ سرد ماحول کو دور کرنا اس کا حقیقی علاج ہے۔

(۱۱۹۶) جھولہ

مریض عمر چالیس سال کے گھر والوں نے آ کر کہا کہ ہمارا بھائی بیمار ہے۔ اس کو بخار بھی ہے اور تمام جوڑ گھٹنے کہنیاں متورم ہیں جا کر دیکھا تو مریض کو بخار بھی تھا۔ تمام جسم کے جوڑ متورم تھے۔ میں نے بتایا کہ مریض کو جھولہ ہو گیا ہے۔ سرد پانی اور سرد ہوا سے پرہیز کرے۔ گوشت نہ کھائے۔ سبزیاں زیادہ کھائے۔ لسی دہی چاول نہ کھائے اور علاج شروع کر دیا۔ سفوف بیشی نمبر۲ کی ۱۰ پڑیاں باندھ دیں۔ ہر دو گھنٹہ بعد ہمراہ پانی کھلائے۔ دودھ اور چائے پی لے اور تیسرے دن پتہ دیں۔ تیسرے دن مریض کا وارث آیا اور کہا کہ دوا کھانے کے بعد بخار بھی اتر گیا ہے اور جوڑوں کی سوجن بھی کم ہو گئی ہے۔ علاج وہی جاری رکھا۔ پانچ روز میں مریض کا بخار و دردیں دور ہو گئیں۔

سفوف بیشی کیا چیز ہے

میٹھا تیلیہ خام ایک ماشہ کو کھرل میں باریک کریں اور ایک تولہ چینی ملا کر کھرل کرتے جائیں اور قدرے قدرے چینی ملاتے جائیں۔ حتیٰ کہ کل آٹھ تولہ چینی ختم ہو جائے۔ کھرل بارہ گھنٹہ سے کم نہ ہو۔ جھولہ میں لاجواب ہے۔ مریض موٹا تازہ ہو اور دل کی کسی مرض میں

بتلا نہ ہو تو لاجواب ہے۔ اس سے کئی مریض ٹھیک ہوئے۔ یہ نیا بخار۔ نیا نزلہ۔ زکام۔ نیا نمونیہ۔ ہر ورم جو کہ چوٹ یا کسی وجہ سے کسی جگہ ورم بن رہا ہو فوری ختم کر دیتا ہے۔ مرض نیا ہو۔ مریض زیادہ کمزور نہ ہو تو اکیلی مجرب ہے۔

(۱۱۹۷) سفوف

مریض عمر ۳۵ سال کے گھر والے مجھے بلا کر لے گئے اور علاج کے بارے میں کہا میں نے مریض کو دیکھا جس کے تمام جوڑ ہاتھ پاؤں کے متورم تھے۔ مریض سے پوچھا کہ کب کا بیمار ہے تو اس کے بھائی نے کہا کہ تین سال ہوئے ہیں۔ تمام موسم سرما میں چارپائی پر رہتا ہے۔ جب گرمی شروع ہو جاتی ہے تو اٹھ کر کام کاج کرنے لگ جاتا ہے۔ ماہ اسوج میں پھر جوڑ سوج جاتے ہیں۔ یہ حالات تین سال سے ہیں۔ علاج کے متعلق کہا تو انہوں نے بتایا کہ ہمارا ڈاکٹر فوج میں ہے ایک ماہ کی چھٹی پر آیا تھا روزانہ ایک ٹیکہ لگاتا رہا ہے۔ اب وہ چلا گیا ہے۔ لیکن اس کی مرض کو ذرا بھی فرق نہیں پڑا۔ اس کے بعد مریض سے سوال کیا کہ قبض کا کیا حال ہے اس نے کہا کہ دس دس دن کے بعد پاخانہ آتا ہے۔ اس کے بعد مریض کو ایک سفوف بنا کر دے آیا اور ہفتہ کے بعد دیکھنے کا وعدہ کر لیا۔ آٹھ دن کے بعد مریض کو جا کر دیکھا تو آدھے سے زیادہ سوج اتر چکی تھی۔ پاخانہ دوسرے دن آ جاتا تھا اور مریض اٹھ کر پاخانہ بھی کر لیتا تھا۔ ۱۰ دن کے بعد وہ پاؤڈر بند کر دیا گیا اور گولیاں اور تیل بنا کر دیا گیا جس سے مریض کو آرام ہو گیا اور اگلے سال بھی مرض کا دورہ نہ ہوا اور لا علاج مریض راضی ہو کر آرام کی زندگی بسر کرنے لگا۔

ھوالشافی : پوست ہلیلہ زرد۔ تربد صاف۔ سنا مکی ایک ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں ۲ تولہ۔ چینی کل کے برابر۔ خوراک ۶۔۶ ماشہ کی پڑیاں باندھ دیں اور کہا دن رات میں چار خوراک دیں۔ ہمراہ پانی یا گرم دودھ۔

نکات مطب : مریض کو قبض تھی جو کہ کسی نے دور نہ کی تھی اس پاؤڈر میں سنا مکی اور تربد دو مسہل دوائیں تھی جس سے قبض دور ہوئی اور سورنجاں جوڑوں کے بالخاصہ مفید ہے۔ جس سے دس دن میں قبض دور ہو گئی اور نصف سے زیادہ مرض بھی دور ہو گیا۔

(۱۱۹۸) گولیاں

ھوالشافی : میٹھا تیلیہ۔ مرچ کالی۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ تھوم۔ چترا۔ جائفل۔ جاوتری۔ عقرقرحا۔ اسگند ناگوری۔ لونگ۔ دارچینی ایک ایک تولہ۔ ہینگ ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ سورنجاں تلخ ۶ ماشہ۔ باریک کر کے آب ادرک سے گولیاں بقدر ایک رتی بنا دیں۔

خوراک : ایک سے ۲ گولی صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

نکات مطب: یہ گولیاں ایک صدری راز ہے ایک سکھ زمیندار اس کو بناتا تھا مگر کسی کو بتاتا نہ تھا۔ آخر ایک آدمی نے اس سے نسخہ لے ہی لیا اس کو میں نے تیار کر کے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔ میں نے دو ہزار کے قریب کتابیں پڑھی ہیں لیکن اس وزن کا نسخہ مجھ کو کہیں نہ ملا۔ اس میں میٹھا تیلیہ خام ہی ڈال دیں۔ دوسری ادویہ اس کو بے ضرر کر دیتی ہیں۔ اس کے ساتھ دودھ میں گھی بھی ملا کر دیں۔ لاجواب گولیاں ہیں۔

(۱۱۹۹) تیل

ھوالشافی : جائفل۔ عقرقرحا۔ سنڈھ۔ لونگ ایک ایک تولہ۔ رتن جوت ۳ ماشہ۔ جاوتری۔ کٹھ شیریں ۶۔۶ ماشہ۔ برگ تمباکو خشک ۲ تولہ۔ برگ مدار خشک ۲ تولہ۔ کوٹ کر رات کو ڈیڑھ سیر آب میں بھگو کر جوش دیں۔ جب پانی آدھ سیر رہ جائے تو پن کر آدھ سیر تیل میٹھا ڈال کر پکائیں جب تیل رہ جائے تو نتھار کر شیشی میں بند کر لیں۔ اور جوڑوں پر مالش کر کے اوپر برگ مدار یا برگ بوہڑ یا روئی گرم کر کے باندھ دیں۔

ھدایات : مالش کرنے کے بعد ۱۲ گھنٹہ تک پانی نہ پئیں۔ ہوا سے بچیں۔ جب دوبارہ کھول کر مالش کرنی ہو۔ ہوا سے بچ کر کریں اور مالش کرنے والا آدمی بھی ٹھنڈے پانی سے ہاتھ نہ دھوئے۔ بلکہ گرم پانی اور صابن سے ہاتھ دھو کر کام لگے۔ یہ تمام ہدایات ہر گرم تیل کی مالش کرتے وقت رکھیں۔ ان شاء اللہ اس سے آرام ہو گا یہ تیل بھی لاجواب ہے۔

(۱۲۰۰) تیل

مریض عمر چالیس سال مطب میں آیا اور کہا کہ عرصہ دو سال سے ٹانگ میں درد ہے۔ کام کاج نہیں کر سکتا۔ اب ٹانگ سوکھنا شروع ہو گئی ہے اور میں نے خیال کر لیا ہے کہ اس

مرض کا علاج کوئی نہیں۔ اس کو غذا اور پرہیز جو کہ اوپر کے مریضوں میں درج ہے۔ بتا دیا اور یہ گولیاں اور یہ تیل تیار کر کے دے دیا گیا۔ جس سے مریض کی کمزور ٹانگ بھی ٹھیک ہو گئی۔ درد بند ہو گئی۔

ھوالشافی : مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ مثل سرمہ باریک کریں اور روغن زیتون ایک پاؤ میں ملا کر ایک جوش دے دیں اور اس کو شیشی میں بند کر لیں۔ تیل کو چھاننا نہیں بمع مرچ سیاہ ہی ملا لیں۔ اور گولیاں حب یوگراج بغیر کشتہ جات کے بقدر جنگلی بیر بنا کر دیں۔ ان کے دو ہفتہ کھلانے سے مزمن رینگن دور ہو گئی۔ آگے کے مریض میں یوگ راج مکمل ذکر ہے۔ جو کہ میں نے خود تیار کیا اور حکیم مولانا محمد عبداللہ صاحب روڑی والوں کا تمام عمر کا معمول اور مجرب ہے۔ زیادہ محنت کا کام ہے کہ ایک لاکھ چوٹ لگائی جائے۔ کہتے ہیں کہ ایک لاکھ چوٹ گوگل کو لگائی جائے تو جڑے ہوئے جوڑ کھول جاتے ہیں۔ تجربہ نے اس کی تصدیق کی ہے اس نسخہ میں بھی گوگل ہے جس کو لاکھ چوٹ لگ جاتی ہے۔ باقی ادویہ اور کشتے بھی ہیں۔ اس لیے یہ لاجواب ہے۔ رب ایک مریض کا لاجواب ذکر ہے۔

(۱۲۰۱) مہایوگراج گوگل

مریض عمر ۸۰ سال کی دونوں ایڑیوں میں درد تھی وہ شہر کا رہنے والا امیر آدمی اور کارخانہ دار تھا۔ وہ کئی ڈاکٹروں کے زیر علاج رہ چکا تھا۔ لیکن صحت نہ ہو سکی۔ ان گولیوں سے آرام آ گیا۔ ان کا نام مہایوگراج گوگل ہے۔ جو کہ ایک لاکھ چوٹ سے تیار ہوتا ہے۔

ھوالشافی : گوگل صاف تین پاؤ۔ ترپھلہ چالیس تولہ۔ ملا لیں اور اس میں ذیل کا پاؤڈر بھی ڈال کر کوٹتے جائیں۔ پاؤڈر یہ ہے۔ سنڈھ۔ مگھاں۔ پپلا مول۔ پوست چترا۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ اجمود۔ ہینگ بریاں۔ کالی مرچ۔ تخم سنبھالو۔ باؤبڑنگ۔ اندر جو۔ گج پیپل۔ کٹکی۔ اتیس۔ درچ بھاڑنگی۔ مروڑ پھلی۔ اسگند ناگوری ایک ایک تولہ۔ سرسوں سفید ایک تولہ یہ پاؤڈر تیار کر لیں اب ہاون دستہ میں گوگل صاف کو ڈال کر کوٹنا شروع کریں اور گائے کا گھی پاس رکھیں۔ کیونکہ گوگل چمٹنا شروع ہو جاتا ہے اور قدرے قدرے لگاتے اور کوٹتے جائیں جب گوگل نرم ہو جائے تو ادویہ مذکورہ کی چٹکی ڈالتے اور کوٹتے جائیں۔ جب تمام سفوف ختم ہو جائے تو کشتہ جات ملا کر ۱۰ ہزار چوٹ لگا دیں۔ کل چوٹ ایک لاکھ لگائیں۔

کشتہ جات : کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ سکہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ منور۔ رس سندھور آٹھ آٹھ تولہ۔ سارے نسخے میں ملا لیں۔ کشتہ جات جس طریقہ کے بھی ہوں ملا لیں۔ لیکن رس سندھور بڑی مشکل سے تیار ہوتا ہے۔ کسی ویدک دواخانہ سے لے لیں۔ ایک وید نے مجھ کو بتایا کہ شنگرف رومی لے کر آب ادرک سے اس قدر کھرل کریں کہ چمک نہ رہے یا کم از کم ۱۲ گھنٹے کھرل کر کے سکھا کر شامل کر لیں۔ یہ رس سندھور کا بدل ہے۔ گھی گائے کی بجائے ویدوں نے لکھا ہے کہ کسٹرائل سے کام لے لیں یہ بھی اچھا ہے۔ میں نے یوگراج گوگل میں کشتہ ملا کر اس مریض کو دیا۔ جس سے اس کی ایڑیوں کی مزمن درد دور ہو گئی۔ اسی طرح ایک نوجوان لڑکی کو دیں اس سے اس کی تمام دردیں دور ہو گئیں۔ یہ ویدک کا لاجواب نسخہ ہے اس سے وید کئی امراض کا علاج کرتے ہیں۔ خاص کر سرد امراض میں اس کے برابر کی کوئی چیز نہیں ہے۔ میں نے اس کا خوب تجربہ کیا ہے۔ حضرت مولانا عبداللہ صاحب روڑی والوں کا عام تجربہ شدہ ہے۔ (نقل از کنز المجربات جلد دوم)

(۱۲۰۲) میٹھا تیل

ایک لڑکا پندرہ سالا کو گھٹنے پر چوٹ لگی اور زخم ہو گیا۔ گھٹنا اس قدر ورم کر گیا کہ ٹانگ مڑ کر پشت کے ساتھ مل گئی۔ گھر والوں نے علاج کے لیے کہا سرد اشیا بند کر کے علاج شروع کر دیا۔

ھوالشافی : آب برگ مدار۔ ایک پاؤ۔ تیل میٹھا ایک پاؤ میں ملا کر پکا کر صاف کر کے اس میں موم دیسی چار تولہ ملا کر گرم کر کیا جب موم حل ہو گئی تو سندھور چار تولہ ملا کر آگ سے اتار کر ہلاتے رہیں۔ سرد ہو جائے تو مالش تیار ہے۔ اس کی مالش کی گئی۔ بلکہ اس کی بتی بھگو کر زخم کے اندر بھی رکھی گئی۔ جس سے ورم بھی دو ہو گیا اور زخم بھی درست ہو گیا اور اس گھرانے کا اکلوتا بیٹا شفایاب ہو گیا۔

(۱۲۰۳) چورن

کھانے کو سونجاں شیریں اور سورنجاں تلخ ۵۔ ۵ تولہ۔ باریک کردہ کا سفوف ۴۔ ۴ رتی کی پڑیاں باندھ کر دیں۔ چورن ایک ایک ماشہ دیا جا سکتا ہے۔ یہ بھی راز کا نسخہ ہے اس سے کئی علاج کئے۔

نکات مطب: سورنجاں کی شکل گھٹنے کی ہڈی جیسی ہے اس لیے دردوں کو مفید ہے اور آیورویدک طب یونانی۔ ہومیوپیتھی اس پر متفق ہیں کہ سورنجاں دردوں کی لاجواب دوا ہے۔ طب جدید شاہدروی کے ایک آدمی نے سورنجبین کے نام سے پاؤڈر تیار کیا تھا اور اس کا تمام دردوں میں معمول تھا۔ اس لیے میں نے بھی تیار کر کے مفید پایا۔ اس کا باہر ضماد کرنا یا تیل بنا کر استعمال کرنا یا معجون یا سفوف مفرد یا مرکب سورت میں مفید ہے۔ اس لیے معجون سورنجاں یا سفوف سورنجاں دردوں کی لاجواب دوا ہے۔

(۱۲۰۴) برگ مدار

ایک نوجوان لڑکا جوڑوں کے دردوں میں مبتلا تھا وہ کئی حکیموں کا علاج کروا چکا تھا۔ لیکن صحت نہ ہوئی یہ تیل بنا کر دیا گیا۔ آب برگ مدار چالیس تولہ۔ تیل میٹھا چالیس تولہ ملا کر پکائیں کہ پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو پن کر اس میں جائفل ۵ تولہ باریک مثل سرمہ کر کے ملائیں اس کے بعد دو گھنٹہ تک آگ پر رکھ کر دو جوش دے لیں کہ جائفل تیل میں مل جائے اس تیل کی مالش کی گئی۔ اس سے اس کے تمام درد دور ہو گئے۔ یہ تیل اس جگہ سے جمع خون کو ڈھال لیتا ہے۔ مسکن بھی ہے۔ محلل بھی ہے اور اگر زخم ہو تو اس کو بھی دور کر دیتا ہے۔ لاجواب تیل ہے۔ کھانے کو معجون سورنجاں دی گئی۔ جس کے کئی نسخے قرابادینوں میں ہیں۔ ایک نسخہ کم اجزا کا بھی ہے وہ بھی مجرب ہے۔

(۱۲۰۵) معجون سورنجاں

ھوالشافی: اسارون ۷ ماشہ۔ سنڈھ ۷ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۷ ماشہ۔ مگھاں ۷ ماشہ۔ سنامکی ڈیڑھ تولہ۔ سورنجاں شیریں ۳ تولہ۔ شہد سہ چند۔

خوراک: ۵ ماشہ سے دس ماشہ تک۔ کئی اطبا اس میں تربد سفید ۷ ماشہ بھی شامل کرتے ہیں اس کا موجد یحییٰ ابن خالد ہے برائے مفاصل مفید ہے۔ اگر شہد اس قدر ملا دیں کہ گولیاں بن سکیں تو تین ماشہ صبح و شام دے دیں۔ تب بھی مفید ہے۔

(۱۲۰۶) لاجواب مالش

جس کے استعمال کرنے سے وجع المفاصل کی دردیں اور ورم بھی دور ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی: آب برگ دھتورہ۔ آب حرمل تازہ۔ آب برگ ارنڈ۔ آب ادرک ۵۔۵ تولہ۔ کٹھ تلخ۔ عاقر قرحا۔ دار چینی۔ لونگ گل دار۔ جائفل ایک ایک تولہ۔ جمال گوٹہ کے مغز ۶ ماشہ۔ بھلانوہ ۶ دانے۔ گندھک آملہ سار ۹ ماشہ۔ موم دیسی ۳ تولہ۔ چربی میش ۳ تولہ۔ تیل میٹھا ایک پاؤ۔ رتن جوت ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ پانی میں ملا کر پکا کر پن لیں اور موم چربی۔ میں ملا دیں۔

فوائد: دردیں۔ چوٹ کی درد۔ نیز مالش کر کے اوپر روئی باندھ دیں۔ مخلوق کے لیے آلہ تناسل پر مالش کر کے اوپر برگ پان باندھ دیں۔ چند دن میں تمام کمزوریاں دور ہوں گی اس کا رنگ آیوڈیکس جیسا ہو جاتا ہے۔ فوائد اس سے بھی زیادہ ہیں۔ اگر اس کو تیار کر کے تجارتی رنگ بھی دے لیں تو کام کی چیز ہے۔ نسخہ تو اسی طرح لکھا ہے لیکن اس میں تیل کم ہے۔ اس میں چربی بھی دوگنی کر لیں تیل میٹھا آدھ سیر یا ۱۰ چھٹانک ملا کر بنا دیں تو بہتر ہے۔ پرانے ورم اس سے دور ہوتے ہیں۔ میں نے تو تمام پتوں کا پانی نکال کر لیا تھا۔ اس کی مالش کرنے سے جوڑوں میں حرارت پیدا ہو جاتی ہے اور جڑے ہوئے جوڑ کھل جاتے ہیں۔ میں نے اس کو تیار کر کے نہایت مفید پایا ہے۔

(۱۲۰۷) فلفل دراز

ایک مریض نے مجھ سے بیان کیا کہ مجھ کو جھولہ ہو گیا۔ جوڑ میں سوجن تھی۔ میں چارپائی پر پڑا رہتا تھا۔ ایک حکیم ہمارے گاؤں میں تشریف لائے اور میری حالت دیکھ کر کہنے لگے کہ میری گولیاں ختم ہو چکی ہیں۔ ورنہ میں تجھ کو دے دیتا اور تجھ کو آرام آ جاتا میں نے کہا حکیم صاحب ادویہ میں لا دیتا ہوں۔ آپ تیار کر دیں۔ وہ رضا مند ہو گئے۔ اور کہا کہ میٹھا تیلیہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں ایک ایک تولہ۔ لاؤ۔ ہم نے اشیا لا دیں اور میٹھا تیلیہ کو باریک کر کے مگھاں اور مرچ کالی ملا کر منقیٰ کوٹنا شروع کر دیا اور باریک ہونے پر گولی بقدر دانہ مونگی بنا کر ہمارے حوالے کر دیں اور کہا کہ آب کنوار گندل سے بھی کھرل کر کے تیار ہو سکتی ہیں۔ ایک گولی گھی گرم کردہ ۵ تولہ سے ۱۰ تولہ دودھ پاؤ میں ملا کر کھلائیں۔ میں نے کھانی شروع کر دیں۔ ان گولیوں سے مجھ کو آرام ہو گیا۔ لوگوں کو پتہ چل گیا کہ حکیم صاحب گولیاں تیار کر کے دے گئے ہیں۔ لوگوں نے مجھ سے حاصل کر کے اسی طریقہ سے کھائیں ان تمام کو آرام ہو

گیا۔ایک آدمی کو ہر سال نمونیہ ہو جاتا تھا۔اس کو بھی دیں۔اس کا نمونیہ بھی دور ہو گیا اور بعد نمونیہ نہ ہوا۔ میٹھا تیلیہ کو مدبر کرنے کی ضرورت نہیں۔ مرچ سیاہ اور مگھاں سے مدبر ہو جائے گا۔کوتائی کم از کم ایک دن ضرور کریں۔ اگر آب کنوار گندل سے بنانی ہو تو ایک دن کھرل کر کے بنا دیں۔ یہ گولیاں کتابوں میں لکھی ہیں۔کسی جگہ مکھن سے کھرل کرنا لکھا ہے۔ ہمارے ایک شاہ صاحب بھی اسی طرح بناتے تھے ان کے ایک مرید نے مجھ کو بتایا کہ شاہ صاحب جو کہ دردوں کی گولیاں دیتے ہیں وہ یہ ہی ہیں۔ میں نے بھی ان کو تیار کر کے دیکھا تھا۔لیکن ایک بات یاد رکھیں کہ کمزور مریض کو نہ دیں۔ جس کا جسم سوکھا سڑا ہو۔ اس کو نہ دیں۔ میٹھا تیلیہ کے مرکب موٹے تازے پر گوشت والوں کو دیں۔ ان کے ساتھ گھی ضرور دیں۔ ورنہ میٹھا تیلیہ خشکی سے خراب کرے گا اور بعد از غذا دیں۔ یہ تمام نکات لکھ دیئے ہیں کہ ناظرین کم علم اور مبتدی خراب نہ ہوں۔

(۱۲۰۸) ٹھیکہ

ایک عطائی حکیم میرے پاس میٹھا تیلیہ خریدنے آیا میں نے کہا بھائی وہ تو ٹھیکہ سے ملتا ہے اس نے کہا مجھ کو بھی پتہ ہے۔ آپ ہمارے مہربان ہیں۔ضرورت ہے دے دیں۔ میں نے کہا اس کو مدبر کر کے ادویہ بناتے ہیں۔اس نے کہا کہ مدبر کر کے ہی بناؤں گا میں نے کہا وہ نسخہ مفید ہے وہ کہنے لگا مجرب ہے۔ میرے استاد کا نسخہ ہے۔ میں تمام عمر کا اس کو بنا کر استعمال کرتا ہوں۔ میں نے کہا بتاؤ وہ کہنے لگا حکیم صاحب آپ صاحب علم ہیں آپ کو کیا کمی ہے۔آپ کے بارے میں سنتا رہتا ہوں۔ میرے پڑوس میں ایک لڑکی تین سال سے صاحب فراش تھی۔اب وہ ٹھیک ہے میں نے پوچھا کہ کس کے علاج سے فائدہ ہے تو اس نے آپ کا نام پیش کیا میں نے کہا ٹھیک ہے۔اس کا علاج میں نے ہی کیا ہے۔اب بالکل ٹھیک ہے۔ اس نے نسخہ لکھا دیا۔

ھوالشافی: بیش مدبر ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ ایک ایک تولہ۔شنگرف رومی ۶ ماشہ۔افیون خالص ۳ ماشہ باریک کر کے گولی بقدر دانہ مرچ کالی بنا دیں۔ایک ایک گولی بعد از غذا ہمراہ دودھ چائے کھلائیں میں نے خود تیار کی تھیں ایک دن میں شدت کی درد کافور ہو جاتی ہے۔ کہنے لگا یہ نسخہ ہی ہے۔ جس کی بدولت میں مفاصل کا معالج ہوں روز کوئی نہ کوئی آ

جاتا ہے اور گولیاں لے جاتا ہے۔

(۱۲۰۹) حکیم ارگن

حکیم فیض محمد ارگن صاحب سے میں نے سوال کیا کہ لوگ آپ کے علاج کی تعریف کرتے ہیں کہ جھولہ اور رینگن کے مریضوں کو آپ گولیاں دیتے ہیں تو آرام آ جاتا ہے وہ کہنے لگے کبھی استاد بھی شاگردوں سے نسخے طلب کرتے ہیں۔ میں نے کہا سب کچھ ہے فرمانے لگے۔آپ سے کچھ بخل نہیں وہ یہ ہیں۔

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ سیاہ ایک تولہ کو مثل سرمہ باریک کر کے تھوم کی تریاں صاف ڈیڑھ چھٹانک ایک ایک کر کے کھرل کرتے جائیں۔ چاہے کتنا وقت لگے۔ خشک ہونے پر گولی بقدر دانہ ماش تیار کرلیں۔

خوراک: ایک گولی روز ہمراہ تربوز یا گھی ۵ تولہ یا دودھ آدھ سیر یا مناسب بدرقہ مریض دیں اس سے متعدد صاحب فراش مریض راضی ہو چکے ہیں۔

(۱۲۱۰)

ھوالشافی: دوسرا نسخہ یہ ہے کہ چھال جڑ مدار دھو کر خشک کر کے باریک کریں۔

خوراک: ۴ رتی سے ایک ماشہ تک۔ ہمراہ چائے۔ غذا کے بعد اس کے ساتھ گھی۔ مرغن حلوہ یا ٹریوڑ سے دیں۔ اس سے وجع المفاصل کے متعدد مریض راضی ہو چکے ہیں۔ ان ہر دو نسخوں کے علاوہ میں نے کسی نسخہ سے مفاصل کا علاج نہیں کیا۔

نکات مطب: ہر دو نسخہ جات کتابوں میں مذکور ہیں۔ اور مفید ہونے میں شک نہیں۔ حکیم ارگن اب فوت ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ انھوں نے اپنے راز مجھ پر ظاہر کر دیئے۔

فوائد: چھال مدار دافع بخار۔ معرق و محلل اورام۔ مصفی خون۔ دافع سعال بلغمی۔ دافع دمہ اور بلغمی مزاج کو مفید ہے۔

(۱۲۱۱) پیر بھائی

یہ ایک پیر بھائی عمر چالیس سال کے تمام جوڑ متورم ہو گئے ہاتھ پاؤں کے تمام جوڑ دا

میں درد تھا اس نے کہا کہ میں رات کو سو نہیں سکا اس کو یہ گولیاں تیار کر دیں جو کہ استاد الاطبا صابر ملتانی کے ایک ہم سبق نے مجھ کو بتائی تھیں اور اس نے کہا تھا کہ مجھ کو صابر صاحب نے بتلائی ہوئی ہیں یہ وہ زمانہ تھا کہ ابھی تک صابر صاحب نے نظریہ مفرد اعضاء ایجاد نہیں کیا تھا میں کہتا ہوں کہ میرے پاس نسخہ جات کا اتنا ذخیرہ موجود ہے کہ عام اطبا کے پاس نہیں کیونکہ آپ کا خادم قریباً دو ہزار کے قریب کتاب کا مطالعہ کر چکا ہے اور متعدد طبی رسائل بھی دیکھ چکا ہوں۔ مگر یہ نسخہ کسی کتاب میں نہیں ہے۔

ھوالشافی : مرچ سیاہ۔ سنڈھ۔ مگھاں ایک ایک تولہ۔ سورنجاں شیریں ۲ تولہ۔ مصبر ۶ ماشہ۔ سقمونیہ ۶ ماشہ۔ گوگل ۶ ماشہ۔ مرمکی ۶ ماشہ۔ سورنجاں تلخ ۶ ماشہ۔ شحم حنظل ڈیڑھ تولہ ہمراہ شہد گولیاں بنالیں۔

خوراک : ایک ایک گولی ہمراہ آب گرم یا چائے یا گرم دودھ سے کھائیں اس کے استعمال سے مریض کی تمام دردیں کافور ہو گئیں وہ اس کے بعد قریباً چالیس سال زندہ رہا پھر دورہ نہیں ہوا۔ لاجواب نسخہ ہے اس سے قبض بھی دور ہو جاتی ہے۔ نقرس اور جھولہ کا کامیاب علاج ہے۔

(۱۲۱۲)

ایک حکیم جو کہ ہمارے ہی قصبہ میں رہتا تھا اس نے اپنا مجرب علاج کتاب کے لیے پیش کیا اور کہا یہ معجون اور تیل میرا ساری عمر کا معمول ہے اور جس مریض کا بھی علاج اس معجون اور تیل سے کیا ہے اس کے بعد ۲۰۔۲۰ سال ہو گئے ہیں۔ کبھی درد کا ذکر نہیں کیا۔

ھوالشافی : برگ سنا مکی ۳ تولہ۔ عشبہ ۳ تولہ۔ تردی صاف ۳ تولہ۔ کپور کچری۔ گل سرخ۔ سونف۔ چھڑیلہ۔ بسفائج۔ لاجورد مغسولہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ سورنجاں شیریں ایک تولہ۔ شہد خالص ۱۰ تولہ۔ چینی ۳۰ تولہ کا قوام کر کے شہد ملالیں اور ادویہ ملالیں۔

خوراک : ایک تولہ صبح و شام ہمراہ گرم دودھ دیں۔ لیکن چار روز کے بعد چار تولہ کھلائیں اس سے صبح کو دو تین اسہال آ جائیں گے۔ اور وہ مادہ جو کہ باعث مرض ہے نکل جائے گا کورس تین ہفتہ۔ اس سے وجع المفاصل نقرس اور آتشک دور ہو گا۔ ناظرین میں نے خود اس معجون کو کئی بار تیار کیا ہے اور مجرب پایا۔ اس سے قبض کشائی بھی ہو جاتی ہے نیز بلغمی اور

سوداوی مادے بھی نکل جاتے ہیں۔

(۱۲۱۳)

تیل مبارک اس معجون کے ساتھ حکیم مذکور یہ تیل دیا کرتے تھے۔

ھوالشافی : برگ مدار۔ برگ دھتورہ۔ برگ ارنڈ۔ کنڈیاری۔ برگ سنبھالو۔ برگ حرمل ۵۔۵ تولہ۔ کاپھل ۲ تولہ۔ افتیمون ۵ تولہ۔ کٹھ تلخ ۲ تولہ۔ سورنجاں تلخ ۲ تولہ۔ بابونہ خشک ۲ تولہ۔ تمام کو کچل کر تین سیر پانی میں بھگو دیں اور صبح کو ابال لیں۔ جب پانی ایک سیر رہ جائے تو پن کر ایک سیر تیل میٹھا ملا کر پکالیں۔ تیار ہے۔

فوائد: جھولہ۔ رینگن۔ فالج۔ اعضا کا سن ہونا۔ کمزور ہو جانا۔ سوکھ جانا۔ ان تمام حالتوں میں یہ روغن لاجواب ہے۔ اس کو تیار کر کے دکھی انسانوں کا علاج کریں۔ میں کہتا ہوں یہ معجون اور یہ تیل ان امراض کے لیے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔

(۱۲۱۴) سنکھ ناد گوگل

مریض عمر ۲۵ سال کو مطب میں لایا گیا اس مریض کا ایک رشتہ دار جو کہ جوڑوں کی دردوں سے لاچار تھا۔ مجھ سے علاج کرا چکا تھا۔ مریض کو مفاصل کی درد بھی تھی اور ایک ٹانگ میں زیادہ تھی۔ گویا کہ رینگن بھی تھی یہ گولیاں اور تیل دیا گیا۔ جس سے مریض کا مفاصل بھی ٹھیک ہو گیا اور رینگن سے جو ٹانگ سوکھ رہی تھی وہ بھی ہری ہو گئی۔

ھوالشافی : ترپھلہ ۱۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔ مدبر گوگل صاف ۵ تولہ۔ روغن ارنڈ سوا تولہ۔

طریقہ تیاری : گرم پانی میں گوگل کو حل کر کے اس میں دوسری ادویہ ملا کر کم از کم ایک دن زور دار ہاتھوں سے کوٹائی کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنا دیں۔ اس کا نام سنکھ ناد گوگل ہے اور ویدک نسخہ ہے۔ پہلے اور طریقہ سے تیار ہوتا تھا وہ معجون کی شکل بن جاتا تھا۔ اب وید نے اس طرح بنانے کو کہا ہے لیکن رات کو ایک تولہ کسٹرائل ضرور پلانا ہے۔

فوائد : وید فرماتے ہیں کہ اس کے استعمال سے لا علاج گٹھیا اور رینگن دور ہو جاتی ہے۔ اس کے علاوہ کھانسی مزمن۔ فساد خون۔ امراض پیٹ۔ بڑھاپا کا جلدی آنا کو دور کرتا اور حرارت ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ میں ہر وقت اس کو مطب میں تیار رکھتا ہوں مزمن جھولہ بھی اس

سے دور ہو جاتا ہے۔ بار بار پھوڑے نکلنا بھی اس سے بند ہو جاتے ہیں۔ لاجواب نسخہ ہے۔

تیل یہ ہے۔

(۱۲۶۵) روغن عشر

برگ مدار کو کوٹ کر چالیس تولہ پانی نکال لیں اور چالیس تولہ تیل میٹھا ڈال کر پکائیں کہ جب صرف تیل رہ جائے تو پن لیں یہ بڑے کام کی چیز ہے اس سے ریگن جھولہ نقرس کسی جگہ سے جسم کا گوشت خشک ہو جانا کان کا درد اور کان کے زخم تک دور ہو جاتے ہیں روغن عشر اس کا نام ہے اور طب جدید شاہدروی والوں کا مجرب ہے اور میں تمام عمر کا اس کو تیار کرتا ہوں۔ کم خرچ بالانشیں ہے نیز اس سے سانپ کاٹے کے زخم بھی دور ہو جاتے ہیں۔

(۱۲۶۶) درد کمر

ایک نوجوان مریض کو درد کمر اس قدر شدید ہوا کہ صاحب فراش ہو گیا۔ چل پھر نہ سکتا تھا اور کسی پہلو پر آرام نہ تھا۔ پیشاب پاخانہ سے تنگ تھا اور روٹی بھی کبھی لیٹے ہوئے کھاتا یا سہارا سے بیٹھ جاتا۔

علاج : سنڈھ۔ دارچینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ کٹھ شیریں۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ عقر قرحا ۳ ماشہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ ثعلب دانہ۔ تودری سفید۔ ہر ایک سوا سوا تولہ۔ تیل میٹھا تین تولہ سے چرب کر کے شہد سہ چند ملا کر معجون تیار کر کے دی۔

خوراک : ۹۔۹ ماشہ۔ ہمراہ دودھ گرم اس میں ایک دیسی انڈا بھی ملا لیں۔

فوائد : درد کمر۔ مقوی اعصاب۔ مقوی گردہ و مثانہ۔ مقوی باہ اسراری علاج ہے۔ یہ معجون کا نسخہ بڑی مشکل سے حاصل کیا تھا۔ تجربہ میں سو فی صد ٹھیک ہے تیار کر کے استعمال کریں۔

(۱۲۶۷) معجون فلاسفہ

درد کمر کا ایک نوجوان مریض آیا اور کہا کہ حکیم صاحب ہمارے گاؤں کے لوگ آپ کے پاس آتے ہیں انہوں نے مجھ کو بھی آپ سے علاج کرانے کا مشورہ دیا ہے میں تو دو سال تک سے حکیموں ڈاکٹروں سے علاج کروا کر مایوس ہو چکا ہوں۔ گاؤں والوں نے کہا ہے کہ ایک بار حکیم حیات کے پاس سے بھی ہو آؤ اب میں آ گیا ہوں مایوس ہوں بیٹھ کر چلتا

ہوں۔ میں نے کہا شفا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ دوا ور دعا میں کرتا ہوں۔ مایوس نہ ہوں۔
علاج معجون فلاسفہ ۶ ماشہ۔ صبح اور ایک گولی حب کچلہ اس طرح شام کو معجون فلاسفہ حب کچلہ ملا کر دیا گیا اور ساتھ مالش دے دی گئی اور پانچ روز کے بعد آنے کو کہا۔

(۱۲۱۸) مالش

دارچینی ایک تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ اجوائن دیسی ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ۔ سنڈھ ایک تولہ۔ اس میں ایک پاؤ دیسی گھی ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب جل جائیں تو اتار کر پن لیں اور صبح و شام گرم کر کے مالش کریں اور اوپر روئی گرم کر کے باندھ دیں۔

پرہیز : سرد اشیا۔ سرد ماحول۔ لسی۔ دہی۔ چاول برف۔ سوڈا۔ نیز غسل نہ کریں۔ ان ادویہ پر اور ہدایات پر عمل کرنے کو کہا۔ پانچ روز کے بعد مریض آیا جو کہ خوش تھا اور کہا حکیم صاحب وہ ڈاکٹر جو کہ بڑی بڑی فیس لے کر ٹیسٹ کرتے رہے ہیں وہ تمام ہی فیل ہوئے ہیں۔ میں نے کہا کہ اطباء ہزاروں سال سے انسانوں کی خدمت کرتے چلے آ رہے ہیں اور لکھوہا مخلوق خدا شفا یا کر آرام کی زندگی بسر کر رہی ہے۔ اس نے کہا کہ سچ ہے میں مایوس ہو چکا تھا۔ اب پانچ روز میں آدھا بچ چکا ہوں۔ اسی علاج کے دو ہفتے استعمال کرنے سے مریض شفایاب ہو گیا۔ کئی بار خیریت پوچھتا رہتا ہے ساتھ میں کچلہ دیا۔

(۱۲۱۹) حب کچلہ

ھوالشافی : کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ دارچینی۔ بسباسہ۔ جائفل۔ عود صلیب لونگ ایک' ایک تولہ۔ عرق اجوائن تیز سے حب نخودی بنالیں۔ یہ قرابادین اکمل اعظم کا نسخہ ہے اور لاجواب ہے۔

فوائد : امراض اعصاب۔ سردی۔ ریگن جھولہ۔ دائمی نزلہ۔ کثرت بول۔ کمزوری۔ بڑھاپا۔ بعد از طہر کھلانا معین حمل ہے۔ دائمی نزلہ کو جڑ سے دور کرتا ہے۔ میں ہر مریض میں مالش علیحدہ علیحدہ لکھتا ہوتا کہ ناظرین کو زیادہ سے زیادہ علم مل جائے۔ آپ صرف دعا کریں۔

(۱۲۲۰)

ایک خاندانی حکیم کے متعلق لوگوں نے کہا کہ وہ دوروں کے معالج ہیں۔ کئی مریض

راضی ہوئے۔ کئی مریضوں نے بھی ذکر کیا میں ان کے گھر پہنچا اور نسخہ کے متعلق ذکر کیا وہ کہنے لگے آپ کو کیا کمی ہے۔ آپ کی شہرت تو میں سن چکا ہوں میں نے کہا کہ شوق ہے آپ مہربان ہیں۔ بتا دیں تو مہربانی ہوگی وہ کہنے لگے آگے لوگوں کو نہیں بتایا کئی لوگ آئے۔ لیکن تجھ سے چھپایا نہیں جا سکتا۔

ھوالشافی: مصطگی رومی۔ مصبر۔ عشق پیچہ۔ سنا مکی۔ جمال گوٹہ مدبر۔ بنفشہ۔ مرچ سیاہ ۶۔۶ ماشہ۔ سقمونیہ۔ سورنجاں شیریں۔ واؤورنگ ۳۔۳ ماشہ۔ آرد تربد دو تولہ۔ گوداتمہ ۲ تولہ۔ اسگندناگوری۔ کٹھہ۔ اجوائن دیسی۔ گوگل صاف سنڈھ ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے آب کنوار گندل سے حب نخودی بنا دیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ تریوڑ دیں فرمانے لگے یہ ہمارا خاندانی نسخہ ہے اور کئی سو سال سے ہمارے خاندان میں بنتا چلا آ رہا ہے اور مریض اس سے راضی ہوتے ہیں میں نے اس کو خود تیار کیا ایک گولی سے ایک اسہال آ جاتا ہے اور جوڑوں کا ورم کم ہونے لگتا ہے۔ اب اس گھر سے حکمت ختم ہو چکی ہے۔ تمام اولاد فوت ہوگئی ہے اور ایک ہے وہ کوئی اور کام کرتا ہے۔ اس گھر کا داماد جس نے مجھ کو نسخہ لینے کو کہا تھا اس نے اپنا مجرب نسخہ حب شنگرف بھی عطا کیا۔

(۱۲۲۱) حب شنگرف

جمال گوٹہ مدبر۔ شنگرف رومی۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ ایک ایک تولہ۔ حب بقدر دانہ موٹھ۔ بنا دیں۔

خوراک: ایک گولی ہمراہ آب گرم یا مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد: نقرس۔ جھولہ۔ درد کمر۔ عرق النساء۔ آتشک کو مجرب ہے۔ مریض اس سے گرمی محسوس کرتا ہے ایک دن چھوڑ کر دیا کریں یہ بھی لاجواب اس سے بھی ان امراض کا علاج کامیابی سے کیا یہ حکیم بھی خاندانی تھے اب ان کا بھی انتقال ہو گیا میری وساطت سے آپ کو خاندانی راز جس سے کتنی ہی مخلوق خدا شفایاب ہو چکی ہے مل رہے ہیں۔ اللہ قبول کرے۔

(۱۲۲۲) کچلہ مدبر

مریض عمر ۵۵ سال مورخہ ۵۲۔۴۔۱۰ کو مطب میں آیا اور اس کی دونوں ٹانگیں کمزور

تھیں اور درد بھی کرتی تھیں اس نے کئی علاج کروائے لیکن آرام نہ ہوا۔ مریض کو دیکھا اور پٹھوں کی سردی تشخیص کر کے یہ دوا دے دی گئی۔

خوراک : ۲ رتی۔۲ رتی صبح وشام بعد از غذا۔ غذا مرغن۔ جس سے اس کی سردی ٹانگوں کو دور اور کمزوری۔ دائمی نزلہ۔ خرابی ہاضمہ دور ہو گئی۔

ھوالشافی : کچلہ ۵ تولہ لے کر گھی گاؤ ۵ تولہ یا اس سے زیادہ میں ڈال کر نرم نرم آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ کچلے پھول کر موٹے ہو جائیں گے اس وقت اتار کر گرم گرم ہی کوٹ لیں۔ کیونکہ سرد ہونے پر ان کا کوٹنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کا پاؤڈر ڈھائی تولہ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ دارچینی۔ سنڈھ۔ سہاگہ سفید ایک ایک تولہ ملا کر کوٹ کر سفوف بنا لیں۔

خوراک : ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ مناسبہ بدرقہ۔ ایک صاحب نے لکھا ہے کہ کریلے کے پانی سے بھی کھرل کریں لیکن میں نے نہیں کیا۔

فوائد: یہ ایک کم اجزا کا کم خرچ کچلہ کا پاؤڈر ہے اور ایک مشہور دواخانہ اس کو ایک نیا نام دے کر فروخت کر رہا ہے یہ کڑوا ہے اس کو کیپسول میں بند کر کے دیں۔ یا منقیٰ ملا کر کوٹ کر گولیاں بنا لیں اور گولی اس قدر بنا دیں کہ فی گولی ایک رتی سے زیادہ نہ ہو یہ نسخہ میں تمام عمر کا تیار کر رہا ہوں۔ اس سے رینگن جھولہ۔ فالج۔ درد کمر۔ بخار نوبتی۔ ذات الجنب۔ مقوی باہ۔ افیون چھڑانا۔ کثرت بول۔ ریاحی امراض دور ہو سکتے ہیں۔ (بدرقہ ماء العسل یا عرق سوف تیز سے کھانسی بلغمی سردی سے ٹانگ کا سوکھ جانا دودھ گھی ہضم نہ ہونا۔ نزلہ بارد میں کا علاج کیا جا سکتا ہے)۔

نکات مطب: کچلہ کے مرکبات بعد از غذا دیں۔ سات دن کے بعد چند یوم ناغہ کریں۔ یہ قانون ہر کچلے کے مرکب میں یاد رکھیں اور ہر سرد امراض میں اس کے فوائد مسلمہ ہیں۔ (نقل از کنز المجربات حصہ اول مصنفہ مولانا عبداللہ صاحب آف روڑی)۔

(۱۲۲۳) رینگن

مریض عمر ۷۰ سال کی رینگن سے ٹانگ سوکھ کر بے کار ہو گئی وہ میرے رشتہ داروں میں سے تھا۔ وہ علاج کے طالب ہوئے اور کمزوری بڑھاپا۔ سردی اعصاب۔ تشخیص کر کے دوا دے دی۔

هوالشافی: معجون فلاسفہ ایک تولہ صبح اور شام کو حب کچلہ یا معجون کچلہ دیا گیا اور کہا کہ سات روز کے بعد کچلہ کو چار دن ترک کر دیں اور معجون فلاسفہ متواتر دیتے جائیں اور ساتھ ذیل کا تیل تیار کر کے مالش کے لیے دیا گیا جس سے بے کار ٹانگ ہری ہو کر دوبارہ کام کرنے لگ گئی اور کئی سال اس کے بعد زندہ رہا۔

هوالشافی: کچلہ غیر مدبر کوٹا ہوا ۵ تولہ۔ کالی مرچ۔ لونگ۔ سنڈھ۔ قسط تلخ۔ میٹھا تیلیہ۔ جڑ پان۔ دارچینی۔ تخم دھتورہ۔ جائفل۔ جاوتری ایک ایک تولہ۔ سب کو دو سیر پانی میں بھگو دیں اور مقام گرم میں رکھیں پھر ایک سیر تیل میٹھا اس میں ملا کر نرم نرم آگ پر پکائیں کہ پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے اور ادویہ بھی سوختہ ہو کر مثل کوئلہ ہو جائیں تو اتار کر سرد کر کے پن لیں۔ رات کو کمرے کے اندر آگ کی انگیٹھی پاس رکھ اس تیل کو قدرے گرم کر کے مالش کر کے اوپر گرم کپڑا لپیٹ دیں اور اس کے بعد ۱۲ گھنٹہ پانی نہ پئیں۔ مالش کرنے والا بھی گرم پانی اور صابن سے ہاتھ صاف کر لے یہ ایک لاجواب تیل ہے اس سے ریگنن اور فالج کا علاج کیا جا سکتا ہے اس سے دوران خون تیز ہو کر فالج زدہ اعضا اپنا کرم کرنے لگ جاتے ہیں۔ کئی ہزار نسخوں سے بہتر ہے اور تجربہ شدہ اور لاجواب ہے۔

(۱۲۲۴) لاہور کا حکیم

معجون فلاسفہ بوڑھوں کا عصا ہے اور ایک سال تک کھلانے سے بھی ری ایکشن نہیں ہوتا۔ اس سے بوڑھوں کے تمام امراض کمئ حافظہ کمی اہاضمہ۔ کثرت بول۔ منہ سے بدبو آنا اور رال بہنا اور کئی دیگر امراض دور ہو جاتے ہیں۔

هوالشافی: لاہور کا مشہور حکیم گھی گرم کردہ ۵ تولہ۔ تھوم کی تریاں ۱۵ عدد اور ایک بیضہ مرغ ملا کر اس مرکب میں معجون فلاسفہ ایک تولہ ملا کر صبح کا ناشتہ اس سے کر کے اوپر سے چائے یا قہوہ پلاتا ہے اور دن میں آب ادرک ایک تولہ بھی پلاتا ہے اور شام کو معجون کچلہ کھلاتا ہے۔ اس طریقہ سے سینکڑوں مریض دردوں کے راضی ہو چکے ہیں۔ یہ ایک لاجواب طریقہ علاج ہے۔ آپ بھی اس کو تیار کر کے دیا کریں میں بھی اس طرح کر لیتا ہوں۔

(۱۲۲۵) دوائے مفاصل

مریض عمر ۲۰ سال عرصہ دراز سے ایک گھٹنا کے ورم اور درد میں مبتلا تھا اس کو یہ سفوف

دیا گیا جس سے اس کو فائدہ ہوا مگر مریض نے کورس پورا نہ کیا وہ یہ ہے۔ سورنجاں شیریں۔ تربد سفید۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ سنا مکی ہر ایک ۳۔۳ تولہ۔ حب النیل۔ تخم اسپند۔ بوزیدان ایک ایک تولہ کو سفوف کریں۔

خوراک : ۵ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔ ہمراہ آب گرم (اس سے اسہال بھی آتے ہیں۔ اگر زیادہ آئیں تو خوراک کم کر دیں یا ایک دن نہ دیا کریں۔) ایک حکیم اس کا اس قدر اخفار کھتے کہ کسی کو نہ بتاتے لیکن ایک حکیم مریض بن کر اس حکیم صاحب کے ہاں پہنچ گیا اور اس کے اجزا معلوم کر لیے یہ نسخہ بھی لاجواب ہے۔ میں نے خود تیار کر کے مفید پایا اس میں تمام اجزا مسہل ہیں اور تلیین کر کے مادہ مرض کو دور کر دیتے ہیں اس حکیم نے اس سے خوب رقم کمائی اور اخفاء رکھ کر اس کو خاندانی بتا کر لوگوں کو دیتا رہا اور مریض شفایاب ہوتے رہے۔

(۱۲۲۶) ابوبکر بصری

حکیم ابوبکر بصری کا تجویز کردہ نسخہ ہے جس کو کئی حکیم تیار کرتے ہیں اور اخفار کھتے ہیں چنانچہ ملتان کے ایک حکیم نے مذکور نام سے اشتہار دے کر خوب فائدہ حاصل کیا یہ روغن محرک ہے اعضا کو گرمی پہنچاتا ہے اور بلغمی امراض میں مفید ہے۔ فالج لقوہ جھولہ قدر تشنج استرخا اور تمام اقسام باردہ میں مفید ہے۔

ھوالشافی : کچلہ سائیدہ غیر مدبر۔ سورنجاں۔ قسط تلخ۔ سنڈھ۔ بادیان رومی۔ لونگ ہینگ۔ دارچینی۔ فلفل سیاہ۔ کچور۔ میٹھا تیلیہ۔ اسگند ناگوری۔ کائپھل۔ پپلا مول۔ مصطگی رومی۔ ایک ایک تولہ۔ پوست بیخ مدار۔ برگ زقوم ۲۔۲ تولہ دو روز تک تین سیر پانی میں بھگوئیں پھر نرم نرم آگ پر پکائیں جب ایک سیر پانی رہ جائے تو تیل میٹھا ایک سیر ملا کر پکائیں جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو پن کر سنبھال لیں اور اعضائے ماؤفہ پر ذرا گرم کر کے مالش کریں اور گرم اشیا باندھ دیں۔ اس سے سوکھے اعضا ہرے ہو جاتے ہیں اس تیل کو میں نے بھی تیار کیا اور مریضوں کو دیا اس سے اگر ادویہ پن کر تیل ملا کر پکائیں تو تیل کم لیتا ہے۔ لہٰذا اس میں سوا سیر تیل ملا کر بنائیں۔ اگر ۱۰ تولہ تیل جل بھی جائے تب بھی ایک سیر ۱۰ تولہ رہ جائے۔ میں نے ہینگ کی بجائے کلونجی شامل کی تھی۔ مبادا کہ ہینگ کی بدبو تیل میں نہ آجائے صاحب نسخہ نے تو ہینگ ہی ملانے کو لکھا ہے نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں ہے۔

تیار کریں۔

(۱۲۲۷) حب رازی

حکیم رازی طب اکبر کے مصنف ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ ان گولیوں سے میں نے کئی مریضوں کا علاج کیا۔

نسخہ: مصبر۔ سورنجاں شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تین تین تولہ۔ باریک کر کے گولیاں بنا دیں۔ اور ۵ ماشہ روز کھلائیں۔ لیکن اس زمانے کے حکما نے اس طرح لکھا ہے کہ سونف چار تولہ کو تین چھٹانک پانی میں بھگو کر اس کے زلال سے اکیس گولیاں بنالیں۔ سات روز تک ایک گولی صبح کو کھلائیں۔ سات روز چھوڑ دیں۔ پھر سات روز کھلائیں پھر سات روز چھوڑ دیں۔ پھر سات روز کھلائیں اسی طرح چھ ہفتہ میں اکیس گولیاں ختم کریں۔

غذا: شوربا مرغ۔ تیتر۔ نان گندم اور کل اشیا سے پرہیز صاحب فراش اور پرانے مریض اس سے شفایاب ہو جاتے ہیں میں نے بھی گولیاں تیار کر رکھی ہیں۔ ۳-۳ عدد صبح و شام دیتا ہوں۔ جدید حکماء نے سنا مکی ایک جز۔ مصطگی رومی ایک جز ملا کر تیار کرنے کو برساعت لکھا ہے اور خوراک روز ۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک بادام روغن یا روغن گائے سے چرب کر کے کھلانا مفید ہے۔ اس سے جڑے ہوئے اعضا کھل جاتے ہیں۔ ٹیڑھے ہوئے اعضا درست ہو جاتے ہیں۔ ان کو کئی بار بنا کر مفید پایا ہے کم خرچ اور کم اجزا کا نسخہ ہے میں نے تمام طریقے لکھ دیئے ہیں آپ تیار کرلیں۔

(۱۲۲۸) بڑھاپا

مریض عمر اسی سال کو ایک عرصہ سے درد رینگن تھی اس کو کوئی علاج کارگر نہ ہوا اس نے میری طرف رجوع کیا میں نے سردی اعضا اور کمزوری بڑھاپا دیکھ کر یہ گولیاں دیں۔ جس سے اس کی پرانی درد جاتی رہی۔

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ مدبر ۶ ماشہ۔ کچلہ مدبر ڈیڑھ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ سورنجاں تلخ ۲ تولہ۔ تخم حرمل ۳ تولہ۔ مصبر ۳ تولہ۔ گودا کنوار گندل سے حب نخودی بنا دیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ نیم گرم یا چائے۔ غذا مرغن کھلائیں۔ کم از کم ۵ تولہ گھی کھلائیں یہ لاجواب گولیاں ان امراض میں مجرب ہیں۔ کئی حکما کا مجرب ہے

دیا گیا جس سے اس کو فائدہ ہوا مگر مریض نے کورس پورا نہ کیا وہ یہ ہے۔ سورنجاں شیریں۔ تربد سفید۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ سنا مکی ہر ایک ۳۔۳ تولہ۔ حب النیل۔ تخم اسپند۔ بوزیدان ایک ایک تولہ کو سفوف کریں۔

خوراک: ۵ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔ ہمراہ آب گرم (اس سے اسہال بھی آتے ہیں۔ اگر زیادہ آئیں تو خوراک کم کردیں یا ایک دن نہ دیا کریں۔) ایک حکیم اس کا اس قدر اخفار کھتے کہ کسی کو نہ بتاتے لیکن ایک حکیم مریض بن کر اس حکیم صاحب کے ہاں پہنچ گیا اور اس کے اجزا معلوم کرلیے یہ نسخہ بھی لاجواب ہے۔ میں نے خود تیار کرکے مفید پایا اس میں تمام اجزا مسہل ہیں اور تلیین کرکے مادہ مرض کو دور کردیتے ہیں اس حکیم نے اس سے خوب رقم کمائی اور اخفاء رکھ کر اس کو خاندانی بتا کر لوگوں کو دیتا رہا اور مریض شفایاب ہوتے رہے۔

(۱۲۲٦) ابوبکر بصری

حکیم ابوبکر بصری کا تجویز کردہ نسخہ ہے جس کو کئی حکیم تیار کرتے ہیں اور اخفار کھتے ہیں چنانچہ ملتان کے ایک حکیم نے مذکور نام سے اشتہار دے کر خوب فائدہ حاصل کیا یہ روغن محرک ہے اعضا کو گرمی پہنچاتا ہے اور بلغمی امراض میں مفید ہے۔ فالج لقوہ جھولہ قدر تشنج استرخا اور تمام اقسام باردہ میں مفید ہے۔

ھوالشافی: کچلہ سائیدہ غیر مدبر۔ سورنجاں۔ قسط تلخ۔ سنڈھ۔ بادیان رومی۔ لونگ ہینگ۔ دارچینی۔ فلفل سیاہ۔ کچور۔ میٹھا تیلیہ۔ اسگند ناگوری۔ کائپھل۔ پپلا مول۔ مصطگی رومی۔ ایک ایک تولہ۔ پوست بیخ مدار۔ برگ زقوم ۲۔۲ تولہ دو روز تک تین سیر پانی میں بھگوئیں پھر نرم نرم آگ پر پکائیں جب ایک سیر پانی رہ جائے تو تیل میٹھا ایک سیر ملا کر پکائیں جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو پن کر سنبھال لیں اور اعضائے ماؤفہ پر ذرا گرم کرکے مالش کریں اور گرم اشیا باندھ دیں۔ اس سے سوکھے اعضا ہرے ہوجاتے ہیں اس تیل کو میں نے بھی تیار کیا اور مریضوں کو دیا اس سے اگر ادویہ پن کر تیل ملا کر پکائیں تو تیل کم لیتا ہے۔ لہٰذا اس میں سوا سیر تیل ملا کر بنائیں۔ اگر ۱۰ تولہ تیل جل بھی جائے تب بھی ایک سیر ۱۰ تولہ رہ جائے۔ میں نے ہینگ کی بجائے کلونجی شامل کی تھی۔ مبادا کہ ہینگ کی بدبو تیل میں نہ آجائے صاحب نسخہ نے تو ہینگ ہی ملانے کو لکھا ہے نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں ہے۔

تیار کریں۔

(۱۲۲۷) حب رازی

حکیم رازی طب اکبر کے مصنف ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ ان گولیوں سے میں نے کئی مریضوں کا علاج کیا۔

نسخہ: مصبر۔ سورنجاں شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تین تین تولہ۔ باریک کر کے گولیاں بنا دیں۔ اور ۵ ماشہ روز کھلائیں۔ لیکن اس زمانے کے حکما نے اس طرح لکھا ہے کہ سونف چار تولہ کو تین چھٹانک پانی میں بھگو کر اس کے زلال سے اکیس گولیاں بنا لیں۔ سات روز تک ایک گولی صبح کو کھلائیں۔ سات روز چھوڑ دیں۔ پھر سات روز کھلائیں پھر سات روز چھوڑ دیں۔ پھر سات روز کھلائیں اسی طرح چھ ہفتہ میں اکیس گولیاں ختم کریں۔

غذا: شوربا مرغ۔ تیتر۔ نان گندم اور کل اشیا سے پرہیز صاحب فراش اور پرانے مریض اس سے شفایاب ہو جاتے ہیں میں نے بھی گولیاں تیار کر رکھی ہیں۔ ۳۔۳ عدد صبح و شام دیتا ہوں۔ جدید حکماء نے سنا مکی ایک جز۔ مصطگی رومی ایک جز ملا کر تیار کرنے کو برساعت لکھا ہے اور خوراک روز ۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک بادام روغن یا روغن گائے سے چرب کر کے کھلانا مفید ہے۔ اس سے جڑے ہوئے اعضا کھل جاتے ہیں۔ ٹیڑھے ہوئے اعضا درست ہو جاتے ہیں۔ ان کو کئی بار بنا کر مفید پایا ہے کم خرچ اور کم اجزا کا نسخہ ہے میں نے تمام طریقے لکھ دیئے ہیں آپ تیار کر لیں۔

(۱۲۲۸) بڑھاپا

مریض عمر اسی سال کو ایک عرصہ سے درد رینگن تھی اس کو کوئی علاج کارگر نہ ہوا اس نے میری طرف رجوع کیا میں نے سردی اعضا اور کمزوری بڑھاپا دیکھ کر یہ گولیاں دیں۔ جس سے اس کی پرانی درد جاتی رہی۔

ھوالشافی: میٹھا تیلیہ مدبر ۶ ماشہ۔ کچلہ مدبر ڈیڑھ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ سورنجاں تلخ ۲ تولہ۔ تخم حرمل ۳ تولہ۔ مصبر ۳ تولہ۔ گودا کنوار گندل سے حب نخودی بنا دیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ نیم گرم یا چائے۔ غذا مرغن کھلائیں۔ کم از کم ۵ تولہ گھی کھلائیں یہ لاجواب گولیاں ان امراض میں مجرب ہیں۔ کئی حکما کا مجرب ہے

اور میں نے بھی کئی بار تیار کر کے مفید پائی ہیں۔
نکات مطب: یہ گولیاں صبح دوپہر اور وقت عصر ایک ایک گولی اور رات کو حب رازی۔ مصطگی والی مذکور ۵ عدد کھلانا جھولہ رینگن مزمن کا علاج ہے۔ اس طریقہ سے کئی مایوس مریض راضی ہوئے ہیں اور آرام کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

(۱۲۲۹) حب اوجاع

ھوالشافی: بیش مدبر۔ فلفل سیاہ۔ اسگند ناگوری۔ سورنجاں شیریں۔ زنجبیل۔ منقہ ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ باریک کر کے منقی ملا کر گولیاں نخودی بنالیں۔ صاحب نسخہ اسکی ٹکیاں مشین سے بنا کر فروخت کرتا ہے۔
فوائد: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم۔ بائی کے دردوں کے علاوہ نقرس اعضا کا جکڑا جانا۔ سوزشی دردیں۔ اعصابی کھچاؤ کو مجرب ہیں۔ میں نے یہ گولیاں تیار کیں اور مریض کو دیں۔ اس سے دردوں کو آرام آیا۔ مویز زیادہ خرچ ہوتے ہیں۔

(۱۲۳۰) بجے رس

مریض عمر ۷۰ سال مطب میں آیا اور دایاں بازو دکھایا جو کہ ورم شدہ اور درد بے شمار بیان کی یہ گولیاں دے دیں اور ایک ایک گولی صبح دوپہر شام چائے سے کھانے کو کہا دو دن کے علاج سے مریض راضی ہو گیا۔

ھوالشافی: پارہ گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر چار تولہ۔ سہاگہ پھلہ ۱۲ تولہ۔ مرچ کالی ۱۲ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ زعفران ۲ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔
طریقہ تیاری: پہلے پارہ و گندھک کی کجلی کریں۔ پھر میٹھا تیلیہ کو گھی میں بریاں کر کے سہاگہ کے ہمراہ کھرل کریں۔ زعفران اور لونگ کو پانی میں بھگو دیں۔ اب تمام ادویہ کو زعفران والے پانی سے کھرل کریں نیز زعفران اور لونگ بھی شامل کر دیں۔ باریک ہونے پر آب ہرنولی کے رس میں چار پہر کھرل کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔
فوائد: اس کا نام بجے رس ہے۔ یعنی امراض پر فتح پانے والی۔ جیسا نام ویسا کام بخار ہر قسم۔ درد ہر قسم۔ گٹھیا۔ مفاصل۔ عرق النساء۔ درد کمر۔ جریان۔ بدہضمی کو اکسیر ہے۔ ملیریا دو خوراک سے دور ہو جاتا ہے۔ ایک گولی ہمراہ مناسب بدرقہ دن رات میں چار گولی دے سکتے

ہیں۔ان کو میں نے کئی بار تیار کیا ہے اور امراض مذکورہ میں مجرب پایا۔

(۱۲۳۱)لاجواب گولیاں

مریض عمر ۷۰ سال میں نے ایک شہر کا رہنے والا تھا۔ اور دونوں گھٹنے متورم اور درد شدید تھا اس نے علاج کے لیے کہا غذا اور پرہیز سمجھا دیا گیا اور آٹھ یوم کے لیے گولیاں دے دیں اس کے بعد آنے کو کہا مریض نہ آیا ایک اور ملاقات میں اس نے کہا کہ ان گولیوں سے دردیں دور ہو گئی تھیں اب مجھ کو آرام ہے۔ میرا شکریہ ادا کیا اور لوگوں کو بھی بتاتا رہا یہ لاجواب گولیاں ہیں۔

ھوالشافی : ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ پوست بلیلہ ہر ایک تین تین تولہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ برگ سرپھوکہ۔ افتیمون۔ برگ شاہترہ ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ کچلہ مدبر ساڑھے سترہ تولہ کو باریک کریں۔ پھر گوگل صاف ۲ تولہ کو گرم پانی میں حل کر کے اس سے نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک : ایک ایک گولی صبح و شام بعد از غذا ہمراہ گرم۔ دودھ غذا مرغن صاحب نسخہ نے تو اس طرح لکھا ہے کہ دوسرے تیسرے گولیاں بڑھاتے جائیں کہ خوراک دو ماشہ تک پہنچ جائے۔ صاحب قرابادین اکمل اعظم والے اس طرح لکھا ہے اور صاحب لب المجر بات والوں نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ لیکن میں نے تو تین گولی سے زیادہ نہیں دیں۔ کیونکہ اس میں آدھا کچلہ ہے۔ لیکن نسخے کے مجرب ہونے میں شک نہیں میں نے خود تیار کیں اور میرے ایک ہم عصر طبیب نے اس کی تصدیق کی اور کہا کہ ہمارے استاد بھی اس سے فائدہ اٹھاتے رہے۔

(۱۲۳۲)سفوف سورنجاں

ھوالشافی : سفوف سورنجاں شیریں ۲۵ ماشہ۔ زعفران۔ سنڈھ۔ (تخم عشق پیچہ روغن گائے میں بریاں) ۳۔۳ ماشہ۔ برگ سنا مکی۔ تربد سفید صاف ۹۔۹ ماشہ۔ مغز بادام مقشر سات تولہ۔ چینی سفید کل کے برابر تیار ہے۔

خوراک : ۱۰ ماشہ۔ صبح کو ہمراہ آب گرم روزانہ۔

غذا : دال مونگ و نان گندم یا شوربہ نخود دیگر کل اشیا سے پرہیز۔

فوائد : درد کمر۔ عرق النساء ونقرس۔ وجع المفاصل کو لاجواب ہے۔ اس سے قبض بھی دور ہو جاتی ہے اور مزمن دردیں دور ہو جاتی ہیں۔ میرا ایک دوست اس کو بناتا اور میرے سامنے دیتا میں نے مریض راضی ہوتے دیکھے۔ کم اجزا کا آسان اور کم خرچ نسخہ ہے۔ تیار کر لیا کریں۔

(۱۲۳۳) حکایت

میرے ساتھ کام کرنے والے کا دایاں بازو درد کی وجہ سے بے کار ہو گیا۔ غریب آدمی تھا اس نے مجھ کو کہا میں نے یہ تیل تیار کر دیا اور کہا کہ اس کی مالش کر کے گرم کپڑا لپیٹ دیا کرو۔ ایک ماہ کے بعد ملا تو کہا کہ میرا بازو ٹھیک ہو گیا ہے۔ میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ معمولی تدبیر سے خراب بازو دوبارہ کام کرنے لگ گیا ہے۔ تیل یہ تھا۔ ایک پاؤ روغن سرسوں کو آگ نرم پر رکھیں جب جھاگ رفع ہو جائے تو بیخ مدار (ٹکڑے کی ہوئی) ڈھائی تولہ اور تریاں تھوم ۶ ماشہ جائفل ۶ ماشہ باریک کر کے ڈال دیں اور نرم آگ پر پکاتے رہیں کہ ادویہ کوئلہ ہو جائیں اتار کر سرد ہونے پر پن لیں۔

فوائد : ٹانگ یا بازو کا کمزور ہو جانا جوڑ کا اکڑ جانا اور ریاح سے پر ہونا کے لیے مفید ہے۔ اگر تیل میٹھا ڈال کر بنائیں تو مجرب ہے اس میں تیل میٹھا ڈال کر ہی بنایا تھا اور بناتا بھی اسی طرح ہوں۔ (نقل از فوائد مدار)

(۱۲۳۴) خاندانی راز

''الحکیم'' کا پرچہ موچی دروازہ لاہور سے نکلتا تھا نہایت اچھا پرچہ تھا اس میں سوال جواب ہوتے تھے کسی صاحب نے سوال کیا کہ میری ٹانگ رینگن سے کمزور اور چھوٹی ہو گئی ہے۔ اطباء میری مرض کا علاج لکھیں۔ ایک صاحب نے دعویٰ کے ساتھ یہ نسخہ لکھا اور کہا کہ اس نسخے سے متعدد مریضوں کا علاج کر چکا ہوں۔ آپ بھی تیار کر لیں اس سے بیکار ٹانگ درست ہو جائے گی۔

ھوالشافی : صبح سورنجاں شیریں ۴ ماشہ ہمراہ دودھ گرم۔ بارہ بجے اسگند ناگوری ہمراہ آب۔ رات تخم ہرمل باریک کردہ ۴ رتی ہمراہ دودھ گرم کورس: تین ہفتہ اس سے درد بھی بند ہوگا اور کمزور ٹانگ بھی ہری ہو جائے گی اس میں کوئی شک نہیں کہ تینوں ادویہ چوٹی کی مفید ہیں۔ صاحب نسخہ نے حلفاً بیان کیا۔

میرے ایک حکیم دوست کا رشتہ دار بھی حکیم تھا ایک بار ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ میں آپ کا نام تو کئی بار سنا ہے لیکن ملاقات آج ہوئی ہے۔ خیر دیر تک باتیں ہوتی رہیں اب نسخہ جات وخیالات کا تبادلہ ہوا تو انہوں نے ایک نسخہ عطا فرمایا اور کہا ہمارا خاندانی نسخہ ہے باپ دادا استعمال کرتے تھے اس کو نوٹ کرلیں اور معمول مطب بنالیں اس وزن کا نسخہ مجھ کو کسی کتاب میں نہیں ملا۔ اسی دن سے تیار کر رکھا ہے اور کبھی ختم نہیں ہونے دیتا اور انہوں نے فرمایا کہ ہر بلغمی مرض پر استعمال کرو۔ یہ آپ کو کئی کام دے گا اور میں نے بھی ایسا ہی پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کا بھلا کرے کہ ایک قیمتی خاندانی راز مجھ کو عطا کر دیا۔ لاجواب فارمولا ہے۔

(۱۲۳۵)

ھوالشافی : کچلہ مدبر ایک تولہ۔ مغز بادام۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ مصبر۔ گوند کتیرا ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ ہمراہ شہد گولیاں نخودی بنالیں۔

خوراک : ۲۔۲ عدد صبح وشام۔ ضرورت ہو تو دوپہر کو بھی دے دیں ورنہ دو بار کافی ہیں۔

فوائد : بلغمی کل امراض معدہ۔ کثرت بول۔ جھولہ۔ بلغمی بخار۔ بڑھاپے کے امراض میں مجرب ہیں۔ وجع المفاصل۔ ریگن۔ درد کمر میں استعمال کرتا ہوں۔ لاجواب ہیں۔ اس میں کچلہ کم ہے۔ اس لیے بلا دھڑک دے دیں۔ اب میں ان کو سادہ یا معجون فلاسفہ ۶ ماشہ میں رکھ کر صبح کو بعد از غذا اور شام معجون فلاسفہ میں رکھ کر بعد از غذا کھانا امراض مفاصل۔ امراض پیٹ میں مجرب ہے۔ اسی طرح موٹاپے میں حب کبد نوشادری ۲ عدد میں ایک گولی یہ رکھ کر دن میں تین بار کھلانا لاجواب ہیں۔ کم خرچ کم اجزا ہیں اور صاحب نسخہ نے گوند کتیرا اس لیے ملایا ہے کہ امعا کو خراش نہ ہو یہ ایک نسخہ سونسخوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ معمول مطب ہے۔ اس کے استعمال سے جڑے ہوئے جوڑ کھل جاتے ہیں۔ ملین قبض کشا ہے۔ ہاضم اور دافع ریاح ہے۔

(۱۲۳۶) شریف خانی نسخہ

ایک لڑکی کو مفاصل کی دردیں شروع ہوگئیں۔ دردیں اس قدر تیز تھیں کہ لڑکی کے رونے کی آواز دور دور تک سنائی دیتی اس کو یہ ضماد لگا دیا گیا اس سے فوراً دردوں میں کمی آ گئی۔ اور دوسری تدبیریں بھی ساتھ دیں۔

ضماد : حنا خشک ایک تولہ۔ صابن دیسی ایک تولہ۔ سرکہ میں پیس کر آگ پر رکھیں جب حلوہ بن جائے۔ نیم گرم جوڑوں پر ضماد کریں۔ بس اس ضماد کے کرنے سے فوراً درد کم ہو گیا۔ ورم اترا تو مایوس مریضہ ٹھیک ہو گئی اسپغول ایک تولہ کوکنار ایک تولہ۔ پانی میں پیس کر پکائیں اور غلیظ ہونے پر روغن گل ایک تولہ ملا کر ضماد کرنا بھی لاجواب ہے۔ محلل ورم اور دافع درد ہے۔

(۱۲۳۷) حب کچلہ

ھوالشافی : کچلہ مدبر درگھی چار تولہ۔ گوگل مدبر ۴ تولہ۔ گڑ پرانا آٹھ تولہ میں کوٹ کر حب نخودی بنا دیں۔

خوراک : ایک ایک صبح و شام بعد از غذا ہمراہ عرق سونف ۱۰ تولہ میں شہد ۲ تولہ ملا کر جوش دے کر پن کر کھلائیں برائے مفاصل یوگراج کے مقابلے کا نسخہ ہے۔ کم اجزا ہے۔ لیکن پرانے حکماء نے کہا ہے کہ اس طرح تیار کر کے کھلانا بھی مفید ہے۔

(۱۲۳۸) جلاب مفاصل

ھوالشافی : گل سرخ پونے دو ماشے۔ سورنجاں شیریں ۲ ماشہ۔ مصبر ایک ماشہ۔ سقمونیہ ۷ رتی۔ اس کی گولیاں بنالیں اور سارا کھلا دیں اس سے اسہال آئیں گے۔ آٹھ دن کے بعد ایسا پھر کھلائیں اس سے جوڑوں سے مفاصل کا مادہ خارج ہو گا۔ لاجواب نسخہ ہے۔ میں نے تیار کیا ہے اس سے آٹھ اسہال آ جاتے ہیں یا کیسٹرائل ۵ تولہ پلا دیا کریں۔ آٹھ دن کے بعد پھر پلا دیں۔ اس سے مفاصل کے مریضوں کو فائدہ ہو گا۔ کسٹرائل ایک تولہ روز رات کو دودھ میں ڈال کر یا سالن میں ملا کر کھلانا بھی مجرب ہے۔ یہ دو نکات ہیں جو کہ عام کتابوں سے نہیں ملتے اس کے علاوہ حب جالینوس بھی مجرب ہیں۔

(۱۲۳۹) حب جالینوس

ھوالشافی : جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ۔ سنڈھ۔ سنا مکی۔ سونف رومی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ست لیموں ایک ایک تولہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ رات کو گرم دودھ یا گرم پانی سے کھلانا اسہال لا کر جھولہ کے مادہ کو دور کرنے میں مجرب ہے۔

اس کی چند خوراکوں سے جڑا ہوا مریض کھل جاتا ہے اور خون صاف کرنے اور یہ دینے سے پہلے اگر یہ گولیاں دی جائیں تو اسہال لا کر مادہ مرض دور ہو گا ایک اور طبیب نے کہا کہ مفاصل کا مادہ گہرا ہوتا ہے اور جمال گوٹہ کے بغیر خارج نہیں ہوتا اور حکیم عبداللہؒ کے صاحبزادے نے بتایا کہ جب کچلہ کے ساتھ دیں تو اس سے اسہال بھی آ جائیں گے اور مفاصل کی دردیں بھی دور ہوں گی۔

حب کچلہ : کچلہ مدبر ڈھائی تولہ۔ مگھاں۔ مرچ کالی۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ سہاگہ ایک ایک تولہ۔ باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر رکھیں یہ گولیاں مجرب نیز قبض کشا ہیں۔ رات کو ایک گولی کھلانے سے ایک اسہال آ جاتا ہے۔ میں نے خود انہیں مریض کو دیتے دیکھا۔ فرمانے لگے ہمارا معمول ہی یہ نسخہ ہے۔ اگر قبض زیادہ ہو تو حب جالینوس دو عدد دیں ورنہ ایک عدد۔

(۱۲۴۰) لاجواب کورس رینگن

ھوالشافی : معجون سورنجاں ۷ ماشہ۔ کھلا کر اس میں یہ پاؤڈر ۲ ماشہ رکھ لیں۔ سورنجاں شیریں ایک ماشہ۔ بوزیدان ایک ماشہ کی پڑیاں بنا کر معجون سورنجاں کے ساتھ کھلا کر اوپر سے تخم خیارین۔ تخم خربزہ۔ ۳۔۳ ماشہ۔ پانی میں گھوٹ کر پن کر اس میں شربت بزوری چار تولہ ملا کر صبح و شام اسی طرح پلا دیں اور رات کو سوتے وقت یہ گولیاں دیں۔

نسخہ گولیاں: سقمونیہ۔ غاریقون۔ مصبر۔ سورنجاں ۶۔۶ ماشہ۔ عرق گلاب سے حب بقدر دانہ نخود بنا دیں اور تین عدد رات کو کھلائیں اور اس تیل کی مالش کریں۔

تیل

ھوالشافی : سورنجاں تلخ ۵ تولہ۔ برگ مہندی ۵ تولہ۔ تخم کرفس ۳ تولہ۔ دو سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی آدھ سیر رہ جائے تو پن کر تیل میٹھا ایک پاؤ ملا کر پکائیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو پن لیں اور نیم گرم کی مالش کریں اور اوپر گرم اشیاء باندھ دیں اور ہفتہ میں کسٹرائل ۵ تولہ پلا دیا کریں۔ اسی طرح کم از کم چار ہفتے کریں۔ ان شاء اللہ لا علاج رینگن کو آرام ہو گا۔ صاحب نسخہ نے اس کو مجرب کہا ہے میں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ بالکل ٹھیک ہے۔ اب اس کی تفصیل سن لیں۔ اجزاء نسخہ: سونف۔ معجون سورنجاں۔ شربت

بزوری۔ کسٹرائل۔ تیل مالش اور تخم خرپزہ اور خیارین کا گھوٹا۔اب تخم خرپزہ اور خیارین شربت بزوری میں زائد ڈال کر شربت بنالیں روز گھوٹنے کی محنت نہ کرنی پڑے گی۔ سورنجاں شیریں اور بوزیدان کا پاؤڈر بنا کر پڑیاں باندھ کر مریض کے حوالے کر دیں۔ ایک پڑیا دو ماشہ صبح و شام شربت بزوری ۵ تولہ صبح و شام رات حب سورنجاں مذکور ۳ عدد۔ مالش روز رات کو کسٹرائیل آٹھ دن کے بعد مکمل کورس تیار ہوگا۔

نکات مطب: انجان لوگ کہیں گے کہ شربت بزوری کا رینگن سے کیا تعلق کیونکہ رینگن سرد امراض میں شمار ہوتی ہے اس لیے مالش گرم کی جا رہی ہے اس میں نکتہ یہ ہے کہ مفاصل اور رینگن میں گردوں کا فعل خراب ہو جاتا ہے اس لیے شربت بزوری سے ادرار ہوگا اور گردے ہلکے رہیں گے حضرت اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ کے معالجات میں شربت بزوری ملتا ہے۔

(۱۲۴۱) ڈھم

رینگن میں فصد اور ڈھم بی لگایا جاتا ہے لہٰذا میں نے بھی ڈھم لگائے ہیں۔ مغز جمال گوٹہ تین عدد لے کر باریک کریں اور چھنگلی اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان جس طرف درد ہو چھپنے لگا کر اس کے اوپر جمال گوٹہ کے دانے پانی میں گھس کر لیپ لگا دیں اس جگہ ورم ہو کر زخم ہو جائے گا اور اس میں پیپ پڑ جائے گی۔ گھی لگاتے رہیں۔ چند یوم زخم ہرا رکھیں درد رینگن دور ہوگی۔

(۱۲۴۲) نسخہ عطائی

اسی جگہ نشتر یا بلیڈ سے زخم کر دیں اور مریض کی ٹانگ کو پہلے کس کر باندھ لیں اور اس کے اوپر نوشادر باریک کردہ مل دیں اور مریض کو چلنے دیں چلنے سے خوب خون خارج ہوگا اوپر گوبر کی راکھ رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ درد رینگن دور ہوگی سیاہ خون نکل جائے کے بعد سرخ نکلے گا زیادہ نکلے تو بند کر دیں۔ اس سے بھی رینگن کا درد بند ہوگا۔ ایک عطائی سے حاصل ہوا ہے۔

(۱۲۴۳)

جس طرف درد ہو اس کی دوسری طرف صبح کو کان کو دھوپ کی طرف کریں اور کان میں

باریک تاریں قطر دیں گی اور اس میں سوئی سے چھید کر دیں اور مضبوط سیاہ رنگ کا ڈھاگا اس میں ڈال دیں اور اوپر تھوم کا پانی لگا دیں اس سے کان پر زخم ہو جائے گا۔ دھاگے کو تیسرے دن پھیر دیا کریں اس سے زخم تر رہے گا۔ اگر زیادہ تکلیف دے تو گھی لگا دیا کریں۔ کم از کم تین ہفتے زخم تر رکھیں۔ اس سے بھی لا علاج درد رینگن بند ہو جائے گا۔ عام لوگ کرتے ہیں (احتیاط ڈھم اور فصد۔ زخم کرنے والے منگل وار کو نہ کریں۔ کیونکہ منگل کو فصد منع ہے۔)

(۱۲۴۴) روغن لاجواب

ھوالشافی : آب برگ مدار ۱۰ تولہ۔ سنڈھ ۶ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ۔ روغن سرسوں تین پاؤ کے ساتھ ملا کر پکائیں کہ تیل رہ جائے تو پن لیں۔ اس کی مالش کریں اور اگر اس میں روغن تارپین ۵ تولہ کافور تین ماشہ ملا کر دھوپ میں رکھیں جب کافور حل ہو جائے تو اس کو اوپر والے تیل میں ملا لیں تو زیادہ مفید ہو جائے گا۔

فوائد : ضربہ وسقطہ جھولہ اور چوٹ کے مقام پر مالش کرنے سے آرام ہوگا۔ کیونکہ افیون مسکن ہے اور زعفران محلل ہے۔

(۱۲۴۵) روغن مفاصلی

سورنجاں تلخ۔ سورنجاں شیریں۔ کٹھ تلخ۔ کٹھ شیریں۔ بابونہ۔ برگ سداب۔ سنڈھ چار چار تولہ۔ زیرہ سفید۔ چرائتہ ۲۔۲ تولہ۔ پانی تین سیر میں بھگوئیں۔ دو یوم کے بعد جوشا دیں۔ جب پانی ایک سیر رہ جائے تو پن کر اس میں تیل سرسوں ایک پاؤ۔ تیل میٹھا ڈیڑھ پاؤ اور کسٹرائل آدھ سیر ملا کر پکائیں۔ جب صرف تیل رہ جائے تو مصطگی رومی ۹ ماشہ۔ ہینگ خالص ۹ ماشہ۔ بھی ملا لیں۔ لاجواب مالش تیار ہے۔ رینگن جھولہ کے مقام پر مالش کریں۔ ان شاء اللہ اس مالش سے بھی پرانی سے پرانی مرض کو آرام ہوگا۔

(۱۲۴۶) مالش اکسیر

ایک تجربہ کار حکیم نے مجھ کو اپنی مجرب مالش دکھائی اور کہا کہ نسخہ جس کتاب کا ہے آپ کو اس کتاب کا بھی پتہ ہے۔ لیکن میں اس طرح تیار کرتا ہوں اور تمام عمر کا معمول ہے۔

ھوالشافی : تیل تارامیرا ایک پاؤ تیل السی ایک پاؤ۔ تیل ارنڈ ایک پاؤ ملا لیں اور عقرقرحا

۵ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱۰ تولہ۔ مال کنگنی ۱۰ تولہ۔ تخم حرمل ۱۰ تولہ پانی دو سیر میں جوشاندہ بنا دیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے تو پن کر تیل مذکور ملا کر پکا کر رکھیں تیار ہے۔ ایک صاحب نے لکھا ہے کہ تیل میٹھا بھی اسی وزن کا ملا لیں۔ نمونیہ۔ اور جھولہ کے مریض اور مقام درد پر مالش کریں۔

(۱۲۴۷) روغن بیش (از قرابادین اکمل اعظم)

اس زمانے میں بھی کئی حکما نے اس کا تجربہ کر کے کتاب میں شائع کروا دی ہے اور سفارش کی ہے کہ تمام نسخے چھوڑ کر صرف اس کو تیار کر کے رکھ لیا کریں۔

نسخہ: میٹھا تیلیہ۔ سیاہ کچلہ۔ عقر قرحا۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ اجوائن خراسانی۔ بیخ کنیر سفید۔ افیون۔ رتکاں سفید۔ ہر ایک ایک تولہ۔ مال کنگنی۔ کلونجی ۶۔ ۶ ماشہ۔ کچلہ کو سات یوم پانی میں بھگو کر کوٹ کر ملا لیں اور ادویہ تمام کوٹ کر شیر بز میں تر کریں۔ تین یوم کے بعد شیر بز آدھ سیر تیل میٹھا آدھ آدھ سیر ملا کر پکا دیں کہ صرف تیل رہ جائے تو پن لیں۔ اگر شیر بز نہ ملے تو شیر گائے میں بنا لیں۔

فوائد: فالج۔ رعشہ۔ تشنج۔ اعصاب و ریاح اور درد مفاصل میں اس کی مالش کریں اور روئی باندھ دیں نیز سستی قضیب میں حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں تو مجلوق کے عوارض دور کرنے میں لاجواب ہے۔ سینکڑوں نسخوں سے انتخاب کر کے لکھا ہے۔ مجرب ہے۔

(۱۲۴۸) مالش کم اجزا

اس کا نام قرابادینوں میں روغن مبارک یا روغن لقوہ ہے میں نے اس کو خود تیار کر رکھا ہے۔

ھوالشافی: کلونجی۔ میتھرے ہر ایک ۱۰۔ ۱۰ تولہ کو تیل میٹھا ایک سیر میں پکا لیں اور پن لیں تیار ہے۔

فوائد: فالج، لقوہ، عرق النساء۔ نقرس پر اس کی نیم گرم مالش کریں۔ محلل ریاح ہے۔ اشتہا پیدا کرتا ہے۔ اگر کان میں ڈالیں تو گرانی سمع صم اور سدہ کان ایک دو روز میں دور کرتا ہے اور امراض رحم میں اس کا فرزجہ رکھنا مجرب ہے اور پان پر چند قطرے ڈال کر یا اور بدرقہ سے کھانا

مقوی باہ ہے اس کی مالش کرنا بھی مقوی باہ ہے اور لقوہ کے مریض کو ناک میں ٹپکانا اور مالش کرنا مفید ہے۔ میں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ کیونکہ رسول پاک ﷺ کا ارشاد ہے کہ کلونجی سوائے موت کے ہر بیماری کا علاج ہے۔ اس پر مفصل کتابیں لکھی جا رہی ہیں۔ روغن شفا ہے۔

مالش کے وہ نسخے لکھ دیئے ہیں لکھ دیئے ہیں کہ جن کو حکیم اپنے شاگردوں کو بھی کئی سال کے بعد بتاتے ہیں اور بعض تاکید کرتے ہیں کہ اپنی اولاد کے سوا کسی کو نہ بتائیں لیکن یہاں تو آپ کو سب کچھ دینا مقصود ہے۔

نکات مطب : برائے مفاصل۔ (۱) میٹھا تیلیہ کے مرکب۔ موٹے تازے خون والے مریض کو دیں۔ (۲) رینگن جھولہ اور نقرس میں قبض کشائی رکھیں نیز ان امراض میں جمال گوٹہ زیادہ مفید ہے۔ (۳) ان امراض میں قبض کشائی کے لیے کسٹرائل سب سے زیادہ مفید ہے۔ اس کا جوڑوں کے ساتھ بڑا تعلق ہے اور یوگ راج مہایوگراج گوگل کھانے میں مفید ہے۔ (۴) ان امراض میں دل کے بابت بھی پوچھتے ہیں کیونکہ اس مرض سے دل کمزور ہو جاتا ہے۔ دل پر ورم ہو جاتا ہے۔ اس بات کا خیال رکھیں (۵) ان امراض کے دوران ہاضمہ کا خیال رکھیں۔ بلکہ آرام آنے کے بعد بھی آلات ہضم ٹھیک رکھیں اور قبض نہ ہونے دیں ورنہ پھر دورہ مرض ہو جائے گا۔ (۶) اس مرض میں گردوں کا فعل بھی خراب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس کو درست کرنے میں شربت بزوری اور مدرات مفید ہیں۔ اس کے علاوہ عام کمزوری کی حالت میں مقویات دیتے رہیں۔

(۱۲۴۹)

ایک مریض لاہور کا رہنے والا۔ دواخانہ میں آیا اور کہنے لگا کہ دونوں بازو کام نہیں کرتے کئی ٹیکے کئی علاج کروا چکا ہوں اور تمام گھر کا سامان بھی ختم ہو چکا ہے ایک شادی پر گیا تھا وہاں لوگوں نے آپ کا پتہ دیا ہے۔ اب میں ڈاکٹروں کی فیس اور مہنگی ادویہ نہیں استعمال کر سکتا اس لیے اس کی بیماری کا ذکر سن کر یہ گوگل کی تیار شدہ کی گولیں دیں جن کے استعمال سے اس کی تمام دردیں اور بازوؤں کی کمزوری دور ہو گئی۔

ھوالشافی : گوگل مصفی ۳۰ تولہ۔ ترپھلہ ۲۰ تولہ ملا کر ہاون دستہ میں کوٹتے جائیں اور

سنڈھ۔ فلفل دراز۔ پپلا مول۔ پوست بیخ چترا۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ ہینگ بریاں۔ مرچ کالی۔ تخم سنبھالو۔ باؤبڑنگ۔ اندر جو۔ گج پیپل۔ کٹکی۔ اتیس۔ ورچ۔ بھارنگی۔ مروڑ پھلی۔ اسگند ناگوری۔ سرسوں سفید۔ اجمود ۶۔۶ ماشہ۔ کا پاؤڈر تیار کر کے کسٹرائل سے چپڑ چپڑ کر کوٹتے جائیں اور پچاس ہزار چوٹ لگا دیں اور گولیاں ۴۔۴ رتی بنا کر رکھیں۔

خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ چائے یا گرم دودھ سے دیں۔ دردیں دور ہوگئیں اور بازو کام کرنے لگ گئے یہ یوگراج کشتہ جات کے بغیر ہے اور مفید ہے اس سے سوکھے ہوئے اعضا بھی درست ہو جاتے ہیں۔

❀❀❀

بخاروں کے بیان میں

اطباء اور ویدوں نے بخار کی بے شمار قسمیں بیان کی ہیں۔ جب دل میں کسی وجہ سے حرارت بڑھ جائے تو اس حرارت کا اثر شرائین کے ذریعے فوراً تمام اعضائے بدن کے اندر پہنچ کر تمام کے تمام اعضا کو گرم کر دیتی ہیں اور وہ اپنے کاموں سے غافل ہو جاتے ہیں۔ یہی وہ حالت ہے ہم جس کو بخار کہتے ہیں۔

موجودہ زمانے میں حکیم شریف خان کی اولاد کی ''کتاب حاذق'' میں بھی بخاروں کی چند اقسام لکھی ہیں۔ مثلاً موسمی بخار۔ صفراوی بخار۔ بلغمی بخار۔ سوداوی بخار۔ اسی طرح مولانا محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سابق روڑی اور حال منڈی جہانیاں والوں نے بھی کنزالمجربات میں بخار کی اتنی اقسام ہی لکھی ہیں۔ اسی طرح اور بھی کئی کتب مثلاً کلید مطب اور ڈاکٹر رفیق حجازی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس طرح ہی لکھا ہے۔ حمیٰ یومیہ بھی پرانے اطبا نے لکھا ہے لیکن یہ بخار ایک دن رات یا زیادہ سے تین دن رات تک رہتا ہے اول تو خود بخود دور ہو جاتا ہے۔ یا معمولی تدبیر سے رفع ہو جاتا ہے۔ اگر بدہضمی سے ہو تو ہاضمہ ٹھیک ہونے سے دور ہو جاتا ہے۔ تھکاوٹ سے ہو تو آرام کرنے سے دور ہو جاتا ہے۔ خوشی یا غمی سے ہو تو اسباب دور کرنے سے دور ہو جاتا ہے۔ بخار ہی ایک ایسا مرض ہے جو سب سے زیادہ ہر حکیم یا ڈاکٹر کے سامنے آتا ہے۔ لہٰذا اس کو سمجھنا ضروری ہے کیونکہ جو بخار کو سمجھ گیا اور اس کا ٹھیک علاج کرنا جان گیا وہ تیسرا حصہ طب سمجھ گیا۔ کیونکہ سب سے زیادہ اموات بھی بخار سے واقع ہوتی ہیں۔ لہٰذا اس میں ہوشیاری سے کام لینا چاہیے۔ اب حکیم کو چاہیے کہ بخار کے متعلق تمام باتوں کو خوب یاد کرے اور جو جو علامات بخار میں آتی ہیں۔ ان کا تدارک کرنا جانتا ہو تب جا کر بخار کا معالج بنے گا اور خدا کی مخلوق کی صحیح خدمت کر سکے گا۔ میں ان شاء اللہ تمام معلومات آپ کے سامنے پیش کروں گا اور ان شاء اللہ ان کے سمجھ لینے سے آپ بخار کے صحیح معالج بن جائیں گے۔ (۱) کہ دل کی حرکت اعتدال سے بڑھ جاتی ہے۔ جس کے نتیجے میں نبض کی حرکات بھی بڑھ جاتی

ہیں۔ چنانچہ نبض دیکھتے ہی نباض معلوم کر لیتا ہے کہ بخار موجود ہے یا نہیں۔ (۲) ہر ایک بخار میں جلد عام طور پر خشک ہو جاتی ہے۔ سوائے ان بخاروں کے جن میں پسینہ آ جاتا ہے۔ (۳) بخار کی حالت میں تنفس بھی تیز ہو جاتا ہے۔ (۴) بخار کی سب سے بڑی معتبر اور سب سے پہلی علامت یہ ہے کہ حرارت جسمانی اعتدال سے بڑھ جاتی ہے۔ (۵) بخار میں منہ خشک ہوتا ہے۔ کیونکہ تھوک پیدا نہیں ہوتی لبوں پر پپڑی جم جاتی ہے۔ زبان بہت خشک ہو جاتی ہے اور اس پر سفید یا زرد یا میلی فر جم جاتی ہے اور پیاس بڑھ جاتی ہے۔ (٦) بخار کی حالت میں گردوں کا فعل کم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے پیشاب رنگین بدبودار کم مقدار میں خارج ہوتا ہے۔ جس میں مختلف قسم کے غیر طبعی مادے خارج ہوتے ہیں۔ شدید بخاروں میں عام طور پر پیشاب بند بھی ہو جاتا ہے اور کبھی پیشاب کا پیدا ہونا موقوف ہو جاتا ہے۔ غنودگی اور بے ہوشی واقع ہو جاتی ہے۔ (۷) اعضائے مخصوصہ نسواں میں شدید بخاروں میں نزیف رحمی ہو کر اسقاط حمل کا اندیشہ پیدا ہو جاتا ہے اور حمل خارج بھی ہو جاتا ہے۔ (٦) عام شدید بخاروں میں اعضا شکنی درد اعصاب۔ درد عضلات۔ لرزہ۔ بے چینی۔ بے خوابی۔ درد کمر۔ دوران سر۔ تشنج۔ ہذیان۔ بے ہوشی وغیرہ وغیرہ علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ بعض شدید بخاروں کے آخری درجہ میں نبض کمزور ہو کر چلتی ہے اور ہاتھ پاؤں کانپنے لگ جاتے ہیں۔ ہر قسم کے بخاروں میں اور خاص کر نوبتی بخاروں میں ایسی علامات ہو جاتی ہیں کہ جس سے مریض یہ کہتا ہے کہ بخار اترے یا نہ اترے مگر یہ علامات نہ رہیں۔ کیونکہ صرف بخار سے یہ تکلیفیں نہیں ہوتی جس قدر عوارضات سے ہوتی ہیں وہ یہ ہیں کہ (۱) سردی اور لرزہ (۲) بے ہوشی (۳) دردسر درد ہذیان (۴) قے ابکائیاں۔ پیاس۔ تشنج۔ اسہال۔ مروڑ۔ قبض درد شکم یہ دس علامات ہر ایک بخار میں تقریباً پائی جاتی ہیں۔ بخاروں میں تھرمامیٹر رکھنا بھی ضروری ہے۔ صحت کی حالت میں 98.5 درجہ حرارت تک ہوتی ہے۔ لیکن بخار کی حالت میں حرارت بڑھ جاتی ہے۔ چنانچہ ۱۰۰ یا ۱۰۱ درجہ تک معمولی بخار ہوتا ہے اور ۱۰۲۔ ۱۰۳ تک بلکہ اس سے زیادہ ۱۰۴۔ ۱۰۵ پر شدید بخار ہوتا ہے اس درجہ میں مریض کو ہذیان ہو جاتا ہے اور جب ۱۰۷ تک بڑھ جائے تو حالت خطرناک ہو جاتی ہے مریض قریب مرگ ہو جاتا ہے حرارت ۹۷ درجہ سے کم ہو تو یہ کمزوری کی دلیل ہے اور اگر درجہ حرارت ۹۵ پر ہو تو ہاتھ پاؤں سرد ہو جاتے ہیں اور اگر اس سے بھی کم مثلاً ۹۳ ہو جائے تو ایسی حالت میں عام طور پر مریض تلف ہو جاتا ہے اور بہتر یہ ہے کہ تھرمامیٹر ہر تین

گھنٹہ کے بعد لگایا جائے تاکہ پتہ چل جائے کہ بخار کم کس وقت ہوتا ہے اور زیادہ سے زیادہ کس وقت ہوتا ہے۔ ان تمام باتوں کا دھیان رکھیں۔

(۱۲۵۰) سفوف مفرح

ھوالشافی : طباشیر نقرہ۔ دھنیا۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ زہرمہرہ خطائی۔ کہربا شمعی ۵۔۵ تولہ۔ ناریل دریائی ۳ تولہ کشتہ عقیق ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ مثل سرمہ باریک کریں۔ ایک صاحب نے کہا کہ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے ملا لیں تو زیادہ مفید ہوگا۔

(۱۲۵۱) سفوف مطیب

ھوالشافی : ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ گل قیمولیہ ایک تولہ۔ گل ارمنی ۲ تولہ۔ کھانڈ ۶ تولہ۔ پہلے سیماب اور گل قیمولیہ کو کھرل کریں۔ پھر تمام ادویہ ملا کر کھرل کریں کہ مثل سرمہ ہو جائے میں نے کئی سال سے ایک اور طریقہ اختیار کر رکھا ہے پہلے پارے کو تین ماشہ گندھک آملہ سار میں کھرل کریں۔ فوراً کجلی تیار ہو جائے گی اس طرح سے جلدی بن جائے گا۔ مثل سرمہ باریک کریں۔

(۱۲۵۲) برش کافوری

ھوالشافی : کافور ۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ افیون خام ایک تولہ۔ کھانڈ ۱۶ تولہ مثل سرمہ باریک کریں۔

خوراک : ۲ رتی سے ماشہ تک۔

(۱۲۵۶) نمبر۴ روغن شفا

ھوالشافی : ست پودینہ۔ ست اجوائن ایک ایک تولہ۔ کافور ۲ تولہ تینوں کو شیشی میں ملا لیں فوراً تیل ہو جائے گا۔

خوراک : ۲ قطرہ بتاشہ یا کھانڈ میں ڈال کر کھلائیں۔

(۱۲۵۴) سفوف شمی

ھوالشافی : میٹھا تیلیہ ایک تولہ لے کر باریک کریں اور کھانڈ ۹ تولہ ملا کر ۲۴ گھنٹہ کھرل

کریں۔ پہلی طاقت تیار ہے اس سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر ۲۴ گھنٹہ کھرل کریں۔ تیار ہے پھر سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ کھانڈ ملا کر ۲۴ گھنٹہ کھرل کریں 3x تیار ہے۔ تاہم یہ ضروری ہے کہ ہر نمبر ۲۴ گھنٹہ کھرل کریں۔

(۱۲۵۵) سفوف عشر

شیر مدار کسی پیالی میں لا کر دھوپ میں رکھ کر خشک کریں اب خشک شیر مدار ایک حصہ کھرل میں باریک کریں اور ۹ تولہ کھانڈ ملا کر متواتر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں اور شیشی میں بند کر کے 1x طاقت کی چٹ لگائیں اس کے بعد سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں اور 2x طاقت کی چٹ لگائیں پھر 2x سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں اور 3x کی چٹ لگائیں تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی۔

(۱۲۵۶) نمبر ۷ سفوف سمی

سم الفار سفید ایک ماشہ کو کھانڈ ۲ تولہ قدرے قدرے ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں پہلی طاقت تیار ہے پھر پہلی طاقت سے ایک تولہ لے کر ۴ تولہ چینی ملا کر کھرل کریں ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں دوسری طاقت تیار ہے۔ پھر دوسری طاقت سے ایک تولہ لے کر ۷ تولہ چینی ملا کر کھرل کریں اور ۳ طاقت کی چٹ لگا دیں۔

(۱۲۵۷) سفوف لفاحی

اس کے بھی تین نمبر ہیں۔ سفوف پوست بیخ لفاح جو کہ کسی ملک کی پیلک ہے اگر وہ نہ مل سکے تو انگریزی دوا فروشوں سے ایکسٹریکٹ بیلے ڈونا لیں لیکن یہ ایک تولہ کی بجائے ۶ ماشہ میں اور ۹ تولہ چینی ملا کر باریک کھرل کریں 1x طاقت تیار ہے پھر اس سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر کھرل کریں۔ 2x تیار ہے۔ پھر اس سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں اور 3x کی چٹ لگائیں۔

خوراک: ایک رتی۔

(۱۲۵۸) سفوف مدر بول

جوکھار۔ نوشادر۔ قلمی شورہ ۵۔۵ تولہ باریک کھرل کریں۔ مثل سرمہ باریک کریں یہ سفوف مدر ہے۔

(۱۲۵۹) پاشویہ

یہ طریقہ بھی یادرکھیں اس کا ذکر بھی بخاروں میں آئے گا۔ بیری کے پتے ۵ تولہ۔ بھوسی گندم ۵ تولہ۔ نمک ۲ تولہ۔ خوب کلاں ایک تولہ۔ بنفشہ ایک تولہ۔ ایک کپڑے میں ڈھیلی پوٹلی باندھ کر ۲۰ سیر پانی میں جوشادیں جب خوب جوش آ جائیں تو پوٹلی کو نکال دیں۔ اب مریض کو چارپائی پر بٹھا کر پاؤں نیچے لٹکائیں اور نیچے ایک بڑی پرات رکھ دیں اور دو آدمی گھٹنوں پر قدرے قدرے ڈالتے جائیں اور نیچے کو سوندھے جائیں کہ پانی ختم ہو جائیں پھر خشک کپڑے سے خوب پاؤں کو سکھا دیں اور نرم نرم کپڑوں سے پاؤں کو باندھ دیں۔ لیکن مریض کے چہرے پر پانی کی بھاپ نہ پہنچے اوپر کپڑے سے ڈھک دیں یہ کام وکم وبیش تین چار ہوشیار آدمی کر سکتے ہیں یہ پاشویہ ایک لاجواب تدبیر ہے اس سے سخت سے سخت سر درد بے ہوشی سرسام درجہ اول۔ دوم تک مفید ہے۔ جب پاؤں سرد ہوں۔ مریض بے ہوشی کی باتیں کرتا پھرے تو مجرب ہے۔ اس سے پسینہ بھی آ جاتا ہے۔ گویا کہ یہ بخاروں میں ایک یاد رکھنے والی بات ہے۔

صفراوی بخار کی علامات

کیونکہ یہ کتاب صرف یونانی طریقہ علاج پر لکھی جا رہی ہے۔ لہٰذا ہر اخلاط کا بخاروں میں خیال رکھیں۔ صفراوی بخار میں آنکھوں میں جلن، منہ کڑوا، زبان خشک اور اس پر کانٹے پڑ جاتے ہیں۔ پیشاب کی زیادتی۔ پاخانہ کی رنگت زرد۔ آنکھوں میں زردی اور قے کا آنا۔ قے کا رنگ بھی زرد ہونا پیاس کا زیادہ ہونا اور نیند کا نہ آنا اور بعد میں یرقان کا ہو جانا۔

بلغمی بخار میں نبض نرم۔ زبان اور بدن تر اور پیشاب کی رنگت سفید ہو جاتی ہے۔ منہ کا ذائقہ پھیکا اور قدرے میٹھا۔ انگڑائیاں اور جمائیاں بہت آتی ہیں۔ نیز منہ سے پانی کثرت سے جاری ہو جاتا ہے۔ نیند بہت آتی ہے۔ بخاروں کے ساتھ کھانسی زکام اکثر ہو جاتا ہے۔

بلغمی بخار بچوں اور بوڑھوں کو زیادہ ہوتا ہے۔

سوداوی بخار کی علامات

سوداوی بخار اگر سودا رگوں کے اندر ہو تو بخار ہر وقت رہتا ہے اگر رگوں کے باہر ہو تو چوتھے۔ پانچویں یا ساتویں روز آتا ہے۔ کبھی ہر وقت بھی قدر رہتا ہے اور چوتھے روز دورہ کرتا ہے۔ بخار سے پہلے انگڑائیاں کثرت سے آتی ہیں۔ چہرے کی رنگت سیاہ پڑ جاتی ہے اور کبھی ساری جلد ہی سیاہ ہو جاتی ہے۔ پیشاب پہلے گدلا پھر سیاہی مائل ہو جاتا ہے۔ قبض۔ نیند کم آنا۔ چھینک نہ آنا۔ تلی کا بڑھ جانا اور بات کرنے سے نفرت کرنا۔

اسی طرح اگر خون میں زیادہ فساد ہو جائے تو دموی بخار پیدا ہو جاتا ہے۔ جس میں آنکھوں میں سرخی اور چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ بخار ہر وقت رہتا ہے۔ منہ کا مزہ میٹھا ہوتا ہے۔ بھوک کم ہو جاتی ہے۔ قارورہ کبھی غلیظ اور نبض عظیم ہوتی ہے۔

بخاروں کی تشخیص

کسی مریض کو جب بخار ہو جائے اور حکیم کو بلایا جائے تو وہ سب سے پہلے مریض کے تمام حالات معلوم کرے کہ بخار کس وقت آتا ہے یا متواتر رہتا ہے یا وقفہ کا زمانہ کم ہے اور بخار کا زمانہ زیادہ ہے اور بخار کتنا تیز ہو جاتا ہے اور ساتھ عوارضات کیا ہیں اور مریض سے سوال کرے کہ بخار کے ساتھ قے مروڑ۔ اسہال۔ پیچش۔ قبض۔ کھانسی۔ نزلہ و زکام۔ سر درد چکر تو نہیں ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ بخار جب ہوتا ہے تو اندر کسی عضو میں سوجن اور ورم بھی پیدا کر دیتا ہے مثلاً اگر دماغ میں ورم ہو گا تو سرسام ہو گا۔ سینہ پر ورم ہو گا تو نمونیہ ہو جائے گا۔ گردوں پر ورم ہو گا تو ورم گردہ پیدا ہو جائے گا۔ آنتوں پر ورم ہو گا تو مروڑ اسہال شروع ہو جائیں گے۔ خدا جانے کتنی بیاضوں اور کتنی کتابوں کے مطالعہ اور متواتر ۵۵ سال کے تجربوں کے بعد یہ لکھا جا رہا ہے۔ بخار کے مریض کی چارپائی اس جگہ ہو جس جگہ نہ زیادہ سردی ہو نہ زیادہ گرمی۔ نہ ہوا تیزی سے آتی نہ بالکل بند ہو۔ جب بخار کے مریض کو پسینہ آ رہا ہو ہوا اور اگر پنکھا ہو تو بند کر دیں اور مریض کا پسینہ خشک کرتے رہیں اور ہوا نہ لگنے دیں ورنہ بخاروں میں ہوا لگنے سے مریض کو فالج ہو جاتا ہے بعد میں اس کا علاج مشکل ہوتا ہے۔ گا ہے لاعلاج ہو جاتا ہے۔ بخار کے مریض کو نیم گرم نمکین پانی سے دن میں ہر دو گھنٹہ کے بعد

غرارے کراتے رہیں اس سے مریض کا منہ صاف رہے گا اور بھوک بند نہ ہوگی مریض کے دانتوں پر کوئی خوشبودار منجن مل دیں کہ منہ خوشبودار رہے مریض کے پاس زیادہ آدمیوں کی نشست برخاست بھی نہ ہو۔ مریض کے پیشاب پاخانہ تھوک بلغم کا بھی خیال رکھیں صفائی کرتے رہیں اور ٹھوس غذا نہ دیں بلکہ ہلکی غذا دیں۔ مریض کو غم اور فکر سے آزاد رکھیں۔

علامات و تدابیر: نوبتی یا ملیریا بخار کے شروع میں سردی اور لرزہ ہوتا ہے اور بھی تمام بخاروں میں خواہ معیادی ہو سردی لگتی ہے نمونیہ وغیرہ میں بخار سے پہلے سردی لگتی ہے کبھی تو وہ کم لگتی ہے اور کبھی بہت زیادہ لگتی ہے۔ وجہ اس کی یہ ہوتی ہے کہ جسم کا خون باہر سے اندر کی طرف چلا جاتا ہے اور جلد کے مسامات سکڑ کر جلد کے تمام بال کھڑے ہو جاتے ہیں۔ جب خون اندر چلا جاتا ہے تو دل پھیپھڑے معدہ۔ امعاء۔ جگر طحال۔ گردے۔ دماغ میں بزور داخل ہو جاتا ہے۔ اس لیے اندرونی اعضا میں بے چینی تکلیف اور گھبراہٹ بڑھ جاتی ہے۔ لیکن بیرونی طور پر سخت سردی ہوتی ہے۔ اور سردی لحاف اوڑھانے سے بھی دور نہیں ہوتی۔ اور دیکھا گیا ہے کہ ہاتھ پاؤں کی جلد سیاہ ہو جاتی ہے۔ ہونٹ سیاہ ہو جاتے ہیں اور مریض سخت کمزور ہو جاتا ہے اور دل بھی اس کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لیے کئی مریض اس سردی میں فوت ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ دل زیادہ کام کے بوجھ سے تھک جاتا ہے اور اپنا کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ علاج (۱) جب تک ہو سکے کوئی دوا نہ دیں۔ بلکہ مریض کو تیز گرم چائے یا گرم دودھ پلانا شروع کر دیں۔ اگر کچھ بھی نہ ہو تو صرف گرم پانی ہی پلانا شروع کریں۔ اگر پانی میں نمک ملا لیں تب اور بھی بہتر ہے۔ اس سے فوراً سردی کم ہ جائے گی (۲) اس کے علاوہ گرم پانی کی بوتلیں مریض کو دونوں بغلوں میں دو بوتلیں مریض کے جنگاسوں میں اور ایک بوتل مقام معدہ پر پھریں۔ (۳) گرم اینٹوں کے ٹکڑے یا گرم ریت کی پانچ پوٹلیاں باندھ کر اسی طرح کریں۔ اس سے بھی سردی دور ہوگی۔ (۴) سنڈھ کا باریک سفوف کر کے تیل کڑوے میں ملا کر مریض کے گھٹنوں سے پاؤں تک اور کہنیوں سے ہاتھوں تک زور زور سے ملیں اس سے بھی اندرونی خون کم ہو کر آرام ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

علاج: اگر ہر روز ایک وقت پر لرزہ آتا ہو جیسا کہ نوبتی بخاروں میں ہوتا ہے (۵) تو پھٹکڑی پھلہ ۴ رتی لرزہ سے دو گھنٹہ پہلے کھلا دیں تو لرزہ نہ ہوگا یا کم ہوگا۔ (۶) اسی طرح ایک عدد پوست خشخاش کا پاؤڈر باریک کردہ یا دو عدد۔ (۷) حب سکراں (اجوائن خراسانی۔

تخم دھتورہ۔ سنڈھ مساوی الوزن۔ گولیاں بقدر دانہ ماش بنالیں) بھی بخار آنے سے پہلے کھلانا بھی مفید و مجرب ہیں۔ یہ سات عدد تدبیر لرزہ میں مجرب ہیں اور صدہا بار کی مجرب ہیں۔

(۱۲۶۰) ۲۔ غفلت و بے ہوشی

بعض اوقات بخار چڑھتے وقت مریض بے ہوش ہو جاتا ہے جس کا معنی یہ ہیں کہ دماغ کے عروق میں خون کا زیادہ اجتماع ہو گیا ہے۔ دماغ میں خون کم کرنے کے لیے سرکہ۔ عرق گلاب۔ روغن گل مناسب ملا کر ایک برتن میں رکھیں اور باریک کرکے کپڑے کی گدی بنا کر سر پر رکھیں اور گرم ہونے پر پھر تر کرکے رکھیں۔ سر کے بال مونڈ لیں تو بہتر ہے۔ پنڈلیوں اور پاؤں پر رائی کا لیپ کر دیں اور پر سے کپڑا لپیٹ دیں اور جلن ہونے لگا دینے دیں تو اتار کر دھو دیں یا گرم پانی میں پاؤں کو بیس منٹ تک ڈبو دیں یا گھی گرم کرکے پاؤں اوپر سے نیچے تک مالش کریں یا مریض کی گدی کے قریب آبلہ آمیز طلا لگا دیں۔ روغن جمال گوٹہ دو قطرے کھانڈ میں ملا کر مریض کی زبان پر مل دینا بھی مفید ہے۔ لیکن یہ اس وقت کریں جب مریض بے ہوش ہو اور دوا نہ پی سکتا ہو اور اگر بے ہوشی معمولی ہو تو سرد پانی کے چھینٹے مریض کے منہ اور پیشانی پر مار دیں۔ یا سرس کے بیج۔ مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ سیندھا نمک۔ مساوی الوزن باریک کرکے آنکھوں میں بطور سرمہ لگا دیں۔ اس سے مریض ہوش میں آ جائے گا ایسے موقع پر میں ایک سرمہ استعمال کرتا ہوں مجرب ہے۔

(۱۲۶۱) سرمہ

ھوالشافی: فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ فلفل دراز ۴ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۴ ماشہ۔ سیندھا نمک ۲ ماشہ۔ نمک سرمہ۔ سیاہ مدبر ۳ تولہ۔ مثل سرمہ باریک کریں یہ سرمہ آنکھوں میں لگانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ دھند جالا۔ غبار ککرے ناخونہ کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ لیکن ایسے وقت میں نے لگا کر مفید پایا ہے اس سے مریض کی آنکھوں سے پانی آتا ہے اور مریض ہوش میں آ جاتا ہے۔ یہ آٹھ عدد تدابیر بے ہوشی کے مریض کے لیے کافی ہیں۔

(۱۲۶۲) ۳۔ دردسر و ہذیان

دردسر و ہذیان مناسب تدبیر ہی کافی ہیں خاص کر رائی کا لیپ کرنا۔ نمبر ۲۔ دھنیا۔

کافور۔ صندل سفید۔ سرکہ۔ عرق گلاب۔ میں گھوٹ کر پیشانی پر لیپ کرنا اور قبض دور کرنا۔ اور سفوف لفاحی 3x طاقت کی خوراک ایک ایک رتی یا سفوف بیشی 3x طاقت ایک رتی کی پڑیاں بنا کر دینا لاجواب ہیں۔ فوراً سر درد کو آرام ہوگا۔

(۱۲۶۳) ۴۔ قے اور ابکائیاں آنا

اکثر بخاروں میں قے ابکائیاں اس قدر آتی ہیں کہ مریض حکیم کو کہتا ہے کہ بخار اترے یا نہ اترے تاہم قے درست ہو جائے کیونکہ بخار میں خون معدہ جگر وغیرہ میں زیادہ ہو جاتا ہے۔ تو مریض کو قے نہایت تنگ کرتی ہے پانی یا دوائی غذا فوراً الٹی آ جاتی ہے۔

علاج : ا: سفوف مفرح ۳ ماشہ۔ رب انار۔ رب سیب ۳ تولہ میں ملا کر مریض کو چٹا دیں جس سے مریض کی قے پیاس جلن گھبراہٹ فوراً دور ہوگی۔ ۲: برف کی ڈلیاں چوسا دیں۔ عرق یا شربت قدرے برف سے سرد کر کے پلا دیں۔ (۳) گلو ۶ ماشہ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں ابال کر اس کو پن کر شہد سے شیریں کر کے پلانا مجرب ہے۔ اگر بہت زیادہ قے آتی ہو اور کسی دوائی سے بند نہ ہوتی ہو تو فم معدہ پر رائی کا ضماد کر دیں اور جب مریض کہے کہ جلن ہونے لگی ہے تو اتار کر اس جگہ گرم پانی کی پٹی کر دیں۔ سفوف عشر 2x طاقت ایک ایک رتی کی خوراک دیں یا بازوؤں اور رانوں کو کس کر باندھ دیں اس سے اندر سے دوران خون باہر کو آئے گا اور قے بند ہو جائے گی۔ آب لیموں۔ سکنجبین رب انار جو بھی میسر آئے برف سے سرد کر کے پلا دیں تو قے بند ہوگی۔

(۱۲۶۴) گیری

ایک پرانے اطبا کا نسخہ بھی مجرب ہے کہ گیری کو آگ میں گرم کر کے عرق گلاب میں بجھاؤ دیں دو تین بار اسی طرح کریں۔ یا عرق گلاب پلا دیں تو ہر قسم کی قے بند ہوگی۔ اسپغول کو پانی میں گھوٹ کر معدہ پر لیپ کریں اور اس پر برف کی ڈلی پھیرتے رہیں اس سے بھی قے بند ہوگی۔ ان شاء اللہ

(۱۲۶۵) لاجواب گولیاں

ایک سو سالہ وید سے حاصل کردہ کم خرچ اور مجرب ہیں۔

ھوالشافی : مرچ سیاہ ۳ عدد۔ دانہ الائچی خورد۔ سونگی (کشمش)۔ تین تین دانے باریک کر کے پلا دیں یا کر ایک گولی بنالیں۔ اس وزن سے جتنی چاہیں گولیاں بنالیں اور کھلا دیں یا اس کی چٹنی بنالیں لاجواب ہیں۔ اس سے قے متلی خواہ بخار میں ہو یا ویسے ہو لاجوب ہے۔ اور یہ تدابیر تمام ہی تجربہ شدہ۔

۵۔ پیاس

مریض کو پیاس بہت لگتی ہے اور وہ پیاس سے بے تاب ہو جاتا ہے اور یہ بھی دیکھا گیا ہے بخار کے دوران مریض کو پانی کم پینے کو دیتے ہیں یا ابال کر پلاتے ہیں جس سے مریض کی پیاس نہیں اترتی اور وہ تنگ ہو جاتا ہے لہٰذا مریض کو تازہ پانی بکثرت پلائیں اس سے مریض کی پیاس بند ہو گی۔ سفوف مفرح کو رب انار۔ رب سیب۔ شربت صندل۔ شربت بنفشہ سے دینا پیاس اور بخار دونوں کو مفید ہے۔

(۱۲۶۶) سونف

سونف دو تولہ۔ الائچی خورد کے چھلکے ۶ ماشہ۔ پانی تین سیر میں پکا کر ٹھنڈا کر کے پلانا بھی مفید ہے۔

(۱۲۶۰)

دھنیا۔ ناگر موتھہ۔ پاپڑہ۔ ہم وزن جو کوب کر کے ایک تولہ کو تین پاؤ پانی میں جوش دے کر ایک پاؤ پانی رہ جائے تو پن کر پلانا بخار اور قے کو لاجواب ہے۔

(۱۲۶۸) سکنجبین

دھنیا ۳ تولہ کو پانی میں بھگو کر اس کو چھان کر کھانڈ ملا کر پلانا بھی لاجواب مجرب ہے۔
لیموں کا پانی شربت سکنجبین املی کا نقوع کر کے پلانا صفراوی بخار اور پیاس کو لاجواب ہے۔
آلو بخارا کے دانے منہ میں رکھ کر یا مویز منقی کو منہ میں رکھ کر چوسنا بھی پیاس کو مجرب ہے۔

۶۔ تشنج

تشنج بھی اکثر بخاروں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ سخت سردی اور لرزہ سے تشنج ہو جاتا ہے۔

خاص کر بچوں میں ام الصبیان کی طرح دورے پڑنے لگتے ہیں۔اس کا بھی دماغ میں خون زیادہ آ جاتا ہے۔خون دماغ سے اتارنے کے لیے وہ تدبیر ہی اختیار کریں جو کہ دردسر۔ ہذیان۔غفلت میں ہے۔مثلاً گرم آب زن کرنا۔ ہاتھ پاؤں یا صرف پاؤں کو گرم پانی میں ڈوبنا اس سے دوران خون دماغ سے کم ہو جاتا ہے میں تو ایسے مریض کو لفاحی 3x طاقت کی دو تین خوراک دے دیتا ہوں اس سے دماغ سے خون کم ہو کر اور تشنج دور ہو جاتا ہے۔

(۱۲۶۹) نوشادر

نوشادر ایک تولہ۔کافور ایک ماشہ۔باریک کردہ کی نسوار دے دیتا ہوں تو چھینکیں آ کر یا ناک سے پانی آ کر بے ہوشی۔سر درد۔بند نزلہ اور تشنج دور ہو جاتا ہے۔

۷۔اسہال

اس مرض کو عام لوگ ہیضہ قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ ہیضہ نہیں ہوتا بلکہ بخار کے دوران خون کا دورہ تیز ہو کر معدہ وامعا میں جمع ہو جاتا ہے۔اس سے اسہال پیدا ہو جاتے ہیں۔لیکن حکیم کو اگر کوئی کہے کہ مریض کو بخار کے ساتھ اسہال آ رہے ہیں تو حکیم کا فرض ہے کہ وہ مریض سے پوچھے کہ کتنے آ چکے ہیں ہوسکتا ہے کہ اندر زہریلی مواد ہوں اور طبع زہر کو خارج کر رہی تو فوراً بند نہ کریں اور مریض کو حوصلہ دیں کہ ایک دو یا چار اسہال کا بھی کوئی خطرہ نہیں۔لیکن اگر مریض کو بہت زیادہ اسہال آ رہے ہوں اور پیٹ صاف ہو چکا ہو اور مریض کو کمزوری کر رہے ہوں تو بند کریں اور یہ تدبیر کریں سفوف مفرح جس کا ذکر قے اور پیاس میں ہوا ہے اس کو ۲ ماشہ سے ایک چھٹانک آب سیب۔رب انار۔رب بہی۔وغیرہ یا شربت صندل۔انجبار موڑیوں میں ملا کر چٹا دیں اس سے قے پیاس اور اسہال تینوں ہی شرطیہ طور پر دور ہوں گے۔اس سے بخار بھی کم ہو گا۔جس سے مریض اور گھر والے حکیم کے مشکور ہوں گے یہ ان شاء اللہ ایسی دوا ہے جو کہ اس موقع پر مفید بلکہ مجرب ہے۔

(۱۲۷۰) سفوف سمی 3x طاقت

سفوف سمی نمبر 2x، 3x ہے۔خوراک اس کی ایک ایک رتی ہے۔جس سے مریض کے اسہال فوری طور پر کم ہوں گے۔کیونکہ اس سے صفرا کی بڑھی ہوئی مقدار کم ہو جاتی ہے

جس کی وجہ سے مریض کو قلق اضطراب تھا فوراً کم ہو جاتے ہیں اور دل کو طاقت آ جاتی ہے دن میں چار خوراک دینے سے مریض کے اسہال بخار بھی کم ہو جاتے ہیں۔ ان شاء اللہ کئی صد بار کی مجرب دوا ہے۔

(۱۲۷۱) سفوف مطیب

تیسری دوا جو کہ ان کے بعد مجرب ہے وہ سفوف مطیب ہے اس کی خوراک ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک ہے اس سے بھی اسہال ایک دو خوراک میں رک جاتے ہیں اور بخار بھی اتر جاتا ہے۔ اس کو اگر اور بھی تیز کرنا ہو تو سفوف برش کافوری ۲ رتی فی خوراک ملا کر دیں جس کی ایک دو خوراک سے اسہال رک جاتے ہیں۔

(۱۲۷۲) انار کلی

اگر یہ چاروں مجربات آپ کے پاس نہ ہوں تو انار کی کلی ایک عدد۔ بڑی الائچی کا چھلکا ۲ عدد۔ نمک سیاہ ۴ رتی۔ سہاگہ پھلا ایک ماشہ۔ اجوائن دیسی ایک ماشہ۔ آب لیموں سے کھرل کر لیں اس کی چار گولیاں بنا لیں اور حسب ضرورت دیں یہ بھی اسہال کو روک دیں گی۔ یا اجوائن دیسی ایک ماشہ برگ بھنگ ۲ ماشہ۔ کالی مرچ ایک عدد پانی ایک پیالی میں گھوٹ کر پلا دیا۔ چائے سبز ڈیڑھ ماشہ۔ لونگ کوٹ کر ۴ عدد۔ دار چینی ۴ رتی پانی ۲ سیر میں جوشا دیں ایک پاؤ رہ جائے تو ایک ایک تولہ پلاتے رہیں اس سے لرزہ۔ قے۔ اسہال دور ہو کر تمام تکالیف دور ہوں گی۔ ان شاء اللہ۔

۸۔ مروڑ پیچش

اس میں نکتہ یہ ہے کہ مریض کی چھوٹی آنتوں میں دوران خون تیز ہو کر جمع ہو گیا ہے تو مریض کو مروڑ آنے لگ گئے۔ لیکن تیمار دار مروڑ کو بھی اسہال کہہ دیتے ہیں۔ لہٰذا حکیم کا فرض ہے کہ مریض کو خود پوچھے کہ اسہال کس طرح کے ہیں۔ اگر ان کے ساتھ آؤں یا خون آ رہا ہے یا مریض جاتا ہے اور چند قطرے خون آتا اور مریض کے پیٹ میں تکلیف ہو رہی ہے تو یہ اسہال نہیں بلکہ مروڑ ہیں اس موقع پر جاہل ان پڑھ اور عطائی حکیم فوراً قابضات دیتے ہیں اور مریض کو اپھارہ ہو کر تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ بلکہ حکما نے لکھا ہے بعض اوقات مریض تلف بھی

ہو جاتے ہیں۔ خوب تسلی کریں کہ مریض کو سدہ تو نہیں جو کہ یقیناً ہوتا ہے اس لیے مریض کو کسٹرائل صاف بقدر عمر دو تین تولہ سے لرکر ۵ تولہ تک دودھ یا شربت بنفشہ ۵ تولہ میں ملا کر پلا دیں۔ اس سے اسہال آ کر سدہ نکل جائے اور مریض کو آرام ہو گا یا مگنیشیا سلفاس ۲ تولہ۔ پانی ۱۵ تولہ میں گھول کر پلا دیں اس سے بھی اسہال آ کر سدہ نکل جائے گا اور مروڑ کو آرام ہو

(۱۲۷۳) بادام روغن

بادام روغن ایک تولہ دودھ میں ملا کر پلا دیں۔ اس سے بھی سدہ پھسل کر نکل آئے گا۔

(۱۲۷۴) نہایت مجرب دوا

ھوالشافی: سونف ۲ تولہ۔ گلقند ۵ تولہ۔ گرمیوں میں گھوٹ کر پئیں اور سردیوں میں جوش دے کر پلانا لاجواب مجرب۔ اگر زیادہ کرنا ہو تو اس میں گل بنفشہ ایک تولہ کا اضافہ کر لیں۔ ان شاء اللہ ایسی دو تین خوراک سے ہی سدہ نکل جائے گا اور مریض کو فوراً آرام ہو گا۔ ان شاء اللہ اس کے علاوہ سفوف مطیب سدہ نکل جانے کے بعد ایک خوراک سادہ یا برش کافور ملا کر دیتے ہیں ایک دو خوراک میں مروڑ دور ہوں گے بخار ہلکا ہو گا۔ اگر امتحان لینا ہو کہ سدہ ہے یا نکل گیا ہے تو حکیم عقل مند کو پیٹ دیکھنے سے ہی پتہ لگ جاتا ہے لیکن اگر تجربہ کرنا ہو تو اسبغول سالم صاف کردہ ایک تولہ گھی سے چرب کر کے یا تخم بالنگو یا تخم السی بالکل صاف شدہ گھی سے چرب کر کے دودھ سے کھلا دیں یا چھلکا اسپغول ایک تولہ کھلا دیں۔ اس سے تمام سدے پھسل کر نکل جائیں گے اور آنتوں کا راستہ صاف ہو جائے گا اور سوزش امعاء دور ہو کر آرام آ جائے گا اسہال اور پیچش کے مریضوں کو غذا بالکل نرم کھچڑی۔ دودھ۔ چاول۔ ساگودانہ۔ ماء العشیر اور کم سے سرخ مرچ والا سالن کدو۔ ٹینڈے۔ دال مونگ دیں جس سے مریض کو غذا بھی مل جائے گی اور بخار بھی نہ بڑھے گا یا صرف دودھ نیم گرم ہی پلا دیا کریں میں تجربہ کی بنا پر کہتا ہوں اور مریضوں کو ۱۰۔ ۱۰ دن تک کوئی بیت الخلاء جانے کی حاجت نہیں ہوتی۔ لہٰذا مریض کی قبض کشائی ضرور کریں ورنہ دوا بالکل فائدہ نہ دے گی۔ لیکن یہ خیال رکھیں کہ مریض بخار کو تیز مسہل نہ دیں۔ کیونکہ وہ بخار سے آگے ہی کمزور ہے اور زیادہ کمزور ہو جائے گا۔ کہیں تلف ہی نہ ہو جائے اگر مریض کو دائمی قبض ہے تو انیما کریں۔ گرم پانی ایک سیر۔ نمک ۳ ماشہ۔ صابن ایک تولہ۔ کسٹرائل ۴ تولہ ملا کر حقنہ دیں اس سے مریض کی قبض دور

ہو جائے گی اور بخار جو کہ دماغ کی جانب ہو گا وہ بھی دور ہو گا اور پیٹ صاف ہونے سے مریض کو ہر طرح کی تسکین ہو گی اگر حقنے سے کمزوری دل ہو تو جواہر مہرہ۔ دوائے مسک جواہر والی یا مفرح شیخ الرئیس کھلائیں۔

نکات مطب : اگر بخار ۱۰۲ یا اس سے زیادہ ہو تو مسہل ہرگز نہ دیں بلکہ پہلے بخار کم کر دیں نوبتی بخار میں اترے ہوئے بخار میں دیں اور جس دن باری بخار کی آتی ہو اس دن نہ دیں بلکہ اترے ہوئے والے دن دیں۔ اگر بخار دن کے بارہ بجے آتا ہو تو رات کو حقنہ دیں۔ ان شاء اللہ یہ نکات آپ کو بخاروں میں کام آئیں گے۔

(۱۲۷۵) حب صحت

ھوالشافی : سقمونیہ ولایتی ۵ تولہ۔ منقی ۳ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ ملا کر گولیاں بنا دیں۔ یا تینوں اشیا ہم وزن ملا کر گولیاں بنالیں یہ ایک لاجواب بے ضرر گولیاں ہیں میں نے اپنے ۵۵ سالہ تجربہ میں ان کو لاجواب پایا ہے۔ میرے دو ہم عصر حکماء کے مطب میں یہ گولیاں ہزاروں کے حساب سے بن کر بک چکی ہیں ہر طرح بے ضرر رہیں۔ حتیٰ کہ مروڑ کی حالت میں دیں تو سدہ خارج ہو گیا ان کا نام حب صحت ہے۔ قیام پاکستان کے دوران کسی نے بتایا تھا اس دن سے معمول مطب ہے۔

(۱۲۷۶) جوشاندہ قبض کشا بے ضرر

ھوالشافی : گل بنفشہ۔ گل سرخ ایک ایک تولہ۔ مغز تخم کدو ۹ ماشہ۔ سونف ۹ ماشہ۔ مگھاں ایک ماشہ۔ پاؤ بھر پانی میں گھوٹ کر پن کر مصری ۳ تولہ ملا کر نیم گرم کر کے پلائیں اس سے بخار کی قبض در ہو گی لاجواب قبض کشا نسخہ ہے۔

(۱۲۷۷) جوشاندہ ۲:

ھوالشافی : گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ سنا مکی صاف ایک ایک تولہ پانی میں جوشا کر ایک پیالی رہ جائے تو مغز بادام ۱۵ عدد یا گھی ایک تولہ یا بادام روغن ۶ ماشہ ملا کر پلانا۔ لاجواب دافع قبض ہے۔ کمزور مریض کو ۶۔ ۶ ماشہ ابال کر پلائیں اس سے بے ضرر طور پر قبض دور ہو گی۔ ان نسخہ جات کے ہوتے ہوئے آپ کو اور نسخہ جات کی ضرورت نہیں۔ البتہ بخاروں کے علاج

کے دوران اور نسخہ جات بھی ان شاء اللہ آئیں گے۔ کیونکہ وہ بھی معمول مطب ہیں۔

۹۔ علامت درد شکم

بخار کے مریض کو درد شکم ہو تو ٹٹول کر دیکھیں۔ بعض موقعہ پر یہ ہوتا ہے کہ مریض درد شکم کی شکایت کرتا ہے حالانکہ مریض کو مروڑ، اسہال یا قبض کی شکایت ہوتی ہے۔ غلطی سے درد شکم بیان کرتا ہے تو دیکھیں وہ ہی علامات ہوں تو ان کا علاج لکھا جا چکا ہے۔ بعض اوقات مریض کمزور ہوتا ہے اور غذا سخت مثلاً گوشت یا حلوہ یا اور کوئی پھل زیادہ مقدار میں کھالیا ہے تو بدہضمی کا شکار ہو بلکہ بعض کو غذا کھڑی ہوتی ہے اور ابکائیاں آ رہی ہوتی ہیں مریض کو درد جگر ہوتا ہے مگر وہ اس کو درد پیٹ کہہ رہا ہوتا ہے۔ اگر واقعی غذا کھڑی ہو کر باعث درد بن رہی ہو تو گرم پانی میں نمک گھول کر پلا دیں اس سے غذا یا تو ہضم ہو جائے گی یا قے ہو گی اور غذا جو کہ باعث تکلیف ہو گی نکل جائے گی۔ اگر ابکائیاں تو آتی ہوں لیکن کھل کر قے نہ ہوتی ہو تو گرم پانی میں نمک گھول کر پلا کر مرغی کا پر گلے میں پھیر دیں۔ فوراً قے آ کر معدہ صاف ہو جائے گا۔ تخم مولی ۶ ماشہ باریک کوٹ کر گرم پانی سے دیں اس سے گندی خوراک متعفن دور ہو کر درد پیٹ دور ہو گا یا یہ نسخہ جو کہ بے ضرر اور معمول مطب ہے۔ دیں اس سے پیٹ درد دور ہو گی۔ غذا ہضم ہو گی۔

(۱۲۷۸) حب کبد نوشادری

حب کبد نوشادری کی ٹکیاں نہ بنائیں صرف سفوف رکھیں۔

خوراک: ایک ماشہ۔ گرم پانی سے کھلانے سے بے ضرر طور پر درد پیٹ دور ہو گا اس میں اگر سفوف پودینہ ۳ رتی ملالیں تو اس کے فوائد چار گنا بلکہ ۱۰ گنا بڑھ جائیں گے۔ مریض کا دل بھی ٹھیک ہو گا وہ یہ ہے۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ کھانڈ آدھ سیر میں کھرل کریں اس کی ۳ رتی ۴ رتی ملا کر کھلانا پیٹ درد کے لیے مفید و مجرب ہے۔

(۱۲۷۹)

یہ نسخہ اس طرح حاصل ہوا کہ ایک حکیم صاحب جو کہ خاندانی تھے مریض نے آ کر بخار کا سوال کیا تو حکیم نے یہ پڑیاں بنا کر دیں۔ ایک نے نزلہ کا سوال کیا تو حکیم یہ پڑیاں دیں

میں نے حکیم صاحب سے سوال کیا کہ بخار کو بھی یہ پڑیاں اور نزلہ وزکام کو بھی یہ پڑیاں فرمانے لگے یہ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔

ھوالشافی : ست پودینہ والا پاؤڈر ۲ رتی۔ برگ تلسی کا پاؤڈر ۲ رتی۔ کشتہ گؤدنتی۔ اسگند ناگوری والا ۲ رتی۔ ملا کر کھلانا۔ نزلہ وزکام بخار ملیریا کو مجرب ہے ہاں ٹھیک ہے کہ برگ تلسی ہر قسم کے بخار حتیٰ کہ دق کو بھی مفید ہے اس کا ذکر آگے بھی آئے گا۔ ان شاء اللہ۔

۱۰۔ مریض تپ کو نیند نہیں آتی

کیونکہ دماغ کی گرمی اور خشکی سے نہیں آتی وہ مجبور ہو کر کہتا ہے کہ مجھ کو نیند کی ضرورت ہے خاص کر صفراوی بخار کے مریض کو بالکل نہیں آتی۔

(۱۲۸۰)

مریض کے پاس سے شور وغل دور کریں اور روغن کدو۔ روغن خشخاش دونوں ملا کر مریض کے تلوؤں۔ ہاتھ کی ہتھیلیوں اور مریض کے سر پر مالش کریں اور اس کو سرد ہوا پہنچائیں یا پنکھے پر عرق کیوڑہ عرق بید مشک کے قطرے ڈال کر مریض کو پنکھا کریں۔ سرد خوشبودار ہوا کے آنے سے مریض کو ضرور بالضرور نیند آجائے گی۔ ان شاء اللہ۔ ان علامات کو یاد رکھیں۔ یہ آپ کو ہر بخار کے مریض کے علاج میں کام آئیں گی۔ عام طور پر تینوں زمانے عیاں ہوتے ہیں خاص کر باری بخار جو کہ اتر کر چڑھنے والے ہوتے ہیں ایک زمانہ سردی کا دوسرا زمانہ گرمی کا اور تیسرا زمانہ پسینہ کا۔ لیکن بعض مریضوں میں عیاں نہیں ہوتے۔ بلکہ خفیف ہوتے ہیں پھر بھی مریض سے سوال کریں۔ بخار کب آتا ہے؟ کب اترتا ہے؟ اور دوبارہ کتنے عرصہ بعد ہوتا ہے بعض مریضوں کو سارا دن آرام رہتا ہے اور شام کو بخار ہو جاتا ہے اور صبح تک اتر جاتا ہے۔ بعض مریضوں کو بارہ بجے ہوتا ہے اور شام کو اتر جاتا ہے۔ اسی طرح بعض مریضوں کو ہر وقت بخار رہتا ہے اگر لرزے کا زمانہ ہے تو سردی اور لرزہ والا علاج کریں۔ جیسا بھی زمانہ ہو تو اس کے متعلق مفصل لکھ دیا ہے جو کہ آپ کو ایک کتاب میں اکٹھا نہیں ملے گا میں نے آپ کی آسانی کے لیے سینکڑوں کتابوں کے مطالعہ سے بچنے کے لیے ایک جگہ سب کو اکٹھا کر دیا ہے جو کہ متواتر ۵۵ سال سے تجربہ میں آ رہا ہے۔ اب آپ بخار کے مریض کے پاس جائیں تھرمامیٹر کی مدد سے بخار دیکھیں کہ کتنا ہے اس کو اتارنے یا کم کرنے کے لیے سفوف سمی ۳

طاقت سفوف لفاخی ۳ طاقت دے دیں اس سے چند گھنٹوں میں ہی کم ہو جائے گا اور مریض آپ کا ممنون ہو گا۔ جب اتر جائے تو روکنے کے لیے آگے نسخہ جات مریضوں کے علاج میں آئیں گے وہ ہر نسخہ کئی کئی بار کا مجرب ہو گا ایک نسخہ جو کہ بخار اتارنے کا کام کرنے کے لیے مجرب ہے اس کا ذکر بھی کر دوں لیکن یہ نسخہ یونانی نہیں ہے لیکن مفید اس قدر ہے کہ بچہ سے لے کر بوڑھے تک عورت کی ہر حالت خواہ حاملہ ہو یا سوتک میں ہو بخار خواہ ۱۰۰ سے لے کر ۱۰۵ تک ہو ہر حال میں مفید ہے۔ منٹوں میں بخار بے ضرر طور پر کم ہو گا۔ بخار نوبتی ہو یا دائمی ہر حال میں مفید ہے۔ بلکہ اندرونی کسی اعضاء مثلاً دماغ۔ پھیپھڑا۔ آنتوں یا رحم میں اگر ورم ہو گا تب بھی مفید ہے بے ضرر ہے دوستو عمر کا کوئی پتہ نہیں شائد اور کوئی کتاب نہ لکھ سکوں اس لیے مجرب نسخہ حاضر ہے بایوکیمک طب کا فیرم فاس 6x ٹکیاں لے لیں مریض کو حسب علامات بخار ایک ایک گھنٹہ یا ۲ گھنٹہ کے بعد دو سے آٹھ ٹکیاں بلحاظ عمر کھلانا شروع کریں۔ بخار بے ضرر طور پر ۴۵ منٹ میں کم ہونا شروع ہو جائے گا آپ سے صرف یہ کہتا ہوں کہ میرے لیے دعا خیر کریں۔ متواتر ۲۵ سال سے تجربہ میں آ رہا ہے۔ بلکہ آگے سے روک بھی دیتا ہے۔ میں نے بخاروں کے لیے ہر قسم کشتہ جات تیار ہیں بلکہ دیتا بھی رہا ہوں اب بھی دیتا ہوں کیونکہ میں نے طب کا آغاز اس زمانہ میں کیا جب ملک میں سب سے زیادہ بخار ملیریا کا ہوتا تھا بلکہ کوئی گھر بھی اس سے خالی نہ ہوتا ایک دن میں سو سو مریض بھی دیکھنے میں آتے تھے۔ اس لیے بخار کا زیادہ سے زیادہ تجربہ کا موقعہ ملا۔ اب کشتہ جات کو چھوڑ کر فقط فیرم فاس 6X ہی ہر چڑھے ہوئے بخار میں دیتا ہوں ہر مریض ہی آ کر بخار کم بتاتا ہے۔

(۱۲۸۱) سفوف سمی ۳ طاقت

سفوف سمی ۳ طاقت ایک رتی اور سفوف مدر ۲ رتی ملا کر دینا بخار کو کم کر دیتا ہے اس نسخہ میں ادرار اور سکون قلب ہو کر بخار اتر جائے گا۔

نکات مطب : بخار جب بھی اترتا ہے۔ پسینہ آ کر یا پیشاب آ کر یا اسہال آ کر اترتا ہے اس نسخہ میں ادرار ہو کر بخار کم ہو جاتا ہے۔ بلکہ اتر جاتا ہے۔

(۱۲۸۲) گل نیلوفر

گل نیلوفر کا نقوع یا شربت بھی دل کی رفتار کو اعتدال پر لا کر بخار اتار دیتا ہے۔

(۱۲۸۳) گل بنفشہ

اگر کوئی چیز پاس نہ ہو تو مریض کو گل بنفشہ۔ گل نیلوفر اور سونف ۶۔۶ ماشہ لے کر پانی ایک سیر میں جوشائیں اور ٹھنڈا ہونے پر مصری ملا کر پلانا بخار کو کم کر دیتا ہے۔ اس سے ادرار بول اور قبض دور ہو کر بخار کم ہوتا ہے بلکہ اتر بھی جاتا ہے۔ اب ایک ایسا نسخہ لکھا جاتا ہے جو کہ بخار کی حالت میں خواہ وہ بخار نوبتی ہو یا دائمی کبدی ہو طحالی۔ دماغی ہو یا پسینہ کا مروڑ ہوں یا اسہال، بچے سے لے کر بوڑھے تک کو مفید ہے۔ آب حیات ہے اور تجربہ شدہ ہے۔

(۱۲۸۴) ادرار

ھوالشافی: گل بنفشہ سوا سیر۔ گلو سبز چار سیر۔ گل نیلوفر سوا سیر۔ گل سرخ ۳ پاؤ۔ خوب کلاں ایک سیر۔ گاؤزبان آدھ سیر۔ سونف ایک سیر تمام ادویہ کو نیم کوب کر کے تین حصہ کریں ایک حصہ کو ۲۰ سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح اس کا عرق نکال لیں۔ پھر اس عرق میں دوسرا حصہ ملا کر عرق نکال لیں۔ پھر اس عرق میں تیسرا حصہ ادویہ ملا کر عرق نکال لیں۔ تقریباً تیرہ چودہ بوتل عرق نکل آئے گا سہ آتشہ ہونے کی وجہ سے اس میں ادویہ کی تاثیر کافی زیادہ موجود ہوگی۔

خوراک: ۲ تولہ سے ۵ تولہ دن میں چار بار دیں۔

فوائد: اس نسخہ کا عرق دینے سے بخار چڑھتا نہیں۔ اس سے پسینہ بھی آتا ہے۔ اور ادرار بھی ہو جاتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا۔ کھانسی دور کرتا۔ قبض بھی دور کرتا ہے۔ لاجواب تحفہ ہے اور میرا مجرب ہے۔ اس کو بخار کی حالت میں پانی کی جگہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر حال میں اترے ہوئے چڑھے ہوئے بخار میں حاملہ کو بھی مفید اگر کوئی عطار یا حکیم اس کو عرق بخار کے نام سے تیار کر کے فروخت کرے تو کاروبار میں ترقی ہو سکتی ہے۔ بچہ سے لے کر بوڑھے کو ہر حال میں مفید ہے۔ (مؤلف) آگے بھی کئی نسخے عرق کے لکھے جائیں گے جو کہ کئی خاندانوں کے پوشیدہ راز تھے میں نے بہت محنت سے حاصل کیے یہ تمام مجرب المجرب ہیں۔ آپ کے اس خادم نے کئی طریقوں سے حاصل کئے اور کئی کئی سال کے بعد حاصل ہوئے ایک ایک عرق کا نسخہ پوری کتاب کی قیمت کا ہے آپ میرے لیے دعا خیر ہی کر دیا کیجئے گا۔ ڈاکٹری میں فیور مکسچر کے بہت سے نسخے ہیں مجھ کو یاد بھی ہیں لیکن چونکہ کتاب فقط یونانی ادویہ کی ہے

اس لیے نسخہ فیور مکسچر کا دیسی لکھ دیا جاتا ہے اس سے بھی بخار اتر جاتا ہے لیکن ملیریا جو کہ چڑھ کر اترنے والا ہو میں اس کا بھی خوب تجربہ کیا ہے وہ یہ ہے۔

(۱۲۸۵) فیور مکسچر

ھوالشافی : نوشادر۔ قلمی شورہ۔ پھٹکڑی سفید ایک ایک ماشہ۔ پانی ۱۰ تولہ میں حل کر لیں۔ اس میں سے دو دو تولہ سادہ یا شربت سکنجبین سے میٹھا کر کے پلانا بخار کو اسہال اور پیشاب لا کر اتار دیتا ہے۔ میں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔

معالجات

چوتھیہ۔ مریضہ عمر ۶۰ سال کے خاوند نے آ کر بیان کیا کہ عرصہ تین ماہ سے آتا ہے دو دن چھوڑ کر آتا ہے اور چھ گھنٹہ کے بعد اتر جاتا ہے۔ تشخیص یہ حمی ربع ہے جس کو چوتھیہ بخار کہتے ہیں۔

علاج: یہ بھی ملیریا کی ایک قسم ہے۔

(۱۲۸۶)

ھوالشافی : مغز کرنجوہ۔ مرچ سیاہ۔ گیری اصلی۔ ایک ایک تولہ۔ برگ دھتورہ ۵ عدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔

خوراک : صبح دوپہر شام ایک ایک گولی پانی سے کھلائیں۔ تین دن کے مریض کے وارث نے آ کر بیان کیا کہ بخار نہیں ہوا۔ صرف ۱۲ گولیوں سے اتر گیا۔ اس سے اور بھی کئی بیماروں کا علاج کیا۔ کم خرچ بالا نشین ہے۔

(۱۲۸۷) مہاجر لڑکی

ایک مہاجر لڑکی قریب بلوغ کو کیمپ میں بخار شروع ہو گیا پاکستان آنے پر میرے مطب میں آ کر اس کی اماں نے بیان کیا کہ لڑکی کو روز بارہ بجے بخار آتا ہے اور ایک پہر رات گزرنے پر اتر جاتا ہے۔ لڑکی نہایت کمزور ہو گئی ہے۔

علاج: کشتہ سنکھ شیر مدار میں تیار شدہ ۲۔۲ رتی۔ چینی ایک ایک ماشہ میں ملا کر دیا گیا اور کہا کہ اس کو ۲۔۲ گھنٹہ کے بعد بخار سے قبل دیں۔ اگر بخار ہو جائے تب بھی دیں۔ دوسرے دن

اس کی اماں نے آ کر بیان کیا کہ بخار کل ہوا ہی نہیں۔ تین دن کی پڑیاں دے دی گئیں اور مرض بخار ملیریا دور ہو گیا اور پورا خاندان ہی علاج سے خوش ہوا اور آگے کے لیے گاہک بن گئے۔

نکات مطب: سنکھ ایک تریاقی دوا ہے کہ جو کہ زہر سانپ کو بھی دور کرتا ہے۔ اس لیے تپ چڑھتے ہوئے میں دیا جا سکتا ہے۔ اور اترے ہوئے کو روکتا ہے۔ مبارکی کے دانے بھی نکال دیتا ہے اور بخار کو پسینہ لا کر اتار دیتا ہے اور دل کو بھی کمزور نہیں کرتا۔ اگر اسہال ہوں ان کو بھی بند کر دیتا ہے۔

طریقہ تیاری: سنکھ کوٹ کر شیر مدار میں تر کر کے خشک ہونے پر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں ۵ تولہ سنکھ کو دس سیر اوپلوں کی آگ کافی ہے اس طرح برگ نیم میں تیار کر کے کھلانا بخار کو مفید ثابت ہوا۔ سنکھ ۵ تولہ۔ برگ نیم آدھ سیر۔ آگ ۲۰ سیر میں تیار ہو جاتا ہے۔

خوراک: ۲ رتی۔ بڑے بڑے حکما کے مطب میں تیار دیکھا ہے۔ (مؤلف)

(۱۲۸۸) ملیریا بخار

قیام پاکستان سے دو تین سال پہلے بخار بہت زیادہ ہوتے تھے اس زمانہ میں دوسرے اور چوتھے دن آنے والا بخار عام تھا۔ یہ گولیاں کئی بار بخاروں میں تجربہ میں آئیں اور کئی لوگوں میں مفت ہی تقسیم کیں۔

ھوالشافی: مغز تخم کرنجوہ ۲ تولہ۔ مگھاں ۲ تولہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ برگ کیکر خشک ایک تولہ۔ گولی بقدر مٹر تیار کریں۔

خوراک: صبح دوپہر شام پانی سے ایک ایک گولی کھلائیں اس کا نسخہ تمام قرابادینوں میں ملتا ہے۔ نسخہ کم خرچ ہے اور فوائد میں اکسیر ہے میں نے بہاولپور کے مشہور طبیب کے مطب میں تیار دیکھا اور انہوں نے کہا کہ میں بخار کی ہر حالت میں خواہ چڑھتا ہوا یا اترا ہو دے دیتا ہوں مفید ثابت ہوتا ہے کم خرچ بالانشیں ہے۔

(۱۲۸۹) گلو

مریض کا وارث مطب میں آیا اور کہا کہ ہمارے گھر چلیں۔ میرا بھائی سخت بخار میں ہے۔ پیاس گھبراہٹ ہے اور قے آ رہی ہے۔ گھر جا کر دیکھا تو مریض نہایت بے آرام

پیاس قے۔ رنگ زرد بخار ۱۰۲ تک تھا۔ حوصلہ دیا اور علاج شروع کر دیا۔ گلوخشک ایک تولہ آدھ سیر پانی میں جوشا کر میٹھا ڈال کر قدرے پلا دیا اور یہ سفوف دیا ۲۔۲ رتی کی پڑیاں باندھ دیں۔

(۱۲۹۰) کشتہ ابرک سفید

ھوالشافی: کشتہ ابرک سفید۔ ست گلو ۳۔۳ ماشہ۔ کافور۔ گیری۔ طباشیر نقرہ ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ کو باریک سفوف کریں۔

خوراک: ۲۔۲ رتی ہر دو گھنٹہ کے بعد پانی سے دیں۔ اگر گھبراہٹ زیادہ ہو تو شربت صندل یا شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ۔ عرق گاؤزبان قدرے عرق بید مشک ملا کر پلائیں۔ میں نے تو صرف پانی کے ساتھ دیا دوسرے دن مریض کی اطلاع آ گئی کہ بخار۔ قے اور پیاس کم ہے۔ دو تین دن دوا دینے سے بخار بالکل زائل ہو گیا اس نسخہ سے کئی علاج کئے اور تمام جگہ کامیابی ہوئی ہے۔

(۱۲۹۱)

ایک مہاجر لڑکی کا باپ مطب میں آیا اور کہا کہ میری لڑکی قریباً ایک سال سے بخار آتا ہے راستہ میں بخار آتا تھا اب تو بہت بری حالت ہے۔ قے بخار عام ہے۔ شاید نہ بچے میں نے جا کر دیکھا تو لڑکی کو قے ہی قے آ رہی تھی۔

علاج: ذیل کی گولیاں تیار تھیں دے دی گئیں۔ کھاتے ہی قے رک گئی۔ دوسرے دن بھی دیں بخار قے ہر چیز دور ہو گئی۔

ھوالشافی: کافور۔ برگ بھنگ۔ مساوی الوزن باریک کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ان گولیاں کے کھانے سے ہر قسم کی قے بند ہو جاتی ہے۔ بھنگ کا وزن زیادہ بھی کیا جا سکتا ہے یہ نسخہ ملیریا کو اصولاً ٹھیک ہے کہ کافور بھی دافع نوبت ہے اور بھنگ بھی ان گولیوں سے بھی کئی علاج کئے۔ یہ گولیاں بھی معمول مطب رہ چکی ہیں۔

(۱۲۹۲)

اس زمانے میں ایک دوا سنکونا فیری فیوج ایک پوڈر ملتا تھا یہ اس درخت کی چھال تھی

جس سے کونین سلفاس نکلتی تھی۔ اس کو تیزاب گندھک ایک حصہ پانی بارہ حصہ ملا کر گولیاں بنا لی جاتی تھیں۔ یہ گولیاں نوبی بخار۔ نوبتی دردسر۔ شقیقہ۔ عصابہ اور نوبتی دردیں اور جوڑوں وغیرہ کو اکسیر تھی اور کئی دواخانوں میں مختلف ناموں سے فروخت ہوتیں میں اور میرے کئی ساتھیوں نے تیار کر کے فائدہ اٹھایا نسخہ اس لیے لکھ دیا ہے کہ کسی وقت پھر مل جائے یا کسی ملک میں۔

ڈاکٹر صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا بدل تیار کیا جو کہ بالکل اصل کی طرح تھا۔ رنگ بھی بالکل ایسا تھا۔ ڈاکٹر صاحب بھی ذکر خیر کر دوں۔ یہ ملتان میں پیدا ہوئے اور ایم بی ایس کا کورس کیا اور علاج شروع کیا لیکن پیاس ختم نہ ہوئی اور کہا کہ یہ بھی کوئی علاج ہے کہ بخار دور کریں تو چکر شروع ہو جائیں اپنا کلینک چھوڑ کر شاہدرہ آ گئے اس وقت حکیم احمد دین صاحب طب جدید کی بنیاد رکھی ہوئی تھی اس کے پاس آ کر طب جدید کی تعلیم حاصل کی اور طب جدید کے طریقے کو خوب فروغ دیا ان کے رسالہ کے ایڈیٹر بن گئے اس کے بعد پھر ڈاکٹر صاحب نے نظریہ مفرد اعضا کی بنیاد رکھی میں نے ان سے کئی ملاقاتیں کیں اور فیض بھی حاصل کیا۔ خدا غریق رحمت کرے نہایت نیک انسان تھے اُنہوں نے اس کا بدل تیار کیا وہ یہ ہے۔

(۱۲۹۳)

ھوالشافی : رسونت صاف ۲ تولہ۔ شیر مدار ایک تولہ۔ دونوں ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں اور سنبھال لیں اس کی گولیاں بنالیں یہ بھی اسی طرح ہی کام دیں گی۔ جس طرح چاہیں ان کا تجربہ کریں۔

نکات مطب : یہ نسخہ ہر طرح ٹھیک ہے کہ رسونت اور شیر مدار دافع نوبت ہیں۔ اور رنگ بھی سنکونا کی طرح بن جاتا ہے اور ہاضم صافی خون بھی ہیں۔

بخاروں دو درجے ہیں۔ بخار چڑھا ہوا بھی ہوتا ہے اور اترا ہوا بھی ہوتا ہے۔ لیکن جو دوائیں دافع نوبت ہوں وہ اگر چڑھے بخار میں دے دیں تو بخار اور بھی بڑھ جاتا ہے ان کو بخار چڑھنے سے ۴ گھنٹہ پہلے دیں یا کم از کم دو گھنٹہ پہلے دیں۔ لیکن جس نسخے کا میں اب ذکر کرنے لگا ہوں وہ چڑھے ہوئے کو اتارتا ہے اور اترے ہوئے کو روکتا ہے اور ہر بخار خواہ میعادی ہو خواہ ملیریا ہر حال میں مفید اور مجرب ہے یہ نسخہ سید فضل حسین شاہ موجد طب جدید کے جانشین کا خاندانی تھا جو کہ ان کے ذریعے شائع ہوا اور مجھ کو ان کے ایک دوست اور طب

کے ہم سبق سے حاصل ہوا لاجواب نسخہ ہے۔ میں نے اس کا کئی بار تجربہ کیا بلکہ ایک پنڈت نے جو کہ طب جدید کا عامل تھا اس نے اپنی ''کتاب حمیات'' میں اس کا ہر بخار میں تذکرہ کیا ہے لیجئے آپ کو یہ قیمتی جوہر پیش کرتا ہوں اس کا نام زرسرخ لوبانی تھا لیکن میرے ایک ہم عصر طبیب نے اس کا نام زرسرخ سلطانی رکھا ہوا تھا میں ۵۰ سال سے اس کا واقف ہوں۔

(۱۲۹۴) زرسرخ سلطانی

ھوالشافی : کشتہ ابرک سیاہ عبقری۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی شیر مدار والا۔ شورہ قلمی۔ لوبان کوڑیہ۔ ۲۔۲ تولہ باریک کریں۔

خوراک : ۲۔۲ رتی ہمراہ مناسبہ بدرقہ۔

طریقہ ابرک سیاہ عبقری: ابرک سیاہ محلوب لے کر دو چند قلمی شورہ میں ملا کر دہی سے کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کر کے آگ دے دیں۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی: گئودنتی لے کر باریک کر کے شیر مدار سے تر کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر کے آگ دے دیں۔ ہر دو ادویہ اگر ۵۔۵ تولہ ہوں تو ۱۵ یا ۲۰ سیر کی آگ کافی ہے۔ کشتہ ابرک کے اندر شورہ ہے اس کو باریک کر کے پانی میں بھگو کر رکھیں۔ چند گھنٹے میں پانی نتھار کر اور پانی ڈال دیں۔ اس طرح پانچ بار پانی ڈال کر دھونے سے شورہ نکل جائے گا۔ اب کشتہ کو خشک کریں تیار ہے۔ دونوں کشتے ملا کر شیشی میں دوائی بند کرلیں یہ آپ کے پاس ایک تریاق ہے۔

نکات مطب: اس نسخے میں لوبان پسینہ آور ہے۔ گئودنتی شیر مدار والی بھی پسینہ آور ہے اور شورہ مدر بول ہے۔ تمام مل کر معرق و مدر بول بن جاتے ہیں اور بخار اتارنے میں مدر بول ادویہ اور پسینہ آور باعث شفا ہوتے ہیں۔ اس نسخے کے ہوتے ہوئے آپ کو بخاروں میں اور نسخوں کی ضرورت نہیں۔ آپ میرے لیے دوائے خیر کریں کہ کس طرح صدری رازوں کو لے کر آپ کے حوالے کر رہا ہوں جن صاحبوں سے یہ نسخہ ملا میں تو ان کے لیے دعا کرتا ہوں۔

(۱۲۹۵) سفوف سمی ۲ طاقت

ایک گاؤں میں مریض دیکھنے کے لیے جاتا تھا کیونکہ وہاں کے لوگوں نے آدھا دن مانگ لیا تھا۔ ایک دن میں گیا اور ایک گھر میں سائیکل رکھا۔ گھر والے ٹھیک تھے لیکن گھنٹوں

کے بعد مجھ کو تلاش کرنے لگے میں مل گیا۔ تو انہوں نے کہا گھر چلیں ہمارے بھائی محمود تو شائد جانے تک نہ ہوں ہم دونوں جلدی جلدی آئے دیکھا تو بھائی محمود نہایت تنگ حال تھے۔ قے اسہال اس قدر آرہے تھے کہ ایک کمرہ اسہال اور قے سے بھرا ہوا دکھایا میں نے کہا کہ پیٹ درد تو نہیں اس نے کہا کہ نہیں مجھ کو باری کا بخار آتا ہے آج تیسری باری ہے کہ قے اور اسہال آرہے ہیں میں نے حوصلہ دیا اور دوائی دے دی۔

ھوالشافی: سفوف سمی ۲ طاقت جس کا ذکر میں بخاروں سے پہلے کر چکا ہوں دے دیا اور دیگر مریضوں کی طرف چلا گیا کوئی چار گھنٹہ کے بعد واپس آیا تو مریض ٹھیک تھا۔ کہنے لگا کہ دوائی کے کھانے کے بعد نہ تو قے آئی ہے نہ اسہال' میں اب ٹھیک ہوں۔ شکریہ ادا کیا۔ دوا تین دن کے لیے دے دی گئی۔ مریض کو نہ باری کا بخار آیا نہ کمزوری رہی۔

نکات مطب: بخاروں کے دوران اور خاص کر ملیریا بخار تیہ اور چوتھیہ میں بخاروں میں قے اسہال بلکہ خون کی قے اور خون کے اسہال بھی دیکھے گئے لیکن یہ دوائی ان حالتوں میں اکسیر ہے میں نے کئی بار کا تجربہ کیا ہے۔ ہیضہ میں بھی جب اسہال اور قے آکر پیٹ صاف ہو گیا ہو اور جسم ٹھنڈا ہونے لگا ہو تو اس وقت بھی ٹھیک ہے دو تین خوراکوں سے پاخانے قے کمزوری جسم کا سرد ہونا دور ہو جاتا ہے۔

ایک لاجواب کیس

جب پاکستان بن رہا تھا تو ایک مریضہ کو بخار آنے لگ گیا۔ وارثوں نے اس کو ایک ہسپتال میں داخل کر دیا۔ چند دن کے بعد ڈاکٹر صاحب نے مریضہ کو خارج کر دیا کہ اس کا علاج ہمارے پاس نہیں۔ ان کے بعد جلدی ہی نزدیک کے مہاجر لوگ آ گئے۔ حکومت نے جلدی سے جلدی جو کام پیچھے کرتے تھے لگا دیا۔ مثلاً ڈکٹروں کو ہسپتالوں میں لگا دیا تاکہ مہاجروں کا علاج کیا کریں۔ اس مریض کو اسی ہسپتال میں مسلمان ڈاکٹر کے پاس لے گئے اور کہا کہ یہ مریضہ آگے بھی داخل رہی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے رجسٹر دیکھا تو واقعی داخل اور خارج کی تاریخ مل گئی۔ ان دنوں ہسپتال میں کونین مکسچر اور کونین کی ٹکیاں اور فیور مکسچر ہی دوا ہوتی تھی۔ لیکن کوئی اثر نہ ہوا تو ڈاکٹر صاحب نے بھی مریضہ کو خارج کر دیا ان دونوں میں ان کے رشتہ دار ملنے آئے جن کا ایک مریض لڑکا میرے علاج سے شفایاب ہوا تھا میرا نام پیش کیا

لینے آ گئے۔ میں نے جا کر مریضہ کو دیکھا ساری حکایت سنی اور علاج شروع کر دیا۔ اور وہ

علامات : ظہر کے وقت مریضہ کو بخار آتا اور ایک ایک گھونٹ پانی کی پاس لگتی تھی اور کمزوری بے حد تھی۔ مریضہ حاملہ بھی تھی۔

(۱۲۹۶) سفوف سمی ۳ طاقت

سفوف سمی ۳ طاقت کی پانچ خوراک باندھ دیں اور کہا کہ مریضہ کو ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔ دوسرے دن مریضہ کا خاوند آیا بہت خوش تھا اور کہنے لگا کہ وہ بخار جو کہ دو ڈاکٹروں سے نہیں اترا تھا ایک رات میں اتر گیا ہے۔ مریضہ آپ کا شکریہ ادا کرتی ہے۔ دو دن کی دوا مزید دے دی گئی۔ شافی مطلق نے شفا عطا فرمائی اور تمام گھرانے اور کئی لوگ صرف دیکھنے کے لیے آئے کہ وہ کون سا طبیب ہے کہ لاچار مریضہ کا بخار ایک دو دن ہی میں ٹھیک ہو گیا ہے اور کئی مریض لائے۔

(۱۲۹۷) کافور

ان دنوں میں مہاجروں کو سفر میں اسہال۔ ملیریا۔ ہیضہ۔ کمزوری عام تھی ایک نوجوان جو کہ تین ماہ سے ملیریا میں مبتلا تھا۔ مطب میں لایا گیا اور کہا کہ راستہ میں ہی بخار شروع ہو گیا تھا۔ سفر کرنا۔ زمین پر سونا۔ رشتہ داروں سے لاپتہ ہونا خوراک نہ ملنا اس سے بیمار ہونا عام تھا۔ اس مریض کو بخار ہر روز آتا تھا۔ گولیاں تیار تھیں دے دی گئیں۔ مریض راضی ہو گیا اور بھی کئی مریضوں کو دیں۔

ھوالشافی : طباشیر۔ ست گلو۔ دانہ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی۔ ایک ایک تولہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ کونین سلفاس ۳ ماشہ کی اسپغول کے شیرہ سے گولیاں بقدر دانہ نخود بنا دیں۔ یہ گولیاں بخار ہونے سے قبل ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں تو بخار پہلے دن ہی نہیں ہو گا۔ اس نسخہ میں جان بوجھ کر میں نے کونین ذکر کیا ہے اب تو نہیں ملتی اگر مل جائے تو نسخہ میں ملا کر بنا لیں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں۔ بطور حفظ ماتقدم بھی اگر یہ گولیاں کھائی جائیں تو بخار نہیں ہوتا۔ حاملہ کو بھی مفید ہیں۔ کیونکہ اس میں دوائیں ایسی شامل ہیں جو کہ خود بخار کو مفید ہیں۔ سفید رنگ کی گولیاں تیار ہوتی ہیں۔ معمول مطب رہ چکی ہیں اور کئی حکما کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔

(۱۲۹۸) حب شفا قرابادینی

حکیم محمد اسماعیل صاحب امرتسری ایک مشہور حکیم تھے کئی کتابوں کے مؤلف بھی تھے ان سے میں نے کئی ملاقاتیں کیں ایک بار میں نے بخاروں کے معاملہ میں بات کی تو فرمانے لگے کہ بخاروں کے لیے اور نسخوں کی ضرورت نہیں۔ فقط حب شفا قرابادینی کا پاؤڈر رکھ لیں اور ملیریا میں کشتہ گئودنتی ملا کر دیں اور میعادی بخار میں کشتہ سنکھ ملا کر دیں اس سے ان شاء اللہ ہر قسم کا بخار دور ہو گا تمام عمر کا معمول ہے۔

(۱۲۹۹) حکیم کپورتھلہ

ہمارے علاقے کا ایک آدمی حکمت سیکھنے کے لیے ریاست کپورتھلہ چلا گیا وہاں بڑے بڑے حکما سے ملتا رہا اور ریاست کے خاص حکماء سے بھی جو اس کے استاد کے تعلق والے تھے۔ انہوں نے دو نسخے بخار کے لیے بنائے ان کے مجرب تھے میں نے بھی آزما کر مفید پائے۔

ھوالشافی: چرائتہ کڑوا۔ کلونجی۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز کٹکی ایک ایک ماشہ۔ برگ بھنگ ۲ ماشہ۔ باریک کر کے ۹ پڑیاں بنا دیں ایک پڑیہ بخار ہونے سے پہلے دو گھنٹہ دیں۔ پہلے دن ہی بخار نہ آئے گا مجرب ہے۔

(۱۳۰۰) نسخہ لاثانی

ھوالشافی: پارہ ۳ ماشہ۔ گندھک ۷ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ ۳ ماشہ۔ شنگرف رومی صاف ساڑھے ۷ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ساڑھے ۷ ماشہ۔ جاوتری ساڑھے ۷ ماشہ۔ فلفل دراز ۱۰ ماشہ۔ لونگ ۱۷ ماشہ۔ سنڈھ ۲۱ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۲۱ ماشہ۔ زیرہ سفید ۲۱ ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں۔ پھر تمام ادویہ کو باریک کریں اور ملا کر خوب کھرل کریں۔

خوراک: ایک رتی ہے ایک لاجواب دوائی ہے۔ یہ ایک رس ہے مدت تک خراب نہ ہو گا۔ گرمی کے بخار میں آب لیموں یا آب املی سے دیں۔ بخار رفع ہو گا۔ شیر گاؤ سے بھی دے سکتے ہیں درد شکم۔ بلغم۔ کھانسی۔ زکام۔ مرض کی حالت میں شیرہ ادرک سے دیں۔ جذام اور فساد خون میں شہد کے ساتھ دیں۔ عام حالت میں تو چائے سے دے دیتا ہوں۔

نکات مطب: اس نسخہ میں میٹھا تیلیہ فی خوراک چالیسواں حصہ آتا ہے۔ اس لیے یہ بخار کو دور کرتا ہے۔ اس میں ہاضم ادویہ ہیں۔ لہٰذا یہ زبردست ہاضم بھی ہے۔ اسہال میں بھی مفید ہے۔ دمہ بلغمی میں پان کے پتے میں رکھ کر چوساتے ہیں۔ دمہ کھانسی کو دور کرتا ہے۔ چڑھے ہوئے بخار اور دردوں میں چائے سے دینے سے دردوں کو دور کرتا ہے اس کا نام روگ مار بھی ہے مناسب بدرقہ سے دیں اس طرح بلغمی سوداوی بخاروں کو لاجواب ہے۔ میں نے اس کا تجربہ کیا ہے اور مرکب بخاروں میں جس میں تمام خلطوں کا شبہ ہو دیا جا سکتا ہے۔

(۱۳۰۱) عرق بخار

ضلع گوجرانوالہ میں ایک حکیم عرق بخار تیار کرتا اور مریضوں کو دیتا تھا۔ لوگ بھی عرق بخار لے جاتے اسے اس عرق سے کافی آمدنی تھی۔ لوگ نسخہ پوچھتے مگر وہ نہ بتاتا کیونکہ اس کا روزگار تھا۔ آخر میں نے ایک دوست کو نسخہ لینے کو کہا۔ آخر نسخہ مل ہی گیا۔

ھوالشافی: گل بنفشہ ۱۰ تولہ، گل نیلوفر ۱۰ تولہ، گاؤزبان ۴ تولہ، چرائتہ ۴ تولہ، شاہترہ ۴ تولہ ملٹھی ۲ تولہ، گل سرخ ۵ تولہ، گلو $\frac{1}{2}$ ۱ پاؤ۔ خوب کلاں ۸ تولہ۔ سونف ۸ تولہ ان تمام ادویہ کا آٹھ بوتل عرق نکال لیں۔

خوراک: $\frac{1}{2}$ ۲۔ $\frac{1}{2}$ ۲ تولہ صبح۔ دوپہر۔ شام اور رات کے وقت پلائیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخار کو مجرب ہے۔ اس میں گلو ہے یہ ہر قسم کے بخار کو دافع ہے۔

خوب کلاں ہر بخار بلکہ میعادی بخار تک کو مفید ہے۔

گل نیلوفر دل کی رفتار کو اعتدال پر لاتا ہے۔

چرائتہ شاہترہ مصفی خون ہیں۔

گاؤزبان بھی نسخہ میں شامل ہے یہ مقوی قلب خواص کا حامل ہوتا ہے۔

(۱۳۰۲) بخاروں کی لاجواب گولیاں

یہ نسخہ ۱۹۴۴ء میں ملا۔ چونکہ اس میں برگ تلسی شامل ہیں۔ تلسی ہندوؤں کا مذہبی اور مقدس پودا ہے لہٰذا ہر ہندو تلسی کا پودا یا بیج اپنے گھر میں ضرور رکھتا ہے۔ دوائی تیار کرنے کی غرض سے ایک ہندو پنڈت کے گھر سے تلسی کے تازہ پتے مل گئے۔

نسخہ: برگ تلسی ۳۰۰۔ مرچ سیاہ ۳۰۰ دانہ۔ شنگرف رومی ا تولہ۔

طریقہ تیاری: کھرل میں شنگرف کے ہمراہ ایک پتہ تلسی اور ایک دانہ مرچ سیاہ کھرل کریں جب کھرل ہو جائیں تو تلسی ایک حصہ اور مرچ کا ایک دانہ مزید ڈال کر کھرل کرنا شروع کر دیں یوں ۳۰۰ پتے اور مرچ کے دانے کھرل کریں۔ اور اس کے بعد چنے کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: بخار خواہ باری سے آتا ہو، تیہ ہو یا چوتھیہ یا روزانہ آتا ہو ایک گولی دو عدد بیر کے پتوں میں لپیٹ کر کھلا دیں۔ انشاء اللہ بخار اسی دن اتر جائے گا۔ بصورت دیگر اگلے دن ایک گولی اور دیں جن دنوں میں نے یہ گولیاں تیار کی تھیں ان دونوں بخار عام تھے۔ جس مریض کو بھی یہ گولی دی اس کا بخار اتر گیا

نوٹ! تلسی ایک ایسی بوٹی ہے جو کہ ملیریا بخار سے لے کر دق تک میں مفید ہے اس میں مرچ سیاہ اور شنگرف کامل کر صلا یہ ہو جانا بلغمی امراض کو فائدہ مند ہو جاتا ہے۔

شنگرف چونکہ رسائن بدن اس واسطے یہ گولیاں مقوی جسم بھی ہیں۔ صاحب نسخہ اس دور میں یہ گولی ایک روپیہ کی دیتا تھا جب گندم کی قیمت بھی ایک روپیہ من تھی۔ نسخہ مجرب بلغمی کھانسی کو بھی مفید ہے۔

(۱۳۰۳) صدری راز (عرق بخار)

ایک حکیم صاحب عرق تیار کرتے تھے۔ اور ۵ روپے فی بوتل فروخت کرتے تھے۔ بخار کے مریض لے جاتے تھے۔ حکیم صاحب یہ عرق چوبارہ نکالتے تھے۔ اس عرق کے دینے سے بخار اترنے پر حکیم صاحب کو ۱۲ مرلہ کا پلاٹ بھی انعام میں ملا تھا۔ مریض ایک ہندو پنڈت تھا اسے تیہ بخار تھا۔ لوگ اسے تپ دق تشخیص کرتے تھے۔ لیکن اس عرق سے پنڈت کو شفا مل گئی۔ حکیم صاحب نے اس عرق کے بارے میں ایک نظم بھی لکھ رکھی تھی۔ نسخہ حکیم کے دادا کا تجویز کردہ تھا۔ نسخہ مجرب ہے۔

ھوالشافی: گلو سبز، دھنیا خشک، اجوائن دیسی، سونف، چرائتہ، بنفشہ، چھال نیم ۵، ۵ تولہ۔ پانی ۸ گنا۔

طریقہ تیاری: تمام ادویہ کو پانی میں ملا کر عرق نکال لیں۔ حاصل شدہ عرق میں مزید ادویہ ۵،۵ تولہ ملا کر عرق نکال لیں۔ یوں آپ سہ یا چار آتشہ عرق تیار کر سکتے ہیں۔ ادویہ کا وزن ۳۵ تولہ بنتا ہے۔ آپ اس میں ۸ بوتل پانی ڈال کر ۶ بوتل عرق نکال لیں۔ دوسری دفعہ عرق میں ۲ بوتل پانی بھی شامل کر لیں۔ تیسری دفعہ بھی ۶ بوتل پانی ملا کر اور مزید تازہ نئی ادویہ ڈال کر کشید کر لیں۔ یہ ایک سینہ کا راز تھا۔ میں نے بہت مشکل سے حاصل کیا اب افادہ عام کے لئے حاضر ہے۔ فائدہ حاصل کریں یہ عرق مصفی خون اور ہاضم بھی ہے۔

(۱۳۰۴) ایک خاندانی حکیم کا راز

یہ نسخہ دینے والے حکیم صاحب نے کہا تھا کہ ہمارے خاندان کا اور میرا ذاتی مجرب ہے۔ آپ کو پیار کی وجہ سے بتا دیا ہے۔

ھوالشافی: گلو، افسنتین، اتیس ایک ایک تولہ۔ طباشیر نقرہ، دانہ الائچی خورد، ست گلو، مغز تخم کرنجواہ ۶،۶ ماشہ۔

طریقہ تیاری: تمام اجزا کو اچھی طرح باریک کر لیں۔

طریقہ استعمال: ۴،۴ رتی صبح شام ہمراہ عرق افسنتین وگلو دیں۔

فوائد: اس دوا کے استعمال کرانے سے بعض اوقات مریض کو تیز بخار ہو جاتا ہے اگر بخار تیز نہ بھی ہو تو ہر وقت خفیف بخار کی کیفیت موجود رہتی ہے۔ جسم کم وبیش کبھی گرم کبھی سرد۔ بخاروں کو مجرب ہے۔

بقول علامہ فرید احمد عباسی افسنتین جسم کی باریک رگوں سے بخار کو نکال دیتی ہے۔

ملیریا بخار

ملیریا بخار کا مریض بعض اوقات اس قدر کمزور ہو جاتا ہے کہ اس کا رنگ زرد اور کمی خون غلبہ پا جاتی ہے۔ اس موقع پر تین امور کا خیال رکھیں۔

1. ہاضمہ کی اصلاح کریں۔
2. ملیریا کے زہر کو جسم سے خارج کریں۔
3. نیا خون پیدا کرنے والی ادویہ اور غذا دیں۔ غذا میں تازہ انگور، سیب، ناشپاتی

آزادی سے دیں۔

یہ نسخہ بڑے حکماء کا مجرہ ہے۔ میرا بھی مجرہ ہے۔

(۱۳۰۵) رسائن بدن

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ، سم الفار سفید ۴ رتی، تمام ادویہ کو باریک کرنے کے بعد مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراك: ایک' ایک گولی صبح شام بعد از طعام ہمراہ خیساندہ گلو۔ چرائتہ ۳،۳ ماشہ دیں۔

ان گولیوں کے استعمال سے اعصاب قوی ہونگے۔ جگر نیا اور صالح خون پیدا کرنا شروع ہو جائے گا۔ بھوک کھل جائے گی اور مریض ہر طرح آرام محسوس کرے گا۔

مزید برآں یہ گولیاں از حد مقوی باہ بھی ہیں۔

کئی حکماء نے ان گولیوں کی تعریف کی ہے۔ دودھ گھی ان کے استعمال سے ہضم ہو جاتا ہے۔ پرانے سے پرانا ملیریا بخار پہلے دن ہی اتر جاتا ہے۔

یہ گولیاں مقویات کا خزانہ ہیں۔ رسائن بدن ہیں۔ آپ بھی تیار کر کے مطب میں رکھیں۔ بلغمی امراض کو دفع کرتی ہیں۔ قوت باہ کی کمی والے مریضوں کو دیں۔

(۱۳۰۶) مرچوں کا لیپ

میں ایک رشتہ دار کے ہاں گیا۔ وہاں ہنگامہ شادی بپا تھا۔ برات اگلے دن آنا تھی۔ ایک ہم زلف الگ بیٹھا تھا کوئی کام نہ کر رہا تھا۔ استفسار پر اس نے بتایا کہ مجھے بخار چڑھ جاتا ہے وہ کام نہیں کرنے دیتا۔ میں نے اسے کہا آج کے بعد بخار نہیں آئے گا۔ اس نے کہا دوا تو تمہارے پاس ہے نہیں بخار کیسے اتارو گے۔ میں نے کہا یہ تمہاری نہیں اب میری سر درد ہے۔ اس کی شہادت کی انگلی نصف کے قریب میں نے اسی گھر سے سرخ مرچ پسی ہوئی پانی میں بھگو کر موٹا لیپ کر دیا اور اوپر کپڑا لپیٹ دیا اور اسے کہا کہ جب جلن ہو پانی سے تر کر لے۔ وہ شخص سارا دن مختلف کاموں میں مصروف رہا اور اسے بخار نہ ہوا۔ شام کے وقت مرچوں کا لیپ اتار کر گھی سے اس کی انگلی چپڑ دی۔ اس کے بعد وہ شخص کہنے لگا کہ عجب بات ہے آپ

کے میری انگلی پر مرچیں لپیٹنے سے بخار کیسے رفع ہو گیا۔ اور نہ ہی مجھے کوئی اور دوا لینے کی ضرورت پیش آئی ہے۔

سوال: کیوں نہ ہوا؟

جواب: گذشتہ صفحات میں لکھ آیا ہوں کہ بخار سے قبل جب سردی لگتی ہے تو باہر کا خون اندر کی طرف جاتا ہے جب مرچوں کا لیپ لگا دیا گیا تو خون اندر جانے کی بجائے انگلی کی طرف آ گیا اور بخار نہ ہوا۔

نکتہ: دنیا میں طب کی جتنی بھی رائج اقسام ہیں یا دنیا میں جتنی بھی قسم کے علاج ہیں ان میں شفایابی کے تین فلسفے کام کرتے ہیں۔

1. علاج بالضد (سردی کا گرمی سے علاج)
2. علاج بالمثل (گرمی کا گرمی سے علاج)
3. علاج بالامالہ (طبیعت کو دوسری طرف موڑ دینا)

لہٰذا میں نے بھی مرچوں کا لیپ کر کے علاج بالامالہ کیا۔ اس طرح جلد پر خراش دار مالش کرنا یا بخاروں میں پاشویہ (پاؤں دھونا) کرنے سے بھی مطلب برآری ہو جاتی ہے۔ یہ سب حکمت کی باتیں ہیں۔ عام آدمی کا ان سے کیا تعلق۔

(۱۳۰۷) چینی

میں ایک طبیب کے مطب میں بیٹھا تبادلہ خیالات کر رہا تھا کہ اچانک میں نے حکیم صاحب کو بخاروں کے متعلق تجربہ پوچھا۔ وہ فرمانے لگے مجھ کو بخاروں میں شیر مدار سے کافی تجربات حاصل ہوئے ہیں۔

ھوالشافی: شیر مدار ایک تولہ، چینی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: چینی اور شیر مدار کو اچھی طرح کھرل کرنے کے بعد اس میں قدرے رنگ ملا دیں۔ یہ بخار کی نوبت سے پہلے کھلائیں۔ اس سلسلہ میں رنگوں سے علاج کی کتب کو زیر مطالعہ رکھیں۔ (عنقریب ادارہ مطبوعات سلیمانی سے بھی چھپ کر آپ کے سامنے آ جائے گی)۔

مقدار خوراک: ایک رتی۔

اس سفوف کے دینے سے ابتدائی طور پر بخار قدرے بڑھے گا لیکن بعد میں اتر جائے گا۔ اس کے ہمراہ جوشاندہ خوب کلاں، مویز منقی وغیرہ دینے سے دانے بھی نکل آتے ہیں۔ میں ذاتی طور پر اس کا تجربہ کر چکا ہوں۔ جیسے۔

ایک رتی سفوف مذکورہ بالا میں ۳ ماشہ سفوف ملٹھی ملا کر صبح شام کھلانے سے نزلہ دائمی، کھانسی اور بلغمی دمے والے کو مفید پایا ہے۔ گذشتہ صفحات میں سفوف عشر لکھا ہے۔ اس کا دوسرا نمر یعنی ہومیوپیتھی کی زبان میں ۲x تیار ہو تو اس کو ایک، ایک رتی صبح شام کھلا دیں تو پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔ اور اگر اترے ہوئے بخار والے مریض کو ۲-۲ گھنٹہ بعد ایک خوراک دے دیں تو مثل کونین کے بخار روک دیتا ہے نیز اس سفوف کی نسوار بھی دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ ہومیوپیتھی x طاقت کے فارمولا کے مطابق بھی تیار کر سکتے ہیں۔

شیر مدار خشک ا ماشہ، چینی سفید ۹ ماشہ

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد: زبردست ہاضم، دافع، بخار اور کھانسی ہے، مصفی خون ہے۔

اسہال، مروڑ اور قے میں ایک چاول ہمراہ سفوف دارچینی ایک ماشہ میں ملا کر کھلانا مفید ہے۔

(۱۳۰۸)

ایک مریض نے مجھے بتایا کہ ہمارے گھرانے کو بخار نے گھیر لیا ہے۔ ایک حکیم نے مجھے عرق کا نسخہ بتایا میں نے عرق کشید کر کے اپنے تمام بال بچوں کو پلانا شروع کیا تو تمام گھرانا تندرست ہو گیا۔ اس دن سے ہم بخار کے موسم میں تیار کر لیتے ہیں، رشتہ دار بھی لے جاتے ہیں۔

ھوالشافی: پیلک، تخم کاسنی، گلو سبز، اجوائن دیسی، سونف ہر ایک ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری: آٹھ بوتل پانی ڈال کر ۵ بوتل عرق کشید کر لیں۔ فی بوتل آٹھ تولہ دوا آ جائے گی اس وجہ سے عرق کافی تیز ہو گا۔

نکتہ: عام بخاروں اور خاص کر ملیریا بخار میں معدہ اور جگر و امعاء کی خرابی ہوتی ہے۔ اندر ورم بھی ہوتا ہے۔ اس نسخہ میں موجود پیلک ،کاسنی، اور سونف سے اندرونی ورم بھی دور ہو جاتے ہیں نیز دیسی اجوائن بھی دافع بخار ہے۔

(۱۳۰۹) نسخہ بخار مزمن

ضلع گوجرانوالہ میں ایک لوہار سلائی مشینوں کا کام کرتا تھا۔ ایک دفعہ اتفاق سے مجھے ملا۔ تعارف ہوا تو معلوم ہوا کہ علاج معالجہ سے بھی دلچسپی رکھتا ہے۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ کہاں کے رہنے والے ہو۔ میں نے اپنے گاؤں کا نام اور اپنی ذات برادری کا تعارف بھی کروایا تو کہنے لگا کہ میرے پاس ایک نسخہ ہے لے لو۔ میری عمر ۱۰۰ برس کے لگ بھگ ہے کہیں نسخہ لے کر قبر میں ہی نہ اتر جاؤں۔ بخاروں میں مجرب ہے۔

ھوالشافی: گلوسبز ۹ ماشہ، تخم کاسنی ا تولہ، اجوائن دیسی ۴ ماشہ، سونف ۶ ماشہ،

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو اچھی طرح گھوٹ کر صبح شام پلا دیں۔

اس کے پلانے سے مزمن (پرانے، کہنہ) بخار دور ہو جاتا ہے میں نے کئی آدمیوں کو بتلایا ہے سردیوں میں معمولی گرم کے کر کے پلائیں۔ لاجواب چیز ہے۔

(۱۳۱۰) حکیم دیوی داس

مشہور ہندو حکیم دیوی داس نے بخاروں کے علاج کی جو دوا ''ماءشفاء'' کے نام سے پیش کی تھی۔ وہ دوا عرق کی شکل میں بنتی ہے۔

ھوالشافی: گوند کیکر ایک تولہ۔ امرت دھارا۔ ۱۲ قطرے

ترکیب تیاری: گوند کیکر کو کھرل میں ڈال کر باریک کریں پھر امرت دھارا کے ۱۲ قطرے ڈال کر کھرل کریں۔ جب دونوں چیزیں یکجان ہو جائیں تو ایک بوتل پانی کشید شدہ میں ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۲½۔ ۲½ تولہ پلائیں۔

فائدہ: بخار کی حالت میں ہونے والی پیاس، جلن، قے، اسہال، منہ کا خراب ذائقہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میں نے تیار کر کے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔

(۱۳۱۱) اترے ہوئے بخار کی حالت

اترے ہوئے بخار کی حالت میں مغز کرنجوہ، اتیس اور کٹکی اصلی مساوی الوزن کا سفوف تیار کریں۔

خوارك: ایک ماشہ

فائدہ: بخار سے قبل کھلانے سے آتا ہوا بخار بھی رک جاتا ہے۔

چرائتہ کا رُب بنا کر بقدر دانہ نخود (چنا) گولیاں بنالیں۔

صبح، دوپہر، شام کھلانے سے ملیریا رک جاتا ہے۔ خون صاف ہو جاتا ہے۔ یہ وہ نکات ہیں جو عام لوگوں کے پاس نہیں ملتے۔

(۱۳۱۲) خیساندہ بخار سوداوی

سوداوی بخار بالعموم چوتھے روز آتا ہے۔ قبض دور کر کے یہ دوا استعمال کریں۔

هوالشافی: گل بنفشہ ۶ ماشہ، گلو سبز ایک تولہ، سونف ۶ ماشہ، چرائتہ ۳ ماشہ، شاہترہ ۳ ماشہ، گاؤ زبان ۳ ماشہ، چھال نیم ۳ ماشہ، سفوف ملٹھی ایک ماشہ۔

ترکیب تیاری: رات کے وقت ایک پاؤ گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح نتھار کر شہد یا مصری ملا کر پلا دیں۔ نیز اس کے ہمراہ ۶ ماشہ خوب کلاں صاف کر کے اس کے ہمراہ دیں۔ مزمن سے مزمن بخار بھی دور ہو گا۔ مجرب ہے۔

(۱۳۱۳) امر بیل

هوالشافی: افتیمون (امر بیل)۔ بسفائج۔ منقی۔ چرائتہ، پاپڑہ، تخم کاسنی، بیخ سونف، گلو ہر ایک ۴۔۴ ماشہ، عناب ۹ دانے صبح شام جوش دے کر اسے شیریں بنا کر پلائیں۔ سات روز کے کے بعد مسہل دے کر پھر پلا دیں۔

فوائد: اس نسخے کے استعمال سے ہر وقت چڑھا رہنے والا خفیف بخار۔ چوتھے روز تنگ کرنے والا بخار جس سے چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اس کے علاوہ بلغمی بخار جس میں منہ پھیکا رہتا ہے۔ جگر بھی خراب نظر آتا ہے۔ نیا یا پرانے سے پرانا بخار رفع دفع ہو جاتا ہے۔

(۱۳۱۴) لاجواب نسخہ

یہ نسخہ میں نے مجربات کی متعدد کتب میں دیکھا ہے۔ اکثر اطباء اپنے مطب میں اسے تیار کرتے ہیں۔ میں نے خود بھی کئی مرتبہ اسے تیار کر کے مریضوں کو دے کر فائدہ حاصل کیا ہے۔ اس نسخے کا نام مرتیونجیہ رس ہے۔ (آیورویدک فارما کوپیا مطبوعہ ادارہ سلیمانی کے صفحہ ۶۳۳ پر درج ہے)۔

ھوالشافی: بچھناگ (میٹھا تیلیہ) مدبر ایک تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، گندھک آملہ سار مدبر، سہاگہ (تنکار) بریاں ایک ایک تولہ، شنگرف مدبر ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: آب ادرک کے ساتھ رگڑ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی ہمراہ شہد یا آب ادرک یا صرف شہد گرم پانی میں ۳ یا ۴ گھنٹے بعد دیں۔ یہ مقدار جوان آدمی کے لئے ہے۔

بچوں کو ایک چاول سے ایک رتی تک آٹھ پہر میں دیں۔

یہ آیورویدک نسخہ ہے۔ ہر قسم کے بخار خواہ نوبتی۔ دائمی یا میعادی ہو اور کسی بھی خلط سے پیدا شدہ ہو اس سے دور ہو جاتا ہے۔

آب لیموں کے ہمراہ دینے سے سنپات اور بدہضمی کے سبب پیدا ہونے والے بخار ایک ہفتہ میں دور ہو جاتے ہیں۔ کسی بھی وید کا صدوقچہ اس دوا سے خالی نہیں ہوتا۔ میں نے خود اس دوا سے کئی مریضوں کے خطرناک بخار اتارے ہیں۔

یہ رس زبردست ہاضم ہے۔ اس کے استعمال کرنے سے دودھ گھی بھی ہضم ہونے لگتا ہے۔ ملیریا بخار کا زور صرف ایک گھنٹہ میں کم ہو جاتا ہے۔ اس کا ذکر میعادی بخار کے ضمن میں آئے گا۔

اس کے علاوہ نزلہ، زکام، رعشہ، تھکاوٹ اور سردی کے بخار میں مفید ہے۔ اس سے پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔

حلق کی سوجن اور کن پیڑے کے مرض میں بھی مفید ہے۔ اس سے ملتا جلتا نسخہ "آنند بھیرورس" بھی ہے۔ (نسخہ آیورویدک فارما کوپیا کے صفحہ ۵۱۷ پر درج ہے)۔ یہ نسخہ بھی مجرب

ہے۔ بلکہ ایک طبیب کا تو لا جواب مجرب ہے۔ بحر کیف اس نسخہ کو تیار کر کے مطب میں ضرور رکھیں کیونکہ لا جواب نسخہ ہے۔

(۱۳۱۵) کافوری نسخہ

بعض اوقات بخار اترنے کا نام ہی نہیں لیتا خفیف مقدار میں ہر وقت رہتا ہے۔ ایسے بخار کے لئے مریض کا پاشویہ کریں۔

ھوالشافی: کافور ۲ ماشہ، روغن زرد ۴ تولہ، ملا کر گرم کرنے کے بعد مالش کریں۔ اس کے بعد پسینہ دلوائیں اس دوران مریض کا منہ ننگا رکھیں۔ یوں بخار ایک دن میں اتر جائے گا۔

چھال مدار باریک کروالیں اور ۲ رتی لیں۔

سوڈا سیلی سلاس، فنے سیٹین، ۵، ۵ تولہ۔ گیری ۶ ماشہ ملا کر تینوں کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

خوراک: ایک تا ۲ ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

(۱۳۱۶) نسخہ بخار

ھوالشافی: پھٹکڑی پھلہ ایک رتی سفوف سمی ۲۔ ایک رتی ملا کر بخار آنے سے پہلے ۳ رتی خوراک گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ انشاء اللہ بخار اتر جائے گا۔

ترکیب تیاری: کشتہ گاؤنتی ۵ تولہ لے کر برگ نیم یا گلو یا برگ کیکر یا کوار گندل یا چاروں کے ۲۰ تولہ نغدہ میں رکھ کر ۱۵ کلو اپلو کی آگ میں کشتہ کریں۔ لا جواب دوا تیار ہوگی۔

بخار کمزوری

جب بھی بخار کا مریض آئے اس کا پیٹ دیکھیں کہ

- تلی یا جگر بڑھا ہوتو نہیں ہے۔
- بھوک لگتی ہے یا نہیں۔
- کمی خون کی علامت جلد کی رنگت (زردی) ملاحظہ کریں۔
- جگر (عظم کبد) بڑھا ہوا تو نہیں۔

عظم کبد کی صورت میں فولاد کا کوئی مرکب نہ دیں۔اگر نہ بڑھا ہوتو فولاد کے مرکب دیں۔اور ہاضمہ کی اصلاح کریں۔ جب کبد نوشادری کے ہمراہ کشتہ فولاد کر دیں۔اور غذا چند دن نرم رکھیں۔ اور کمزوری عامہ کو دور کرنے کے لئے مشہور مرکبات خمیرہ گاؤزبان عنبری ابریشم حکیم ارشد والا۔

خمیرہ ابریشم شنبر وعناب والا، دوائے مسک معتدل جواہر والی۔ ۶،۶ ماشہ غذا سے دیں۔

غذا کے بعد جوارش جالینوس ۶،۶ ماشہ ضرور دیں۔اس سے دل، دماغ، جگر، گردے، مثاہ اور معدہ ٹھیک کام کرنے لگ جاویں گے۔ اگر یہ نسخہ جات نہ ہوں تو ذیل کے نسخہ جات تیار کر کے دیں۔

کچلہ مدبر۔اتیس، کشتہ فولاد ایک ایک تولہ

شہد سے گولیاں نخودی بنا کر بعد از غذا دودھ آدھ کلو سے دیں۔نیم مردہ انسان بھی چند روز میں خوبصورت ہو جائیں گے۔دل ودماغ کام کرنے لگ جائیں گے۔

(۱۳۱۷)نسخہ

ھوالشافی: ہیراکسیس ایک حصہ،مغز تخم کرنجوہ ۲ حصہ،اتیس ایک حصہ

تینوں کو باریک کرنے کے بعد ۲،۲ رتی کیپسول میں بھر کر دیں۔اس سے نرم بخار دور ہوگا اور کمی خون بھی دور ہوگی۔یا......

(۱۳۱۸)نسخہ

ھوالشافی: کشتہ فولاد ۱۰۰ حصہ، سم الفار سفید ایک حصہ آب لیمو یا آب انگور میں کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی دن میں ۳ مرتبہ۔

اس نسخہ کے استعمال سے دوران بخار پیدا ہونے والی کریات خمرہ (خون کے سرخ جسموں) کی کمی بھی دور ہو جاتی ہے۔یا......

(۱۳۱۹) نسخہ

هوالشافی: برگ چرائتہ ۱۰ حصہ، کشتہ فولاد ایک حصہ، آب لیموں میں کھرل کریں۔ اور دانہ نخود برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: غذا کے بعد ۲ گولی دیں۔

(۱۳۲۵) مقوی

اس دوا کے استعمال سے معدہ وجگر کی کمزوری ہوگی۔ دل ودماغ کی کمزوری زیادہ ہوتو مروارید ناسفتہ ۱ تولہ، زیرہ مہرہ خطائی ۱۰ تولہ عرق گلاب میں ۴ تولہ پہر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا خمیرہ گاؤ زبان سادہ میں رکھ کر کھلانا دل ودماغ کو ازحد طاقتور کردیتا ہے۔

یہ تمام نسخہ جات جو کہ میں نے درج کئے ہیں۔ مریض کے دل ودماغ، جگر ومعدہ کی کمزوری دور کر کے مریض کی صحت بحال کردیں گے۔ میں نے تقریباً چار ہزار کتاب پڑھی ہے۔ لیکن کسی ایک کتاب میں ایک جگہ اتنے مجربات ومرکبات نہیں دیکھے۔ آپ کی خدمت میں اکٹھے لکھ کر پیش کردیئے ہیں۔ آپ میرے لئے دعا خیر ہی کردیں۔

میعادی بخار

زیادہ دیر رہنے والا بخار یہ بخار بالعموم ۱۴، ۱۸، ۲۱ اکثر ۴۲ یا ۴۸ دن تک رہتا ہے۔ بلکہ اگر درست علاج نہ ہوسکے تو کئی ماہ بلکہ دو تین سال تک چلا جاتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ بخار اتنے دنوں تک برقرار رہتا ہے؟

میری ذاتی تحقیق کے مطابق ہمارے جسم میں دوڑنے والے خون پر جو چیز اثر انداز ہوتی ہے خواہ صفراء ہو یا بلغم یا سودا یا بیرونی اثرات مثلاً چوٹ وغیرہ۔ اس کو دور کرنے کے لئے قوت مدبرہ جو کہ ہروقت انسان کی محافظ ہے۔ یہ قوت انسانی جسم پر ہونے والے ان اثرات کو دور کرنے چاہتی ہے۔ اس کوشش کے انجام کار جو حرارت پیدا ہوتی ہے وہ بخار کہلاتی ہے۔

اس بات کی وضاحت کے لئے دو مثالیں پیش کرتا ہوں۔

۱ گرمی کے موسم میں یا ورزش و مشقت کرنے سے پسینہ آتا ہے۔ یہ پسینہ وہ قوت اس لئے لاتی ہے کہ جسم گرمی سے جل نہ جائے اور سردی کے موسم میں یہی قوت اندرون جسم بھاپ پیدا کرتی ہے تاکہ اندر گرمی موجود رہے اور جسم سردی سے محفوظ رہے۔

۲ مریض کو کبھی خود بخود ہی پیشاب جاری ہو جاتا ہے۔ اور کبھی خود ہی کم ہو جاتا ہے۔ کبھی دست آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ کوئی اسہال آور دوا نہ کھائی تھی۔ اور پھر خود ہی اسہال بند ہو جاتے ہیں۔ یہ کام قوت مدبرہ کرتی ہے۔ چوٹ لگنے کے نتیجہ میں اگر مواد زیادہ نکلے تو بخار شروع ہو جاتا ہے۔ اگر مواد کم نکلے گا تو بخار کم اور آرام کا وقت زیادہ ہوگا۔ لہٰذا جب مواد زیادہ ہونگے تو بخار بھی زیادہ ہوگا اور جب مواد ختم ہو جائے گا تو آخر میں پسینہ یا اسہال نکسیر یا پیشاب زیادہ آ کر بخار اتر جائے گا۔ اس حالت کو اصطلاح طب میں بحران کہا جاتا ہے۔

بخار کی علامات:

۱ بخار قدرے سردی لگ کر ہوتا ہے یا بغیر سردی لگے ہی جسم گرم ہو جاتا ہے۔

۲ جسم کی حرارت ۱۰۲، ۱۰۳ بلکہ ۱۰۴ درجہ فارن ہائیٹ تک ہو جاتی ہے۔

۳ چوبیس گھنٹے میں کسی لمحہ درجہ حرارت کم ضرور ہوتا ہے لیکن نارمل پھر بھی نہیں ہوتا۔

۴ بعض اوقات صبح کے وقت درجہ حرارت نارمل ہوتا ہے دوپہر ایک بجے بڑھ جاتا ہے اور شام کے وقت درجہ حرارت قدرے کم ہو جاتا ہے۔ لیکن رات کے وقت پھر تیز ہو جاتا ہے۔

۵ پسینہ نہیں آتا اگر آئے بھی تو انتہائی قلیل وہ بھی صرف چہرہ پر آتا ہے۔ لیکن بخار پھر بھی نہیں اترتا۔

نکتہ:

یہی بخار اگر لمبے عرصہ تک رہے تو تپ دق میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ چھاتی بھی

مبتلائے مرض ہو تو سل ہو جاتی ہے۔

علاج:

مریض اور اس کے لواحقین سے تمام سرگزشت سننے کے بعد فیصلہ کریں۔ اگر مریض سر درد کا اظہار کرے تو دماغی سرسام کی طرف توجہ دیں۔ اگر پیٹ کے حصہ میں درد بیان کرے تو ورم جگر ورم طحال اور درد گردہ کا خیال کریں۔ اس مرض میں آنتیں عام طور سے مبتلا ہوتی ہیں۔ کوئی ٹھوس غذا نہ دیں۔

قبض ہونے کی صورت میں ہلکے قبض کشا سے قبض دور کریں۔

بخار اتارنے کے لئے کبھی بھی پسینہ آور دوا نہ دیں ورنہ بخار گلے کا ہار بن جائے گا تاہم بایوکیمک کے دوا ٹشو سالٹ فیرم فاس (12x.30x.200) ایسی دوا ہے جسے آپ ہر حال میں دے سکتے ہیں فیرم فاس (12x) طاقت سے کم میں استعمال نہ کریں ورنہ پھر مریض خراب ہوگا۔ البتہ کینسر کے مریض کو (3x) طاقت میں بھی استعمال کروا سکتے ہیں۔

(۱۳۲۱) بخار کا علاج

ٹشو سالٹ فیرم فاس ہر حال میں استعمال کروا سکتے ہیں۔ میں ذاتی طور پر فیرم فاس (6x) طاقت دیتا ہوں۔

ھوالشافی: خمیرہ مروارید کھلا کر اوپر سے عناب ۵ دانے۔ مویز منقیٰ ۵ دانے، انجیر ۳ دانے، خوب کلاں ۵ ماشہ، پانی ۳ پاؤ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو پانی میں جوش دے کر سفید چینی ملا کر پلانا مفید ہے۔

نکتہ: اس نسخہ میں شامل عناب مسکن چیز ہے جو پیاس اور خشکی کو دور کرتا ہے۔

مویز منقیٰ مقوی قلب ہے آنتوں پر خفیف ملین اثر کرتا ہے۔

انجیر بھی مقوی اور ملین ہے۔ پیشاب کا ادوار کرتی ہے۔ جگر اور طحال کے سدوں کو کھولتی ہے۔ خوب کلاں معروف پسینہ آور دوا ہے۔ بخار کو اتارتی ہے۔

یہ تمام ادویہ مریض کے لئے مفید ہیں۔ اس کی آنتوں اور مثانہ کا فعل باقاعدہ رہتا ہے

جس کی بناء پر سمی مادوں کے اخراج میں مدد ملتی ہے۔
خشکی اور پیاس رفع ہوتی ہے اور مریض کو تھوڑی بہت غذائیت بھی ملتی ہے۔
خمیرہ مروارید بہترین مقوی قلب ہے۔ یہ مریض کو کے دل کو فیل ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

یہ نسخہ معیادی بخار، خسرہ چیچک اور موتیا سیتلا میں یکساں مفید ہے۔

آنتوں میں زخم ہو جانے کی صورت میں سنگ جراحت ایک ماشہ، دم الاخوین۔ گیری ایک ماشہ، طباشیر نقرہ ایک ماشہ تمام اجزاء کو اچھی طرح، باریک کر کے شربت انجبار ۲ تولہ میں ملا کر چٹا دیں۔ اوپر سے جب الآس ۳ ماشہ، تخم بارتنگ ۳ ماشہ، جڑ انجبار ۳ ماشہ پانی میں جوش دے کر شربت انجبار ۲ تولہ میں ملا کر پلا دیں، ایسی چار خوراک آٹھ پہر میں دے دیں۔ اس سے انشاء اللہ آپ کا مریض تندرست ہو جائے گا۔ لاکھ نسخوں سے مجرب ہے۔ اگر اس کو ہی کھایا جاوے اور غذا نرم رکھی جائے تو کسی اور دوا کی ضرورت نہ ہوگی۔

(۱۳۲۲) خاندانی نسخہ

ایک خاندان کا مجرب نسخہ ہے اس خاندانی نسخہ سے ان لوگوں نے متعدد افراد کا علاج کیا اور بگڑے سے بگڑے مریض تندرست ہو گئے۔ چونکہ صاحب نسخہ میرے دوست تھے انہوں نے کمال مہربانی سے ساری ترکیب لکھ دیا۔

ھوا لشافی: خوب کلاں، بنفشہ، پرسیاؤ شان، گاؤزبان، گل گاؤزبان، عناب، مویز منقیٰ، انجیر، گاجر خشک ۶، ۶ ماشہ، گلقند ۵ تولہ۔ پانی ایک بوتل۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو ایک بوتل پانی میں ڈال کر اچھی طرح سے پکائیں۔ یہ مقدار ایک مریض کو آٹھ پہر کے لئے کافی ہے۔ اس کے ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ابریشم والا ایک تولہ آٹھ پہر میں کھلائیں جوشاندہ کو شہد مصری یا گلوکوز سے شیریں بنالیں اور

خوراک: کشتہ ابرک سیاہ کی ایک ایک رتی آٹھ پہر میں ۳ خوراک دیں۔ اس نسخہ کی وجہ سے وہ خاندان اس علاقے میں مشہور تھا کہ میعادی بخار کا کوئی معالج اس علاقہ میں اگر کوئی ہے تو یہ خاندانی حکیم ہے۔ اس نسخہ کو تیار کریں اور فائدہ حاصل کریں۔ میرے اور صاحب نسخہ

کے حق میں دعائے خیر کریں۔

فائدہ: کھانسی کو دفع کرتا ہے۔ اندر دبے دانے باہر نکل آئیں گے۔ قبض دور ہوگی۔ پیشاب کھل کر آئے گا اور بخار بھی زیادہ نہ بڑھے گا۔

کشتہ ابرک سیاہ اندرونی زخموں کو بھی مجرب ہے۔

حکیم محمد اسماعیل صاحب امرتسری کی ذات کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ انہوں نے پرچہ لقمان نظام آباد میں یہ نسخہ ۱۹۵۱ء میں شائع کروایا تھا۔ اس مرض میں لاجواب ہے۔

(۱۳۲۳)

هوالشافي: کشتہ سنگ پشت ۱ تولہ۔ کشتہ سنکھ ۱ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مروارید ½ ۱ ماشہ باریک کر کے ملا کر رکھیں۔

خوراک: ۲۔۲ رتی ہمراہ جوشاندہ (عناب، مویز منقیٰ، خوب کلاں) دیں ایک لاجواب نسخہ ہے۔ اصولاً بھی ٹھیک ہے۔ مقوی قلب ہے۔ بخار کو توڑ کر دانے باہر نکالتا ہے۔

طریقہ کشتہ سنگ پشت: سنگ پشت لے کر اوپلوں میں رکھ کر آگ لگا دیں وہ جل کر کھل جاویں گی۔ اس کے بعد ان کو ہاون دستہ مین کوٹ کر باریک کریں اور عرق گلاب میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر بند کر کے آگ دیں۔ مثل سرمہ باریک کریں۔ یہ کشتہ لاجواب مسلم ہے۔

(۱۳۲۴) کشتہ سنکھ:

سنکھ کو چار گنا کرنڈ بوٹی میں رکھ کر آگ دیں کہ پھول کر کشتہ ہو جائے پھر باریک کر لیں۔ دونوں کشتے الگ الگ تیار کرنے کے بعد پانی میں ڈال کر ایک دن رات رکھ کر باریک کر کے خشک کریں۔ اگر ایسا نہ کیا تو کشتہ زبان پر لگتے ہی زبان کو پھاڑ دے گا۔

اس نسخہ کے استعمال سے بگڑا ہوا کیس ۲، ۳ دن میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ تیار کر کے مطب میں رکھیں۔

بگڑا ہوا میعادی بخار

میں دوائی کو آگ دینے کے لئے کنارے بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی نے آکر رونا

شروع کر دیا۔ میں نے پوچھا کہ بھائی رونے کا کیا سبب ہے۔ کہنے لگا میرے لڑکے کو گذشتہ چوبیں گھنٹے سے نکسیر آ رہی ہے۔ کئی کپڑے خراب ہو چکے ہیں۔ آپ چل کر بیمار لڑکے کو دیکھ لیں۔ جا کر دیکھا تو لڑکے کو واقعی نکسیر آ رہی تھی۔ استفسار پر اس کی ماں نے بتایا کہ لڑکے کو ڈیڑھ ماہ سے بخار آ رہا ہے۔ کبھی کم ہوتا ہے کبھی زیادہ لیکن اترنے کا نام ہی نہیں لیتا کئی علاج کروا چکے ہیں۔

علاج: کشتہ پھٹکڑی اماشہ کو ایک تولہ پانی میں حل کر کے وہ پانی لڑکے کی ناک میں ٹپکایا اور روئی اس میں تر کر دونوں نتھنوں میں رکھ دی۔ نکسیر فوراً بند گئی۔ اور ''مرتیجے رس'' گولیاں دیں۔ ان کے استعمال سے بگڑا ہوا مریض چند دنوں میں ہی ٹھیک ہو گیا۔ ان کے استعمال سے ابتداء میں بخار ایک مرتبہ بڑھے گا۔ پھر دور ہوتا جائے گا۔

(۱۳۲۵) ہر قسم کے بخار کا مجرب نسخہ

هوالشافی: شنگرف ۲ تولہ، کالی مرچ ایک تولہ کشتہ سہاگہ، میٹھا تیلیہ' گندھک مدبر ایک' ایک تولہ۔

ترکیب تیاری استعمال: تمام ادویہ کو باریک کرنے کے بعد آب ادرک میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

(۱۳۲۶) نسخہ از رموز اطباء

رسالہ ''الحکیم'' کا یہ نسخہ آیورویدک فارما کوپیا میں لکھا ہوا۔ مجرب ہے۔

نکتہ: ایک حکیم صاحب نے مجھے یہ راز عطا کیا ہے اور کہا ہے کہ ہمارے ہاں یہ نسخہ اس طرح تیار کر کے کھلایا جاتا ہے۔

مرتیجے رس کا سفوف، کشتہ ابرک سیاہ کشتہ صدف مروارید ایک' ایک رتی تمام اجزاء کو باہم ملا کر اس کے کیپسول تیار کر کے دے دیئے جاتے ہیں۔ میرا اور میرے والد صاحب کا مشہور نسخہ ہے۔ لاہور جیسے شہر میں اس نسخہ سے ڈاکٹروں کے لاعلاج بہت سے مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ آپ بھی تیار کر لیا کریں۔ پیار و محبت میں نسخہ بنا دیا ہے۔

(۱۳۲۷)

لڑکی عمر تین سال تین ماہ سے میعادی بخاری میں مبتلا تھی۔ وہ پاس لائی گئی تو پوچھا اس کا علاج بھی کیا ہے یا نہیں۔ کہنے لگے کہ کئی ڈاکٹروں کے پاس لے گئے تھے۔ ہر ڈاکٹر نے سفید شیشی لکھ دی۔ اب تک ۲۵ شیشیاں پلا چکے ہیں لیکن بخار دور نہیں ہوا۔

علاج: مندرجہ بالا گولیاں دے دی گئیں۔ دوسرے دن ہی بخار اتر گیا اور بچی کے جسم میں مبارکی کے دانے نکل آئے۔ یہی گولیاں دی گئیں اور بگڑا ہوا میعادی بخار کا کیس درست ہو گیا۔

(۱۳۲۸) مولوی صاحب کا نسخہ

ایک گاؤں میں اکثر آنا جانا رہتا تھا۔ پتہ چلا کہ گاؤں کے مولوی صاحب بچوں کا علاج کرتے ہیں۔ مولوی صاحب سے بھی واقفیت تھی۔ میں نے اپنا مدعا بیان کیا تو انہوں نے فوراً نسخہ بتلا دیا۔

ھوالشافی: مروارید ناسفتہ ایک ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ طباشیر نقرہ ایک تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ مروارید کو عرق گلاب میں کھرل کرنے کے بعد باقی تمام ادویہ ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ نسخہ دے کر کہنے لگے میرا تمام عمر کا معمول ہے۔ کئی بچے بچیاں اس نسخہ کے استعمال سے تندرست ہو چکے ہیں اکثر لوگ مجھ سے نسخہ دریافت کرتے ہیں لیکن آج تک کسی کو نہیں بتلایا۔ لیکن آپ کو کیسے انکار کرسکتا ہوں۔ دوستی بھی کوئی چیز ہوتی ہے۔

(۱۳۲۹) انگریزی علاج کا باغی

امیر گھرانے کا چالیس سالہ مریض میعادی بخار میں مبتلا تھا۔ اس کے لواحقین نے بارہا کہا کہ ہم تمہیں کسی مقامی ہسپتال میں یا لاہور لے جا کر ہسپتال میں داخل کروا دیتے ہیں لیکن اس کا ایک ہی جواب تھا کہ میں انگریزی علاج نہیں کراؤں گا۔ اگر کوئی دیسی حاذق طبیب تم لوگوں کو مل جائے تو اسے لے آؤ۔ وہ لوگ آئے اور مجھے گھر لے گئے۔ تمام گھر والوں نے مجھے بتایا کہ یہ انگریزی دوا نہیں کھانا چاہتے آپ کوئی دیسی دوا انہیں دیں۔ میں نے یہ دوا تیار

کر کے دی۔

ھوالشافی: کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی، لوبان کوڑیہ، قلمی شورہ، کشتہ سنکھ ایک ایک تولہ۔

تمام ادویات کو ملا کر ۳،۳ رتی کے کیپسول بھر کر دیئے ان کے دینے سے پہلے دن ہی بخار ۱۰۴ سے کم ہو گیا۔ اور یوں صرف ایک ہفتہ میں بخار بالکل اتر گیا۔ مریض بہت خوش ہوا۔ اس کے لواحقین بھی خوش ہو گئے اور میرا شکریہ ادا کیا اور طب یونانی کی تعریف کی اس نسخہ کے ہمراہ یہ جوشاندہ بھی دے دیا جائے تو بہتر ہے۔

خوب کلاں، ۳ ماشہ، ملٹھی ۳ ماشہ، الائچی خورد ۳ ماشہ، دار چینی ۳ ماشہ، گاؤزبان ۵ ماشہ مکو خشک ۵ ماشہ، اذخر ۵ ماشہ، عناب ایرانی ۵ دانے آدھ کلو پانی میں جوش دے کر چینی ملا کر پلا دیں۔ بچوں کو نصف مقدار دیں۔

اس نسخے کو استعمال کروا کے میں نے کئی بگڑے کیس درست کئے۔ لاجواب مجرب ہے۔

❀❀❀

طب یونانی اور ہومیو پیتھی

دو مریض بعمر بالترتیب ۸ سال اور ۴ سال لائے گئے۔ لواحقین نے کہا کہ بچے لا علاج ہو چکے ہیں۔ تین ماہ سے بخار آ رہا ہے۔ جسم پر دانے نکلے ہوئے ہیں لیکن بخار اترنے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ والدین نے بچوں کی صحت کے بارے میں مایوسی کا اظہار کیا تو میں نے حوصلہ دیا اور کہا کہ پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ ڈاکٹری علاج سے ٹھیک نہ ہوں تو پھر دیسی یا ہومیو پیتھی سے تندرست ہو جاتے ہیں۔ یہ نسخہ تیار کر کے دیا۔

(۱۳۳۰)

ھوالشافی: سنکھ، صدف صادق، شاخ مرجان، سنگ پشت ۲-۲ تولہ۔

تمام اجزاء کو کوزہ میں بند کر کے آگ دے کر چاروں اشیاء کا کشتہ تیار کریں۔ اگر الگ الگ پہلے سے تیار ہوں تو چاروں کو ملا لیں۔ اگر آگ میں کشتہ نہ بن سکے تو عرق گلاب میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر دوبارہ آگ دی۔ مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: حسب العمر ½ تا ایک رتی۔ جوان افراد کو اس سے زیادہ بھی دے سکتے ہیں۔ صبح شام عرق گاؤ زبان ۵ تولہ۔ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر دیں۔ اس سے بخار دور ہونا شروع ہو جائے گا۔ اگر دانے نکلنے میں دیر لگ رہی ہو تو یہ جوشاندہ بھی ساتھ دیں۔

عناب اور مویز منقیٰ ۶، ۶ دانے برگ گاؤ زبان۔ خوب کلاں ۴، ۴ ماشہ الائچی کلاں ۳، ۳ ماشہ، دارچینی ۲ ماشہ۔ پانی ½ سیر۔

تمام اشیاء کو پانی میں ابال کر شہد ملا کر دیں۔ یہ جوشاندہ ۲۴ گھنٹے کے لئے کافی ہے۔ مریض زیادہ کمزور ہونے کی صورت میں خمیرہ مروارید بھی دیں۔

غذا: دال مونگ، شلجم، ساگودانہ، دلیہ گندم وغیرہ جیسی زود ہضم دیں۔ لیکن روٹی نان بالکل نہ

دیں۔نہانے سے منع کریں۔

یہ نسخہ ہر حال میں مفید ہے اس سے اسہال بھی بند ہو جاتے ہیں۔مرض کے ہر درجہ میں مفید ہے۔نفخ بھی دور ہو جاتا ہے۔

اس نسخہ کے استعمال سے دونوں لاعلاج بچے تندرست ہو گئے۔ان کے والدین خوش ہو کر مشکور ہوئے۔میں نے اس نسخہ کے ذریعہ اور بھی کئی مریضوں کا کامیاب علاج اور مخلوق خدا کو خوش کر کے اپنے اللہ کو راضی کیا۔

(۱۳۳۱) ہفت پشت حکیم

ایک ہفت پشت حکیم سے ملاقات ہوئی اور اس سے پوچھا کہ آپ ٹائیفائڈ کا علاج کس طرح کرتے ہیں۔ان حکیم صاحب کا مفوضہ ایک نسخہ ملیریا کے ضمن میں بھی لکھ چکا ہوں وہ نسخہ بھی لاجواب ہے۔

ھوالشافی: مروارید، سنگ پشت، طباشیر، دانہ الائچی خورد۔مرجان، مصطگی رومی۔مساوی الوزن باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۲،۲ رتی دن میں چھ بار دیں۔انشاء اللہ سات دن میں بخار اتر جائے گا۔

حکیم صاحب نے نسخہ بنانے کے بعد فرمایا کہ یہ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔سات پشتوں سے ہم لوگ اس نسخہ کو کامیابی سے استعمال کروا رہے ہیں۔آپکو پیار کی وجہ سے بتا دیا ہے۔

کمزوری قلب اور عام کمزوری بھی دور ہو گی۔دانے بھی نکل آئیں گے۔حاملہ کو بھی مفید ہے۔ہر حال میں مفید پایا ہے۔

(۱۳۳۲) خمیرہ مروارید کا بدل

خمیرہ مروارید میعادی بخار میں ہر حال میں مفید ہے بلکہ ہر بخار میں مفید ہے بلکہ بخار اتر جانے کے بعد بھی دیتے رہیں۔اگر تیار نہ ہو تو یہ معجون جلد تیار کر کے دیں۔

ھوالشافی: کستوری، مروارید، ورق سونا، شہد خالص ۲۔۲ تولہ ملا کر کھرل کریں۔

خوراک: ۲ ماشہ عرق گاؤزبان میں حل کر کے دیں
ہر قسم کی کمزوری اور ہر حال میں خمیرہ کا بدل ہے۔ مجرب ہے مکمل اعتماد کے ساتھ استعمال کروا سکتے ہیں۔

(۱۳۳۳) ایک مولوی صاحب کا لاجواب عمل

اگر میعادی بخار کے دانے باہر نہ آویں تو مریض کے جسم پر تازہ پانی میں تولیہ بھگو نچوڑ کر پھیریں۔ اس کے بعد خوب کلاں کو ابال کر اس کے پانی میں تولیہ بھگو کر نچوڑ کر پھیریں۔ اس سے مبارکی باہر آ جائے گی۔ اندرونی طور پر مروارید سیال چمچہ چمچہ پلا دیں۔
ترکیب تیاری: مروارید ناسفتہ ۴ رتی کو کھرل میں ڈال کر پیسیں اور عرق گلاب ایک پاؤ۔ تھوڑا تھوڑا عرق ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب تمام عرق حل ہو جائے تو پلا دیں۔ جب ختم ہو جائے تو نیا تیار کر لیں۔ لاجواب علاج ہے اس دوا سے ٹائیفائڈ کا مریض بچہ ہو یا بوڑھا سب شفایاب ہو جاتے ہیں۔

(۱۳۳۴) طب جدید کے عامل

ایک حکیم صاحب جو کہ میرے خاصے دوست تھے اور طب جدید شاہدروی کے عامل اور نظریہ مفرد اعضاء کے موجد حکیم انقلاب کے ہم سبق تھے۔ انہوں نے میعادی بخار کا لاجواب مجرب نسخہ بتلایا۔
ھوالشافی: پارہ ایک حصہ گندھک ۷ حصہ ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک رتی دن میں ۵ مرتبہ اس سے خسرہ مبارکی اور چیچک کا علاج کریں۔ نہ ہی مریض کو نمونیہ ہو گا نہ اسہال لگیں گے اور نہ ہی دانے خراب ہونگے۔ ہر چیز اپنے حال میں ٹھیک رہے گی۔ بارہا کا مجرب ہے۔
اس نسخہ کے استعمال سے بھوک کھل جائے گی، خون بھی صاف ہو جائے گا اور اندرونی زخم بھی ٹھیک ہو جائیں گے۔

(۱۳۳۵) مجرب نسخہ

یہ نسخہ ابتدا سے انتہا تک مفید ہے۔

ھوالشافی: مروارید ایک ماشہ، ورق سونا ۴۰ عدد، جاوتری ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۶ ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کھرل کرنے کے بعد کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔ دن بھر میں ۳۔۴ گولیاں ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیں۔

یہ ایک لاجواب گولی ہے۔ بہترین جنرل ٹانک ہے۔ کمزوری دل بھی دور ہوگی۔ اور دانے بھی آسانی سے نکل آئیں گے۔ بخار بھی دور ہوگا اور بعد میں جسم پر کوئی برا اثر بھی نہ پڑے گا۔

(۱۳۳۶) ایک لاجواب نسخہ

ھوالشافی: مروارید ۴ رتی۔ زعفران ۴ ماشہ۔ جائفل، بسباسہ، الائچی خورد، لونگ، فلفل دراز ۶۔۶ ماشہ۔ مویز منقیٰ ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو یکجان کر کے ۴،۴ رتی کی گولیاں بنالیں۔ تقریباً ۱۰۰ گولی بن جائے گی۔

خوراک : ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام دیں۔ اس سے رکی ہوئی مبارکی ایک دن میں نکل آوے گی۔ کمزوری دور ہوگی۔ صاحب نسخہ کا بارہا کا مجرب ہے۔ میعادی بخار کا انتہائی علاج ہے۔ حکیم اور مریض دونوں کے حق میں رحمت ہے۔

❀❀❀

سرسام اور ٹائیفائیڈ

ایک شخص نے مطب میں آ کر کہا کہ میرا بیٹا گذشتہ دس روز سے بخار میں مبتلا ہے ذرا چل کے اس کی حالت دیکھ لیں۔ کسی وقت بھی نہ اترتا تھا۔ مریض باتیں بھی نہ کرتا تھا۔ ہاتھوں سے دیواروں کو نوچتا تھا اور اکثر بے ہوش رہتا تھا۔ میں نے تشخیص کی کہ مریض کو سرسام ہو گیا ہے اس کے تالو کے بال مونڈ کر اس پر سرکہ، عرق گلاب اور روغن گل کو ملا کر پٹی رکھ دی۔

تیمارداروں کو کہا کہ پٹی کو خشک نہ ہونے دیں۔ دن رات اس عمل کو جاری رکھیں۔ پاؤں کے تلوؤں کو گرم گھی سے مالش کی گئی۔ آٹھ پہر گزرنے پر مریض کو نیند آ گئی۔ دراصل مریض کا بخار بگڑ کر سرسام کی صورت اختیار کر گیا تھا۔ اس کے بعد بخار کا علاج شروع کیا۔ اسی طرح اور بھی کئی مریضوں کے بخار سے بنے سرسام کا علاج کیا گیا۔ بعض مریضوں کو نمونیہ بھی ہو گیا ان کے سینے پر مالش کی گئی تو نمونیہ دور ہو گیا اور چند دن میں بخار بھی دور ہو گیا۔ بعض مریضوں کو اسہال لگ گئے تو اسہال کا علاج کیا۔ زبان کھردری ہو جانے کی صورت میں میعادی بخار کے مریض کو مویز منقیٰ ۲۰ دانے باریک کر کے اس میں بادام روغن ایک تولہ ملا کر اس سے زبان تر کرتے رہیں۔ انشاء اللہ زبان بھی ٹھیک ہو جائے گی۔

(۱۳۳۷) میعادی بخار اور چار عرق

لاہور میں مطب کرنے والے ایک طبیب سے یہ نسخہ حاصل ہوا۔

عرق : ۱۔ ھوالشافی: گاؤزبان، عناب، کاسنی، خوب کلاں، مویز منقیٰ، گل نیلوفر، منڈی بوٹی، گلو، پیلک ۱۰، ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری: ان تمام اجزاء سے ۱۰ بوتل عرق کشید کر لیں۔

فوائد: عرق سے میعادی بخار کے علاوہ حمّٰی لِثقَہ (بلغمی لازمی بخار۔ وہ بخار جس میں مادہ بلغمی کا تعفن داخل عروق ہوتا ہے۔ اس نسخہ سے مسلسل تنگ کرنے والا ملیریا بخار بھی دور ہو جاتا ہے۔ اگر بخار نوبتی ہو تو اس کے ہمراہ مغز کرنجوہ، مرچ سیاہ گیری مساوی الوزن کی نخودی گولیاں بنا کر دیں۔

اگر دل کمزور ہو تو جواہر مہرہ ۲ چاول، مفرح بارد یا خمیرہ مروارید ۵،۵ ماشہ دیں۔ دل کو تقویت حاصل ہو گی۔

ہمراز حکیم

ایک حکیم واقف راز حکیم کے ہاں بیٹھا ہوا تھا۔ دیکھا کہ وہ میعادی بخار کے مریضوں کو دیگر ادویہ کے ساتھ عرق خاکسی بھی لکھ کر دے رہے تھے۔ میں نے کہا حکیم صاحب عرق خاکسی کونسا ہے۔ فرمانے لگے وہ عرق ہے جس سے میں نے کئی سال کے بگڑے ہوئے کیس درست کئے ہیں۔ یہ میرا کئی سال مجرب ہے۔ شاگرد کو حکم دیا کہ مطب سے کاپی لا کر حکیم صاحب کو دو تا کہ نسخہ لکھ دیں۔

(۱۳۳۸) عرق ۲:

ھوالشافی: مویز منقیٰ، خوب کلاں، عناب، پرسیاؤشاں، گل گلاب، گاؤزبان، گاجر خشک کے ٹکڑے، سپستان۔ آدھ آدھ سیر سے ۲۶ بوتل عرق کشید کر لیں۔ ۵،۵ تولہ دن میں کئی بار دیں۔ اس سے بخار تیز نہیں ہوتا۔ گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔ فرمانے لگے یہ نسخہ بہت مشکل سے حاصل ہوا تجھے بتا دیا ہے جاؤ اور فائدہ حاصل کرو۔

(۱۳۳۹) عرق ۳:

حمّیٰ مزمن ثقہ، موتی جھرہ کے لئے نسخہ

ھوالشافی: شاہترہ ½ سیر، صندل سفید، کشنیز خشک، گل نیلوفر، گل سرخ، تخم کاسنی ایک ایک پاؤ۔ تراشہ کدو ایک سیر۔ عناب ایرانی ۵۰ عدد، تخم کاہو مقشر ۱۰ تولہ۔ گل گاؤزبان۔ ملٹھی ۲،۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: ۱۰ سیر پانی میں ڈال کر سات سیر عرق نکال لیں۔

مقدار خوراک: ۵تولہ سے ۱۰تولہ۔

(۱۳۴۰) حمیٰ تیفوریہ عرق: ۴

ٹائیفائیڈ فیور یا موتی جھرہ کی لاجواب دوا ہے۔ گھبراہٹ کو تسکین دیتا ہے۔ اس کے علاوہ اصل مرض کو قابو میں لے آتا ہے۔ مرض کی وجہ سے آنتوں کی التہابی کیفیت کرتا ہے۔ درجہ حرارت کو زیادہ بڑھنے نہیں دیتا۔ دل اور دوسرے اعضاء رئیسہ کو بھی اس بخار کے برے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر مریض کو کھانسی ہو تو اس کی تکلیف کو بری حد تک کم کرتا ہے۔ موتی جھرہ کے دانے نکالنے ہیں یہ عرق معالج کی پوری مدد کرتا ہے۔

ھوالشافی: تخم کاسنی، تخم خربزہ، تخم خیارین، تخم خطمی، سونف ۷، ۷تولہ۔ برگ بانسہ گلو ایک' ایک پاؤ۔ شکائی باد آورد ۷تولہ۔ تخم کثوث، برنجاسف، شاہترہ، سنبل الطیب، گل غافث، بیخ کاسنی، گل گاؤزبان، ملٹھی مقشر، گل بنفشہ، پرسیاؤشان ۵، ۵تولہ، زوفہ خشک ۳تولہ۔ آٹھ گنا پانی ڈال کر عرق نکال لیں۔ (معمول حکمائے دہلی)

ترکیب خوراک: ۷تولہ۔

عرق کا یہ لاجواب نسخہ بڑی مشکلوں سے حاصل ہوا۔ لاجواب ہے۔

(۱۳۴۱) سونگی عرق ۵

ایک صاحب جو کہ مستند طبیب تو نہ تھے لیکن بچوں کا علاج کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ میں شفاء رکھی تھی۔ انہوں نے اپنا مجرب نسخہ لکھ کر دیا۔ میں نے بھی تجربہ کیا اور مفید پایا۔

ھوالشافی: عرق گلاب، عرق گاؤزبان، عرق سونف ایک' ایک پاؤ۔ کشمش ۱۰تولہ، خوب کلاں ۳ماشہ

ترکیب تیاری: تمام اشیاء ایک برتن میں ڈال کر اتنا جوش دلائیں کہ جب کشمش اور خوب کلاں کا اثر اچھی طرح نکل آئے تو نتھار کر ½ ۲ تولہ سرکہ انگوری ملا کر مریض کے حوالے کر دیں۔

مقدار خوراک: بالغ ۵تولہ فی خوراک

بچے ۲ تولہ فی خوراک

اس عرق سے دانے نکل آتے ہیں۔ بخار اتر جاتا ہے نیز مریض کو غذائیت بھی حاصل ہوجاتی ہے کیونکہ اس میں کشمش شامل ہے۔ مجرب ہے۔ آزمائیں اور نفع اٹھائیں۔

نکتہ: گردن کے نزدیک دانے جلد نکل آتے ہیں۔ لیکن جب ناف کے بالائی اور زیریں حصہ میں نکلتے ہیں تب کہیں جا کر بخار ٹوٹتا ہے۔

نوٹ! مریض کے بستر پر خوب کلاں بکھیر دیں اور اسے خوب کلاں کی قمیض بھی پہنا دیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ خوب کلاں ۵ تولہ۔ پانی میں ابال کر نتھار لیں اور پھر کونڈی میں رگڑ لیں۔ اس سے مریض کی قمیض ملیں تاکہ دانے قمیض سے چمٹ جاویں۔ سوکھ جانے پر پہنا دیں۔ اس طرح مریض کو دانے جلد نکل آتے ہیں۔ خوب کلاں کا بھپارہ بھی دے سکتے ہیں۔ مجرب ہے۔

احتیاط: مریض کو بخار اترنے کے بعد بھی سات دن تک غسل نہ کرنے دیں۔

۱ غذا نرم رکھیں ورنہ بخار پھر تیز ہوجائے گا بلکہ پہلے سے زیادہ تیز ہوگا۔

۲ بخار کے دوران اگر مریض کو پسینہ آئے تو اسے ہوا سے بچا کر رکھیں کیونکہ اس مرض میں اعصاب کمزور ہوجاتے ہیں لہٰذا ہوا لگتے ہی فالج ہوجاتا ہے جو بہت مشکل سے دور ہوتا ہے۔

۳ اگر کسی مریض کو دوران بخار فالج ہوجائے تو بخار کو تیز کرنے کی کوشش کریں فالج خودبخود دور ہوجائے گا

۴ اگر آپ نے بخار کو سرد کردیا تو فالج مکمل ہوجائے گا۔

۵ کلورم فینی کال سے حرارت تو کم ہوجاتی ہے لیکن بخار اپنی مدت ضُرور پوری کرتا ہے۔

۶ بعض بچے سوکھے کے مریض ہوتے ہیں ان کو بھی بخار ہوتا ہے۔ ایک مریض کو کلورم فینی کال کے کیپسولز دے کر ڈاکٹروں نے بخار تو کم کردیا لیکن مریض کے منہ کا ذائقہ درست نہ ہوا۔ کمزوری دور نہ ہوئی۔ ۴۸ دن کے بعد مریض کو زور کا بخار ہوا اور آٹھ پہر تک

رہا اور ساتھ ہی دانے بھی نکل آئے۔

اس طرح کے بہت سے مریض دیکھنے میں آتے ہیں جن کے لواحقین کہتے ہیں کہ اتنے سال پہلے اسے بخار ہوا تھا۔ اس دن سے آج تک اس نے صحت نہیں پکڑی۔ تحقیق کرنے پر پتہ چلا کہ بھوک کھل کر نہیں لگتی۔ کام کاج کو دل نہیں چاہتا۔ بخار ہے کہ آج تک نہیں اترا۔ معالج کی غلطی سے اندر ہو گیا ہے۔ کوشش کرنے سے ۶،۶ ماہ بلکہ ۲،۲ سال سے چمٹا ہوا بخار دور ہو گیا۔ صحت درست ہوتے ہی مریض کام کاج کرنے لگ گیا اس بخار کا اثر کئی مہینوں تک رہتا ہے۔ اس بخار کو دور کرنے کے لئے مقوی اعصاب ادویہ دیں تا کہ جسم میں قوت پیدا ہو کر بخار کو دور کر دے۔

(۱۳۴۲) مفرح:۱

ایک حکیم کمزوری بعد از بخار کا ایک مجرب نسخہ پیش کیا۔

ھوا لشافی: گل نیلوفر، گل گاؤزبان، طباشیر، برادہ صندل سفید، غنچہ گل سرخ، مغز تخم کدو شیریں، تخم خرفہ، ۹،۹ ماشہ، مروارید، کہربا ۴،۴ ماشہ، عنبر، ورق نقرہ، ورق سونا ایک ایک ماشہ، رب سیب، رب بہی ۷،۷ تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک ۹،۹ تولہ، چینی آدھ سیر، لے کر حسب طریقہ معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: بچے ۲،۲ ماشہ۔ بالغ افراد کو ۴،۴ ماشہ

اس معجون کے کھلانے سے انشاء اللہ جملہ کمزوریاں دور ہونگی۔

(۱۳۴۳) مفرح:۲

ھوالشافی: مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم تربوز، مغز تخم خربوزہ، تخم خرفہ، تخم کاہو، گاؤزبان، گل ارمنی ایک ایک تولہ، زہر مہرہ مسحوقہ، کشتہ صدف مروارید، طباشیر نقرہ ۹۔۹ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ چینی ایک پاؤ۔ حسب طریقہ معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: بچے ۲،۲ ماشہ۔ بالغ افراد ۶،۶ ماشہ

ایک ہفتہ عشرہ تک دینا کافی ہے۔

(۱۳۴۴) مفرح: ۳

ھوالشافی: مروارید ۴ رتی۔ زیرہ مہرہ۔ سنگ یہود۔ نارجیل دریائی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز

تخم کول ڈوڈہ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ زیرہ گلاب ۶۔۶ ماشہ

ترکیب تیاری: عرق گلاب سے دانہ مونگ یا دانہ نخود برابر دو قسم کی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: بچے کو دانہ مونگ برابر گولی دیں۔ بالغ افراد کو دانہ نخود برابر۔ دن میں چار گولی موٹی دیں۔

یہ گولیاں میں نے متعدد کتب میں مجرب کے ضمن میں لکھی دیکھی ہیں۔ کئی صاحب اشتہار دے کر ہزاروں کے حساب سے فروخت کرتے ہیں۔ میں نے بھی قیام پاکستان سے قبل اور بعد میں بھی کئی مرتبہ تیار کر کے متعدد بچوں کو دیں۔

فائدہ: سوکھا پن۔ پیاس۔ کمزوری ہر قسم۔ مقوی اعصاب اور مفرح تریاقی اثرات کی حامل ہیں۔ ایک صاحب نے بڑوں کو بھی دانہ نخود کے برابر تیار کر کے کھلانے کو لکھا ہے۔ یہ صاحب بھی اعلیٰ پائے کے طبیب تھے۔

(۱۳۴۵) ایک مشہور وید کا مجرب علاج

ھوالشافی: مروارید ۳ ماشہ کو عرق بید مشک میں کھرل کریں اور تین گھنٹہ بعد خشک کر کے طباشیر نقرہ ۶ ماشہ مغز کول ڈوڈہ ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید ۳ ماشہ ملا کر مروارید بھی شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی خمیرہ گاؤزبان میں رکھ کر عرق گاؤزبان ۵ تولہ سے دیں۔

اس نسخہ کے استعمال سے میعادی بخار کی گرمی۔ خشکی۔ میعادی بخار کی کمزوری بالکل دور ہو جائے گی اور اگر خوب کلاں مدبر ایک ماشہ بھی ہمراہ شیر برہ یا عرق گاؤزبان سے دیں تو میعادی بخار کی بقایا گرمی خشکی بھی دور ہو کر صحت ہو جائے گی۔

خوب کلاں ۵ تولہ کو مٹی کنکر سے صاف کر کے پانی سے دھوئیں اور ایک گھیا کدو لے کر اس کا ایک کا ٹکڑا نکالنے کے بعد اندر سے سارا گودا نکال لیں اور اس سوراخ میں خوب کلاں بھر دیں۔ اور اوپر کدو کا کاٹا گیا ٹکڑا رکھ کر بند کرلیں اور اس کے اوپر چکنی مٹی کا لیپ کر دیں اور اس کے بعد اوپلوں کے انگاروں میں رکھ دیں۔ جب مٹی سرخ ہو جائے تو آگ سے نکال کر ٹھنڈا ہونے پر مٹی دور کر کے اندر سے خوب کلاں نکال لیں اور تھالی میں ڈال کر سایہ میں خشک کرلیں اور باریک کر کے دیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھلائیں۔

اس کے کھلانے سے مبارکی کی گرمی خشکی دور ہو جاتی ہے، سوکھا پن بھی دور ہو جاتا ہے۔

(۱۳۴۶) مقامی آب وہوا

جس نسخہ کا میں ذکر کرنے والا ہوں وہ برصغیر پاک وہند کے باشندوں کے مزاج کے عین مطابق ہے۔ یہ میعادی بخار کی کمزوری اور میعادی بخار کی حالت میں بوجوہ بہت مفید ہے اگرچہ قیمتی ہے لیکن انسانی جان سے زیادہ قیمتی نہیں ہے۔

ھوالشافی: کشتہ مرجان ۲ تولہ۔ کشتہ مروارید ناسفتہ یا مسحوقہ۔ کشتہ سنکھ، کشتہ صدف مروارید۔ کشتہ کوڑی زرد ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو ملا کر شیر مدار سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر ۵ سیر کی آگ دیں۔ شیر مدار میں تیزی کا خوف ہوتا ہے لہذا بعض وید اس کو شیر گاؤ میں کھرل کر کے آگ دیتے ہیں۔ اگر ایک آگ میں بالکل سفید نہ ہو تو دوبارہ آگ دیں تاکہ بالکل سفید ہو جائے۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی صبح شام۔

فوائد: امراض شکم میں آب لیموں یا آب انار سے دیں۔

صفراوی اور امراض میں ستو پلا دی چورن شہد۔ گلقند یا مربہ آملہ سے دیں۔

کھانسی اور دمہ میں آب ادرک اور شہد کے ساتھ دیں۔

میعادی بخار کی لاجواب دوا ہے۔ اس میں حرارت زیادہ نہیں ہوتی جس کی وجہ سے مریض کو چین نصیب ہوتا ہے غلط علاج یا انگریزی علاج سے حرارت ۱۰۵ درجہ سے گر کر ۹۶ درجہ فارن ہائیٹ ہو جاتی ہے۔ مریض خطرناک کمزوری کا شکار ہو جاتا ہے۔ لیکن اس دوا کے استعمال کرانے سے نہ حرارت کم ہوتی ہے نہ زیادہ کمزوری ہوتی ہے۔

ہذیان کی حالت میں بھی مفید ہے۔

اسہال شروع ہو جانے پر بھی مریض کو پیٹ میں اپھارہ ہو تو دی جا سکتی ہے۔

تبخیر معدہ میں بھی مفید ہے۔ الغرض میعادی بخار کے مریض کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اگرچہ قیمتی ہے لیکن ایک اکسیر دوا ہے۔ تمام بڑے ویدوں کی مجرب ہے۔ اس کے علاوہ بچوں کے سوکھا پن، عورتوں کی کمزوری، کمزوری قلب، لیکوریا میں مفید ہے۔ رسائن بدن ہے۔

(۱۳۴۷) نسخہ ستو پلادی چورن

ھوالشافی: مصری ۱۶ تولہ۔ بنسلو چن ۸ تولہ۔ فلفل دراز ۴ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کے سفوف باہم ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ تا ۳ ماشہ روزانہ ہے۔

فوائد: کھانسی نزلہ، زکام بخار اور دق، کمی ہاضمہ کے مریض کو ایک ماشہ چورن۔ ۳ ماشہ گھی اور ۶ ماشہ شہد میں ملا کر چٹنی بنا کر چٹا دیں۔

وید حضرات اسے بادام روغن میں چرب کر کے رکھتے ہیں اور شہد میں ملا کر چٹا دیتے ہیں معمولی کھانسی کا تو ذکر ہی کیا۔ وید اسے تپ دق کی کھانسی میں بھی مجرب کہتے ہیں۔

خراش گلو میں شربت بنفشہ یا شربت شہتوت میں ملا کر چٹائیں۔

بچوں کی عام کھانسی اور میعادی بخار میں مجرب ہے۔ میں نے خود اس چورن کو بارہا تیار کیا ہے اور دوست حکماء نے بھی اپنے مطب میں تیار کر رکھا ہے۔ یہ کم ادویہ والا لاجواب چورن میعادی بخار کھانسی، کمزوری میں بارہا میرا مجرب ہے۔

بچوں کو کشتہ بارہ سنگا ملا کر دینا بھی میرے معمول میں شامل ہے۔ الغرض لاجواب نسخہ ہے۔

نکتہ: میں پچھلے صفحات میں بھی لکھ آیا ہو کہ مریض کے بخار کو پٹیوں کے ذریعہ یا برف کی پٹیوں کے ذریعہ ٹھنڈی ٹکور کر کے کم کرنے کی کوشش نہ کریں اس طرح مریض کے اعصاب خراب ہو جاتے ہیں۔ فالج ہو جاتا ہے۔

البتہ اگر بخار کسی بھی وقت نہ اترتا ہو اور کمزوری بڑھ رہی ہو تو یہ نسخہ دیں۔

ھوالشافی: دارچینی۔ لونگ۔ جاوتری۔ جائفل۔ ۵،۵ تولہ کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ چائے یا گرم دودھ۔

اس نسخہ کے استعمال سے حرارت کم بھی ہوگی تو بڑھ جائے گی۔ اس نسخہ میں پارہ ایک حصہ گندھک آملہ سارے حصہ کی باریک کردہ کچلی ملالیں اور ۲ رتی کی خوراک دیں اس سے نہ کمزوری ہوگی نہ ہاضمہ خراب ہوگا۔ بلکہ تپ محرقہ کے رکے ہوئے دانے چند دنوں میں دور ہو جائیں گے۔ میرا مجرب ہے۔ جن مریضوں کا بلڈ پریشر کم ہو اس کے استعمال سے اعتدال پر آجاتا ہے۔ آتے ہوئے اسہال اور قے بھی بند ہو جاتی ہے۔ یہ نسخہ نظریہ مفرد اعضا والوں کا ہے۔

(۱۳۴۸) ایک لاجواب تجربہ

ایک لڑکا عمر دس سال گذشتہ دو ماہ سے بخار میں مبتلا تھا۔ اس دن اچانک اس کا بخار اتر گیا اور جسم برف کی مانند سرد ہو گیا۔ گھر والے اس کی زندگی سے مایوس ہو گئے۔ اتفاقاً میرا گزر اس گلی میں سے ہوا کسی نے لڑکے کا نام لے کر مجھے بتایا کہ ہمارا لڑکا صرف چند منٹوں کا مہمان ہے اس کا جسم بالکل سرد ہو گیا ہے۔ میں نے جا کر دیکھا تو لڑکے کا جسم واقعی بالکل سرد تھا۔ لڑکا قدرے ہوش میں تھا۔ لڑکے کے والد نے کہا کہ حکیم صاحب اب علاج بے فائدہ ہے۔ میں نے کہا کہ ابھی روح جسم میں موجود ہے۔ جا کر مطب سے دوا لے آؤ۔ جلدی سے دو چار خوراک دے دیں۔ پہلی خوراک سے ہی لڑکے کو افاقہ ہو گیا۔ ابھی تک زندہ ہے۔ اور بیرون ملک کام کر رہا ہے۔ میں نے لڑکے کو یہ نسخہ دیا۔

ھوالشافی: کچلہ مدبر ایک رتی۔ چینی ۹۹۹ رتی۔ مکمل بارہ گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فائدہ: مقوی ومحرک ہے۔ اس کے استعمال سے جسم فوراً گرم ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ ہومیوپیتھی کا ہے۔ ان کے ہاں ۹:۱ یا ۹۹:۱ مروج ہے جبکہ میں نے ۹۹۹:۱ میں تیار کیا۔

یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ اس کے کھانے سے بھوک کھل جاتی ہے۔ اور سرد سے سرد جسم ۱۰ منٹ میں گرم ہو جاتا ہے۔ کچلہ ویسے ہی کسی طرح سائیدہ کیا ہو تو بہتر ہے کہ اس کا کڑواپن کم نہ ہو ورنہ اتنا فائدہ نہ دے گا۔

❀❀❀

پولیو کا طلاء سے علاج

مجھے خبر ملی کہ ایک شخص کے پاس ایسا نسخہ ہے جس کے استعمال سے میعادی بخار کی وجہ سے تین سال قبل مفلوج ہو جانے والی لڑکی کی ٹانگ درست ہو گئی ہے۔ میں صاحب نسخہ سے ملا اس نے بلاکم وکاست صاف بتلا دیا میرے اس نسخہ سے سوکھے ہوئے اعضاء درست ہو جاتے ہیں۔ میں نے وہ نسخہ نوٹ کر لیا۔ اصولاً ٹھیک معلوم ہوتا ہے۔

(۱۳۴۹) نسخہ روغن ۱:

ھوالشافی: جونک خشک۔ خراطین۔ بیر بوٹی۔ چوب چینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ ۲۔۲ تولہ۔ لونگ۔ مرکی ایک' ایک تولہ۔ عقرقرحا ۲ تولہ۔ روغن کنجد ½ سیر میں جلا کر نتھار لیں اور چربی شیر ½۲ تولہ، چربی ریچھ ½۲ تولہ گرم کے شامل نسخہ کر لیں۔ نسخہ تیار ہے۔

احتیاط: مریض کو چالیس دن تک غسل سے روکیں۔ صرف کپڑا یا اسفنج پانی میں بھگو کر جسم کو اس سے صاف کر لیں۔

پانی پینے سے پرہیز نہیں صرف تازہ پانی پیئے۔ برف والا پانی یا ٹھنڈی اشیاء استعمال نہ کرنے دیں۔ صاحب نسخہ نے بتایا کہ اس نسخہ سے اللہ تعالیٰ نے کئی مریضوں کو شفا دی۔ نسخہ کسی کو نہیں بتایا۔ آپ سفارش لے کر آئے ہیں لہذا بتا دیا ہے۔

نوٹ! میرے ذاتی خیال کے مطابق تیل کا وزن کم ہے دو گنا کر لیں۔

دراصل یہ نسخہ طلاء نامردی ہے۔ سوکھی رگوں میں جان ڈال کر انتشار کو مکمل کرتا ہے زبردست گرم ہے۔ اعضاء میں آگ لگا دینے والا ہے۔ برف کو پگھلا دیتا ہے۔۔ میں نے کبھی استعمال نہیں کیا تاہم نسخہ درست معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ادویہ انتہائی گرم ہیں جو کہ سردی کو دور کر کے اعصاب کو گرم کرنے میں مفید ہیں۔

فالج اور دردوں کا لاجواب تیل

میرے علاج میں ایک نوعمر لڑکی میعادی بخار میں مبتلا تھی اس نے مجھے کہا کہ بابا جی میری ٹانگ سرد ہوگئی ہے آج مجھ سے بیت الخلاء ٹھیک نہیں جایا گیا۔ میں نے کہا کہ سردی سے بچو کیونکہ سردی کا زمانہ ہے اور ساتھ میں یہ تیل دے دیا گیا۔ اور کہا کہ ہر رات کو قدرے گرم کر کے تمام ٹانگ پر اس تیل کی مالش کرنے کے بعد اچھی طرح کپڑا لپیٹ دینا۔ کپڑے کو کسی وقت بھی سوائے تیل لگاتے وقت کے علاوہ نہیں کھولنا۔ دوسرے دن ہی ٹانگ نے درست طور پر کام کرنا شروع کر دیا۔

(۱۲۵۰) نسخہ روغن ۲:

ھوالشافی: آب برگ مدار ایک بوتل روغن کنجد ایک بوتل دونوں کو ملا کر پکائیں جب پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اسے سنبھال لیں۔ یہی روغن عشر ہے۔

(۱۳۵۱) نسخہ روغن ۳

ھوالشافی : روغن کنجد تین پاؤ، تیل تارپین ایک پاؤ دونوں کو ملا کر ایک بوتل میں ڈال کر مضبوط ڈاٹ سے بند کر کے اوپر اچھی طرح کپڑا باندھ دیں۔

ایک بڑے برتن میں پانی دس سیر ڈال کر بوتل کو اس کے اندر رکھ کر نیچے آگ جلا دیں اور برتن کو مضبوطی سے ڈھانپنے کے بعد اس کے اوپر ایک وزنی پتھر رکھ دیں۔ آگ کی حرارت سے تیل میٹھا اور تیل تارپین دونوں ایک ذات ہو جائیں گے۔

چند گھنٹے بعد بوتل کو نکال لیں۔ اس تیل کی مالش میعادی بخار کے دوران مفلوج ہونے والے اعضاء پر مل کر اوپر روئی باندھ دیں۔ اس تیل کو استعمال کر کے ایک معالج نے ایک لڑکی کی ٹانگ اور بازو درست کیے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے لڑکی کو دیکھا۔

(۱۳۵۲) نسخہ روغن ۴

گذشتہ صفحات میں ''روغن مبارک'' کا نام آیا ہے۔ یہ روغن بھی اس مرض میں مفید و مجرب ہے۔ نسخہ حاضر ہے۔

ھوا لشافی: میتھرے اور کلونجی ۱۰، ۱۰ تولہ کوٹ کر روغن کنجد ایک سیر میں اتنا پکا دیں کہ دانے سیاہ ہو جائیں تو چولہے سے اتار کر نتھار لیں۔

اس تیل کی مالش کریں اور سرد پانی، سرد ماحول اور ٹھنڈی اشیاء سے پرہیز کریں اس سے بھی سردشدہ حصہ جسم متحرک ہو جاتا ہے۔

(۱۳۵۳) معجون فلاسفہ اور پولیو

معجون فلاسفہ کا نسخہ تجویز کرنے والے حکیم نے اطباء اور مریضوں پر احسان عظیم کیا ہے اسے مریضوں کو حسب عمر ۳ ماشہ یا اس سے کم وبیش کھلانا پولیو والے اعضاء کو درست کر دیتا ہے۔ معجون فلاسفہ استعمال کرنے سے نیا مادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ اس قدر بے ضرر معجون ہے کہ ایک سال کھلانے سے بھی کوئی ضرر رساں علامت سامنے نہیں آتی۔

(۱۳۵۴) لاجواب بایو کیمک نسخہ

دنیا میں جتنے بھی طریقہ علاج مروج ہیں کوئی بھی فائدہ سے خالی نہیں ہے۔ طب بایو کیمک میں ایک نسخہ ۵ فاس مروج ہے۔ یہ (3x) اور (6x) دونوں طاقتوں میں بازار میں دستیاب ہے۔ بازار سے دوا خرید کر پولیو والے مریضوں کو حسب عمر کھلاتے رہے اس کے استعمال سے جسم کے کسی بھی حصہ کا فالج درست ہو سکتا ہے۔ مریض کو بمطابق عمر ۲ تا ۶ گولیاں دن میں ۴ مرتبہ کھلائیں۔

(۱۳۵۵) لاجواب گولیاں

ھوالشافی : عنبر۔ جدوار۔ زعفران مساوی الوزن لے کر دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنا لیں قدرے بڑی بھی بنا سکتے ہیں۔ بچوں کو چھوٹی اور بڑوں کو بلحاظ عمر بڑی گولی دیں۔ یہ بھی مجرب ہے۔ لیکن لاہور کے ایک حکیم جو کہ طبیہ کالج کے فارغ التحصیل بھی تھے اور علامہ صابر ملتانی کے دوست اور پھر نظریہ مفرد اعضاء کے عامل بھی تھے۔ جب میں نے یہ نسخہ انہیں بتایا تو فرمانے لگے اس میں چوتھی چیز کچلہ مدبر بھی ملا لیں۔ اپنے پاس سے تیارہ شدہ گولیاں بھی دکھائیں اور بتایا کہ گذشتہ کئی برس یہ گولیاں استعمال کر رہا ہوں۔

(۱۳۵۶) خمیرہ مروارید

خمیرہ مروارید جس طرح اس مرض کے دوران مفید ہے اسی طرح اس مرض کے بعد

بھی مفید ہے۔ آرام آنے کے بعد ایسے مریض کو کئی ڈبیاں کھلا دیں تاکہ اس کے بقایا اثرات دور ہو جائیں یا پھر مروارید کو لے کر عرق گلاب میں صلایہ کریں۔ اور ½ رتی سے ایک رتی تک دواء المسک معتدل جواہر والی میں رکھ کر کھلا دیں۔

گو زمانہ مرض کا آخیر کا ہو تو شہد ایک تولہ میں رکھ کر کھلا دیں۔ یوں مریض کو تقویت ہو گی۔ رکے ہوئے دانے باہر آ جائیں گے اور دل و دماغ کو تقویت ملے گی۔

(۱۳۵۷) خمیرہ

ھوالشافی : خمیرہ گاؤ زبان سادہ ۴ تولہ میں کشتہ صدف مروارید ۳ ماشہ ملا کر ۴،۴ ماشہ کھلانا مجرب ہے۔ یہ بھی ایک طبیب کا تجویز کردہ ہے۔ کم خرچ اوز بالا نشین۔ میں نے بھی مفید پایا ہے۔

(۱۳۵۸) شربت مروارید

مروارید صلایہ کر کے شربت بنفشہ میں ملا لیں۔ مقدار اتنی ہو کہ ایک تولہ شربت میں دو چاول آ جاوے۔ بچوں کو پلا دیں۔ اس سے مریض بچہ بھی صحت یاب ہو گا۔ اگر بطور حفظ ما تقدم پلائیں تو چیچک و خسرہ بچہ محفوظ رہے گا۔ اگر نکل بھی آئی تو اس سے دل و دماغ کی حفاظت ہو گی اور کمزوری نہ ہو گی۔ قدیم اطباء کا مجرب ہے۔

❀❀❀

تپ دق

میعادی بخار کے بعد تپ دق کا ذکر کرتا ہوں اور اس کے مجرب نسخہ جات جو کہ بڑے بڑے دواخانوں میں مستعمل ہیں ان کا ذکر کروں گا۔

علامات : زیادہ عرصہ تک حمیٰ خطی یا عفونتی تپ میں مبتلا رہنے کے بعد کمزوری یا اندرونی عضو کے ورم یا زخم کی وجہ سے بخار بھی ہو جاتا ہے۔ یہ بیماری بالعموم نوجوانوں میں زیادہ ہوتی ہے۔ اکثر اس کے ہمراہ سل بھی ہو جاتی ہے۔ چنانچہ اگر مریض کو کھانسی، نفث الدم شامل ہو اور بخار اور کمزوری بھی ہو تو دونوں ہوتی ہیں۔ لیکن اگر کھانسی نہ ہو، خون نہ آتا ہو تپ دق اکیلی ہوتی ہے تو یہ ایک خطرناک مرض ہے۔

نکتہ: جو نوجوان نزلہ زکام کے بغیر تیز موسمی بخار سے گزرنے کے بعد کمزوری کی حالت میں یا حالت مرض میں ہی جماع کرتے ہیں وہ سل و دق میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

☆ نزلہ زکام کے بخار میں جماع کرنے سے پھیپھڑوں کی دق پیدا ہو جاتی ہے۔

☆ موسمی بخار کی حالت میں جماع کرنے والوں کو آنتوں کی دق ہو جاتی ہے۔

نوٹ! جب کوئی کھانسی کا مریض آپ کے مطب میں آئے تو اس کو کھانسی کا مکمل علاج کروانے کی ہدایت کریں۔ کیونکہ کھانسی کے بگڑ جانے سے دمہ، سل اور دق جیسے مشکل سے جانے والے ضدی مرض پیدا ہو جاتے ہیں۔

پھیپھڑے کے زخم کا نام سل ہے اور پھیپھڑا حرکت کرنے والا عضو ہے ایسے عضو کا زخم بمشکل درست ہوتا ہے۔ مریض کو زیادہ سے زیادہ آرام اور مقوی سے مقوی دوائیں استعمال کرائیں تا کہ مرض کا مقابلہ کیا جا سکے۔

اس بخار کی دن رات میں کئی حالتیں دیکھنے میں آتی ہیں۔ دوپہر کے وقت مریض کو تیز بخار ہوتا ہے اور چار پانچ گھنٹے تیز رہنے کے بعد بخار کی شدت میں کمی آجاتی ہے۔ چند گھنٹے

گزرنے کے بعد بخار تیز ہو جاتا ہے اور پھر بکثرت پسینہ آ کر بخار کم ہو جاتا ہے بھوک کم ہو جاتی ہے۔ پاؤں کے تلوے جلتے ہیں آخر پاؤں متورم ہو جاتے ہیں۔ اسہال شروع ہو جاتے ہیں اور آخر مریض راہی ملک عدم ہو جاتا ہے اس موذی مرض کے لئے بڑے بڑے تجربہ کار اطباء کے نسخے درج کرتا ہوں بنا کر مستفید ہوں۔

(۱۳۵۹) غریبانہ علاج

سب سے پہلے ایک غریبانہ علاج درج کرتا ہوں جو کہ ایک حکیم نے مجھے بتایا تھا۔ مریض تپ دق میں مبتلا تھا اور غریب بھی تھا۔ حکیم نے کہا کہ علاج چھ ماہ تک چلے گا۔ مریض نے تسلیم کرلیا اور شفایاب ہو گیا۔ نسخہ حاضر ہے۔

ھوالشافی: کشتہ ابرک سفید دودھ بھیڑ والا ۲ رتی کشتہ گئو دنتی گلو والا ۲ رتی دونوں کشتے ملا کر صبح۔ دوپہر۔ شام ہمراہ شربت گلو دیں۔

نسخہ شربت گلو: گلو ۶ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ گل نیلوفر سفید پتی ۴ تولہ۔ چینی ۳ پاؤ سے شربت بنائیں

خوراک: ۲½ تولہ صبح دوپہر۔ شام پانی ڈال کر پلا دیں۔ دمہ، ملیریا مزمن، دق وسل درجہ اول و دوم کو مجرب پایا ہے۔

کشتہ گئو دنتی ۵ تولہ کو ایک پاؤ گلو کے نغدہ میں رکھ کر ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ابرک سفید دودھ بھیڑ میں کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر بے چمک نہ ہو تو ایک آگ اور دیں۔ میں نے خود تیار کیا بالکل سفید رنگ کا بن جاتا ہے۔ ایک مرتبہ یہ بھی کیا کہ زیادہ کھانسی کا مریض آ گیا تو شربت فریاد رس دے دیا اس سے مریض کو افاقہ ہو گیا۔

فائدہ: کشتہ ابرک سفید یا سیاہ سینہ یا آنتوں کے ہر قسم کے زخموں کے لئے لاجواب ہے۔

(۱۳۶۰)

شربت فریاد رس: گاؤزبان۔ صندل سفید۔ پرسیاؤشان۔ عود صلیب۔ خشخاش سفید، ملٹھی، ۲۔۲ تولہ۔ سونف تخم خطمی۔ خبازی۔ گل سرخ ایک ایک تولہ۔ مویز منقیٰ ۲۵ عدد۔ پوست

خشخاش سالم ۵ عدد۔ پانی ۲ سیر کا چینی ایک سیر میں شربت بنائیں۔
مقدار خوراک: ۲۔۲ تولہ صبح۔ دوپہر۔ شام پلائیں۔
فائدہ: نزلہ زکام، کھانسی، سل، دق کو مجرب ہے۔ آج سے ساٹھ سال پہلے بھی ایک حکیم نے شربت فریادرس کو معمول بنایا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ یہ عظیم اطباء کا صدری راز ہے۔ میرا اور میرے استادوں کا معمول ہے۔

(۱۳۶۱) سیروانگ سندرس (دق)

آیورویدک فارماکوپیا مطبوعہ ادارہ سلیمانی صفحہ ۵۴۱ پر درج ہے۔
نسخہ: گندھک آملہ سار مصفیٰ اور پارہ مصفیٰ ہر دو ایک ایک تولہ لے عمدہ کجلی تیار کریں۔ پھر اس میں سہاگہ بریاں ۲ تولہ۔ کشتہ مروارید ناسفتہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ سنکھ ایک ایک تولہ کشتہ سونا۔ ۶ ماشہ ملا کر آب لیموں سے ایک پورا دن خوب کھرل کریں۔ اور بعد ازاں اس کی ٹکیہ بنا کر خشک کرلیں۔ پھر اس کو دو سکوروں میں بند کر کے چھ سات مرتبہ کپڑ وٹی کر کے خشک کرلیں۔ بعد ازاں ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ آگ کے خود بخود ٹھنڈا ہونے پر دوا کو نکال لیں۔ اب اس میں کشتہ فولاد ۶ ماشہ اور شنگرف رومی مصفیٰ ۳ ماشہ ملا کر ایک دن کھرل کر کے سنبھال لیں۔
مقدار خوراک: ایک ایک رتی صبح شام ہمراہ خالص شہد ایک تولہ و سفوف فلفل دراز ۴ رتی ملا کر استعمال کرلیں۔ علاوہ ازیں گائے کے تازہ مکھن آب پان و آب ادرک کے ہمراہ بھی دے سکتے ہیں۔
فائدہ: تپ دق کو نافع ہے۔ بواسیر، سنگرہنی، پرمیہہ، باؤ گولہ، بھگندر اور بالخصوص بلغمی امراض کو دور کرتا ہے۔ سفوف فلفل دراز اور شہد یا گھی کے ساتھ برگ پان میں مصری یا ہمراہ آب ادرک استعمال کریں۔

تپ دق کی نہایت مفید و مجرب اور مشہور دوا ہے۔ دق کی کھانسی کے لئے بالخصوص نہایت نافع چیز ہے۔ تپ کے درجہ حرارت کو بھی کم کرتا ہے۔ علاوہ ازیں عام کھانسی میں بھی خوب کارآمد ہے۔ کمزور مریض کو بطور حفظ ماتقدم دیں۔ دل و دماغ کو تازگی و قوت اور جسم کو طاقت اور طبیعت کو فرحت بخشتا ہے۔ وہ وید اس کے ساتھ گلو۔ بانسہ۔ ملٹھی۔ ۶۔۶ ماشہ شہد

سے میٹھا کر کے صبح شام پلا کر کئی کامیابیاں حاصل کر چکے ہیں۔ (از امر داس بھاٹیہ انڈیا)

(۱۳۶۲) شربت امراض صدر

ایک لاجواب شربت ہے۔ ایک مشہور دواخانہ کا کئی سالوں سے مجرب ہے۔

فوائد: نزلہ زکام اور اس سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں کو مفید ہے۔ بگڑے ہوئے نزلہ زکام کو درست کرتا ہے اور اس کے بار بار ہونے والے حملوں کو روکتا ہے۔ ہوائی نالیوں میں بھری بلغم کو نکال پھینکتا ہے۔ کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، دمہ، نمونیہ، خشک ٹھسکہ دار کھانسی میں بے حد مفید ہے۔ پھیپھڑوں سے خون کی آمد کو روک دیتا ہے اس کے علاوہ گلے کا درد، ورم حلق، خناق اور کن پیڑے کو بھی اس کے استعمال سے فائدہ پہنچتا ہے۔ ابتدائی سل ودق میں بہت نافع ہے اور اس کی ترقی کو روک دیتا ہے۔

ھوالشافی: گل گاؤ زبان پونے تین تولہ۔ گاؤ زبان۔ تخم السی۔ ابریشم مقرض۔ پرسیاؤشاں۔ اصل السوس۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ ہر ایک سوا سوا تولہ۔ عناب پونے چار تولے۔ تخم خطمی۔ کوکنار ہر ایک سوا دو تولے۔ لسوڑیاں سوا تین تولے۔ بہی دانہ ایک تولہ۔

تمام ادویہ کو آٹھ گنا پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی پانی باقی رہ جائے تو پانی سے تین گنا چینی ملا کر شربت بنالیں۔ اگر بانسہ ۲ تولہ بھی شامل کرلیں تو بہتر ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ شربت عرق گاؤ زبان ۵ تولہ میں ملا کر دن میں تین مرتبہ پلائیں۔ میرے ذاتی خیال کے مطابق ۲ سیر چینی کافی ہوگی۔

(۱۳۶۳) عرق خاص

نسخہ: ابریشم مقرض۔ گاجر خشک۔ منڈی بوٹی۔ سکھا ہولی۔ گل موتھا ۵۔۵ تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو آٹھ پہر پانی میں بھگو کر پانچ بوتل عرق کشید کرلیں۔

مقدار خوراک: ۵۔۵ تولہ دن میں تین بار ہمراہ مندرجہ بالا شربت امراض صدر یا شربت اعجاز ملا کر دیں۔ اس کے ہمراہ یہ دوا کھائیں۔

ھوا لشافی: مروارید ۲ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی۔ عقیق سرخ ایک ایک تولہ۔ مرجان ۶ ماشہ۔ صدف مرواریدی ۶ ماشہ۔ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ڈیڑھ تولہ، دانہ

الائچی کلاں ½ ۱ تولہ۔ صندل سفید ۵ تولہ، ورق نقرہ نصف دفتری، ورق سونا ۲۵ عدد۔ روح گلاب نصف بوتل، روح کیوڑہ نصف بوتل بذریعہ کھرل جذب کریں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی صبح شام

(۱۳۶۴) پاؤڈر

یہ پاؤڈر مقوی دل و دماغ اور نفث دم کو مفید ہے۔ لیکوریا نیز عورتوں کی رحمی خرابیوں کو مجرب ہے۔ اس کا عرق و شربت سے کھلانا۔ دق، سل، کمزوری عامہ کو لاجواب مجرب اور بڑے اطباء کا تجربہ شدہ ہے۔

پرانے زمانے میں عرق شیر بہت زیادہ اجزاء ملا کر نکالا کرتے تھے لیکن اس زمانے کے ایک اجل حکیم جو کہ ایک رسالہ شائع کرنے کے علاوہ متعدد کتب بھی شائع کر چکے تھے۔ ماشاء اللہ لقمان زماں تھے انہوں نے فرمایا کہ یہ نکال کر دیا کریں۔ یہ تجربہ اکسیر ہے۔ اس سے کھانسی بند ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ دقی بخار کو مجرب ہے۔

ھوالشافی: گل بنفشہ۔ گل سرخ ۳۔۳ تولہ۔ برگ بانسہ ۵ تولہ۔ تخم کاسنی ۲ تولہ۔ صندل سفید ۳ تولہ۔ الائچی سبز ۹ ماشہ۔ شیر گاؤ اور شیر بکری ½ ۱ سیر۔ پانی ایک سیر۔

تمام اجزاء سے تین بوتل عرق نکال لیں۔ کافور ایک تولہ کی پوٹلی نالی پر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ دن میں تین بار۔

درج ذیل سفوف بھی ان ہی کا تجویز کرتا ہے۔ یہ دق سل کا غریبانہ نسخہ ہے۔ مجرب ہے

(۱۳۶۵)

ھوالشافی: طباشیر نقرہ ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مغز کول ڈوڈہ ۳ ماشہ۔ ست گلو ۶ ماشہ۔ خوب کلاں مدبر ۶ ماشہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ ابرک سفید ۳۔۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۵ عدد۔ مصری کوزہ ۹ ماشہ

تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۴،۴ رتی ہمراہ شربت بانسہ دن میں تین بار دیں۔

(۱۳۶۶) شربت بانسہ

۱۵ تولہ بانسہ میں دو بوتل پانی ڈال کر جوش دیں اور ۳ پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

(۱۳۶۷) خوب کلاں مدبر

جو کے آٹے سے دو روٹیاں تیار کریں۔ دونوں کے درمیان خوب کلاں صاف ۵ تولہ۔ ڈال کر روٹیوں کے لب ملا دیں اور تابہ (توے) پر پکائیں۔ روٹی کے دونوں اطراف اچھی طرح پکائیں جب روٹی پک جائے تو درمیان سے خوب کلاں نکال کر سایہ میں خشک کریں۔ لا جواب مدبر ہوگی۔ اس مدبر خوب کلاں کو داخل نسخہ کر لیں۔

نکتہ: یہ دونوں نسخے اصولاً ٹھیک ہیں۔ عرق شیر میں غذائیت بھی ہے اور یہ دافع بخار بھی ہے۔ یہ سفوف بھی لا جواب ہے۔ جبکہ بانسہ تمام امراض سینہ، کھانسی، نزلہ زکام میں مفید ہے ہر طب اسے دافع کھانسی کے طور پر استعمال کرتا ہے۔

(۱۳۶۸) نادر دوا

طب جدید شاہدروی جس کا میں خود بھی عامل ہوں۔ انہوں نے تمام مروج معلوم طب پر خوب بحث کی ہے۔ وہ اخلاط کے قائل نہ تھے۔ بلکہ وہ اعضائے بدن کی تیزی اور سستی کو ہی بیماری کا سبب کہتے تھے۔ انہوں نے ۱۹۱۰ء میں انجمن خادم الحکمت کے نام سے طبیہ کالج بھی قائم کیا اور تمام طبوں سے مجرب نسخے لے کر ''طبی اربعین'' نامی کتاب بھی شائع کی۔ تپ دق وسل کے نام سے ایک دوا ''الاحمر'' کے نام سے پیش کی اور اس کا اشتہار ان الفاظ میں دیا۔

> ''عام لوگوں کا خیال ہے کہ دق وسل لا علاج امراض ہیں۔ مگر نہیں۔ یاد رکھئے کہ کوئی مرض لا علاج نہیں ہے۔ کوئی مرض ایسا نہیں جس کا علاج قدرت نے پیدا نہ کیا ہو۔ کسی کو صحیح علاج یا معالج میسر نہ آوے تو یہ اس کی قسمت''

ہمارے پاس ایک نایاب و نادر دوا ہے۔ جس کے استعمال سے نہایت ردی حالت کے مریض بھی بچ نکلتے ہیں۔ ۱۹۱۵ء میں اشتہار دیا تھا۔

آپ بھی ہماری دوا ''الاحمر'' منگوا کر دوبارہ زندگی حاصل کر سکتے ہیں۔

(۱۳۶۹)

ھوالشافی : پارہ صاف۔ گندھک صاف ۲۔۲ تولہ۔ ورق سونا ۳ ماشہ۔ کشتہ چاندی ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ کشتہ ابرک سفید ایک تولہ کشتہ ابرک سیاہ ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشتہ سنکھ ایک تولہ۔ گیری ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو اچھی طرح باریک کریں۔ گندھک و پارہ کی کجلی تیار کر کے عرق بید مشک میں کھرل کر کے ۲ عدد بند صدف مرواریدی میں بند کر کے گل حکمت کر کے آٹھ سیر کی آگ دیں۔ آگ سرد ہونے پر بمعہ سیپ کھرل کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی صبح شام ہمراہ شربت اعجاز

نکتہ: دراصل یہ آیورویدک کا نسخہ ہے۔ جس کو انہوں نے مجرب پایا اور اپنے مجربات میں شامل کر لیا۔ یہ نسخہ میں نے تیار کر رکھا ہے۔ میرے علاوہ ایک اور حکیم نے بھی اس سے خوب نفع کمایا ہے۔ وہ اس نسخہ کو سنگرہنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

بچوں کے مرض سوکھا میں بھی ایک حصہ میں ۴ حصہ شوگر آف ملک ملا کر آدھ رتی مقدار میں دیتے ہیں۔

ایک حکیم صاحب جو کہ میرے بڑے مہربان تھے انہوں نے اس کے ساتھ ایک مفرح بھی تجویز کر رکھا تھا۔ اس کے علاوہ وہ ایک شربت بھی دیتے تھے۔ انہوں نے مجھے بھی بتا دیا اور فرمایا اس نسخہ کے اجزاء کو اپنی ڈائری میں نوٹ کر لو۔ اس نسخہ کو استعمال کروانے کے بعد ایکسرے لیا جاوے تو پھیپھڑے میں کوئی زخم نظر نہیں آتا۔

(۱۳۷۰)

ھوالشافی: کوکنار ۵ تولہ۔ خشخاش سفید ۵ تولہ۔ مغز خیارین۔ بہی دانہ مغز تخم کدو۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ تخم کاسنی۔ سرطان سوختہ۔ تخم کاہو۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ نشاستہ۔ طباشیر۔ گل ارمنی۔ پرسیاؤ شان۔ ملٹھی۔ مغز تخم خربوزہ۔ رب السوس۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ مغز تخم تربوز۔ گل گاؤ زبان۔ زعفران۔ گل بنفشہ۔ کافور ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ گلقند۔ مویز منقیٰ۔ کشمش ۵۔۵ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۲۰ تولہ۔ شربت بنفشہ۔ شربت نیلوفر۔ نبات سفید

۳۔۳ پاؤ کا عرق بید مشک ۳ پاؤ سے قوام کر کے تمام ادویہ ملا لیں۔ پھر اس کے بعد مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی۔ یاقوت ایک ایک تولہ، باریک کر کے معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۵۔۵ ماشہ ہمراہ عرق ہرا بھرا

دوا دینے کا طریقہ کچھ یوں بتایا کہ مندرجہ بالا کشتہ ایک رتی ہمراہ شربت اعجاز ۲ تولہ سے صبح شام اور مفرح ہمراہ عرق ہرا بھرا ۵ تولہ سے دن میں جب دل چاہے۔ اس نسخہ سے ہمیشہ کامیابی ملی ہے۔

نکات: کشتہ جات شورہ سے بنے ہوئے نہ ہوں۔

ادویہ کو آپ سرس میں کھرل کر کے کیپسول میں بند کریں۔

مفرح میں شامل مغزیات کو گھی میں تل کر ڈالیں ورنہ پھپھوندی لگ جائے گی۔

سابق کتاب میں ادویہ کو عرق سے کھرل کرنا لکھا تھا لیکن مولانا نے آب سرس سے کھرل کرنا لکھا ہے۔ کیونکہ سرس بھی سل خنازیری کی دوا ہے۔

(۱۳۷۱) شاہی حکیم کا لاجواب فارمولا

ھوالشافی : عرق ہرا بھرا، صندل سفید، صندل سرخ، پرماکھ، ناگرموتھا۔ گلو سبز، شاہترہ، پوست نیم، گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ سونف۔ مغز تخم کدو۔ کشنیز خشک۔۱۰،۱۰ تولہ۔ تخم تلسی۔ بیخ چیڑھ ۲۔۲ تولہ، بیخ نیشکر۔ بیخ جوانسہ۔ دھمانسہ۔ منڈی بوٹی ملٹھی ۵۔۵ تولہ۔ الاچی خورد۔ کوکنار ۲۔۲ تولہ سولہ گنا پانی بوزن ۳۶ سیر میں بھگو کر پانی سے نصف عرق ۱۸ سیر نکال لیں۔

فوائد: تپ دق۔ سوزاک۔ خفقان قلب کو مجرب ہے۔

نکتہ: یہ عرق خنازیر اور مرض سوکڑا اطفال میں بھی مجرب ہے۔

(۱۳۷۲) ٹی بی کا علاج

میں ایک شہر میں ایک حکیم کی دکان پر بیٹھا تھا کہ ایک شخص آیا اور کہا کہ حکیم صاحب یاد ہے آپ نے میراثی بی کا علاج کیا تھا۔ مریض چلا گیا تو میں نے اس حکیم سے کہا کہ کس دوا سے علاج کیا تھا تو انہوں نے کہا کہ ایک شربت ہے اس کے ساتھ کچھ کشتہ جات وغیرہ تھے۔ میں نے کہا کہ شربت بنا دیں انہوں نے فوراً کاپی سے نسخہ لکھ دیا۔ حکیم صاحب طبیہ کالج دہلی

کے فارغ التحصیل ہیں اور بہت اچھے معالج ہیں۔

ھوالشافی: گل بنفشہ۔گاؤزبان۔عناب۔لسوڑیاں۔خطمی۔خبازی۔انجیر۔مویز منقیٰ۔ ملٹھی۔گل نیلوفر۔زوفہ۔ایک ایک تولہ۔بانسہ ۳ تولہ۔پانی ۱½ سیر۔چینی ۳ پاؤ پرسیاؤشان۔ سے شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ میں ملا کر پلانا میرا معمول ہے۔ سردیوں میں نیم گرم پانی کے ہمراہ پلاتا ہوں۔

صاحب نسخہ حکیم مہاجر ہیں فرمانے لگے نزلہ زکام، کھانسی، خرابی گلو اور تمام امراض سینہ میں گزشتہ ۶۰ سال سے متواتر استعمال کر رہا ہوں۔سردیوں میں کافی مقدار میں تیار کرتا ہوں لوگ کھانسی کا شربت کہہ کر لے جاتے ہیں۔از حد مفید ہے۔میں کہتا ہوں کہ کوئی عطار یا حکیم اس کو بنا کر بذریعہ اشتہار بازی فروخت کرے تو کافی آمدنی ہوسکتی ہے۔

(۱۳۷۳) بسنت مالتی رس

دیدک کی لاجواب اور مجرب دوا ہے۔حتیٰ کہ اس کو یونانی حکماء نے بھی اپنے معمولات میں شامل کرلیا ہے۔جیسے دہلی کے صحیح مرکبات میں بسنت مالتی کے نام کے دو نسخے درج ہیں۔لیکن بتانے کی ترکیب کسی بھی کتاب میں اچھی نہیں۔میں نے ایک اعلیٰ وید کی کتاب سے نسخہ اخذ کیا ہے۔آپ مختلف کتابوں کی ورق گردانی سے بچ جائیں گے۔

ھوالشافی: کشتہ سونا ایک تولہ۔کشتہ مروارید ۲ تولہ۔شنگرف رومی صاف ۳ تولہ۔سفوف فلفل سیاہ ۴ تولہ۔کشتہ جست ۸ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے رکھیں۔اگر سونے کے ورق شامل کرنا ہوں تو ایک ایک کر کے ورق ڈالیں ۲ تولہ مکھن ملا کر کھرل کریں۔پھر آب لیموں مقطر ۶ اونس ملا کر کھرل کریں۔صرف تین دن کھرل کرنے سے تیار ہوگا۔

خوراک: ایک تا ۲ رتی صبح وشام ہمراہ ۴ رتی سفوف فلفل دراز اور ۳ ماشہ شہد ملا کر دیں۔ اوپر سے تازہ دودھ (گائے کا) پلا دیں۔

پرانے بخار میں فی خوراک ست گلو کا اضافہ کریں۔اس مرض کے لئے نمبر آدی

چورن ایک ماشہ میں ملا دیں۔

فی خوراک ایک رتی کشتہ ابرک سیاہ اور کشتہ مرجان ۲ رتی بھی ملایا جاتا ہے۔

کھانسی کی حالت میں ستو پلادی چورن ایک ماشہ کا اضافہ کرلیں۔

نکات: عام کتابوں میں کشتہ جست کو سنگ بصری یا کھپریا لکھا ہے۔ لیکن موجودہ دور کی بجائے تحقیق اور عظیم ویدوں نے کہا ہے کہ کشتہ جست ہی اصل جزو ہے۔

آب لیموں کو مقطر کرنے لئے آب لیموں کو پہلے چار تہہ کپڑے سے چھان لیں اور برتن کو آٹھ گھنٹے تک رکھ چھوڑیں۔ جب کھار نیچے بیٹھ جائے تو نتھار کر دوائی کو کھرل کرنے کے دوران تھوڑی مقدار میں شامل کرتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب پہلے ڈالا گیا آب لیموں خشک ہو جائے تو پھر مزید ڈال کر کھرل کریں اور یوں تمام آب لیموں تین چار دن میں سارا آب لیموں مقطر دوا میں بذریعہ کھرل جذب کریں۔

فوائد اور طریقه استعمال: پرانے بخار اور تپ دق کی لا جواب دوا ہے۔ جب بخار بہت پرانا ہو جائے اور اترنے کا نام ہی نہ لے۔

جب مریض پرانی بیماری سے شفایاب ہو چکا ہو لیکن ابھی کمزوری جان نہ چھوڑ رہی ہو۔ چلنا پھرنا دشوار ہو، بھوک کم لگتی ہو۔ قوت حاضمہ کمزور ہو تو اسے کھلائیں۔ صرف دس روز میں اس کی کمزوری دور ہو جائے گی اور سوکھا ہوا جسم از سرنو تازہ ہو جائے گا۔

میعادی بخار میں اکسیر ہے۔ اس کے دینے سے مبارکی دو تین روز میں نکل جاتی ہے۔
اگر بد پرہیزی نہ ہو تو اس دوا کے استعمال سے مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

سیلان الرحم میں کشتہ بیضہ مرغ ۴ رتی۔ کے ہمراہ دینے سے سیلان الرحم اور جسمانی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ سوکھے والے بچے کو ½ رتی میں کچھوا کی کھوپڑی کا کشتہ ۲ رتی فی خوراک شامل کرلیا جائے تو سونے پر سہاگہ کام دیتا ہے۔

سنگرہنی کے مریض کو مجرب ہے چنانچہ اطباء نے اسے معجون سنگ دانہ مرغ میں رکھ کر یا کسی ہاضم معجون میں رکھ کر کھانے کو مفید لکھا ہے۔

پاخانہ پتلا آتا ہو یا غذا کے فوری بعد پاخانہ آجاتا ہو، کمزوری بڑھ رہی ہو تو لا جواب

۷۔

نکات: اس نسخہ میں مقوی اشیاء شامل ہیں:

سونا دھاتوں کا بادشاہ ہے۔

مروارید کیلشیم کا خزانہ ہے۔

شنگرف۔ پارہ اور گندھک کا مرکب ہے اور از حد مقوی ہے۔

کشتہ جست اندرونی زخموں کو مجرب ہے۔

میری ذاتی رائے کے مطابق اس رس کو پیچش ہاضمہ کی خرابی اور آنتوں کی دق میں ضرور دیا جائے۔ مجھے انتہائی معتبر ذرائع سے خبر ملی ہے کہ ایک حکیم پرانے مروڑ کے علاج میں مشہور تھا۔ وہ گنگا دھر رس سے اسہال روکنے کے بعد یہ رس دے کر مریل سے مریل مریض کو کھڑا کر دیتا تھا۔

لاجواب غریبانہ نسخے

جہاں امراء کے لئے نسخہ جات حاضر ہیں وہیں غریبوں کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے اشیاء پیدا کی ہیں۔ دو غریبانہ نسخے حاضر ہیں۔

(۱۳۷۴)

❶ **ھوالشافی:** درخت پیپل کے پانچ انگ یعنی جڑ، پتے، پھل، لکڑی اور چھال بقدر ایک سیر لے کر اچھی طرح کچلنے کے بعد آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں پھر جوش دیں جب آدھا رہ جائے تو پانی نتھار لیں اور ہلکی آنچ پر اتنا پکائیں کہ رُب بن جائے۔

یہ رُب پیپل ۵ تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۹ ماشہ۔ ست گلو خانہ ساز ۹ ماشہ ملا کر ۲۔۲ رتی کی گولیاں تیار کر لیں۔

خوراک: دن میں ۳۔۴ مرتبہ ایک ایک گولی ہمراہ دودھ بکری دیں۔ اگر خدا کا فضل شامل حال ہوا تو مریض شفایاب ہوگا۔

اگر مریض کو خون آتا ہو تو درج ذیل جوشاندہ سے دیں۔

(۱۳۷۵) تھائیرائڈ (غدہ قدامیہ)

ھوالشافی: دھنیا خشک۔ آملہ خشک۔ برگ بانسہ۔ شاہترہ۔ مویز منقیٰ ۶،۶ ماشہ۔
تمام اجزاء کو رات کے وقت بھگو کر صبح کے وقت اچھی طرح مل کر پانی نتھار لیں اور
موسم سرما میں مریض کو شہد ملا کر آدھا صبح آدھا شام دیں۔
اس کے استعمال سے جہاں کھانسی کم ہو گی۔ وہاں خون آنا بھی بند ہو گا۔

نکات: اس نسخہ میں پیپل کا رُب بنیادی جز ہے۔ ہومیو پیتھی میں پیپل کی چھال سے مدر ٹنکچر اکالیفا انڈیکا تیار مل جاتا ہے۔
یہ مدر ٹنکچر سل، نفث الدم۔ خونی قے اور تکلیف دہ خشک کھانسی کے لیے مفید ہے۔
جہاں سٹرپٹو مائسن ناکام ہو جائے تو اس دوا کے استعمال سے مریض صحت یاب ہو جاتے ہیں۔
پھیپھڑوں کے ہر مریض کو بطور حفظ ماتقدم یہ ٹنکچر تجویز کرنا ہمارا معمول ہے۔ اس مدر ٹنکچر کے استعمال سے ریشہ، زور دار اسہال، اور خونی دست بند ہو جاتے ہیں۔ جدید سائنسی تحقیق کے مطابق اس میں سم الفار کی کچھ مقدار بھی پائی جاتی ہے۔ غرضیکہ ہر طرح سے مفید ہے۔

(۱۳۷۶) نسخہ برائے سل ودق

ھوالشافی: گندھک آملہ سار مصفیٰ ایک تولہ۔ ست گلو خانہ ساز ایک تولہ۔ مومیائی ۶ ماشہ۔ کالی زیری ۳ ماشہ گوند کتیرا تمام ادویہ کے وزن برابر (۲ تولہ ۹ ماشہ)

مقدار خوراک: ۴ رتی صبح شام ہمراہ دودھ
دو مشہور اطباء نے اس کی تعریف کی ہے۔
حکیم شریف خان نے لکھا ہے کہ گندھک بالخاصہ مفید ہے۔ اور ایلوپیتھی میں سلفر کے مرکب عام ہیں۔ ایک عرصہ تک استعمال کرائیں۔

نکات: گندھک پیپ کو روکتی اور خون کو بند کرتی ہے۔ ست گلو بخار کو روکتا اور بھوک لگاتا ہے۔ مصفیٰ خون ہونے کی وجہ سے سل کے جرثوموں کو تلف کرتا ہے۔

کالی زیر چھاتی کے ورم کو ختم کرتی ہے۔اور جرثوموں کو ہلاک کرتی ہے۔

مومیائی نیا گوشت پیدا کرتی ہے۔ طاقت بڑھاتی اور کھانسی کو رفع کرتی ہے۔

گوند کتیرا دوافع سوزش اور قبض کشا ہے۔

یہ نسخہ ہر طرح مفید ہے۔ سستا اور آسان علاج ہے۔ عظیم حکماء نے اس نسخہ کی تعریف وتصدیق کی ہے۔

(۱۳۷۷) حب کیٹس

یہ نسخہ طب جدید شاہدری والوں کا ہے۔ انہوں نے اسے تپ دق اور سل کے واسطے تیار کیا ہے اور مفید پایا۔

فوائد: اس کے استعمال سے بخار کم ہونے لگتا ہے۔ کھانسی کم ہو جاتی ہے اور بدن پر گوشت آنے لگتا ہے اور مریض تندرست ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی: کشتہ ابرک سفید ا تولہ۔ کشتہ مرجان ا تولہ۔ فیرائی سلفاس ا تولہ۔ گیری ۲ تولہ۔ ریوند خطائی ا تولہ۔ افیون خالص ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے شربت سادہ گاڑھا قوام سے گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک' ایک گولی صبح شام ہمراہ پانی یا مناسب شربت سے دیں۔ نسخہ بالکل درست ہے میں نے بھی اسے تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔ ایک مشہور و معروف دواخانہ میں ہزاروں کی تعداد میں تیار ہو کر مفید تام کا درجہ پا چکی ہیں۔ اس دواخانے والے اس دوا کو درج ذیل شربت کے ہمراہ دیتے ہیں۔

(۱۳۷۸) شربت

ھوالشافی: ملٹھی ۴ تولہ۔ پوست خشخاش ۴ تولہ۔ گاؤ زبان ۴ تولہ۔ تخم کاسنی ۴ تولہ۔ گلو سبز ۱۰ تولہ۔ بانسہ ۱۰ تولہ۔ صندل سفید اصلی ۴ تولہ۔ کوفتہ خشخاش ۱۰ تولہ۔ زوفہ ۲ تولہ۔ تخم خرفہ ۲ تولہ۔ سپستان (لسوڑیاں) ۲ تولہ۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ پانی ۸ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو پانی میں بھگو کر ۶ بوتل عرق نکال لیں۔ اور ۶ سیر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، کھانسی، دق، سل، دمہ، سوکھا اطفال، بخار میں دینا مجرب ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس دواخانہ میں تیار ہو کر قیام پاکستان سے اب تک ہزار ہا بوتلیں شربت فروخت ہو چکا ہے۔ اس راز کا علم دواخانہ کے مالک کو ہے یا پھر مجھے کہ نسخہ کیا ہے۔ کئی لوگوں نے مجھ سے کہا کہ حکیم صاحب آپ کے دوست ہیں اُن سے یہ نسخہ لے دیں۔ میرا ایک ہی جواب ہوتا ہے کہ کسی کی تجارت کو نقصان دینا اچھا نہیں۔

حکیم صاحب اس دوا کا عرق دیگ میں نکال کر روزانہ تیار کرتے ہیں۔ میں نے خود کئی بار بلکہ ساری عمر کا فائدہ اٹھایا ہے۔ میں کبھی بانسہ ۱۰ تولہ کی بجائے آدھ سیر ملا لیتا ہوں۔ اور اس طرح ۸ بوتل عرق نکال لیتا ہوں خوبصورتی کے لئے کبھی سرخ اور کبھی سبز رنگ ملا لیتا ہوں۔ ایک لاجواب شربت ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی حکیم یا عطار اس کو تیار کر کے فروخت کرے تو کافی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ صرف یہ نسخہ ساری کتاب پر بھاری ہے۔ تیار کرنے کے بعد اگر فی بوتل ایک تولہ کیلشیم ہائیو فاسفیٹ آف لائم ملا لیں تو مریض کو کیلشیم بھی مل جائے گا۔ سوکھا کو زیادہ مفید ہے۔ یہ ایک راز تھا جسے میں ظاہر کر دیا ہے فائدہ اٹھا کر اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اضافہ

ایک مشہور حکیم نے ۱۹۵۱ء میں مندرجہ بالا گولیوں میں چند چیزوں کا اضافہ کرنے کے بعد پرچہ میں شائع کروا دیا۔

(۱۳۷۹)

ھوالشافی: کشتہ مرجان، کشتہ ابرک سفید، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ سنکھ، کشتہ صدف مرواریدی، کشتہ ہرتال گئودنتی۔ کشتہ کوڑی زرد، کشتہ عقیق، سرطان نہری سوختہ۔ فیرائی سلفاس ایک ایک تولہ۔ ریوند خطائی ایک تولہ۔ گیری اصلی ۲ تولہ افیون خالص ۹ ماشے، شیرہ کھانڈ سے گولیاں بنالیں۔ مقدار خوراک۔ ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ عرق ہرا بھرا یا مناسب بدرقہ۔ صاحب نسخہ نے اس سے قبل کئی مریضوں کی فہرست بھی بتلائی تھی۔

نکات: اس کے اجزاء گواہی دے رہے ہیں کہ کیلشیم سے بھرپور نسخہ ہے۔

☆ افیون دافع کھانسی

☆ فیرائی سلفاس خون پیدا کرتا ہے۔

☆ دونوں ابرک، بخار کو صدیوں سے مفید ہیں۔

سرطان بھی دق اور سل کی دوا ہے۔

طریقہ سوختگی سرطان:

سرطان کو نمکین پانی گرم کردہ سے صاف کر کے کوزہ میں بند کر کے آگ دیں۔

سرطان نہ ملنے کی صورت میں بکری کا پھیپھڑا سوختہ کر کے شامل کرلیں۔ یہی اس کا بدل ہے۔

واقعی لاجواب نسخہ ہے۔

(۱۳۸۰) قرص رب السوس

دق اور سل کے علاج میں قرص سرطان۔ قرص رب السوس۔ قرص طباشیر کافوری مفید مانے جاتے ہیں۔ یہ نسخے ضخیم کتب میں درج ہیں جن میں سے انتخاب کرنا ہر کسی کے بس کا روگ نہیں ہیں۔ آپ کی سہولت کے لئے یہ نسخے انتہائی مجرب ہیں۔ تیار کرلیا کریں۔

ہوالشافی: قرص رب السوس ½ ۳ ماشہ۔ گوند کتیرا ½ ۳ ماشہ۔ گوند کیکر ½ ۳ ماشہ۔ جڑ انجبار ½ ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ½ ۳ ماشہ۔ دانہ خشخاش سوا گیارہ ماشہ۔ ست گلو سوا گیارہ ماشہ۔ گل سرخ سوا گیارہ ماشہ طباشیر سوا گیارہ ماشے۔ گل ارمنی سوا گیارہ ماشہ، سرطان سوختہ ساڑھے ۱۷ ماشہ۔ مغز تخم کدو ½ ۱۲ ماشہ، لعاب بہی دانہ کھرل کر کے ایک' ایک ماشہ کے قرص بنا دیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۳ عدد صبح شام ہمراہ شربت بنفشہ یا شربت انجبار سے دیں۔

(۱۳۸۱) قرص سرطان

ہوالشافی: سرطان سوختہ ½ ۲ تولہ، طباشیر ½ ۳، کہربا ½ ۳ ماشہ۔ پوست خشخاش ½ ۳ ماشہ۔ کافور ½ ۳ ماشہ۔ سنگ جراحت ½ ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ½ ۳ ماشہ۔ نشاستہ گندم ایک تولہ۔ مغز تخم خیارین ایک تولہ گل سرخ ۹ ماشہ۔ رُب سوس ۹ ماشہ۔ گند کتیرا ۹۱ ماشہ۔ تخم خرفہ بریاں ۹

ماشہ۔افیون ماشہ۔گوند کیکر ۹ ماشہ شامل کر کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک : ۴۔۴ ماشہ صبح شام ہمراہ مناسب بدرقہ کھانسی، دق سل، نفث دم میں استعمال کریں۔

(۱۳۸۲) قرص طباشیر کافوری لولوئی

ھوالشافی: مروارید ناسفتہ۔ طباشیر۔ سرطان سوختہ۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ مقشر۔ گوند کتیرا ایک ایک تولہ۔ کہربا شمعی۔ رب السوس۔ غنچہ گل سرخ ۸۔۸ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۲۰ ماشہ۔ گوند کیکر۔ بسد احمر سوختہ ۴۔۴ ماشہ۔ کافور قیصوری ۳ ماشہ۔ زعفران ۶ رتی۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو آب بارتنگ سے کھرل کر کے قرص بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳۔۳ ماشہ صبح شام

فوائد: دق، سل، اسہال زوبانی، اسہال کبدی کو مفید ہے۔ دق معولی، دق بطنی میں ہمراہ شربت انجبار یا شربت خشخاش دیں۔ بعد از غذا یہ سفوف دیں۔

سفوف : سنگدانہ مرغ۔ طباشیر نقرہ۔ پوست پیرون پستہ۔ بیل گری ایک ایک تولہ کافور ۳۔۳ ماشہ دیں۔ آپ کو بہت زیادہ نسخہ جات دیتے ہیں۔

اگر زیادہ کمزوری ہوتو حب جواہر دیں یہ حکیم شریف خان کے مجربات میں سے ہے۔

(۱۳۸۳) حب جواہر

ھوالشافی: مروارید۔ زمرد۔ یاقوت رمانی۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی۔ لعل بدخشانی۔ یشب سفید۔ کافور ہر ایک ½۳ ماشہ۔ بیخ انجبار۔ صندل سفید۔ گل ارمنی ہر ایک ¼۱ تولہ۔ رُب السوس۔ گوند کیکر، گوند کتیرا۔ نشاستہ۔ گل نیلوفر۔ سرطان سوختہ۔ طباشیر سفید۔ تخم خشخاش سفید۔ گل گاؤزبان۔ زعفران ہر ایک ½۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: جواہرات کو عرق گلاب میں حل کر کے لعاب بہی دانہ سے گولیاں نخودی بنا لیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک گولی صبح شام۔

فوائد: اعضائے رئیسہ کو فوری اثر کرتی ہیں۔ سل ودق کو مفید ہیں۔ دستوں کو بند کرتی اور کمزوری کو دور کرتی ہیں۔ اجمل خان کے مجربات میں سے ہیں۔

(۱۳۸۴) اکسیر تپ دق وسل

مقوی اعضائے رئیسہ، خون پیپ، کھانسی اور اسہال کے لئے مجرب ہے۔ مدقوق اور مسلول کو مجرب ہے۔ لاہور کے ایک طبیب نے مجرب لکھا ہے۔

ھوالشافی: ورق سونا ۱۰۰ عدد، ورق چاندی ۲۰۰۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ عنبر ۲ رتی۔ زعفران ۲ رتی۔ کشتہ سنگ جراحت۔ کشتہ گئودنتی۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ زہرمہرہ خطائی۔ طباشیر نقرہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو روح کیوڑہ، روح گلاب، روح بید مشک میں متواتر تین روز تک کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ۔

زیادتی بخار میں ہمراہ شربت صندل خون آنے کی صورت میں ہمراہ شربت انجبار۔ گھبراہٹ میں ہمراہ شربت ابریشم یا خمیرہ ابریشم کھانسی کی زیادتی میں ہمراہ شربت خشخاش دیں۔

طریقہ تیاری: ابرک سیاہ محلوب کو کنوار گندل کے لعاب میں کھرل کر کے غلولہ بنائیں۔ پھر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں۔

گئودنتی کو برگ نیم کے نغدہ میں آگ دیں۔ برگ نیم کے پاؤ بھر پانی میں دو تولہ گئودنتی جذب کریں۔ پھر آگ دیں۔

سنگ جراحت کو بھی برگ نیم میں آگ دیں۔

نکتہ: بنانے میں سہل اور ادویہ پر نظر ڈالیں تو یہ ایک مقوی قلب۔ دافع بخار نسخہ ہے۔ مجرب ہے۔

(۱۳۸۵) کم اجزاء کا نسخہ

ھوالشافی: ورق سونا۔ ورق نقرہ۔ کہربا شمعی عام ایک ایک۔ فلفل دراز ۵ حصہ۔

ترکیب تیاری: روح بید مشک میں تمام اجزاء کو اس حد تک کھرل کریں کہ سونے کی چمک زائل ہو جائے۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ آش جو۔ صبح، شام

صاحب نسخہ کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ یہ بالکل درست بات ہے کہ دھاتوں کو کھرل کرنے سے بھی ان کا کشتہ تیار ہو جاتا ہے کیونکہ رگڑ کے دوران بھی حرارت ہی تو پیدا ہوتی ہے۔

اجزائے نسخہ میں کہربا حابس دم ہے اور فلفل دراز دافع بلغم

(۱۳۸۶) غریبوں کے لئے ایک نایاب نسخہ

ایک اماں جی تقسیم ہند کے وقت ہجرت کر کے پاکستان آئیں۔ وہ عام کمزوری اور بخار میں مبتلا تھیں۔ ادھر دکانیں بھی تباہ ہو چکی تھیں۔ وہ میرے پاس آئیں کمزوری اور عام بخار کے متعلق یہ نسخہ میں نے ایک رسالے میں پڑھا تھا بنا کر دے دیا۔

ھوالشافی: چونا آب نادیدہ ۲½ تولہ، پانی اسیر۔ چینی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: چونے اور چینی کو ۲ دن تک پانی میں بھگو دیا پھر اس کا ذلال کر کے ۲½ تولہ سے ۵ تک پلانا شروع کر دیا۔ اماں جی کو اس ذلال کے پینے سے شفا ہو گئی۔

صاحب نسخہ نے بلغمی بخار والے کو اسی طرح سادہ ہی لکھا ہے۔

صفراوی بخار والے کو دودھ گائے یا بکری میں پلانے کو لکھا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ دق والے کو بھی مفید ہے اماں جی کو کمزوری اور بلغمی بخار تھا۔ میں اسی طرح تین چار بوتل پلائیں تو ان کا بخار، کمزوری اسہال اور سوکھا دور ہو گیا۔

(۱۳۸۷) حکیم صاحب مرحوم

ایک حکیم صاحب جو کہ متعدد کتب کے مؤلف بھی تھے ان کے پاس جانے کا ارادہ کیا لیکن وہ اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ میں نے سنا کہ ان کا بھانجا اور داماد بھی ان کے شاگرد رشید تھے۔ ان سے ملا دیر تک باتیں ہوتی رہیں سوال و جواب کا سلسلہ بھی جاری ہوا۔ ان سے حاصل ہونے والا ایک نسخہ حاضر ہے۔

ھوالشافی: بسد ۳ ماشہ۔ شاخ مرجان۔ ابرک سفید محلوب۔ مروارید۔ برادہ نقرہ۔ سرطان سوختہ ۳۔ ۳ ماشہ۔ برادہ سونا ایک ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو لے کر آب لیموں میں دو روز کھرل کریں۔ اس کے بعد

آب کوار گندل میں کھرل کریں اور قرص بنا کر ایک پاؤ گل سرخ کے نغدہ میں بند اور گل حکمت کر کے آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکالیں اور دو گھنٹے روح گلاب میں کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی صبح شام ہمراہ شربت لال، شیر بوزہ یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

(۱۳۸۸) شربت لال

برگ بانسہ ایک سیر۔ گل نیلوفر ۱۰ تولہ۔ سرطان نہری کوفتہ ۴ تولہ۔ گاؤزبان ملٹھی۔ ۲۰۔۲۰ تولہ عرق چھ بوتل۔ فی بوتل ۳ پاؤ چینی شامل کر لیں اور ۶ بوتل شربت بنا کر رکھیں اور سرخ رنگ ملا لیں۔

فوائد: کھانسی ہر قسم، بخار، مزمن کمزوری، بچوں کو دینے کے لئے اس میں کیلشیم بھی شامل کر لیں۔

کیلشیم: آب چونا ایک بوتل، عرق مذکور ایک بوتل۔ چینی ½ ۱ سیر سے شربت تیار کریں۔ بہترین ولا جواب ہے۔ میں نے تیار کر کے اس سے کافی مالی فائدہ اٹھایا ہے۔ خاص کر بچوں کے سوکھا میں مجرب ہے۔

(۱۳۸۹) ایک نایاب نسخہ

مجھے خبر ملی کہ ایک حکیم نزلہ، زکام، کھانسی، کمزوری کے لئے اپنی تیار کردہ گولیاں دیتا ہے اور مریض شفایاب ہو جاتا ہے مجھے شوق ہوا اور حکیم صاحب کے ہاں جا کر سوال کیا۔ جواب ملا کہ ایسے نسخے بتانے کے لئے نہیں ہوتے۔ خیر ایک دو ملاقاتوں میں ان کا دل پسیج گیا اور انہوں نے نسخہ لکھوا دیا۔

ھوالشافی: میعہ سائلہ۔ ست ملٹھی۔ نارجیل دریائی۔ مصطگی رومی۔ زہر مہرہ خطائی ایک ایک تولہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ ورق سونا ۲۵ عدد۔ ورق چاندی ۱۰۰ عدد۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ زعفران۔ افیون ۶۔۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: عرق بید مشک سے کھرل کریں اور پوری ایک بوتل جذب کر کے مونگ

کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک عدد صبح شام ہمراہ مناسب بدرقہ

فوائد: دق، سل، نزلہ زکام، کھانسی بخار مزمن کو مجرب ہے۔

نسخہ بیان کرنے والے حکیم صاحب نے بتایا کہ جس حکیم سے میں نے نسخہ لیا تھا وہ کہتا تھا کہ ہمارا صدری راز ہے۔ آگے کسی کو مت بتانا۔ میں نے بھی آج پہلی دفعہ وعدہ خلافی کی ہے۔ میں نے اس نسخہ کی تلاش میں متعدد کتب چھان ماریں لیکن مجھے کسی بھی کتاب میں نہیں ملا ایسے راز لوگ قبر میں ساتھ لے جاتے ہیں۔ اب وہ دونوں اصحاب فوت ہو چکے ہیں تو میں نے کتاب میں لکھ کر دیا ہے تاکہ خلق کو فائدہ پہنچے۔

نکات: نسخہ میں شامل ناریل دریائی۔ جدوار اور زہرمہرہ خطائی تریاقی ادویہ ہیں۔ زعفران اور افیون مسکن اور دافع بخار ہیں۔ سلاجیت اندرونی زخموں اور سوزش کو مفید ہے۔ سونا مقوی ارواح ہے۔

(۱۳۹۰) لعوق شفاء

مرزا محمد شفیع ایڈیٹر رسالہ ''حامی صحت'' نے ۱۹۳۸ء میں اپنا مجرب نسخہ و معمول مطب جو کہ ہزار ہا بندوں پر تجربہ شدہ ہے۔ شائع کیا۔

ھوالشافی: گل بنفشہ ۲ تولہ۔ خبازی۔ گاؤزبان۔ پرسیاؤشاں۔ ایک' ایک تولہ۔ عناب ۵۰ عدد لسوڑیاں ۵ تولہ بہی دانہ ۲ تولہ کو کنار ۵ عدد۔ پانی ½ ۱ سیر۔

ترکیب تیاری: ڈیڑھ سیر پانی میں تمام اجزاء کو جوش دیں۔ ایک سیر پانی رہ جائے تو چھان کر دو تولہ مغز خیار شنبر میں اس جوشاندے کو ملا کر دوباہ چھان لیں۔ پھر ایک سیر کھانڈ ملا کر گاڑھا قوام تیار کریں پھر خشخاش سفید۔ جو مقشر ایک' ایک تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ گوند کیکر ۶ ماشہ۔ گند کتیرا ۶ ماشہ ملا لیں۔ لعوق تیار ہے۔

خوراک: ایک' ایک تولہ صبح شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ سے استعمال کرائیں۔

نکتہ: مغز بادام کو گھی میں تل کر ملائیں۔ قوام گاڑھا رکھیں ورنہ پھپھوندی لگ جائے گی امراض سینہ کو مجرب ہے۔

(۱۳۹۱) خاندانی راز

ڈاکٹر محمد رفیق حجازی ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایک لاجواب سپوت تھے۔ آپ ممتاز الاطباء حکیم اور ایم۔ بی۔ بی۔ ایس ڈاکٹر کے علاوہ ایک علمی گھرانے کے سپوت تھے۔ آپ رسالہ "رہنمائے زندگی" بھی شائع کرتے تھے یہ رسالہ چند سالوں میں ہی پورے ملک میں مشہور ہو گیا۔ آپ کو جلد ہی حکیم مطلق کی طرف سے بلاوا آ گیا۔ آپ نے اپنا ایک خاندانی راز کتاب "کنز العلاج" طبع اول میں شائع کیا۔

ھوالشافی: ابرک سیاہ ½ سیر۔ محلوب مغز جو سفید ۲ سیر دونوں کو ایک تھیلی میں باندھ کر ایک بڑی دیگ میں بمع تھیلی ڈال دیں۔ تین دن گزرنے کے بعد صبح شام تھیلی کو مل دیا گیا تا کہ نشاستہ نکل کر پانی میں حل ہو جائے۔ بیس دن گزرنے پر تھیلی خالی ہو جائے گی۔ پھر تھیلی کو نکال لیں۔ اوپر سے پانی نتھار دیں اور نشاستہ کو خشک کر لیں۔ اب دو تین دفعہ تازہ پانی میں حل کر کے نتھار لیں یوں نشاستہ اور بھی صاف ہو جائے گا۔ اب نشاستہ کو سکھا لیں۔ اس طرح جو کی بدبو سے ابرک کشتہ ہو جائے گا۔

کشتہ ابرک سیاہ ۲ تولہ، الائچی ۲ تولہ۔ کوزہ مصری ۲ تولہ، طباشیر نقرہ ۲ تولہ، کوزہ مصری ۲ تولہ، زوردار ہاتھوں سے دو گھنٹے کھرل کریں دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شیر بوزہ

فوائد: دق سل، کھانسی، مزمن بخار، نفث الدم وغیرہ کو تریاق ہے۔

میں نے خود ابرک سفید تیار کیا واقعی کشتہ ہو جاتا ہے۔

نکتہ: ابرک سیاہ اور سفید دونوں ہی امراض مذکورہ میں مجرب چلے آرہے ہیں۔ جو کا نشاستہ مل جانے سے کشتہ سرد بن کر اور زیادہ مفید ہو جاتا ہے۔

(۱۳۹۲) لونگ آدی چورن

ھوالشافی: لونگ، کافور الائچی خورد، دار چینی، ناگ کیسر، جائفل، خس، سونٹھ، زیرہ سیاہ اگر، طباشیر، بالچھڑ، نیلوفر، فلفل دراز، برادہ صندل سفید، تگر، مشک بالا، سرد چینی تمام ادویہ کے سفوف ایک ایک تولہ۔ مصری ۹ تولہ۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۶ ماشہ تک دیں۔ یہ ایک ویدک چورن ہے لیکن یونانی اطباء بھی استعمال کرتے ہیں۔

فوائد: یہ فوائد میں بے مثال ہے۔ کھانسی، خرابی گلو، مزمن بخار، تپ دق کی کھانسی، ہر قسم کی بگڑی ہوئی کھانسی، کمزوری پھیپھڑے۔ سے تینوں خلطوں (Miasm) کے فساد کو مٹاتا ہے۔ اس کی تاثیر معتدل ہے یعنی نہ گرم ہے نہ سرد لیکن مقوی اور دافع تپ دوا ہے۔

اس کے استعمال سے دل دماغ، معدہ، جگر، مثانہ اور دیگر اعضاء میں ایک خاص طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ قوت ہاضمہ تیز ہو کر بھوک بڑھ جاتی ہے جس سے خون کی پیداوار میں اضافہ ہو کر کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرنے میں لاجواب ہے۔

بچوں کے اسہال، قے، بدہضمی، کھانسی اور دانت نکالنے کے زمانہ میں کھلانا لاجواب ہے۔

بسنت مالتی رس اس میں رکھ کر کھلانا لاجواب اکسیر ہے۔ خوشبودار چورن ہے۔ تمام جسم کو مفید ہے۔

تپ دق کے مریضوں کو شیر بوزہ سے دیں۔

کھانسی کے لئے عرق گاؤ زبان اور لعاب بہی دانہ سے دیں۔

میں نے بھی یہ چورن تیار کر رکھا ہے۔ مریضوں کو استعمال کرتا ہوں۔ رسالہ ''اجملی'' والوں نے بھی اس کو مجرب لکھا ہے۔

(۱۳۹۳) عجیب وغریب حکایت

آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے کا واقعہ ہے کہ ایک سادھو کے پاس کوئی نسخہ تھا۔ وہ اس نسخے سے علاج کرتا اس کا دعویٰ تھا کہ اس نسخے سے اندرونی زخم درست ہو جاتے ہیں لیکن وہ نسخہ کسی کو بتاتا نہ تھا۔ تقریباً ہر مرض میں مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کراتا۔ اور مریضوں کو آرام آتا تھا۔ ایک حکیم جو کہ اپنے گاؤں کا نمبردار بھی تھا۔ انتہائی کوشش کے بعد اسے نسخہ مل گیا۔

ھوالشافی: گندھک صاف۔ پارہ صاف۔ نوشادر۔ قلعی صاف ایک' ایک تولہ۔ کو کھرل

کریں پھر دو دن تک آب لانہ بوٹی میں کھرل کریں۔ اس کے بعد دو دن آب لانہ برگ منڈی سے کھرل کریں اور ایک گولی بنالیں۔ پھر جانور بھٹٹر شکاری جانتے ہیں ۵ تولہ لے کر اس کا پیٹ صاف کر کے گولی کو اس میں بند کر دیں اور کوزہ میں رکھ کر ایک من اوپلوں کی آگ دے دیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ چاول

فوائد: دق، سل، بخار، کھانسی کہنہ، دمہ کے علاوہ ہر مرض میں مناسب بدرقہ سے دیں۔

سادھو صاحب اس نسخہ کو اپنا خاندانی راز بتاتے تھے۔ میں کم وبیش ۵۰ سال سے اس کا واقف تھا۔ لیکن بنانے کا موقع نہ مل سکا۔ لیکن رسالہ ''الحکیم'' سالنامہ ۱۹۷۸ء میں ماہر متعدی امراض حکیم نواز چغتائی لاہور میں یہ نسخہ من وعن ایک صفحہ پر مل گیا۔

عبارت یوں تھی: دافع سل ودق، ضعف اعضا رئیسہ، حمیٰ لازمی، سرفہ تر وخشک، مانع پیدائش ریم وبلغم اعضائے اندرونی خصوصاً ریہ ومنقی شش، حجاب سینہ، مندمل قروع باطنی۔

حکیم صاحب نے اس کا بدرقہ گلقند یا بتاشہ لکھا ہے۔ بعد میں آپ برگ بانسہ، شربت اعجاز، شربت شفا، جوشاندہ اصل السول۔ بنفشہ، سپستان، گل بانسہ سفید۔ برگ بانسہ۔ انجیر بدرقہ مناسب حسب رائے طبیب۔

نکات: دراصل یہ مرگانگ کا نسخہ ہے جو دو بوٹیوں کے پانی سے تیار کیا گیا ہے۔ مرگانگ کو کئی حکماء نے رسائن بدن لکھا ہے بلکہ مریضوں نے بھی کہا ہے کہ جب سے مرگانگ کھایا ہے کئی تکلیفوں کو افاقہ ہو گیا ہے۔

گندھک اور پارہ مل کر رس بن جاتا ہے۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں تیار کریں۔

(۱۳۹۴) لوہ راسنا

طب ویدک میں لوہ کا ایک لاجواب نسخہ ہے۔ رسالہ ''اجملی'' والے مجرب کہتے ہیں۔

ھوالشافی: راسنا۔ اسگندھ ناگوری۔ کافور۔ برہمی۔ سلاجیت۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ۔ پوست آملہ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ دارفلفل۔ چترہ۔ ناگرموتھا۔ بابڑنگ۔ کشتہ فولاد ایک،

ایک تولہ باریک کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲رتی تا ایک ماشہ

طریقہ استعمال: یہ سفوف شہد یا شربت بنفشہ میں ملا کر چٹائیں۔اوپر سے بکری کا دودھ پلا دیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے دمہ، تپ دق، کھانسی، کمزوری ہر قسم دور ہوتی ہے۔بھوک خوب لگتی ہے اور جسم مضبوط ہو کر طاقتور ہو جاتا ہے۔

طب ویدک میں چورن پراش اولیہہ۔ بانسہ اولیہہ۔ رکھشا ارشٹ۔ بانسہ آدی گھرت۔تالیس آدی چورن مجرب ہیں۔

(۱۳۹۵) مجرب نسخہ

کسی گاؤں میں ایک غریب میاں بیوی رہتے تھے۔ان کو کسی وید یا حکیم نے پرانے بخار، کھانسی اور دق کا ایک نسخہ بتایا تھا۔ان کی گزر اوقات اسی نسخے پر تھی۔

ھوالشافی: ابرک سفید محلوب کو پتھر کے کونڈے میں ڈال کر بکری کا دودھ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔جب ابرک بے چمک ہو جائے تو نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ مناسب بدرقہ

نکات: دودھ بکری تپ دق اور سل کے لئے بالکل اسی طرح مفید جیسے استسقاء میں اونٹنی کا دودھ مجرب ہے بکری کے دودھ سے ابرک کا صلایہ ہو کر کشتہ ہو جاتا ہے۔مجرب ہے۔

(۱۳۹۶) باوا کرشنا

باوا کرشنا تام کے ایک ہندو اپنے زمانے کے مشہور معالج تھے۔ وہ تپ دق کے بھی معالج تھے۔ایک حکیم صاحب نے منت سماجت سے ان سے بخاروں کے علاج کے نسخے طلب کئے۔انہوں نے کمال مہربانی سے بتلا دیئے۔اور کہا کہ میں اس سے ہی مزمن، بخار، دق سل کا علاج کرتا ہوں، کوئی دو تین سال پہلے کا ذکر ہے اس حکیم نے وہ نسخہ مجھے بتلا دیا۔

ھوالشافی: کشتہ سنگ جراحت ۲ رتی، کشتہ مرجان ایک رتی۔

گلقند ½۲ تولہ میں رکھ کر صبح وشام کھلائیں۔اوپر سے عرق دق ۵ تولہ صبح شام پلائیں

خدا کو منظور ہوا تو مریض فوراً صحت یاب ہوگا۔

(۱۳۹۷) طریقہ کشتہ سنگ جراحت:

سنگ جراحت ۲ تولہ لے کر دھنیا خشک ایک پاؤ کے نغدہ میں عرق کیوڑہ سے تیار کیا ہو ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

کشتہ مرجان ۵ تولہ کو مکھن مصری ایک ایک پاؤ میں بند کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اس کے علاوہ اور کوئی طریقہ استعمال نہ کریں۔

نسخہ عرق: ترپھلہ۔ ترکٹا۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ کوڑ۔ گلو سبز۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ ناگر موتھا۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ بھکھڑا۔ ملٹھی۔ الائچی سبز۔ سنا مکی۔ تبریدی۔ پودینہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ برگ تلسی۔ عقرقرحا۔ مویز منقیٰ۔ اتیس۔ مغز کرنجوہ۔ زیرہ سیاہ۔ گاؤزبان، خوب کلاں۔ ابریشم مقرض۔ مکو۔ برگ بانسہ۔ ۵۔ ۵ تولہ۔

طریقہ: تمام ادویہ کوٹ کر تین حصہ کرلیں ایک حصہ پانی آٹھ بوتل میں بھگو کر ۴ بوتل عرق نکال لیں پھر یہ عرق اور پانی اور تیسرا حصہ دوا ڈال کر پانی تین بوتل شامل کریں اور ۴ بوتل عرق نکال لیں۔ اس کے بعد پھر یہ عرق اور پانی ۳ بوتل شامل کر کے عرق ۴ بوتل نکال لیں۔ عرق سہ آتشہ تیار ہو جائے گا۔

نکات: کشتہ سنگ جراحت اور مرجان دونوں کیلشیم میں۔ اور ایسی ادویہ میں شامل ہیں جو ہر طرح سے اندرونی زخموں اور معدے کی اصلاح کرنے والی جراثیم کو ہلاک کرنے والی اور ہاضمہ ہیں۔

ملیریا بخار تو اس کی ۲۔۳ خوراک سے ہی بھاگ جاتا ہے۔

نسخہ عطا کرنے والے نے محبت سے بتادیا۔ میں اس نسخے کو قوم کی امانت سمجھ کر قوم کو دے رہا ہوں تاکہ مجھے اور بتانے والے کو اس کا اجر پہنچتا رہے۔ آپ بھی تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

(۱۳۹۸) سفوف دق حمیات کہنہ ''الحکیم''

ھوالشافی: طباشیر ٦ ماشہ۔ ست گلو ڈیڑھ تولہ ایک ماشہ۔ الائچی ۳ ماشہ، گوند کتیرا ۳

ملٹھی ۳ ماشہ۔ خشخاش سفید ۳ ماشہ۔ گوند کیکر ۳ ماشہ۔ شکر تیغال ۳ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید ۳ ماشہ۔ صدف ۳ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔ چینی تین تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو اچھی طرح باریک کریں۔ پھر چینی اور ورق نقرہ ملا کر کھرل کریں جب تک چمک ختم نہ ہو کھرل کرتے جائیں۔ بعد میں دیگر ادویہ ملا کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ۔ عرق گلو ۵ تولہ۔ عرق سونف ۵ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۵ تولہ سے دیں۔

اس نسخہ سے مزمن بخار ملیریا، دق سل درجہ اول و دوم، کمزوری عام، بول، کھانسی کمزوری قلب دور ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱۳۹۹) نسخہ تلسی داس

لالہ تلسی داس ایک ہندو پنڈت تھے وہ حکیم بھی تھے انہوں نے مجربات کی ایک کتاب بھی لکھی۔ جس کے پاس کتاب تھی میں نے بھی دیکھی اور کتاب کے مالک سے پوچھا کہ یہ نسخہ جو کہ امراض سفید کو سینہ ہے بھی بنایا کبھی ہے وہ فرمانے لگے ہمیشہ کا معمول ہے۔ یہی نسخہ بناتا ہوں۔ مفید نسخہ ہے۔

ھو الشافی: گئو دنتی ایک پاؤ

ترکیب تیاری: کشتہ گاؤدنتی، دانہ بیر کے برابر ٹکڑے کر لیں۔ اور بول گاؤ میں ۵ گھنٹہ پکائیں۔ اس کے بعد گرم پانی سے دھو کر کنوار گندلی ۲ پاؤ میں بند کر کے آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر باریک کریں۔

کشتہ گاؤدنتی ۳ تولہ۔ رب السوس۔ شکر تیغال۔ گند کتیرا۔ گند کیکر۔ کاکڑا سنگی۔ پیپل خورد۔ طباشیر نقرہ۔ ست گلو خانہ ساز۔ دانہ الائچی خورد۔ ایک ایک تولہ

مقدار خوراک: ۴ رتی صبح شام ہمراہ شہد ۲ تولہ یا شربت بنفشہ یا شربت خشخاش ۲۔۲ تولہ دیں۔

فوائد: سینہ کے امراض بلغمی، خشک کھانسی، کالی کھانسی، دمہ، نفث دم، کے لئے مجرب ہے۔

کمزوری پھیپھڑا سے سانس خراب ہو تو یہ لاجواب ہے۔

اشتہاری نسخہ ہے۔ دافع بخار بھی ہے۔ صاحب نسخہ سے عرض کیا کہ گاؤ موتر میں ابالنا ضروری ہے تو فرمانے لگے میں تو شیر گاؤ میں ابالتا ہوں۔ اس نسخہ سے متعدد کامیابیاں حاصل کر چکا ہوں بلکہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ معمول وطب ہے۔

(۱۴۰۰) نسخہ: ''الحکیم'' فائل

الحکیم کی کسی فائل میں ایک شخص کا سوال درج تھا ''مریض کمزور اور غریب ہے۔ دق، سل، کھانسی اور احتلام کا مرض ہے۔'' علاج کے لیے رہنمائی فرمائیں۔

ھوالشافی: کشتہ بارہ سنگا۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ گئودنتی۔ رب السوس۔ گوند کیکر۔ کتیرا چاروں اشیاء کا سفوف ۴۔۴ رتی صبح وشام ہمراہ شربت اعجاز دیا کریں۔ اللہ تعالیٰ شفا دیں گے۔

نکات مطب: غریبانہ مفید نسخہ ہے۔ شربت اعجاز میں تیار کرنے کے بعد گوند ملانا لکھا ہے۔ لیکن تجربے نے یہ بتایا کہ گوند ملانے سے پھپھوندی لگ جاتی ہے۔ شربت بہت زیادہ گاڑھا ہو جاتا ہے۔ ایک حکیم صاحب نے اس کا حل یہ بتایا کہ گوندوں کا پاؤڈر علیحدہ باریک کر کے رکھیں اور مریض کو پڑیاں باندھ دیں اور ہدایت کریں کہ شربت میں پانی ملا کر پڑیا ملا کر پی لیں۔ یوں مریض کو دوائی بھی مل جائے گی۔ اور پھپھوندی بھی نہ لگے گی۔ اس قسم کی حکمت کی باتیں آپ کو کسی کتاب میں نہ ملیں گی۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ شربت میں سرد پانی ملانے سے مریض کو سانس کی خرابی ہو جاتی ہے لہذا شربت میں قدرے گرم پانی ملا دیں تو خرابی بھی نہ ہوگی۔ لاجواب نکات ہیں۔

(۱۴۰۱) لاجواب گولیاں

یہ گولیاں ایک حکیم صاحب کی مجرب ہیں اور اکثر تجربہ یہ کہ غریب لوگ زیادہ بیمار ہوتے ہیں لہذا یہ غریبانہ نسخہ حاضر ہے۔

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ سنگ جراحت۔ کتھا سفید۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ گندم۔ گیری۔ خطمی۔ کشتہ مروارید ۷۔۷ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ زعفران ۲

ماشہ پانی سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مریض کو گولی ہمراہ شربت مناسب سے دیں۔ میرے خیال صرف بانسہ ۱۰ تولہ کا تین پاؤ چینی سے شربت بنالیں۔ اوراس کے ساتھ دیں۔

اگر مریض انتہائی غریب ہے تو کشتہ مروارید کی بجائے صدف مروارید ملالیں۔ انشاء اللہ اس سے کھانسی اور اندرونی زخم دور ہونگے ہے نا کم خرچ بالا نشین نسخہ۔

(۱۴۰۲) تپ دق اور نظریہ مفرد اعضاء

نظریہ مفرد اعضاء والوں نے اپنے ایک پرچہ ''قانون مفرد اعضاء'' جون ۱۹۹۱ء میں ایک مریض کی حالت بیان کرتے ہوئے لکھا، سانس ہر وقت اکھڑی اکھڑی، دمہ خشک، رنگ سیاہ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا۔ گھبراہٹ۔ کمر درد اور ٹی بی بھی تھی۔

ھوا لشافی: خمیرہ ابریشم سادہ۔ ابریشم مقرض ۱۰ تولہ۔ گاؤ زبان۔ بہمن سفید۔ گل سرخ ۲½ ، ۲½ تولہ۔ لسوڑیاں ۵ تولہ۔ پانی تین کلو۔

ترکیب تیاری: تین کلو پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دے کر آدھا پانی رہ جانے پر چھان کر خمیرہ بنالیں اور مریض کو دیں۔

فوائد: اس سے غلیظ بلغم خارج ہوگی اور خشک دمہ، کھانسی، نیند کی کمی دور ہوگی۔ اس کے بعد اسی خمیرہ کے ساتھ کشتہ جواہرات ۲۔۲ رتی صبح شام کھلائی۔ اعضائے رئیسہ کی کمزوری بھی دور ہوگی۔

(۱۴۰۳) کشتہ جواہرات

ھوالشافی : شاخ مرجان۔ صدف صادق صاف۔ سنکھ۔ ابرک سیاہ وسفید بارہ سنگا۔ گئو دنتی ۲۔۲ تولہ۔

تمام اشیاء کو کنوار گندل میں رکھ کر آگ دیں اس سے باریک ہونے کے قابل ہوگئی۔ پھر کنوار گندل سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ تمام چیزیں کشتہ ہو جائیں گی۔

میں نے اس نسخہ کو تیار کیا اور ایک اسی قسم کے مریض کو دیا اور وہ الحمد للہ تندرست ہو گیا۔

یہ کشتہ اکسیر عضلاتی غدی ہے۔ عضلات قلب کو طاقت دے کر حرارت عزیزی پیدا کرتا ہے۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔ قدرے زرد رنگ میں تیار ہوتا ہے۔

فوائد: دمہ۔ بلغمی کھانسی۔ نمونیہ کو دور کرتا ہے۔ پھیپھڑوں سے غلیظ بلغم نکالتا ہے۔

نکات: خمیرہ میں لعاب دار اشیاء ہیں لہٰذا جلد پھپھوندی لگ جاتی ہے۔ میرے خیال میں چینی ایک کلو میں ایک پاؤ شہد ملا کر تیار کریں تو جہاں پھپھوندی کا خطرہ کم ہوگا وہاں مفید بھی زیادہ ہوگا۔

ایک حکیم نے راز کی بات بتائی کہ خمیرہ گاؤزبان سادہ جہاں دل کی مشہور دوا ہے وہاں کھانسی کے لئے بھی بے نظیر ہے۔ اگر گرم پانی میں ملا کر پلائیں تو بہت ہی مفید ہے دافع کھانسی ہے کیونکہ زکام وبائی کے زمانہ ۱۹۱۸ء میں جب انگریزی علاج ناکام ہوا تو حکیم اجمل خانؒ خمیرہ گاؤزبان سادہ کو ایک عدد ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلاتے اس کے ہمراہ گاؤزبان، گل گاؤزبان، ابریشم مقرض ۳۔۳ ماشہ، کے جوشاندہ میں چینی ۲ تولہ ملا کر صبح کو پلاتے اور شام کو لعوق معتدل ایک تولہ۔ لعوق سپستان ایک تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں جوش دے کر پلانا شروع کرایا جس سے ہزارہا بندگان خدا نے شفا پائی کیونکہ گاؤزبان حلق کی لاجواب دوا ہے۔

(۱۴۰۴) لاجواب معجون

ھوالشافی: کوکنار بڑے بڑے ۱۰۰ عدد، برگ بانسہ سفید گل والا۔ اس کے مساوی الوزن لے کر آٹھ گنا پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب پانی نصف سے کم رہ جائے تو اس کے مساوی چینی ملا کر قوام بنالیں۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ملٹھی مقشر ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ مصطگی۔ مرکی۔ گیارہ گیارہ ماشہ۔ زعفران۔ افیون ۴۔۴ ماشہ۔ ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ

فوائد: میں نے اس کو کئی حکما کے پاس تیار دیکھا نفث الدم۔ نفث المدہ نزلہ جدید و قدیم۔ سل کہنہ۔ نفث الدم۔ کثرت حیض کو لاجواب ہے۔ بنانے کے بعد خشک ہو جاتی ہے فوائد کم نہیں ہوتے۔ تیار شدہ شربت میں کاڈلیور آئل ۱۰ تولہ ملالیں۔ تیار ہے۔ دو بار دن میں دیں۔

نکات: صدیوں سے عرق کے متعدد نسخے قرابادینوں میں مجرب چلے آرہے ہیں جو کہ تپ دق سل میں مفید ہونے کے علاوہ غذائیت بھی مہیا کرتے ہیں۔ یہ بھی ایک قسم کا عرق شیر ہے جس کو پھلوں سے ملا کر مجرب بنایا گیا ہے۔

کاڈلیور آئل مچھلی کے جگر کا تیل ہے اسے شربت میں نہ ملائیں بلکہ علیحدہ رکھیں اور ۱۰ یا ۲۰ قطرے دودھ۔ پیتے وقت ملالیا کریں۔

ایک مشہور حکیم کے دواخانہ کا معمول ہے اس کے کئی شاگرد بھی اس کو معمول بنا رہے ہیں۔ لاجواب عرق ہے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ اگلے صفحہ پر ہے (۱۴۰۰۔ب)

(۱۴۰۵) سفوف دق سل از رسالہ ''اجملی''

ھوا لشافی: ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی۔ خورد ایک' ایک تولہ۔ گوند کتیرا۔ رب السوس۔ تخم خطمی، تخم خرفہ ۶۔۶ ماشہ۔ نشاستہ۔ دم اخوین شکر تیغال ۹۔۹ ماشہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ایک' ایک تولہ۔ سرطان سوختہ ۷ ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ ۷ ماشہ، کافور ۳ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ باریک کر کے قرص بنا دیں۔

مقدار خوراک: ایک' ایک ماشہ صبح شام ہمراہ شیر بوزہ یا مناسب بدرقہ

فوائد: بخار، کھانسی سوزش سینہ، نفث دم، خون آنے دق اور سل کے بخار کو لاجواب ہے

(۱۴۰۶) اکسیر سل تپ دق از صابر ملتانی ؒ

ھوالشافی: ایک تولہ شیر مدار میں ہلدی ۱۵ تولہ ملا کر کھرل کر کے گولیاں بنالیں یا سفوف ہی رہنے دیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح۔ دوپہر۔ شام اور رات کو ہمراہ پانی۔

غذا: غذا میں آدھا حصہ گھی دیسی شامل ہو مثلاً چاول دو چھٹانک ہوں تو گھی ایک چھٹانک۔ اس غذا اور دوا کی وجہ سے تیسرے دن اسہال ختم ہونگے تپ دور ہونے لگے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

یہ نسخہ نظریہ مفرد اعضاء کے موجد ڈاکٹر صابر ملتانیؒ کا تجویز کردہ ہے میں نے اس کا

تجربہ کیا ہے مجرب ہے۔

(۱۴۰۷۔ب)

هوالشافی: گلو تازہ ایک سیر۔ تخم خرفہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کاہو۔ سونف۔ تخم کاسنی ہر ایک پاؤ پاؤ۔ کوکنار۔ تخم خیارین۔ مغز تخم کدو ۵ تولہ اگر کدو تازہ مل سکے تو مغز کدو کی بجائے کدو ایک سیر۔ خوب کلاں۔ گاؤزبان۔ بورہ صندل۔ بقدر ۱۰۔ ۱۰ تولہ۔ خطمی۔ خبازی ۵۔۵ تولہ۔ لسوڑیاں دوصد۔ گاجر تازہ ایک سیر۔ دانہ انار شیریں۔ سنگترہ دس دس عدد (انار کے دانے نکال کر ڈالیں)۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ سیب ۱۰ عدد۔ ملٹھی مقشر ۳ تولہ۔ برگ بانسہ ۲ تولہ۔ عناب ایرانی ۱۰۰ دانہ۔ شیر بکری تین سیر۔ پانی مناسب میں بھگوئیں ۲۴ گھنٹہ کے بعد میوہ جات کے علاوہ ہر جز کوٹ کر ڈالیں۔ متعدد میوہ جات اور گاجر کتر کر ملا کر پچاس بوتل عرق نکال لیں۔

خوراک: ۱۰ تولہ عرق میں یہ شربت ملا کر پلا دیں۔

هوالشافی: ابریشم مقرض گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ لسوڑیاں ۱۰ دانہ۔ برگ بانسہ ایک تولہ۔ گاؤزبان۔ خطمی خبازی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ چینی ایک سیر شربت بنا دیں۔

خوراک: ۳۔۳ تولہ صبح و شام۔ پلا دیں۔ (نقل از مجربات سلطانی حصہ چہارم)

❀❀❀

احتلام

میں نے احتلام کا علاج معلوم کرنے کے لئے متعدد کتب کھنگالیں لیکن اس کے بارے میں مجھے کوئی مستند علاج نہیں مل سکا۔ اور نہ ہی کوئی واضح ہدایت ملی ہے۔ حالانکہ احتلام اتنی خطرناک مرض ہے کہ مدتوں پیچھا نہیں چھوڑتا ہے۔ لہذا میں اپنی معلومات اور رسالہ ''حکمت'' سے اخذ کردہ معلومات آپ کے سامنے رکھتا ہوں میرا تجربہ ہے کہ ان پر عمل کئے بغیر احتلام درست نہیں ہوسکتا۔

۱ جوانی جنسی غدود کی بلوغت کا ہی دوسرا نام ہے۔ جنسی غدود کے بالغ یا متحرک ہوتے ہی ان میں ہیجان پیدا ہو جاتا ہے۔ اسی ہیجان کی وجہ سے اکثر نوجوانوں کو مہینہ میں ایک یا دو بار نیند میں بغیر تصویر یا عمل کے یا تصویر اور عمل کے ساتھ اپنے کپڑے اور بستر خراب کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ یہ حالت احتلام کہلاتی ہے۔

نوجوان اور مہینوں بیوی سے دور رہنے والے تندرست اور تنومند مردوں میں احتلام ایک قدرتی چیز ہے۔ مہینہ میں ایک یا دو بار بلکہ تین مرتبہ تک احتلام کو بیماری میں شمار کرنا سخت غلطی ہے اور جسم انسانی کے فعلیاتی قوانین سے ناواقفی ہے' یادر ہے کہ جن نوجوانوں کو کبھی احتلام نہیں ہوتا ان کے جنسی غدد میں ضرور بالضرور کوئی نہ کوئی نقص ہے اور وہ تندرست نہیں بلکہ اس کے برعکس انہیں بیمار کہنا لازم ہے وہ مریض' میں

۲ ایک قدرتی بات جب اپنی حد سے بڑھ جاتی ہے تو غیر قدرتی بن جاتی ہے۔ احتلام اگر مہینہ میں ایک دو بار کی بجائے پانچ سات بار یا روز ہونا شروع ہو جائے تو پھر یہ جنسی غدد کی قدرتی نہیں بلکہ غیر معتدل حرکت ہے لہٰذا مرض ہے

۳ تندرست' تنومند جوانوں کو مہینہ میں ایک یا دو بار احتلام ہوتا رہے تو ان کو کسی قسم کی

کمزوری اور نقصان لاحق نہیں ہوتا اور اگر کمزوری اور نقصان لاحق بھی ہوتا ہے تو اس کا باعث احتلام بذات خود نہیں ہوتا بلکہ وہ غلط خیالات ہوتے ہیں جو جوانوں کے کانوں میں فوری کمزوری لانے والا منتر پھونکتے ہیں جس سے جسم، دل، دماغ وغیرہ اعضائے رئیسہ تباہ ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا احتلام ہو جاتا ہے۔

۴ اگر احتلام مہینہ میں پانچ سات دس بار یا روز ہونا شروع ہو جائے تو اس کا علاج کسی ہوشیار تجربہ کار عمر رسیدہ حکیم سے کرائیں ورنہ نقصان ہو گا کیونکہ نا تجربہ کار معالج مریض کو اور زیادہ کمزور کر دے گا

۵ احتلام کو روکنے کے لئے کافور، افیون، لفاح (Belladonna) بروما ئیڈز (Bomides) وغیرہ بارد اور قابض اور مخدر اشیاء جو کہ آجکل چھوٹے بڑے طبیب وید حکیم ہومیو پیتھ اور ڈاکٹرز دھڑا دھڑ استعمال کروا رہے ہیں۔ یہ استعمال نہیں کرنے چاہیں کیونکہ ان سے بسا اوقات ایسی سخت قسم کی نامردی پیدا ہو جاتی ہے جو کسی علاج سے دور ہونے میں نہیں آتی اور پھر مریض نام نہاد عاملوں کے پاس جانا شروع ہو جاتا ہے مریض کو یہ کہہ کر لوٹتے ہیں کہ کسی نے تمہاری جنسی قوت باندھ دی ہے

۶ احتلام کے مریضوں کو طلاء ٹکور اور محرک لیپ کبھی استعمال نہیں کرنے چاہیں ورنہ ان سے تحریک پیدا ہو کر خواہ کتنی بھی عارضی کیوں نہ ہو احتلام میں فوراً اضافہ ہو گا۔

۷ انفرادی توجہ چونکہ ہر مریض کا مزاج، کیفیت اور درجات مرض جدا گانہ ہوتے لہٰذا علاج کے لئے کسی ایک ہی دوا پر بھروسہ کرنا بجائے نفع کے نقصان کا موجب بنتا ہے مثلاً جہاں معدہ کمزور ہو وہاں موصلی وغیرہ کے استعمال سے معدہ اور بھی خراب ہو جاتا ہے اور اس کے ہمراہ قبض سر گرانی، کم خوابی جیسے عوارض پیدا ہو جاتے ہیں اس لئے علاج ایسے لائق طبیب سے کرائیں جو کہ تمام حالات مریض و مرض سے واقف ہو کر مزاج کے موافق دوا تجویز کر سکے۔ اس سے انشاء اللہ شفا ہو گی۔

❁ گندے خیالات کو ترک کریں دل کو پاک رکھیں گندے ناول قصے کہانیاں نہ

پڑھیں گندے کھیل تماشے دیکھنے اور عورتوں سے میل جول سے پرہیز کریں۔

❁ کوئی دوا یا غذا ایسی نہ لیں جو شہوانی تحریک پیدا کرے۔

❁ سوتے وقت پیشاب کر کے سوئیں۔ رات کو نیند کے دوران جب پیشاب کی حاجت محسوس ہو فی الفور بستر سے نکل کر پیشاب کریں ورنہ احتلام ہو جائے گا

❁ رات کو سوتے وقت دودھ مت پئیں اور اگر دودھ پینا ہی ہو تو شام پانچ بجے سے پہلے پی لیں کیونکہ نوجوان رات کو دودھ پئیں تو احتلام کا ہونا یقینی امر ہے

❁ قبض نہ ہونے دیں یہ بھی احتلام کا باعث بنتی ہے اس سے بچنے کے لیے چھلکا اسپغول تازہ پانی سے پھانک لیں یا گھی سے مجرب کر کے اتولہ پھانک لیں

❁ مصبر یا آنتوں میں خراش پیدا کرنے والی کوئی بھی دوا نہ لیں۔

❁ کھانا ہمیشہ زود ہضم، نرم اور لطیف استعمال کریں۔ ایسی کوئی چیز خورد و نوش میں نہ لاویں جس سے معدہ پر بوجھ پڑے اور طبیعت سست ہو جاوے یوں احتلام ہو جاتا ہے

❁ رات کا کھانا عام طور پر آسانی سے ہضم ہونے والا ہو اور کم از کم دو تین گھنٹے سونے سے پہلے کھائیں پیٹ کو اناڑی کی بندوق طرح لوڈ کرنا بھی احتلام کا باعث بنتا ہے یعنی ''دھوپ لگسی تاں ٹھس کرسی''

❁ رات سوتے وقت پانی بھی زیادہ نہ پئیں پیٹ کو ہلکا رکھیں ورنہ احتلام ہو جائے گا۔

❁ رات کو ہر قسم کے ترش پھل، سرکہ، ترش دہی اور کھٹے پھل سے پرہیز کریں

❁ گوشت، انڈہ، گرم مصالحہ، پیاز، لہسن، چائے سے پرہیز کریں اور جس چیز سے قطعی پرہیز نہ ہو سکے وہ کم سے کم مقدار میں استعمال کریں۔ اور وہ بھی دوپہر کے وقت۔ احتلام کے مریض کا پیاز کھانا پہلی نیند میں کپڑے خراب کر دے گا۔

- تمباکو نوشی سے پرہیز کریں تمباکو کا جو ہر موثرہ نکوٹین دل و دماغ اور منی کے لیے زہر ہے۔
- دن کے وقت سونا ترک کر دیں ایسا پروگرام بنائیں کہ رات کو زیادہ سے زیادہ گہری نیند سو سکیں کیونکہ کم گہری نیند سے اکثر احتلام ہو جاتا ہے
- رات کو سوتے وقت سردیوں میں تازہ پانی سے اور گرمیوں میں ٹھنڈے پانی سے پاؤں دھونا گہری نیند لاتا ہے یہ احتلام اور عام جسمانی صحت کو بھی مفید ہے
- غیر مختون آلہ تناسل والے نوجوان صبح کا غسل کرتے وقت گھونگھٹ کو پیچھے ہٹا کر خوب دھوئیں اور صابن لگا کر تمام میل کچیل اتاریں
- بہت ہلکی ورزش جس سے زیادہ تھکاوٹ نہ ہو احتلام کو مفید ہے۔
- تیراکی بہترین دافع احتلام ہے۔
- شبنم والی گھاس پر ننگے پاؤں چلنا احتلام کو مفید ہے۔ اس قسم کی چہل قدمی صرف گرمیوں میں کریں۔ سردیوں میں نمونیہ ہو جائے گا۔ (از: رسالہ آب حیات اپریل ۱۹۳۸ء)
- سوتے وقت دائیں کروٹ سوئیں۔
- سر کے بل کھڑا ہونے کی ورزش مفید ہے۔ سر کے بل کھڑا ہونے سے دائمی قبض دور ہو جاتی ہے اس ورزش کو کھلی اور ہوادار جگہ میں کرنا مفید ہے۔
- رات سوتے وقت سورۃ الطارق تین بار پڑھ کر سوئیں۔ ذاتی مجرب ہے۔
- ذکاوت حس کو دور کرنے کے لئے کشنیز ۵ تولہ، چینی ۵ تولہ باریک کر کے ۲ سے ۳ ماشہ تک صبح شام دیں۔ اس کے ہمراہ کشتہ قلعی ½ رتی بھی دیں۔

(۱۴۰۸) حکیم اجمل خانؒ کا نسخہ

ایک صاحب اس نسخہ کو خاص نام دے کر بذریعہ اشتہار بازی فروخت کر رہے ہیں ایک رسالہ نے اسے بیس سال پرانے احتلام کے لئے مجرب لکھا ہے۔

ھوا لشافی: کہربا شمعی ۱ تولہ۔ بسد ایک تولہ۔گل سپاری ۲ تولہ۔ طباشیر۔ کشنیز۔ فلفل دراز۔ بیج بند۔اجوائن خراسانی۔ گوند کیکر۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔گل نیلوفر۔گل نار فارسی ہرایک ½ ۱، ½ ۱ تولہ۔

دم الاخوین۔گل ارمنی ا۔ا تولہ۔ کشتہ جست خوراکی ۶ ماشہ۔ مصری کل اجزاء کے وزن کے مساوی

مقدار خوراك: ۶ تا ۱۲ ماشہ ہمراہ دودھ شیریں ۲۱ روز تک دیں۔ بڑے بڑے اطبا کا معمول ہے۔

پرھیز: تیل والی اور ترش اشیاء اور گرم ثقیل اشیاء نہ کھائیں۔

(۱۴۰۹) کشتہ صدف کافوری

ھوالشافی: صدف صادق صاف ۵ تولہ۔ کافور ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری: اوپر نیچے کافور رکھ کر درمیان میں صدف رکھ دیں اور ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں سیر دھونے پر نکال کر عرق گلاب سے کھرل میں باریک کریں۔

مقدار خوراك: ایک تا ۲ رتی

فوائد: سوزاک۔ حرکت البول۔ حرکت منی۔ اختلاج قلب۔ ذکاوت حس۔ احتلام۔ جریان منی۔ سیلان رحم۔ مجلوق کو مجرب ہے اس کے مساوی چھوٹی چندن ملا کر کھلانا مفید ہے۔ ذکاوت حس کو لاجواب ہے۔ میں نے بھی اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

(۱۴۱۰) اکسیر ذکاوت حس

ھوالشافی: آرد ملٹھی ایک ماشہ۔ بیج بند ایک ماشہ۔ اجوائن خراسانی ایک رتی۔ ایک ایک ماشہ کی خوراکیں بنالیں۔ اجوائن خراسانی فی خوراک رتی سے زیادہ نہ ہو۔

مقدار خوراك: خوراک ایک ایک ماشہ۔ صبح شام ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: ذکات حس کا مکمل خاتمہ کرتا ہے اور صحت کو مکمل طور پر بحال کرتا ہے۔ (از ''الحکیم'' ۱۹۴۵ء عادل فریدی)

(۱۴۱۱) پھٹکڑی

رات سوتے وقت پھٹکڑی کا ٹکڑا سرہانے رکھ لیا کریں اس سے احتلام نہ ہوگا حکماء

نے مجرب لکھا ہے۔

(۱۴۱۲) اکسیر ذکاوت حس

مشہور معالجین نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ چھوٹی چندن کے تمام مرکبات احتلام اور ذکاوت حس کو دور کرتے ہیں۔ انگریزی دوا فروشوں سے ہائی بلڈ پریشر اور جنون کے مریضوں کے لئے چھوٹی چندن سے بنی گولیاں عام مل جاتی ہیں۔ لاجواب دوا ہے۔

دیسی طریقہ میں چھوٹی چندن کا سفوف مفرد ۵۔۵ رتی دن میں تین بار دینا پرانے مرض کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے اور کئی ماہ تک دینے سے بھی کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

اس کے ہمراہ ۲ رتی کشتہ مرگانگ ملا کر دینا لاجواب ہے یا کشتہ قلعی بھنگ والا دینا مفید رہتا ہے۔

(۱۴۱۳) سفوف احتلام اور طب جدید شاہدروی

ھوالشافی: سمندر سوکھ۔ بیج بند۔ تخم سریالہ۔ تخم بھنگ ۵۔۵ تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی ۳۔۳ ماشہ تمام اشیاء کو اچھی طرح باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳۔۳ ماشہ تین ہفتہ تک دیں۔

اگر مریض ہضم نہ کر سکے تو ۴ رتی تج سائدہ میں رکھ دیں۔ اگر دودھ کے ساتھ ہضم نہ ہو تو مطبوخ الائچی سے دیں۔ اگر زیادہ گرمی ہو تو شربت نیلوفر سے دیں۔

یہ اشتہاری نسخہ کئی دواخانوں کا راز ہے۔

(۱۴۱۴) معمول مطب

ھوالشافی: مغز تخم املی کلاں ۱۰ تولہ۔ ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ تخم لاجونتی۔ چھلکا اسپغول ۲۔۲ تولہ۔ شکر سفید ۱۰ تولہ۔

تمام اشیاء کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ یا مناسب بدرقہ۔

اس کے ہمراہ کشتہ مرجان ایک رتی صبح کو کھلایا جانا مفید ہے۔ چت لیٹنے کی عادت ہو تو

اس ترک کریں۔ کپڑے کی گرہ لگالیا کریں یا سکہ ۵ تولہ رات کو باندھ لیا کریں۔
دوا کھانے سے کثرت احتلام میں کمی واقع ہو جائے گی چونکہ یہ مرض ہے لیکن احتلام بالکل نہ ہو یہ ناممکن بات ہے۔ کیونکہ یہ جوانی کی علامت ہے۔

نوٹ! ایک مرتبہ احتلام ہونے میں تین بار جماع کے برابر منی خارج ہوجاتی ہے لہذا مریض کے دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کو قوی کریں۔ تا کہ منی نکل جانے سے پیدا ہونے والی کمزوری کا تدارک یا ازالہ کیا جاسکے۔ نوجوان آدمی کو شادی کا مشورہ دیں۔
اس لئے میں نے کوشش کر کے ایک لاجواب مضمون اس مرض کے متعلق لکھ دیا ہے نیز نکات علاج۔ غذا۔ پرہیز اور ہدایات بھی لکھ دی ہیں۔ ان پر عمل کرانے سے آپ احتلام کے لا علاج مریضوں کا علاج کامیابی سے کر سکتے ہیں۔

- احتلام کے مریض نرم کے بجائے سخت بستر پر سوئیں۔
- قبض کو دور کرنے کے لئے مربہ ہرڑ دو دانے یا چھلکا اسپغول ۶ تا ۱۲ ماشے پھانک لیا کریں۔
- خیالات میں پاکیزگی پیدا کریں۔ جنسی قصے کہانیاں سننے اور دیکھنے سے گریز کریں۔
- جانوروں کی جفتی دیکھنے سے بچیں۔
- لڑکیوں سے میل ملاپ کے مواقع نہ تلاش کریں۔
- تاک جھانک سے پرہیز کریں۔
- حرص کو دل سے نکال دیں ورنہ اچھے سے اچھا نسخہ بے کار ثابت ہوگا۔

حکماء کو ہدایت ہے کہ کبھی بھی احتلام کے مریض کو کچلہ۔ سم الفار۔ سونا اور کستوری کے مرکبات نہ دیں۔ اس سے شہوت اور بھی بڑھ جائے گی اور مرض آگے بھی زیادہ ہو جائے گا۔

(۱۴۱۵) حب احتلام

ھوالشافی : پوٹاسی برومائیڈ ایک تولہ۔ تخم دھتورہ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ کافور مصعد ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی پارے شورے والا ۶ ماشہ۔ ایک دن خیساندہ کو کنار سے کھرل کر کے

۲۔۲رتی کی گولیاں بنا کر ورق نقرہ لگالیں۔

طریقہ تیاری کافور مصعد: کافور۳ تولہ۔صندل سفید۔صندل سرخ۔دانہ الائچی خورد۔ایک ایک تولہ۔آب کیلا مروق ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے خشک کر کے ٹکیاں بنا کر جوہر اڑالیں۔

کورس : تین ہفتہ اس کے بعد غیر شادی شدہ کو ایک ماہ میں ۱۰ یوم دیں۔رات کو سوتے وقت ایک گولی کھلا دیں۔

❀❀❀

آتشک

عضو تناسل پر کسی جگہ پہلے ایک سرخ پھنسی پیدا ہو جاتی ہے۔ جو رفتہ رفتہ بڑھ کر پھٹ جاتی ہے اور ایک زخم بن جاتا ہے اس کے آس پاس کی جلد متورم ہو جاتی ہے۔ زخم دبانے سے سخت معلوم ہوتا ہے۔ زخم میں درد ہوتا ہے اور مواد بھی نکلتا ہے۔

پندرہ روز گزرنے پر جنگاسوں کی گلٹیاں متورم ہو کر سخت ہو جاتی ہیں۔ اور کبھی پک کر پھٹ جاتی ہیں۔ بعض دفعہ تمام جسم پر زخم نمودار ہو جاتے ہیں اور جسم پھوٹ نکلتا ہے۔ سارے جسم کے جوڑوں میں درد شروع ہو جاتا ہے۔

علاج: بہتر تو یہ ہے کہ یونانی طریقہ علاج سے منضج اور مسہل سے علاج کیا جائے اس کے بعد مصفیات استعمال کرائی جائیں تو مرض جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔

(۱۴۱۶)

هوالشافي: شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی بوٹی ۷۔۷ ماشہ۔ عناب ۱۵ دانے۔ ہلیلہ سیاہ ۷ ماشہ۔ اگر سردی کا موسم ہو تو عشبہ مغربی ۷ ماشہ۔ گرمی کا موسم ہو تو صندل سرخ ۷ ماشہ۔ تمام ادویہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو مل چھان کر شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلا دیں یا کوئی دیگر مصفی خون شربت صبح دوپہر۔ شام دیں۔

عرق شاہترہ ۱۰ تولہ شیر گاؤ ۱۰ تولہ ملا کر پلا دیں۔ کم از کم ۱۰ یا ۲۰ روزہ مطبوخ پلا کر ہفتہ بھر کا مسہل دیں۔ یہاں تک کہ جسم صاف ہو جائے۔ اس کے بعد دوسرے نسخے وغیرہ استعمال کرائیں۔

(۱۴۱۷) نسخہ مطبوخ ہفتہ روزہ

مطبوخ پرانے تمام قدیم اطباء کا معمول رہا ہے پھوڑے۔ پھنسی اور خارش کے مریضوں کو ضرور پلاتے تھے۔ خود کئی پرانے اطباء سے ملا ہوں وہ فرماتے ہیں کہ وجع المفاصل

اور ضیق النفس میں یہ مطبوخ پلانا مجرب ہے۔

ھوالشافی: پوست درخت نیم۔ پوست درخت کچنال۔ بیخ حنظل۔ پھلی ببول۔ کٹائی خورد بمعہ برگ بیخ ثمر۔ گڑ پرانا ۱۰۔۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: پانی تین سیر میں جوش دیں جب ایک بوتل رہ جائے تو نتھار لیں۔

مقدار خوراک: تمام تیار شدہ دوا کی سات خوراکیں بنا لیں۔ بوقت صبح ایک خوراک پلا دیں۔ اس سے ہر روز دست آویں گے۔ دست آنے کے بعد عرق سونف ۵ تولہ۔ عرق مکو ۵ تولہ نیم گرم پلاتے رہیں۔

مروڑ لگ جانے کی صورت میں دوا دینا روک دیں اور بعد میں دوبارہ شروع کریں۔

پیچش کی حالت میں لعاب بہی دانہ ۳ ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی ۵ ماشہ پانی میں نکال لیں اور نبات سفید ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ اگر ہر روز نیا تیار کر کے پلائیں گے تو مروڑ نہیں لگیں گے۔ غذا میں کھچڑی دیں۔

کمزوری قلب کو رفع کرنے لئے خمیرہ گاؤزبان سادہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

(۱۴۱۸) اکسیر آتشک :۱

◆ ایک صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ فلاں صاحب جو کہ اس جگہ آتے جاتے ہیں بڑے مشہور طبیب ہیں ان سے ملاقات کریں۔ میں ان سے ملنے چلا گیا اور نسخہ جات کے متعلق عرض کی۔ فرمانے لگے میں تو آپ کی بہت تعریف سن چکا ہوں آپ کو نسخوں کی کیا ضرورت پڑ گئی۔ میں نے کہا علم بڑھانے کی غرض پڑ گئی۔ اس پر انہوں نے فرمایا اچھا۔ یہ نسخہ اور دیگر بھی کئی نسخے عطا کئے۔

ھوالشافی: رسکپور۔ دار چکنہ۔ سم الفار۔ مردار سنگ۔ تخم بھنگ۔ ایک' ایک تولہ۔ آب لہسن۔ آب ادرک ایک' ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر جو ہر اڑائیں یا دو چاول کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک' ایک گولی صبح شام ہمراہ مکھن اور غذا مرغن دیں۔ مریض کو ۲ چھٹانک مکھن اور ۲ سیر دودھ روز پلائیں۔ صرف سات خوراک سے آتشک

نرو مادہ دور ہوگا۔ وہ ایک بزرگ انسان تھے۔ نسخہ بتا کر فرمانے لگے کہ استادوں کا نسخہ ہے جو کہ میں کئی بار آزما کر مفید پا چکا ہوں آتشک خواہ کیسا ہی بگڑا ہو اس کے لئے مفید ہے۔ کئی لوگوں سے منہ مانگا انعام بھی پایا ہے۔ اب آپ کے حوالے ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دیے۔

(۱۴۱۹) اکسیر آتشک

◆ ایک اور حکیم جو کہ بہت بڑے معالج اور کئی کتب کے مصنف بھی تھے اور نامردی کے بکس بنا کر قیام پاکستان سے قبل فروخت کیا کرتے تھے۔ ان کا انتقال ہو گیا تو میں ان کی فاتحہ کے لئے گیا۔ ان کے داماد اور نواسے سے مختلف نسخہ جات کے متعلق پوچھتا رہا۔ اکسیر آتشک بھی ان کا بنایا ہوا نسخہ ہے۔

ھوالشافی: کتھہ گلابی ۵ تولہ۔ رسکپور ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ تولہ۔ آب لیموں ۱۰۰ عدد سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ناشتہ کے بعد ایک پاؤ دہی کے ساتھ نگل لیں۔ دودھ گھی خوب استعمال کریں۔

پرہیز: اس نسخہ کے استعمال میں کوئی خاص پرہیز نہیں ہے۔ اس سے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی جیسے منہ آنا۔ قے۔ اسہال۔ گھبراہٹ وغیرہ وغیرہ۔

خونی۔ امراض۔ داد۔ چنبل۔ پھوڑے پھنسیاں وغیرہ کھانے اور لگانے سے آرام آجاتا ہے۔ کورس زیادہ سے زیادہ تین ہفتہ ہے۔

نوٹ! جب رسکپور میں نیلا تھوتھا بتا شامل کر کے گولیاں بنائیں تو اس سے منہ نہیں آتا۔

(از قاضی نور محمد رحمۃ اللہ علیہ)

(۱۴۲۰) طب جدید شاہدرہ والوں کی اکسیر شفا

ھوالشافی: کشتہ سنکھ ۳ تولہ۔ طوطیا سبز ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۹ ماشہ۔ دار چکنہ ایک ماشہ۔ کتھہ سفید ۹ ماشہ۔ زنگار ۹ ماشہ۔ عرق گلاب ایک بوتل۔

ترکیب تیاری: عرق گلاب بذریعہ کھرل جذب کریں۔ دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک' ایک رتی صبح شام حلوہ میں رکھ کر کھلائیں اور بیرونی طور پر اوپر چھڑک بھی دیں۔ اگر زخم خشک ہوں تو تیل سے چپڑ کر لگا دیں۔

ترکیب کشتہ سنکھ: آب لیموں ایک پیالہ۔ سنکھ کو کوئلوں کی آگ میں گرم کر کے آب لیموں میں ڈالئے۔ سنکھ کا کچھ حصہ اس سے اکھڑ کر آب لیموں میں گر جائے گا۔ یوں گرم کرتے اور بجھاتے چلے جائیں۔ جب تمام سنکھ پھول کر آب لیموں میں مل جائے تو نتھار کر باریک کر لیں۔ یہی کشتہ سنکھ ہے۔

چھالیہ کو تابہ (تولے) پر رکھ کر اوپر سے کسی چیز سے ڈھانپ دیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ جب سپاری کوئلہ کی شکل اختیار کر جائے نکال کر باریک کر کے ملا لیں۔

آتشک کی ہر حالت میں اکسیر ہے۔ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ کئی مریض اس نسخہ سے شفایاب ہو چکے ہیں میرا تمام عمر کا معمول ہے۔ جن حکیم صاحب کا نسخہ ہے وہ لوگ سو سال سے اس نسخہ کو بذریعہ اشتہارات فروخت کر رہے ہیں۔

(۱۴۲۱) مطبوخ ہفتہ روزہ کا لاجواب نسخہ

مطبوخ کلاں ہفتہ روز کا ایک لاجواب نسخہ جو کہ دہلی کے حکماء کا پوشیدہ راز تھا۔

ھوالشافی: جڑ تمہ۔ چھلی کیکر۔ پوست کچنال۔ کٹائی خورد بمہ برگ جڑ و پھل۔ برادہ شیشم۔ پوست ہلیلہ زرد۔ قند سیاہ کہنہ ایک' ایک پاؤ۔ پوست نیم تین تین پاؤ۔ آب دریا ½ ۸ سیر۔ سوائے قند سیاہ کے تمام دوائیں بھگو لیں۔ تین دن کے بعد قند سیاہ گھول کر جوش دیں پانی چوتھارہ جائے تو نتھار لیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر بوتلیں بھر لیں۔ اور قدر رے سپرٹ یا روغن چنبیلی ڈال دیں تا کہ عفونت نہ آئے۔

خوراک: ۱۰ تولہ سے ۲۰ تک

فوائد: امراض خون جو کہ مدتوں سے پیچھا نہیں چھوڑتے اس کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتے ہیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے طاعون اور دیگر مادوں سے آرام آجاتا ہے

اس دوا کے استعمال سے ہر روز سات سے لیکر ۱۵ تک دست آجاتے ہیں لیکن کمزوری نہیں ہوتی۔ ہر خلط علیحدہ علیحدہ نکلتی ہے صفراء۔ سودا۔ بلغم وغیرہ۔

جذام کے لئے تین ماہ تک کھلائیں۔

آتشک کے لئے سات دن۔ناسور کے لئے ۱۴ دن۔ طاعون کے لئے سات دن دوا پینے کے اگر پیاس لگے تو عرق گاؤ زبان۔عرق سونف نیم گرم پلائیں۔اگر مروڑ ہو جاوے تو ریشہ خطمی ۳ ماشہ عرق مذکور میں بھگو کر پلا دیں۔ جب اسہال آ چکیں تو خمیرہ گاؤ زبان سادہ ایک تولہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر شربت بنفشہ ۲ تولہ۔تخم ریحان ۷ ماشہ چھڑک کر پلا دیں۔

غذا: روزانہ سہ پہر کو کھچڑی مونگ والی مرغن کھلائیں۔ کدو۔ٹینڈا۔توری بغیر مرچ سرخ کے ڈال کر کھلائیں۔

بیسنی روٹی یا دال چنے روغن زرد سے بنا کر کھلا دیں۔

وجع المفاصل اور دمہ کے مریضوں کو بھی منضج کر کے ایک۔ایک ہفتہ پلا دیں تو ان کے حق میں لاجواب ہوگا۔

یہ نسخہ دہلی کے حکیم سید قاسم علی کا مجرب ہے جو کہ چالیس سال تک دہلی میں کامیاب مطب کرتے رہے آپ بھی اس نسخہ کو بنا کر لاعلاج مریضوں کو دیا کریں لاجواب چیز لکھ دی ہے از ''الحکیم''

(۱۴۲۲) حب اکسیر آتشک

ایک شخص کا مشہور نسخہ ہے۔ ہفتہ عشرہ میں آتشک کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔

ھوالشافی: مغز جمال گوٹا مدبر ایک تولہ رسکپور ۶ ماشہ۔ پارہ ۶ ماشہ۔گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔لونگ ۶ ماشہ۔کافور ۳ ماشہ۔ کتھہ ۹ ماشہ۔مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پھر جمال گوٹہ۔ کتھہ مرچ سیاہ اور لونگ کو چار پہر کھرل کریں۔ پھر سب کو ملا کر آب کوار گندل سے کھرل کریں اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ۲ گولی ہمراہ آب سرد ۱۰ یا ۱۲ دن تک کھلائیں۔

غذا: دیسی گھی کی چوری۔ دال مونگ۔ کدو۔ ٹینڈے وغیرہ اور گھی زیادہ کھلائیں۔

فوائد: آتشک اور خون سے گندے مادوں کو خارج کر دے گی۔

اجزاء کے لحاظ سے یہ نسخہ نہایت جامع ہے کیونکہ جمال گوٹہ اور پارہ آتشک کے زہر کو ہلاک کرنے میں دنیائے طب کی آزمودہ دوائیں' میں اس کے علاوہ رسکپور بھی انہی ادویہ میں سے ایک ہے۔ لہذا ہم اسے ایک مکمل نسخہ کہہ سکتے ہیں۔

(۱۴۲۳) شربت مصفی خون

مطبوخ شاہترہ کی طرح استعمال کیا جاسکتا ہے۔ ہندوستانی دواخانہ مسیح الملک حکیم حاجی محمد احمد خان کے مشورے سے وید سائنٹفک طریقہ پر ایجاد کیا۔ خرابی خون سے پیدا ہونے والی مرض کھجلی۔ داد۔ پھنسیوں۔ حتیٰ کہ سوزاک۔ آتشک۔ جذام کا زہریلا مادہ دور کرنے میں مجرب ہے دہلی کے تمام دواخانے اس کو مصفی کے نام سے فروخت کرتے ہیں۔

ھوالشافی: شاہترہ۔ چرائتہ۔ منڈی بوٹی۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سرخ۔ عشبہ مغربی۔ برہم ڈنڈی۔ برادہ شیشم ہر ایک ۲ ½ تولہ۔ عناب ۴۰ دانے۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ تولہ صبح شام ہمراہ عرق عشبہ ۵ تولہ۔

فوائد: خرابی دندان۔ ماسخورہ کے مریض کو بھی صبح شام پلائیں۔

کانوں کے زخم اور پھنسیوں میں پلائیں۔ غرضیکہ ہر قسم کے خرابی خون کے مرض میں مفید ہے۔

آتشک کے زہریلے مادے کو خارج کرنے کے لئے ۱۴ تا ۲۱ روز تک پلا کر مطبوخ کا سات روزہ مسہل دیں۔

(۱۴۲۴) معجون عشبہ

اطباء متقدمین نے پرانے آتشک میں معجون عشبہ کھلانے کو مجرب لکھا ہے۔ یہ بھی لکھا ہے کہ جوہر آتشک معجون میں رکھ کر کھلا دیں اس سے خون صاف ہو جائے گا۔

ھوالشافی: عشبہ مغربی۔ بسفائج۔ افتیمون۔ گاؤزبان۔ کباب چینی۔ دارچینی ۲۔۲ تولہ۔ گل سرخ۔ چوب چینی۔ صندل سفید ۳۔۳ تولہ۔ صندل سرخ۔ سناء مکی ۴ تولہ۔ چھلکا ہلیلہ کابلی۔ سنبل الطیب ایک' ایک تولہ۔ پوست بلیلہ ۷ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ چینی ۳

پاؤ۔ شہد ½ سیر۔

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کریں چینی اور شہد کا قوام بنا کر اس میں شامل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ ہمراہ عرق مصفی خون۔

فوائد: جوڑوں کے درد۔ آتشک۔ بواسیر۔ خارش۔ فساد خون میں مجرب ہے۔

اگر ایک وقت جوہر اور دوسرے وقت معجون کھلا دیں تب بھی آتشک کا زہر نکل جائے گا۔ جوہر آگے آ رہے ہیں۔

(۱۴۲۵) جوہر مرکب گیارنیہ

تین چار مشہور حکیموں کے مطب میں یہ جوہر میں نے تیار دیکھا۔ وہ فرماتے تھے کہ تمام نسخوں کو چھوڑ کر ہم نے یہ جوہر تیار کر رکھا ہے۔ اپنے زیر علاج مریض ناسور۔ بھگندر۔ آتشک۔ پھوٹی ہوئی خنازیر پر ہم یہ جوہر ہی استعمال کرتے ہیں۔ اس کے استعمال سے آتشکی زہر رگ رگ سے نکل جاتا ہے۔

ھوالشافی: رسکپور ۴ تولہ۔ دار چکنہ ۳ تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۶ ماشہ پارہ صاف ۶ ماشہ۔ طوطیہ ۶ ماشہ۔ زنگار ۶ ماشہ۔ مردار سنگ ۶ ماشہ۔ سونا مکھی ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو آب حنظل میں کھرل کریں پھر ٹکیاں بنا کر جوہر حاصل کریں۔

مقدار خوراک: ایک چاول مکھن میں رکھ کر کھلائیں چاہے کیپسول میں بند کر کے کھلائیں۔

فوائد: پرانے سے پرانے زخم۔ ناسور۔ برص۔ جذام۔ آتشک۔ خنازیر۔ وجع المفاصل کے لئے لاجواب ہے۔ تمام جوہروں کا بادشاہ ہے اس میں تمام اجزاء جمع کر دیئے گئے ہیں جو کہ عام نسخوں میں کہاں ہوتے ہیں تیار کریں۔

(۱۴۲۶) جوہر خمسہ

لاہور میں حکیم سیفی مشہور طبیب گزرے ہیں ان کے ایک ہم سبق حکیم نے مجھے بتایا کہ ہم دونوں اس نسخہ کو تیار کر کے تمام عمر فائدہ حاصل کرتے رہے ہیں۔ نہایت محبت سے نسخہ لکھا

دیا ہے۔

ھوالشافی: پارہ۔ سم الفار۔ دار چکنہ۔ رس کپور ایک ایک تولہ۔ نمک لاہوری ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری: آب لیموں سے کھرل کر کے جوہر اڑائیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول کھلائیں۔ غذا مرغن دیں۔

فوائد: آتشک۔ ناسور۔ بھگندر۔ خنازیر۔ قروح خبیثہ کے لئے لاجواب علاج ہے۔

(۱۴۲۷) ایڈیٹر ''لقمان'' کا نسخہ

حکیم پیر عبدالرحیم جلیل نظام آبادی کے نام سے کون ناواقف ہے۔ وہ کئی کتب کے مصنف۔ رسالہ ''لقمان'' کے مدیر اور لاجواب معالج تھے۔ ان کا معمول مطب نسخہ جو کہ بذریعہ اشتہارات کئی سال فروخت ہوتا رہا۔ چوٹی کا نسخہ ہے۔

ھوالشافی: نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ رس کپور ۴ ماشہ۔ دار چکنہ ۶ ماشہ۔ مردار سنگ ۲ تولہ۔ زنگار ۶ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ شنگرف۔ ہڑتال ورقی ۳ ماشہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: آب ادرک سے چار پہر کھرل کریں۔ ایک روپیہ کے برابر ٹکیاں بنا کر خشک کر کے جوہر حاصل کریں۔

مقدار خوراک: ایک چاول

فوائد: ہفتہ کے اندر گلا سڑا مریض بھی درست ہوگا۔ اس کے علاوہ سوزاک کہنہ۔ نواسیر کو مجرب ہے۔

نکات: اگر منضج کر کے مسہل لے کر اس نسخہ یا مندرجہ بالا نسخہ جات کھلائیں تو میدان آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔

منضج کے لئے مطبوخ شاہترہ ایک تا ۱۵ روز پلانے کے بعد جمال گوٹہ کا کوئی مرکب دینے کے بعد جوہر دیں تو میدان آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔ اوپر والا شربت مصفی ہی پلا کر مسہل دیں۔

(۱۴۲۸) آتشک کے زخموں کا بیرونی علاج

بورک ایسڈ (Boric Acid) کو نیم گرم پانی میں حل کریں اور اس سے زخم دھو کر

روئی سے خشک کریں۔ یا برگ نیم کو پانی میں جوش دے کر اس پانی سے زخموں کو دھو کر خشک کریں۔ یا پوٹاشیم پر مینگنیٹ (Potassuim Permanganate) بمقدار ½ رتی پانی میں حل کر کے اس سے زخم دھوئیں اور بعد میں مرہم زنک آکسائیڈ لگا دیں یا مردار سنگ۔ کتھہ سفید باریک پیس کر چھڑک دیں اور اوپر روئی باندھیں۔ زخم درست ہونگے۔

(۱۴۲۹) مرہم

آتشک اور تمام مزمن زخموں کو مجرب ہے۔

ھوالشافی: رسکپور۔ شنگرف۔ سفیدہ کاشغری ۔ مردار سنگ۔ سندھور۔ خرمہرہ سوختہ ایک، ایک ماشہ۔ موم دیسی ۲ تولہ۔ روغن کنجد ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک پیس کر موم اور روغن میں ملا کر مرہم بنا کر لگائیں۔

(۱۴۳۰) لاجواب عرق

ھوالشافی: دار چکنہ ۵ گرین۔ آب مقطر ایک بوتل یا عرق گلاب سہ آتشہ تازہ میں باریک کر کے ملا دیں۔

ترکیب استعمال: اس عرق سے زخم دھوئیں۔

اندرونی طور پر ۱۰۔۱۰ قطرے پانی میں ملا کر صبح شام پلائیں۔

فوائد: نہایت لاجواب عرق ہے۔ پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں۔ پیپ کا آنا پہلے دن ہی بند ہو جاتا ہے۔ (از طب جدید شاہد روی)

(۱۴۳۱) کم خرچ لاجواب سفوف

ھوالشافی: پارہ ایک تولہ۔ چینی یا شوگر آف ملک ۹ حصہ

ترکیب تیاری: ہومیو پیتھک طریقہ سے کھرل کریں یا پھر دیسی طریقہ سے ۱۲ گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: یہ سفوف ایک تولہ ہمراہ سو بار پانی میں دھلے مکھن ۲ تولہ میں ملا کر بغلوں چڈھوں پر مالش کرنا آتشک کو مفید ہے اس کے علاوہ دھدر۔ نار فارسی۔ چمبل۔ خارش خشک وتر کو بھی مفید ہے اور مجرب ہے۔ (طب جدید شاہد روی)

(۱۴۳۲) برگ بیری

کسی گاؤں میں ایک شخص آتشک کا علاج کرتا تھا مگر نسخہ کسی کو نہ بتاتا تھا۔ میرے ایک رشتہ دار نے اس سے نسخہ پوچھ کر مجھے لکھ بھیجا۔

ھوالشافی: برگ بیری درسایہ خشک کردہ۔ پوست بیخ آکسن خشک ۲۔۲ ماشہ منہ میں رکھیں جب اچھی طرح گیلی ہو جائیں تو ایک ماشہ پارہ ہتھیلی پر رکھ کر دوائی منہ سے ہتھیلی پر ڈال دیں اور اچھی طرح ملیں۔ جب ملنے سے پارہ جذب ہو جائے تو چھوڑ دیں۔ ہر روز ایسا کریں۔ آتشک رفع ہوگا۔ جس دن منہ آ جائے تو علاج چھوڑ دیں۔ منہ آنے کو درست کرنے کے لئے دال چنا ابال کر اس سے غرارے کریں تو منہ ٹھیک ہو جائے گا۔

نکات: اگر آتشک کے علاج میں روزانہ قبض کشائی کرتے رہیں تو منہ نہیں آئے گا۔ جس دوا میں بھی نیلا تھوتھا شامل کر کے جوہر اڑائیں تو منہ نہ آئے گا۔

(۱۴۳۳) اکسیر آتشک

اکسیر آتشک معجون عشبہ ایک تولہ کھلا کر عرق عشبہ ۲½ تولہ۔ عرق سونف ۲½ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۲½ تولہ۔ عرق منڈی ۲½ تولہ۔ عرق شاہترہ ۲½ تولہ۔ شربت عناب ۳ تولہ صبح شام پلائیں اس کے پلانے سے آتشک دور ہوگا از ''الحکیم'' اکتوبر ۱۹۵۱ء۔

(۱۴۳۴) جوہر ثنایا

طب جدید شاہدرہ والوں نے اس کا اشتہار دے کر خوب مشہوری کی ہے اس کے علاوہ قوت باہ میں بھی اکسیر ہے۔

ھوالشافی: رس کپور۔ دارچکنہ۔ سم الفار۔ شنگرف ایک ایک تولہ۔ شراب برانڈی میں کھرل کر کے جوہر اڑا لیں۔

خوراک: ایک چاول۔ مکھن میں رکھ کر بعد از ناشتہ دیں۔ آتشک کو چودہ روز میں جڑ سے نکال دے گا۔ اس کا نام جوہر ثنایا ہے۔

امراض گردہ ومثانہ

(کثرت بول۔ بول فراشی۔ شوگر۔ پیشاب کے قطرے آنا۔ کمزوری گردہ مثانہ۔ پیشاب خطا ہونا)

(۱۴۳۵)

میں ایک دکان پر سودا لینے گیا تو میرے نزدیک ایک بوڑھا شخص بھی کھڑا تھا۔ اس کا پیشاب خطا ہو گیا۔ میں نے از راہ ہمدردی پوچھا کہ یہ کیا؟ وہ کہنے لگا میرا پیشاب اسی طرح خطا ہو جاتا ہے۔ میں حکیم محمد حیات کا نام سن کر آیا ہوں تو دکاندار نے کہا حکیم محمد حیات ہی تو تم سے پوچھ رہے ہیں۔ اتنا سننے کے بعد بوڑھے نے میری طرف رجوع کیا۔ میں نے اسے درج ذیل گولیاں بنا دیں اور اس کا پیشاب خطا ہونا درست ہو گیا۔

ھوالشافی: شنگرف ۳ ماشہ۔ افیون ا ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ جڑ پان۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ دارچینی۔ عود صلیب۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ کچلہ مدبر۔ سونٹھ ا۔ا تولہ گوند کیکر ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو رگڑ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

فوائد: یہ گولیاں از حد ممسک بھی ہیں۔ نامردی۔ کثرت بول۔ عام کمزوری کو مفید ہیں۔

نوٹ! اصل نسخہ میں کچلہ مدبر ۲ تولہ لکھا ہے لیکن میں نے صرف ایک تولہ ہی ڈالا تھا۔

(۱۴۳۶) کثرت بول

قیام پاکستان سے پہلے کی بات ہے کہ دو بوڑھوں نے کثرت بول اور بول فراشی کی

شکایت کی تو میں انہیں یہ گولیاں بنا دیں۔ان کے کھانے سے وہ دونوں تندرست ہو گئے۔

ھوالشافی: اجوائن۔ جائفل۔لونگ۔سونٹھ۔سوئے۔دارچینی۔مرچ سیاہ ایک' ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔زعفران ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کریں اور دوگنا شہد ملا کر معجون بنالیں یا شہد سے نخودی گولیا بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک' ایک گولی صبح شام ہمراہ قہوہ

(۱۴۳۷) مشہور حکیم کا مفید نسخہ

ایک مشہور حکیم جو متعدد کتب کے مصنف بھی تھے ان کے مطب کا چلتا ہوا نسخہ پیش کر رہا ہوں۔یہ نسخہ سلسل البول۔کی باہ عام جسمانی کمزوری۔جریان۔شوگر۔سیلان الرحم۔کمزوری گردہ ومثانہ کا لا جواب مجرب نسخہ ہے۔مطب میں تیار موجود ہو تو عام نسخوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

ھوالشافی: جاوتری۔ جائفل۔ لونگ۔ زعفران۔ تخم دھتورہ۔ افیون ایک' ایک تولہ۔ سلاجیت ۶ تولہ۔کشتہ فولاد ۳ تولہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔سعد کوفی ۔ کندر۔ جفت بلوط۔ جڑ پان۔حب آس۔زیرہ کرمانی ۶۔۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف بنا کر ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں یا کیپسول میں بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک' ایک گولی صبح شام مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلانا مجرب ہے۔

میں نے اس نسخہ کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

(۱۴۳۸) بوڑھا حکیم

ایک بوڑھا شخص جو کہ خود بھی حکیم تھا۔کثرت بول اور شوگر کی تکلیف کے لئے حاضر ہوا تو میں نے اس کو دو قسم کی گولیاں دے دیں جن سے اس کا کثرت بول کا عارضہ دور ہو گیا اور پھر نسخہ جات کا طلب گار ہوا۔میں نے کہا آپ کو آرام آ گیا ہے وہ کہنے لگے آرام بھی آ گیا اور کمزوری بھی دور ہو گئی ہے۔

ھوالشافی: رائی ۱۲ تولہ۔ مرچ سرخ ۱۲ تولہ۔ کشتہ فولاد ۴ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو رگڑ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: دن میں ۸ گولی تک کھانے کو کہا۔

(۱۴۳۹)

اگر قبض زیادہ ہو تو یہ گولیاں بھی ساتھ دیں۔

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔ رائی۔ حنظل بھنہ بیج ۵۔۵ تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

حکیم نے آکر بتایا کہ "ان دونوں گولیوں نے تو مجھے نئی زندگی عطا کردی ہے"۔

(۱۴۴۰) ایک سوال

رسالہ "الحکیم" ۱۹۶۵ء کے کسی شمارے میں کسی نے سوال بھیجا کہ کثرت بول اور کمزوری عام ہے۔ مجرب علاج بتائیں۔ حکیم محمد نواز اور حکیم غلام حبیب نے جواب میں یہ علاج لکھا۔

ھوالشافی: ناگرموتھا ۵ تولہ۔ دار فلفل ۵ تولہ۔ کندر ۵ تولہ۔ جفت بلوط ۵ تولہ۔ قسط شیریں ۵ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ شہد ایک سیر۔

مقدار خوراک: ۳۔۳ ماشہ صبح شام۔

اس نسخہ کی مداومت سے کثرت بول اور بول فی الفراش بھی دور ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی: کشتہ زمرد ایک رتی۔ جوارش زرعونی۔ عنبری ۵ ماشہ میں رکھ کر صبح کھلا دیں اور کشتہ بیضہ مرغ ۲ رتی معجون فلاسفہ ۷ ماشہ میں رکھ کر رات کو کھلا دیں۔

ان دونوں طبیبوں نے لکھا تھا کہ اس سے گردہ مثانہ کی کمزوری دور ہو کر سرعت انزال اور کثرت بول دور ہو گی۔ یہ دونوں نسخے متقدمین کا ساری عمر کا معمول تھے۔

(۱۴۴۱) ساہوکار

یہ ۱۹۲۲ء کا واقعہ ہے۔ ساہوکار مکند لال ریل میں سفر کر رہا تھا اس کو شوگر کا عارضہ تھا۔

باتوں باتوں میں ایک اور سواری نے شوگر کا نسخہ بتایا اور کہا کہ اس سے متعدد لوگ شفا پا چکے ہیں۔ ساہوکار نے نسخہ پوچھ کر بنایا اور استعمال کیا تو اس کی شوگر بھی ختم ہوگئی۔ ساہوکار نے اپنے گاؤں کے طبیب کو نسخہ بتلا کر کہا کہ حکیم جی اس نسخے کو بنا کر رکھا کریں۔ انہوں نے مجھ کو بتا دیا۔

ھوالشافی: مغز تخم املی کلاں۔ گڑمار بوٹی۔ مغز تخم جامن ۵۔۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ گولی صبح شام پانی سے کھائیں۔ میں نے صرف پاؤڈر بنا کر رکھا ہوا ہے۔

میں ایک خوراک سفوف میں کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ فولاد ایک' ایک رتی بھی ملا کر دیتا ہوں۔

میرے نسخہ سے بول فراشی والے بچے اور دوسرے بھی شفایاب ہو جاتے ہیں۔ شوگر کے مریضوں کو دیا کریں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

(۱۴۴۲) مزید برآں

کمزوری گردہ مثانہ میں سلاجیت ایک ماشہ۔ لبوب صغیر ۵ ماشہ میں رکھ کر کھلانا یا لبوب کبیر ۵ ماشہ یا معجون کلاں ۵ ماشہ۔ معجون فلاسفہ ۷ ماشہ۔ جوارش زرعونی نسخہ کلاں ۵ ماشہ میں کشتہ سونا ۲ چاول رکھ کر کھلانا کمزوری گردہ مثانہ کے علاوہ عام کمزوری میں حکیم شریف دہلوی کے خاندانی مجرب نسخے' میں آپ بھی فائدہ اٹھائیں۔

(۱۴۴۳) بصیرت الاطباء

طب جدید شاہدروی سے کون ناواقف ہے۔ اس کے بانی علامہ حکیم احمد دین تھے۔ آپ نے تمام طبوں کا نچوڑ نکال کر اس طب کی بنیاد رکھی۔ رسالہ ''بصیرت الاطباء'' بھی شائع کیا۔ متعدد کتب لکھیں اور نسخہ جات کو بلا بخل پیش کیا۔ آپ مستقل طور پر سندات بھی جاری فرماتے تھے مدرسہ بھی قائم کیا یہ واقعہ ۱۹۱۰ء کا ہے۔ آپ نے ذیابیطس کے دو نسخے تیار کیے اور

مریضوں کو دیتے رہے اور بذریعہ اشتہار آج تک فروخت کر رہے ہیں۔

نسخہ ذیابیطس حار

ھوالشافی: سفوف مفرح ۴ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ کشتہ سکہ ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۴ عدد

ترکیب تیاری: آب پوست جامن ایک پاؤ سے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ۴ تا ۸ رتی ہمراہ کھٹی لسی دیں۔

(۱۴۴۴) نسخہ سفوف مفرح

ھوا لشافی: طباشیر۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی ۵۔۵ تولہ ناریل دریائی ۳ تولہ۔ کشتہ عقیق ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: اس نسخہ کا میں نے تجربہ کیا ہے۔ واقع کثرت پیاس۔ کثرت بول۔ کثرت حیض کو لا جواب ہے۔ صفراوی مزاج والوں کو مجرب ہے۔

(۱۴۴۵) قرص ذیابیطس

یہ نسخہ بھی طب جدید شاہد روی کا ہے۔

ھوالشافی: شنگرف رومی۔ زرنیخ اصفر۔ مٹھا تیلیہ ایک' ایک تولہ۔ کشتہ سونا یا ورق سونا ۴ ماشہ کشتہ فولاد ½ ۱ تولہ۔ سونٹھ۔ فلفل دراز ۳۔۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: آب ادرک ایک بوتل سے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: نصف رتی سے ایک رتی ہمراہ مکھن مرض کی شدید حالتوں میں دو دفعہ بھی دے سکتے ہیں۔ نسخہ لاجواب ہے۔

میں کہتا ہوں عام نسخہ جات کو چھوڑ و صرف ان دو نسخوں کو تیار کر کے رکھیں ذیابیطس کے علاوہ ہر قسم کے بلغمی امراض کو مفید ہے۔ کثرت بول۔ عام کمزوری کو بھی لاجواب ہے۔

(۱۴۴۶) لڈو پیشاب روک

ھوالشافی: چنے بھنے ایک سیر۔ گھی دیسی ½ سیر۔ چینی ½ سیر۔ کشمش ۱۰ تولہ۔ چھوہارے ۱۰ تولہ۔ مغز ناریل ۱۰ تولہ۔ مغز اخروٹ ۱۰ تولہ۔ تل سیاہ ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: پہلے چنے کوٹ کرگھی میں بھون لیں پھر پسی ہوئی ادویہ اور مغزیات شامل کرکے ۵۔۵ تولہ کے لڈو بنالیں۔

مقدار خوراک: ۵ تا ۱۰ تولہ ہمراہ قہوہ عضلاتی غدی (بہترین مٹھائی ہے)

فوائد: سلس البول۔ بول فراشی۔ شوگر۔ نزلہ زکام کو لاجواب ہے۔

غذا: گوشت ہر قسم۔ مربہ آملہ۔ بیسنی روٹی۔ کشمش۔ مونگ پھلی اس کے ہمراہ کھائیں۔

لاجواب غذائی علاج ہے۔ یہ نظریہ مفرد اعضاء والوں کا تجویز کردہ ہے۔ میں بنا کر کھلاتا ہوں۔ اس سے نزلہ۔ زکام دائمی۔ کثرت بول کو آرام آتا ہے اور کمزوری دماغ بھی دور ہو جاتی ہے۔

ایک لڑکی نے مغز بادام ۱۰ تولہ شامل کرکے بنایا تھا۔

(۱۴۴۷) ۶۰ سالہ طبیب

ایک ۶۰ سالہ تجربہ کار طبیب نے مجھے کثرت بول کے لئے اپنا مجرب کورس بتایا تھا۔

صبح ناشتہ اور بوقت شام معجون فلاسفہ ۶ ماشہ میں کشتہ بیضہ مرغ ایک رتی۔ کشتہ زمرد ½ رتی ملا کر کھلائیں۔ دن میں ایک یا دو بار جوارش جالینوس ۶۔۶ ماشہ کھلائیں۔ اس سے کمزوری اور کثرت بول بھی دور ہوگا۔

ایک اور طبیب نے مشورہ دیا کہ اس میں کشتہ فولاد ½ رتی بھی ملا کر دیں۔ واقعتاً مشورہ صائب تھا یوں نسخہ مفید اور مجرب ہو گیا۔

(۱۴۴۸) نسخہ شوگر: ۱

ایک انتہائی تجربہ کار طبیب سے میں نے جا کر شوگر کے لئے نسخہ طلب کیا تو فرمانے لگے ہم تو اس سے ہی فائدہ اٹھاتے ہیں۔ پرانی سے پرانی تکلیف میں بھی مفید پایا ہے۔

ھوالشافی: خستہ جامن۔ گلو خشک ۴۔۴ تولہ۔ تخم خرفہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کاہو۔ تخم گل سرخ۔ گل نار فارسی۔ گل گاؤ زبان۔ ملٹھی ۳۔۳ تولہ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف صادق۔ کشتہ قلعی ۶۔۶ ماشہ۔ افیون ۹ ماشہ۔ تمام اجزاء کو اچھی طرح باریک کریں۔

مقدار خوراک: ½ ۱۔ ½ ۱ ماشہ صبح شام ہمراہ آب تازہ۔

پرہیز: ہر قسم کی میٹھی اور نشاستہ دار اشیاء سے پرہیز کریں۔

(۱۴۴۹) شوگر: ۲

ایک اور رسالہ سے یہ نسخہ ملا۔

ھوالشافی: گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ گل ارمنی۔ صندل سفید اصلی ۲۔۲ تولہ ملا کر بنائیں اور جوشاندہ گلو یا نیم سے دیں۔

نکتہ: جوشاندہ گلو اور نیم دونوں پیاس کو ختم کرتے ہیں۔ اور پیشاب کو بھی کنٹرول کرتے ہیں۔ کم خرچ اور بالانشین نسخہ ہے۔

(۱۴۵۵) چھال کیکر

ایک تجربہ کار حکیم نے مجھے کہ چھال کیکر ایک برتن میں بھگو دیں ساتھ ہی لوہے کے ٹکڑے بھی ڈال دیں۔ اس برتن میں سے آدھی پیالی پانی دن میں تین بار پلایا کریں انشاءاللہ کثرت بول دور ہوگا۔ کیونکہ کیکر کی چھال سے فولاد حل ہو کر ملتا رہتا ہے۔

(۱۴۵۱) اکسیر ذیابیطس کورس

لاہور میں ایک حکیم صاحب رہتے تھے پہلے وہ فاضل طب والجراحت تھے۔ یونانی طبابت کرتے تھے بعد میں وہ نظریہ مفرد اعضاء کے عامل بن گئے انہوں نے اپنی بیاض سے تین نسخے بتائے جو ان کی پریکٹس کے معمول تھے۔

ھوالشافی: مغز چاکسو ا تولہ۔ رسونت صاف ا تولہ۔ سلاجیت اصلی ا تولہ۔ گڑمار بوٹی ا تولہ مغز تخم جامن ۸ تولہ۔ مرچ سیاہ ا تولہ۔۔ کشتہ فولاد آب جامن والا ا تولہ۔ افیون ا تولہ۔ کشتہ زمرد ا تولہ۔ (اندازاً فی خوراک آدھا چاول افیون آتی ہے)

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کرنے کے بعد حب نخودی بنا کر ورق نقرہ لگا دیں۔ ایک ایک گولی صبح شام دیں اس کے علاوہ صبح ۱۰ بجے اور ۲ بجے دن میں دو بار یہ پاؤڈر ۲۔۲ ماشہ دیں۔

ھوالشافی: بھکھڑا۔ کریلہ خشک۔ مغز جامن۔ گڑمار بوٹی ۵۔۵ تولہ باریک کر کے دیں۔ یہی ہمارا کورس ہے اور یہی ہمارا معمول ہے۔ ہمارے استادوں نے ہم کو یہی بتایا تھا ہم نے

ہمیں بتلا دیا ہے۔
اگر کشتہ زمرد تیار نہ ہو تو آب لیموں میں پھٹکڑی پھل کر کے ملالیں۔ اسی حکیم صاحب
کے داماد نے کیپسول کا ایک نسخہ دیا ہے۔

(۱۴۵۲) لاجواب کیپسول

ھوالشافی: کشتہ قلعی۔ کشتہ زمرد۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ صدف۔ کشتہ
فولاد جامن والا ا۔ اتولہ نیز کشتہ بیضہ مرغ بھی اتولہ شامل کرنا مفید رہتا ہے۔
مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی کیپسول میں بند کر کے صبح شام دیا کریں۔
فوائد: اس سے جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال شوگر کے مریض کو فائدہ ہوگا۔
یہ کیپسول بھی ہمارے معمول میں ہے۔ ہم ہر روز یہ مریضوں کو دیتے ہیں۔

(۱۴۵۳) شوگر اور نظریہ مفرد اعضاء

حکیم شریف صاحب مرحوم دنیا پور والے ایک رسالہ کے مالک اور مفرد اعضاء کی متعدد
کتب کے مرتب۔ نظریہ کے عامل اور بہت ہی لائق طبیب تھے۔ ان کا ایک نسخہ اپنے ہاں کا
معمول ہے۔
ھوالشافی: تج۔ تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ مساوی الوزن لے کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔
مقدار خوراک: ۲۔۲ ماشہ دن میں ۳ بار دیں۔
فی خوراک کشتہ فولاد۔ کشتہ بیضہ مرغ ایک' ایک رتی ملا کر کھلائیں تو اس سے شوگر۔
جریان۔ لیکوریا اور ہر قسم کی رطوبت کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ حکیم شریف صاحب اس کے ساتھ یہ
خوراک بتاتے ہیں۔
غذا: صبح: انڈے فرائی کے ساتھ قہوہ
دوپہر: کسی بھی قسم کا گوشت۔ مچھلی۔ کباب انڈے۔ اچار۔ دہی بھلے۔ آلو چھولے۔
ٹماٹر۔ مالٹے۔ کنو یا لیموں کا رس۔ بیسنی روٹی۔
رات: مونگ پھلی اور کشمش کھا کر قہوہ۔ شدید بھوک ہو تو گوشت انڈے کے ہمراہ روٹی
اور قہوہ۔ لونگ۔ دارچینی اور چائے۔

اس کے علاوہ پرہیز جاری رکھیں تو کثرت بول اور شوگر کو آرام آ جاتا ہے۔

(۱۴۵۴) حکایت

ایک مریض نے ذکر کیا کہ مجھ کو شوگر بہت زیادہ ہوگئی۔ میرے ایک رشتہ دار نے کہا کہ آپ برگد کی داڑھی کا قہوہ بنا کر پیا کریں یا ان کو ابال کر ان کا رُب حاصل کر کے گولیاں بنا لیں۔ چنانچہ میں برگد کی داڑھی کے رب کی گولیاں بقدر نخود بنا کر کھاتا ہوں۔ اس سے شوگر بالکل کم ہوگئی ہے اور کئی آدمیوں کو دی ہیں سب کو آرام ہوا ہے۔

(۱۴۵۵) گولیاں کندر

حکیم محمد یوسف صاحب رحمۃ اللہ علیہ بہاول پور طبیہ کالج کے پرنسپل تھے۔ ان سے میں نے ایک بار کثرت بول کے لئے نسخہ طلب کیا تو فرمانے لگے کہ یہ گولیاں تیار کر لو یہ میرا معمول مطب ہیں۔

ھوالشافی: کندر۔ جفت بلوط۔ مصطگی رومی۔ گٹھلی جامن ایک ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ سے ۲۰۰ گولیاں تیار کر کے ورق نقرہ لگالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک صبح شام کھلائیں انشاء اللہ کثرت بول دور ہوگی۔

(۱۴۵۶) حکیم شہاب الدین

لاہور میں مطب کرنے والے ایک حکیم نے ایک طبیب کو نسخہ بتایا۔ ان صاحب نے اس نسخے کو معمول مطب بنالیا۔

ھوالشافی: صبح: معجون فلاسفہ میں کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ فولاد ایک ایک رتی۔ کشتہ زمرد ½ رتی۔

بوقت عصر: جوارش جالینوس ۷ ماشہ۔

شام/رات: معجون فلاسفہ میں کشتہ فولاد کھلائیں۔

یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ معجون فلاسفہ میں کشتہ مثلث ملا کر کھلانا یا قوت ۲ رتی۔ کشتہ زمرد ½ رتی یا کشتہ مرگانگ ایک رتی رکھ کر کھلانا یا کچلہ مدبر ایک رتی فی خوراک رکھ کر کھلانا یا۔ امرت دھارا۔ ۱۰ قطرے فی خوراک ملا کر کھلانا گاڑھے پیشاب کو دور کرتا ہے۔

سلاجیت ۲ رتی لبوب صغیر ۷ ماشہ میں رکھ کر کھلانا مقوی گردہ ومثانہ ہے۔

(۱۴۵۷) معجون مرکب :۱

جوارش جالینوس ۲۰ تولہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ کشتہ نقرہ ڈیڑھ ماشہ۔

مقدار خوراک: ایک ایک ماشہ کھلانا مقوی گردہ ومثانہ اور کثرت بول کو مجرب ہے۔

(۱۴۵۸) معجون مرکب :۲

معجون فلاسفہ ۲۲ تولہ۔ کشتہ فولاد یا منور ایک تولہ۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ ملائیں۔

مقدار خوراک: ۹-۹ ماشہ صبح شام کھلائیں۔

فوائد: کمزوری عامہ اور کثرت بول۔ مقوی گردہ ومثانہ ہے۔

جوارش زرعونی عنبری ۷ ماشہ۔ لبوب کبیر ۷ ماشہ میں ملا کر کھلانا مقوی گردہ ومثانہ ہیں یہ مقوی کمر۔ مقوی باہ اور پرانے اطباء کے لاجواب مرکبات میں سے ہیں۔

(۱۴۵۹) لاجواب مرکب

صبح: کشتہ نقرہ ۳ چاول۔ معجون فلک سیر ۲ ماشہ۔ شام: قرص مرجان۔ کشتہ فولاد ایک ایک رتی جوارش جالینوس ۷ ماشہ شام میں۔ رکھ کر کھلانا مقوی گردہ ومثانہ۔ دافع سرعت انزال ہیں۔ یہ نسخہ حکیم شریف خان کا خاندانی مجرب ہے۔

دواء المسک معتدل سادہ ۲ ماشہ۔ معجون آردخرما ۶ ماشہ ملا کر صبح شام کھلانا کمزوری دل ودماغ وگردہ ومثانہ ہے۔

اس دوا کا کورس ۴۰ دن ہے اس میں کشتہ قلعی یا سہ دھاتا رکھ کر کھلانا مقوی گردہ مثانہ وباہ ہے۔

(۱۴۶۰) دوائے کثرت بول

ایک طبیب خاندانی حکیم تھے۔ انہوں نے مجھے کثرت بول کے لئے اپنا معمول مطب نسخہ بتایا اور کہا کہ ہم تو اس کو ہی دیتے ہیں۔

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۲ چاول تا $\frac{1}{2}$ ایک رتی کھلانے سے کثرت بول دور ہوگا۔

(۱۴۶۱) سفوف ذیابیطس

حکیم مولانا عبداللہؒ فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ گذشتہ پندرہ سال سے ہمارے مطب میں استعمال ہو رہا ہے۔

ھوالشافی: کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مروارید۔ کشتہ فولاد۔ گلو خشک۔ برگ جامن۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ملٹھی مقشر۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤ زبان۔ گل سرخ۔ گل ارمنی۔ خشخاش سفید تمام ایک' ایک تولہ باریک کر کے چاروں کشتے ملا کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۴ تا ۸ رتی۔

اس دوا کو آپ کیپسول میں بند کر کے ایک' ایک ماشہ کا کیپسول صبح شام بھی دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ کورس ایک ماہ۔ از کنز المجربات حصہ سوم۔

(۱۴۶۲) سادہ نسخہ

حکایت: ایک شخص کے متعلق سنا کہ وہ شوگر کی دوا دیتا ہے اور لوگ اس سے خریدتے ہیں۔ ایک مٹھی بھر کر دوا دیتا ہے اور مبلغ پچیس روپے لے لیتا ہے۔ ایک پنساری نے دیکھا کہ یہ تو پنیر ڈوڈی ہے اس نے مجھ سے ذکر کیا تو میں نے اپنی لائبریری میں حکیم اسماعیل صاحب امرتسری کی کتاب میں دیکھا تو اس میں لکھا تھا کہ پنیر ڈوڈی ۳۔۳ ماشہ صبح شام پانی سے کھانا ذیابیطس کو دور کرتا ہے۔

پس ایک مریض نے ایک سال تک بھگو کر پی تو اس کی شوگر ہر طرح سے دور ہوگئی۔ لہٰذا لکھ دیا کہ یہ مجرب ہے پچیس روپے لینے والا شخص چونکہ پنیر ڈوڈی کو موٹا موٹا کوٹ کر دیتا تھا اسی واسطے پہچانی گئی۔

(۱۴۶۳) اکسیر دوا

یہ اکسیر نظریہ مفرد اعضاء کا نسخہ ہے۔

ھوالشافی: پھلی ببول خام بے دانہ اور تخم حرمل باریک کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک دن میں چار بار ہمراہ قہوہ ذیابیطس کی لاجواب دوا ہے۔

کورس: ایک ماہ اس کو کھانا تمام رطوبتی امراض کو مجرب ہے۔ (از شریف خاں)

بندش بول۔ درد گردہ۔ سنگ گردہ ومثانہ

(۱۴۶۵) جلاب درد گردہ

کیسٹر آئل ۵ تولہ کے ہمراہ عرق گلاب ½ ۲ تولہ شہد ½ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں اس سے اسہال آئیں گے۔ ہر ۱۰ دن کے بعد دیں۔

مریض عمر ۶۰ سال کی بیوی نے آ کر شکایت کی کہ میرے خاوند کو اپھارہ ہو گیا پاخانہ بالکل نہیں آتا۔ پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے، جلن بہت ہے۔ انتہائی تکلیف کی حالت میں ہے جا کر دیکھا مریض کو سخت قبض تھی۔ پیشاب بھی بند تھا۔ اس کو حقنہ دیا گیا۔ جس سے مریض کے پیٹ سے سدے خارج ہوئے، اپھارہ ختم ہوا، پیٹ نرم ہو گیا۔ اس کے بعد بندش پیشاب کا علاج کیا گیا (حکماء متقدمین کا حکم بھی ہے کہ درد گردہ، بندش بول میں جلاب کی بجائے حقنہ کیا جائے) اس کے بعد مدرات اور مسکنات سے علاج کریں۔

(۱۴۶۶)

صبح کے وقت مریض کو یہ سفوف دیا گیا۔

ھوالشافی: جو اکھار سہاگہ اور شورہ قلمی ۵۔۵ تولہ باریک کر کے ایک' ایک ماشہ کی پڑیاں باندھ کر جوشاندہ کلتھی سے دیا گیا جس سے شام تک پیشاب کھل گیا۔ کبھی سنگ یہود مسحوقہ فی خوراک ایک رتی بھی ملا لیا جاتا ہے۔

اس کے بعد یہ معجون دی گئی۔

(۱۴۶۷)

ھوالشافی: سنگ یہود ½ ۲ تولہ کو عرق گلاب سہ آتشہ میں مثل سرمہ باریک کریں۔ اس کے بعد پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۳ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ کہربا شمعی ۴ ماشہ۔ دانہ

الائچی خورد ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ ابریشم باریک کردہ ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ رتی۔ مرجان ۲ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ شہد ایک پاؤ۔

مقدار خوراک: ۳۔۳ ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ

ہر روز پیشاب برتن میں کرنے کی ہدایت مریض کو کی گئی۔ پیشاب میں ریت خارج ہوتی رہی، پتھری بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکل گئی۔ میں یہ کہتا ہوں یہ نسخہ ۹۹ فیصد مجرب ہے۔ جن مریضوں کا ڈاکٹروں نے اپریشن کا فیصلہ کیا ہو وہ بھی اس سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔ میں نے اس کو کئی بار دیا ہے آپ بھی تیار کریں۔ ''حامی صحت،، پرچہ میں کئی حکماء نے اس کی تصدیق کی ہے۔

(۱۴۶۸)

ایک بوڑھی مہاجر عورت کو ہندوستان میں درد گردہ اکثر رہتا تھا اس کو یہ گولیاں بنا کر دی گئیں جن سے فوری طور ر درد گردہ بند ہو گیا۔ اس کے علاوہ بھی متعدد مریضوں کو دی گئی سب کو فائدہ ہوا۔

ھوالشافی: مصبر۔ نشادر۔ سہاگہ۔ مرچ سیاہ ایک ایک تولہ۔ افیون ½ ۲ ماشہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۴۔۴ تولہ رتی کیپسول میں بند کر کے دیں یا گولیاں بنالیں۔

گولی ایک عدد ہمراہ آب تازہ یا عرق سونف ۱۰ تولہ سے دیں۔ مقامی طور پر گل ٹیسو ایک پاؤ آٹھ سیر پانی میں جوش دے کر۔ اس کا نطول کریں۔

لوٹے میں ڈال کر دو فٹ بلندی سے دھار باندھ کر گرا دیں اس سے فوراً درد گردہ بند ہو گا۔ ثقل کو مقام گردہ پر نیم گرم باندھ دیں۔ ۴۔۴ گھنٹہ بعد ایک خوراک اس نسخہ کو کئی دفعہ مریضوں کو دیا ہر دفعہ کامیابی نصیب ہوئی۔

(۱۴۶۹) درد گردہ مریض

مریض عمر ۳۰ سال مطب میں آیا اور بندش بول اور درد گردہ کی شکایت کی۔ اس وقت

اس کا پیشاب بند تھا۔ یہ سفوف اسے دیا گیا۔

ھوالشافی: جوکھار۔ سہاگہ سفید۔ شورہ قلمی۔ پھٹکڑی۔ نوشادر

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

اس دوا سے بندش بول فوراً دور ہوگئی اور پیشاب بھی آ گیا اور اسے ہدایت کی کہ ہر مہینہ میں پانچ روز کھالیا کرے یوں اس کی پتھری بھی نکل گئی اور مکمل آرام آ گیا۔

(۱۴۷۰) ادھیڑ عمر مریض

مریض ادھیڑ عمر کو بندش بول اور درد گردہ کی شکایت تھی اس کو یہ سفوف بنا کر دیا گیا

ھوالشافی: جواکھار۔ سہاگہ پھلہ۔ شورہ قلمی۔ سنگ یہود۔ سنگ سرماہی۔ پھٹکڑی سوختہ۔ نوشادر۔ کلتھی۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ تخم مولی۔ تخم سوئے۔ دانہ الائچی کلاں۔ کباب چینی ۶۔۶ ماشہ چینی ۵ تولہ۔

مقدار خوراک: ۳۔۳ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت بزوری وغیرہ دیں۔ اس نسخہ سے دہلوی حکماء نے متعدد مریضوں کے پتھر خارج کیے۔ اس نسخہ سے درد گردہ ریگ گردہ ومثانہ دور ہو جاتا ہے۔ میں نے بھی کئی مریضوں کو دیا ان تمام کو فائدہ ہوا۔ کھجور کی گٹھلی کے برابر پتھریاں اس سے خارج ہوگئیں۔ پتھری خارج ہونے کے بعد جب کبد نوشادری ۲۔۲ عدد بعد از غذا کھلا دیں اور جوارش جالینوس ۴۔۴ ماشہ کھلانا آئندہ کمزوری دور اور جسم کو مدد دیتا ہے۔ ہاضمہ درست کرتا ہے۔

(۱۴۷۱) معجون سنگ یہود۔ معجون سنگ سرماہی

متقدمین کی معجون سنگ یہود اور معجون سنگ سرماہی دونوں لاجواب' میں بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

معجون برشعثہ کا عمر کے متعلق خیال کر کے درد گردہ کے مریض کو کھلانا مجرب ہے۔ اس سے درد گردہ فوراً بند ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد مدرات دیں اور مریض کے مثانہ پر گرم پانی بہانا یا گرم پانی کے ٹب میں مریض کو بٹھانا بندش بول اور گردہ کے مریض کو مفید ہے۔ پانی میں زور سے پیشاب کرنے سے پیشاب بھی کھل جاتا ہے۔ اور پتھری بھی نکل جاتی ہے۔ یہ ایک لاجواب عمل ہے۔ گردہ مثانہ کے مریض کو روز بٹھانا مفید ہے۔

(۱۴۷۲) معالج پتھری

ایک حکیم کے متعلق مشہور تھا کہ وہ پتھری کے علاج میں مشہور ہے کئی آدمی اس سے شفا پا چکے تھے ایک دفعہ اس سے ملاقات ہوئی۔ نسخہ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فوراً بتا دیا اور کہا تجھ کو ہی بتایا ہے حالانکہ کئی آدمی پوچھ چکے میں نے کسی کو نہیں بتایا۔

ھوالشافی: سنگ یہود ۵ تولہ۔ قلمی شورہ ۱۰ تولہ۔ آب مولی ۳ سیر

ترکیب تیاری: ادویہ کو آدھ سیر پانی ملا کر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر باریک کر کے آدھ سیر پانی ملا کر ۵ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح چھ بار کریں کہ پانی تین سیر خشک ہو جائے۔

مقدار خوراک: ایک رتی۔ جوا کھار ایک رتی۔ نمک مولی ایک رتی ملا کر شربت بزوری سے اس کے تیسرے روز تک پیشاب گدلا آئے اور پتھری ٹوٹ کر نکل جائے گی۔

فرمانے لگے تمام عمر اس سے ہی پتھریاں نکالتا رہا ہوں۔ اب آپ کو بتا دیا ہے۔ ایک اور صاحب نے اسی طرح کہا۔ دونوں ادویہ باریک کر کے روغنی ہنڈیا میں ڈال دیں اور آب مولی تین سیر ڈال کر پکائیں کہ مثل موم ہو جائے تو نخودی گولیاں بنا لیں۔ فوائد مثل پہلے نسخہ کے ہیں ہیں۔

اس صاحب نے بھی کہا کہ درد گردہ مثانہ۔ بندش بول میں میرے پاس جو مریض آتے ہیں اس سے ہی فائدہ حاصل کرتا ہوں۔ میں نے بھی تیار کر رکھا ہے۔ فوراً بندش بول دور ہو جاتی ہے۔ متعدد مریضوں کو دیا ہے۔

(۱۴۷۳) دائیں گردہ میں درد

مریض عمر ۴۰ سال۔ بندش بول اور دائیں طرف پسلی کے آخر پر ہاتھ رکھا ہوا تھا اور قے بھی آ رہی تھی۔ درد گردہ تشخیص کر کے یہ دوا تیار تھی دی گئی۔ ایک گھنٹہ کے اندر درد بند ہو گیا۔

ھوالشافی: جوا کھار۔ لوٹا سجی۔ سہاگہ خام۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سفید۔

ہیرا ہینگ۔ قلمی شورہ ایک' ایک تولہ باریک کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ میں سرکہ ولائتی ملا کر چٹا دیں۔ ۱۵۔۱۵ منٹ بعد چٹاتے رہیں اس سے درد فوراً بند ہوگا۔ ایک اور حکیم صاحب نے کہا کہ اس نسخہ میں یہ اجزاء بھی شامل کرلو۔

(۱۴۷۴)

ھوالشافی: سنگ یہود۔ اجوائن خراسانی۔ پھٹکڑی سفید ایک' ایک تولہ۔ افیون ۴ ماشہ سفوف بنا کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ

نکتہ: درد گردہ کے سو مریضوں میں سے نوے مریض پتھری کے ہوتے ہیں۔ لہذا پتھری کا علاج کریں۔ سنگ یہود ۲ تولہ لے کر کنوار گندل میں کھرل کر کے آگ دیں۔ دوبارہ کھرل کریں یوں تین بار آگ دیں۔ تو کہنا ہی کیا۔

خوراک: ۲ رتی مناسب بدرقہ سے ایک ماہ کھلائیں تو پتھری و ریگ بہہ جائے گی تو درد دوبارہ نہ ہوگا انتہائی لاجواب کشتہ ہے۔

(۱۴۷۵) قبض اور بندش حیض

مریض عمر ۳۵ سال مطب میں آیا اور قبض و بندش پیشاب کی تکلیف کا اظہار کیا اور کہا کہ کئی بار اس مرض کا دورہ ہوتا ہے۔ ٹیکے بھی لگوا چکا ہوں۔ تکلیف کا آرام آجاتا ہے لیکن پیشاب پھر بھی جل کر آتا ہے۔ یہ گولیاں اس کو دیں اور کہا کہ اتنے روز کھائیں کہ دو تین اسہال آجائیں۔ پیشاب برتن میں کرتا رہے۔

اس کے استعمال سے پیشاب کے اندر ریت کے ذرے دکھائی دیتے رہے اور قبض بھی دور ہوگئی۔

ھوالشافی: جمال گوٹہ ایک حصہ۔ شنگرف رومی ۲ حصہ۔ کچلہ مدبر ۴ حصہ۔ رائی ۸ حصہ تمام اجزاء کو باریک کر کے دانہ باجرہ سے ذرا موٹی گولیاں باندھ لیں۔ اتنی گولیاں کھلائیں کہ دو اسہال آجائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح۔ دوپہر۔ شام۔ رات کو ہمراہ جوشاندہ اجوائن دیسی سے دیں۔

فوائد: قبض۔ بندش پیشاب اور فالج کو مفید ہے۔

اس دوا کی ویزلین میں چند گولیاں ملا کر طلاء بنالیں تو باہ کو مفید ہے۔

(۱۴۷۶) قے۔ قبض

مریض عمر ۶۰ سال نے آکر بتایا کہ الٹیاں بھی آرہی ہیں اور قبض بھی ہے۔ پیشاب بھی قدرے جل کر آتا ہے۔ کئی دن سے تکلیف میں ہے۔ درد گردہ اور بندش بول تشخیص کر کے اس طرح علاج شروع کیا۔

ھوالشافی: سنگ یہود۔ سنگ دانہ مرغ۔ نمک خوردنی۔ سوڈائی بائی کارب۔ ہموزن کا پاؤڈر بنادیں۔

خوراک: ۲۔۲ ماشہ ہمراہ جوشاندہ کلتھی۔ تخم کاسنی۔ تخم خربوزہ۔ سونف۔ سرپھوکہ ۲۔۲ تولہ۔ یہ ایک دن کے لیے ہے۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو شکر دیسی یا چینی ملا کر شدید تکلیف کی حالت میں ہر نصف گھنٹہ بعد ہمراہ سفوف مذکورہ بالا دیتے رہیں۔ کم تکلیف کی حالت میں دن میں ۴ دفعہ دیں۔

قبض دور کرنے کے لئے ۵ تولہ گلقند بھی دیں۔

اس نسخے کے دینے سے بندش بول بھی دور ہوگئی اور پیشاب میں ریگ کے ذرے اور پتھریاں بھی خارج ہوگئیں اور مریض کو اس کے بعد آرام رہا۔ اس سفوف سے درد گردہ ریاحی۔ درد پتہ دور اور پتھری خارج ہو جاتی ہے۔ لاجواب کورس ہے۔

یہ دونوں نسخے حکیم محمد شریف دنیا پور والوں کے تجویز کردہ ہیں اگر قبض زیادہ ہو تو یہ سفوف پہلے دے دیں۔

(۱۴۷۷)

ھوالشافی: سنگ دانہ مرغ۔ میٹھا سوڈا۔ نمک طعام ۱۰۔۱۰ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ صاف کردہ

۳ ماشہ کھرل میں ڈال کر تمام ادویہ ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ تمام ذروں میں جمال گوٹہ مل جائے
مقدار خوراک: ایک ایک ماشہ دن میں ۴ بار ہمراہ شربت بزوری۔
فوائد: پتھری گردہ ومثانہ۔ پتہ وجگر ریزہ ریزہ کر کے یا تحلیل کر کے نکال دیتا ہے۔ اس کے علاوہ درد پیٹ۔ ریاح شکم۔ قبض۔ بدہضمی میں کامیاب نسخہ ہے۔
یہ تینوں نسخے نظریہ مفرد اعضاء والوں کے مجرب ہیں اور میرے تجربہ میں مجرب ثابت ہوئے ہیں۔

(۱۴۷۸) ایک رئیس کا نسخہ

ضلع گوجرانوالہ میں ایک رئیس پڑیاں دیتا تھا۔ وہ ایک پنساری سے ادویہ خریدتا تھا۔ پنساری نے اس رئیس سے سارا نسخہ معلوم کر کے مجھے بتا دیا۔ اس نسخہ کی صرف تین خوراک دینے سے درد گردہ بند ہو جاتا ہے۔ نہایت مجرب نسخہ ہے۔
هوالشافی: کلتھی (اظفار الطیب) اور قسط شیریں ۵-۵ تولہ باریک باریک کر کے رکھیں۔
مقدار خوراک: ۳-۳ ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔
نہایت لاجواب نسخہ ہے۔ سینکڑوں آدمی اس نسخہ کی تصدیق کر چکے ہیں آپ بھی اس سے فائدہ اٹھائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ درد گردہ صرف ۱۰ منٹ میں بند ہو جاتا ہے۔

(۱۴۷۹) دکاندار نسخہ

ہمارے شہر میں ایک دکاندار پتھری کی دوائی مفت دیتا ہے کئی آدمی اس کی تصدیق کر چکے ہیں۔ اتفاق سے اس نے وہ دکان فروخت کر دی۔ ہمارے گاؤں کے سیٹھ نے وہ دکان خرید لی۔ سابقہ دکاندار نے اس سے کہا کہ میں یہ دوا لوگوں کو مفت دیا کرتا تھا لوگ اس دوا کے لئے یہاں آتے ہیں۔ آپ کو میں گردہ کی پتھری کی دوا کا نسخہ دیتا ہوں آپ بھی یہ نسخہ بنا

کرلوگوں کو مفت دیا کریں۔ سیٹھ رضا مند ہو گیا۔ سیٹھ سے وہ نسخہ میرے پاس آیا۔ اس نسخہ سے پتھری کے کئی مایوس مریض شفا پا چکے ہیں۔

ھوالشافی: قلمی شورہ۔ گندھک آملہ سار۔ سنگ سرماہی۔ سنگ یہود۔

ترکیب تیاری: چاروں چیزیں ہم وزن لے کر اچھی طرح باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک‘ ایک ماشہ کی پڑیاں باندھ کر دیں۔

میں نے اس نسخہ میں اپنی طرف سے یہ اضافہ کیا کہ سنگ یہود اور سنگ سرماہی کو آب مولی کے ساتھ اس قدر باریک کرتا ہوں کہ چٹکی میں پکڑے محسوس نہیں ہوتے۔ لاجواب نسخہ ہے۔ صاحب نسخہ تو بتانے کو راضی نہ تھے۔ لیکن سیٹھ نے بن مانگے یہ نوازش فرمادی۔

(۱۴۸۰) سفوف قاسمی

قاسمی صاحب طبیب یونانی زبدۃ الحکماء تھے۔ پھر نظریہ مفرد اعضاء کے قائل ہو گئے۔ آپ دل محمد روڈ لاہور پر کامیاب مطب کرتے تھے۔ اب فوت ہو چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ درد گردہ ریاحی یا درد معدہ ریاحی میں اس نسخہ سے فائدہ حاصل کیا کریں۔ یہ میرے تجربہ میں لاجواب ہے۔

ھوالشافی: نمک سانبھر ۵ تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ کالی مرچ ۵ تولہ۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ فلفل دراز ۵ تولہ۔ تخم کرفس ۵ تولہ۔ کلونجی ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ کشمیری ۵ تولہ۔ نمک لاہوری ½۲ تولہ۔ نمک سیاہ ½۲ تولہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ

قاسمی صاحب نے نسخہ دینے کے بعد فرمایا کہ اس سے ریاح پیدا ہی نہیں ہوتے اگر معمولی مقدار میں ہوں بھی تو بہت جلد خارج ہو جاتے ہیں۔ آپ جب نسخہ بنائیں تو مرحوم کے حق میں دعائے خیر کریں کہ انہوں نے اپنا قیمتی راز بتا دیا اور آپ تک پہنچ گیا۔

(۱۴۸۱) عطائی کا نسخہ

ایک عطائی نے مجھے بتایا کہ میری اماں کو درد گردہ اور پتھری کی شکایت تھی۔ ایک

صاحب نے مکئی کے بال اور کلتھی ایک' ایک تولہ کوٹ کر ابال کر پینے کو کہا۔ اس کے پینے سے درد گردہ ختم ہو گیا۔ اور پتھری بھی خارج ہو گئی۔

اس سے ثابت ہوا کہ کلتھی مفرد ہی درد گردہ اور پتھری کا لاجواب علاج ہے۔ لہٰذا کلتھی اور مونگ کی دال پکا کر پتھری کا مریض کھائے تو کافی فائدہ ہوتا ہے۔

(۱۴۸۲) غلط تشخیص

مریض ۶۰ سال مطب میں آیا اور کہا کہ کئی دنوں سے پیشاب کی تکلیف میں مبتلا ہوں۔ پیشاب نہایت جل کر آتا ہے۔ ساتھ میں خون بھی آتا ہے اور پیڑو کے مقام پر ابھار معلوم ہوتا ہے کئی ڈاکٹروں سے علاج کروا چکا ہوں نہ پیشاب کھل کر آتا ہے اور نہ جلن دور ہوتی ہے۔ نہایت دکھ بھری داستان سناتا رہا۔

تشخیص: سوزاک

علاج وغذا: صبح: مکھن ۵ تولہ بادام ۲۰ عدد ملا کر کھائیں اور اجوائن دیسی کا قہوہ

دوپہر: مولی۔ گاجر۔ شلغم۔ مونگرے۔ گوشت۔ سبزی ملا کر دیسی گھی میں پکائیں۔ عرق دھنیا اور زیرہ سفید ہمراہ دیں۔

رات: صرف سالن کھا کر دیسی گھی اور قہوہ

پیڑو پر نمکین حلوہ بنا کر باندھیں

حب لوبان اور سفوف کیمیائی دیا گیا

حب لوبان کوڑیہ۔ اجوائن دیسی۔ چھلکا ریٹھا ۲-۲ تولہ۔ نخودی گولیاں بنالیں۔

سفوف کیمیائی

ھوالشافی: شورہ قلمی ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ مرچ سیاہ باریک ۶ ماشہ باریک کریں۔

طریقہ استعمال: مذکورہ بالا گولی دن میں ۴ مرتبہ۔ گولی کھانے کے گھنٹہ بعد سفوف کیمیائی ایک تا ۲ ماشہ دیا

تیسرے دن مریض وہ بہت خوش تھا۔ کہنے لگا حکیم جی پیشاب تو پہلے دن ہی کھل کر آ گیا تھا۔ درد کا نام نہیں۔ قبض بھی کھل گئی ہے۔ غرضیکہ ہر طرح سے آرام ہے۔

فوائد: ان دونوں نسخوں سے پیشاب کی جلن۔ بندش بول۔ سوزش غدہ قدامیہ (Prostate Glaud) سوزاک۔ بواسیر کو آرام آجاتا ہے۔ خراب سے خراب کیس ایک ماہ میں درست ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ بھی نظریہ مفرد اعضاء والوں کا ہے۔

(۱۴۸۳) لاجواب سفوف

یہ سفوف گردہ مثانہ کی پتھری کے لئے لاجواب ہے۔ اگر گردہ مثانہ کے اندر پتھری یا کسی اور وجہ سے زخم ہو جائیں تو مفید ہے۔ اس نسخے کا ذکر قرابادین مجددی۔ قرابادین اکمل اعظم میں ملتا ہے۔ گویا کہ پرانے حکماء کا مجرب ہے۔

ھوالشافی: ریوند چینی خطائی ۲ ماشہ۔ تخم کاسنی ۳ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ تخم کلتھی ۵ ماشہ۔ سنگ یہود ۵ ماشہ۔ سنگ سرماہی ۵ ماشہ۔ گوند کتیرا ۷ ماشہ۔ گوند کیکر ۷ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۷ ماشہ۔ گوند آبو ۷ ماشہ۔ رب السوس ۷ ماشہ۔ تخم خرفہ ۱۰ ماشہ۔ خشخاش سفید ۱۰ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۱۰ ماشہ مغز تخم خیارین ۱ ½ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ ۱ ½ تولہ۔ کوکھرو خورد ۱ ½ تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۱ ½ تولہ باریک تاروں کی چھلنی سے چھان لیں۔ سنگ یہود اور سنگ سرماہی کو عرق گلاب سے مثل میدہ کھرل کر کے ملائیں۔

خوراک: ۱۰-۱۰ ماشہ پانی سے کھلائیں یا شربت بنفشہ ۳ تولہ۔ شربت خشخاش ۳ تولہ شیرہ خیارین ایک تولہ۔ پانی ۱۰ تولہ ملا کر صبح شام پلائیں۔

گردہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے علاوہ مثانہ کے سوزاک کو بھی مفید ہے۔ ریگ بھی آتی ہو تو اس کو بھی بہادے۔ پتھری کے سبب گردہ میں بننے والے زخم دور کرنے میں لاجواب مجرب ہے۔ یہ نسخہ قدیم اطباء کا ہے۔

(۱۴۷۳) لاجواب کورس

پتھری گردہ و مثانہ کا بہترین سفوف ہے۔

ھوالشافی: سنگ یہود ۲ تولہ۔ شورہ قلمی۔ سجی سرخ۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ سنگ

مرماہی ایک' ایک تولہ باریک کر کے آب مولی ۵ تولہ۔ عرق برگ گل داؤدی ۵ تولہ سے کھرل کر کے خشک کریں اور پاؤڈر بنائیں۔

خوراک: ۶ ماشہ صبح وشام ہمراہ جوشاندہ گل بنفشہ۔ پرسیاؤشاں۔ گوکھرو۔ تخم سویا ۴۔ ۴ ماشہ سونف ۵ ماشہ۔ تخم خربوزہ۔ تخم معصفر۔ گڑ ۶۔ ۶ ماشہ۔ سونف رومی ۶ ماشہ۔ نبات ۲ تولہ کو پانی تین پاؤ میں جوشائیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ پانی رہ جائے تو نتھار کر آدھا صبح۔ آدھا عصر کے وقت سفوف مذکور ۶ ماشہ کھلا دیں۔

رات سوتے وقت درج ذیل معجون ۲ تولہ کھلا دیں۔

(۱۴۸۵) معجون

سنگ یہود کو مثل سرمہ عرق گلاب سے کھرل کریں اور اسارون۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم کڑ۔ مغز خربوزہ۔ تخم کرفس۔ انیسوں شریں۔ تخم سویا میں صعتر فارسی۔ کلونجی۔ تخم گاجر۔ اجوائن دیسی۔ زیرہ سفید۔ پرسیاؤشاں گوکھرو خورد۔ پودینہ خشک ایک' ایک تولہ۔ چینی ایک سیر

ترکیب تیاری: چینی کا قوام گاڑھا کر کے ادویہ ملا لیں۔ معجون تیار ہے۔

طریقہ استعمال: صبح اور عصر کے وقت سفوف جوشاندہ

رات: معجون ۲ تولہ

اس کورس کے استعمال سے پتھری گردہ ومثانہ خارج ہوگی۔ پیشاب کھل کر آئے گا۔ صرف تین ہفتہ کے استعمال سے گردہ مثاہ صاف ہو جائے گا۔ اگر زیادہ پرانی پتھری ہو تو ۲ ماہ تک کھلاتے جائیں۔ ایک خاندان نے اس کورس سے کئی مریض راضی کئے ہیں۔ یہ ایک لاجواب کورس ہے آپ بھی تجربہ کریں۔

نوٹ! اگر آپ گل داؤدی نہ ملے تو آب مولی سے کھرل کرلیں۔ ایک لاجواب فارمولا ہے۔

(۱۴۸۶) نایاب فارمولا

پتھری گردہ ومثانہ کے لیے ایک نایاب فارمولا

ھوالشافی: آب مولی مقطر ۵ سیر برتن میں ڈال کر ہلکی آگ پر گاڑھا کریں۔
شورہ قلمی ۱۰ تولہ۔ جوکھار ۱۰ تولہ۔ سنگ سرماہی ۵ تولہ۔ سنگ یہود ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ باریک کر کے آب مولی غلیظ میں ملالیں اور کھرپا سے ہلاتے رہیں۔ جب بالکل خشک ہو جائے تو باریک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ (مولی کے ٹکڑے پر چھڑک کر کھائیں یا شربت بزوری یا جوشاندہ کلتھی ا تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

مدت استعمال: ۱۴ تا ۲۱ دن۔

فوائد: اس کے استعمال سے گردہ و مثانہ کی پتھریاں باریک ہو کر نکل جائیں گی۔ سو نسخوں کا ایک نسخہ حاضر خدمت ہے۔ اسے تیار کر کے مطب کی زینت بنالیں۔ یہ آپ کو کئی نسخوں سے بے نیاز کر دے گا۔

(۱۴۸۷) سنیاسی تحفہ

قیام پاکستان کے ابتدائی ایام کی بات ہے ہمارے گاؤں کے ایک زمیندار کے گھر ایک سنیاسی صاحب آئے۔ وہ اس گھرانے کے پرانے شناسا تھے۔ گھر والے مجھے بلا کر ان کی ملاقات کے لیے لے گئے۔ دوران ملاقات نسخہ جات کا ذکر چھڑ گیا تو میں نے حکیم صاحب سے پتھری کا علاج پوچھا فرمانے لگے ہمارا اور ہمارے خاندان کا مشہور نسخہ یہ ہے۔

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔ جوا کھار۔ قلمی شورہ مساوی الوزن باریک کر کے دیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ ماشے صبح دوپہر۔ شام دو وقت دینا بھی کافی ہے۔ ہمراہ شربت ذیل دیں۔

(۱۴۸۸) شربت

ھوالشافی: زیرہ سفید۔ تخم گاجر۔ حب قرطم۔ گوکھرو۔ تخم خربوزہ۔ تخم کھیرا۔ تخم ککڑی۔ بیخ بادیان۔ تخم بادیان۔ بیخ کاسنی۔ تخم کاسنی ۳۔۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: پانی ۲ سیر میں بھگو کر جوش دیں جب ایک سیر پانی رہ جائے تو نتھار کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنائیں۔

مقدار خوراک: ۵۔۵ تولہ ایک گلاس پانی میں ملا کر پلائیں۔

فوائد: زبردست مدر بول ہے۔ گرمی جگر مثانہ۔ یرقان کو دور کرنے میں مجرب ہے۔ بندش بول۔ پتھری کو دور کرنے میں ہمارے خاندان کا معمول مطب ہے۔ آپ بھی تیار کریں۔ اس نسخہ کے استعمال سے ریگ بہہ جائے گی۔ پتھری نکل جائے گی اور مایوس مریض کو اپریشن سے نجات مل جائے گی۔

سنیاسی صاحب نے کہا ہم نے اس نسخہ کو استعمال کروا کئی متعدد بار انعام حاصل کئے۔

(۱۴۸۹) سوزاک (Gonorrhoea)

پیشاب کی نالی کے اندرونی زخم کو سوزاک کہتے ہیں۔ پیشاب جل کر آتا ہے۔ خون بھی آتا ہے۔ عضو تناسل متورم ہوتا ہے۔ اس کے بعد نالی کے اندر زخم اور قرحہ (Gleet) ہو جاتا ہے۔

مریض عمر چالیس سال مطب میں آیا اور کہا کہ پیشاب کی بندش بھی ہے اور جل کر آتا ہے۔ مریض کو سب سے پہلے اندری جلاب دیا گیا۔ جس سے پیشاب کھل کر آیا اور نالی صاف ہو گئی۔

غذا: مریض کو مدرات پیشاب اغذیہ و ادویہ دیں جیسے دودھ سوڈا۔ کھچڑی۔ دودھ چاول۔ سا گو دانہ۔

(۱۴۹۰) اندری جلاب

ھوالشافی: ریوند خطائی ۷ ماشہ۔ شورہ قلمی ۷ ماشہ۔ جوا کھار ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ۳½ ماشہ۔ چینی ۲۳½ ماشے۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ

فوائد: ادرار بول کو لاجواب ہے اس سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔ دوائی کچی لسی سے دے دیں۔ مریض کو بار بار لسی پلاتے رہیں۔ تین دن تک لسی اور دوا دیں۔

غذا: دودھ چاول۔ کھچڑی کھلاتے رہیں۔

(۱۴۹۱) حبس بول

مریض عمر ۴۰ سال مطب میں آیا۔ حبس بول کی شکایت کی بتایا کہ کئی دن سے تکلیف

میں مبتلا ہوں۔

علاج: صندل سفید اصلی۔ کشنیز خشک۔ گل سرخ ایک ایک تولہ۔ گھوٹ کر صبح شام پینے کو دیں پہلے دن ہی پیشاب کھل کر آ گیا۔ چھ خوراک پلانے سے جلن۔ حبس بول۔ ہاتھوں پیروں کی گرمی دور ہو گئی۔

(۱۴۹۲) پیشاب میں خون

ایک بوڑھا شخص مطب میں آیا اس نے جلن، حبس بول اور پیشاب میں خون آنے کی شکایت کی۔ مندرجہ ذیل نسخہ تیار کر کے دیا گیا۔

ھوالشافی: دانہ الائچی کلاں۔ شورہ قلمی باریک کر کے ۹۔۹ ماشہ صبح وشام پانی سے دیا گیا۔ پہلے ہی دن پیشاب کھل کر آ گیا۔ نالی صاف ہو گئی اور تمام تکلیف دور ہو گئی۔

یہ نسخہ سوزاک کے مشہور معالج کا مجرب ہے۔ ویسے قرابادین قادری والے نے بھی اس کو مجرب لکھا ہے اس کو اگر شربت بزوری سادہ سے دیں تو لاجواب ہے۔

شربت بزوری سادہ

سونف ۵ تولہ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ تخم خربوزہ ۵ تولہ۔ کوٹ کر پانی میں ½ ۱ سیر میں بھگو کر جوش دیں۔ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو نتھار کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

مقدار خوراک: ایک گلاس پانی میں ۵ تولہ ملا کر اس کے ساتھ پلا دیں۔ کھل کر پیشاب آئے گا اور ساری تکلیف دور ہو جائے گی۔

(۱۴۹۳) سوزاک مزمن

قیام پاکستان کے زمانہ میں ایک بوڑھے کو سوزاک کی مزمن تکلیف تھیں۔ اس نے میری طرف رجوع کیا۔ میں نے اسے کشتہ قلعی بھنگ شورے والا دے دیا۔ جس کے استعمال سے اسے پہلے دن ہی افاقہ ہو گیا

نکتہ: بھنگ اور شورہ ملنے سے ابتدائی سوزاک (Suppurative Nephritis) کی لاجواب دوا بن جاتی ہے۔

(۱۴۹۴) طریقہ کشتہ قلعی

قلعی ۵ تولہ صاف کر کے کڑاہی میں پگھلائیں اور شورہ قلمی ایک پاؤ۔ بھنگ ایک پاؤ۔ باریک شدہ پاس رکھیں پگھلی ہوئی قلعی پر دونوں کی چٹکی باری باری دیتے جائیں اور لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں یہاں تک کہ تمام ختم ہو جائیں اس کے بعد اس راکھ کو اکٹھا کر کے ایک گھنٹہ اور آگ دیں پھر نکال کر کوزہ میں بند کریں اور ۵ سیر اوپلوں کو آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں کر باریک کریں اور پھر پانی میں ملا دیں۔ پانی نتھار کر برتن میں مزید پانی ڈال کر دھوئیں تقریباً سات دفعہ ایسا کریں۔ یوں شورہ نکل جائے گا اب کشتہ کو دھوپ میں رکھ کر سکھالیں۔ کشتہ تیار ہے۔

فوائد: یہ کشتہ جریان۔ حاد سوزاک اور کمزوری جگر کو لا جواب ہے۔ (از کنز المجربات حصہ اول)

(۱۴۹۵) ایک دواخانہ کا راز

اس دوا کو ایک کارخانہ والے اشتہار بازی کے ذریعہ فروخت کرتے ہیں اور سوزاک وقرحہ میں لاجواب بتاتے ہیں۔

ھوالشافی: کشتہ قلعی ایک حصہ اور پوست ریٹھ ۳ حصہ ملا کر جب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام

سردیوں میں تازہ دودھ پرانے ناسوروں اور قرحہ کی لاجواب دوا ہے۔ ویسے ریٹھ خشک آتشک وسوزاک۔ خنازیر و بواسیر کے لیے لاجواب دوا ہے۔

(۱۴۹۶) سفوف مدر بول

ھوالشافی: اندر جو شیریں۔ شورہ قلمی مدبر۔ کباب چینی۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ برگ سنا مکی صاف ایک ایک تولہ۔ چینی ۷ تولہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ بوقت عصر ہمراہ کچی لسی

اس کے استعمال سے خوب ادرار ہوگا۔ پیشاب کی نالی صاف اور بندش بول دور

ہوگی۔

(۱۴۹۷) طریقہ شورہ مدبر:

شورہ قلمی ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ دونوں باریک کر کے کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب پانی ہو جائیں تو اتار کر پتھر کی سل پر پھیلا دیں اور باریک کر لیں۔

اگر یہ نسخہ یرقان کے مریض کو دو چار دن میں دیں اور ساتھ میں گنے چوسائیں تو صفرا خارج ہو کر یرقان کو مفید ہے۔ لاہور کے ایک طبیب کا خاص تجربہ شدہ نسخہ ہے جو کہ سوزاک اور یرقان کے لئے مجرب ہے۔

نکتہ: پیشاب کا ادرار ہونے سے صفرا خارج ہو جاتا ہے اور یرقان کو آرام آجاتا ہے۔

(۱۴۹۸) پہلوانی نسخہ

قیام پاکستان سے قبل مشرقی پنجاب کے ضلع حصار کے قصبہ روڑی میں ایک پہلوان کے دو مجرب نسخے تھے۔ ایک نسخہ آتشک اور دوسرا سوزاک میں دیتا تھا۔ سوزاک کا نسخہ یہ ہے۔

ھوالشافی: بھکھڑا۔ تخم الائچی خورد۔ طباشیر۔ جوا کھار۔ سمندر جھاگ۔ قلمی شورہ۔ مصری ایک ایک تولہ باریک کر کے سات خوراک بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک خوراک روزانہ دودھ کی لسی سے دیں۔ غذا بیسنی روٹی ہمراہ گھی۔ اس کے استعمال سے پیشاب کا ادرار ہو کر جلن اور سوزش دور جاتی ہے۔

(۱۴۹۹) سوزاک کا نوجوان مریض

ایک نوجوان سوزاک میں مبتلا ہو گیا۔ نہایت تکلیف میں تھا۔ عام صحت گر چکی تھی۔ نہایت کمزور ہو چکا تھا۔ نوجوان نے میری طرف رجوع کیا تو میں نے یہ نسخہ بنا کر دیا۔ اس کے استعمال سے اس کا سوزاک جڑ سے اکھڑ گیا۔ پیشاب کھل گیا اور نالی کا زخم مندمل ہو گیا۔

ھوالشافی: پوست ریٹھ ایک تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ دانہ الائچی ایک تولہ۔ ست گلو خانہ ساز ۶ ماشہ روغن صندل ½۲ تولہ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولی صبح شام ہمراہ شربت بزوری یا دودھ کی لسی۔ سردیوں میں تازہ پانی سے دیں۔ یہ نسخہ استعمال کرنے سے نوجوان کو پہلے دن ہی فائدہ شروع ہو گیا۔ پورے ۲۱ دن استعمال کرایا گیا اس کے بعد نوجوان کو سوزاک کی بالکل شکایت نہ رہی۔

(۱۵۰۰) ہندو حکیم

قیام پاکستان سے قبل ایک ہندو حکیم سے ملاقات ہوئی کیونکہ مجھے کسی نے بتایا تھا کہ اس کے پاس ایسا نسخہ ہے جس کی صرف ایک خوراک سے سوزاک دور ہو جاتا ہے۔ میں نے اس سے نسخہ پوچھا تو اس نے بلا تامل بتا دیا۔

ھوالشافی: حکیم صاحب نے فرمایا یا مریض کو پہلے تیز مرچ ڈال کر گوشت کھلائیں تا کہ جلن میں شدت آ جائے پھر روغن صندل ۶ ماشہ۔ لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ ملا کر کھلائیں۔ پس سوزاک کا زخم ٹھیک ہو جائے گا۔ اس نسخہ کی تصدیق ایک مریض نے بھی کی تھی۔ لاجواب نسخہ ہے۔ گویا سوزاک کا ایک روزہ علاج ہے۔

(۱۵۰۱) خاتم سوزاک

سوزاک کے اکثر نسخے سرد ہوتے ہیں۔ مثلاً شربت بزوری۔ کچی لسی۔ شورہ قلمی وغیرہ ان نسخوں سے سوزاک کو تو آرام آ جاتا ہے لیکن جوڑوں کو دردیں آن گھیرتی ہیں لیکن آج کی مجلس میں ایک ایسا نسخہ پیش کر رہا ہوں۔ جو کہ دردوں کو بھی فائدہ دے گا اور پرانے سے پرانے قرحہ سوزاک کو بھی مجرب ہو گا۔ میں نے خود بھی اس نسخہ کو تیار کر رکھا ہے۔

ھوالشافی: منسل۔ سم الفار۔ صدف صادق۔ گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۲ تولہ۔ سہاگہ چوکیہ ½1 تولہ۔ چونا ۸ تولہ۔

ترکیب تیاری: چار پہر تک لعاب کوار گندل سے کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ۴ چاول تا ایک رتی مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔

غذا: دودھ چاول یا روٹی گھی کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: اس دوا کے استعمال سے بیس سال پرانا قرحہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ سوزاک کی وجہ

سے ہونے والی نامردی بھی دور ہوگی۔ دوران استعمال گرمی محسوس ہوتو چنداں فکر نہ کریں۔ یہ گرمی شفا کی علامت ہے۔ یہ فوائد مفردہ سوزاک کے کسی نسخہ میں شامل نہیں ہیں اور نہ ہی یہ صفات کسی اور نسخہ کے ہیں ہیں لہٰذا اس کا نام خاتم سوزاک رکھ دیا ہے۔ اگر زیادہ گرمی محسوس ہوتو بوقت عصر زیرہ سفید ایک تولہ گھوٹ کر چینی ملا کر نتھار کر پلائیں۔ اس سے ادرار بھی ہوگا۔ نسخہ مذکورہ بالا سے زخم درست ہوگا۔ اس کے ہمراہ دیسی گھی جتنا زیادہ کھلائیں اتنا ہی زیادہ مفید ہوگا۔

(۱۵۰۲) حکایت گھی چینی

ایک شخص کو ۱۹۴۷ء کے پر آشوب دور میں سوزاک ہوگیا۔ کافی جگہ سے اس نے علاج کروایا۔

لیکن فائدہ نہ ہوا۔ آخر ایک حکیم نے اسے گھی دیسی ۵ تولہ۔ چینی ۵ تولہ۔ پانی ۱۰ تولہ ابال کر پلایا۔ متواتر کئی دن تک پینے سے اس شخص کا سوزاک دور ہوگیا۔

نکتہ: دیسی گھی تمام اندرونی زخموں کا شافی علاج ہے۔

(۱۵۰۳) آیورویدک (بھکھڑا)

پونے دو سیر گوکھرو لے کر اچھی طرح کوٹنے کے بعد چھ گنا پانی میں رات کے وقت بھگو کر صبح کو جوش دیں جب پانی چوتھا حصہ رہ جائے تو نتھار کر اس میں سات چھٹانک گوگل مصفیٰ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ملا کر آگ پر رکھ کر پکائیں اور کڑچھی وغیرہ سے ہلاتے رہیں تاکہ برتن میں چپک نہ جائے۔ جب معجون کی مانند گاڑھا ہو جائے تو اتار کر یہ سفوف ملا کر کوٹ لیں اور ۴-۴ تولہ رتی کی گولی بنا لیں۔ گولیاں بناتے وقت ہاتھوں کو گھی یا کسٹر آئل سے چپڑ لیا کریں۔

(۱۵۰۴) نسخہ سفوف:

چھلکا ہریڑ۔ چھلکا بھیڑہ۔ چھلکا آملہ۔ ۵-۵ تولہ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ سعد کوفی ۵-۵ تولہ ملا کر گولیاں بنائیں۔

فوائد: آیورویدک کی قدیم ترین کتب میں لکھا ہے کہ یہ دردگردہ کی حکمی دوا ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔ کچھ عرصہ استعمال کرنے سے دردگردہ کے دورے ختم ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ پیشاب کا رک رک کر آنا۔ قطرہ قطرہ آنا۔ مقدار میں قلیل آنا۔ گدلا آنا۔ پیشاب میں چربی۔ (البیومن)۔ شکر۔ خون یا پیپ آنا وغیرہ کا اکسیری علاج ہے۔ ریگ مثانہ کو خارج کرتا ہے۔ پرانے سوزاک کی آزمودہ دوا ہے نیز اگر سوزاک کے مریضوں کو سرد نسخہ والے اجزاء کھلانے سے جوڑوں میں درد شروع ہو جاتے ہوں تو ان دردوں کو بھی درست کرتا ہے۔

سوزاکی گٹھیا کی لاجواب دوا ہے۔ اس کے علاوہ بڑھاپے میں جب غدہ قدامیہ (Prostate Gland) بڑھ کر پیشاب میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے تو وہ بھی اس سے دور ہو جاتی ہے۔ میں نے بارہا اسے تیار کر کے جریان منی جس کے ہمراہ پیشاب میں جلن پائی جاتی ہو اور ساتھ دردگردہ بھی ہو نہایت مجرب دوا پایا ہے۔ ہر طبیب امراض گردہ۔ مثانہ۔ بندش بول میں اس کو یاد رکھے۔ میں نے تیار کر کے مجرب پایا ہے۔

(۱۵۰۵) سفوف مدر بول

ایک مریض کا پیشاب بند ہو گیا۔ اگر پیشاب آتا بھی تو جل کر آتا تھا۔ اسے یہ سفوف دیا گیا جس سے پیشاب کھل گیا۔

ھوالشافی: قلمی شورہ ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ باریک کر کے ملا کر مٹی کے کورے پیالہ میں ڈال کر بے شعلہ آگ کے انگاروں پر رکھیں اور لوہے کی کھرپی سے ہلاتے رہیں۔ قلمی شورے کا پانی خشک ہونے پر اتار لیں اور کاغذ پر رکھ دیں اور سرد ہونے پر باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ ماشہ صبح۔ دوپہر۔ شام

فوائد: اس کے دینے سے پیشاب خواہ کتنے روز کا بند ہو کھل جائے گا اور پیشاب کی نالی دھل جائے گی۔ کئی بار کا مجرب ہے۔ اس کے علاوہ بواسیر خونی کو بھی لاجواب ہے۔ بواسیری مسے تک خشک ہو جاتے ہیں۔

(۱۵۰۶) لاجواب چورن

ھوالشافی: قلمی شورہ ½ سیر۔ پھٹکڑی ۵ تولہ۔ نوشادر ½۲ تولہ باریک کرکے ایک ہانڈی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام مرکب پگھل کر نرم ہو جائے تو اتار کر سرد ہونے دیں پھر نکال کر باریک کریں۔

مقدر خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ پانی ملا کر دن میں ۴ بار پلائیں۔

بچے: بچوں کو ۴۔۴ رتی جب پیشاب بند ہو تو دیں۔ ہیضہ کے دوران بند پیشاب بدن کو کھولنے کے لئے بھی مجرب ہے اس چورن کو میں نے تیار کر کے رکھا ہوا ہے۔ کئی بار اس سے مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اگر مولی کا موسم ہو تو مولی کا پانی ایک گلاس نکال کر پلائیں۔ اس سے بہت جلد پیشاب کھل جاتا ہے۔

(۱۵۰۷) نسخہ قرابادین اکمل اعظم

پرانے بزرگوں کا لاجواب نسخہ ہے۔ قرابادین اکمل اعظم۔

ھوالشافی: گندھک آملہ سار ایک ماشہ۔ جطیانہ ۲ ماشہ۔ سلاجیت آفتابی ۴ رتی۔ مغز تخم خیارین کوفتہ ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: رات کو تین پاؤ پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح کو جوش دیں۔ جب پانی دس تولہ رہ جائے تو نتھار کر تین تولہ شہد ملا کر پلا دیں۔ انشاء اللہ ایک ہی روز میں سوزاک کی تمام تکالیف دور ہو جائیں گی۔ تین روز یا حد سات روز تک کھلائیں۔ یونانی حکماء کے خاص الخاص مجربات میں سے ہے۔ گندھک سے اندرونی زخم صاف ہو کر قرحہ دور ہوگا۔

فوائد: سوزاک نو اور مزمن دونوں کو مفید ہے۔

غذا: گیہوں کی روٹی گھی کے ساتھ کھانے کو دیں۔

❀❀❀

امراض مردانہ

(سستی، جریان، سرعت انزال، نامردی)

(۱۵۰۸) نسخہ معجون

ھوالشافی: موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ موچرس۔ تخم اوٹنگن۔ دار چینی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ خارخسک۔ بیج بند۔ مغز تخم کدو۔ تخم پیاز۔ اندر جو شیریں۔ برگ بھنگ۔ طباشیر ہر ایک ٦ ماشہ۔ تال مکھانہ ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ عاقر قرحا ٦ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ عرق گلاب میں گھس کر ملالیں اور ۱۰ تولہ مصری کا قوام گاڑھا بنا کر ادویہ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۹۔۹ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ۔ مقوی باہ۔ مغلظ منی اور دافع جریان۔ ایک نوجوان سرعت انزال کا مریض تھا اس کے استعمال کے بعد اس کے ۱۰ بچے پیدا ہوئے۔

(۱۵۰۹) حب سرعت

تین نوجوانوں کی شادی ہوئی اور تینوں نے سستی اور سرعت انزال کی شکایت کی۔ میں نے یہ گولیاں بنا دیں کر تینوں کو فائدہ ہوا اس وقت وہ کئی بچوں کے باپ ہیں۔ کم اجزا کا نسخہ ہے۔

ھوالشافی: کشتہ قلعی۔ کشتہ فولاد۔ سلاجیت آفتابی ۳۔۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ دودھ برگد ایک تولہ یا جتنا تر ہو سکے سے گولیاں نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک، ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ

قبض ہو تو پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ بھی ساتھ دیں۔ قبض بھی دور ہو گی اور مریض صحت یاب ہو۔ صاحب نسخہ کا ساری عمر کا معمول ہے۔

(۱۵۱۰) مولوی صاحب کی گولی

ایک مریض کو گولی کھاتے دیکھا۔ میں نے ہاتھ بڑھا کر پکڑ لی۔ دیکھا تو جنگلی بیر کے برابر تھی۔ میں نے اس شخص سے دریافت کیا "اس فائدہ ہوا" وہ کہنے لگا "مجھے آرام ہو گیا ہے" میں نے پوچھا "کس سے لی میں" وہ کہنے لگا "فلاں مولوی سے" مولوی صاحب سے نسخہ دریافت کیا تو انہوں از راہ عنایت نسخہ دے دیا اور بتایا کہ بہت سے لوگوں کو یہ نسخہ دے چکا ہوں۔

یہ قیام پاکستان سے پہلے کا واقعہ ہے۔ اب تک تیار کر کے کئی مریضوں کو دے چکا ہوں۔ سب کو فائدہ ہو ہوا بلکہ بے اولاد بھی خوبصورت پیدا ہوئی ہے۔ اس میں ایک صفت یہ بھی ہے کہ قبض نہیں کرتی بلکہ ہو بھی تو اسے دور کرتی ہے۔

ھوالشافی: کشتہ مرجان مکھن والا ایک رتی۔ اگر ایک' ایک رتی صبح شام دیں تو لیکوریا کو مجرب ہے۔

میں نے تیار کر کے ایک مریض کو دیا اس کو فائدہ ہوا۔ پھر وہ نسخہ لینے آیا۔ میں نے نسخہ دے دیا۔ اس نے بھی لوگوں کو دیا تو لوگوں کو فائدہ ہوا۔

(۱۵۱۱) نسخہ گولی

ھوالشافی: مغز تخم املی کلاں ۱۰ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ تخم لاجونتی ۲ تولہ۔ چھلکا اسپغول ۲ تولہ۔ چینی ۱۰ تولہ باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولی صبح شام یا حسب مزاج لعاب موچرس یا دودھ سے دیں۔

کم اجزاء کا لاجواب نسخہ ہے۔ کئی سال تک اس نسخے کو معمول مطب بنائے رکھا ایک اشتہاری نسخہ ہے۔ لیکن کم خرچ اور بالانشین ہے۔ اصل نسخہ میں شکر سرخ ۱۰ تولہ لکھا تھا۔ اب اس میں بہت زیادہ کیمیکلز شامل کئے جاتے ہیں لہذا میں نے چینی ملا کر تیار کرنا شروع کر دیا ہے۔

(۱۵۱۲) حب مقوی گردہ ومثانہ

ایک نوجوان نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی۔ پھر نئی شادی رچالی تو بالکل جماع نہ کرسکا۔ میرے پاس علاج کے لئے آیا۔ اس نے بتایا کہ شہوت بھی کم ہے اور کمزوری بھی عام بھی ہے۔ اس

کی حالت کے پیش نظرا سے یہ گولیاں دیں۔صبح وہ ہنستا ہوا آیا اور کہنے لگا ”مجھے آرام آ گیا ہے“ میں کامیاب ہوگیا ہوں۔

ھوالشافی: جوز ماثل ۱۰ گرام۔سونٹھ ۱۰ گرام۔اجوائن خراسانی ۱۰۔مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔ریوند چینی ۱۰ گرام۔گل سرخ ۱۰ گرام۔دارچینی ۱۰ گرام۔فلفل دراز ۲ گرام۔لونگ ۳ گرام۔جڑ پان ۵ گرام۔جائفل ۵ گرام۔زعفران ۵ گرام۔کبابہ ۵ گرام۔مصطگی رومی ۵ گرام۔ثعلب مصری ۵ گرام۔کچلہ مدبر ۶ گرام۔شہد سے نخودی گولیاں بنالیں اوراوپر ورق نقرہ لگالیں۔

مقدار خوراک: ایک'ایک گولی صبح شام یا جماع سے قبل

(۱۵۱۳)عورت کی تعریف

مریض مرد اور عورت میرے پاس مختلف امراض کا علاج کراتے تھے بچوں کا علاج بھی کراتے تھے۔ایک دن عورت نے کہا کہ ”حکیم صاحب! بچوں کے باپ کا بھی علاج کریں“ میں نے جواب دیا ”وہ مجھے کہے تو میں کروں“ آخرایک دن اس مرد نے مجھے علاج کرنے کو کہا۔بتایا کہ میں سرعت انزال اور کمزوری باہ کا مریض ہوں۔بچے جو ہو چکے وہی ہیں۔اب میں نے میاں بیوی دونوں کی سن کر یہ گولیاں دیں۔اس عورت نے میرے علاج کی بہت تعریف کی۔محلے میں عورتوں کو بتایا تو دیگر عورتوں نے بھی اپنے شوہر علاج کے لئے بھیجے۔

ھوالشافی: جلوتری ۲½ تولہ۔جائفل ۲½ تولہ۔سونٹھ ۲½ تولہ۔لونگ ۲½ تولہ۔شنگرف ۱½ تولہ۔تخم دھتورہ ۲½ تولہ۔ کچلہ مدبر ۲½ تولہ۔تخم بھنگ ۲½ تولہ۔کشتہ فولاد ۲½ تولہ۔ عقرقرحا ۲½ تولہ باریک کرکے شہد سے نخودی گولیا بنالیں اور ورق نقرہ لگالیں

مقدار خوراک: ایک'ایک عدد صبح شام ہمراہ دودھ۔غذا مرغن کھائیں

فوائد: یہ نسخہ مقوی باہ۔دافع سرعت انزال۔بلغمی امراض۔کثرت بول کے لیے مفید ہے۔نیز مقوی گردہ ومثانہ ہے۔

نوٹ! شنگرف کو آب ادرک میں کھرل کریں جب چمک ختم ہوجائے توڈال لیں۔

(۱۵۱۴)خیالات کی درستگی

مریض کی عمر ۲۵ سال نے آکر احتلام۔جریان۔گرمی عام۔سوزش بول اور گھبراہٹ کی

شکایت کی میں نے کہا تم بری عادتوں میں مبتلا رہے ہو۔ پہلے تو اس نے انکار کیا اور پھر جلد ہی تسلیم کرلیا۔ میں نے بری عادتوں کے چھوڑنے اور راہ راست پر پلٹ آنے کی (توبہ) تلقین کی۔ اس کے علاوہ خیالات کو پاکیزہ رکھنے۔ رات کو جلدی کو سونے۔ صبح جلدی اٹھتے۔ نماز کی پابندی کرنے کی ہدایت کی اور قبض کی صورت میں چھلکا اسپغول دودھ میں ملا کر پینے کی ہدایت کی۔ اس کے علاوہ یہ دوا دی۔

ھوالشافی: صبح: کشتہ قلعی ایک رتی ہمراہ مغز بادام ۲۰ عدد۔ الائچی خورد ۵ دانے۔ مرچ سیاہ ۵ دانے۔ مکھن ۲½ تولہ میں ملا کر کھائیں۔

شام: مندرجہ ذیل سفوف ایک ماشہ ہمراہ دودھ مربہ آملہ یا مربہ سیب ۵ تولہ سے کھائیں اس نسخہ کے متواتر استعمال سے جملہ تکالیف دور ہو جاتی ہیں۔

(۱۵۱۵) نسخہ ٹھنڈک

طباشیر۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید اصلی۔ الائچی خورد۔ کہربا شمعی ۵۔ ۵ تولہ۔ ناریل دریائی ۳ تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ زہر مہرہ ۲ تولہ تمام اشیاء کو ہاون دستہ میں کوٹ کر مثل سرمہ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ (مکھن۔ بالائی۔ خمیرہ گاؤزبان وغیرہ)

(۱۵۱۶) جریان اور عام کمزوری

مریض عمر ۳۰ سال شادی شدہ نے کمزوری عام اور جریان کی شکایت کی اور کہا کہ عام جسمانی کمزوری بھی ہے نیز کمزوری اعصاب بھی ہے اس کی حالت سن کر یہ گولیاں دیں۔ مریض کی جملہ شکایت دور ہوگئی اور بچے بھی پیدا ہونا شروع ہوگئے۔

ھوالشافی: فلفل دراز۔ ناگرموتھا۔ لونگ۔ سونف۔ پوست ہرڑ۔ دارچینی۔ مصطگی رومی۔ تال مکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ دانہ الائچی کلاں۔ آملہ۔ بالچھڑ۔ الائچی خورد۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سفید۔ اگر۔ کنکول مرچ ہم وزن (۹) کچلہ مدبر۔ ۱۸ اجزا۔ ایک تولہ پاؤڈر شہد میں ملا کر ۵۰ گولیاں بنالیں۔ جنگلی بیر کے برابر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام

ہاضمہ کی کمزوری۔ کمزوری اعصاب۔ جریان کو مفید ہے۔ مقوی باہ ہے۔ بہت ہی لاجواب گولیاں ہیں اگر اس کے ساتھ شربت فولاد یا کشتہ فولاد دیا جائے تو کایا پلٹ ثابت ہوتا ہے۔

(۱۵۱۷) عادات بد

مریض کنوارہ۔ بری عادات (لونڈے بازی۔ رنڈی بازی) کا عادی۔ علاج کرانے کے لئے آیا اس کی آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے تھے۔ شرمندہ سا تھا۔ شادی بھی عنقریب ہونے والی تھی۔ ان تمام عوارضات کا علاج کرانے آیا اس کی تمام سرگزشت سن کر توبہ کی ہدایت کی اور علاج کرانے آیا اس کی تمام سرگزشت سن کر توبہ کی ہدایت کی اور علاج کرنے کا وعدہ کیا۔ چونکہ بری عادات سے دل۔ دماغ۔ گردے۔ مثانہ کمزور ہو جاتے ہیں لہذا یہ ادویات دی گئیں۔ جس سے وہ شادی کے قابل ہو گیا۔

ھوالشافی: کشتہ قلعی۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ گاؤدنتی۔ کشتہ صدف۔ کشتہ بارہ سنگا۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ بیخ مرجان۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ سکہ۔ کشتہ سنکھ۔ کشتہ خرمہرہ زرد۔ کشتہ عقیق۔ تمام کشتہ جات ہم وزن لے کر ملالیں۔ (کل ۱۲ کشتے)

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ مکھن ۵ تولہ۔ مغز بادام ۲۱ دانے۔ الائچی خورد خورد ۳ دانے۔ مرچ کالی ۳ دانے میں چینی ملا کر دیں اور صبح شام یہ گولیاں دیں۔

(۱۵۱۸)

ھوالشافی: ثعلب مصری ایک تولہ۔ موصلی سفید۔ ستاور مصطگی۔ طباشیر۔ موچرس۔ مازو۔ اسگندھ ناگوری۔ کمرکس۔ گل سپاری۔ سونٹھ املی کلاں ایک ایک تولہ۔ کشتہ خرمہرہ زرد ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ایک تولہ پانی سے نخودی گولیاں بنا کر ۲ عدد شام کے وقت دیں۔

مدت کورس: ۱۲ دن

(۱۵۱۹) سرعت انزال

مریض عمر ۴۰ سال نے آ کر کہا کہ مجھے کمزوری بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ نزلہ زکام کی بھی

تکلیف ہے۔ مباشرت کرتے وقت منی بہت جلد خارج ہو جاتی ہے۔ نہایت شرمندگی اٹھانا پڑتی ہے۔ اس کی روداد سننے کے بعد یہ گولیاں دیں۔ چند دنوں کے بعد مریض آیا تو بہت خوش تھا۔ کہنے لگا میری تمام تکالیف دور ہوگئی ہیں۔ امساک بھی کافی ہو گیا ہے۔ میری بیوی نے بھی شکریہ کہ بھیجا ہے۔

ھوالشافی: لونگ ۵ تولہ۔ زعفران ۵ تولہ۔ تخم دھتورہ ۴ تولہ۔ کشتہ مرگانگ ۲ تولہ۔ کشتہ فولادی ۳ تولہ۔ کشتہ جات کو ملا کر بوہڑ کے دودھ سے تر کر کے تمام ادویہ کا غلولہ بنالیں۔ پھر ۲ سیر آٹا گوندھ کر اس میں بند کر کے تندور کی بھوبھل میں دبا دیں۔ ۵ گھنٹہ بعد غلولہ نکال کر آٹا دور کر کے دوا کے برابر مویز منقیٰ ملا کر کوٹیں اور دانہ نخود کے برابر گولیاں بنا کر ورق نقرہ لگالیں۔ دوا تیار ہے

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔ صرف چند روز کافی ہے۔

فوائد: جماع سے قبل کھانا رکاوٹ کا باعث بنتا ہے۔ یہ نسخہ تیار کرنے کے بعد کسی اور نسخہ کی ضرورت نہ رہے گی۔ ایک دواخانہ اس نسخہ کو تیار کر کے گذشتہ ۸۰ سال سے فروخت کر رہا ہے۔

نسخہ: کشتہ فولادی: سم الفار سفید ایک ماشہ۔ کشتہ فولاد ۵۲ ماشہ۔ ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں اور داخل نسخہ کریں۔

یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ میرا بھی کئی بار کا مجرب ہے۔ ضرورت کے وقت تیار کر لیا جاتا ہے۔ ایک خوراک سے ہی چوگنی طاقت آجاتی ہے۔

(۱۵۲۵) انتہائی کمزوری

مریض عمر ۵۰ سال نے بتایا کہ وہ جماع کے قابل نہیں ہے۔ اگر جماع کرے تو انتہائی زیادہ کمزوری ہو جاتی ہے۔ فعل مباشرت میں لذت بھی نہیں رہتی۔ ہر وقت تھکان رہتی ہے۔ میں نے کہا کہ آپ کو دماغی۔ اعصابی کمزوری ہے۔ جس کو آپ عام کمزوری سمجھ رہے ہیں۔ لہٰذا یہ گولیاں بنا دیں چند دن کے بعد مریض ملا اس نے بتایا کہ مجھے آرام ہے بلکہ بالکل تندرست ہوں۔ یوں محسوس ہوتا ہے جوانی آئی ہی اب ہے۔ اہلیہ بھی اب مجھ سے خوش ہے

ھوالشافی: عنبر ایک ماشہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ ہمراہ شہد گولیاں بقدر جنگلی بیر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ نگل لیں۔

فوائد: دافع سرعت انزال۔ مقوی باہ۔ قبل از جماع کھانے سے طاقت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور جماع کی کمزوری تھکان کو فوری دور کرتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

خاص راز: ایک گولی ہمراہ سفوف سمی ۲ طاقت۔ بمقدار ایک رتی کھانا طاقت کو بہت زیادہ کر دیتا ہے نسخہ سفوف سمی ۲ طاقت سم الفار ایک ماشہ چینی ۱۰ تولہ دونوں متواتر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں۔

مقدار خوراک: میں نے ایک زبردست راز افشاء کر دیا ہے۔ آگے فائدہ اٹھانا آپ کا کام ہے۔

(۱۵۲۱) تیسری بار کا دولہا

مریض عمر چالیس سال پہلے دو شادیاں کر چکا تھا اولاد نہ ہونے کی وجہ سے انہیں طلاق دے چکا تھا اب تیسری شادی رچا بیٹھا تھا۔ تیسری بیوی جانتی تھی کہ اولاد کی تڑپ میں مر رہا ہے۔ بیوی نے اسے میرے مطب کی طرف بھیجا۔ وہ نہ آیا آخر خود ساتھ لے کر آئی۔ ہوشیار تھی طلاق کے داغ سے بچنا چاہتی تھی۔ میں نے میاں بیوی دونوں کو تسلی دی اور اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر علاج شروع کیا۔ میرے علاج سے ان کے ہاں اولاد بھی ہوئی۔ دونوں نہایت خوش تھے۔ اٹھتے بیٹھتے علاج کی تعریف کرتے اور مریضوں کو بھی میری طرف بھیجا۔

ھوالشافی: جائفل۔ جاوتری۔ افیون۔ مازو۔ اسگندھ ناگوری۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ موچرس۔ تج قلمی۔ گل سپاری۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی مساوی الوزن بعض نسخوں میں تخم دھتورہ۔ (آدھا وزن) بھی لکھا ہے۔

ترکیب تیاری: لعاب اسپغول سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ کھائیں۔

فوائد: یہ نسخہ متقدمین کی ایجاد ہے اور تمام بڑے دواخانوں میں تیار رہتا ہے ایک دو ماہ تک لگاتار کھلانے سے سرعت انزال۔ احتلام دور ہو جاتے ہیں۔ قبل جماع کھانا امساک پیدا کرتا ہے اعضائے رئیسہ کی کمزوری دور کر کے چہرہ پر رونق لاتا ہے۔

ایک حکیم نے بتایا کہ میں اس میں ایک حصہ کچلہ مدبر بھی ملا کر تیار کرتا ہوں۔ یوں اس کے

فوائد بے شمار بڑھ جاتے ہیں۔ میں نے بھی تجربہ کیا۔ واقعی لاجواب پایا۔

(۱۵۲۲) طاقتور بیوی

مریض عمر ۲۵ سال۔ نہایت دبلا پتلا۔ کمزور۔ بیوی اس سے طاقتور تھی۔ کمزوری عام سرعت انزال کا رونا رویا۔ لڑکے کے والدین نے بھی میری منت کی کیونکہ وہ بھی مجھ سے علاج کروا چکے تھے۔ میں نے انہیں تسلی دی۔ اللہ کا نام لے کر علاج شروع کیا۔ اس کو اولاد کی امید ہوئی تو اس کی بیوی کے علاوہ لڑکے کے والدین نے بھی آ کر شکریہ ادا کیا۔ یہ گولیاں اس قدر مفید ہیں کہ پرانے اطباء کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ ایک جگہ سے یہ بھی خبر ملی کہ ایک ملنگ ان گولیوں کو بنا کر رکھتا ہے اور کافی زیادہ پیسے وصول کرتا ہے۔

ھوالشافی: مومیائی۔ مصطگی رومی۔ مروارید۔ طباشیر۔ لونگ۔ جلوتری۔ عود ہندی۔ جائفل۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دار چینی۔ شقاقل مصری۔ سونٹھ۔ درونج عقربی۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری۔ جداور خطائی۔ ۶۔۶ رتی۔ عنبر ایک ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ ورق سونا ۱۰ عدد۔ روغن پستہ بقدر ضرورت۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے مروارید۔ عنبر۔ کستوری کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے پاؤڈر بنالیں۔

روغن پستہ کو قدرے گرم کر کے اس میں مومیائی حل کریں۔ پھر باقی ادویہ ڈال کر کھرل کریں اور تھوڑا سا روغن پستہ ملا کر مونگ برابر گولیاں بنالیں اور ان کے اوپر سونے کے ورق لگا لیں۔

فوائد: باقاعدہ استعمال سے کمزوری باہ ختم ہوتی ہے۔ دل و دماغ۔ گردہ مثانہ کو طاقت ملتی ہے کمزوری بعد جماع کو قریب نہیں آنے دیتی انتشار کو قوی کرتی ہے۔

(۱۵۲۳) نسخہ طلاء ملذذ

اگر ایک گولی مذکورہ بالا ۳ ماشہ شہد اور کافور ۲ رتی۔

تینوں کو ملا کر اگر جماع سے قبل طلاء کریں تو طرفین کو اس قدر لذت حاصل ہوتی ہے کہ

بیان خلاف اخلاق ہے۔ تجربہ کرنا شرط ہے۔

(۱۵۲۴) باہیہ تیل

قیام پاکستان سے قبل کی بات ہے دو ادھیڑ عمر آدمیوں نے اپنے آلہ تناسل کی سستی کی شکایت کی اور کیا کہ شہوت (انتشار) اچھی طرح نہیں آتی۔ ان دونوں کو یہ تیل بنا کر دیا گیا۔ اس کے استعمال سے ان دونوں کی شہوت ٹھیک ہو گی۔ اور دونوں کے ہاں دوبارہ اولاد پیدا ہونا شروع ہو گئی۔

ھوالشافی: روئی حسب ضرورت لے کر شیر مدار سے تر کریں۔ پھر دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ پھر اس روئی کو گائے کے گھی (روغن زرد) سے تر کریں اور چمٹا سے پکڑ کر نیچے آگے لگا دیں۔ نیچے ایک پیالی رکھیں تا کہ گرنے والا تمام روغن اس پیالی میں ٹپکے اس روغن کا رنگ بالکل سیاہ ہو گا۔ یہ روغن مریض کو دے دیں۔

طریقہ استعمال: حشفہ اور سیون چھوڑ کر اعضا پر چند قطرے ٹپکا کر لگائیں اور اوپر بیری کے پتے باندھ دیں۔ چند دنوں میں پھنسیاں نکل آ دیں گی۔ اب طلاء کرنا چھوڑ دیں اور گھی لگا دیں۔ اس سے ان دونوں کی شہوت پوری ہو گی۔

پرہیز: استنجا کے لئے گرم پانی استعمال کریں۔

(۱۵۲۵) نسخہ طلاء

شیر مدار کے مساوی وزن روغن زرد لے کر کھرل کر کے رکھیں۔ حکما دہلی کا مجرب ہے۔

(۱۵۲۶) نسخہ طلاء

شیر مدار میں جمال گوٹہ کے دو دانے کھرل کر کے طلاء کریں۔ عضو پر چھالہ پیدا ہو گا۔ چھالے میں چھید کر کے پانی نکال دیں اور گھی میں لونگ پکا کر لگائیں۔ مجلوق کی تمام تکالیف دور ہوں گی۔ صرف ایک پٹی کافی ہے۔

(۱۵۲۷) عجیب اتفاق

مریض عمر چالیس سال کی شادی ہوئی لیکن دس سال تک اولاد کی نعمت سے محروم رہا اس

بیان خلاف اخلاق ہے۔ تجربہ کرنا شرط ہے۔

(۱۵۲۴) باہیہ تیل

قیام پاکستان سے قبل کی بات ہے دو ادھیڑ عمر آدمیوں نے اپنے آلہ تناسل کی سستی کی شکایت کی اور کیا کہ شہوت (انتشار) اچھی طرح نہیں آتی۔ ان دونوں کو یہ تیل بنا کر دیا گیا۔ اس کے استعمال سے ان دونوں کی شہوت ٹھیک ہوگی۔ اور دونوں کے ہاں دوبارہ اولاد پیدا ہونا شروع ہوگئی۔

ھوالشافی: روئی حسب ضرورت لے کر شیر مدار سے تر کریں۔ پھر دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ پھر اس روئی کو گائے کے گھی (روغن زرد) سے تر کریں اور چمٹا سے پکڑ کر نیچے آگے لگا دیں۔ نیچے ایک پیالی رکھیں تا کہ گرنے والا تمام روغن اس پیالی میں ٹپکے اس روغن کا رنگ بالکل سیاہ ہوگا۔ یہ روغن مریض کو دے دیں۔

طریقہ استعمال: حشفہ اور سیون چھوڑ کر اعضا پر چند قطرے ٹپکا کر لگائیں اور اوپر بیری کے پتے باندھ دیں۔ چند دنوں میں پھنسیاں نکل آدیں گی۔ اب طلاء کرنا چھوڑ دیں اور گھی لگا دیں۔ اس سے ان دونوں کی شہوت پوری ہوگی۔

پرہیز: استنجا کے لئے گرم پانی استعمال کریں۔

(۱۵۲۵) نسخہ طلاء

شیر مدار کے مساوی وزن روغن زرد لے کر کھرل کر کے رکھیں۔ حکما دہلی کا مجرب ہے۔

(۱۵۲۶) نسخہ طلاء

شیر مدار میں جمال گوٹہ کے دو دانے کھرل کر کے طلاء کریں۔ عضو پر چھالہ پیدا ہوگا۔ چھالے میں چھید کر کے پانی نکال دیں اور گھی میں لونگ پکا کر لگائیں۔ مجلوق کی تمام تکالیف دور ہوں گی۔ صرف ایک پٹی کافی ہے۔

(۱۵۲۷) عجیب اتفاق

مریض عمر چالیس سال کی شادی ہوئی لیکن دس سال تک اولاد کی نعمت سے محروم رہا اس

کے بعد اس کی بیوی کا انتقال ہو گیا۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد اس کا شادی شدہ بھائی فوت ہو گیا تو اس نے ارادہ کیا کہ اپنی بھاوج سے شادی کر کے اپنا اور اس کا گھر دوبارہ آباد کر لے۔ بھاوج تو صاحب اولاد تھی لیکن اس شخص کو معلوم تھا کہ وہ نامرد ہے لہذا اس کے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ کاش میں کسی طرح مرد بن جاؤں اور میرے بھی بچے ہوں۔ میرے پاس علاج کے لئے آیا میں نے اس کا علاج شروع کیا۔ وہ شخص صاحب اولاد ہوا اور جب تک زندہ رہا علاج کی تعریف کرتا رہا۔

ھوالشافی: سم الفار ایک تولہ۔ الائچی سبز ۲ تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ کافور ایک، ایک تولہ شراب برانڈی ایک بوتل

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو برانڈی میں کھرل کر کے خشک ہونے پر جوہر اڑا لیں۔

جوہر مذکور ایک تولہ۔ کجلی پارہ و گندھک ایک تولہ، سلاجیت ایک تولہ۔ کشتہ فولاد شنگرفی ۶ ماشہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ کشتہ سونا ماکھی ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ۶ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۶ ماشہ۔ تخم بھنگ ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو برگ بھنگ سے ۴۸ گھنٹہ کھرل کریں۔ دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ دودھ

نوٹ! یہ نسخہ تیار کر کے دار العلاج گجرات والوں نے شاہکار جمیل کے ہر خریدار کو بھیجا تھا۔ میں نے اس مریض کو کھلایا تو وہ صحت مند ہو گیا۔

فوائد: مجلوق کے جملہ عوارض۔ کمی خون۔ کمزوری عامہ

کایا پلٹ جسم میں خون پیدا کرنے والا۔ دودھ گھی ہضم کرنے والا۔ دل دماغ۔ گردہ اور مثانہ اعصابی سستی کو دور کرنے والا ایک مصری طبیب کا لاجواب عطیہ ہے۔

(۱۵۲۸) سفوف جریان

ایک حکیم صاحب کی دکان پر گیا وہ ایک سفوف تیار کر رہے تھے۔ میں نے پوچھا کیا تیار کر رہے ہو۔ فرمانے لگے جریان کے لئے سفوف تیار کر رہا ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ جس آدمی سے لیا ہے وہ اسے کئی مریضوں پر آزما چکے ہیں میں نے بھی مجرب پایا ہے۔ انہوں نے مجھے بھی نسخہ عطا

کردیا۔

ھوالشافی: تج ستاور۔ سمندر سوکھ۔ بیج بند۔ چھلکا اسپغول۔ تخم بالنگو۔ گوند کیکر۔ تخم ریحان۔ بہی دانہ۔ موصلی سفید۔ کمرکس۔ موچرس۔ ثعلب مصری۔ تال مکھانہ۔ اسگندھ ناگوری۔ تخم بھنگ۔ تخم لاجونتی۔ کشتہ قلعی۔ ایک ایک تولہ۔ (کل ۱۱۸جزاء)

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے چینی مساوی الوزن میں کھرل کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۶۔۶ ماشہ ہمراہ گرم دودھ

اس نسخہ کا اشتہار بھی نکلتا رہا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ جس میں کشتہ قلعی پڑتا ہے وہ زیادہ مفید ہوتا ہے۔ کیونکہ مثل مشہور ہے۔

مرد کو بھنگ اور گھوڑے کو بارتنگ

یہ نسخہ تمام عمر معمول رہا ہے۔

(۱۵۲۹) حب ممسک

ایک حکیم کا مجرب نسخہ ہے۔

ھوالشافی: جائفل ۳ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ تخم ہرمل ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ۔ تخم بھنگ ۲ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ عقرقرحا ۲ ماشہ۔ کستوری ایک رتی۔

ترکیب تیاری: جوشاندہ پوست کھرل کر کے گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۳ ماشہ روزانہ کھلائیں۔

فوائد: دافع سرعت انزال اور ممسک ہے۔ قبل جماع کھانا امساک میں فوری اضافہ کرتا ہے۔

(۱۵۳۰) حب برشعشہ

ایک حکیم صاحب برشعشہ کا نام تبدیل کر کے یعنی گولی بقدر سفید چنا بنا کر اوپر ورق نقرہ لگا کر ساری عمر ڈھیروں کے حساب سے بنا کر لوگوں کو استعمال کراتے رہے۔ مجرب ہے آزمالیں۔ برشعشہ جو کہ قرابادینی نسخہ ہے۔

(۱۵۳۱) باجی کرن چورن

قیام پاکستان سے قبل امرتسر سے "ویدک" نامی رسالہ شائع ہوتا تھا۔ اس رسالہ میں "باجی

کرن چورن'' کا اشتہار ہوتا تھا۔ خیال رہے کہ سنسکرت بھاشا میں باجی گھوڑے کو کہتے ہیں۔ اشتہار میں اس چورن کو دافع سرعت انزال اور مغلظ منی بیان کیا جاتا تھا۔ میں بہت عرصہ تک اس نسخے کے انتظار میں رہا آخر میرے ہاتھ لگ ہی گیا۔ اس نسخہ سے ان صاحب نے بہت دولت کمائی۔

ھوالشافی : ستاور۔ گوکھرو۔ اسگندھ ناگوری۔ تالمکھانا۔ بدھارا۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ مغز تخم کونچ اور باراہی کند۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید جڑ پان۔ شقاقل مصری۔ مغز تخم املی کلاں۔ ریش برگد آملہ خشک۔ ست گلو ایک ایک تولہ۔ چینی مساوی الوزن۔ (کل اٹھارہ اجزاء)

مقدار خوراک: ۶ تا ۹ ماشہ ہمراہ دودھ۔

فوائد: مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے اور منی کے جرثوموں کو اس قابل بناتا ہے کہ عورت کے بیضہ کو بارآور کر سکیں۔ بہت کامیاب اور مفید مطلب نسخہ ہے۔

(۱۵۳۲) اکسیر مغلظ

یہ بھی ایک حکیم صاحب کا مایہ ناز نسخہ ہے۔ امراض مردانہ کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی: بہوپھلی ۵ تولہ۔ تخم اوٹنگن۔ مغز تخم کونچ۔ کمرکس۔ موچرس۔ ثعلب مصری۔ مصطگی رومی۔ گوند کیکر۔ بیج بند۔ تال مکھانا۔ تخم سروالی۔ تیج بل۔ کشتہ قلعی۔ مغز پستہ۔ سونٹھ ایک ایک تولہ۔ چینی ۱۰ تولہ۔

مقدار خوراک: ۶ تا ۹ ماشہ اوپر والے نسخے کے برابر ہے۔

فوائد: مغلظ منی ہے۔

(۱۵۳۳) حکیم عبداللہ صاحب روڑی والے

ایک دفعہ مولانا مولوی محمد عبداللہ صاحب ضلع حصار والے ثم منڈی جہانیاں ضلع خانیوال مولف کتب کثیرہ سے قوت باہ کے سلسلہ میں بات چیت ہوئی تو فرمانے لگے کہ نوعمر لڑکے اگر قوت باہ کے مریض ہوں تو انہیں یہ نسخہ دیا کرو۔

ھوالشافی: صبح: خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا

دوپہر: دواالمسک جواہر دار

شام: لبوب کبیر

اگر زیادہ جلدی ہو تو ساتھ جواہر مہرہ ۲ چاول بھی دے دیا کرو۔ انشاء اللہ قوت باہ ٹھیک ہو جائے گی۔

آپ کے فرمان کے بعد میں نے بطور تشریح ان کے سامنے بات رکھی کہ مولانا۔

دماغ سے حلق .... خمیرہ ابریشم

جگر و معدہ .... دواء المسک

گردہ مثانہ .... لبوب کبیر

یہ سنا تو مولانا نے میری طرف بڑی محبت سے دیکھا اور فرمایا آپ نے خوب تشریح کی ہے الحمد للہ نسخہ لاجواب ہے۔ متعدد مریضوں کو دیا۔ جب کبھی ملے نسخہ کی تعریف کی۔ اس نسخہ سے تمام جسمانی مشینری درست ہو جاتی ہے۔

نوجوانوں اور بوڑھوں کے لئے فرمایا کہ اگر کمی ہاضمہ کی شکایت ہو تو۔ جوارش جالینوس ساتھ دینا بھی مفید ہے۔ آپ کو ایک لاجواب چیز بنادی ہے۔ خود تیار کریں یا کسی معتبر دکان سے تیار شدہ خرید لیں۔ اس نسخہ کے استعمال سے بے اولاد آدمی بھی صاحب اولاد ہو جاتا ہے۔

(۱۵۳۴) حب باہ

ایک نوجوان نے کمزوری باہ اور سرعت انزال کی شکایت کی۔ میں نے مندرجہ ذیل نسخہ کی گولیاں بنا کر دیں ان کے کھانے سے اس کی تکلیف رفع ہو گئی اور نوجوان بے حد مشکور ہوا۔

ھوالشافی: سٹر کنیا ایک ماشہ۔ مارفیا ½ ماشہ۔ سورنجاں شیریں ایک تولہ۔ ریوند خطائی ایک تولہ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو مسلسل ۵ گھنٹہ کھرل کریں اور پھر شہد ملا کر دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام بعد غذا ہمراہ دودھ نیم گرم۔ غذا مرغن کریں۔

فوائد: ❶ حرارت غریزی کو زیادہ کرتی ہے۔ ❷ تازہ سرخ خون رگوں میں دوڑنے لگتا ہے۔

۱۲ جسم فربہ اور طاقتور ہو جاتا ہے۔ ۱۳ قوت باہ کا لاجواب خزانہ ہے۔

نوٹ! مارفیا (Marphia) افیون کا جوہر ہے۔ اور سٹر کنیا کچلہ کا جوہر ہے۔ اس کا حصول تقریباً ناممکن ہے۔ لہٰذا آپ (Valium5mg) کی ۱۰ گولیاں شامل نسخہ کر لیں۔ بہترین محرک و ممسک نسخہ بن جاتا ہے۔ آزمائش شرط ہے بوڑھوں کا کھڑا کر دینے والا نسخہ ہے۔

(۱۵۳۵) مہاتما گاندھی

کانگریسی راہنما مہاتما گاندھی نے ہندوؤں کو حکم دیا کہ بدیشی طب کو ترک کرنے کے لئے لازم ہے کہ دیسی طب کے مجرب نسخوں کو جمع کر کے ایک کتاب مدون کی جائے۔ چنانچہ مختلف لوگوں کی کاوش سے ایک کتاب مدون ہوئی۔ اس کتاب سے بلغمی مزاج والوں کے لئے باہ کا ایک لاجواب نسخہ پیش خدمت ہے۔

ھوالشافی: تخم دھتورہ۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم۔ گوکھر وکلاں۔ اجوائن خراسانی۔ سپاری چکنی۔ عقرقرحا۔ تخم اوٹنگن۔ ریگ ماہی۔ لونگ۔ جائفل۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ موصلی سیاہ۔ زعفران۔ جاوتری ۵۔۵ تولہ۔ (۱۶ اجزاء)۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کھرل کرنے کے بعد ۲ ½ سیر دودھ گائے میں ملا کر آگ پر رکھیں اور کھرپا سے ہلاتے رہیں تاکہ لگنے نہ پائے۔ آنچ نرم رکھیں۔ جب کھویا بن جائے اور گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو جائفل دکھنی کے برابر گولیاں بنالیں اور سنبھال کر رکھیں۔ کھاتے وقت گولی توڑ کر مصری ملا کر کھلائیں۔

مقدار خوراک: کمزوری۔ سرعت انزال۔ پیشاب کے آگے پیچھے قطرے آنا۔ پیشاب کی زیادتی۔ نامردی۔

نوٹ! سرد مزاج والے ہر موسم میں استعمال کر سکتے ہیں۔ گرم مزاج والے صرف سردیوں میں ہی استعمال کریں۔

(۱۵۳۶) جاٹ کا نسخہ

ایک جاٹ کے متعلق پتہ چلا کہ اس کے پاس کمزوری۔ سستی۔ نامردی کا ایک ایسا نسخہ ہے کہ جس کے استعمال سے کئی افراد شفایاب ہو کر صاحب اولاد ہو چکے ہیں ان میں بعض ایسے بھی

بتیجہ کہ جن کے ہاں نوبت طلاق تک آ چکی تھی۔ میں نے جا کر اس سے نسخہ طلب کیا۔ تو اس نے پہلے سے انکار کر دیا۔ ایک دن میرے پاس اجزاء خریدنے آیا تو میں نے کہا کہ ادویہ تو میرے پاس نہیں ہیں البتہ لا کر دے سکتا ہوں۔ نسخہ پڑھنے کے بعد میں نے کہا کہ کیا یہ وہی نسخہ ہے تو کہنے لگا بالکل وہی ہے۔ میں نے کہا نوٹ کر لوں۔ تو اس نے کہا کر لو۔

ھوالشافی: افیون۔ سلاجیت خالص۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ قلعی ۳۔۳ ماشہ خلاصہ بھنگ ایک ماشہ۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ گولی صبح شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم

فوائد: دافع جریان وزکاوت حس متواتر ۱۴۔۱۵ دن استعمال کرانے کے بعد درج ذیل معجون دیں۔

(۱۵۳۷)

ھوالشافی: مروارید ۱/۲ ۴ ماشہ بسد احمر ۱/۲ ۴ ماشہ فقاع اذخر۔ سعد کوفی۔ مائیں۔ سلیخہ۔ دارچینی۔ اسارون۔ مصطگی ہر ایک ۱/۲ ۲ ماشہ۔ کاکنج۔ بیخ لبلاب ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ۔ انیسوں۔ بہمن سفید ہر ایک ۱/۲ ۱۰ ماشہ۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر ہر ایک ۳/۴ ۱ تولہ۔ شہد سہ یا چہار چند۔

مقدار خوراک: ۵۔۵ ماشہ ہمراہ دودھ نیم گرم متواتر ایک مہینہ کھلائیں۔

نوٹ! یہ جوارش جالینوس کا نسخہ ہے۔ جالینوس نے اس کے سات فائدے لکھے ہیں۔ جو کہ تجربہ میں مفید ثابت ہوئے ہیں۔

فوائد: مقوی باہ۔ مقوی گردہ ومثانہ۔ مقوی دماغ۔

نسخہ حاصل کر لینے کے بعد خوشی ہوئی کہ متقدمین کے نسخہ جات کو لوگ خفیہ رکھ کر صدری بنا لیتے ہیں۔ یہ نسخہ بدل لبوب کبیر ہے اور ملک کے تمام مشہور ادارے اس نسخہ کو تیار کرتے اور اپنے مریضوں پر استعمال کرتے ہیں۔

لاجواب مردمی کورس کے علاوہ بہترین جنرل ٹانک بھی ہے۔

(۱۵۳۸) سستی نامردی طلاء:۱

سستی نامردی کے علاج میں بیرونی طور پر مالش کی ضرورت بھی ہوتی ہے کبھی ٹکور کی جاتی

ہے اور کبھی پٹیاں لگائی جاتی ہیں۔ لہٰذا اس کے آگے طلاء کا مکمل مضمون آئے گا اس وقت ایک لاجواب طلاء حاضر ہے۔ اس طلاء کو بڑے بڑے حکماء نے مخلوق اور سستی کے مریضوں کو استعمال کروایا ہے۔ مجرب ہے۔ مجھے ایک دوست سے حاصل ہوا انہیں ریاست کپورتھلہ کے ایک شاگرد حکیم سے حاصل ہوا۔ وہ فرماتے تھے کہ ان کا مجرب ہے۔

ھوالشافی: چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ چربی سانڈہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی۔ خراطین خشک۔ جونک خشک۔ شنگرف رومی۔ زعفران۔ عقرقرحا ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام خشک اشیاء کو اچھی طرح کھرل کرنے کے بعد چربی کو گرم کریں اور اس میں روغن بیضہ مرغ ا تولہ شامل کر کے تمام اشیاء کو کھرل میں ڈال کر رگڑ کر مثل مرہم بنالیں۔ روغن بیضہ مرغ سے نرم کریں۔

ترکیب استعمال: رات کو طلاء کریں اور اوپر برگ پان یا برگ بیری باندھ دیں۔ دوران استعمال گرم پانی اسے استنجا کریں۔

فوائد: کجی۔ کمزوری اور سستی دور ہو کر نامرد مکمل مرد بن جائے گا۔ انشاء اللہ

(۱۵۳۹) ضماد نمبر ۲

ھوالشافی: زعفران۔ لونگ۔ تج۔ دارچینی۔ عقرقرحا۔ شنگرف۔ بیر بوٹی۔ خراطین خشک۔ جائفل۔ جاوتری۔ مصطگی رومی۔ ایک ایک تولہ۔ (گیارہ اجزاء)

ترکیب تیاری: اجزاء کو کھرل میں ڈالیں اور ۵۰ عدد انڈے دیسی کی زردیوں کا تیل نکال کر اس کے ساتھ کھرل کرتے جاویں۔ جب مثل مرہم بن جائے تو سنبھال لیں۔ سارا تیل خرچ ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو حشفہ اور سیون چھوڑ کر لگائیں اور اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھ دیا کریں۔ جب پھنسیاں نکل آئیں تو طلاء بند کر کے روغن زرد سے چپڑتے رہیں۔

فوائد: قضیب دراز۔ قوی اور تند ہوتا ہے۔

ایک بڑے طبیب جو کئی کتب کے مولف تھے ان کا مجرب ہے۔ میں نے بھی تیار کیا ہے۔

(۱۵۴۰) طب جدید شاہدرہ

ایک حکیم کے پاس گیا تو ایک مریض جریان کی شکایت کر رہا تھا۔ اور کہہ رہا تھا کہ یہ

شکایت بہت پرانی ہے۔ حکیم نے کہا کہ اگر بیس سال پرانا جریان ہے تو وہ بھی ختم ہو جائے گا۔ مریض دوا لے کر چلا گیا تو میں نے حکیم سے پوچھا کہ کونسا ایسا نسخہ ہے جس سے بیس سال پرانا جریان بھی ختم ہو جاتا ہے۔ تو حکیم نے یاددہانی کرائی اور کہا کہ طب شاہدرہ والوں کا نسخہ ہے۔ اور تقریباً ۸۰ سال سے اشتہار کے ذریعہ فروخت ہورہا ہے۔

ھوالشافی: مرجان ۵ تولہ لے کر تھوڑا کوٹیں اور ۱۰ اسیر شیر گاؤ میں بھگودیں۔ تین دن تک ایسا کریں اور ہر روز دودھ تبدیل کردیا کریں۔ چوتھے اور کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کرلیں اور مکھن ۱۰ تولہ گائے میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر خشک ہونے پر ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر نکال کر کشتہ قلعی ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۲ تولہ عرق گلاب تیز سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر ۱۰ اسیر کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ رتی صبح شام ہمراہ مکھن بالائی یا دودھ دیں۔

کورس: ۱۴ دن۔

فوائد: اس نسخہ کے استعمال سے پرانے سے پرانا جریان رُک جاتا ہے۔

- ☆ سیلان الرحم (leacorrhea) کو بھی لاجواب ہے۔
- ☆ دائمی نزلہ کو مفید ہے۔
- ☆ گرم مزاجوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔
- ☆ دل کی دھڑکن۔ گرمی برداشت نہ ہونا

(کثرت حیض کی مریضہ کو حیض بند ہونے کے بعد دینے سے گرمی اور گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔) پیشاب کی جلن بھی دور ہو جاتی ہے۔

ایک لاجواب دوا ہے۔ میں نے بھی تجربہ میں مجرب پائی ہے۔

(۱۵۴۱) روزانہ ایک ہزار مریض

ایک بڑے حکیم جن کے مطب میں روزانہ تقریباً ایک ہزار مریض آتا تھا۔ جب ان کے صاحب زادے ان کی وفات کے بعد جانشین ہوئے تو نسخہ جات کی بات چھڑ گئی۔ فرمانے لگے۔ قیمتی نسخہ جات تو بہت ہیں لیکن میں نے ایک کم خرچ نسخہ بنایا ہے جو بہت مجرب ثابت ہوا ہے شاگرد کو گولیاں لاکر دکھانے کو کہا۔ گولیاں دکھائیں اور ایک کتاب کا حوالہ بھی دیا۔

ھوالشافی: فلفل دراز۔ ناگرموتھا۔ لونگ۔ سونف۔ پوست ہرڑ۔ دارچینی۔ مصطگی رومی۔ تال مکھانہ۔ اندر جو۔ دانہ الائچی کلاں۔ آملہ۔ بالچھڑ۔ دانہ الائچی خورد۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سفید۔ اگر۔ کنکول مرچ ۶۔۶ ماشہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: ایک تولہ پاؤڈر کو شہد میں ملا کر ۵۰ گولیاں بنالیں اور ورق نقرہ لگالیں یا مرگا نگ کا کوٹ کرلیں۔ گولی موٹے چنے کے برابر بن جاتی ہیں۔

میں نے اس نسخہ کو تیار کر کے بہت فائدہ حاصل کیا ہے۔

فوائد: کمی باہ۔ کمزوری عامہ۔ سرعت انزل کے مریضوں کو مفید ہے۔

شربت فولاد کے ہمراہ دینے سے زرد چہرہ چند دنوں میں کھل جاتا ہے اور بارونق ہو جاتا ہے۔ مردوں کے علاوہ غیر حاملہ عورتوں کو بھی کمر درد۔ لیکوریا اور اعصابی کمزوری میں مجرب ہے۔ کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔ آپ بھی تیار کریں۔ لاجواب فارمولا ہے۔

نوٹ! نسخہ میں کچلہ مدبر دوگنا لکھا ہے لیکن میں ہم وزن یعنی ایک تولہ ہی ڈالتا ہوں۔

(۱۵۴۲) حبوب لاجواب

جریان و کمزوری مثانہ اور اس کے ساتھ ایک لاجواب مرکب۔

ھوالشافی: ثعلب مصری۔ موصلی سفید۔ بہمن سفید۔ مصطگی۔ طباشیر۔ جفت بلوط۔ تالمکھانہ۔ تخم بیج بند۔ مغز تخم املی کلاں۔ مازو۔ گوند کیکر ایک ایک تولہ۔ کشتہ سہ دھاتا ۶ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: نخودی گولیاں بنا کر ورق نقرہ سے مزین کریں یا مرگانگ کا کوٹ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح شام مناسب بدرقہ سے دیں۔

اگر اس کے ساتھ ایک وقت مکھن ۵ تولہ۔ مغز بادام ۲۰ عدد۔ الائچی خورد ۵ دانے۔ مرچ سیاہ ۵ دانے۔ مصری کوزہ یا چینی مناسب مقدار درج ذیل کشتہ جات ڈال کر کھلائیں تو مخلوق کے جملہ عوارضات کا کامیاب علاج ہے۔

(۱۵۴۳)

ھوالشافی: کشتہ جات۔ کشتہ قلعی کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ گاؤدنتی۔ کشتہ صدف مروارید۔

کشتہ بارہ سنگا۔ کشتہ بیخ مرجان۔ کشتہ شاخ مرجان۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ سنکھ۔ کشتہ کوڑی زرد۔ کشتہ عقیق مساوی الوزن ملا کر کھلائیں۔ (۱۲ کشتے)

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی

فوائد: بخار کی کمزوری۔ امراض دل و دماغ۔ استحاضہ کے بعد کی کمزوری۔ تپش۔ گھبراہٹ۔

اگر مکھن سے مریض نفرت کرے تو معجون یا مربہ جات سے کھلائیں۔

(۱۵۴۴) معجون مرجبہ جات

مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ گاجر۔ مربہ پیٹھا مساوی الوزن کوٹ کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲½ تا ۵ تولہ

میں اسی طریقہ سے کھلا کر فیض یاب ہوتا رہا ہوں۔ آپ میرے لئے دعا کریں۔ تمام راز آپ کی نذر کرتا ہوں۔

(۱۵۴۵) شاہی حکیم کا طلاء

ایک صاحب جو ریاست کپورتھلہ میں حکیموں کی خدمت کرتا رہا اور ان سے طب بھی پڑھی۔ واپس آ کر اپنے گاؤں میں مطب شروع کیا۔ یہ شخص بڑے بڑے شاہی حکیموں سے ملتا رہا تھا۔ اس کا استاد بھی شاہی حکیم تھا۔ ایک دن میں نے سوال کیا کہ شاہی حکیموں سے آپ نے کوئی طلاء کا نسخہ بھی حاصل کیا تو فرمانے لگے کہ ہمارے استاد صاحب نے ایک شاہی حکیم سے لیا تھا۔ تمام عمر یہ نسخہ بناتے رہے۔ مجھے بھی بتا دیا۔ میں بھی تمام عمر اس کو ہی بنا تا رہا ہوں۔ آپ بھی نوٹ کر لیں نسخہ کے مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں۔ اب وہ دونوں فوت ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔

ھوالشافی: روغن بیضہ مرغ۔ چربی ریچھ۔ چربی شیر۔ چربی سانڈہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی۔ خراطین خشک۔ جونک خشک۔ شنگرف۔ زعفران۔ عقرقرحا۔ جند بیدستر تمام اشیاء ایک ایک تولہ کو کھرل میں رگڑ کر طلاء تیار کر لیں۔ گاڑھا ہونے کی صورت میں روغن بیضہ مرغ مزید ملا کر رقیق کر لیں۔

طریقہ استعمال: سیون اور حشفہ چھوڑ کر روزانہ طلاء کریں اوپر برگ پان باندھیں۔

فرمانے لگے کپورتھلہ کے شاہی حکیم کا نسخہ ہے۔ میرا اور میرے استاد کا تمام عمر کا معمول ہے اور گاؤں میں نامردوں کا علاج اسی طلاء سے کیا کرتے تھے۔

(۱۵۴۶) نابینا حافظ قرآن کا نسخہ

ایک بڑے میاں جو کہ مہاجر تھے وہ منڈی فاروق آباد میں دکان کرتے تھے۔ یہ صاحب نابینا بھی تھے اور حافظ قرآن بھی۔ ان کا مطب مشہور تھا۔ نباض بھی اعلیٰ درجہ کے تھے۔ ان سے ایک حکیم نے باہ کے متعلق نسخہ طلب کیا۔ تو انہوں نے بتا دیا۔ ان حکیم صاحب نے نسخہ مجھے بتا دیا۔ وہ فرماتے تھے میں تو تمام عمر اس کو ہی بنا کر فیض یاب ہوتا رہا ہوں۔ میں نے بھی اس کو تیار کر لیا اور مریضوں کو دیتا رہا۔ لاجواب گولیاں ہیں۔

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۲ ½ تولہ۔ شنگرف رومی سوا تولہ۔ دارچینی۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ سونٹھ۔ جائفل۔ لونگ۔ بسباسہ۔ عقرقرحا۔ زعفران ہر ایک ۹ ماشہ۔ افیون خام ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے شنگرف کو آب ادرک سے ۱۰ تولہ سے کھرل کریں اس کے بعد تمام ادویہ ملا کر آب ادرک سے کھرل کریں اور مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ اوپر ورق نقرہ لگالیں یا کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک عدد صبح و شام۔

فوائد: از حد مقوی باہ اور ممسک ہیں۔ درد کمر۔ درد اعصاب اور کثرت بول کو مجرب ہیں۔ میں یہ گولیاں حب شنگرفی کے نام سے بنا کر حکیموں کے ہاتھ فروخت کرتا رہا ہوں۔

(۱۵۴۷) ضماد مقوی باہ

دمشق میں ابن حیان نامی مشہور حکیم گزرے ہیں۔ وہ اس ضماد کا اچھا سا نام رکھ کر خوب دولت کماتے تھے اور ظاہر یہ کرتے تھے کہ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں۔

ھوالشافی: رتیاں سرخ۔ کٹھ تلخ۔ زعفران۔ فلفل دراز۔ جلوتری۔ جائفل۔ لونگ۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ جمال گوٹہ کے مغز۔ مغز اخروٹ۔ دار شیشعان۔ ہر ایک ۴ ½ ماشہ۔ کافور ۱ ½ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو آب ادرک میں رگڑ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ہر رات ایک گولی لعاب دہن۔ بھیڑ کے دودھ یا روغن کنجد میں ملا کر نصف دہبیون بچا کر عضو تناسل پر ضماد کریں۔ جب دانے نکل آئیں تو ضماد ترک کر کے روغن چنبیلی مکھن یا گھی میں لونگ جلا کر لگا دیں۔

اس عمل کو تین بار دہرائیں۔ بے حد طاقت آئے گی۔ مجلوق کے عوارضات کو مفید ہے۔

(۱۵۴۸) معجون پنبہ دانہ

یہ جالینوس کی ایجاد ہے۔ قرابادین اکمل اعظم میں اس کا نام لعوق حب القطن ہے اور تذکرہ جلیل میں حکیم جلیل احمد انصاری نے بھی اس حد تعریف کی ہے۔ نیز حکیم نابینا صاحب نے بھی اسے مجرب لکھا ہے۔ حکیم جالینوس نے اس لعوق کو امراض سینہ کے لئے تجویز کیا تھا۔ وہ اسے ضیق النفس۔ ربو۔ بیٹھی ہوئی آواز۔ گردہ مثانہ کی تقویت کے لئے استعمال کرتے تھے۔ آواز کو صاف کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

هوالشافی: مغز پنبہ دانہ ۶ تولہ۔ دار چینی ۴½ تولہ۔ لونگ ۴½ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۴½ تولہ۔ تخم انجن ۴½ تولہ۔ شقاقل مصری ۳ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ کایپھل ۳ تولہ۔ کٹھ شیریں ۱۴ ماشہ تخم السی بریاں ایک ماشہ۔ مصطگی رومی ۱۴ ماشہ۔ شہد سہ چند۔

مقدار خوراك: ۴ تا ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔

فوائد: مادہ منی کو غلیظ کرتی ہے۔ بدنی طاقت کے لئے مفید ہے۔

قوت باہ کے مایوس مریضوں کے لئے جالینوس اور دیگر قدیم اطباء مثلاً انطاکی وغیرہ نیز قاسمی صاحب لاہور والے اس کو استعمال کرتے تھے۔ آپ کے خادم نے بھی اس کو بنا کر بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

کثرت احتلام کی وجہ سے کمزوری۔ سرعت انزال کے لئے بہت مفید ہے۔ مقوی دماغ دباہ ہے۔

اس معجون کی قوت تین سال تک قائم رہتی ہے۔ کم خرچ اور بالا نشین نسخہ ہے۔

تذکرہ خلیل احمد انصاریؒ میں اس نسخہ کو مجرب لکھا گیا ہے۔ لاہور کے ایک فاضل طبیب نے بھی اس نسخہ کو مجرب لکھا ہے۔

مدت اس کی تین سال ہے۔ کہتے ہیں کہ اس نسخہ سے حکیم جالینوس نے کئی مریضوں کی پرانی کھانسی اور دمہ کا علاج کیا۔ راقم الحروف نے بھی اس معجون کو تیار کر کے ہمیشہ فائدہ اٹھایا۔ حکیم حافظ عبدالوہاب صاحب انصاری طبیب نظام دکن حیدرآباد کے مجربات میں سے ہے۔

(۱۵۴۹) ہندو حکیم کا نسخہ

ہمارے علاقے میں ایک حکیم صاحب رہتے تھے ان کی حکمت دور دور تک مشہور تھی۔ نہایت پارسا لوگ تھے۔ ان کو ایک ہندو حکیم نے معجون کا نسخہ بتایا تھا۔ بعد میں وہ نسخہ کتاب سے نکل آیا۔ وہ نہایت لذیذ خوشبودار نسخہ تھا۔ کمزوری۔ سرعت انزال کو لاجواب مجرب تھا۔ میں نے ان سے نسخہ طلب کیا تو فرمانے لگے وہ کتاب بس میں رہ گئی ہے۔ میں خود بھی نسخے سے محروم ہوں۔ میں نے کہا کہ کتاب کا نام بتا دیں۔ تو میں ملک میں جس جگہ سے ملے گی لے آؤں گا۔ بڑی کوشش کی وہ کتاب نہ ملی۔ پھر ایک پرچہ فیصل آباد سے چھپا۔ اس میں اسی نام کی معجون تھی۔ میں وہ پرچہ لے کر گیا تو فرمانے لگے یہی ہے۔ خود بھی نوٹ کر لی اور مجھے بھی بنانے کا حکم دیا۔ میں نے بھی تیار کی اور فائدہ حاصل کیا۔ قیمتی نسخہ ہے۔ لیکن ہے لاجواب اور اس کا نام معجون نشاط آور ہے۔

ھوالشافی: صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ناگر موتھا۔ کشنیز خشک۔ بہوپھلی۔ سنگاڑہ۔ بالچھڑ۔ کباب چینی۔ ست گلو۔ ترپھلہ۔ بداری قند۔ موچرس۔ گل سنبل۔ پترج۔ تخم کونچ۔ مصطگی۔ تخم نیلوفر۔ زعفران۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۱½ تولہ۔ سلاجیت۔ پکھان سفید۔ ورچ ہر ایک ۳ تولہ۔ شیر گاؤ تین سیر۔ کشتہ سونا۔ کستوری۔ گوندکتیرا ہر ایک ۳½ ماشہ۔ کشمش ۱۵ تولہ۔ برگ بھنگ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز خیارین ہر ایک ۶ تولہ مصری ۲½ سیر۔

ترکیب تیاری: دودھ کا کھویا بنا لیں۔ ادویہ کا سفوف تیار کر لیں اور چینی کی چاشنی بنا کر تمام اشیاء اس میں شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ ماشہ

فوائد: طاقت بدنی میں اضافہ ہوتا ہے تھوڑے ہی دنوں میں طاقت انسان کے بس سے باہر ہو

جاتی ہے لہٰذا اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

گرم مزاجوں کو مفید ہے۔ جریان اور بدن کی گرمی کو دور کرتی ہے۔

فوائد: کمزوری دماغ۔ کمزوری ہاضمہ۔ سوزش بدن۔ سوزش بول اور اٹھارہ قسم کے جریان کو مفید ہے۔ یہ تھا اصل نسخہ۔ تجربہ کے بعد تین چیزیں سامنے آئیں۔

1. کھویا نہ ڈالیں کیونکہ بہت جلد پھپھوندی لگ جاتی ہے۔ شیر گاؤ سے کھلائیں۔
2. مغزیات کو گھی میں بھون کر ڈالیں۔
3. گل سنبل کی بجائے موصلی سنبل ڈالیں۔

بداری قند کے بجائے موصلی سفید ڈالیں۔ ورچ کے بجائے موصلی سیاہ استعمال کریں۔ یا ثعلب مصری ڈالیں۔

غریب آدمی کو کشتہ سونا کے بجائے دو چند کشتہ فولاد ڈال دیں لیکن کستوری ضرور شامل کریں۔

یہ نسخہ ان مولوی صاحبؒ کا معمول تھا۔ اس نسخہ سے سینکڑوں بے اولاد گھر آباد ہوئے۔

اس قدر خوشبودار معجون بنتی ہے کہ صبح کھائی ہو تو شام تک طبیعت خوش رہتی ہے۔

قوت باہ اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ فریقین سے ضبط کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایک لاجواب چیز پیش خدمت ہے۔ میرے ذاتی تجربہ میں ہے۔ خود حکیم صاحبؒ نے تیار کر کے مجھے کھلائی تھی۔ اور پھر میرا معمول بن گیا۔

(۱۵۵۰) حلوہ کونچ

ایک حکیم نے مجھے بتایا کہ ایک پنڈت نے دوا بنوائی تو غلطی سے اس میں ایک اضافی چیز شامل کر بیٹھا ہے پنڈت نے حکیم کو کہا کہ یہ چیز دوا سے نکال دیں۔ حکیم نے کھرل میں ڈال کر پانی ڈالا یا کوئی اور طریقہ استعمال کیا جس سے وہ چیز نسخہ سے الگ ہوگئی۔ اس پر پنڈت نے خوش ہو کر اس حکیم کو کچھ نقد رقم دی اور بطور تحفہ ایک نسخہ حلوہ کونچ عطا کیا۔ اور فرمایا میں اس نسخہ سے کئی مریضوں کا علاج کر چکا ہوں۔ جن مریضوں کی منی میں کرم نہیں ہوتے پیدا ہو جاتے ہیں وہ لوگ صاحب اولاد ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی: تخم کونچ ایک پاؤ لے کر بھٹی میں بھنوالیں اور چھلکا دور کر کے میدہ کی طرح باریک کرلیں۔ اس کے بعد کھویا بھینس یا بھیڑ ایک پاؤ لے کر ایک پاؤ گھی میں سرخ کرلیں بعد میں چینی تین پاؤ ملا کر آٹا تخم کونچ ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ یا بقدر ہضم

اس نسخہ سے حکیم صاحب ساری عمر مریضوں کا علاج کرتے رہے۔ مجھے بھی بتایا لہٰذا میں نے بھی اس کا تجربہ کیا۔ ایک بے اولاد کو بنا کر دیا اس کے ایک لڑکی پیدا ہوئی پھر اس کی بیوی فوت ہوگئی۔

یہ نسخہ بھی ایک خاندان کا راز تھا۔ آپ کو بتا دیا۔ میں نے دل میں یہ عہد کر رکھا ہے کہ تمام عمر کا حاصل لوگوں کے سامنے لے آؤں گا۔ وہ حکیم اس نسخہ میں چند چیزوں کا اضافہ کر کے بھی دیتے رہے۔

(۱۵۵۱)

ھوالشافی: الائچی خورد ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ کشتہ عقیق ایک تولہ۔

مقدار خوراک: ایک تا ½۱ تولہ

فوائد: درد کمر۔ کثرت بول کو مفید ہے۔

نوٹ! کونچ کی شکل بالکل گردہ کی مانند ہوتی ہے۔ اس لئے یہ دوا گردوں کے لئے زیادہ مفید ہے۔ بادام آنکھ اور دماغ کو تقویت دیتا ہے۔

دماغ کے لئے اخروٹ مفید ہے۔ خصیوں کے لیے چیکو اور غدہ کلاہ گردہ کے لئے آم مفید ہے۔

(۱۵۵۲) نعمت خداوندی

طب جدید شاہدرہ لاہور والوں نے نعمت خداوندی کے نام سے ایک نسخہ بنایا ہے وہ اس نسخہ کو بذریعہ اشتہار فروخت کر رہے ہیں۔ اشتہار کی عبارت کچھ اس طرح ہے۔

یہ دوا ضعف باہ کے مریضوں کے لئے مفید ہے۔ ایسے نوجوان جو چوبیس سال کی عمر میں ہی ساٹھ سالہ بوڑھے نظر آتے ہیں اس دوا کے استعمال سے واقعی چوبیس سالہ جوانی کا لطف

اٹھانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اس دوا کا استعمال ازسرنو طاقتور بنا دیتا ہے۔

صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے ناقابل برداشت قوت پیدا ہو جاتی ہے اس کی خوبیوں سے وہی لوگ واقف ہیں جنہوں نے اسے ایک بار استعمال کیا ہے۔ علاوہ قوت باہ کے تمام اعضاء رئیسہ دل و دماغ کو طاقتور بناتی ہے اور خون صالح اس قدر بناتی ہے کہ مردہ صورت انسان کا چہرہ بھی مانند گلاب کھل جاتا ہے۔

ہوالشافی: کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ بیخ نک چھکنی ۲ تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۲ تولہ۔ مال کنگنی ۲ تولہ۔ سم الفار سفید ۴ ماشہ۔ کشتہ شنگرف ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: آب ادرک سے کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام بعد غذا ہمراہ دودھ۔

آپ کے اس خادم نے بھی اس کو بنایا اور کئی مریضوں کو دیا۔ تمام کو فائدہ ہوا۔ کیونکہ نسخہ اچھے اجزاء سے مرکب ہے۔ پورے جسم کی مشینری کو حرکت میں لے آتا ہے۔ بیماری سے اٹھے مریضوں کو بھی مفید ہے۔ دودھ گھی خوب ہضم ہوتا ہے۔ بیخ نک چھکنی کے بجائے میں تو نک چھکنی ہی ڈال لیتا ہوں۔

(۱۵۵۳) دوائے ڈپٹی صاحب

حکیم شریف خان صاحب دہلویؒ کے مجربات میں ایک نسخہ دوائے ڈپٹی صاحب والی بھی ہے۔

ہوالشافی: پارہ صاف ۶ ماشہ۔ قلعی صاف ۱ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۳ ماشہ۔ مرچ سفید دکھنی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: اول قلعی کو پگھلا کر پارہ میں شامل کریں اور کھرل میں ڈال کر باریک کریں۔ پھر میٹھا تیلیا شامل کریں۔ پھر ایک ایک کر کے مرچ سفید ملا کر باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۴ چاول ہمراہ معجون آردخرما دودھ یا مکھن سے دیں۔

فوائد: جریان۔ احتلام۔ ذکاوت حس کے لئے لاجواب مرکب ہے۔

غدہ قدامیہ کی سوزش بالعموم مجلوقوں کو ہو جاتی ہے اور پھر جریان منی کا سبب بنتی ہے۔ اس سوزش کو دور کرنا اس دوا کا کمال ہے۔

ذکاوت حس کو دور کر کے دیرینہ جریان و احتلام کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ آپ کے اس خادم

نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے بلکہ میرے دوستوں نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔

علامہ حکیم احمد دین شاہدروی جب اس نسخے پر پہنچے تو انہوں نے اس نسخہ میں پوست بیخ لفاح کا اضافہ کر کے اپنے مرکبات میں شامل کرلیا۔

(۱۵۵۴) مولد و مغلظ منی

ایک بہت بڑے طبیب جو کئی کتابوں کے مصنف بھی تھے میری ان سے خط و کتابت تھی۔ میں ان سے ملنے گیا لیکن وہ فوت ہو چکے تھے۔ ان کے شاگردوں نے کہا کہ ان کے داماد کو ملو میں ان کا ایڈریس معلوم کر کے انہیں ملنے گیا۔ خیر وہ مل گئے۔ ان سے نسخہ جات کے متعلق باتیں ہوئیں۔ میں نے کہا آپ کا ماموں جان جو بکس امراض مردانہ کے لئے روانہ کرتے تھے اس میں جو حب ذکاوت حس ہے اس کے اجزاء نہیں ملتے براہ کرم میرے علم میں اضافہ کریں فرمانے لگے ہم اپنے تمام رازوں سے دوسروں کو آگاہ کر دیتے ہیں۔

ھوالشافی: پوٹاشیم برومائیڈ ۴ تولہ۔ کشتہ قلعی ½ ۱ تولہ۔ گوند کیکر ا تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ گیری ۶ ماشہ۔ حب نخودی بنا کر ورق نقرہ چڑھالیں۔

طریقہ علاج: پہلے ہفتہ مریض کی قبض اور پیٹ کی صفائی کے لئے بوتل میں میگنیشیا سالٹ ۱۰ تولہ۔ کونین فولادی اور فیرٹ امونیا سائٹراس ۶۔۶ ماشہ ملا کر عرق سونف ڈال دیں اور دس خوراک بنالیں۔

صبح شام ہلکی غذا کے بعد پلا دیں اس سے مریض کو سیاہ رنگ کے اسہال آئیں گے (فولاد کی وجہ سے)

قبض دور ہوگی۔ پیٹ سے کیڑے خارج ہونگے۔

اس کے بعد مریض کو حب ذکاوت حس مذکورہ بالا ایک گولی ہمراہ دودھ گائے یا بکری دیں۔ دوپہر ۱۲ بجے سفوف مغلظ ۶ ماشہ ہمراہ دودھ دیں۔

دل اور دماغ معدہ وجگر کی کمزوری کے لئے اکسیر نقرئی ۲ رتی دیں۔

بصورت قبض حب ملین ۲ عدد دیں۔

یہ کورس پندرہ یا بیس روز کریں۔ اس سے مریض کی گھبراہٹ۔ کمی خون۔ دل و دماغ کی

کمزوری کو آرام ہوگا۔
اس کے بعد تیسرا کورس شروع کریں جو کہ ۴۰ سال تک کے لیے ہے۔ پہلے سفوف مغلظ دیں۔

(۱۵۵۵)

ہوالشافی: تال مکھانہ۔ تخم کونچ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بیج بند۔ خارخسک۔ تخم اوٹنگن۔ تیج بل۔ اکلیل الملک۔ چاول ساٹھی۔ کمرکس۔ تخم کاہو۔ اندر جو شیریں۔ سمندر سوکھ۔ ستاور۔ سنگھاڑا۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ قلعی پارے والا ۲۔۲ تولہ۔ قند سفید تمام ادویہ کے مساوی الوزن۔

مقدار خوراک: ۶۔۶ ماشہ صبح وشام

(۱۵۵۶) اکسیر نقرئی

ہوالشافی: کشتہ نقرہ ایک تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مروارید۔ کشتہ یشب۔ ۶۔۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد بارد ۳ ماشہ۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ مکھن یا معجون مربہ جات ذیل دیں۔

(۱۵۵۷) معجون مربہ جات

ہوالشافی: مربہ ہی۔ مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ گاجر۔ مربہ پیٹھا ۵۔۵ تولہ تمام کو کوٹ کر یا بلینڈ کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ۔

(۱۵۵۸) حب ملین

ہوالشافی: دانہ الائچی خورد۔ سونٹھ۔ مصطگی رومی ۳۔۳ ماشہ۔ گل بنفشہ۔ رب السوس۔ نشاستہ گندم۔ گوند کیکر ۷۔۷ ماشہ۔ سقمونیا اصلی ۲ تولہ۔ رُب حنظل ۱۴ ماشہ

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔ رات کو ایک یا ۲ عدد ہمراہ دودھ۔ چائے یا پانی دیں۔

طریقہ تیاری رب حنظل: حنظل تازہ ہو تو پانی نکال کر (مالٹے کا جوس نکالنے والی مشین سے) نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب شہد کی طرح گاڑھا ہو جائے تو شامل کرلیں۔ اگر خشک ہو تو کوٹ کر چار گنا پانی میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں۔ آدھا پانی رہ جانے پر چھان کر پانی کو دوبارہ نرم نرم آگ پر پکائیں۔ موم کی طرح ہو جانے پر اتارلیں اور شامل نسخہ کریں۔

نوجوانوں کو یہ معجون بھی دیں۔

(۱۵۵۹)

ھوالشافی: شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔۲۔۲ تولہ۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم گندنا۔ تودری زرد۔ تودری سفید۔ اسگندھ ناگوری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ موصلی سنبل۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ جڑ پان۔ ستاور۔ تخم ہالیون۔ تخم گاجر ایک' ایک تولہ۔ بیج بند۔ تالمکھانہ۔ گوند ڈھاک ۹۔۹ ماشہ باریک کریں اس کے بعد:

(۱۵۶۰)

مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ تل سفید ۵۔۵ تولہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ۳۔۳ تولہ۔ باریک کر کے ملالیں۔ اور تین پاؤ چینی کا قوام تیار کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ صبح شام

میں تو چینی کا قوام نہیں کرتا کیونکہ چینی کے قوام میں پھپھوندی کا اندیشہ رہتا ہے۔

فوائد: مغلظ منی مجلوق کے عوارض کو دور کرتی ہے۔ اور ناکارہ نوجوان کو صاحب اولاد بنادیتی ہے۔ لذیذ ہے۔ ہر مزاج کے موافق اور بدل لبوب کبیر خورد ہے۔

ازحد مقوی دماغ۔ مقوی گردہ ومثانہ ہے۔ منی کو غلیظ کرتی ہے۔ نوجوان لڑکوں کو لاجواب ہے۔

(۱۵۶۱) بوڑھوں کے لئے لاجواب گولیاں

ھوالشافی: کشتہ سم الفار مومیہ ۴ ماشہ۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ شنگرف۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ مغز بادام ایک' ایک تولہ۔ کشتہ فولاد شنگرفی۔ کچلہ مدبر ۲۔۲ تولہ۔ مصطگی رومی۔ جائفل۔

جاوتری۔ عقرقرحا۔ تخم دھتورہ۔ زعفران دارچینی ۶۔۶ ماشہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔
ہمراہ شہد ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام غذا کے بعد۔ غذا مرغن کھائیں۔

فوائد: مقوی اعصاب۔ مقوی جگر۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے جتنے اوصاف مقوی گولیوں میں ہونے چاہیں وہ تمام ان گولیوں میں موجود ہیں۔ از حد مقوی باہ ہیں۔ حرارت غریزی پیدا کر کے کافی خون پیدا کرتی ہیں۔ نامردی کے لئے اکسیر ہیں۔

(۱۵۶۲) طریقہ کشتہ سم الفار مومیہ

ترکیب تیاری: بسکھپرا بوٹی جو کہ اٹ سٹ کی ایک قسم ہے جلا کر اس کا نمک حاصل کریں۔ یہ نمک ۵ تولہ کوزہ میں رکھ کر اس کے اندر ایک تولہ سم الفار سفید کی ڈلی رکھیں اور گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سم الفار چرخ کھا کر بیٹھ جائے گا۔ کوزہ سے کھرچ کر پیس لیں اور شیشی میں رکھیں تین دن کے بعد موم بن جائے۔

مقدار خوراک: ایک چاول ناشتہ کے بعد ہمراہ تربوز

فوائد: تمام اعصابی امراض کو مفید ہے۔ داخل نسخہ کریں۔

یہ تمام کورس بیان کرنے کے بعد فرمانے لگے یہ نسخہ ہمارے خاندان کا راز تھا۔ آپ کو سارا نسخہ بمع طریقہ بتا دیا ہے۔ میں بھی وقتاً فوقتاً اس کو تیار کر کے فیض یاب ہوتا رہا ہوں۔ آپ بھی ان مجربات کو تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔ یہ کورس آپ کو کئی کتابوں سے بے نیاز کر دے گا۔ آگے آپ کی مرضی۔ بیرونی طور پر اگر طلاء کی ضرورت ہو تو یہ طلاء تیار کر لیں۔ میں نے تیار کر کے فائدہ حاصل کیا ہے۔

ھوالشافی: شیر مدار۔ گائے کا گھی ۱۰۔۱۰ تولہ۔ سم الفار سفید ۱۰ ماشہ باریک کر کے تمام کو ملا کر اتنا کھرل کریں کہ غلیظ ہو جائے۔ پھر بیر بہوٹی۔ عقرقرحا ½۱۔½۱ تولہ باریک کر کے ملا کر کھرل کریں اور شیشی میں سنبھال رکھیں۔

بقدر دانہ نخود حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اوپر روئی یا پان کا پتہ باندھیں۔ جب دانے نکل آویں تو طلاء بند کر دیں اور گھی میں پیاز اور لونگ جلا کر اس سے چپڑیں۔ زخم درست ہونے پر پھر طلاء کریں۔ کم خرچ طلاء ہے۔

اگر طلاء خشک ہو جائے تو روغن کنجد قدرے ملا کر نرم کر لیں۔ میں نے اس کا تجربہ بھی کیا ہے۔ لاجواب طلاء ہے۔ میں کہتا ہوں آپ کی خدمت میں محبت سے مجرب نسخہ عرض کر دیا ہے۔

نوٹ! اگر سم الفار ہی باریک کر کے ملا لیں۔ تب بھی مفید ہے۔

(۱۵۶۱) گولیوں میں سم الفار خام ہی ملا لیں۔

۲ ماشہ سم الفار خام بالکل باریک کر کے تمام ادویہ ملا کر بارہ گھنٹے خشک کھرل کر کے شہد ملا کر گولیاں بنا لیں تب بھی مفید ہے۔ میں اس طرح بھی بنا لیتا ہوں۔

(۱۵۶۳) ایڈیٹر "لقمان"

حکیم پیر عبدالرحیم جلیل نظام آبادی کی ذات سے کون ناواقف ہے۔ آپ "لقمان" کے مدیر اور متعدد کتب کے مصنف تھے۔ داناؤں کا کہنا ہے کہ فی الواقع اپنے وقت کے "لقمان" ہی تھے۔ انہوں نے ۱۹۴۰ء میں رسالہ "لقمان" میں اپنے پچیس سالہ معمول مطب پیش کئے اور حکماء کو کہا کہ انہیں معمول مطب بنا لو۔ کیونکہ یہ نسخے میرے بارہا کے مجرب ہیں۔ نسخہ حب مقوی باہ ہے۔

حب مقوی باہ

ھوالشافی: زعفران۔ دارچینی۔ جائفل۔ افیون۔ مصطگی۔ عقرقرحا۔ شنگرف۔ لونگ ۶۔۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو باریک کرنے کے بعد جوہر سم الفار ۳ ماشہ شامل کر کے کسی لیسدار چیز (منقی یا شہد) سے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ بعد غذا۔

فرماتے ہیں میں نے یہ نسخہ بہت سے مریضوں کو دیا اللہ تعالیٰ نے سب کو شفا دی۔ نسخہ کے اجزاء نہایت عمدہ ہیں۔ آپ بھی تیار کر لیں۔

(۱۵۶۴) طریقہ تیاری جوہر سم الفار

سم الفار سفید ۳ تولہ کو برانڈی (قسم شراب) ۱۵ تولہ سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر جوہر

حاصل کریں۔

(۱۵٦۵) طلاء پارے والا

سم الفار سفید۔ میٹھا تیلیا۔ گندھک آملہ سار۔ سہاگہ پھلہ۔ ہر ایک ½ تولہ۔ تمام اجزاء کو باریک کرنے کے بعد پارہ صاف ۱۴ ماشہ۔ روغن گاؤ ایک پاؤ۔ململ کا کپڑا ½ ۱ میٹر۔ کپڑے کو معمولی گھی لگا دیں اور دوا کا سفوف کپڑے پر چھڑک کر بتی بنالیں۔ اس بتی کو لوہے کی سیخ کے گرد لپیٹ کر ایک طرف آگ لگا دیں۔ اب سیخ کو چمٹے سے پکڑ کر ایک طرف سے جھکائے رکھیں۔ سیخ کے نیچے کھرل رکھ کر اس میں پارہ ڈال دیں اور اوپر سے گرم گرم گھی کے قطرے اس پر ٹپکائیں۔ بتی پر مزید گھی لگاتے جائیں حتی کہ تمام گھی (ایک پاؤ) ختم ہو جائے۔ اب تیل ملے اس پارہ کو چھ گھنٹے تک کھرل کریں۔ جب تمام پارہ حل ہو جائے تو طلاء تیار ہے۔

(۱۵٦٦) روغن بیضہ مرغ بھی ساتھ ہی تیار کرلیں

آلہ تناسل کو گرم پانی سے اچھی طرح دھونے کے بعد حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر پان کا پتہ باندھیں۔ یہ عمل ہفتہ میں تین بار کریں اور باقی دنوں میں روغن بیضہ مرغ کی مالش کریں۔

فوائد: اس طلاء کے استعمال سے مجلوق کی جملہ خرابیاں دور ہونگی۔

فرماتے ہیں کہ یہ طلاء میرا بارہا کا مجرب ہے۔ نسخہ کے اجزاء گواہی دے رہے ہیں۔

(۱۵٦۷) طلاء سرخ

یہ طلاء حکیم اجمل خاں صاحب کی ایجاد ہے۔ کئی سال تک دہلی سے اس کا اشتہار نکلتا رہا ہے۔ بہت سے مریضوں نے اسے استعمال کیا۔ میں نے بھی اسے تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔

ھوالشافی: شنگرف ۲ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ ۲ تولہ۔ سم الفار سفید ۲ تولہ۔ موم سفید ۴ تولہ۔ مسکہ گائے ۱۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے مسکہ گائے میں ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں۔ طلاء تیار ہے۔

طلاء ۲ رتی طلاء لے کر آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر لگائیں اور اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ

باندھ دیں۔

پھنسیاں نکلنے پر طلاء بند کر دیں اور گھی میں پیاز اور لونگ جلا کر اس گھی سے چپڑیں صرف تین بار ایسا کرنے سے ''شیر جوان'' بن جائے گا۔

(۱۵۶۸) کرم منی

ایک حکیم مریض کے ہمراہ میرے پاس آیا اور آ کر کہنے لگا کہ ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ اس کی منی میں اولاد پیدا کرنے والے جرثومے نہیں ہیں۔ اور میرے پاس کوئی ایسا نسخہ نہیں ہے لہٰذا میں اسے آپ کے پاس لے آیا ہوں میں نے کہا کہ نسخہ تو میں بتاتا ہوں شرط یہ ہے کہ تجربہ کے بعد مجھے اطلاع ضرور دیں۔ وہ دونوں راضی ہو گئے۔ تو میں نے یہ نسخہ لکھ دیا۔

ھوالشافی: موصلی سفید ۳ تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ طباشیر۔ گوند کتیرا ایک ایک تولہ۔ سنگھاڑہ ڈیڑھ تولہ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ایک پاؤ۔

مقدار خوراک: ۶۔۶ ماشہ صبح شام۔ ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: اس نسخہ کے استعمال سے منی کے تمام نقائص دور ہو جاتے ہیں اور جن کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان کے ہاں اولاد نرینہ صحت مند خوبصورت اور مضبوط ڈیل ڈول والی پیدا ہوتی ہے۔

کچھ عرصہ بعد وہ حکیم ملا تو اس نے کہا کہ اس شخص کے ہاں اولاد ہونا شروع ہو گئی ہے۔ یہ نسخہ لاجواب اور مجرب ہے۔

(۱۵۶۹) حب جریان۔ احتلام وسرعت انزال

یہ لاجواب نسخہ مجھے ایک پنساری کی دکان سے حاصل ہوا۔ وہاں ایک حکیم نابینا اجزاء خریدنے آئے۔ جب انہوں اجزاء لکھوائے تو میں نے پنساری سے کہا نسخہ اچھا ہے۔ پنساری نے کہا یہ حکیم کئی دفعہ یہ اجزاء خرید چکا ہے۔ عام آدمی اس نسخہ کو استعمال کر کے صحت یاب ہو رہے ہیں۔ نسخہ اپنے اجزاء کی مناسبت سے بہت عمدہ تھا۔ میں نے حکیم صاحب سے براہ راست سوال کیا تو فرمانے لگے۔ یہ نسخہ تمام عمر کا معمول ہے۔ استادوں نے یہی بتایا ہے۔

ھوالشافی: ثعلب مصری۔ تالمکھانہ۔ اسگندھ ناگوری۔ موصلی سفید۔ مصطگی رومی۔ گوند کیکر۔ تخم لاجونتی۔ ستاور۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ پھلی کیکر خشک ہر ایک ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔

مغز تخم املی کلاں ۵ تولہ۔ گوبر گد (بوہڑ کی گولیں) خشک ۵ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔
چھلکا اسپغول ایک تولہ۔ ہمراہ شہد نخود دی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ

میں دعویٰ کرتا ہوں کہ یہ گولیاں تیار کر کے اپنے مطب میں رکھیں۔ عام نسخہ ہے۔ اچھے وزن کا ہے۔ ان حکیم صاحب کی تصدیق اور تجربہ ہے۔ اجزاء اعلیٰ درجہ کے ہیں۔

(۱۵۷۰) مغلظ منی

ایک بوڑھے حکیم لاہور میں ایک نسخہ پسوار ہے تھے۔ میں نے ان سے پوچھا کیا ہے؟

فرمانے لگے ''مغلظ منی نسخہ ہے''

میں نے کہا ''عنایت فرمانا پسند فرمائیں گے؟

ہاتھ میں لکھا ہوا کاغذ پکڑا تھا کہنے لگے ''یہی لے لو۔ میرے پاس گھر میں لکھا موجود ہے۔'' فرمانے لگے ''تمام عمر یہی نسخہ مریضان جریان واحتلام کو بنا کر دیتا رہا ہوں۔

ھوالشافی: ستاور۔ مغز کونچ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ موچرس ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز تخم املی کلاں ۱۰ تولہ۔ موصلی سینبھل ۱۰ تولہ۔ تخم ریحان ۵ تولہ۔ گوند کیکر ۵ تولہ۔ چینی مساوی الوزن۔

مقدار خوراک: ۷۔۷ ماشہ صبح شام

موسم گرما میں فی خوراک

کشتہ فولاد ½ رتی

موسم سرما میں فی خوراک

کشتہ قلعی پارے شورے والا ½ رتی

اضافہ کر کے دینا مفید رہتا ہے۔

فرمانے لگے۔ ''یہ میرا استادی نسخہ ہے۔ آپ کو بتلا دیا ہے اور تاکید کی کہ اسے معمول مطب بنالیں۔ اعلیٰ درجہ کی کامیابیاں حاصل ہوں گی۔

میں نے استفسار کیا'' جس مرد کی منی میں کرم نہ ہوں یا کم ہوں کیا اس کو بھی فائدہ دے

گا؟"

فرمانے لگے" ہاں اگر بہت ہی خراب حالت ہوتو اس سلسلہ میں بھی ایک نسخہ میرے تجربہ میں آیا ہے۔ کتاب حکیم نابینا صاحب میں جامع النافع کے نام سے ایک نسخہ ہے۔

(۱۵۷۱) جامع النافع

قصہ کچھ یوں ہے کہ ایک ریاست کے رئیس اولاد جیسی نعمت سے محروم تھے۔ ریاست میں ولی عہد کا مسئلہ درپیش ہوگیا۔ نواب صاحب حکیم حافظ محمد عبدالوہاب صاحب انصاری کے مطب میں پہنچے اور سارا قصہ گوش گزار کیا تو حکیم صاحب نے یہ نسخہ تجویز کیا۔ اس نسخہ کے استعمال سے نواب صاحب کے ہاں اولاد پیدا ہوئی۔

ھوالشافی: تین سیر پارہ صاف کر کے ایک مٹی کے پیالے میں رکھ کر دس سیر پانی ڈال دیں اور نیچے آگ جلا دیں۔ جب پانی تقریباً تین سیر رہ جائے تو تین سیر چینی ملا کر گاڑھا قوام بنا دیں اور قوام میں یہ ادویہ ملا دیں۔

آرد گندم بریاں ۲۰ تولہ۔ گوند کیکر ۲ تولہ۔ گوند پلاس بریاں در روغن گاؤ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ ناریل دریائی۔ مغز چرونجی۔ مغز خندق۔ مغز پستہ۔ مغز حب الخضراء۔ کشمش۔ خرما ہر ایک ۴ تولہ۔ دارچینی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ تخم اوٹنگن۔ اندر جو شیریں۔ تالمکھانہ۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ ستاور۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ موصلی سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ موصلی سیمبھل ۱۴ تولہ۔ کشتہ مرجان ۵ تولہ۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ ۵ تولہ۔ کشتہ نقرہ ۲ تولہ۔ کوٹ کر مندرجہ بالا قوام میں ملا دیں اور نرم آگ پر پکائیں کہ خشک ہو جائے۔ کوٹ کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ۔ ہمراہ دودھ گائے۔

اس نسخہ کے کھلانے کے تین ماہ بعد ہی نواب صاحب کی "محنت" رنگ لائی۔ رحم میں نطفہ قرار پا گیا دوستو! عام کتب میں ایسے مجرب واعلیٰ نسخے کہاں۔ اس کتاب سے اکتساب فیض کے بعد دعائے خیر سے یاد کریں۔

(۱۵۷۲) حب اکسیر اعظم

مریض عمر ۳۰ سال سے شادی شدہ۔ جریان۔ احتلام اور ہتھ رسی کے عوارضات میں مبتلا

آیا اور کہا کہ شادی برائے نام ہے۔ بیوی کی آج تک "خدمت" نہیں کر سکا۔

تشخیص: کچی عمر میں منی ضائع ہونے سے دل۔ دماغ۔ جگر۔ گردوں کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ اور یہ اپنے افعال درست طور پر انجام نہیں دے پاتے

☆ مثانہ کی کمزوری کے باعث پیشاب کی کثرت ہو جاتی ہے۔ پیشاب کی کثرت سے مردانہ کمزوری ہو جاتی ہے۔

☆ دماغ کی کمزوری سے نزلہ۔ زکام دائمی۔ سر چکرانا اور دائمی درد سر شروع ہو جاتا ہے

☆ آلہ تناسل میں غیر طبعی ذکاوت حس پیدا ہو جاتی ہے۔ خیال کرنے سے ہی منی یا مذی خارج ہو جاتی ہے۔ عورت سے باتیں کرنے پر ہی انزال منی ہو جاتا ہے۔

لونڈے بازی سے آلہ تناسل میں کجی آ جاتی ہے۔ (اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔)

مریض کی تفصیلی علامت حاصل کرنے کے بعد علاج شروع کیا گیا اور اسے مندرجہ ذیل گولیاں بنا کر دیں۔

ھوالشافی: سلاجیت آفتابی ۱۵ تولہ۔ ست پھلی ببول خام ۱۰ تولہ۔ مغز تخم کونچ ۱۰ تولہ۔ مغز تخم املی کلاں ۱۰ تولہ۔ ست برگ برگد ۵ تولہ۔ اجوائن خراسانی صاف ۵ تولہ۔ کشتہ سہ دھاتا پوست والا ۱۰ تولہ۔ تال مکھانا صاف ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد ۵۰۰ آتشہ ۵ تولہ۔ کافور ۵ تولہ۔ تخم دھتورہ صاف ۱ ½ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو ملا کر پانی سے کھرل کریں اور چار چار رتی کی گولیاں بنا کر انہیں سایہ میں خشک کریں۔ خوبصورتی کے لئے ورق نقرہ لگا دیں یا مرگانگ کا کوٹ کر دیں۔

طریقہ استعمال: احتلام کے لئے

☆ دو گولیاں صبح خالی پیٹ ہمراہ دودھ اور رات سوتے وقت دو گولی ہمراہ دودھ یا پانی۔ جریان منی۔

☆ جریان مذی۔ ذکاوت حس کے لیے۔

دو گولیاں صبح خالی پیٹ اور دو گولیاں عصر کے وقت ہمراہ دودھ کھلائیں۔

ان گولیوں کے استعمال سے مریض کی تمام خرابیاں دور ہو کر اولاد ہونا شروع ہو گئی۔ سرعت انزال ختم ہو گیا۔

دل۔ دماغ۔ جگر۔ گردے۔ مثانہ درست کام کرنے لگے۔

(۱۵۷۳) طریقہ تیاری ست برگد

زرد رنگ کے برگد کے پتے لے کر انہیں دھو کر صاف کریں۔ پھر قینچی سے کتر کر ٹکڑے کر کے چھ گنا پانی میں دن رات بھگو دیں اور اگلے دن صبح کو جوش دیں۔ جب پانی پتوں کے اندر ہی باقی رہ جائے تو ہاتھوں سے اچھی طرح پتوں کو مسل کر پانی الگ کر لیں اور پتوں کو پھینک دیں۔ حاصل شدہ پانی کو کپڑ چھان کر کے نیچے آگ جلا دیں۔ اور کھرپے سے ہلاتے جائیں۔ جب گاڑھا ہونے لگے تو آگ ہلکی کر دیں یا دھوپ میں رکھ کر بالکل خشک کر لیں۔ ست تیار ہے۔

ست کیکر:

کیکر کی کچی پھلیاں جن میں ابھی دانے نہ ہوں انہیں بھی مندرجہ بالا طریقہ سے کتر کر ست حاصل کر لیں۔

نوٹ! صاحب نسخہ نے کشتہ فولاد ۵۰ آتشہ لکھا ہے لیکن میں تو عام کشتہ فولاد ہی ڈال لیا کرتا ہوں اگر ۵۰ آتشہ موجود ہو یا مل جائے تو آپ وہی ڈالیں۔

(۱۵۷۴) طریقہ تیاری کشتہ فولاد ۵۰ آتشہ

فولاد کو آب ترپھلہ میں سات بار تر کریں۔ برادہ فولاد کے مساوی الوزن ترپھلہ لے کر چار گنا پانی میں جوشائیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو نتھار کر اس سے برادہ فولاد کو تر کریں۔ اور دھوپ میں گرد و غبار سے بچا کر خشک کریں یوں سات مرتبہ تر کر کے خشک کریں۔ اس طرح برادہ فولاد سفوف کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔ اب اسے آگ پر رکھ کر جلائیں۔ ترپھلہ کے اجزاء جل جانے کے بعد خالص فولاد نیم کشتہ رہ جاتا ہے۔ اسے آپ ترپھلہ سے ایک دن کھرل کرنے کے خشک کر کے آگ دیں۔ یوں کل تیرہ دفعہ آگ دیں۔

اس کے بعد لعاب گھیکوار کے ہمراہ کھرل کر کے تیرہ آگ دیں۔

پھر بول مادہ گاؤ سے کھرل کر کے تیرہ آگ دیں۔

پھر ترش دہی میں کھرل کر کے تیرہ آگ دیں۔

آگ دینے کی ترتیب یہ رکھیں۔

❶ آب ترپھلہ سے کھرل کرنے کے بعد آگ دیں۔

۲ بول مادہ گاؤ کے ہمراہ کھرل کرنے کے بعد آگ دیں۔

۳ ترش دہی میں کھرل کر کے آگ دیں۔

۴ آب گھیکوار (کوار گندل) کے ہمراہ کھرل کر کے آگ دیں۔

اس عمل کے بعد کشتہ تیار ہے۔ میں نے تمام راز افشاء کر دیئے ہیں جبکہ میں خود تو سادہ کشتہ فولاد ہی ڈال کر دوا تیار کر لیتا ہوں۔

میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اگر آپ محنت کر کے اس نسخہ کو تیار کر کے اپنے مطب میں رکھیں گے تو آپ مایوس مریضوں کو پیغام شفا دے سکتے ہیں۔

یہ ایک ہزار نسخے سے اچھا نسخہ ہے۔ ہندوستان کے ایک وید کا چلتا ہوا راز ہے اس نسخہ سے وہ مایوس مریضوں کا علاج کرتے تھے۔ میں نے بھی تیار کر کے مطب میں رکھا ہوا ہے۔

(۱۵۷۵) پشت کو مضبوط کرنے والا نسخہ

ریاست رام پور کے ایک مشہور حکیم اس نسخہ کو بنا کر فروخت کرتے تھے۔ وہ کسی کو نسخہ کی بھنک نہ لگنے دیتے۔ ایک ایک جز و مختلف دکانوں سے خریدتے اور رات کو مطب سے فارغ ہونے کے بعد تیار کرتے۔

فوائد: تقویت باہ۔ تغلظ منی۔ دفعیہ جریان و سیلان میں بہتر ہے۔ مقوی بدن۔ گردہ۔ مثانہ اور پشت کو تقویت دینے میں بے مثال ہے۔

حکیم صاحب کا یہ راز کسی طرح فاش ہو گیا۔ اب آپ کے سامنے بالکل عیاں ہے۔

ھوالشافی: ثعلب مصری ۸ تولہ۔ موصلی سفید ۴½ تولہ۔ بہمن سفید ۲½ تولہ۔ اندر جو شیریں ۲½ تولہ۔ تال مکھانہ ۲½ تولہ۔ بہوپھلی ۳½ تولہ۔ سنگھاڑہ ۲½ تولہ۔ آرد خرما ۲½ تولہ۔ مصری کوزہ ۲۰ تولہ۔ ورق نقرہ ۱۰۰ اعدد

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے ایک سو پڑیاں باندھیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک پڑیا صبح شام ہمراہ دودھ دیں۔

(۱۵۷۸) رسائنی گٹکا

ایک ایسا لاجواب نسخہ جس کی ہر نوجوان کو خواہش ہوتی ہے۔ اگر ”متیا سپاری“ کو سیدھا

کرنے سے ڈھائی گھنٹے قبل ایک گٹکا لے لیا جاوے تو ''ساتھی'' سات گھنٹے مسلسل ''کھیل'' سکتے ہیں۔

فاعل اور مفعولہ دونوں لذت نفسانی سے متاثر ہو کر دریائے حیرت میں ڈوب جائیں گے۔

یہ گٹکا بالخصوص ایسی عورتوں کے شوہر استعمال کریں جو دو ڈھائی سو دفعہ (Self) مارنے کے بعد (start) ہوتی ہوں یقینی بات ہے اتنی دیر مرد کس طرح نکال سکتا ہے لہذا ہر دفعہ عورت ہی میدان مارتی ہے اور شوہر بے چارہ شرمندہ ہو کر منہ چھپاتا پھرتا ہے۔

طریقہ استعمال : ایک گٹکا رات کو ہمراہ دودھ کھایا جائے اور مضرات باہ مثلاً تیل۔ گڑ۔ کھٹائی۔ مرچ سرخ۔ شراب مچھلی وغیرہ سے پرہیز رکھا جائے تو کمزوری باہ۔ سستی۔ نامردی۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ پیشاب سے قبل یا بعد میں رطوبت آنا۔ کمر درد رہنا۔ پیشاب کی زیادتی وغیرہ جملہ عوارضات مردانہ دور ہو کر قوت باہ تیز اور قوی ہو جائے گی۔

سرد مزاج اور مرطوب طبع حضرات اسے ہر موسم میں استعمال کر سکتے ہیں۔

گرم خشک مزاج والے صرف موسم سرما میں کھایا کریں کیونکہ موسم سرما میں ہر مزاج کو مفید ہے۔

ھوالشافی: تخم دھتورہ۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم۔ بھکھڑہ کلاں۔ اجوائن خراسانی۔ سپاری چکنی۔ عقرقرحا۔ تخم اوٹنگن۔ ریگ ماہی۔ لونگ۔ جائفل۔ دار چینی۔ سونٹھ۔ موصلی سیاہ۔ زعفران۔ جاوتری ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو باریک کر لیں اور ڈھائی سیر دودھ گائے کو گرم کرنے کے لئے رکھ دیں۔ جب دودھ میں ابال آنے لگے تو ادویہ ملا کر ہلاتے رہیں تاکہ کسی طرف لگ نہ جائے اس دوران پسی ہوئی ادویہ کو بھی دودھ میں ملاتے جائیں۔ جب کھویا بن جائے اور گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو اتار کر کسی کھرل یا کڑاہی میں خوب کھرل کریں۔ جب ادویہ اور کھویا یک جان ہو جائے تو دانہ جائفل کے برابر گولیاں باندھ لیں اور ساتھ میں قدرے مصری لے کر گولی کو چبا کر کھائیں۔

گو اس نسخہ کو اہل ہنود نے شائع کیا ہے اس کے باوجود حکیم عبدالوہاب انصاری نور اللہ مرقدہ شاہی حکیم نواب حیدر آباد دکن اور دیگر امراء و روسا کے اطباء نے بھی اس نسخہ کو اپنا معمول

بنایا ہے۔ کیونکہ نسخہ کے اجزاء ہی گواہی دے رہے ہیں کہ لاجواب نسخہ ہے۔

نوٹ! صفراوی مزاج اس نسخہ کو صرف موسم سرما میں کھائیں۔

(۱۵۷۹) معمول مطب

یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ میں اس نسخہ کو ہمیشہ تیار رکھتا ہوں۔ کیونکہ مجھے کافی نفع پہنچاتا ہے۔ ویسے بھی کم خرچ اور بالا نشین ہے۔

ھوالشافی: تخم دھتورہ۔ سونٹھ۔ اجوائن خراسانی۔ مرچ سیاہ۔ ریوند چینی۔ گل سرخ۔ دار چینی ہر ایک دس گرام لونگ۔ جڑ پان۔ جائفل۔ زعفران۔ کبابہ۔ مصطگی رومی۔ ثعلب مصری ہر ایک پانچ گرام۔ کچلہ مدبر ۶ گرام

ترکیب تیاری: شہد ملا کر نخودی گولیاں بنانے کے بعد اوپر ورق نقرہ لگالیں یا مرگانگ کا کوٹ کر دیں۔

مقدار خوراک: ا۔ا گولی صبح شام

فوائد: سرعت انزال۔ کمی باہ کو مفید اور ممسک ہے۔

دافع نزلہ زکام اور افیون کا توڑ ہیں۔

(۱۵۸۰) قرابادین اکمل۔ قرابادین ذکائی

نکات مطب: قوت باہ۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کے مریض کا سب سے پہلے معدہ جگر درست کر کے خون صالح پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آلات ہاضمہ درست ہوں تو خون صالح پیدا ہوتا ہے اور صالح خون سے ہی عمدہ منی تیار ہوگی اور جراثیم منی طاقتور ہوں گی۔

قبض کو دور کریں اگر کوئی اور مرض ہو تو اسے بھی دور کریں۔ ورنہ قوت باہ پیدا کرنے میں ناکامی ہوگی اور نہ ہی مریض صاحب اولاد ہوگا۔

☆ مریض کے تمام جسم کا مطالعہ کریں نزلہ زکام کا دائمی مریض ہو تو اس کا علاج کریں۔ اسہال۔ سنگرہنی اور کمی ہاضمہ درست کریں۔

☆ کمی باہ کے مریض کو مقوی۔ مرغن اور خوشبودار ادویہ دیں تاکہ قوت باہ پیدا ہو۔

☆ احتلام کے مریضوں کو نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کی تلقین کریں نیز روزانہ غسل

کرنے اور خوشبو لگانے کی تاکید کریں۔

روزانہ تین کلومیٹر سیر کریں۔ غم اور غصہ سے پرہیز کریں اور نماز کی پابندی کریں۔

یہ نسخہ حکیم اجمل خان و دیگر حکماء اور صاحب کیمیائے عشرت کا مجرب ہے۔

اصل نسخہ یہ ہے جو کہ ہندوستانی دواخانہ دہلی قریشی دواخانہ اور ملک کے کئی مطبوں میں معمول مطب ہے۔

(۱۵۸۱) نسخہ کیمیائے عشرت

ھوالشافی : ورق سونا۔ ورق چاندی۔ کستوری۔ عنبر۔ ایک ایک ماشہ۔ زرشک صاف ۱۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۲۲ ماشہ۔ بسباسہ ۳ تولہ۔ ساذج ہندی سوا دو تولے۔ کبابہ۔ اسارون۔ جرط صنوبر۔ مرکی۔ جائفل ۲۔۲ تولہ۔ دار فلفل ۳ تولہ۔ سنبل الطیب۔ درونج عقربی۔ عود قماری۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک تین تولہ ساڑھے چار ماشہ۔ دارچینی۔ زرنباد۔ سعد کوفی۔ میعہ سائلہ ہر ایک دو دو تولہ۔ زنجبیل۔ مصطگی رومی۔ فلفل سیاہ۔ تخم کرفس۔ ۵۔۵ تولہ۔ زعفران۔ افیون ایک ایک تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ عقیق۔ کہربا شمعی ۶۔۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔ (۳۴ اجزاء۔

ترکیب تیاری: مشک۔ عنبر۔ زعفران۔ میعہ سائلہ ورق طلاء وغیرہ اور کشتہ جات کو عرق گلاب میں کھرل کرنے کے بعد بقیہ اجزاء کو کوٹ کر ملا کر بڑے چنے کے مطابق گولیاں بنالیں اور اوپر ورق نقرہ لگادیں۔ نہایت درجہ مقوی باہ مقوی اعضائے رئیسہ اور ممسک ہیں۔

مقدار خوراک: یہ گولیاں ہندوستانی دواخانہ دہلی اور دوسرے دواخانوں میں حکیم اجمل خان کے زمانہ میں بکثرت فروخت ہوتی تھیں۔ بہاولپور کے ایک دواخانہ میں بکثرت نکل رہی ہیں۔

فوائد: مقوی اعصاب اور ممسک

(۱۵۸۲) کم اجزا نسخہ

شادی شدہ نوجوان اور سرعت کا مریض حاضر ہوا یہ گولیاں تیار کر کے دیں۔

ھوالشافی : مغز تخم املی کلاں ایک تولہ۔ افیون ایک ماشہ۔ باریک کر کے گولی بقدر جنگلی بیر بنا کر ورق نقرہ لگا کر دیں اس سے اس کی سرعت دور ہوگئی اس وقت ماشاء اللہ کئی بچوں کا باپ ہے۔

امراض مستورات

(حاملہ کے عوارضات)

حمل کے دوران عورت کو کئی مراحل سے گزرنا پڑتا ہے مثلاً حمل کے پہلے دن سے مونھ میں پانی آنا۔ قے آنا۔ حتیٰ کہ بعض عورتوں کو خون کی قے بھی آجاتی ہے۔
حاملہ عورت کو مسہل ادویہ مت استعمال کرائیں کیونکہ اس کے استعمال سے حمل بھی خارج ہوجاتا ہے۔

(۱۵۸۴)

قبض ہونے کی صورت میں گلقند کھلادیں۔ زیادہ قبض کی صورت میں گل سرخ ایک ایک تولہ۔ سونف۔ سنا مکی ایک ایک تولہ کا جوشاندہ بنا کر مغز املتاس ۵ تولہ کے ہمراہ پلادیں۔

(۱۵۸۵) حاملہ کی قے اور متلی

طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ انار دانہ۔ زرشک۔ پودینہ ۵۔۵ تولہ باریک کرکے شربت انار اور شربت لیموں میں چٹنی بنا کر دیں۔

(۱۵۸۶) جوارش دنیا پوری

حاملہ نوعمر کو اس قدر متلی شروع ہوگئی کہ کئی ڈاکٹروں سے انجکشن لگوانے پر بھی نہ رکی۔ مجھ سے رابطہ کیا تو میں نے یہ معجون بنا کر دی جس سے فوری آرام آگیا۔
ھوالشافی: املی ایک پاؤ۔ آلو بخارا ایک پاؤ۔ پودینہ ۵ تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ انار دانہ ۱۰ تولہ۔ زرشک ۱۰ تولہ۔ مویز منقی ۶ تولہ۔ آملہ ۵ تولہ۔ ست لیموں ۵ تولہ۔ چینی ۳ سیر۔

ترکیب تیاری: املی آلو بخارا کو کچھ وقت پانی میں بھگو کر ہاتھوں سے خوب ملیں اور چھلنی سے چھان لیں۔ دوسری تمام ادویہ کو باریک سفوف کریں۔

املی آلو بخارہ کے لعاب میں چینی ملا کر گاڑھا قوام کریں اور پھر ست لیموں قوام میں ملا دیں اور چولہے سے اتار کر تمام ادویہ کا پاؤڈر اس میں شامل کر دیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تک سے ایک تولہ تک۔

اس جوارش کے کھانے سے مریضہ کو پیاس کی طلب میں کمی ہوگئی۔ یہ نسخہ حکیم محمد شریف صاحب مرحوم دنیا پوروالوں کا ہے۔ ایک لاجواب مجرب چیز ہے۔

(۱۵۸۷) سات ماہ سے حاملہ

مریضہ عمر ۲۵ سال مطب میں آئی وہ بیچاری قے سے تنگ تھی۔ کئی جگہ سے علاج کروا چکی تھی۔ اس علامت کے ساتھ اسے ساتواں مہینہ شروع ہو گیا تھا۔ مریضہ کو جوارش انارین قرابادینی تیار کر کے دی۔ اس سے حاملہ کی قے فوراً رک گئی۔ دیگر کئی اطباء کی مجرب ہے۔ میرے تجربہ میں بھی مجرب ثابت ہو چکی ہے۔

(۱۵۸۸)

هوالشافی: حاملہ کا خفقان قلب تو خمیرہ گاؤزبان سادہ یا عنبری یا جوارش شاہی کھلانا مجرب ہے۔

(۱۵۸۹) حاملہ کی کھانسی

میں لعوق سپستان۔ شربت اعجاز۔ شربت زوفا کا مرکب بنا کر پلائیں حاملہ کی غشی غم و غصہ سے پرہیز کرائیں اور ہوش میں لانے کے لئے کافور ایک ماشہ۔ نوشادر ایک تولہ باریک نسوار کر کے دیں۔ اس کے علاوہ مقویات قلب خمیرہ مروارید۔ خمیرہ ابریشم ارشد والا۔ جواہر مہرہ ۲ چاول بھی ہمراہ دیں۔

☆ بدہضمی کی صورت میں چوعرقہ پلائیں۔

☆ اسہال شروع ہو جائیں تو قابض ادویہ دیں۔

☆ مروڑ لگنے کی صورت میں اسپغول سالم یا چھلکا اسپغول دیں۔اس کے علاوہ ہلیلہ سیاہ بریاں ۵ تولہ۔ چھلکا اسپغول ۵ تولہ۔ چینی ۵ تولہ ملا کر ۶۔۶ ماشہ دن میں ۲ بار دیں۔اس سے مروڑ فوراً دور ہو جائیں گے۔

فرج یا مہبل میں خارش کی صورت میں گندھک ۷ تولہ۔ پارہ ایک تولہ کی کجلی بنائیں اور اس میں سے ایک تولہ حاصل کر کے کافور ۳ ماشہ۔ ویزلین ۵ تولہ میں ملا کر اچھی طرح لگائیں خارش ختم ہو جاتی ہے۔

بچہ کی افزائش سے پیٹ بڑھتا ہے جس سے کئی مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔

بواسیر خونی ہو جائے تو اس کا علاج انتہائی ہوشیاری سے کریں تا کہ کثرت جریان خون کی وجہ سے حمل نہ خارج ہو جائے۔

(۱۵۹۰) حاملہ کے اسہال

ھوالشافی : ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ۔ دار چینی ایک تولہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ گل سقمونیا ایک تولہ۔ گل ارمنی ۲ تولہ۔ چینی ۶ تولہ ملا کر تمام ادویہ کو باریک پاؤڈر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ

فوائد: اسہال۔ مروڑ۔ سنگرہنی میں تمام عمر کا معمول ہے۔ خواہ بخار ہو یا حمل یا کسی بھی وجہ سے بخار ہو یہ مجرب نسخہ ہے۔

بچوں کے اسہال۔ مروڑ اور کمزوری میں بھی یہ نسخہ مجرب ہے۔

(۱۵۹۱) عسر ولادت

پیدائش کے وقت اگر عورت کے رحم سے پانی قبل از وقت خارج ہو جائے تو ولادت میں تنگی پیدا ہوتی ہے۔اس تکلیف کے ازالہ کے لئے مجرب نسخہ پیش خدمت ہے۔

☆ پانی خارج ہو جانے سے عورت کی زندگی کو خطرہ میں گھر جاتی ہے۔ بعض اوقات ایسی حالت میں بچہ بھی مر جاتا ہے۔

☆ ایک مریضہ عسر ولادت میں مبتلا تھی۔ تمام گھر والے پریشان تھے۔ برگ تلسی ۲ تولہ کا

جوشاندہ پلانے سے فوراً پیدائش ہوگئی۔

☆ دوران طبابت مختلف عمر کی حاملہ عورتوں سے واسطہ پڑا ہے۔ ان عورتوں نے میری باتوں پر عمل کر کے مردہ بچے بھی آسانی نکال لئے۔

ھوالشافی: زعفران ۳ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۵ تولہ ذرا گرم کریں۔

ترکیب: تینوں اشیاء کا محلول بنا کر پلا دینے سے فوراً بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔ مردہ بھی خارج ہوگا۔

(۱۵۹۳) زردی

ھوالشافی: زردی بیضہ مرغ دیسی ایک عدد۔ زعفران ۴ رتی تا ایک ماشہ ملا کر کھلانے سے بچہ فی الفور پیدا ہو جاتا ہے۔

(۱۵۹۴)

ھوالشافی: عسر ولادت کی عورت کے کمرے سے باہر پٹاخہ چلا دیں۔ فوراً جسم ڈھیلا چھوڑ دے گی اور بچہ بسہولت باہر آ جائے گا۔

ایک حکیم نے مجھے مجرب ٹونا بتایا وہ بھی پیش خدمت ہے۔

کوری پیالی کے اندر یہ فقرہ لکھیں۔

کوراچینی لکھ کر سر پر دھرا

نکل پڑی یا نکل پڑا

یہ فقرہ لکھ کر عورت کے بال ذرا ہٹا کر تالو کے اوپر چینی رکھ کر کپڑے سے باندھ دیں فوراً بچہ کی پیدائش ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

(۱۵۹۵)

ھوالشافی: کلونجی ۶ ماشہ ابال کر اس کا جوشاندہ پلانے سے مردہ بچہ بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

(۱۵۹۶)

ھوالشافی: نک چھکنی یا تمباکو یا کسی بھی قسم کی نسوار اس کے ناک میں چڑھائیں تاکہ چھینک آئے۔ چھینک آنے سے جسم ڈھیلا ہو جاتا ہے اور بچہ تیزی سے باہر آ جاتا ہے۔

(۱۵۹۷) اکسیر سہل اولادت

- زعفران خالص۔ ہینگ خالص مساوی وزن کو شہد کے ساتھ نخود ی گولیاں بنالیں۔
  مقدار خوراک: ۱ گولی نیم گرم دودھ سے دیں
- جند بیدستر ۴ رتی۔ ہینگ ۲ رتی

مقدار خوراک: ۲ رتی کی صرف ایک گولی

- زعفران ۴ رتی گڑ میں ملا کر کھلا دیں اور دار چینی پیس کر زیر ناف ضماد کریں۔ اور ایک ماشہ دار چینی کھلا بھی دیں۔ فی الفور ولادت ہوگی۔
- روغن بنفشہ یا روغن زیتون سے عورت کی پشت اور پیٹ پر مالش کریں سہل ولادت میں بہترین معاون ہیں۔
- چھلکا املتاس ۲ تولہ کو ½ ۱ پاؤ پانی میں جوش دیں جب پانی نصف رہ جائے تو گڑ ملا کر نیم گرم پلا دیں اور پھر عورت کو کم از کم تیس قدم چلائیں۔ بچہ بہت جلد پیدا ہوگا۔
- روغن کنجد کو معمولی گرم کر کے پیڑو پر مالش کریں اور رحم کو اندر کو بھی اس تیل سے اچھی طرح چپڑیں۔ بچہ بہت جلد پیدا ہوگا۔
  اس کے علاوہ حاملہ کے کمرے کو قابل برداشت حد تک گرم کریں۔
- ۹ واں مہینہ شروع ہوتے ہیں حاملہ کو روزانہ روغن بادام چھ ماشہ دودھ یا روغن گاؤ میں ملا کر پلائیں۔
- **خوراکی نسخہ:** حاملہ کھجوریں یا چھوہارے کھائے اور ٹھنڈا یا تازہ پانی پیئے۔
- ایک عورت کا ناجائز حمل تھا اس کے ساتھی نے طب اکبر سے یہ نسخہ پڑھا تل ½ ۲ تولہ کوٹ کر رات کو بھگو کر صبح اس کا زلال عورت کو پلاتا رہا۔ صرف تین چار دن میں حمل خارج ہو گیا۔

(۱۵۹۸) بڑے حکیم کا مجرب نسخہ

بچہ پیدا ہونے کے بعد اگر نفاس بند ہو جائے اور شدید بخار ہو جائے۔ تو:

- لونگ ایک تا ۳ ماشہ۔ بانس کا برادہ ۵ تولہ۔ ایک سیر پانی میں جوشائیں اور نتھار کر گڑ ملا کر نیم گرم پلائیں نفاس کھل جائے گا۔

❁ بیری کے پتوں کی ڈنڈیاں صاف کر کے روغن کنجد یا گھی میں چپڑ کر توے پر گرم کر کے زیر ناف باندھیں۔ نفاس کھل جائے گا۔ بخار دور ہوگا۔ میرا ذاتی مجرب ہے۔ بہت دفعہ آزمایا ہے۔ اور ہمیشہ کھرا پایا ہے۔
فائدہ اٹھا کر میرے اور صاحب نسخہ کے حق میں دعائے خیر کریں۔

(۱۵۹۹) مدرحیض ونفاس جوشاندہ

یہ جوشاندہ حیض ونفاس کو جاری کرتا ہے۔ مشیمہ آنول (Placenta) کو خارج کرتا اور حمل کو گرا دیتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

ھوالشافی: سوئے۔ بابڑنگ۔ چترہ۔ سونف۔ الائچی کلاں۔ تخم گاجر۔ گھکھر ول ہر ایک ۶ ماشہ۔ کلونجی ۴ ماشہ۔ قندسیاہ ۲½ تولہ۔ ½ سیر پانی ملا کر جوشادیں۔
ایک پاؤ پانی رہ جانے پر سرد کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ بہتر ہوگا کہ شام کو تیار کریں اور رات کو پلاتے رہیں۔ یہ نسخہ ایک بڑے حکیم صاحب کا ساری عمر کا معمول ہے۔ میرے ایک دوست کا بھی معمول رہا ہے۔ یہ نسخہ ناجائز استعمال نہ کریں۔

(۱۶۰۰) برائے اخراج مشیمہ ومردہ بچہ

ھوالشافی: ہالیوں۔ میتھی۔ کلونجی۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ اجمود۔ بابڑنگ۔ تخم سن۔ تخم گاجر۔ تخم پیاز ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب: تمام اشیاء کو جوش دے کر گڑ ملا کر میٹھا کریں اور پلا دیں۔

فوائد: مردہ بچہ اور مشیمہ کو خارج کرنے میں مجرب ہے۔

✷ تخم سن ۲ تا ۴ ماشہ باریک کر کے کھلانا یا جوش دے کر پلانا زبردست مدرحیض۔ سہل ولادت اور عسر طمث کو مفید ہے۔

اولادِ نرینہ کے نسخے

(۱۶۰۱) ایک لاکھ روپے کا نسخہ (سو بدلنا)

❁ یہ نسخے میرے اور میرے دوستوں کے مجرب ہیں۔

نر گدھے کی دم پکڑ کر بالوں کو صاف کریں اور سب سے لمبا بال جڑ سے سالم اکھاڑ لیں اس بال کو مویز منقیٰ یا گڑ میں لپیٹ کر گولی بنا کر جب حمل کا تیسرا مہینہ شروع ہو تو عورت کو کھلا دیں یہ احتیاط رہے کہ صبح نہار منہ کھلائیں۔ اس کے کھلانے سے انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔ غریبانہ نسخہ ہے۔ کئی بار کا مجرب ہے۔

- ایک حکیم جو کہ برادری سے ہیں انہوں نے مجرب نسخہ عطا فرمایا۔ قلب الحجر ا تولہ۔ گل ببول ۵ تولہ۔

طریقہ: تھوڑی سی گوند ملا کر مونگ کے دانہ برابر گولیاں بنالیں۔ تیسرا مہینہ شروع ہوتے ہی ایک ایک گولی صبح شام پانی سے ساتوں مہینے تک کھلائیں۔ انشاء اللہ نرینہ اولاد پیدا ہوگی شرط یہ ہے کہ قلب الحجر اصلی ہو۔

(۱۶۰۲) ایک خاص راز (مور کے پر کی ٹکیا)

اولاد نرینہ کے جتنے نسخے بھی آج تک ملے ہیں ان میں مور کے پر کی ٹکیہ ضرور ہوتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ٹکیہ مور اولاد نرینہ پیدا کرنے میں مجرب ہے۔ اس کے نسخے ملاحظہ ہوں۔

- پر مور کی ٹکیہ ایک عدد کو قینچی سے کتر کر مویز منقیٰ اور قدرے آم سفوف ماز و ملا کر گولی بنا کر حمل کے تیسرے ماہ کی آغاز وقت کھلانے سے شرطیہ نرینہ اولاد پیدا ہوتی ہے اگر دودھ کے ساتھ دینا مقصود ہو تو ایسی گائے کا دودھ لیں جس نے نر بچہ دیا ہو اور بچہ زندہ ہو۔
- ایک حکیم صاحب کے گھر میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص بکرا اور تین صد روپیہ لے کر حاضر ہوا۔ میں نے پوچھا یہ کس ضمن میں وصول کئے ہیں جناب!

فرمانے لگے "ایک تھانیدار کے ہاں اولاد نرینہ نہ تھی۔۔ میں نے اسے ایک پر مور کی ٹکیہ تھوڑے گڑ میں ملا کر پانچ عدد گولیاں بنا کر دیں۔ اس سے سو بدل گئی اور لڑکا پیدا ہوا۔ یہ بکرا اور تین سو روپے شکر گزاری کے ہیں۔

(۱۶۰۳) حکیم یلیین دنیا پور والے کا نسخہ

ھوالشافی: مور کے پر کی ٹکیہ تین عدد۔ ماز و بے سوراخ ۲ تولہ۔ تخم بھنگ ایک تولہ۔ گڑ پرانا ۲

تولہ۔ کستوری ۸ رتی۔ ست مازو ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔

ترکیب استعمال: جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ گاؤ دودھ (نر بچہ والی گائے) حمل کے تیسرے ماہ سے شروع کریں اور پندرہ دن متواتر کھلائیں۔ انشاء اللہ نر بچہ پیدا ہوگا۔ ان کا خاندانی مجرب ہے۔

(۱۶۰۴) حکیم صاحب کا نسخہ

آج سے سو سال پہلے کی بات ہے ایک حکیم صاحب شیخوپورہ میں آئے اور کئی لوگوں کا علاج کیا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب شیخوپورہ ابھی نیا نیا ضلع بنا تھا۔ حکیم صاحب کی کافی شہرت ہوگئی ہمارے حکیم صاحب نے ان سے تعلق پیدا کیا اور تمام نسخہ جات حاصل کر لئے اور بعد میں مجھے بتا دیئے انہی نسخوں میں اولاد نرینہ والا یہ نسخہ بھی تھا۔

ھوالشافی: تخم بھنگ ۳ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۳ ماشہ۔ کستوری ایک رتی۔ ٹکیہ پر مور ۳ عدد۔

طریقہ: کل ادویہ کی صرف تین گولیاں بنا کر حمل کے تیسرے مہینے ہر روز ایک گولی کھلائیں شرطیہ لڑکا پیدا ہوگا۔ حکیم صاحب نے حلفیہ بیان کیا کہ میں نے اس نسخہ کے استعمال کے بعد خود عورتوں کے ہاں بیٹے پیدا ہوتے دیکھے۔

(۱۶۰۵) دوا ہم بیج

تخم بھنگ ایک ماشہ سالم صبح کے وقت اور تخم شونگی سالم ۴ عدد شام کے وقت ہمراہ پانی جب تیسرا مہینہ ہو تو صرف ایک ماہ تک کھلائیں تو شرطیہ لڑکا پیدا ہوگا۔

از: وید ہربنس راج شرما انڈیا

(۱۶۰۶) دو غریبانہ نسخے

وضع حمل کے وقت اگر دیر ہو رہی ہو تو دار چینی اور میتھی کے بیج ۶۔۶ ماشہ پانی یا دودھ میں ابال کر میٹھا ڈال کر پلا دیں تو جلدی ولادت ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

(۱۶۰۷) دافع عقر

حیض سے فارغ ہو کر اگر تین ماشہ لونگ پیس کر مصری ملائے ہوئے دودھ سے تین دن

کھائیں تو پہلے ماہ دانہ دوسرے ماہ یقیناً عورت حاملہ ہو جائے گی۔ ان شاءاللہ۔

(۱۶۰۸) ایک حکیم صاحب کا راز

تین عدد مور کے پر لے کر ان کی چونیاں کاٹ لیں اور تین کیپسولز میں بند کر لیں۔ حمل کے تیسرے ماہ کے آغاز پر روزانہ ایک کیپسول نر زندہ بچہ رکھنے والی گائے کے دودھ کے ساتھ دیں۔ اس کے بعد عورت لیٹ جائے اور دایاں پہلو اوپر کر کے کم از کم دس منٹ تک لیٹی رہے۔ کیپسول صبح کے وقت کھلائیں۔ رات کا کھانا بھی ہلکا پھلکا کھائے تین دن گزرنے کے بعد۔

صبح: تخم بھنگ سالم ایک ماشہ زیرو سائز کے کیپسول میں بھر لیں تا کہ ۴ رتی آجائیں یہ دو کیپسول صبح کے وقت دیں اور مہینہ بھر کھلائیں۔

شام: تخم سولنگی ۴ عدد کیپسول میں بند کر لیں اور ایک مہینہ تک کھلائیں۔ یوں کل ۹۳ کیپسول عورت کو کھلانے ہیں۔ یہ ایک لاکھ روپے کا نسخہ ہے جو میں نے لکھ دیا ہے۔ میرے تجربہ میں بھی ہے۔

(۱۶۰۹) کثرت طمث

کثرت حیض ایسی خطرناک بیماری ہے جس سے مریض کی زندگی خطرے پڑ جاتی ہے۔

ھوالشافی: گل انار۔ کندر۔ مازو۔ سرمہ سیاہ۔ اقاقیا۔ پھٹکڑی سفید۔ گوند کیکر ہر ایک پانچ تولہ۔

ترکیب: تمام اشیاء کو عرق گلاب میں کھرل کر کے مریضہ کی پشت اور عانہ پیڑو پر ضماد کریں۔ اور ایک بتی تر کر کے مہبل میں داخل کریں۔

مریضہ کو تین ماہ سے کثرت حیض کا عارضہ تھا جو درست ہو گیا۔ اس کے علاوہ کشتہ عقیق۔ کشتہ سنگ جراحت۔ ہر ایک ایک ماشہ ملا کر شربت انجبار اور شیرہ خرفہ کے ساتھ دیا گیا۔ اس کے دینے سے لاچار مریضہ کا حیض بند ہو گیا۔ لاجواب ہے۔

(۱۶۱۰) قرص کہربا

اندرون جسم کسی بھی جگہ سے ہو تو کھلانا اکسیر ہے۔

هوالشافی: کہربا۔ گوند کیکر۔ نشاستہ گندم۔ گوند کتیرا۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کدو۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ گل انار۔ اقاقیہ ہر ایک ۳ ماشہ۔

طریقہ تیاری: لعاب اسپغول سے ۴-۴ رتی کی ٹکیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ تا ۸ ماشہ ہمراہ شربت انجبار۔ شربت صندل سے دیں۔ یہ بھی ایک حکیم صاحب کا چلتا ہوا نسخہ ہے۔ میرا بھی مجرب ہے۔

(۱۶۱۱) حیض کی خرابی

نوجوان عورت جس کی عمر تقریباً ۲۵ سال ہوگی میرے مطب میں آئی اور آ کر کہنے لگی کہ میری بھاوج کو ایک بچہ پیدا ہوا تھا اس کے بعد پانچ سال ہو گئے ہیں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا۔ میں نے کہا مریضہ کو ساتھ لے کر آؤ۔ اگلے دن مریضہ آئی تو میں نے اس سے پوچھا "تمہاری ماہواری کیسی ہے؟

اس نے جواب دیا۔ "خون حیض کے دوران درد ہوتا ہے۔" یہ عارضہ بچے کی پیدائش کے بعد شروع ہوا۔ ماہواری کھل کر نہیں آتی"

میں نے کہا کہ یہی بیماری کی وجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر یہ گولیاں دیں۔ ان گولیوں کے کھانے سے مریضہ کی ماہواری درست ہوگئی اور حمل بھی ٹھہر گیا اس کے بعد تو کئی بچے پیدا ہوئے۔

هوالشافی: مصبر ایک تولہ۔ عصارہ ریوند ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ہیرا کسیس سبز ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو پانی سے رگڑ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام حیض آنے سے آٹھ دن قبل نیم گرم دودھ سے دیں اگر بندش زیادہ ہو تو پورا ایک مہینہ دیں۔ آرام ہوگا۔

(۱۶۱۲) کثرت حیض

مریضہ نے آ کر بیان کیا کہ عرصہ تین ماہ پہلے حیض شروع ہوا تھا ابھی تک خون پانی کی طرح بہہ رہا ہے۔ میں نچڑ گئی ہوں۔ کئی ڈاکٹروں حکیموں سے علاج کروا کر مایوس ہو چکی ہوں۔ کسی نے آپ کا بتایا تو آپ کے پاس امید شفا کے ساتھ آئی ہوں۔

میں نے مریضہ کو تسلی دی اور اللہ کا نام لے کر علاج شروع کیا جس سے وہ ٹھیک ہوگئی۔ اور کئی بچے پیدا کیئے۔

ھوالشافی: سنگ جراحت۔ اقاقیہ۔ گل انار۔ سرمہ سیاہ۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ کاغذ سوختہ۔ مازو۔ گل سرخ۔ گوند کیکر ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳۔۳ ماشہ صبح شام اور رات ہمراہ شربت انجبار۔ شربت آس۔ (۲½۔۲½ تولہ دونوں لے کر تین پاؤ چینی میں شربت بنالیں)۔ فی گلاس ۲½ تولہ شربت ملائیں۔

کچھ سفوف کے شیاف بنا دیں۔ ایک شیاف ختم ہو جائے تو دوسرا رکھ دیں۔ مریضہ کو چلنے پھرنے سے منع کر دیں۔ الحمد للہ پہلے دن ہی خون بہنے کی رفتار میں کمی واقع ہوگئی اور اگلے دن خون آنا بالکل بند ہوگیا۔

گرمی کا موسم ہو تو ایسی مریضہ کے پیڑو پر برف سے کپڑا تر کے رکھیں۔

(۱۶۱۳) زندگی کی علامت......خون

مریضہ عمر تقریباً ۴۰ سال نے آ کر بتایا کہ تین دن پہلے خون حیض ٹھیک ٹھاک آیا پھر بند ہو گیا اس سے اگلے دن پھر سے شروع ہو گیا اس قدر خون نکل رہا ہے کہ اب تو سانس بھی چھوٹا ہو گیا ہے۔ میں نے کہا بی بی! ”خون ہی زندگی ہے۔ خون ہی جوانی ہے۔ خون ہی طاقت ہے۔ جب خون ہی نکل گیا تو کہاں کی طاقت۔ کہاں کی جوانی اور کیسی زندگی۔ بولی! کیا اس درد کا کوئی درماں آپ کے پاس ہے“

میں نے اسے یہ نسخہ بنا کر دیا اور وہ تندرست ہوگئی۔ اس کے بعد اس عورت کے ہاں کئی بچے پیدا ہوئے تقریباً ۵۰ سال کی عمر تک بچے جنتی رہی۔

ھوالشافی: رال سفید۔ گیری اصلی۔ سنگ جراحت ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ کی پڑیا بنالیں۔

طریقہ استعمال: کچی لسی یا شربت انجبار اور پوست کو کنار ایک' ایک تولہ کے خیساندہ کے ہمراہ دیں۔ پہلے دن ہی اس عورت کا خون بند ہو گیا۔ اس نسخے کو میں نے اور بھی کئی جگہ استعمال کیا

اور فائدہ اٹھایا۔

سنگ جراحت کو برگ نیم کے نغدہ میں رکھ کر کشتہ کریں اور ایک ایک ماشہ کی پڑیاں شربت انجبار سے کھلانا خون آنے کو بند کر دیتا ہے خواہ کسی بھی جگہ سے آ رہا ہے۔

(۱۶۱۴) پھول اور پھل

ایک جوان خاتون علاج کے لئے آئی کہنے لگی کئی سال سے شادی شدہ ہوں لیکن اولاد کی نعمت سے محروم ہوں۔ میں نے پہلا سوال ہی یہ کیا۔

''خاتون! تمہاری ماہواری کیسی ہے''؟

کہنے لگی ''شادی سے پہلے تو بالکل ٹھیک تھی لیکن شادی کے بعد یہ روگ لگ گیا ہے۔ حیض کے دوران سخت درد ہوتا ہے۔ خون بہت کم آتا ہے۔ قبض بھی ہو جاتی ہے۔''

میں نے اسے سمجھایا کہ ہندو عورتیں حیض کو پھول آنا کہتی ہیں۔ اور یقینی بات ہے کہ پھول کے بعد ہی پھل لگتا ہے۔ لہذا پہلے پھول درست کرو پھر پھل کی امید ہوگی لہذا بندش حیض کا علاج کیا گیا اس کے بعد قوت عاقدہ پوری ہوگئی اور اولاد ہونا شروع ہوگئی۔ یاد رکھیں عورتوں میں بے اولادی کا سب سے بڑا سبب رحم کا ٹھیک نہ ہونا ہے یہ عورت صفراوی مزاج کی تھی۔ مزاجی علاج کیا گیا۔

ھوالشافی: ریوند خطائی ۷ ماشہ۔ شورہ قلمی ۷ ماشہ۔ جوکھار ۷ ماشہ۔ زیرہ سفید ۷ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کرنے کے بعد ہم وزن چینی ۲۸ ماشہ ملا دیں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ

طریقہ استعمال: ماہواری آنے سے سات دن قبل دوا کھلانا شروع کی۔ اس دفعہ حیض کھل کر آ گیا۔ رحم میں موجود غلاظتیں دور ہوگئیں اب رحم صاف ہو چکا تھا۔ لہذا اس نے نطفہ کو پکڑ لیا۔ اور آئندہ اولاد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

(۱۶۱۵) دایہ کا نسخہ

ایک دایہ کے متعلق مشہور تھا کہ وہ بیمار عورتوں کا علاج کرتی ہے اور کئی عورتیں اس کے علاج

ے ٹھیک ہو چکی ہیں۔ نسخہ کے لئے حاضر ہوا تو صاف انکار کر گئی۔ میں بھی جستجو میں رہا۔
آخر جس پنساری سے ادویہ خریدتی تھی اس سے رابطہ کیا تو اس نے کہا کہ میں حاصل کروں گا۔ کیونکہ پنساری کے گھر کے تمام افراد کا معالج میں ہی تھا۔ اس کی بیوی بچے۔ رشتہ دار تمام مجھ سے ہی علاج کرواتے تھے۔ فرمانے لگے "آپ ہمارے قدیم مہربان ہیں ایک نسخہ کیا تمام نسخے حاضر ہیں"
نسخہ دیکھا تو اجزاء سے ہی معلوم ہو گیا کہ لاجواب ہے۔

هوالشافی: جائفل۔ بوٹا سجی۔ مویز منقیٰ۔ مصبر۔ لونگ۔ ریوند عصارہ۔ مرکی ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ افسنتین ½ ا تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ہینگ ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: مویز منقیٰ کو بے دانہ کر کے کوٹ لیں اور نخودی گولیاں بنالیں اور کچھ دوا سے چھوہارے کی گٹھلی کے برابر شیاف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام

شیاف: حیض کے دنوں میں رات کے وقت شیاف اندر رکھ دیں۔
اس بیرونی اور اندرونی علاج سے کئی عورتیں بارور ہو چکی ہیں۔ بعد میں دایہ نے بتایا کہ یہ نسخہ ایک بہت بڑے حکیم صاحب نے بتایا تھا۔ میں نے تمام عمر اسے استعمال کیا۔ ہندوستان میں بھی سینکڑوں کامیابیاں حاصل کیں اور اب پاکستان میں بھی لوگوں کی گودیں ہری کر رہی ہوں۔

(۱۶۱۶) شیاف

ایک حکیم صاحب کا لاجواب اور مجرب نسخہ پیش خدمت ہے۔ ان کے متعلق مشہور تھا کہ کثرت حیض کی مریضہ کو صرف دو بتیاں دیتے ہیں۔ اور خون رک جاتا ہے۔ الحمدللہ نسخہ مل گیا۔

هوالشافی: مازو۔ مائیں۔ پھٹکڑی سفید ایک ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔

طریقہ استعمال: ادویات کو باریک کر کے افیون میں ملا کر شیاف بنا کر مریضہ مہبل میں رکھیں اور پائنتی ذرا اونچی کر دیں۔ انشاءاللہ خون بند ہو جائے گا۔ حکیم صاحب کہنے لگے' میرا باپ یہ شیاف بناتا تھا اور انہی کی مشہوری تھی۔ اب میں بناتا ہوں۔ کئی دائیاں آ کر لے جاتی ہیں۔ اگر مزید ضرورت پڑے تو سنگ جراحت کا پاؤڈر بھی ساتھ دیتا ہوں بس یہی میرا راز ہے۔ آپ کو اپنا دوست سمجھ کر بتا دیا ہے۔

مقدار خوراک: سنگ جراحت ۲-۲ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت صندل دیں۔

(۱۶۱۷) حکیم لودھیانوی

حکیم لودھیانوی نے ایک مریضہ کا قصہ بیان کیا کہ اسے کثرت حیض اس قدر تھا کہ کئی ماہ تک بیماری کا خون بہتا رہا۔ متعدد ڈاکٹروں حکیموں سے علاج کروا کے مایوس ہو چکی تھی۔ میرے پاس بطور علاج آئی تو میں نے یہ نسخہ بنا کر دیا۔ جس سے مریضہ کا کئی مہینوں کا بہتا خون رک گیا۔

(۱۶۱۸)

ھوالشافی: رسونت صاف ۵ تولہ۔ افیون خالص ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو باریک کر کے لیموں کے رس یا انار دانہ کے رس میں کھرل کر کے ½ رتی کی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی ہر ۳ گھنٹہ بعد چاول کے دھوون سے دیں پہلے دن ہی خون بند ہو گا۔ چند روز بعد تک بھی دیتے رہیں۔ حمل اگر گر رہا ہو تو بھی دیں۔ انشاء اللہ گرنے سے محفوظ رہے گا۔ مروڑ اور اسہال میں بھی دے سکتے ہیں۔

آنکھیں دکھنے میں عرق گلاب میں کھرل کر کے آنکھوں میں ٹپکائیں فوراً آرام ہو گا۔ ہے نا ایک لاجواب نسخہ بنائیں اور فوائد حاصل کریں۔

(۱۶۱۹) حکیم کی بیوی

ایک حکیم صاحب جو کہ لوگوں کا علاج کرتے تھے ان کے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا اس کے بعد رحم خراب ہو گیا لہٰذا ان کی بیوی دوبارہ حاملہ نہ ہو سکی۔ کثرت حیض۔ لیکوریا۔ گرمی جسمانی۔ زرد چہرہ۔ ہاتھ پاؤں کی جلن نے مریضہ کی صحت خراب کر دی تھی۔

نبض دیکھی تو حرارت صحیح تھی۔ اللہ کا نام لے کر یہ نسخہ بنا دیا جس سے مریضہ کی صحت قابل رشک ہو گئی۔ حمل بھی ٹھہر گیا اس کے بعد کئی بچے پیدا ہوئے۔ آج پچاس سال کا عرصہ گزر چکا ہے سارا خاندان عزت کرتا ہے۔

ھوالشافی: طباشیر ۴ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ دم الاخوین ۴ تولہ۔ سمندر سوکھ ۲ تولہ۔ کشتہ

فولاد ایک تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ کشتہ سکہ ۳ ماشہ۔ سرمہ سیاہ مدبر ۶ ماشہ۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی ہمراہ مکھن۔ دودھ۔ بالائی۔ حلوہ۔ مربہ آملہ وغیرہ ایک ماہ تک کھلائیں۔

فوائد: جریان الرحم۔ سیلان الرحم۔ دل کی دھڑکن۔ سوزش بول وغیرہ بہت جلد دور ہو جاتے ہیں۔ خاص بات یہ ہے کہ اس کے استعمال سے عورت خوبصورت ہو جاتی ہے یعنی حسن کو چار چاند لگ جاتے ہیں۔

(۱۶۲۰) اضافہ

ایک اور حکیم نے اس نسخہ میں مندرجہ ذیل اشیاء کا اضافہ کر کے مزید مفید بنا دیا۔ یہ نسخہ تقریباً نوے سال سے اشتہار کے ذریعہ فروخت ہو رہا ہے۔

ھوالشافی: سرمہ سیاہ کو آب لیموں میں کھرل کریں۔ جب چمک دور ہو جائے تو مندرجہ بالا ادویہ شامل کرلیں۔

کشتہ مرگانگ ایک تولہ۔ کشتہ صدف مروارید ایک تولہ ملا کر بذریعہ اشتہارات فروخت کر کے لمبا مال کماتے ہیں۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے یہ دوا ایک کارخانہ میں سیروں کے حساب سے بنتی ہے اور کئی دواخانے اسے بذریعہ اشتہار فروخت کر رہے ہیں۔ آپ کا یہ خادم بھی گذشتہ پچاس برس سے مریضوں کو دے رہا ہے۔ سب لوگ ہی اس نسخہ کی تعریف کرتے ہیں۔ طب جدید شاہدرہ والے بھی اس نسخہ کو کئی سال سے فروخت کر رہے ہیں۔

نوٹ! حاملہ کو پورے نو مہینے کھلا دیا جائے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہتا ہے۔

(۱۶۲۱) عورت اور گھڑی کا سپرنگ

ایک حکیم صاحب سے عورتوں کے امراض کے بارے میں نسخہ پوچھا اور بالخصوص کہا کہ کثرت حیض لیکیوریا۔ کمی خون کے مجرب نسخے بتائیں۔

فرمانے لگے "یہ نسخہ ہے جس سے میری عورتوں کے علاج میں خاص شہرت ہے۔ آپ کی

محبت سے مجبور ہو کر یہ نسخہ آپ کو بتلا رہا ہوں۔

ھوالشافی: گھڑیوں کے سپرنگ لے کر آب لیموں۔ آب جامن۔ آب انار ترش میں بھگو دیں جب اس قدر نرم ہو جائیں کہ رگڑنے سے پس جائیں اور پانی پر تیرنے لگیں تو کشتہ فولاد تیار ہے۔

مقدار خوراک: مندرجہ بالا کشتہ فولاد بارد۔ کشتہ مرجان مکھن والا دونوں ایک ایک رتی۔ سفوف مفرح ایک ماشہ ملا کر۔ ہمراہ شربت صندل یا شربت انجبار یا کسی مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: کثرت حیض۔ اسقاط حمل۔ لیکوریا۔ دل کی دھڑکن۔ گرمی جگر۔ ہاتھ پاؤں کی جلن کو آرام آجاتا ہے۔

(۱۶۲۲) نسخہ سفوف مفرح

ھوالشافی: طباشیر۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی ہر ایک ۵ تولہ۔ ناریل دریائی ۳ تولہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔

تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ

گذشتہ بیس سال سے اس نسخہ سے سینکڑوں عورتوں کا علاج کر چکا ہوں۔ یہ اکیلا نسخہ ہی معمول مطب بنانے کو کافی ہے۔

(۱۶۲۳) مصفی رحم

ایک شخص آیا اور آ کر کہنے لگا کہ آپ عورتوں کے سکہ بند معالج ہیں آپ کی تعریف سن کر آیا ہوں۔ تو میں نے کہا کہ الحمد للہ ایسا ہی ہے اس نے کہا کہ میری بیوی بیمار ہے۔ میں نے کہا کہ بیوی کو ساتھ لائیں یا اس کی دایہ کو بھیجیں۔ غرض وہ عورت اپنے خاوند کے ہمراہ آ گئی۔

اس سے استفسار کرنے پر معلوم ہوا کہ شروع سے ہی حیض کی بندش۔ درد اور خرابی ہے جو آج تک ٹھیک نہیں ہو سکی۔

میں نے پوچھا "شادی کو کتنا عرصہ گزر چکا ہے"

عورت نے جواب دیا ''گیارہ سال۔''

استفسار کیا ''کیا ان گیارہ سالوں میں کبھی حمل ہوا تھا یا ہو کر اسقاط حمل ہوا تھا''

عورت نے جواب دیا ''حمل کبھی ہوا ہی نہیں''

لہٰذا اللہ کا نام لے کر یہ دوا بنا کر عورت کو دی۔ اس کے استعمال سے اس کا رحم صاف ہو گیا اور اس کے بعد وہ حاملہ ہو گئی اور پورے وقت پر خوب صورت بچہ پیدا ہوا۔

اس مریضہ کا شفایاب ہونا تھا کہ کئی اور عورتوں نے بھی آ کر اپنا دکھڑا سنایا۔ نسخہ حاضر ہے۔

ھوالشافی: اسارون

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ دن میں ۴ مرتبہ سات دن تک دیں۔

ترکیب استعمال: اسارون کو باریک کر کے پڑیا باندھ لیں یا کیپسول بھر لیں۔ حیض آنے سے چار دن پہلے شروع کریں۔ دوران حیض بھی جاری رکھیں۔ اس کے ہمراہ دیسی گھی اور دودھ گڑ سے میٹھا کر کے پلائیں۔

غذا میں کالے چنے کا شوربا دیں۔ لسی چاول وغیرہ سے پرہیز کریں۔

فوائد: بندش حیض دور ہو کر رحم صاف ہو جاتا ہے اور نطفہ کو پکڑ لیتا ہے۔ بڑے بڑے اطباء نے اس نسخہ کی تصدیق کی ہے۔ میرا بھی مجرب ہے۔

(۱۶۲۴) امیر گھرانے کی عورت

درج بالا مریضہ کے صاحب اولاد ہونے کے بعد اسی علاقہ کے ایک صاحب ثروت گھرانہ کی ایک عورت نے اپنی بیٹی کی بندش حیض اور بے اولادی کی داستان سنائی۔ اس نے بتایا کہ اس کی بیٹی کو حمل ہوا تھا۔ لیکن اسقاط ہو گیا۔ اس دن سے ہی لڑکی بیمار ہے۔

میں نے کہا ''لڑکی کے اندر کرنگ ہے''

عورت نے بتایا کہ ''ہم نے کئی لوگوں سے علاج کروایا لیکن آرام نہیں آیا''

میں نے کہا ''انشاء اللہ اب آرام آ جائے گا''

میں نے لڑکی کا مندرجہ ذیل چار طریقوں سے علاج کیا۔

✿ گولیاں ✿ شیاف ✿ شربت ✿ معجون

میرے علاج سے لڑکی کے رحم سے گذشتہ حمل کے بچے کھچے ٹکڑے نکل گئے۔ جب رحم صاف ہو گیا تو نئے نطفہ نے قرار پکڑ لیا۔ اس کے بعد اس لڑکی کے ہاں کافی اولاد ہوئی۔

(۱۶۲۵) گولیاں

ھوالشافی : ست مصبر ۲ تولہ۔ مرمکی ۲ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ہینگ خالص ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ تمام اجزاء کو پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

(۱۶۲۶) شربت

ھوالشافی : تخم میتھرے ۳ تولہ۔ تخم خیارین ½ ۱ تولہ۔ سفوف ۹ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۹ ماشہ۔ سونف رومی ۹ ماشہ۔ تخم سوئے ۹ ماشہ۔ مجیٹھ ۹ ماشہ۔ تخم کرفس ۶ ماشہ۔ چینی ½ ۱ پاؤ۔

(۱۶۲۷) شیاف

ھوالشافی : مصبر ایک تولہ۔ سقمونیا ولائتی ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ گودا حنظل ۶ ماشہ۔ غاریقون ۶ ماشہ ہمراہ شہد شیاف بنالیں۔

(۱۶۲۸) معجون

ھوالشافی : سونٹھ ایک تولہ۔ ساذج ہندی ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ لونگ ایک تولہ۔ جڑ پان ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ۔ ورق سونا ۲ رتی۔ ورق چاندی ۸ رتی۔ کستوری ۳ رتی۔ شہد ایک پاؤ۔

شہد کی جھاگ دور کر کے معجون بنالیں۔

طریقہ استعمال معجون: ۳۔۳ ماشہ صبح شام ہمراہ چائے یا گرم دودھ

(۱۶۲۹) گولیاں

ماہواری شروع ہونے سے ۸ دن قبل ہمراہ چائے یا نیم گرم دودھ ایک ایک گولی صبح شام دینا شروع کر دیں۔

(۱۶۳۰) شیاف

ایام حیض میں روزانہ رات کو ایک عدد شیاف مندرجہ بالا مہبل میں رکھوالیں۔

شربت اور گولیاں دینے سے حیض جاری ہوا۔اور شیاف رکھنے سے سابقہ حمل کے ٹکڑے خارج ہو گئے اور رحم صاف ہو گیا۔

صرف گولیاں کھلانے سے بھی حیض آ جاتا ہے۔ یہ گولیاں اور شربت صرف آٹھ دن دیں۔بندش حیض میں صبح شام ایک ایک گولی دو ماہ تک دیں۔

فوائد: اندرونی جملہ کمزوریاں دور ہو کر حمل قائم ہو جاتا ہے۔

احتیاط: مروڑ وغیرہ لگنے کی صورت میں دودھ گھی پلائیں یا دو دن ناغہ کر لیں۔

میں نے آپ کو ایک لاجواب کورس بتا دیا ہے۔فائدہ اٹھانا آپ کی مرضی ہے۔سو علاجوں سے زیادہ مجرب ہے۔اس جیسا کورس عام کتابوں میں کہاں ملتا ہے۔

(۱۶۳۱) غریب بے اولاد عورت

ایک غریب گھرانے کی عورت نے آ کر اپنی بہو کی بے اولادی کا رونا رویا۔میں نے کہا کہ بہو کو ساتھ لے کر آؤ۔وہ بہو کو لے کر آئی تو میں نے اس لڑکی سے ماہواری کے بارے میں پوچھا تو اس نے بتایا کہ ماہورای خراب ہی رہتی ہے۔استفسار پر اس نے بتایا کہ شادی سے پہلے تو ٹھیک تھی اور شادی کے بعد سے خراب ہے۔اوپر سے غریبی ہے۔

ھوالشافی: ابہل ایک تولہ۔گودہ حنظل ایک تولہ۔رائی ۲ تولہ۔سنبل الطیب ۴ تولہ

ترکیب تیاری: چاروں ادویات کو پیس کر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ دن میں چار بار دینا شروع کیا۔

اس نسخہ کے استعمال سے مریضہ کی بندش حیض دور ہو گئی رحم صاف ہو گیا اور خوبصورت بچہ پیدا ہوا۔

فوائد: قبض۔ریاح۔پیٹ کے گولے دور ہو جاتے ہیں۔اختناق رحم بھی دور ہو جاتا ہے۔چند ماہ استعمال کرنے سے رحم کی پوری طرح صفائی ہو جاتی ہے۔

بانجھ پن دور ہوتا ہے۔حاملہ کو نہ دیں ورنہ حمل خارج ہو جائے گا۔

اس نسخہ کے استعمال سے اگر مروڑ لگ جائیں تو گھی اور دودھ ملا کر پلائیں۔

(۱۶۳۲) خرابی حیض

ایک شخص نے آ کر بیان کیا کہ حکیم صاحب ہمارے ہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی اور اس کے بعد اب کئی سال گذر چکے ہیں بیوی کو حمل ہی نہیں ٹھہرتا براہ کرم ہمارا علاج کریں آپ کی بہت تعریف سنی ہے۔ میں نے بیوی کو ساتھ لانے کو کہا۔ وہ جا کر اپنی بیوی کو لے آیا۔ تشخیص مرض کی تو معلوم ہوا کہ خرابی حیض کی مریضہ ہے۔

اول حب گھوڑ چڑھی کا جلاب دیا پھر جتنے دن حیض آتا رہا یہ نسخہ پلاتا رہا۔

ھوالشافی: تخم مولی۔ سوئے۔ بابڑنگ۔ سونف۔ سونٹھ۔ کچور۔ ہلدی۔ تخم گاجر ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں اور صبح کو جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو گھی ۲ تولہ۔ گڑ ۳ تولہ ملا کر پلائیں۔

پھوک میں پھر آدھ سیر پانی ڈال کر پکائیں جب نصف پانی جل جائے تو اتار کر گھی اور گڑ ملا کر پلائیں۔ اس کے پلانے سے حیض کھل کر آتا ہے۔ رحم صاف ہو جاتا ہے۔ آخری دن جب عورت غسل کر لے تو اسے کھانے کو دودھ جلیبی دیں اور ساتھ میں یہ گولیاں کھانے کو دیں۔ میں نے اس عورت کو یہ نسخہ دیا۔ الحمدللہ پہلی بار ہی نطفہ قرار پا گیا۔

(۱۶۳۳)

ھوالشافی: جائفل۔ لونگ۔ کافور دیسی۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ ناگ کیسر ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: پانی سے رگڑ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر گاؤ

صاحب نسخہ کا بیان ہے کہ میں نے اس نسخہ سے بے شمار عورتوں کا علاج کیا۔ ان میں بعض ایسی بھی تھیں جنہیں لیڈی ڈاکٹر (Gyneacologist) (ماہر امراض نسواں) نے لا علاج قرار دیا تھا۔ لاجواب نسخہ ہے آپ اسے معمول مطب بنا سکتے ہیں۔

(۱۶۳۴) کثرت حیض کا لاجواب شافہ

ایک عورت نے مطب میں آ کر بیان کیا کہ اس کی لڑکی کو کئی دنوں سے حیض اس قدر آ رہا

ہے کہ زندگی کی امید ختم ہو چکی ہے۔ دائیاں اور ڈاکٹر بھی علاج کر چکے ہیں سر مو فرق نہیں آیا۔ آپ ذرا توجہ دیں مہربانی ہوگی۔ شاید بچ جائے۔

مریض کا معائنہ کیا چہرہ زرد ہو چکا تھا۔ بات کرنا بھی اس کے لئے مشکل تھا۔ کئی بار کی آزمودہ دوا کا شیاف اس کے مہبل میں رکھوایا۔ الحمد اللہ پہلے دن ہی آرام آ گیا اور دو تین دن میں مکمل صحت یاب ہو گئی۔ ایک بار سے ہی کم ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی: مازو۔ پوست انار۔ کتھ۔ پھٹکڑی سوختہ ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب استعمال: کپاس کی روئی میں دوا کو پیس کر پھیلا دیا اور پھر اس روئی کو لپیٹ کر بتی بنا دی اور ہر چار گھنٹہ بعد یہ بتی مہبل میں داخل کر کے رکھنے کو کہا۔

یہ نسخہ ایک کارخانہ کا اسراری نسخہ تھا۔ میں نے حاصل کر کے کئی مریضاؤں کو دیا۔ نسخہ سو فیصد درست ہے۔

(۱۶۳۵) خون کا پرنالہ

رشتہ داروں میں ایک عورت کو پرنالے کی طرح خون آ رہا تھا۔ ادھیڑ عمر کی عورت تھی۔ جب میں پہنچا تو ڈاکٹر صاحب نے ڈرپ لگا رکھی تھی۔

میں نے پوچھا ''ڈاکٹر صاحب! آپ نے ڈرپ کس لئے لگائی ہے۔''

بولے ''مریضہ کا خون نکل رہا ہے۔ کمزوری بڑھ رہی ہے اس لئے لگائی ہے۔

میں نے پوچھا۔ ''بوتل خون کو بند کرنے کے لئے یا کسی اور مقصد کے لئے؟

فرمانے لگے۔ ''اس سے کمزوری دور رہتی ہے۔''

میں نے کہا ''خون بند کرنا علاج ہے۔''

ڈاکٹر صاحب بولے ''میں تو تین دن سے اپنی ساری ادویہ آزما چکا ہوں لیکن مریضہ کی حالت سنبھلنے میں ہی نہیں آ رہی اب آپ تشریف لائے ہیں تو آپ بھی کوشش کر دیکھیں۔ اللہ کا نام لے کر علاج شروع کیا۔ دایہ کے ذریعہ پوٹلی مہبل میں رکھوا دی اور تین گھنٹے بعد اطلاع دینے کو کہا۔ تین گھنٹے بعد اطلاع آئی کہ خون آنے کی رفتار میں کمی آ گئی ہے۔ اس کے بعد مزید تین

پوٹلیاں اسی دن رکھوا دیں۔خون آنا بند ہو گیا۔اس کے بعد کمزوری کے لئے علاج تجویز کیا۔اس نسخے کو قبل ازیں بھی کافی مریضوں پر آزما چکا تھا ہمیشہ مجرب پایا۔

ھوالشافی: مائیں ا تولہ۔مازو ۳ ماشہ۔نسپال ایک تولہ۔پھٹکڑی سفید ڈیڑھ ماشہ۔سمندر سوکھ ۲ ماشہ۔

ادویہ کو سفوف بنا کر تین تین ماشہ کی پوٹلیاں باندھ دیں۔

یہ ایسی کامیاب پوٹلیاں ہیں کہ اندرونی بہتا خون بند ہو جاتا ہے۔اندرونی زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ایک دانا کا لاجواب نسخہ ہے۔لاچار مریضاؤں کا علاج اس نسخہ سے کریں لاجواب کورس ہے۔میرا عام معمول ہے۔مایوس سے مایوس کثرت حیض کی مریضائیں ٹھیک ہو چکی ہیں۔

(۱۶۳۶) حکیم عبداللہؒ منڈی جہانیاں والے

ایک دفعہ منڈی جہانیاں میں حکیم مولانا محمد عبداللہؒ کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ آپ کے صاحب زادے نے ایک مریضہ کی کثرت حیض کی شکایت کے بارے میں مشورہ پوچھا۔

حکیم صاحب نے۔"شربت انجبار صندل کے ہمراہ کشتہ گاؤدنتی برگ نیم والا اور مشہور دوا ٹھنڈک ملا کر پڑیاں بنا کر دینے کو کہا۔"

وہ چلا گیا تو میں نے عرض کیا "حکیم صاحب یہ علاج اچھا ہے"؟

فرمانے لگے۔"تمام عمر کا معمول نسخہ ہے۔ اس سے بہت زیادہ خون آتا بھی تھم جاتا ہے" اس سے مریضہ کے دل ودماغ پر خون بہنے کے اثرات میں کمی واقع ہوتی ہے۔صفراء کم ہو جاتا ہے۔روانی خون سے پیدا ہونی والی دل کی دھڑکن درست ہو جاتی ہے۔مریضہ کے لئے یہ علاج ایک رحمت ہے"

ھوالشافی: گاؤدنتی کو صاف کر کے چار چند نگدہ برگ نیم میں رکھ کر آگ دے لیں۔

مقدار خوراک: گاؤدنتی ۴ رتی تا ایک ماشہ۔

ٹھنڈک: ایک تا ۲ ماشہ۔ایک باہم ملا کر دیں۔

فوائد: یہ علاج کئی علاجوں سے بڑھ کر ہے۔خون بند ہونے کے چند دن تک دیں تا کہ گرمی کا

ازالہ ہو جائے۔ اور کمزوری دل ودماغ دور ہو۔

(۱۶۳۷) نسخہ ٹھنڈک

ھوالشافی: طباشیر ۲½ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲½ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۲½ تولہ۔ کشنیز خشک ۲½ تولہ۔ گل نیلوفر ۲½ تولہ۔ کہربا شمعی ۲½ تولہ۔ ناریل دریائی ۱½ تولہ۔ ورق چاندی ۵۰ عدد۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کشتہ عقیق ایک تولہ۔ زہر مہرہ کا کشتہ ۲ تولہ۔ کشتہ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ سفوف سمی چار طاقت ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ۔

(۱۶۳۸) طریقہ سفوف سمی ۴ طاقت

سم الفار سفید ایک رتی۔ طباشیر ۵ تولہ اور کھانڈ ۵ تولہ کھرل میں مثل سرمہ باریک کریں۔ کم از کم ۱۰ گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد شامل نسخہ کریں۔

فوائد: اس دوا کو ایک رتی مقدار میں آپ بطور مقوی قلب۔ دافع اسہال۔ دافع ملیریا۔ اسہال بچگان۔ میعادی بخار۔ سوکھیا۔ پیاس کے مریضوں کو دے سکتے ہیں۔

(۱۶۳۲) عورتوں کا معالج

ایک حکیم کے متعلق معلوم ہوا کہ عورتوں کے لاجواب معالج ہیں۔ کئی بے اولاد عورتوں کی گود ان کے علاج سے ہری ہو چکی ہے۔ میں نے نسخہ پوچھا تو لمبے عرصہ تک ٹالتا رہا۔ آخر ایک دن سارا کورس اور نسخہ بتا دیا۔ میں نے کئی عورتوں کو استعمال کرایا اور ان کے ہاں ڈھیروں اولاد ہوئی۔

ھوالشافی: کونین فولادی ۶ ماشہ۔ ہیرا کسیس سبز ۶ ماشہ۔ میگنیشیا سالٹ ایک پاؤ کو عرق سونف ایک بوتل میں ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۲½ - ۲½ تولہ صبح شام

ترکیب استعمال: مریضہ کو دوا پلانے سے پہلے بوتل کو اچھی طرح ہلا لیں اور ہمیشہ کھانا کھانے کے بعد دیں۔

فوائد: ورم جگر۔ ورم طحال۔ تنگی حیض دور ہو کر رحم کی پوری طرح اصلاح ہو جائے گی اور مدت

سے رکا حیض کھل کر آ جائے گا۔ان شاء اللہ۔

(۱۶۴۰)

ھوالشافی: موصلی سیاہ۔ برادہ دندان فیل۔ تخم بھنگ۔ گڑ پرانا مساوی الوزن۔
ترکیب: تمام اجزاء کو باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور اوپر ورق نقرہ لگادیں۔
مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام غسل حیض کے بعد۔

یہ گولیاں مرد اور عورت دونوں کھائیں اور خوب جماع کریں صرف دس دن یعنی دونوں نے ۴۰ گولیاں کھانا ہیں۔ عام طور سے پہلے مہینے ہی عورت کی قوت بیدار ہو جاتی ہے۔ رحم تیار ہو جاتا ہے اور نطفہ قرار پاجاتا ہے۔ اگر پہلے مہینے عورت حاملہ نہ ہو سکے تو دوسرے طہر کے بعد پھر گولیاں کھائیں اور پرنشاط گھڑیاں گزاریں۔ دوسرے مہینے بھی اگر ناکامی رہے تو تیسرے مہینے لازماً ''نشانہ'' لگ جائے گا اور دونوں کے من کی مراد بر آئے گی۔ اس کے بعد یہ گولیاں بنا کر دیں۔

(۱۶۴۱) نمبر۳

ھوالشافی:

مغز کرنجوہ اور رسونت صاف مساوی الوزن لے کر نخودی گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام عورت کو کھلائیں۔
فوائد: اس سے حمل ساقط نہ ہوگا۔ حاملہ اٹھرا وغیرہ سے محفوظ رہے گی۔

اس علاج سے پاک وہند کی بے شمار عورتوں کی گودیں ہری ہو چکی ہیں۔ ہمارے خاندان نیکو اس سے لاکھوں عورتوں کو صحت یاب گیا اور اجڑتے گھر بسائے ہیں۔ میں یہ نسخہ لاکھوں روپے لے کر بھی نہ بتا تا لیکن آخرت کی جواب دہی نے مجبور کر دیا ہے۔ ایسے نسخے اور کورس لوگ قبروں میں ساتھ لے جاتے ہیں۔

(۱۶۴۲) جنات کی تکلیف

ایک مریض نے آکر بتایا کہ ہم لوگ انتہائی پریشان ہیں کیونکہ میری بیوی کو جنات کی

شکایت تکلیف ہے۔ کئی کئی دن دورہ رہتا ہے۔ کبھی ہوش میں بھی آ جاتی ہے۔ ہم حیران ہیں کہ دورہ کے وقت بھی بتا دیتی ہے کہ مجھے فلاں نے پکڑا فلاں نے پانی پلایا۔

میں نے اسے سمجھایا کہ اسے جنات کا اثر نہیں بلکہ وہ اختناق الرحم/ہسٹریا (Hysteria) کی مریضہ ہے۔ دورہ کے وقت ایک گولہ (باؤ گولا) پیٹ سے اٹھ کر حلق کی طرف آتا ہے۔ مریضہ اس گولے کو نگلنے کی کوشش کرتی ہے تو اس کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ ڈکاریں آتی ہیں۔ مریضہ چیخ مار کر بے ہوش ہو جاتی ہے آواز بیٹھ جاتی ہے۔ حلق سے آواز نہیں نکلتی۔ ہاتھوں پاؤں مارتی ہے۔ جسم مختلف انداز میں بل کھاتا ہے۔ ہاتھوں پیروں میں تشنج ہو جاتا ہے۔ جب مرض کا دورہ کم ہو جاتا ہے تو مریضہ ہانپنے کانپنے لگ جاتی ہے۔ اور پھر چپ چاپ پڑی رہتی ہے اگر دورہ میں مرگی کی طرح تشنج ہو تو مریضہ بے ہوش ہو جاتی ہے۔ بعض کو ہذیان ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے دورہ کی حالت میں ڈرتی اور بے بیہودہ گوئی کرتی ہے۔ اس عرض اور مرگی میں یہ فرق ہے کہ مرگی والے کے منہ سے جھاگ نکلتا ہے لیکن اس کے منہ سے جھاگ نہیں نکلتا۔

جب میں نے ساری تفصیل بتا دی تو وہ شخص کہنے لگا۔ ''حکیم صاحب! علامات تو یہی ہیں'' میں نے کہا'' اس مریضہ کی ماہواری درست نہیں ہے۔ حیض کا درست کرنا ہی اس کا علاج ہے۔ اس مرض کا نام اختناق الرحم ہے۔

- مریضہ کو دورہ کی حالت میں کافور ایک ماشہ نوشادر ایک تولہ باریک کر کے نسوار دیں۔
- مریضہ کی مہبل میں خالص عطر گلاب کی بتی (شافہ) رکھیں۔
- کنواری مریضہ ہو تو شادی کر دیں۔ شادی سے آرام ہو گا اور مریضہ تندرست ہو جائے گی۔
- افاقہ کی حالت میں مسہل دیں۔

اس طرح کی ایک مریضہ ایک گاؤں میں تھی۔ میں اس گاؤں میں گیا اور مریضہ کو دیکھا تو کہا کہ مریضہ کو جنات کی تکلیف نہیں بلکہ اختناق الرحم ہے لیکن اس کے گھر والوں نے میری تشخیص

کور د کر دیا۔ چھ ماہ بعد دوبارہ اس گاؤں جانے کا اتفاق ہوا تو میں نے لوگوں سے پوچھا اس عورت کا کیا بنا۔ انہوں بتایا کہ ہمارے گاؤں کے مولوی صاحب نے اس کا علاج کیا تھا اب وہ حاملہ ہے۔ میں نے مولوی صاحب سے رابطہ کیا اور پوچھا تو کہنے لگے ''آپکے پاس نسخوں کی کونسی کی ہے''۔

میں نے کہا ''الحمد اللہ! نسخوں کی تو کمی نہیں البتہ آپ کی حذاقت کے دریا سے بھی موتی چننا چاہتا ہوں فرمانے لگے تو نسخہ لکھ لو''

(۱۶۴۳)

ھوالشافی: جڑ کاسنی ۵ تولہ۔ تخم خیارین ۴ تولہ۔ تخم خربوزہ۔ تخم تربوز۔ تخم کشوث۔ مکو خشک ہر ایک ۲ تولہ۔ باقلا سرخ ½ ا تولہ۔ گاؤزبان۔ گل سرخ۔ تخم گاجر۔ تخم کاسنی۔ گل گاؤزبان۔ تخم گاجر مشک طرا مشیع (Rue, Penny Royal, Mentha Poligium)۔ زوفا۔ پرسیاوشان ہر ایک ایک تولہ۔ کا کنج ۹ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ کر رات کو ½ ا سیر پانی میں دیں۔ اور صبح پن چھان کر چولہے پر چڑھا دیں جب پانی نصف رہ جائے تو تین پاؤ چینی ملا کو شربت بنا کر اتار لیں۔ پھر اس شربت میں ایک پاؤ گلیسرین ملا کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۳۔۲ تولہ صبح شام حسب خواہش تازہ یا گرم پانی ملا کر پلائیں۔

ترکیب استعمال: حیض شروع ہونے سے چار دن پہلے ہلانا شروع کریں اور جاری ہونے تک پلاتے رہیں۔ اور پھر جاری ہونے پر بند کر دیں۔ یوں تین حیض پر کریں۔

فوائد: انشاء اللہ حیض کی جملہ تکالیف دور ہونگی اور رحم صاف ہو جائے گا۔

اس نسخہ کو زود اثر بنانا مقصود ہو تو یہ جوشاندہ ملا کر پلائیں۔

(۱۶۴۴) مولوی صاحب

ھوالشافی: گاؤزبان۔ تخم خربوزہ۔ تخم کسنبہ۔ پوست خیار شنبر ہر ایک چار ماشہ۔ تمام اشیاء کو اچھی طرح جوش دے کر شربت میں ملا دیں۔

مولوی صاحب فرمانے لگے یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ فی الواقع کئی دواخانوں کا راز ہے۔

فوائد: اس نسخے کے استعمال سے حیض کی کمی۔ پُردرد حیض۔ حیض رک رک کر آنا۔ بالکل ہی بند ہوجانے کا عارضہ دور ہوجاتا ہے۔ عورت بالکل تندرست ہوکر صاحب اولاد ہوجاتی ہے۔

اس نسخہ سے میں نے اپنی مریضہ کو علاج کیا۔ اختناق الرحم ختم ہوگیا۔ دورے بند ہوگئے۔ جنات بھاگ گئے۔ الحمدللہ آج کل مریضہ حمل سے ہے۔ اگر زیادہ زوداثر کرنا ہوتو حب مدر حیض بھی ایک ایک عدد اس کے ساتھ دیں۔

ھوالشافی: مرمکی ایک تولہ۔ مصبر ایک تولہ۔ عصارہ ریوند ڈیڑھ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ہیراکسیس ۶ ماشہ۔ حب بقدر جنگلی بیر بنادیں۔ ایک عدد صبح وشام لاجواب کورس ہے۔

(۱۶۴۵) ضعف قلب کی مریضہ

ایک مریضہ جو کہ ہمارے اپنے ہی گھرانے کی تھی اسے تھوڑے تھوڑے وقفے سے غشی کے دورے پڑتے تھے ہروقت ضعف قلب کی شکایت کرتی۔ ہاضمہ خراب اور پیٹ میں ریح کا گولا اٹھتا۔ کوئی چیز ہضم نہ ہوتی۔ یہ دورے گذشتہ کئی مہینوں سے تھے۔ ایک مولوی صاحب جو اس مریضہ کے باپ کے دوست خاص تھے انہیں بلایا گیا تو انہوں نے جملہ حالات دیکھ کر یہ معجون تجویز کی اور تیار کر کے دی۔ اس معجون کے استعمال سے مریضہ کے دورے ختم ہوگئے تمام علامات غائب ہوگئیں۔ یہ معجون مرگی۔ خفقان قلب کا بھی لاجواب علاج ہے۔

ھوالشافی: مروارید ۷ ماشہ۔ مرجان ۷ ماشہ کہربا شمعی ۷ ماشہ۔ درونج عقربی ۷ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۷ ماشہ۔ نرکچور ۷ ماشہ۔ بہمن سفید ۷ ماشہ۔ طباشیر ۷ ماشہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ مصطگی رومی ۷ ماشہ۔ صندل سرخ ۷ ماشہ۔ صندل سفید ۷ ماشہ۔ کشنیز خشک ۷ ماشہ۔ عنبر اشہب ½۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ چھڑیلہ ½۳ ماشہ سنبل اطلیب ½۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ½۳ ماشہ۔ تمال پتر ½۳ ماشہ۔ دارچینی ½۳ ماشہ۔ جند بیدستر ½۳ ماشہ۔ کستوری پونے ۲ ماشہ۔ مصری ۱۶ تولہ۔ شہد ۲۰ تولہ۔

فوائد: یہ معجون مریضہ کو تیار کر کے دی گئی۔ اس سے مریضہ کے جملہ حالات ٹھیک ہوگئے۔ اس کے بعد ان کے ہاں کئی بچے پیدا ہوئے۔ اس نسخہ کی تعریف حکیم غلام غوث چنیوٹی نے بھی کی۔ میری اور میرے خسر کی بھی کئی دفعہ کی مجرب ہے۔ اس نسخہ کے اجزاء ہی گواہی دے رہے ہیں کہ

لاجواب چیز ہے۔صاحب نسخہ مولانا مذکور نے اس معجون کو تمام عمر کا معمول بتایا اور کہا کہ سینکڑوں عورتیں اس نسخہ کے استعمال سے شفایاب ہو چکی ہیں۔وہ زمانہ قیام پاکستان سے قبل کا تھا۔یہ درست ہے کہ نسخہ قیمتی ہے لیکن اس نسخہ کے استعمال سے دل و دماغ اور رحم کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔عرض اٹھرا کا بھی قلع قمع ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹر و حکیم غلام جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس نسخہ کو مجرب کہا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ ماشہ۔ہمراہ عرق گلاب۔عرق گاؤزبان سے بھی دی جاسکتی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ تیار کرنے کے ۲ ماہ بعد کھلائیں۔

اس مرض میں مندرجہ ذیل قرابادینی مجربات بھی مفید ہیں۔

(۱۶۴۶)

ھوالشافی: خمیرہ گاؤزبان عنبری عودصلیب والا ۵ ماشہ۔خمیرہ ابریشم عود مصطگی والا ۵ ماشہ۔ معجون کلکلانج ۵ ماشہ۔عرق برنجاسف ۶ تولہ۔معجون نجاح ۱۶ تولہ۔عرق مکو ۶ تولہ۔عرق بادیان یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔

(۱۶۴۷) نسخہ معین حمل

ایک حکیم نے مجھے اپنا خاندانی نسخہ معین حمل عطا فرمایا نسخہ دے کر کہنے گے "یہ میرا خاندانی نسخہ ہے۔سو فی صد مجرب ہے" میں نے نسخہ شکر کے ساتھ قبول کر لیا۔وہ فرمانے لگے "عورت کی ماہواری میں نقص نہ ہو تو پہلے مہینہ ہی حمل قائم کر دیتی ہے" چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ایک مریضہ کی ماہواری صاف تھی طہر کے بعد اسے کھلانا شروع کیا۔الحمد اللہ پہلے ہی "کوشش" میں کامیابی ہوئی۔میں نے تقریباً دو ہزار کتب میں اس قسم کے نسخہ کی تلاش کی لیکن یہ نسخہ نہ ملا۔

ھوالشافی: کستوری ایک ماشہ۔مغز بادام مقشر ۴۱ عدد۔الائچی خورد ۴۱ عدد۔ورق چاندی ۴۱ عدد۔مویز منقیٰ ۴۱ عدد

تمام اجزاء کو باریک کر کے ملانے کے بعد ۴۱ گولیاں بنالیں۔

طریقہ استعمال: طہر کے بعد ایک گولی روزانہ دیں۔انشاء اللہ نطفہ قرار پا جائے گا۔

فوائد: صفراوی مزاج عورت کے دل کی دھڑکن کو مفید ہے

نسخہ بتا کر فرمانے لگے یہ ایک صدری نسخہ ہے لوگ ایسے نسخے قبروں میں لے جاتے ہیں۔
آپ کی محبت غالب آ گئی لہذا بتلا دیا ہے۔

(۱۶۴۸) عوارضات حمل

حاملہ ہونے کے بعد اس عورت کو جب الٹیاں اور گھبراہٹ شروع ہوئی تو میں نے ایک پنساری جو کہ مستند طبیب بھی تھا رقعہ لکھا ''حب اٹھرا کا نسخہ اگر ہو تو بھیج دیں''

حکیم نے جواب میں لکھا ''میرے پاس خود بھی آؤ اور مریضہ کو بھی ساتھ لاؤ'' چنانچہ ایسا ہی کیا گیا تو حکیم نے کہا حب اٹھرا سے کئی گنا بہتر اور مجرب نسخہ میرے پاس موجود ہے۔ لہذا اس نے مجھے دو قسم کی معجون اور پاؤڈر دیا اور کہا کہ یہ لے جاؤ۔ یہ ایسا مجرب نسخہ ہے کہ اگر عورت کو دوران حمل کھلایا جائے تو اولاد خوبصورت پیدا ہوتی ہے اور کہا کہ میرا کئی سو بار کا مجرب نسخہ ہے۔ آزمانے پر اس کی بات سو فیصد درست نکلی۔

ایک دفعہ میں نے جا کر نسخہ طلب کیا تو انہوں نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ ایک یہ معجون بھی ہے یہ حفاظت کرتی ہے اور اگر خون جاری ہو جائے تو دوسری معجون ہے۔ جس سے خون بند ہو جاتا ہے اور حمل ساقط ہونے سے بچ جاتا ہے۔ میرے یہ دونوں نسخے مجرب اور لاجواب ہیں۔ اس کے بعد میں نے کئی مرتبہ نسخے طلب کئے لیکن مسلسل انکار کرتے رہے اور کبھی ٹال دیتے۔ آخر ایک دفعہ جوابی خط لکھنے پر دونوں نسخے لکھ بھیجے۔ میں خط لے کر تصدیق کے لئے حکیم صاحب مذکور کے پاس گیا تو فرمانے لگے ''عالی جاہ! میں نے دونوں نسخے آپ کو لکھ دیئے ہیں حالانکہ میں نے اپنے رشتہ دار طبیبوں کو بھی آج تک طلب کرنے پر نہیں دیئے۔

(۱۶۴۹) معجون معین حمل عنبری

ھوالشافی: کہربا شمعی ۵ تولہ۔ عود صلیب ۵ تولہ۔ گل بول ۵ تولہ۔ سنگ جراحت ۲½ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۲½ تولہ۔ عنبر اشہب ۲½ تولہ۔ شہد خالص اسیر آب انگور۔ چینی ہر ایک ایک پاؤ۔

قوام تیار کریں اور تمام چیزیں ملا لیں۔ آب انگور اور چینی کا شربت بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۵ ماشہ شہد میں ملا کر دیں۔

فوائد: حمل کی حالت میں کھلانے سے حمل کی حفاظت ہوتی ہے۔ اولاد خوبصورت اور عقلمند پیدا ہوتی ہے۔

(۱۶۵۰) دوران حمل داغ لگنا

اگر حمل کی حالت میں خون آنا شروع ہو جائے یا ویسے ہی عورت کو خون آنے کا مرض (استحاضہ) ہو جائے تو یہ معجون مفید ہے۔

(۱۶۵۱) معجون کہربا عنبری

ھوالشافی: کہربا شمعی ۵ تولہ۔ گل ارمنی ۵ تولہ۔ گل مختوم ۵ تولہ۔ عنبر اشہب ا تولہ۔ گیری ۵ تولہ۔ دم الاخوین ۵ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ تولہ۔ شہد سہ چند۔

مقدار خوراک: ۵ ماشہ صبح شام

فوائد: اس معجون کے کھلانے سے خون آنا بند ہو جاتا ہے اور خون آنے سے پیدا ہونے والی کمزوری بھی دور ہو جاتی ہے اور عورت چندے آفتاب چندے ماہتاب بن جاتی ہے۔

اگرچہ یہ دونوں نسخے قیمتی ہیں لیکن ان کے مقابلہ میں کوئی دیگر دیسی یا ولائتی دوا کام نہیں کرتی۔ مذکورہ حکیم صاحب قیام پاکستان سے قبل کئی ہزار روپے لے کر بھی بتانے پر تیار نہ تھے لیکن میری محبت کی وجہ سے بیان کر دیے۔ اب میں نے داخل کتاب کر دیئے میں جب آپ ان نسخوں سے فائدہ اٹھائیں تو میرے حق میں دعائے خیر کریں۔ دونوں نسخے لاجواب ہیں۔

(۱۶۵۲) پیر صاحب کا نسخہ برائے اٹھرا

ایک شخص میرے پاس آیا اور آ کر کہا کہ میری اہلیہ بیمار ہے آپ گھر چل کر اسے دیکھیں کیونکہ ہماری پڑوسن بیمار تھی تو آپ کے علاج سے صحت مند ہو گئی۔ وہ آدمی باہر کے تھے۔ خیر ان کے گھر گیا۔ علاج کرنے سے اس کی اہلیہ اور دیگر بیمار بچے بھی تندرست ہو گئے اور وہ شخص خوش ہو گیا۔

اس کے بعد خود ہی کہنے لگا حکیم صاحب! جن لوگوں کے بچے چھوٹی عمر میں فوت ہو جاتے ہیں کیا ایسی عورتوں کا علاج بھی کرتے ہو“

میں نے پوچھا ''تمہیں اس کی کیا ضرورت ہے''

اس نے جواب دیا ''مجھے ضرورت اب نہیں پہلے تھی میرے تین بچے فوت ہو گئے تو میرے پیر صاحب نے یہ نسخہ لکھ کر دیا تھا۔ اس کے کھلانے بعد میرے تمام بچے زندہ ہیں۔ میں وہ نسخہ آپ کو دیتا ہوں''

میں نے کہا ''بھائی تماری محبت ہے کوئی زور تو نہیں''

اس کے بعد وہ شخص گھر کے اندر گیا اور لکھا ہوا نسخہ لے کر آ گیا اور مجھے نسخہ نقل کر لینے کو کہا۔

ھوالشافی: کچور۔ چاکسو۔ صندل سفید اصلی۔ صندل سرخ۔ رسونت صاف۔ برگ مہندی۔ طباشیر۔ گیری۔ رتن جوت۔ پنیر سفید۔ الائچی خورد۔ برگ نیم۔ بہی دانہ۔ مغز کرنجواہ۔ دھمانسہ بوٹی ہر ایک ایک تولہ۔ تمام اشیاء کو سفوف کر کے ہمراہ شہد گولیاں نخودی بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ آب تازہ ابتدائے حمل تا وضع حمل کھلائیں۔

اس نسخہ کے استعمال کے بعد میرے تمام بچے زندہ ہیں۔ تم خود گھر میں انہیں کھیلتا دیکھ رہے ہو۔

(۱۶۵۳) اٹھرا اور حکیم

ایک حکیم صاحب کے متعلق مشہور تھا کہ ان کے پاس اٹھرا کا بہت کامیاب علاج ہے۔ اس کے علاج سے پیدا ہونے والے بچے حیات پاتے ہیں۔ جب ان سے جا کر نسخہ طلب کیا تو صاف بتلا دیا۔ اور کہا کہ یہ ایک لاجواب کورس ہے۔

ھوالشافی: مرچ سیاہ۔ اجوائن دیسی۔ چرائتہ تلخ۔ پوست اندرون نیم۔ برگ نیم۔ برگ حنا۔ تخم حنا۔ دھمانسہ بوٹی۔ ہر ایک ایک تولہ۔

طریقہ: شہد خالص سے معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

طریقہ استعمال: آغاز حمل سے ایام رضاعت تک کھلائیں۔ معجون تیار کرنے کے بعد اس کو بروز سوموار چاشت کے وقت سامنے رکھ کر ''سورۃ والشمس'' ۴۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد مریضہ کے حوالے کریں۔

فوائد: یہ نسخہ ازحد مصفی خون بھی ہے۔

یہ ان حکیم صاحب کا بارہا کا مجرب ہے۔ دیکھو یہ سینے کے راز ہیں جو کہ آپ کو بتائے جا رہے ہیں۔

(۱۶۵۴) کثرت حیض کی مریضہ

ایک شخص نے آ کر تقاضا کیا کہ میرے ساتھ چلیں میری بیوی سخت بیمار ہے۔ جا کر دیکھا تو اس کی بیوی کثرت حیض سے لاچار تھی۔ رنگ زرد ہو چکا تھا۔ دل کی گھبراہٹ اور پیاس بھی موجود تھی۔ غریب لوگ تھے۔ پہلے بھی عورت کو کثرت حیض ہو چکا تھا۔ بڑے بڑے ڈاکٹروں سے علاج کروا بیٹھے تھے۔ ان کی غربت دیکھ کر یہ نسخہ لکھ دیا جس کے استعمال سے پہلے دن ہی کمی ہو گئی اور چند دنوں میں بالکل آرام آ گیا۔

ھوالشافی: ملٹھی صاف کر کے کوٹ کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف ملٹھی اور ایک ماشہ گیری باریک کر کے ملا کر پڑیاں باندھ لیں۔

طریقہ استعمال: چاولوں کے دھوون سے کھانے کو کہا اور مریضہ کو چلنے اور پھرنے سے منع کر دیا۔ اس کی چارپائی کی پائنتی اونچی کر دی گئی۔ مقام ناف پر پانی یا برف سے پٹی تر کر کے رکھنے کی ہدایت کی۔ چند دنوں میں مریضہ کا خون رک گیا۔ اس کے علاوہ یہ شافہ بھی رکھنے کو کہا۔

شافہ

ھوالشافی: مازو۔ نسپال۔ کتھ سفید۔ پھٹکڑی بریاں۔

تمام اجزاء کو باریک کر کے روئی میں لپیٹنے کے بعد روئی کو تر کر کے مہبل میں رکھنے کو کہا الحمد اللہ مریضہ کو آرام آ گیا۔ اس شافہ کے رکھنے سے کئی مایوس مریضاؤں کو شفا مل چکی ہے۔ نظام آبادی دواخانہ کا مشہور نسخہ ہے۔

(۱۶۵۵) اٹھرا کا سو فیصد مجرب نسخہ

ایک پنساری کی دکان پر ایک حکیم سے ملاقت ہوئی تو پنساری نے بتایا کہ ان حکیم کے

پاس اٹھرا کا ایک لاجواب نسخہ ہے۔ اس کو کسی اور شخص نے بتایا ہے۔ سو فیصد مجرب نسخہ ہے۔ اگر آپ کو بتادے تو بہتر ہے۔ میں نے حکیم سے پوچھا تو انہوں نے صاف بتادیا اور کہا کہ میرا سو بار کا مجرب ہے۔

ھوالشافی: صندل سرخ۔ صندل سفید۔ کچور۔ شاہترہ۔ افسنتین صاف۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ فلفل دراز۔ ہریڑ موٹی جنگلی۔ چرائتہ۔ چاکسو۔ عشبہ۔ دھمانسہ بوٹی۔ مرچ سیاہ۔ منڈی بوٹی۔ سنگ دانہ مرغ۔ برگ حنا۔ مصبر صاف۔ برگ نیم ہر ایک ایک تولہ۔ رسونت صاف ۶ ماشہ۔ (۲۰اجزا)

ترکیب تیاری: آب کنوار گندل یا شہد کے ساتھ رگڑ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: آغاز حمل سے وضع حمل تک کھلائیں۔ اس کے بعد نہ ماں کو نہ بچہ کو ضرورت رہے گی۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی۔

فوائد: اس نسخہ کے استعمال سے مرض اٹھرا ختم ہو جاتا ہے۔ مصفی خون ہے۔ دودھ بھی صاف پیدا ہوتا ہے۔ رحم میں بننے والی پھنسیاں اور خارش دور ہو جاتی ہے۔ پستان کی سوزش کو دور کرتا ہے پرانی چھپاکی کا بہترین علاج ہے۔

حکیم نے حلفاً کہا کہ میرا معمول ہے۔ لوگ دور دور سے گولیاں لینے آتے ہیں۔

حکیم فرمانے لگے میری آمدنی کا ذریعہ ہے۔ ہر روز کوئی نہ کوئی عورت آجاتی ہے۔ گذشتہ چالیس برس سے استعمال کروا رہا ہوں۔

(۱۶۵۶) محافظ حمل

ایک حکیم کے ہاں مہمان ٹھہرا۔ جہاں میں بیٹھا تھا قریب ہی حکیم کی بیاض پڑی تھی۔ میں نے اٹھا کر یہ نسخہ نوٹ کرلیا اور کہا

"حکیم صاحب! اس نسخے کے بارے میں آپ کی کیا رائے"

حکیم صاحب! نے جواب دیا۔ "میرے والد مرحوم بھی تمام عمر اسے بناتے رہے کئی بار کا مجرب ہے"

ھوالشافی: گل سرخ۔ جائفل۔ زہر مہرہ خطائی۔ زیرہ سفید۔ طباشیر نقرہ۔ عود صلیب۔

جدوار۔ کچور۔ چاکسو۔ ہلیلہ کابلی۔ برگ حنا۔ برگ نیم۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ (۱۱۴اجزا)۔

طریقہ تیاری: آب تلسی سے کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔

فوائد: دوران حمل کھلاتے رہیں۔ عوارضات دوران حمل سے عورت محفوظ رہے گی۔ بچہ تندرست پیدا ہوگا۔

(۱۶۵۷)

ھوالشافی: جدوار ۲ رتی کیپسول میں بند کر کے کھلانا بھی محافظ حمل ہے۔

(۱۶۲۲)

ھوالشافی: جدوار ایک رتی۔ کشتہ صدف ایک رتی۔ صندل پوڈر ۲ رتی تمام اجزاء کو کیپسول میں بند کر کے کھلانا دافع اسقاط اور دافع اٹھرا ہے۔ فرمانے لگے یہ ہمارے خاندانی راز تھے۔ لیکن آپ کی محبت پر سب قربان ایسے راز عام کتابوں میں نہیں تھے۔ نسخے واقعی لاجواب ہیں۔

(۱۶۵۹) کرنگ

ایک عورت کا حمل ساقط ہوگیا لیکن رحم اچھی طرح صاف نہ ہوسکا۔ اسے ہر ماہ خون آتا تھا۔ لیکن پیٹ میں بوجھ محسوس ہوتا۔ ایک دایہ کو دکھایا اس نے کہا ''اندر کرنگ موجود ہے'' کسی حکیم سے بات کریں۔ مریضہ اور دایہ دونوں آئیں۔ میں نے یہ نسخہ تیار کر دیا اس کے استعمال سے مریضہ کے رحم سے جو کچھ برآمد ہوا اس کا رنگ سبز تھا اس میں متعدد سوراخ تھے اور سخت بدبودار تھا۔ اس کے نکل جائے کے بعد مریضہ کو آرام ہوگیا۔

ھوالشافی: تخم حلبہ ۳ تولہ۔ تخم خیارین ۲ تولہ۔ سونف ۹ ماشہ۔ سفوف رومی ۹ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۹ ماشہ۔ تخم سوئے ۹ ماشہ۔ مجیٹھ ۹ ماشہ۔ تخم کرفس ۶ ماشہ۔

تمام اجزاء کو کوٹ کر سات پڑیا بنا کر دیں۔

طریقہ استعمال: ایک پڑیا کو پانی میں جوش دے کر گڑ سے میٹھا کر کے آدھی صبح نیم گرم پی لیں اور آدھی شام کو گرم کر کے میٹھا ملا کر پلا دیں۔ اس کے پلانے سے عورت کو پیٹ میں زور کا درد

اٹھے گا۔

فوائد: رحم میں رہ جانے والے لوتھڑے ہمراہ خون خارج ہو جاتے ہیں۔

اس نسخہ کے استعمال سے مریضہ بالکل ٹھیک ہوگئی اور جب بھی ملی نسخہ کی تعریف کی۔

(۱۶۶۰)ماہر امراض زنانہ

ایک خاندانی حکیم عورتوں کے علاج میں کافی ماہر تھا۔ بالخصوص بے اولاد عورتیں اور بندش حیض والی عورتوں کو جلد شفا ہو جاتی تھی۔ عورتوں نے بھی حکیم صاحب کے علاج کی بہت تعریف کی۔ ان کے داماد سے صحیح نسخہ مل گیا جو کہ حاضر خدمت ہے۔ نسخہ کے اجزاء اس حقانیت کی گواہی دے رہے ہیں۔

ھوالشافی: باؤبڑنگ۔ نمک سیاہ۔ مال کنگنی۔ اندر جو۔ جاوتری۔ سونٹھ۔ پپلا مول۔ مرکی۔ گھگھرول۔ لوٹا سجی۔ چاروں اجوائن صاف۔ سوئے۔ مصبر۔ ہینگ۔ ہیرا کسیس۔ زعفران ۶۔۶ ماشہ۔ لونگ ۳ دانے۔

ترکیب تیاری: مویز منقیٰ بے دانہ کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: حیض شروع ہونے سے سات دن پہلے ایک گولی صبح و شام روزانہ ہمراہ ریوڑا کھائیں اور دوران حیض چرائتہ ۳ تولہ کو تین پاؤ پانی میں پکائیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو پن کر میگنیشیا سالٹ ۵ سے ۱۰ تولہ تک ملا کر پلائیں بند حیض کھل جائے گا۔ حیض کے دنوں میں جلاب دینا لاجواب ہوتا ہے۔ صرف دو دن دیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے مدتوں کا بند حیض کھل جائیگا۔

حکیم نسخہ بیان کرنے کے بعد فرمانے لگے یہ ہمارا خاندانی راز ہے۔ لیکن آپ کی محبت بھی عجیب ہے۔ آپ پر خاندانی راز افشاء کر دیا ہے۔ ہمارے خاندان نے صرف اسی نسخہ سے شہرت حاصل کی تھی۔ واقعی یہ نسخہ کتابی نہیں لیکن اب کتابی ہوگیا ہے۔

(۱۶۶۱)پستانوں کے زخموں کا علاج

ایک مریض نے بیان کیا کہ ایک شاہ صاحب کے پاس پستانوں کے زخموں کا لاجواب

علاج ہے۔شاہ صاحب عورتوں کو گولیاں دیتے ہیں۔ میں خود بھی کئی عورتوں کو یہ گولیاں لا کر دے چکا ہوں۔ تمام کو ہی فائدہ ہوا ہے۔ بعض عورتوں کی چھاتیوں کا تو تین دفعہ اپریشن ہو چکا تھا۔

شاہ صاحب سے تعلق پیدا کیا اور نسخہ طلب کیا مگر شاہ صاحب نے نسخہ بتانے سے صاف انکار کر دیا۔ خیر کئی بار کی منت سماجت اور ملاقات کے بعد ان کا دل پسیج گیا اور نسخہ مل گیا۔ میں نے تیار کر کے مریضوں کو دیا۔ خدا شاہد ہے جن عورتوں کی چھاتیاں دوران حمل متورم ہو جاتی تھیں ان کی تکلیف دور ہو گئی۔ بعض عورتوں کا علاج کئے چالیس سال گزر چکے ہیں دوبارہ انہیں یہ تکلیف نہیں ہوئی اور علاج کے بعد ان ہاں کئی بچے پیدا ہوئے۔

ھوالشافی: کچور۔ ہجر دانہ گڑ پرانا۔ برگ مہندی۔ برگ نیم۔ سفید سرسوں۔ گیری تمام اجزاء ایک ایک تولہ۔

(۱۶۶۲)

ھوالشافی: ثمر مہوکھڑی ایک پاؤ تازہ لے کر اس کا چھلکا دور کر کے گودا بمعہ بیج رگڑ کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنالیں۔ یہ گولیاں سرخ رنگ کی ہوں گی۔

(۱۶۶۳)

ھوالشافی: رسونت صاف۔ آرد چاکسو ۵۔ ۵ تولہ۔ آب برگ بھنگ یا جوشاندہ سے نخودی گولیاں بنالیں۔ ان گولیوں کا رنگ سیاہ ہوگا۔

طریقہ استعمال: ایک دن سرخ گولی صبح شام ایک ایک۔ دوسرے دن سیاہ گولی صبح شام ایک ایک گولی دیں۔

ایک دن سادہ پانی سے سیاہ گولیاں دیں۔

دوسرے دن آب برگ نیم کے ساتھ دیں۔

تیسرے دن مہندی کے پتوں کے نقوع کے ساتھ دیں۔

چوتھے دن کچور کے نقوع سے دیں۔

پانچویں دن سادہ پانی کے ہمراہ دیں۔

کبھی کبھی ناغہ بھی کر دینا مفید ہے۔ شاہ صاحب نے فرمایا یہ ہمارا خاندانی مجرب نسخہ ہے۔ آج تک کسی کو نہیں بتایا۔ حالانکہ کئی لوگوں نے آپ سے پہلے بھی طلب کیا۔ فقط آپ کی محبت نے یہ نسخہ حاصل کرلیا ہے۔ خود میں نے حکمت کی ہزاروں کتب کا مطالعہ کیا ہے۔ لیکن یہ نسخہ کسی کتاب میں نظر نہیں آیا۔ لہٰذا مجھے یہ کہنے دیں کہ یہ نسخہ اس کتاب کے تمام نسخوں پر بھاری ہے آپ عورتوں کے علاج میں اس کو ہمیشہ یاد رکھیں۔

(۱۶۶۴) لیکوریا

یہ نسخہ ایک حکیم نے ''رسالہ الحکیم'' میں نہایت دعوے کے ساتھ پیش کیا تھا۔ انہوں نے اس نسخے کا نام ''شباب نسواں'' لکھا تھا۔ میں نے اس نسخے کو تیار کیا اور مجرب پایا۔

ھوالشافی: موصلی سفید۔ ستاور۔ مصطگی رومی۔ طباشیر نقرہ۔ موچرس۔ مازو۔ اسگندھ ناگوری۔ کمرکس۔ گل سپاری۔ سونٹھ؟ مغز تخم تمر ہندی کلاں تمام ایک ایک تولہ۔ کشتہ کوڑی زرد ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ۲ تولہ ہیں نخودی گولیاں بنا کر ورق نقرہ سے مزین کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ گولی صبح شام

فوائد: ان لاجواب گولیوں سے زرد کملایا ہوا چہرہ خوبصورت ہو جاتا ہے۔ رحم مضبوط ہو جاتا ہے۔ حمل کے ساقط ہونے کا خدشہ نہیں رہتا۔ میں نے اپنی طرف سے اس نسخے میں دوا اضافے کئے ہیں۔ اولاً مندرجہ بالا نسخہ میں فی تولہ ثعلب مصری ایک تولہ شامل کرتا ہوں۔ ثانیاً ۱۲ کشتہ جات کھلاتا ہوں۔

کشتہ قلعی۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ گاؤدنتی۔ کشتہ صدف مروارید ی۔ کشتہ بارہ سنگا۔ کشتہ بیخ مرجان۔ کشتہ شاخ مرجان۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ سنکھ۔ کشتہ کوڑی زرد۔ کشتہ عقیق۔

مقدار خوراک: ایک رتی فی گولی کے حساب سے شامل کرتا ہوں اور گولیاں ہمراہ مکھن یا مربہ استعمال کراتا ہوں۔

فوائد: بخار۔ کمزوری۔ امراض قلب۔ خون آنا۔ استحاضہ۔ منہ سے خون آنا۔ دق۔ دق بطنی۔ خرابیٔ مثانہ۔ کثرت بول۔ کمزور مریضہ کو نئی زندگی مل جاتی ہے۔ کثرت حیض سے پیدا ہونے والی

کمزوری دور ہو جاتی ہے۔

دل و دماغ کا فعل درست ہو جاتا ہے۔

آپ میرے حق میں دعا کریں کہ کس عرق ریزی سے آپ کے سامنے اپنے تمام راز کھول رہا ہوں۔

(۱۶۶۵) تریاق سیلان الرحم

ھوالشافی: مازو۔ گل دھاوا۔ اسگندھ ناگوری۔ گل سپاری۔ تج ہر ایک ۲-۲ تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک ۴ ماشہ۔ چینی ۱۰ تولہ۔

مقدار خوراک: ۳-۳ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ۔

فوائد: لیکوریا دور ہو کر عورت کا چہرہ گلنار ہو جاتا ہے۔ کمی خون اور کمزوری عام بھی دور ہو جاتی ہے۔ بعد از طہر کھلانے سے حمل یقینی ہو جاتا ہے۔ میں نے اس نسخہ کو کتنی دفعہ ہی بنا کر فائدہ حاصل کیا ہے۔ آپ بھی مطب میں بنا کر ہمیشہ تیار رکھیں۔

(۱۶۶۶) حکیم کا پاؤں پکڑنا

ایک بوڑھی عورت لیکوریا کے علاج میں بہت مشہور تھی۔ وہ بھلے وقتوں میں سو پچاس سے کم نہ لیتی تھی۔ مریض عورتیں دوا لے جاتیں۔ کئی لوگوں نے اُن سے نسخہ پوچھا لیکن بڑھیا نے ہر ایک کو انکار کر دیا۔ آخر ایک طبیب اس کے گھر پہنچ گیا اور جاتے ہی اس کے پاؤں پر گر گیا اور پاؤں پکڑ لیے اور کہا اس وقت چھوڑوں گا جب نسخہ بتاؤ گی۔ آخر بڑھیا نسخہ بتانے پر رضامند ہوگئی۔

ھوالشافی: بسد احمر ۲ تولہ۔ چاندی کا برادہ تیزابی ۲ تولہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ۱۲ عدد۔ (زردی بالکل نہ ہو)۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو ملا کر ٹکیاں بنالیں اور ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دے دیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ رتی صبح شام ہمراہ مکھن بالائی۔ کھویا یا مربہ آملہ۔

فوائد: لیکوریا دور ہو جاتا ہے۔ عورت کی صحت قابل رشک ہو جاتی ہے۔ دل و دماغ کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ حیض کھل کر آتا ہے۔ حمل کا ٹھہرنا یقینی ہو جاتا ہے۔ حاملہ کی گرمی اور دل کی دھڑکن دور ہو جاتی ہے۔

دائمی نزلہ زکام کو مفید ہے۔ یہ ایک لاجواب راز ہے جو آپ کو بتادیا ہے۔ یہ عورت سندھ میں رہتی تھی۔

(۱۶۶۷) حجام اور لیکوریا

ایک حجام کے پاس لیکوریا کا اعلیٰ درجہ کا نسخہ تھا۔ اس نسخہ کے استعمال سے لاعلاج لیکوریا کی مریضائیں بھی تندرست ہو جاتی تھیں۔ ایک عورت نے حکیم سے دوا منگوا کر کھائی تو اسے آرام آ گیا۔ اس کے بعد عورت نے اپنے خاندانی معالج حکیم کو کہا کہ آپ سے اچھا تو وہ حجام ہے جس کی دوا کھانے سے میرا لیکوریا دور ہو گیا ہے۔

حکیم کو ہتک محسوس ہوئی لہٰذا انہوں نے حجام سے برادرانہ طور پر نسخہ طلب کیا لیکن حجام نے نسخہ بتانے سے انکار کر دیا۔ لیکن حکیم جب بھی حجام سے ملتے اس سے نسخہ کے بارے میں ضرور بات کرتے۔ آخر ایک دن حجام نے حکیم کو نسخہ بتا دیا۔ حکیم چونکہ میرے ہمراز تھے۔ انہوں نے مجھے بھی نسخہ بتلا دیا۔ اب وہ حکیم فوت ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین

ھوالشافی: صدف مروارید ۱۰ تولہ۔ سنگ یہود ۴ تولہ۔ خرمہرہ زرد ۱۵ عدد۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے بھیڑ کے دودھ میں کھرل کرنا شروع کریں جب باریک ہو جائیں تو ٹکیاں بنالیں۔ اور کوزہ میں بند کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ۔ ہمراہ مکھن۔ بالائی یا مربہ دیں۔

یہ نسخہ بھی لاجواب ہے۔ اس میں ''کیلشیم (Calcium) کے مرکبات بھی موجود ہیں۔ اس کے علاوہ پیشاب کی نالی کی سوزش۔ جلن اور زخموں کو درست کرنے والی چیز سنگ یہود بھی موجود ہے۔ حجام کا یہ لاجواب نسخہ اب آپ تک پہنچا دیا ہے۔

(۱۶۶۸) نسخہ برائے کثرت حیض

ھوالشافی: زہرمہرہ اصلی۔ کہربا شمعی۔ صدف مرواریدی۔ شاخ مرجان۔ ورق نقرہ ۳۔۳ ماشہ۔ تمام اجزاء کو عرق کیوڑہ میں اتنا کھرل کریں کہ سرمہ جیسا ہو جائے۔

اس کے بعد طباشیر نقرہ۔ چھلکا اسپغول۔ جڑ انجبار۔ صندل سفید ایک‘ ایک تولہ۔ چینی کل وزن کے برابر ملا کر ۳۰ خوراک بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک‘ ایک صبح۔ شام ہمراہ آب تازہ یا عرق گاؤزبان دیں۔

فوائد: کثرت حیض۔ استحاضہ۔ دوران حمل خون آنا دور ہو جائے گا۔

یہ بھی ایک اشتہاری نسخہ ہے۔ اس کے استعمال سے عورت کی صحت قابل رشک ہو جاتی ہے۔ دل و دماغ اور خفقان قلب کو مفید ہے۔ حاملہ کو کھلانے سے حمل محفوظ رہے گا۔

یہ نسخہ واقعتاً مشکل سے حاصل ہوا۔ اللہ آپ کو اس سے کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین

(۱۶۶۹) حضرت مولانا بشیر احمد صاحب پسروریؒ

مولانا بشیر احمد پسروری ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں آپ طبابت اور علاج معالجہ کا بھی ذوق رکھتے تھے۔ آپ نے عورتوں کے امراض کا اپنا مجرب نسخہ عطا فرمایا۔ فرمانے لگے کتابوں میں یہ نسخہ درج ہے لیکن میں نے اضافہ کر کے بنایا ہے۔ اور تمام عمر اس سے فائدہ اٹھایا ہے۔ یہ نسخہ واقعی عورتوں کے لئے ایک نعمت ہے۔

ھوالشافی: گل پستہ ۴ تولہ۔ گل سپاری ۴ تولہ۔ گوند ڈھاک ۴ تولہ۔ برادہ دندان فیل ۴ تولہ۔ اسگندھ ناگوری ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۶ ماشہ۔ کشتہ پوست بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔ چینی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ ہمراہ دودھ ایک پاؤ۔ گرمی زیادہ ہونے کی صورت میں ہمراہ شربت بنفشہ۔ اگر عورت زیادہ کمزور ہو تو پورے ۹ ماہ تک کھلائیں۔

فوائد: بعد از طہر کھلانا معین حمل ہے۔ لیکوریا ہر قسم کو مفید ہے۔ کمزور عورتیں کھائیں تو ان کی صحت قابل رشک ہو جاتی ہے۔

پرہیز: تیل گڑ۔ بڑا گوشت نہ کھائیں۔

اس نسخہ کو معمول بنالیں ہے۔ عورتیں خود آ کر یہ دوا طلب کرتی ہیں اور کہتی ہیں ”حکیم صاحب! آپ“ نے فلاں عورت کا علاج کیا۔ وہ اب تندرست ہے میرا بھی علاج کریں۔ یہ

لاجواب نسخہ میرا معمول مطب ہے۔

(۱۶۷۰)نسخہ صندل پاؤڈر

ایک جگہ رشتہ داروں کے ہاں جانے کا اتفاق ہوا تو انہوں نے ایک مریضہ لا کر دکھائی۔ مریضہ نہایت کمزور تھی اس کے دو دو تین بچے بھی فوت ہو چکے تھے۔جسم پر خارش بھی تھی۔غریب گھرانے کی اس عورت نے آتے ہی منت سماجت شروع کر دی۔میرے رشتہ داروں نے بھی بہت سفارش کی۔میں نے کہا نسخہ لکھ دیتا ہوں۔بنا کر کھاتی رہو۔

ھوالشافی: صندل سرخ۔صندل سفید۔ ملٹھی۔مجیٹھ۔ ہرمچی۔ کچور۔ گیری۔ برگ نیم۔ برگ حنا تمام ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک ماشہ پانی سے کھاتے رہیں۔

دوبارہ تین سال بعد ان لوگوں کے ہاں گیا تو اس عورت کو بھی خبر ہوئی وہ بھی چلی آئی۔بہت زیادہ مشکور ہوئی۔ کہنے لگی ''حکیم صاحب! اس دوا کے کھانے سے سارے جسم کی پھنسیاں دور ہوگئیں۔اس کے بعد میں حاملہ ہوگئی۔یہ بچہ پیدا ہوا جو آپ کے سامنے کھیل رہا ہے۔ دوران حمل بھی کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔میری تمام بیماریاں گرمی۔خرابی خون۔اٹھرا اس سے دور ہو چکا ہے''

اس نسخہ کو ایک حکیم صاحب کیپسول میں بند کر کے ''اٹھرا کے کیپسول'' کے نام سے فروخت کر رہے ہیں اور ماہانہ ہزاروں روپے ماہانہ کما رہے ہیں۔

(۱۶۷۱)مولوی صاحب اور اٹھرا

ایک گاؤں میں جانے کا اتفاق ہوا تو معلوم ہوا کہ وہاں کے مولوی صاحب بچوں کے علاج اور اٹھرا کے ماہر ہیں۔ بہت سی عورتوں کا کامیاب علاج کر چکے ہیں۔ان کے علاج سے بچے نہایت خوبصورت اور موٹے تازے پیدا ہوتے ہیں۔دو تین بچے لا کر مجھے بھی دکھائے گئے۔نسخہ حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ادھر مولوی صاحب بھی اپنے دوست پر مہربان تھے۔مولوی

صاحب مسلک اہل حدیث سے تعلق رکھتے تھے اور مولانا نذیر حسین صاحب دہلویؒ کے شاگردوں میں سے تھے۔

میں نسخہ لینے کے لئے گیا تو فرمانے لگے "آپ کو کیا کمی ہے۔ آپ سے کئی عورتیں شفایاب ہو چکی ہیں۔"

میں نے کہا:

"یہ بات بالکل درست ہے لیکن آپ بھی بتا دیں"

فرمانے لگے:

"آپ سے تو انکار نہیں کر سکتا نسخہ لکھ لیں"

هوالشافي: چاکسو ۸ تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ نرکچور ۲ تولہ۔ مویز منقیٰ ۵ دانے۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔

طريقه تياري: چاکسورات کو بھگو کر صبح چھیل کر کوٹ لیں اور دیگر اجزاء ملا کر کوٹ لیں اور نخودی گولیاں بنالیں۔

تركيب استعمال: ایک گولی نہار منہ ہمراہ پانی وضع حمل تک کھلائیں۔

سورۃ الشمس ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دم بھی کریں۔

فرمانے لگے "میں نے نسخہ بڑی مشکلوں سے حاصل کیا تھا۔ آپ کو بھائی سمجھ کر بتا دیا۔

(۱۶۷۲) اکسیر رسائن برائے مستورات

هوالشافي: ثعلب پنجہ دار $\frac{1}{2}$ ۱ تولہ۔ سپاری $\frac{1}{2}$ ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ موچرس۔ گوند ڈھاک ہر ایک ۹ ماشہ۔ مصطگی۔ ست گلو ۶۔ ۶ ماشہ۔ اکسیر نقرہ ایک تولہ۔ چینی مساوی الوزن۔

مقدار خوراك: ۸ ماشہ

تركيب استعمال: صبح ہمراہ شیر جوش دار دیں۔

پرهيز: سرخ مرچ۔ تیل۔ ترشی اور ثقیل اشیاء۔

فوائد: عورتوں کی اندام نہانی سے کسی بھی قسم کی لال۔ پیلی یا سفید رنگ کی رطوبت آنا اس کے استعمال سے بند ہو جاتی ہے۔ اور سیلان کی وجہ سے پیدا ہونے ولی کمزوری رفع ہو جاتی ہے۔ رحم

نطفہ قبول کرنے کے قابل ہوجاتا ہے۔ متواتر تین ہفتہ کھانے سے عورت کے چہرہ پر سرخی جھلکنے لگتی ہے۔

(۱۶۷۳) اکسیر نقرہ

ھوالشافی: ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ کہربا شمعی۔ صدف مروارید۔ شاخ مرجان۔ بیخ مرجان ہر ایک ۱/۲ ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے اچھے کھرل میں عرق گلاب اور روح کیوڑہ کے ہمراہ کھرل کریں۔ جب مثل سرمہ باریک ہوجائے تو شامل نسخہ کرلیں۔

یہ ایک دواخانہ کا مشہور اشتہاری نسخہ ہے۔ بڑی جہد و جہد سے حاصل کیا۔ اب آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔

(۱۶۷۴) نسخہ سپاری پاک

مولانا حکیم عبداللہؒ صاحب روڑی والوں کی کتاب کنز المجربات جلد اول والا نسخہ بھی تجربہ میں مفید ثابت ہوا ہے۔ نیز دہلی کے مرکبات والا نسخہ بھی تیار کیا وہ بھی مجرب ہے۔ لیکن ایک نسخہ مجھے ایک اور حکیم صاحب سے حاصل ہوا اس نسخہ کو میرے علاوہ دو اور حکیموں نے بھی مجرب کہا ان کا بیان تھا کہ یہ نسخہ عورتوں کے لئے امرت ہے۔ نسخہ کے اجزاء ہی گواہی دے رہے ہیں۔ یہ نسخہ ان دونوں حکیموں کے مجربات کا راز ہے۔ امیر عورتیں یہ نسخہ بنا کر کھاتی ہیں۔ میں نے خود کئی عورتوں سے اس نسخہ کی تعریف سنی تو نسخہ حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا لہذا محنت کرنے سے حاصل ہوگیا۔

ھوالشافی: سپاری چکنی ایک پاؤ باریک کر کے ایک پاؤ گھی میں بریاں کریں۔ پھر دو سیر دودھ گائے کا کھویا بنا کر سپاری میں ملا کر یہاں تک پکائیں کہ سرخ ہوجائے۔ اس کے بعد الائچی خورد۔ لونگ۔ جائفل۔ جاوتری۔ سونٹھ۔ ستاور۔ موصلی سفید۔ تخم کونچ۔ تخم بھکھڑا۔ ثعلب مصری۔ طباشیر۔ اسگندنا گوری۔ کمرکس۔ موچرس۔ گل دھاوا۔ مائیں خورد۔ گوند کیکر۔ گل سپاری ہر ایک ۶ ماشہ۔ کافور بھیم سینی ۲ ماشہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ قلعی ہر ایک ۴ ماشہ۔ کستوری ایک ماشہ۔ بھی باریک کر کے اس میں ملالیں۔ اور دو سیر چینی کا قوام کر کے تمام ادویہ بمع کھویا ڈال دیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ ماشہ تا ایک تولہ

نوٹ! میرے خیال میں چینی ویسے ملالی جائے اور کھویا بھی نہ ملائیں تو زیادہ بہتر ہے، بجائے اس کے سپاری کو دیسی گھی ۶ چھٹانک میں تل کر تمام ادویہ اس میں ملا کر پنجیری بنالیں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں اس نسخہ کو استعمال کرنے سے عورت جلد ہی قوت پکڑ جاتی ہے۔ رحم جلد مضبوط ہوجاتا ہے۔ عورت اولاد پیدا کر کے کمزور نہیں ہوتی بلکہ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ اولاد زیادہ سے زیادہ پیدا کر کے خاوند کو خوش رکھے۔ لاجواب نسخہ ہے۔

کھویا نہ ملانا چاہیں تو سپاری اور گھی دیسی ہر ایک ۶ چھٹانک لیں۔ باقی نسخہ اسی طرح شامل کریں۔ سپاری دراصل طب آیورویدک کا نسخہ ہے جسے تمام دواخانے بنا کر استعمال کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک اور نسخہ بھی امراض مستورات میں لاجواب ہے۔ آیورویدک بزرگوں نے اسے عورتوں کو کھلانے کا اہتمام کر رکھا تھا۔ کیونکہ عورتوں کے لئے آب حیات ہے اس نسخہ کا نام ہے۔

(۱٦٧۵) سوبھاگیہ سینٹھی پاک

ھوالشافی: کیسر۔ سنگھاڑے۔ مغز کول ڈوڈہ۔ ناگر موتھا۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ جائفل جاوتری۔ لونگ۔ چھڑیلہ۔ ناگ کیسر۔ تیزپات۔ دارچینی۔ کچور۔ گل دھاوا۔ الائچی خورد۔ تخم سویا۔ دھنیا خشک۔ گج پیپل۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ ستاور ہر ایک ½ ۲ تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ ہر ایک ½ ۲ تولہ۔ سونٹھ مسفوف ½ سیر۔ چینی ایک سیر ۱۴ چھٹانک۔ روغن گائے ½ سیر۔ شیر گاؤ ۲ سیر۔

ترکیب تیاری: اول دودھ کا کھویا بنالیں۔ پھر گھی میں کھویا کو بریاں کریں جب بادامی رنگا دانہ دار ہوجائے تو اتارلیں۔ چینی کا قوام بنا کر تمام ادویہ کو اس میں شامل کرلیں۔

مقدار خوراک: ٦ ماشہ سے ایک تولہ ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: نسخہ کے بانی نے امراض مستورات میں وِیم کے بعد ½ ۱ سال تک کھلانے کی ہدایت کی ہے کیونکہ یہ امراض پرسوت کے لئے مفید ہے۔

- اس کے کھانے سے زچہ کی طاقت جلد بحال ہوتی ہے۔
- ماں کا دودھ پینے والا بچہ اور خود ماں اکثر امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔
- ماں اور بچہ دونوں گول مٹول خوبصورت ہوجاتے ہیں اور دیکھنے میں خوبصورت لگتے

ہیں۔

- زچہ کی قوت ہاضمہ تیز ہو جاتی ہے۔
- کمزوری جلد دور ہو جاتی ہے عورت کا وزن بڑھ جاتا ہے اور پرسوت کے بخار کا اندیشہ نہیں رہتا۔
- بلغمی کھانسی کو مجرب ہے۔ کم از کم دو ماہ تو ضرور کھلائیں۔
- عورت کے جسم کے ہر حصہ کے درد دور ہو جاتے ہیں۔
- بندش حیض کو مفید ہے۔

جان لیں کہ سپاری پاک اور سو بھاگیہ سنٹھی پاک دونوں ہی امراض مستورات میں لاجواب ہیں۔ عظیم ویدوں کا راز ہے۔ (آپ اس نسخہ کو آیورویدک فارما کوپیا میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔)

(۱۶۷۶) حب معین حمل

ایک شاہ صاحب کا لاجواب اسراری نسخہ:

ھوالشافی: ناگ کیسر۔ تخم شولنگی۔ سمندر پھل ہر ایک ۲ تولہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ داڑھی پیپل ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: بعد طہر ایک ایک گولی صبح شام

انشاء اللہ پہلے طہر کے بعد ہی حمل ہو جائے گا ورنہ اگلے طہر پر پھر کھلا دیں۔ ''محنت'' رائیگاں نہ جائے گی۔ شاہ صاحب کا خاندانی مجرب ہے۔

کورس: ۷۔۷ دن بعد از طہر۔

(۱۶۷۷) مدر حیض کورس (از حکیم فیروز الدین ایڈیٹر رسالہ ''الحکیم'' لاہور)

ھوالشافی: شورہ قلمی ۷ ماشہ۔ ریوند چینی ۷ ماشہ۔ جو اکھار ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ۱۳ ماشہ۔ شکر سفید مساوی الوزن۔

مقدار خوراک: ۷۔۷ ماشہ ہمراہ جوشاندہ قرطم دیں۔

(۱۶۷۸) جوشاندہ قرطم

ھوالشافی: تخم قرطم۔گاؤزبان۔تخم خربوزہ ہرایک ۶ ماشہ۔سونف ۷ ماشہ۔مشک طرامشیع ۷ ماشہ۔

ترکیب استعمال: تمام چیزوں کو جوشاکر ہمراہ شربت بزوری ۴ تولہ صبح شام پلائیں۔

فوائد: اس کے پلانے سے اس قدر رادرار ہوگا کہ عورت کے رحم سے ہر قسم کی غلاظت باہر نکل جائے گی اور رحم بالکل صاف ہوکر نطفہ کو فی الفور قبول کرلے گا۔

(۱۶۷۹) ہمراز حکیم کا نسخہ اٹھرا

ایک حکیم جو کہ میرے ہمراز تھے۔انہوں نے اٹھرا کے لئے ایک کم خرچ نسخہ تیار کیا جب مجرب ہو چکا تو مجھے بھی بتلا دیا۔

ھوالشافی: دھمانسہ بوٹی۔مغز تخم سرس۔رسونت مصفی۔

ترکیب تیاری: تینوں کو ملا کر ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنا کر ورق نقرہ لگالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام

فوائد: اٹھرا کو مجرب ہیں۔

خرابی خون اور بواسیر کو مجرب ہیں۔

دھمانسہ کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے بغیر اٹھرا جاتا ہی نہیں کیونکہ از حد مصفی خون ہے یہاں تک کہ بلڈ کینسر کو بھی مفید ہے۔

(۱۶۸۰) مدرحیض

ایک حکیم صاحب عورتوں کے علاج میں بہت مشہور تھے۔انہوں نے مدرحیض نسخہ اپنی تمام عمر کا مجرب اور نچوڑ بتایا۔کہنے لگے" مطبوخ قرطم" مشہور قرابادینی نسخہ ہے۔اس میں دوادویہ کا اضافہ کرلیں۔

ھوالشافی: سونف۔گاؤزبان۔تخم قرطم۔تخم خربوزہ ۶۔۶ ماشہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو جوشاکر چینی۔گڑیا شربت بزوری ملا کر پلائیں۔

ترکیب استعمال: حیض کے آغاز سے سات دن قبل شروع کریں اور ایام حیض میں بھی پلاتے رہیں اس نسخہ میں درج ذیل اضافے بھی کئے جاسکتے ہیں۔تخم گاجر۔پوست املتاس۔چھلکا خربوزہ ہر ایک ۶ ماشہ۔سردیوں میں مزید گرم کرنے کے لئے کپاس کی کھڑ کھڑیاں ۶ ماشہ بھی شامل کر سکتے ہیں۔پرسیاؤشاں ۶ ماشہ بھی شامل کی جاسکتی ہے۔

ویم کے بعد اگر نفاس رک جائے تو اس میں بھی پلا دیں نفاس فوراً جاری ہو جائے گا۔

اگر حمل خارج ہونے سے رک جائے تو اس نسخہ میں آہو بیر ۶ ماشہ اور گرہ بانس ۶ ماشہ شامل کر کے پلائیں۔

فوائد: رحم کے لئے بہترین جلاب ہے۔

آنول (مشیمہ) خارج ہونے سے رک جائے تو بھی پلادیں' خارج ہو جائے گی۔

(۱۶۸۱) شیاف:۱

حیض کی بندش میں حکیم لوگ دوران حیض شیاف بھی استعمال کرتے ہیں جس سے حیض کھل جاتا ہے۔ایک حکیم صاحب جو کہ پنساری بھی تھے۔ان کا ایک مشہور نسخہ تھا اکثر دائیاں ان سے یہ نسخہ لے جاتی تھیں۔میرے علم میں یہ بات آئی تو میں نے نسخہ طلب کیا۔کچھ دن گزرنے پر انہوں نے بے حد احسان سے نسخہ مرحمت فرما ہی دیا۔اور کہا کہ میرا تمام عمر کا معمول ہے۔

ھوالشافی: تل سیاہ ۳ ماشہ۔جائفل ایک دانہ۔مویز منقیٰ ۴ دانے۔زعفران ۲ رتی۔سونٹھ ۳ رتی۔لوٹا سجی ۴ ماشہ۔روغن کنجد ۳ ماشہ۔قند سیاہ ۹ ماشہ۔سوئے ۴ ماشہ۔بیر بہوٹی ۳ ماشہ۔نوشادر ۳ ماشہ۔پھٹکڑی سفید ۳ ماشہ۔واوڑنگ ایک تولہ۔میتھرے ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ کر شیاف بنالیں۔

ترکیب استعمال: دوران حیض رحم میں رکھوائیں۔

فوائد: اس کے رکھنے سے رحم سے فالتو پانی نکل جائے گا۔خون حیض جاری ہو جائے گا۔بانجھ پن دور ہو گا۔رحم کا تنقیہ ہو جائے گا''غذا'' طلب کرے گا۔

(۱۶۸۲) شیاف:۲

ھوالشافی: مصبر ۲ تولہ۔سقمونیہ ایک تولہ۔گودا حنظل ایک تولہ۔غاریقون ایک تولہ۔اجوائن

خراسانی ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے شیاف بنا کر مہبل میں رکھوائیں۔

فائدہ: حیض کی بندش دور ہوگی۔

(۱۶۸۳) شیاف: ۳

گودا حنظل میں گوند کیکر ملا کر شیاف بنالیں۔

یہ سادہ اور بے نظیر نسخہ اور حکیم صاحب نے مکہ معظمہ میں بتایا تھا۔ مجرب ہے۔

(۱۶۸۴) حب محافظ حمل اور اولاد نرینہ: ۱

(از: حکیم اسماعیل صاحب امرتسری مرحوم)

حکیم صاحب مرحوم نے عورتوں کے بارے میں اپنے تجربات بیان فرمائے اور ساتھ ہی مجھے عمر بھر کے معمول نسخے بھی عطا فرمائے۔

ھوالشافی: صدف صادق۔ کہربا شمعی۔ کشتہ بیخ مرجان۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر۔ مازو۔ درونج عقربی۔ عود صلیب۔ عود خام۔ ابریشم مقرض۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی۔ مغز تخم تربوز۔ تخم خرفہ ہر ایک۔ ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کوٹ کر ہمراہ شہد جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ عرق گلاب دیں۔

یہ نسخہ معجون حمل علوی خان کا مرکب ہے۔ اس نسخہ میں اگر دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ جاوتری ایک ایک حصہ اضافہ کر لیا جائے تو اولاد نرینہ پیدا ہوتی ہے۔

بچہ خوبصورت پیدا ہوتا ہے اور مختلف امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

عورت کی صحت قابل رشک ہوتی ہے۔

(۱۶۸۵) حب محافظ حمل: ۲

ھوالشافی: کشتہ صدف۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد۔ سنبل الطیب۔ عود صلیب۔ ابریشم۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ مازو۔ درونج عقربی۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی۔ ہر ایک، ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باہم ملا کر ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولی صبح شام ہمراہ عرق گلاب

فوائد: حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

عورت کی صحت بہتر ہوگی۔ بچہ بروقت اور خوبصورت پیدا ہوگا۔ اٹھرا سے محفوظ رہے گا۔

(۱۶۸۶) دوران حمل خون آنا

ھوالشافی: اگر۔ مازو۔ مائیں۔ کچور۔ طباشیر۔ ہرایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: سفوف بنانے کے بعد ہمراہ شہد گولیاں نخودی بنا کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ۲-۲ گولی صبح شام دیں۔

فائدہ: یہ تینوں نسخے انہوں نے حلفیہ بتائے اور کہا کہ ان تین نسخوں سے میں کئی سو عورتوں کا علاج کر چکا ہوں۔

یہ تینوں نسخے در بے بہا ہیں۔ میں نے خلوص سے آپ کو لکھ دیئے ہیں۔

(۱۶۸۷) اسقاط

مریضہ عمر تقریباً ۳۰ سال کی ۲۰ سال کی عمر میں شادی ہوگئی۔ دس سال گزرنے کے بعد خاوند فوت ہوگیا۔ اولاد کوئی نہ تھی۔ پھر دوسرے آدمی سے شادی کی۔ یہ خاوند سمجھدار تھا عمر کے ساتھ عورت بھی سمجھدار ہو چکی تھی۔ حصول اولاد کی کوشش کی لیکن یہ بات سمجھ میں آئی کہ کمزوری عامہ اور اسقاط کی عادی مریضہ تھی۔ مجھ سے رابطہ کیا تو میں نے یہ سفوف بنا کر دیا۔ اس کے استعمال کے بعد کوئی حمل ساقط نہ ہوا اور نہ کوئی بچہ فوت ہوا۔ اب دس بچوں کی ماں ہے۔

ھوالشافی: مروارید ناسفتہ۔ عاقرقرحا ایک ایک گرام۔ سونٹھ۔ مصطگی ۴-۴ گرام۔ زرنباد۔ درونج عقربی۔ تخم کرفس۔ شیطرج ہندی۔ قاقلہ۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ تج ہرایک ۲ گرام۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ فلفل دراز ہرایک ۳ گرام۔ دارچینی ۵ گرام۔ چینی سفید کل وزن کا تین گنا۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو سحوق کر کے رکھ لیں۔ معجون بھی بنائی جاسکتی ہے۔

فوائد: مقوی معدہ۔ مقوی اعضائے رئیسہ شریفہ۔ مصلح حال جنین۔ محافظ حمل

نوٹ! اگر کسی عورت کا مزاج صفراوی ہو تو اس میں یہ ادویہ بھی شامل کرلیں۔

صندل سفید۔ تخم خرفہ۔ بیخ انجبار ہرایک ۳ گرام۔ صندل سرخ۔ مغز تخم تربوز۔ طباشیر نقرہ ہر

ایک ۴ گرام۔روغن گاؤ ۸ گرام۔

تمام ادویہ کو ملا کر معجون بنالیں۔

از افادات: قرابادین اکمل اعظم مجربات اطباء قدیم (رحمھم اللہ علیھم اجمعین۔)

(۱۶۸۸) شیاف کثرت حیض

ایک گاؤں میں کسی کام سے جانا ہوا۔وہاں ایک خاندانی حکیم رہتے تھے۔میں نے ان سے کثرت حیض کا علاج پوچھا تو فرمانے لگے ''میں نے شیاف بنا رکھے ہیں۔دائیاں بھی آکر لے جاتی ہیں۔ان کے رکھنے سے کثرت حیض کا عارضہ ختم ہوجاتا ہے۔

ھوالشافی: مازو۔مائیں۔پھٹکڑی سفید۔ایک۔ایک تولہ۔افیون ۳ ماشہ۔تمام ادویہ کو ملا کر ۴۔۴ رتی کے شیاف بنالیں۔

صبح شام شیاف رکھوائیں۔بہتر ہے کہ مریضہ کو لٹا کر شیاف رکھا جائے۔جب گھل جائے تو دوسرا رکھوادیں۔دو تین شیاف رکھنے سے پرنالہ کی طرح بہتا خون بھی رک جاتا ہے۔فرمانے لگے یہ نسخہ میرے دادا کا مجرب ہے۔

کیپسول

نکات مطب: اس شیاف میں پھٹکڑی اور افیون دو ایسی چیزیں ہیں جن کے کھلانے سے بھی خون آنا بند ہوجاتا ہے۔لہٰذا اگر افیون ۲ چاول۔پھٹکڑی سفید ۴ رتی ملا کر کیپسول میں بند کر کے دے دی جائے تو خون آنا رک جاتا ہے۔

مقدار خوراک: دن میں ۳ دفعہ سے زیادہ نہ دیں۔

نکتہ: کثرت حیض یا اسقاط حمل کی مریضہ کو افیون کا کوئی بھی مرکب کھلانا مفید ہوگا۔

(۱۶۸۹) مدر حیض۔معین حمل

ایک مہاجر ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول اور ان کے چھوٹے بھائی (سکول ماسٹر) کے میرے ساتھ برادرانہ تعلقات تھے۔ایک دن ہیڈ ماسٹر نے اپنے چھوٹے بھائی سے کہا کہ حکیم صاحب کو وید جی کے نسخے لکھوادو۔میں نے حیرانگی سے پوچھا ''آپ لوگوں کے پاس بھی نسخے ہیں''

فرمانے لگے "ایک وید جی ہمارے خاندانی معالج تھے انہوں نے یہ کرم فرمائی کی تھی۔"

ھوالشافی: تخم شولنگی۔کشتہ سنکھ۔ناگ کیسر۔داڑھی پیپل ہر ایک ۵ تولہ باریک کرلیں

مقدار خوراک: ۳۔۳ رتی صبح شام ہمراہ دودھ گائے (نر زندہ بچہ رکھنے والی) سے صرف ۱۳ دن دیں۔

ترکیب استعمال: بعد فراغت حیض استعمال کرنے سے حمل ضرور قائم ہوگا۔اگر کوئی خرابی ہو تو اگلے حیض میں دور ہو کر لازماً حمل قائم ہوگا۔

اس علاج سے سینکڑوں بانجھ عورتیں صاحب اولاد ہو چکی ہیں۔اس نسخہ کے چاروں اجزاء اپنی اپنی جگہ پر عقر کا بہترین علاج ہیں اور چاروں مل کر تو عورت کے رحم کا تنقیہ کر کے اسے مضبوط بنا دیتے ہیں۔

(۱۶۹۰) کثرت حیض

ایک ادھیڑ عمر عورت مطب میں آئی اس کا سانس قدرے چھوٹا تھا۔کہ کہنے لگی۔"کئی دن سے حیض اس قدر آرہا ہے کہ چارپائی سے اٹھ نہیں سکتی۔سانس چھوٹا ہو گیا ہے"

میں نے کہا "خون زیادہ بہنے سے ایسا ہو جاتا ہے"

دوا تیار تھی اسے دے دی پہلے ہی دن خون رک گیا۔

ھوالشافی: رال سفید۔گیری۔سنگ جراحت ہر ایک ۵ تولہ۔

مقدار خوراک: تمام اجزاء کو باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ کی پڑیاں باندھ لیں۔

پہلی خوراک کچی لسی (دودھ کی لسی) سے دیں۔اور رات کو یہ خیساندہ بھگو کر اگلے دن سے اس کے ہمراہ لیں۔

ھوالشافی: کوکنار۔بیخ انجبار ایک ایک تولہ کوٹ کر بھگو دیں۔اگر فی خوراک چھلکا انار ۴۔۴ بھی رتی ملالیں تو زیادہ مفید ہوگا۔

(۱۶۹۱) عیسائی ماہر اٹھرا

ایک عیسائی لوگوں کے گھروں میں جا کر اٹھرا کا علاج کرتا تھا۔چنانچہ ہمارے گاؤں میں

ایک بار ایک مریضہ کا علاج شروع کیا۔ اتفاق سے میری بھی اس سے شناسائی تھی۔ میں بھی ملنے کو جا پہنچا۔ اور نسخہ طلب کیا تو اس نے بلا حیل و حجت بتا دیا۔

ھوالشافی: برگ جل نیم۔ برگ نیم۔ مغز تخم کرنجواہ ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ پانی یالسی

کچور ایک پاؤ باریک کر کے وہ بھی کیپسول میں بھر کر دیں۔ خوراک ۲ ماشہ۔

اس علاج سے اس عورت کے ہاں پیدا ہونے والا لڑکا آج تک حیات ہے اور ماشاءاللہ صاحب اولاد ہے۔

عیسائی معالج اس علاج کے عوض بھینس یا گائے لیتا اور اپنے میلہ پر بکرا کا چڑھاوا لیتا۔ اس نے بتایا کہ یہ نسخہ اس کے پیر نے اسے بتایا تھا۔ پیر کا معمول بھی یہ نسخہ تھا۔ وہ بھی یہی گولیاں اور پاؤڈر دیتا تھا۔

میں نے بھی اس نسخہ سے متعدد عورتوں کا کامیاب علاج کیا۔

یہ گولیاں مصفی خون بھی ہیں۔

(۱۶۹۲) اٹھرا کا علاج

ایک ادھیڑ عمر عورت مطب میں آئی اور کہنے لگی کہ مجھے چار ماہ کا حمل تھا ضائع ہو گیا اب ایک سال گزر چکا ہے خون جاری ہو جاتا ہے حمل نہیں ٹھہرتا۔ غور کیا تو نتیجہ یہ نکلا کہ اس کے رحم کی اچھی طرح صفائی نہ ہو سکی تھی۔

ھوالشافی: میتھرے ۳ تولہ۔ تخم خیارین ½ ۱ تولہ۔ سونف ۹ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۹ ماشہ۔ سونف رومی ۹ ماشہ۔ تخم سوئے ۹ ماشہ۔ مجیٹھ ۹ ماشہ۔ تخم کرفس ۶ ماشہ۔

ھدایت: تمام اجزاء کو کوٹ کر اس کے سات حصے کر دیئے۔ اور کہا کہ ایک پڑیا صبح ½ سیر پانی میں جوشائیں جب پانی نصف رہ جائے تو پن چھان کر چینی ملا کر صبح شام پئے۔ اور سات دن کے بعد اطلاع دے۔

سات دن کے بعد عورت آئی اور کہا کہ چار دن کے بعد زہ جیسا درد شروع ہو گیا تو ایک چیز

چوہے کی مانند خارج ہوئی۔ اس کا رنگ سبز تھا۔ اس کے نکل جانے کے بعد آرام آ گیا ہے۔

نکات مطب: یہ وہ بچہ تھا جو کہ بن چکا تھا لیکن اس میں زندگی کے آثار نہ تھے۔ لہذا لوتھڑا متعفن ہو گیا۔ یہی "کرنگ" کہلاتا ہے اس دوا کے استعمال سے رحم صاف ہو گیا۔ اسی دوا کا شربت بنا کر ماہواری آنے سے سات دن قبل دینا لاجواب ہے۔ یہ نسخہ قرابادین اکمل اعظم والے کا تجویز کردہ ہے اور سالہاسال سے مجرب ہے۔

(۱۶۹۳) اکسیر برائے مستورات

ایک شخص پیری مریدی کرتا ہے اور عورتوں کو ایک نسخہ تیار کر کے دیتا ہے اس نسخہ کے استعمال سے کمزور عورت تندرست ہو جاتی ہے۔ لیکوریا دور ہو جاتا ہے۔ عورت کی صحت قابل رشک ہو جاتی ہے۔ عورتوں نے میرے ہاں آ کر اس نسخہ کی تعریف کی۔ میں نے اس شخص سے نسخہ طلب کیا تو اس نے من وعن لکھ دیا۔

ھوالشافی: نیل ڈلی ۳ ماشہ۔ ثعلب دانہ ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ مغز تخم املی کلاں ا تولہ۔ خونسیاؤشان ا تولہ۔ لاکھ بیری ۶ ماشہ گوند کیکر ۶ ماشہ۔ گوند کتیرا ۶ ماشہ۔ مائیں ۶ ماشہ۔ مازو ۶ ماشہ۔ لودھ پٹھانی ۶ ماشہ۔ کہربا شمعی ۶ ماشہ۔ کشتہ خرمہرہ ا تولہ۔ کشتہ صدف صادق ۲ تولہ۔ انجبار ا تولہ۔ سپاری ا تولہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔ تمام اجزاء کو باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ا۔ ا ماشہ ہمراہ دودھ صبح شام

فوائد: فرمانے لگے یہی ایک راز ہے جس سے میں عورتوں کا علاج کرتا ہوں۔ زرد رنگت والی عورتوں کی رنگت سرخ ہو جاتی ہے۔ رحم طاقتور ہو جاتا ہے۔ رحم نطفہ فوراً قبول کر لیتا ہے۔ حمل ساقط نہیں ہوتا۔ دوران حمل کھلانے سے حمل کی حفاظت کرتا ہے۔ بچے خوبصورت پیدا ہوتے ہیں۔

یہ نسخہ ایک لاکھ روپے کا راز ہے۔ اس نسخہ سے میری پیری چمکتی ہے۔ عورتوں میں مشہوری ہے۔ میں نے یہ نسخہ کسی کو نہیں بتایا لیکن آپ کی محبت پر سب کچھ قربان ہے۔ اس نے نسخہ کی از حد تعریف کی اور کہا کہ میری آمدنی کا ذریعہ یہی نسخہ ہے۔ اب آپ کو بتا دیا ہے۔ اجزاء پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نسخہ میں چونے کے اجزاء بھی موجود ہیں نیز خون گاڑھا ہونے اور لیکوریا کو دور

کرنے والی ادویہ بھی موجود ہیں۔ایسے راز لوگ اپنے خاندان تک محدود رکھتے ہیں لیکن آپ کے سامنے میں نے دل چیر کر رکھ دیا ہے۔

(۱۶۹۴)شیاف مدرحیض تجربہ شدہ معمول مطب

ھوالشافی: مصبر۔مرکی۔بندال ڈوڈہ مساوی الوزن پانی سے شیاف ڈیڑھ ڈیڑھ انچ لمبے تیار کریں۔جب بچہ پیٹ کے اندر مر جائے تو اس شیاف کو رکھوائیں اور تین ڈوڈے بندال کے جوشا کر پلادیں۔مردہ بچہ خارج ہو جائے گا اور عورت کا بند حیض بھی جاری ہوگا۔اس کو تیار کر کے میں نے بندش حیض میں استعمال کئے ہیں۔مولف۔

ایک مریضہ کو ہسپتال لے گئے تو ڈاکٹروں نے کہا کہ بچہ مر چکا ہے۔کسی بڑے ہسپتال میں لے جائیں وہ مایوس ہو کر جارہے تھے آگے سے ایک ہومیو پیتھ ملا اس سے ذکر کیا تو ہومیو پیتھ نے کہا آؤ دوا لے جاؤ تو اس نے کنتھرس ۳۰ کی ۵ خوراک دے دیں اور اطلاع دینے کو کہا۔تیسری خوراک سے مردہ بچہ خارج ہو گیا۔یہ ہومیو پیتھی کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

❀❀❀

بچوں کے امراض، تشخیص اور ہدایات

بڑے بچے اور بالغ افراد تو خود بتا سکتے ہیں کہ مجھے اس جگہ تکلیف ہے۔ لیکن بچے بتا نہیں سکتے لہذا بچوں کے معالج کو بہت زیادہ سمجھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ نیز بچوں کے اعضاء کمزور ہوتے ہیں لہذا اس چیز کا خیال رکھیں۔ بچوں کا علاج کرنے کے لئے بچوں کو تین گروپس میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

- نومولود اور صرف دودھ پینے والے بچے (Neo-Nats)
- دودھ کے ساتھ اناج کھانے والے بچے (Infants)
- صرف اناج کھانے والے بچے (Children)

پہلی دو قسم کے بچوں میں عام طور پر والدہ یا دودھ پلانے والی کی خرابی سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ بیرونی اسباب خراب دودھ۔ والدہ کا بھاری غذا کھانا۔ گلی سری اشیاء کھانا بچے کو بیمار کر دیتا ہے۔

تیسری قسم کے بچوں کو بالعموم پرخوری اور کثرت خوری تنگ کرتی ہے۔ پچاس فیصد بچے قبض اور بدہضمی کی وجہ سے بیمار ہوتے ہیں۔ بچوں کی اکثر بیماریاں بڑوں کی مانند ہوتی ہیں لیکن بعض بیماریاں صرف بچوں کی مخصوص ہوتی ہیں۔ بچوں کے امراض کی شناخت کے لئے حکماء نے چند اصول مقرر کیے ہیں۔

1. اگر بچے کے کسی عضو یا عضو کے اندر درد ہو تو بچہ بار بار اس مقام کو چھوتا ہے یا اس طرف ہاتھ لے جاتا ہے مثلاً کان درد ہو تو کان کی طرف ہاتھ لے جاتا ہے۔
2. سر درد کی صورت میں بچہ آنکھیں بند رکھتا ہے۔ سر کو گرا دیتا ہے اور گردن نہیں اٹھاتا۔ سر کا چمڑہ قدرے سکڑ جاتا ہے۔

۳ اگر بچہ کی زبان پر میل جمی ہو تو بد ہضمی ہوتی ہے۔

۴ پیٹ درد کی صورت میں بچہ چلا کر روتا ہے۔ پیٹ کی طرف ہاتھ لے جاتا ہے۔ پیشانی پر بل پڑتے ہیں۔

۵ چنونے اور پیٹ کے کیڑوں کی صورت میں بچہ پاؤں مارتا ہے۔ پاخانہ کی جگہ کو کھجلاتا ہے۔

۶ نمونیہ۔ ذات الجنب کی صورت میں سانس جلد لیتا ہے۔ بخار ہوتا ہے۔ نتھنے پھولتے ہیں۔ پسلی میں درد ہوتا ہے۔

۷ خسرہ اور چیچک ہونے والی ہو تو بخار کے ساتھ چھینکیں آتی ہیں اور چہرہ کی رنگت سرخ ہو جاتی ہے۔

۸ درد مثانہ۔ پتھری یا بندش بول کی صورت میں بچہ آلت کو پکڑ کر ملتا اور روتا ہے۔ اور پیشاب تھوڑا تھوڑا یا قطرہ قطرہ آتا ہے۔

۹ مٹی کھانے یا جگر کے عارضہ کی صورت میں پیٹ بڑھ جاتا ہے اور رنگت زرد ہو جاتی ہے۔

والدین کو چاہیے کہ بچوں کی نگہداشت کریں۔ بیمار ہونے کی صورت میں فوری طور پر کسی لائق تجربہ کار حکیم کو دکھائیں تاکہ فوری طور پر علاج شروع ہو سکے کیونکہ ابھی بچہ کو کمزوری نہیں ہوئی ہوتی۔

- ماں کو اگر مٹی کوئلہ اور گندی اشیاء کھانے کی عادت ہو تو اسے ترک کرے۔
- بچے کو دودھ پلانے والی عورت جماع سے پرہیز کرے کیونکہ اسطرح دودھ خراب ہو جاتا ہے۔
- غذا صاف ستھری اور تازہ کھائیں۔ ہو سکے تو دودھ۔ گھی۔ مکھن زیادہ استعمال کرلے۔
- بچے کو موسم کے لحاظ سے لباس پہنائے کیونکہ یہ پھول ہے موسم کی شدت سے مرجھا جاتا ہے۔

- بچے کو افیون یا کوئی نشہ آور یا نیند آور دوا نہ دیں۔ یوں بچے کے اعضا کمزور ہو جاتے ہیں۔
- اگر بچے کی صحت میں فرق محسوس ہو۔ وہ ہنسے کھیلے نہ تو فوراً اس کی صحت کی طرف توجہ دیں۔
- بچے کی قبض اور بد ہضمی کا علاج کریں۔ کیونکہ قبض ام الامراض ہے۔
- بچے کے اسہال اور پیچش کا فوری علاج کریں۔
- نزلہ۔ کھانسی۔ زکام وغیرہ کو معمولی مرض سمجھ کر بے احتیاطی نہ کریں۔

بچوں کے معالج مندرجہ بالا ہدایت کو از بر کر لیں تا کہ تشخیص کرنے میں سہولت رہے کیونکہ اکثر بچے غلط تشخیص سے تلف ہو جاتے ہیں۔

- بچے کو زہریلی اور نشہ آور دوا نہ دیں۔
- زیادہ تیز دوا نہ دیں۔
- خوراک کا خیال رکھیں۔
- بچوں کی دوا خوش ذائقہ اور خوش رنگ ہونی چاہئے۔
- دودھ پلانے والی ماں کا دودھ صاف رکھنا باپ کی ذمہ داری ہے۔
- بچے کو وقت پر پاخانہ کرنے کی عادت ڈالیں۔ اس کے پیشاب کا بھی خیال کریں۔
- نومولود بچے کا پہلا پاخانہ بالکل سیاہ رنگ کا ہوتا ہے جسے داسہ کہتے ہیں اس کا خارج ہونا از حد ضروری ہے۔ اس کے نکل جانے سے بچے کا پیٹ صاف ہو جاتا ہے۔ اگر یہ نہ نکل سکے تو بچہ بیمار پڑ جاتا ہے۔

(۱۶۹۵) جنم گھٹی

بچے کا داسہ خارج کرنے کے لئے اسے جنم گھٹی دیں۔

ھوالشافی: برگ گاؤزبان۔ گل بنفشہ۔ ملٹھی۔ مویز منقیٰ۔ عناب۔ گل سرخ۔ برگ سنامکی۔

تمام اجزاء ایک ایک ماشہ لے کر انہیں جوش دے لیں۔

مغز املتاس ۶ ماشہ۔ ترنجبین ۶ ماشہ بھگو کر اچھی طرح صاف کرنے کے بعد اس میں ملا لیں اور قدرے چینی ملا کر شیریں کر لیں۔

فوائد: اس کے پلانے سے بچے کا پیٹ اچھی طرح صاف ہو جاتا ہے۔
داسہ نکل جاتا ہے۔ بچوں کی ہر قسم کی قبض کو لاجواب ہے۔

(۱۶۹۶) جنم گھٹی کا ایک اور نسخہ

ھوالشافی: سونف۔ شاہترہ۔ عناب۔ باؤبڑنگ۔ چاکسو۔ نرکچور۔ ہڑ کلاں۔ گل سرخ۔ سنا مکی تمام اشیاء ایک ایک ماشہ لیں اور نیم کوب کر کے ۵ تولہ پانی میں جوشائیں۔
مغز املتاس ایک ماشہ اور گلقند ۲ ماشہ۔ دونوں اشیاء کو الگ الگ برتنوں میں بھگو دیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت تھوڑا سا جوشاندہ اور املتاس اور گلقند والا پانی ملا کر روئی کے پھوہے یا چھوٹی چمچی سے بچے کے منہ میں ٹپکائیں۔ پہلا ہفتہ بچے کو باقاعدہ ہر روز پلائیں۔
دوسرے ہفتہ میں ایک دن چھوڑ کر پلائیں۔
اس نسخہ کے اجزا شربت جنم گھٹی سے ملتے ہیں۔ آپ بھی اسے ابال کر شربت بنالیں اور بچے بچے کو چوسائیں۔

(۱۶۹۷) ڈبہ اطفال

اکثر بچے اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں اس کی علامت درج ذیل ہیں۔

- بچے کو بخار ہو جاتا ہے۔
- سانس چھوٹا ہوتا ہے۔
- پسلیوں سے کپڑا اٹھا کر دیکھیں تو ایک یا دونوں پسلیوں کے نزدیک گڑھا پڑتا ہے۔
- بچہ بے چین ہوتا ہے۔

ھوالشافی: سہاگہ نیم بریاں ایک تولہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ مصبر ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ماں کے دودھ یا دودھ میں حل کر کے بچے کو پلائیں۔

ھدایت: ماں کو کہیں کہ بچے کو ساتھ لے کر لیٹی رہے۔ اس سے بچے کو سکون ملتا ہے۔

فوائد: نمونیہ کو مفید اور مجرب ہے۔ قبض کشا بھی ہے۔ دافع بلغم اور مقوی ہے۔
بچے کو گرم تیل کی مالش بھی کریں احتیاط رکھیں کہ بچے کی جلد نازک ہوتی ہے لہذا تیز مالش

پرکریں ورنہ دانے نکل آئیں گے۔

(۱۶۹۸) ڈبہ (ذات الجنب)

کشتہ بارہ سنگا ہر عمر میں شہد میں ملا کر چٹانا ڈبہ کو مفید ہے۔

(۱۶۹۹) دمہ

خون خرگوش کے ۲ قطرے پانی یا چائے میں ملا کر پلانا دمہ اور دمہ اطفال کا کامیاب علاج ہے میں نے اس علاج سے لاعلاج مریضوں کو تندرست ہوتے دیکھا ہے۔

(۱۷۰۰) مالش کے لئے تیل

ھوالشافی: روغن کنجد ۱۰ تولہ۔ موم اصلی ۲½ تولہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ تیل تارپین ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: روغن اور موم کو آگ پر رکھیں جب موم پگھل جائے تو اس میں کافور ملا دیں اور نیچے اتار کر تیل تارپین ملا کر کسی چیز سے ڈھانپ کر سنبھال لیں۔

فوائد: نمونیہ۔ کھانسی۔ سینہ کو ٹھنڈ لگنے میں مفید ہے۔

صرف اس کی مالش کے استعمال سے ہی نمونیہ ختم ہو جاتا ہے۔

(۱۷۰۱) ماءالعسل

بچوں کی کھانسی۔ بخار۔ پیٹ درد میں ماءالعسل کو کبھی نہ بھولیں۔

ھوالشافی: شہد مصفی ۱۰ تولہ۔ عرق سونف یا گاؤزبان ایک بوتل میں ملا کر پکائیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک ایک چمچہ صبح شام۔

فوائد: بچوں کی قبض۔ کھانسی۔ بخار۔ فالج۔ لقوہ۔ تشنج اور سینہ کا درد دور ہوتا ہے۔ ایک لائق حکیم نے یہ نسخہ مجھے بتایا اور میں نے اسے اپنے معمول میں شامل کر لیا۔ شہد میں شفا کا اعلان قدرت نے خود کیا ہے۔

(۱۷۰۲) اُم الصبیان

ایک ایسا سفوف جس کا تمام پرانی کتب میں تذکرہ ملتا ہے وہ بھی بچوں کے علاج میں تیار

کر کے رکھیں۔ کم خرچ بالا نشین ہے۔

ھوالشافی: پودینہ باغی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد مصفی مساوی الوزن

مقدار خوراک: ایک ماہ کے بچہ کو ایک یا دو رتی۔ ہمراہ گرم پانی دیں۔

ایک سال کا بچہ ایک ماشہ دو سال کا بچہ دو ماشہ

فوائد: ام الصبیان۔ سرسام۔ قبض قولنج۔ بدہضمی۔ مروڑ بوجہ قبض میں مفید ہے۔ یہ نسخہ تمام اطباء قدیم کا معمول مطب رہا۔

بدرقہ: ماں کا دودھ۔ آب نیم گرم۔ شہد یا شربت بنفشہ۔ اس کے استعمال سے قبض دور ہو کر ایک دو جلاب آتے ہیں۔

فوائد: بچوں کی اکثر بیماریاں قبض کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ پیٹ کے کیڑے بھی خارج ہو جاتے ہیں قبض دور ہو جاتی ہے۔ پیٹ کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ مٹی بھی نکل جائے گی۔

بقول حافظ جمیل احمد انصاریؒ اس سفوف کو بالغوں کے امراض میں ۶ ماشہ تک دن میں ۳ بار دینا مفید رہتا ہے۔ بالخصوص ازالہ قبض میں مفید تر پایا جاتا ہے۔

(۱۷۰۳) حب قبض

ھوالشافی: مصبر ایک تولہ۔ ریوند عصارہ ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔

مقدار خوراک: بچے: دانہ مونگ کے برابر بالغ: دانہ نخود کے برابر ۲ تا ۳ حبوب رات سوتے وقت

فوائد: قبض دور رہتی ہے۔ پیٹ سے ہوا خارج ہو جاتی ہے۔ ذیابیطس کے مریض کو قبض ہو تو اس نسخہ کو فراموش نہ کریں۔ نمونیہ کے مریض کی قبض کا اس سے ازالہ کریں کیونکہ مصبر اور ریوند دافع بلغم بھی ہیں۔ ملیریا بخار میں بھی قبض ہو جاتی ہے۔ مریض کو رات سوتے وقت دے کر اس کے جگر کی اصلاح کریں تاکہ اپھارہ دور ہو جائے۔

(۱۷۰۴) حب نمونیہ اکسیر

ھوالشافی: مرمکی۔ مصبر۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران۔ کافور۔ ایک ایک ماشہ۔ ہینگ بریاں ۲ رتی۔

ترکیب تیاری: خون خرگوش میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: چھ ماہ کے بچے کو نصف گولی۔ بڑے بچوں کو دن میں ۳ مرتبہ دیں

فوائد: نمونیہ کو بے حد مفید ہے۔

(۱۷۰۵) حب نمونیہ

ھوالشافی: مغز جمال گوٹہ مدبر۔ مغز تخم کرنجواہ۔ فلفل سیاہ۔ سونٹھ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: عرق سونف سے گولیاں بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے اسہال آ کر ڈبہ دور ہوتا ہے۔ میں نے اس گولی کو تیار کر کے ہمیشہ مفید پایا ہے۔

نوٹ! بالغ افراد کو دانہ نخود کے برابر گولی بنا کر کھلانا امراض پیٹ اور امراض خون کو مفید۔ دافع اوجاع عظیم اطباء کا مجرب ہے۔

(۱۷۰۶) حب نمونیہ اکسیر

ھوالشافی: مصبر۔ شنگرف۔ ہینگ ایک ایک ماشہ۔ افیون۔ سہاگہ بریاں ہر ایک ۳ رتی۔ نیلا تھوتھا بریاں۔ جمال گوٹہ مدبر ایک ایک رتی۔ عاقر قرحا۔ فلفل دراز۔ اشق ہر ایک ۲ رتی۔ اجوائن دیسی ½ ۱ ماشہ

ترکیب تیاری: آب کنوار گندل سے کھرل کر کے دانہ مونگ یا موٹھ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ½ یا ایک گولی عرق سونف میں حل کر کے بچوں کو دیں۔

فوائد: ڈبہ اطفال دور ہوگا۔ سینہ صاف ہوگا۔ بلغم دور اور کھانسی کافور ہوگی۔ ام الصبیان کے دورے بھی دور ہو جاتے ہیں۔

یہ نسخہ ایک اجل حکیم کا مجوزہ اور معمول مطب ہے۔ نسخہ کے اجزاء ہی گواہی دے رہے ہیں۔ میں نے نمونیہ کے باب میں آپ کو بہت زیادہ اچھے نسخے لکھ دیئے ہیں مزید آگے بھی لکھوں گا۔ نمونیہ میں دل کی کمزوری کا بھی خیال رکھیں۔ دل کی تقویت کے لئے خمیرہ جات دینا مت بھولیں۔

(۱۷۰۷)حب سرخ

ھوالشافی: لونگ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ شنگرف رومی ۴ ماشہ۔ مغز جمال گوٹہ صرف پتہ چھلکا دور کردہ ۳۲ عدد۔ پان کے پتے پختہ ۸ عدد۔

تمام اجزاء کو کھرل کریں اور سفوف بنا کر اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ہر بچے کو بلحاظ عمر دیں۔ ایک سال کے بچے کو یا اس سے کم عمر کو ایک یا نصف گولی دیں۔ خوراک ایک چاول سے دو چاول تک۔

فوائد: بچوں کے سردامراض۔ ام الصبیان۔ ڈبہ۔ قبض کو لاجواب ہے۔

حالت مرض کے علاوہ حفظ ماتقدم کے طور پر بھی دیں تو بچہ سردی سے محفوظ رہے گا۔

نمونیہ۔ قبض اور کھانسی میں ۲ چاول دینا مفید ہے۔

میرا ذاتی خیال ہے کہ فالج کو بھی مفید ہے۔

ہمراہ ماءالعسل دیں۔ لاجواب طاقتور ہے۔ میں نے اسے تیار کر کے مفید پایا ہے۔

(۱۷۰۸)شہد اور زردی بیضہ مرغ

سردی کے موسم میں شہد میں زردی بیضہ مرغ ملا کر بچے کو چٹانا اسے سردی اور ڈبہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ بطور حفظ ماتقدم کھلانا بھی مفید ہے۔ کئی بار امراء اپنے بچوں کے لیے یہ گولیاں مجھ سے طلب کرتے ہیں۔

ھوالشافی: کستوری۔ زعفران۔ جند بیدستر۔ مصبر مساوی الوزن

مقدار خوراک: دانہ لونگ کے برابر گولی صبح وشام دیں۔

فوائد: ڈبہ اور کمزوری کو مفید ہے۔

(۱۷۰۹)حفاظت از نمونیہ

ھوالشافی: لعوق سپستان۔ لعوق معتدل ایک ایک تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں جوشا کر بچے کو تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔

گوشت۔ مچھلی کھلائیں اور بیضہ مرغ۔ مغز بادام۔ چھوہارے۔ نارجیل۔ کشمش شہد میں

ڈال کر پلاتے رہیں۔

❀ مرض کی حالت میں کشتہ بارہ سنگا ایک رتی یا کم وبیش شہد میں ملا کر چٹائیں اور سینہ پر تیروطی آرد کرسنہ کی مالش کریں۔انشاءاللہ اس سے آرام ہوگا۔

❀ آرام آنے کے بعد مچھلی کا تیل (Cod liver oil) ۱۰۔۱۰ قطرے دودھ میں ملا کر صبح شام پلانے سے نمونیہ کا حملہ بار بار نہ ہوگا۔

(۱۷۱۰) ام الصبیان

اس مرض میں بچہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔آنکھوں کے ڈیلے اوپر گھوم جاتے ہیں۔ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو جاتا ہے۔منہ سے جھاگ نکلتی ہے۔

تدبیر: مریض کو ہوادار کمرے میں سلائیں اور ناک میں نسوار دیں۔

ھوالشافی: کافور ایک ماشہ۔نوشادر ایک تولہ یا سنڈھ۔مرچ سیاہ نوشادر کی باریک کردہ نسوار دیں۔

تشنج کو دور کرنے کے لئے: روغن گل کی مالش کریں یا روغن بابونہ۔روغن قسط اور روغن گل تینوں ملا کر مالش کریں ازالہ قبض کے لئے۔مندرجہ بالا تحریر کردہ پاؤڈر اور ریوند عصارہ والی حبوب دیں

(۱۷۱۱) دورہ ختم کرنے کے لئے ٹوٹکے

❀ دانہ مرجان گرم کر کے یا لوہے کی تار گرم کے داغ دیں۔انشاءاللہ دورہ نہ رہے گا۔

❀ ایک بچے کو دورہ ہوا تو میں نے سائیکل کی تار (Spike) گرم کر کے پیشانی اور دونوں آنکھوں کے درمیان داغ دیا۔اس کے بعد آج تک دورہ نہیں ہوا۔(مجرب)

❀ عود صلیب کا گلے میں لٹکانا بھی اس مرض میں مفید ہے لیکن اندرونی علاج کرنا ضروری ہے۔اگر اندرونی علاج نہ کیا گیا تو بچے کو آئندہ عمر میں مرگی ہو جائے گی۔

(۱۷۱۲) حب عود

ھوالشافی: حب عود صلیب۔عود ہندی۔اسارون۔زرنباد ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔کافور۔

جند بیدستر۔ زعفران۔ مایہ شتر اعرابی۔ بسباسہ ۶۔۶ رتی۔ فلفل سفید۔ لونگ۔ الائچی خورد۔ بالچھڑ۔ ہینگ ہر ایک پونے ۲ ماشہ۔ عقرقرحا۔ درونج عقربی۔ جدوار۔ برگ پودینہ ہر ایک ۲½ ماشہ۔ کستوری ۲ رتی۔ تمام اشیاء کو آب پان سے کھرل کر کے دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں ۳ بار مناسب عرق یا شربت میں حل کر کے دیں

فوائد: ام الصبیان کی لاجواب دوا ہے۔

ایک ادارہ کا اشتہاری نسخہ ہے۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری ۶ ماشہ حالت امن میں عرق گلاب سے دے دیں۔

(۱۷۱۳) معجون حمل عنبری علوی خانی

جس عورت کے ہر بچے کو ام الصبیان کا عارضہ ہو اس عورت کو ایام حمل میں کھلائیں تو آئندہ پیدا ہونے والے بچوں کو ام الصبیان کے دورے نہ پڑیں گے۔

(۱۷۱۴) معجون محافظ جنین

یہ معجون کھلانے سے بھی نئے پیدا ہونے والے بچے کو دورے نہ پڑیں گے۔

(۱۷۱۵) حکیم نورالدین (خلیفہ مرزا قادیانی) والی گولیاں

ان گولیوں کے علاوہ ہر وہ دوا جس میں کستوری۔ عنبر اور مقویات ہوں یا خمیرہ گاؤزبان عنبری۔ جدوار۔ عود صلیب موجود ہو دی جاسکتی ہے۔

(۱۷۱۶) کھانسی

بچوں کے پھیپھڑے نرم ہوتے ہیں۔ ان کی کھانسی کا سبب اکثر نزلہ ہوتا ہے۔ لہٰذا مناسب جوشاندوں سے علاج کریں۔

ھوالشافی: گل بنفشہ۔ ملٹھی۔ بانسہ۔ زوفا۔ خبازی۔ خطمی۔ پرسیاؤشاں ایک ایک ماشہ۔ لسوڑیاں ۵ دانے۔ عناب ۳ دانے۔ انجیر ایک دانہ۔ پانی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری واستعمال: تمام اجزاء کو پانی میں خوب جوش دیں اور نتھار کر چینی یا شہد ملا کر چٹائیں۔

فوائد: کھانسی کے لیے بے نظیر نسخہ ہے۔ یہ اجزاء ایک دن کی خوراک ہیں۔

اس کے علاوہ گکڑسنگی باریک کر کے شہد تین گنا میں ملا کر رکھیں اور ہر روز بچے کو چٹانا۔ بلغمی اور کالی کھانسی کو مفید ہے۔

(۱۷۱۷) حب کھانسی

ھوالشافی: سہاگہ نیم بریاں۔ مرچ کالی ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: لعاب کنوار گندل سے گولیاں بنا کر کھلانا مفید ہے۔

حکایت

ایک بچے کو کھانسی اس قدر شدید ہوئی کہ اس کا سینہ بند ہو گیا کھانسی کو کسی وقت بھی آرام نہ آتا تھا۔ اس کا علاج اس طرح کیا کہ نوشادر ایک ماشہ لے کر آٹا لگا کر انگاروں میں رکھ دیا۔ جب آٹا سیاہ ہو گیا تو نکال کر ٹھنڈا ہونے پر نوشادر نکال لیا۔ یہ نوشادر مدبر ہو چکا تھا۔ حلوہ بنا کر پوٹلی میں باندھ لیں اور سینہ کو گرم ٹکور کریں۔ جب سینہ گرم ہو جائے تو نوشادر مذکور نسپال کے ٹکڑے پر چاول کے برابر رکھ کر بچے کی ماں کے دودھ کے چند قطرے ڈال کر آگ پر رکھا اور گرم ہونے پر بچے کی زبان بچا کر حلق میں انڈیل دیا۔ اس سے بچے کو قے یا اسہال آ کر آرام ہو گیا اور یوں بچے کا سینہ صاف ہو گیا۔

(۱۷۱۸) لاجواب گولیاں

ھوالشافی: میعہ سائلہ۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ رب السوس ایک ایک تولہ۔ مرکی۔ گوند کیکر ۶-۶ ماشہ۔ افیون۔ زعفران ۳-۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: لعاب اسپغول سے تر کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

فائدہ: خشک کھانسی کو لاجواب ہے۔ ہر قسم کو لاجواب ہیں۔

(۱۷۱۹) شربت اعجاز

ھوالشافی: نمک بانسہ بھی شہد میں ملا کر چٹانا مفید ہے۔

شربت اعجاز یا شربت زوفا مرکب حسب ضرورت تازہ پانی یا نیم گرم پانی میں حل کرکے پلانا بچوں کو کھانسی سے نجات دیتا ہے۔

نوٹ! ایسے تمام نسخہ جات جو بالغوں کو مفید ہوتے ہیں۔ بچوں کو بھی بلحاظ عمر دیئے جاسکتے ہیں۔

(۱۷۲۰)لاجواب شربت بانسہ

ھوالشافی : بانسہ ایک کلو۔ زوفا ½ کلو۔ بنفشہ ۲۵۰ گرام۔ پوست خشخاش ۱۲۵ گرام۔ ملٹھی ۱۲۵ گرام۔ پانی ۱۲ کلوگرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کچل کر پانی میں ڈال کر ۱۲ بوتل عرق نکال لیں۔ اب فی بوتل عرق میں ۳ پاؤ چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: بچوں کو ۵ گرام اور بالغوں کو ۲۰ گرام پانی میں ملا کر پلانا مفید ہے۔

فوائد: خشک وتر کھانسی بلکہ کالی کھانسی کو بھی مجرب ہے۔ اس نسخہ سے کئی دفعہ فائدہ اٹھا چکا ہوں۔ لاجواب شربت ہے۔ کئی سال تیار کرکے معمول بنائے رکھا ہے۔ اس کو تیار کرلینا عام نسخہ جات سے بہتر ہے۔

(۱۷۲۱)شربت بنفشہ

ھوالشافی : گل بنفشہ ۷ تولہ لے کر تین پاؤ چینی میں شربت تیار کریں اور عرق سونف نکال کر اس میں ملا کر بچوں کو پلانا کھانسی کا لاجواب علاج ہے۔

میں نے اس نسخہ کو بہت مفید پایا ہے۔

(۱۷۲۲)شربت بانسہ

برگ بانسہ ۱۰ تولہ کا تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا کر رکھنا بچوں کے امرض سینہ میں لاجواب ہے۔

(۱۷۲۳)لاجواب نسخہ

ایک حکیم صاحب نے اپنا مجرب نسخہ گجرات کے ایک پرچہ میں شائع کرایا اور سفارش کی کہ میرے مجرب نسخہ کو تیار کرکے فائدہ اٹھائیں کیونکہ میں نے اس کو تیار کرکے بہت مفید پایا ہے۔

ھوالشافی: ملٹھی ۴ رتی۔ سونف ۲ ماشہ۔ بانسہ ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۲ ماشہ۔ بہی دانہ ۴ رتی۔ الائچی کلاں ایک دانہ۔ نکیاں املتاس ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۴ رتی مصری ۲ ماشہ۔ پانی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری واستعمال: تمام اجزاء کو پانی میں پکائیں۔ یہ مقدار ایک سال کے بچے کے لئے ہے۔ بلحاظ عمر خود اجزاء شامل کرلیں۔

فوائد: بچوں کے امراض سینہ۔ نمونیہ۔ کھانسی۔ قے۔ اسہال بوجہ قبض۔ اپھارہ۔ ام الصبیان۔ کھانسی زیادہ ہو تو بنفشہ ۱ ماشہ۔ زیادہ کرلیں۔

اس نسخہ کو ہمدرد گھٹی کے مقابلہ میں جانیں۔ مناسب وزن سے اس کا شربت تیار کرلیں۔ اور دیر تک برقرار رکھنے کے لئے ایک حصہ شہد اور تین حصے چینی ملا کر گھٹی تیار کرلیں۔

(۱۷۲۴) کالی کھانسی

اس کھانسی میں بچے کے گلے میں سے مرغ کی آواز کے مانند آواز نکلتی ہے اس وجہ سے اسے سعال دیکی بھی کہا جاتا ہے۔ کھانسی کی شدت سے چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے۔ اس نسبت سے اسے کالی کھانسی بھی کہتے ہیں۔ یہ عام کھانسی سے ضدی ہوتی ہے۔ میں نے اس کا کامیاب علاج کیا ہے۔ مدت کی کھانسی جلد ہی گئی۔ ایک خاندان میں کئی بچوں کو کالی کھانسی تھی۔

ھوالشافی: دودھ گائے ½ پاؤ میں روغن گاؤ ۹ ماشہ پانی ½ پاؤ ملا کر پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو ۲ تولہ چینی ملا کر رکھ لیں۔ اور بچوں کو قدرے تھوڑا تھوڑا اہلاتے رہیں۔ ختم ہونے پر اور تیار کرلیں۔ اگلی ملاقات میں ان لوگوں نے بتایا کہ ہمارے تمام بچے تندرست ہو چکے ہیں۔ جبکہ آگے آرام نہ آیا تھا۔

(۱۷۲۵) حب کالی کھانسی

ھوالشافی: افیون خالص۔ رب السوس۔ گوند کیکر۔ نشاستہ گندم مساوی الوزن لے کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: بلحاظ عمر اور بچوں کی جسمانی صحت کے مطابق۔

۱ تا ۲ سال کے بچے کو ایک ایک گولی صبح شام۔

۲ تا ۴ سال کے بچے کو ۲۔۲ گولی صبح شام

عمر کے ساتھ ساتھ مقدار خوراک میں اضافہ کرتے چلے جائیں۔

فوائد: کالی کھانسی میں مفید ہے۔

نوٹ! افیون بچوں کو مضر ہے۔لہذا چھوٹے بچوں کو احتیاط سے دیں۔ویسے مجرب ہیں۔

(۱۷۲۶) اکسیر کالی کھانسی

ھوالشافی: نمک سیاہ ۲ تولہ کو شیر مدار سے تر کریں۔اور کھرل میں ڈال کر پیسیں اور گولی بنا لیں۔اس کے بعد دو کلو آٹا گندم کو پانی سے گوندکر اس میں یہ گولی رکھ کر گولا بنالیں اور ۱۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ٹھنڈی ہونے پر گولا توڑ کر اندر سے نمک کی گولی برآمد کر کے اسے پیس کر سنبھال لیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ چاول ہمراہ مناسب بدرقہ۔

اس کے استعمال سے کالی کھانسی ایک دن میں ٹھیک ہوگئی۔

(۱۷۲۷) اکسیر کھانسی

سہاگہ۔نوشادر۔نمک سیاہ۔جوکھار ہر ایک ۶ ماشہ۔اجوائن خراسانی صاف شدہ ½۱ تولہ۔

پھل کٹائی خورد خشک ۶ تولہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے تین گھنٹہ کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے خشک ہونے پر تین کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ٹھنڈا ہونے پر نکال کر باریک کر کے سنبھال لیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی چینی میں ملا کر یا کیپسول میں بھر کر دیں۔

فوائد: بلغمی کھانسی۔کالی کھانسی۔دمہ کو مفید ہے۔بچوں کے ہاضمہ کو درست کرتی ہے۔بخار کو دور کرتی ہے۔

- اس مرض کے بچے کو سردی سے بچائیں۔
- ٹھنڈی اشیاء نہ دیں۔
- قبض دور کریں۔
- سینہ کو گرم رکھیں۔
- روغن زیتون کی مالش کریں۔اور گلے کے بٹن کھلے نہ رکھیں۔

کھانسی کے دورہ کے بعد غذا تھوڑی مقدار میں کئی دفعہ دیں۔

(۱۷۲۸) اکسیر کھانسی

ھوالشافی: فلفل دراز باریک کردہ۔ کشتہ گاؤدنتی آب برگ مدار والا مساوی الوزن۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی شہد میں رکھ کر چٹائیں۔

فوائد: کالی کھانسی اور ضیق النفس میں مفید ہے۔

طریقہ کشتہ: پہلے ۱۰ تولہ گئودنتی کو ۲۱ عدد برگ مدار میں لپیٹ کر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر باریک کر کے آب برگ مدار میں کھرل کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہے۔

(۱۷۲۹) حب زعفرانی

ھوالشافی: اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر۔ گوند کیکر۔ رب السوس۔ گوند کتیرا۔ مغز بہیدانہ۔ مرکی۔ کندر۔ لوبان کوڑیہ۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ زعفران ۲½ ماشہ۔ افیون ۴ رتی۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے عرق بادیان میں گولی بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ گولی ہمراہ شربت شفا۔

فوائد: کھانسی۔ کالی کھانسی کو مفید ہے۔ ایک بڑے حکیم صاحب کا تجویز کردہ نسخہ ہے۔

(۱۷۳۰) نسخہ شربت شفاء

ھوالشافی: عناب ۴۵ دانے۔ سپستان ۲۰۰ دانے۔ ملٹھی ۱½ تولہ۔ خطمی ڈھائی تولہ۔ خبازی ڈھائی تولہ۔ گاؤزبان ۱½ تولہ۔ مویز منقی ۳ تولہ۔ گل بنفشہ ڈھائی تولہ۔ چینی ۳ پاؤ سے شربت بنا لیں۔

(۱۷۳۱) لاجواب جوارش

ھوالشافی: سونٹھ ایک تولہ۔ ساذج ہندی ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ لوگ ۱ تولہ۔ جڑ پان ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ۔ ورق سونا ۲ رتی۔ ورق چاندی ایک ماشہ۔۔ کستوری ۳ ماشہ۔ شہد ایک پاؤ مصفا۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ

فوائد: مقوی دل ودماغ اور معدہ ومثانہ ہے۔ بلکہ تمام اعضاء انسانی کو مقوی ہے۔ بچوں کو ڈبہ

کے بعد کی کمزوری کھانسی اور دمہ میں لاجواب ہے۔ کسی مرض سے بچہ اگر کمزور ہو جائے یا بار بار بیمار ہو تو اسے کھلانا لاجواب ہے۔ اس کے استعمال سے بار بار ہونے والا نمونیہ جان چھوڑ جاتا ہے۔ فالج کو بھی مفید ہے۔ بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔ میرا تمام عمر کا معمول ہے۔

(۱۷۳۲) سفوف مفرح طباشیر

ھوالشافی: طباشیر۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی۔ الائچی سبز ۵۔۵ تولہ۔ ناریل دریائی ۳ تولہ۔ کشتہ عقیق ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ آب انار۔ شربت صندل شربت انجبار یا مناسب بدرقہ سے دینا مفید ہے۔

فوائد: مقوی دل و دماغ۔ جگر اور معدہ ہے۔

یہ دونوں نسخے طب جدید شاہدرہ والوں کے مجرب ہیں۔

(۱۷۳۳) معجون

جوارش مذکور سفوف مفرح مذکورہ بالا ایک ایک تولہ اور شہد تین گنا ملالیں۔

فوائد: بچوں میں اسہال کے بعد کی کمزوری۔ میعادی بخار کے بعد کی کمزوری۔

اس میں مندرجہ ذیل کشتہ جات شامل کرنا بھی مفید ہے۔

ھوالشافی: کشتہ مرکب سونا۔ مروارید۔ مرجان۔ عقیق۔ زمرد۔ یاقوت۔ یشب۔ ورق نقرہ ۳۔۳ ماشہ۔

مرجان ایک تولہ کو آب کنوار گندل میں کھرل کر کے آگ دیں۔ ایک بار آب مکو میں کھرل کر کے آگ دیں۔

ایک بار عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں اور اس کے بعد آگ دیں بس کشتہ تیار ہے۔

معجون مندرجہ بالا میں ایک ماشہ کشتہ مذکورہ ملالیں۔ تو ایک لاجواب دوا بن جاتی ہے۔

فوائد: میں نے ایسے بچوں کو بنا کر دیا جن میں بظاہر زندگی کی کوئی امید نہ تھی۔ اور وہ سنبھل

گئے۔ایسے بچوں کو خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا مناسب مقدار میں کھلانا بھی مفید ہے۔ہر قسم کی کمزوری کو لاجواب ہے۔مجرب نسخہ ہے۔

(۱۷۳۴) کمزوری اطفال کا لاجواب تجربہ

ایک بچی اسہال سے از حد کمزور ہو گئی۔زندگی کی کوئی امید نہ رہی تو میں نے جواہر مہرہ ۲ چاول ایک تولہ شہد میں ملا کر دے دیا۔اور کہا کہ اسے بار بار چٹائیں۔اس کے چٹانے سے بچی کی طبیعت سنبھل گئی۔

جو بچے ہر وقت کسی نہ کسی مرض میں مبتلا رہتے ہوں انہیں مندرجہ ذیل نسخہ دیں۔

ھوالشافی: خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ۔جواہر مہرہ ۲ چاول تیار کر دیا کریں۔

مقدر خوراک: تھوڑے تھوڑے وقفہ سے چٹائیں۔

(۱۷۳۵) لاجواب گولیاں

ایک پنسای کا بچہ ہر وقت بیمار رہتا تھا۔کبھی اسہال کبھی بخار اور کبھی نمونیہ اس کو ہوش ہی نہ آنے دیتا تھا۔ایک حکیم تجربہ کار جوان سے ہر روز ادویہ خریدتا تھا۔پنساری نے بچے کی بیماری کا تذکرہ کیا تو حکیم نے کہا یہ گولیاں تیار کر لو۔

ھوالشافی: جدوار۔عنبر۔زعفران ۳-۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: عرق گلاب اور شہد سے دانہ مونگ سے نصف مقدار کی گولی تیار کریں۔

مقدار خوراک: روزانہ ایک گولی

فوائد: ان گولیوں سے بچہ کی تمام کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں۔

بار بار تنگ کرنے والا نزلہ۔نمونیہ اور عام کمزوری دور ہو جاتی ہے۔قد میں اضافہ ہوتا ہے۔

نکات مطب: یہ نسخہ قرابادینوں میں مذکور ہے۔پرانے حکماء نے اسے تجویز کیا ہے۔میں نے بھی نسخہ ملتے ہی ان گولیوں کا تجربہ کیا اور اکسیر پایا۔جب کبھی ضرورت ہو تو انہیں تیار کر لیتا ہوں۔

مقوی اعصاب بنانا مقصود ہو تو اس میں کچلہ مدبر ایک حصہ بڑھا لیتا ہوں یہ گر مجھے ایک

بوڑھے حکیم نے بتلایا تھا میں نے تجربہ میں مفید پایا ہے۔

(۱۷۳۶) ستو پلادی چورن

ھوالشافی: مصری ۱۶ تولہ۔ طباشیر ۸ تولہ۔ فلفل دراز ۴ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کریں اور روغن بادام میں چرب کر کے رکھیں اور شہد میں ملا کر چٹائیں۔

فوائد: شربت بنفشہ ملا کر چٹانا کھانسی ہر قسم کو دور کرتا ہے۔ امراض گلو۔ کمی بھوک۔ بخار سادہ۔ میعادی بخار۔ کمزوری بچگان۔ اور سوکھا پن دور ہوتا ہے۔ بالغ افراد کی کھانسی۔ دق اور سل میں مفید ہے۔

شہد میں ملا کر چٹانا لاجواب ہے۔ آیورویدک کا مشہور نسخہ ہے۔ میں نے تیار کر کے اسے بہت مفید پایا ہے عام دواخانوں کا مشہور معمول مطب نسخہ ہے۔ کم خرچ بالانشین ہے۔

(۱۷۳۷) لعوق کالی کھانسی

ھوالشافی: کوکنار۔ اجوائن خراسانی۔ نمک سیاہ۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ برگ مدار خشک ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: عرق سونف میں ٹکیاں بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر ایک تولہ یہ سفوف ۶ ماشہ روغن ناریل میں مچرب کر کے شہد خالص ۶ تولہ شامل کر کے چٹنی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ دن میں ۳ مرتبہ دیں۔

فوائد: کالی کھانسی کو مجرب ہے نیز عام کھانسی کو بھی مفید ہے۔ ہاضم طعام۔ دافع بخار ہے اور امراض صدریہ کو مفید ہے۔

ایک بڑے حکیم کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ ان کے فرمان کے مطابق لاجواب ہے۔ بنا کر آپ بھی تجربہ کریں۔

(۱۷۳۸) لاجواب عرق

ھوالشافی: عرق اجوائن تیز ۱۵ تولہ میں پھٹکڑی سفید ۶ ماشہ باریک کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ۔تا ایک تولہ بلحاظ عمر بچہ کو دیں۔

حضرت مولانا عبداللہؒ صاحب روڑی والے فرماتے ہیں کہ یہ عرق کالی کھانسی کے لئے ہمارے تجربہ کی دوا ہے۔عرق اجوائن تیز کا مطلب ہے فی بوتل ۱۰ تولہ اجوائن۔

(۱۷۳۹) ایک چٹکلہ

کھانسی کے مریض بچہ کی ماں کو دیں اور کہیں کہ اسے پستانوں کی بھٹنیوں اور کالے دائرہ پر لگالے اور خشک ہونے پر پستان بچہ کے منہ میں دے۔اس سے دوا بچے کے منہ میں چلی جائے گی اور یوں سخت سے سخت کھانسی کو آرام ہوگا۔بارہا کا مجرب ہے۔

نسخہ: پھٹکڑی سوختہ یا سہاگہ سوختہ پیس کر پستانوں پر لگانے کو دیں اور خشک ہونے پر دودھ پلانے کا کہیں۔

❀❀❀

اسہال

ایک محتاط اندازے کے مطابق دنیا میں مرنے والے بچوں کی ستر فیصد تعداد اسہال کے ہاتھوں لقمہ اجل بن جاتی ہے۔ اسہال سے بچہ کمزور ہو کر مرض سوکھا میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ ہر معالج کے پاس اسہال کے بیسیوں مریض آتے ہیں۔ لیکن علاج کامیاب نہیں ملتا۔ میں اپنے بچاس سالہ تجربہ کی بناء پر کہتا ہوں کہ میں نے اس مرض پر ۹۵ فیصد کامیابی حاصل کی ہے۔

اسہال کے مریض بچے کا پہلے یہ معلوم کریں کہ دست ہیں یا مروڑ۔ مروڑ میں سدہ ہوتا ہے اسے خارج کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس کے لئے کسٹر آئل اچھی چیز ہے۔ حسب عمر و طاقت بچہ کو پلائیں اور گرم کر کے پیٹ پر بھی مل دیں۔ اس کے پلانے سے ایک دو اسہال آ کر سدہ خارج ہو جاتا ہے اور مروڑ خود بخود ختم ہو جاتا ہے یا یہ جوشاندہ پلائیں۔

(۱۷۴۰) جوشاندہ

هوالشافی: گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ سنا مکی ۲۔۲ ماشہ پانی میں ابال کر چینی ملا کر پلانا سدہ کو دور کرتا ہے۔ بلحاظ عمر دوا زیادہ بھی دی جا سکتی ہے۔ اس میں بادام کا شیرہ یا تیار شدہ میں روغن بادام ۶ ماشہ بھی ملایا جا سکتا ہے اس کے علاوہ گائے کا گھی بھی ملا سکتے ہیں۔

سدہ خارج ہو جانے کے بعد قابض ادویہ دیں۔

بچے کی والدہ کو مرچ سرخ۔ مصالحے والی غذاؤں۔ گوشت۔ انڈے۔ پکوڑے۔ آم اور جماع سے پرہیز کرائیں۔

بچے کے پیٹ پر کسٹر آئل اور آٹے کا نمکین حلوہ بنا کر باندھنا بھی قبض کو دور کرتا ہے۔ قولنج کو دور کرتا ہے اور ورم امعاء کو ختم کرتا ہے۔

اسہال کے مریض بچوں کا پیشاب بھی بند ہو جاتا ہے۔ اس کا بھی خاص خیال رکھیں۔ ایسی

صورت میں بچے کو نیم گرم پانی میں بٹھا دیں یا نیم گرم پانی اس کی ناف پر ڈالیں اس سے پیشاب کھل جائے گا۔

اندری جلاب (جوکھار۔ قلمی شورہ۔ نوشادر مساوی الوزن) ایک تا ۲ رتی تک دیں۔ بچے کی پیشاب کی نالی میں زعفران کی تری رکھنے سے بھی پیشاب کھل جاتا ہے بچے کی ناف کے نیچے قلمی شورے کا ضماد کرنے سے بھی پیشاب کھل جاتا ہے۔ اندری جلاب کو شربت بزوری کے ہمراہ دینا بھی مفید ہے۔

دانہ الائچی کلاں اور شورہ قلمی کا سفوف بنا کر ۲ رتی فی خوراک دینا بھی بندش پیشاب کو مفید ہے۔

(۱۷۴۱) اسہال بچگان

قیام پاکستان کے زمانہ میں ایک بچہ اسہال میں مبتلا ہو گیا۔ اپنے باپ کا اکلوتا بیٹا تھا ادھر لوٹ مار کی وجہ سے دکانیں تباہ ہو چکی تھیں۔ والدین اس کے زندگی سے مایوس ہو چکے تھے۔ بچے کو قے۔ اسہال۔ پیاس۔ عام کمزوری۔ بخار اور سوکھا ہو چکا تھا۔ جس کی وجہ سے بچہ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا تھا۔ میرے پاس آئے تو انہیں حوصلہ دیا اور یہ پاؤڈر تیار کر کے دیا اس کے استعمال سے بچے کی قے۔ بخار۔ اسہال۔ کھانسی دور ہو گئے اور مرض کے باعث ہونے والا سوکھا بھی دور ہو گیا۔

ھوالشافی: ناگر موتھا۔ اتیس۔ ککڑ سنگی۔ فلفل دراز ہر ایک ۲ ماشہ۔ الائچی خورد۔ ست گلو۔ رب السوس۔ زہر مہرہ خطائی۔ نارجیل دریائی ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے ۲۔۲ رتی عرق گاؤزبان۔ عرق سونف سے دینا شروع کیا۔ چند روز میں تکالیف دور ہو گئیں اور بچہ ہر طرح تندرست ہو گیا۔ اس وقت وہ بچہ ماشاء اللہ ۱۰ بچوں کا باپ ہے میں نے اس نسخہ سے اور بھی اسہال کے مریض تندرست کئے۔ یہ میرا معمول مطب رہا ہے۔

(۱۷۴۲) رام بان رس

ھوالشافی: دانہ خشخاش سفید۔ کتھ سفید۔ مغز تخم کرنجواہ۔ موچرس۔ بیل گری۔ سونف نیم

بریاں۔ ہلدی۔ پودینہ خشک ایک ایک تولہ۔ ہینگ ہیرا بریاں ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو مثل سرمہ باریک کرلیں۔

خوراک: حسب عمر و طاقت۔

نوٹ! اصل نسخہ میں افیون ایک تولہ تھی لیکن تیار کرنے والے نے ۶ ماشہ بتائی ہے۔ صاحب نسخہ نے کہا ہے کہ میں نے اس نسخہ کو مجربات تلسی سے دیکھ کر بنایا ہے۔ تمام عمر اسی کو استعمال کیا ہے۔

فوائد: اسہال۔ مروڑ۔ بچگان کو لاجواب ہے

اسہال خواہ دانت نکالنے کے زمانہ کے ہوں یا خسرہ وغیرہ کے اس سے دور ہو جاتے ہیں۔

اگر مروڑ ہوں تو پہلے سدہ خارج کریں اس کے بعد یہ دوا ۲ تا ۴ چاول تک ہمراہ شربت انجبار۔ شربت آس یا شربت صندل سے دیں۔

میرے خیال میں اس میں چار گنا چینی ملا کر پاؤڈر بنالیں اور خوراک ایک تا ۲ رتی دیں۔ یوں خوراک بنانے میں آسانی ہوگی۔ نسخے کے مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

(۱۷۴۳) شربت مدر سنائی

ھوالشافی: گل سرخ ایک پاؤ۔ سنا مکی ۵ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر اچھی طرح پکائیں۔ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ۔ سے ایک تولہ تک بلحاظ عمر دیں۔

ایک لڑکی کے وارثوں نے کہا کہ یہ لڑکی ہر وقت بیمار رہتی ہے۔ قبض۔ کھانسی اور پیٹ میں اپھارہ بھی ہے نیز مٹی بھی کھاتی ہے۔ اس لڑکی کو یہ نسخہ دیا تو اس کا پیٹ صاف ہوگیا اور کھانسی دور ہو گئی۔

نکات مطب: مروڑ کے علاج سے ایک دن قبل پلا دیں۔ اس سے اسہال آ کر پیٹ صاف ہو جائے گا۔ بچوں کے پیٹ سے مٹی بھی نکل جائے گی۔ پیٹ میں جما ہوا دودھ بھی نکل جائے گا۔ اس سے سیونکاں بھی نکل جاتی ہیں۔

ملیریا بخار میں دینے سے مریض کی قبض دور ہوتی ہے۔

یہ گھٹی کا کام بھی دیتا ہے گرم پانی میں دینے سے اسہال لاتا ہے۔ اس کا نام شربت مدر

نائی ہے۔

(۱۷۴۴) سفوف بال پال

مریض بچہ کی عمر تقریباً ۳ سال۔ سوکھ کر کانٹا ہو چکا تھا۔ اس کے وارث میرے پاس لائے اور کہا کہ کبھی بھی تندرست نہیں ہوا۔ ہر وقت اسہال آتے رہتے ہیں۔ سفوف بال پال کی ۲۔۲ رتی کی پڑیاں باندھ دیں اور کہا کہ دن میں ۴ خوراک دیں۔

غذا: چاول۔ نرم کھچڑی۔ ساگودانہ دیں۔ ٹھوس غذا بالکل نہ دیں۔

چار دن بعد بچے کے گھر والوں نے آ کر کہا کہ حکیم صاحب ہم نے بڑے بڑے شہروں میں بچے کو بڑے بڑے نامی گرامی ڈاکٹروں کے پاس گھمایا ہے۔ دو ہفتے ہسپتال میں رہا ہے لیکن سب فضول۔ آپ کی سولہ پڑیاں سے بچے کے اسہال بھی بند ہو گئے اور سوکھے کو بھی فائدہ پہنچا ہے۔ میں نے کہا ''یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔''

ھوالشافی: کھٹک آدی چورن ۵ تولہ۔ کشتہ سنکھ ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ایک تولہ۔ رس پر پٹی ۶ ماشہ۔ کافور رس ۳ ماشہ۔

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک کر کے ملالیں۔ پس نسخہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: بچہ کی عمر دیکھ کر ۲ تا ۴ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

(۱۷۴۵) کھٹک آدی چورن

ھوالشافی: کھڑیا مٹی ۲۵ حصہ۔ دار چینی ۱۵ حصہ۔ جائفل ۸ حصہ۔ لونگ ۴ حصہ۔ دانہ الائچی ۳ حصہ۔ چینی سفید ۵ حصہ۔ تمام اجزاء کو باریک مثل سرمہ کریں۔

(۱۷۴۶) تنکار

سہاگہ کو تابہ پر رکھ کر بریاں کریں۔

(۱۷۴۷)

طریقہ تیاری: سنکھ لے کر نمک والے پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اس سے مٹی وغیرہ صاف ہو جائے گی پھر چار چند نغدہ کرنڈ میں رکھ کر آگ دیں۔ اگر ایک آگ میں باریک نہ ہو تو

کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر اتنی آگ دیں کہ خوب مکلس ہو جائے۔
اس کے بعد عرق گلاب میں کھرل کر کے سرد کر کے رکھ لیں۔ کشتہ سنکھ تیار ہے۔

(۱۷۴۸) کافور رس

طریقہ تیاری : شنگرف۔ افیون۔ ناگر موتھا۔ اندر جو۔ جائفل۔ کافور ایک ایک تولہ۔ مثل سرمہ باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر رکھ لیں اور وزن کر کے نسخہ میں ملا لیں۔

(۱۷۴۹) رس پر پٹی

طریقہ تیاری : پارہ مصفا۔ گندھک مصفا ۵۔۵ تولہ کی کجلی تیار کریں حتی کہ سیاہ ہو جائے۔ گائے کا گوبر زمین پر بچھا کر تین انچ موٹی تہ لگائیں اور گوبر کے اوپر کیلے کے پتے رکھ دیں۔
ایک چھوٹی کڑاہی کو گھی سے مچرب کر کے اس میں کجلی ڈال کر گرم کریں اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں جب پگھل جائے تو گرم گرم کو گوبر پر رکھے کیلے کے پتے پر الٹ دیں اور اوپر کیلے کا پتہ رکھ کر تازہ گوبر تین انچ ڈال کر اچھی طرح ہاتھ یا لکڑی سے دبا دیں۔ تاکہ دوا کیلے کے پتے پر پھیل جائے۔
ٹھنڈا ہونے پر کیلے کے پتے کے اوپر سے سیاہ رنگ کی دوا چاقو سے کھرچ لیں۔ رس پر پٹی تیار ہے۔ طب آیورویدک کی ایک لاجواب دوا ہے۔

فوائد: اسہال کو ختم کرتی ہے۔ دق۔ جذام۔ بواسیر۔ سوجن بدہضمی کا ازالہ کرتی ہے۔ میعادی بخار کے دستوں کو بند کرتی ہے۔ اندرونی زخموں کو مندمل کرتی ہے۔ سنگرہنی اور پرانے اسہال کی لاجواب دوا ہے۔

میرا بارہا کا مجرب ہے۔

(۱۷۵۰) اسہال بچگان

ایک بچہ کو روزانہ پچیس کے قریب اسہال آتے تھے۔ کسی دوا سے فائدہ نہ ہوا آخر گنگادر رس ایک ایک چاول کی مقدار میں صبح شام کھلایا گیا اس سے اسہال فوراً بند ہو گئے۔

ھوالشافی: گندھک۔ پارہ۔ موچرس۔ اندر جو۔ ناگر موتھا۔ لودھ پٹھانی۔ بیل گری۔ گل

دھاوا۔ افیون ایک ایک تولہ

ترکیب: تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: بچے: ½ تا ایک چاول

بالغ: ایک تا ۲ رتی

یہ بھی ایک لاجواب آیورویدک دوا ہے۔ میں نے اس سے کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

(۱۷۵۱) اچانک طبیب

ایک مہاجر کا لڑکا بیمار ہوا تو وہ دوا لینے آیا۔ میں نے نسخہ کاغذ پر لکھ کر اس کے لئے دوا بنانا شروع کی۔ میں اپنی نشست پر واپس آیا تو اس نے وہ کاغذ اٹھا لیا۔ اس کا بچہ اسہال کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہو چکا تھا وہ تندرست ہو گیا۔ بعد میں کسی نے مجھے بتایا کہ فلاں مہاجر بچوں کو اسہال کی دوا دیتا ہے اور بچے تندرست ہو جاتے ہیں۔ میں نے اسے بلا کر پوچھا کہ ''تم کونسا نسخہ بنا کر دیتے ہو''

اس نے جواب دیا جب میں دوا لینے تمہارے پاس آیا تھا تو نسخہ کاغذ پر لکھ کر تم نے رکھا تھا۔ میں نے وہ کاغذ اٹھا لیا۔ وہی بنا کر دیتا ہوں۔ اس سے کئی بچے تندرست ہو چکے ہیں۔

ھوالشافی: ناگرموتھا۔ ناریل دریائی۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ کاکڑا سنگی۔ اتیس۔ زہر مہرہ۔ خطائی ایک ایک تولہ۔ فلفل دراز ۹ ماشہ۔ چینی سفید ۲ تولہ کو ملا کر باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماہ کے بچہ کو ۵ رتی

ایک سال کے بچہ کو ایک ماشہ تک دیں۔

اگر اس میں مروارید ۳ ماشہ یا کشتہ صدف مروارید ۶ ماشہ۔ کا اضافہ کر لیں تو تریاقی اثرات پیدا ہو جاتے ہیں۔

(۱۷۵۲) تین سالہ بچہ

ایک لڑکا عمر تین سال کو لے کر مطب میں آئے اور کہا کہ یہ لڑکا شروع سے ہی بیمار چلا آرہا ہے۔ ہم اس کو کئی شہروں میں لے گئے ہیں۔ بڑے بڑے معالجوں سے علاج کرایا ہے مگر صحت

اس کے نصیب میں نہیں آتی۔اب ہمارے رشتہ داروں نے آپکی اطلاع دی ہے۔اور کہا ہے ہم جب سے ہجرت کر کے آئے ہیں اس دن سے ہی ان سے علاج کراتے ہیں۔لڑکے کی حالت یہ تھی کہ وہ از حد کمزور تھا۔پے درپے اسہال۔بخار۔کھانسی۔سوکھا کا مریض تھا۔

اس کے لواحقین سے کہا کہ شفا تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔میں علاج کرتا ہوں امید ہے اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔اللہ کا نام لے کر بچے کو دوا دے دی اور غذا میں چاول۔نرم کھچڑی۔ساگو دانہ دہی بتایا تین دن کے بعد وہ لوگ آئے تو بچہ کو اسہال نہ تھے۔بخار بھی اتر چکا تھا اور کمزوری بھی کم تھی۔ان لوگوں نے اس پر میرا شکریہ ادا کیا۔

ھوالشافی: گندھک۔پارہ۔جائفل۔جاوتری۔لونگ۔برگ نیم۔برگ سنبھالو۔دانہ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تمام اجزاء کو اچھی طرح باریک کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ آب یا رب انار یا مناسب بدرقہ۔

فوائد: اسہال۔سنگرہنی۔مروڑ۔بخار۔بواسیر خونی کو لاجواب ہے۔

نوٹ! اگر اس دواء میں فی خوراک زہر مہرہ خطائی ایک رتی بھی شامل کر دیں تو زیادہ مفید ہے۔اس جوشاندہ سے دھنیا خشک۔مشک بالا۔بیل گری۔ناگر موتھہ۔سونف۔مساوی الوزن کوٹ کر رکھیں۔ایک تولہ اس سے لے کر ۱۶ تولہ پانی میں ابال کر آدھارہ جائے تو پن کر شہد ملا کر پلا دیں۔

(۱۷۵۳) سفوف مطب شاہدروی

ایک مہاجر بچہ عمر دو سال دوران ہجرت راستہ میں بچے کو اسہال۔بخار سے کمزوری عامہ ہو گئی۔یہ قافلہ جب ہمارے گاؤں پہنچا تو انہوں نے بچہ مجھے دکھایا۔بچہ کی حالت یہ تھی کہ اس کی ٹانگیں انگلی برابر ہو چکی تھی۔گردن بھی بالکل سوکھ گئی تھی۔اسہال اس قدر زیادہ تھے کہ ہر آدھ گھنٹہ بعد آتے تھے۔ان دنوں عام دکانیں بھی تباہ ہو چکی تھیں۔اللہ تعالیٰ کا نام لے کر یہ سفوف دیا گیا۔

ھوالشافی: ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ۔دارچینی ایک تولہ۔جائفل ۹ ماشہ۔لونگ ۳ ماشہ۔دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔پارہ ۳ ماشہ۔گل قیمولیہ ایک تولہ۔گل ارمنی ۲ تولہ۔چینی سفید ۶ تولہ۔

ترکیب: تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: بچے: ۲ تا ۴ رتی بالغ ایک تا ۲ ماشہ

یہ سفوف طب جدید شاہدرہ والوں کا تیار کردہ ہے۔ ان کی طبی اربعین میں یہ بھی شامل ہے۔ لاجواب نسخہ ہے یہ نسخہ ہزار نسخوں کے برابر ہے۔ اس کے اجزاء عام۔ سہل الحصول۔ خوشبودار اور شیریں ہیں۔ اور سب سے بڑی یہ بات کہ نسخہ کم خرچ ہے اور جلد تیار ہو جاتا ہے۔

❀❀❀

مرض عطاش (پیاس کی شدت)

عطاش ایک ایسی نامراد مرض ہے جس میں ہر سال ہزاروں بچے فوت ہو جاتے۔ دراصل یہ مرض بچوں کا سرسام ہوتا ہے۔

علامات: بچے کو پیاس بہت زیادہ لگتی ہے۔ اسہال آتے ہیں۔ بخار ہو جاتا ہے اور بچہ از حد کمزور ہو جاتا ہے۔ بچے کا تالو بیٹھ جاتا ہے۔

علاج: دودھ پلانے والی عورت کی غذا میں سے گرم اشیاء خارج کر دیں۔ ٹھنڈی ترکاریاں کھلائیں۔ مریض کو سرد جگہ رکھیں۔ دودھ پلانے والی کو سختی سے جماع سے منع کریں۔ بچے کے سر کے بال مونڈ کر سرکہ ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۲ تولہ۔ روغن گل ایک تولہ ملا کر اس میں کپڑا تر کر کے بار بار تالو پر رکھیں۔

قبض کی شکایت ہو تو کسٹر آئل یا گلیسرین کی بتی مقعد میں داخل کریں۔ تشنج کی صورت میں روغن گاؤ سے کپڑا تر کر کے فم معدہ پر رکھیں۔

گھبراہٹ دور کرنے کے لئے ماء الشفا دیں امرت دھارا ۲۱ بوند۔ گوند کیکر ایک تولہ کھرل میں ڈال کر رگڑیں جب گوند میں حل ہو جائے تو اس میں قدرے پانی ڈال کر رگڑتے جائیں۔ حتی کہ ایک بوتل پانی اس میں حل ہو جائے تو بوتل میں ڈال لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک چمچہ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پلائیں۔

(۱۷۵۴) کمزوری

کمزوری کی حالت میں خمیرہ مروارید ۲ ماشہ یا خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا ۳ ماشہ میں جواہر مہرہ ایک چاول رکھ کر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔

کثرت اسہال میں مروارید۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی ۲۔۲ رتی باریک کر کے

شربت انارین ۶ ماشہ میں رکھ کر چٹائیں۔اس کے چٹانے سے کمزوری بھی دور ہوگی۔اسہال بھی کم ہوں گے اور بچہ ہوش پکڑ جائے گا۔

(۱۷۵۵)حب مروارید ی

اس مرض میں حب مروارید ی اکسیر کام کرتی ہے۔

ھوالشافی: مروارید ایک ماشہ۔زہر مہرہ خطائی۔ناریل دریائی۔سنگ یہود۔پوست ہلیلہ زرد۔مغز کول ڈوڈے طباشیر نقرہ۔دانہ الائچی خورد۔زیرہ گلاب ایک'ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کرکے عرق گلاب میں خوب کھرل کریں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک'ایک گولی ہر دس منٹ بعد دیں۔

فوائد: بچوں کے امراض میں اکسیر ہے۔

بچے دانت آسانی سے نکال لیتے ہیں۔

مریض کی پیاس۔قے۔دست۔بدہضمی۔سوکڑا۔اور دانت نکالنے کے زمانہ کی تکالیف میں کمی واقع ہوتی ہے۔

میں نے کم وبیش چالیس حکماء کی بیاضوں میں یہ نسخہ لکھا ہوا دیکھا ہے اور تمام ہی اس کی تعریف کرتے ہین کئی حکماء اس گولی کو''موتی کی گولی'' کے اشتہاری نام سے عرصہ سوسال سے فروخت کررہے ہیں۔میں نے ان گولیوں کو تیار کرکے کافی فائدہ حاصل کیا۔لیکن میں اس مرض میں ایک عرق اور شربت بھی تیار کرکے ساتھ دیتا ہوں۔

(۱۷۵۶)عرق اکسیر

ھوالشافی: ملٹھی۔پوست خشخاش۔گاؤزبان۔تخم کاسنی ۴۔۴ تولہ۔گلو سبز۔بانسہ ۱۰۔۱۰ تولہ۔صندل سفید ۴ تولہ۔مالیدہ۔خشخاش ۱۰ تولہ۔زوفا ۳ تولہ۔تخم خرفہ ۲ تولہ۔سپستان ۲ تولہ۔بنفشہ ۲ تولہ۔پانی ۸ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو پانی میں بھگو کر چھ بوتل عرق نکال لیں۔اب ایک بوتل عرق

میں ایک سیر چینی ملا کر اس کا شربت بنالیں اور اس شربت کے ساتھ گولیاں دیں یا صرف عرق ہی رہنے دیں اور اس میں حل کر کے گولیاں دیں۔ مرض کی شدت میں چوبیس گھنٹے میں سولہ گولیاں دے سکتے ہیں۔ جیسے ہی مرض کی شدت کم ہو تو گولیوں کی مقدار کم کر دیں۔

بالغ افراد کو دانہ نخود کے برابر گولی بنا کر کھلانا یا دن میں آٹھ گولی دینا مفید ہے۔

(۱۷۵۷) اسپغول

لعاب اسپغول نکال کر چینی سے میٹھا کر کے ٹھنڈا کر کے دیں۔ پیاس کم ہوگی۔ اسہال کم ہونگے اور مریض کو سکون ملے گا۔

عظیم حکماء مولانا عبداللہؒ صاحب۔ مفتی سلیمؒ اللہ صاحب لاہوری اور حکیم عبدالرحیمؒ نظام آبادی کے مطب کا یہ مشہور نسخہ ہے۔

- بطور حفظ ماتقدم کھلانا امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔
- بدن کی گرمی۔ بچہ کا ضدی ہونا قد نہ بڑھنا
- خسرہ اور چیچک کے بخار کے بعد کمزوری ہونا
- عام اسہال اور قے کا لگے رہنا دور کرتا ہے۔
- خفقان قلب۔ دل اور جگر کی کمزوری اور دماغی کمزوری میں مفید ہے۔ زنانہ کمزوری کو مجرب ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

(۱۷۵۸) عطاش کا لاجواب علاج

از حضرت مولانا حکیم عبدالرحیمؒ صاحب نظام آبادی

بچے کی ماں کے دودھ کی اصلاح کریں۔

بکری کے دودھ میں سفیدی مرغ ملا کر یا اس میں کپڑا تر کر کے بار بار بچہ کے سر پر رکھیں۔

سفیدی بیضہ مرغ ½ سیر پانی میں حل کر کے اس میں قدرے نمک یا چینی ملا کر ایک ایک چمچی پلاتے رہیں۔ بچے کو غذائیت حاصل ہوگی اور اسہال بھی کم ہونگے۔

عرق گاؤزبان ایک پاؤ میں دو مرتبہ لوہا گرم کر کے اور تین بار چاندی گرم کر کے بجھاؤ دے

کر پلائیں یا روغن کافور ملا کر پلائیں۔

روغن کافور بنانے کا طریقہ: کافور ایک حصہ۔ کلورل ہائیڈریٹ ایک حصہ دونوں کو یکجا کریں حل ہو جائے گا اس میں سے ایک قطرہ مندرجہ بالا عرق میں ملا کر بچے کو پلائیں۔

(۱۷۵۹) برش کافوری

ھوالشافی: برش کافوری ۲ چاول۔ کشتہ زہر مہرہ یا صلایہ زہر مہرہ ۲ چاول۔ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے عرق پودینہ ۶ ماشہ میں حل کر کے ۲-۲ گھنٹہ بعد پلائیں۔

برش کافوری: جدوار ۳ ماشہ۔ کافور ایک حصہ۔ افیون ۴ حصہ۔ چینی ۶۴ حصہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کر کے شامل کریں۔

فوائد: اس کے استعمال سے قریب المرگ بچے بھی زندگی کی بازی جیت گئے۔

نقل از: رسالہ لقمان ۱۹۵۲ء اس طریقہ سے کئی مریضوں کا علاج کیا۔

(۱۷۶۰) اکسیر عطاش

ھوالشافی: دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ لونگ گل دار ۳۲ عدد۔ زہر مہرہ خطائی۔ ناریل دریائی۔ سنگ یہود ہر ایک ۲½ ماشہ۔ مروارید ۴ رتی۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کرنے کے بعد آب سیب شیریں ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو دانہ ماش کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں ۳ یا ۴ مرتبہ ہمراہ عرق گاؤزبان اور شربت عناب سے دیں۔

کافور ایک ماشہ۔ صندل سفید مسحوق ۳ ماشہ۔ مازو سبز درمیانہ ایک عدد باریک کر کے مکھن ½ ۲ تولہ میں کھرل کریں اور دن میں ۳ مرتبہ بچے کے تالو پر مل دیں۔

فوائد: عطاش اور اسہال کی لاجواب دوا ہے۔

مولانا عبدالمجید سوہدروی کے فرمان کے مطابق لاجواب فارمولا ہے۔ اسے اپنے مطب میں تیار رکھیں۔

(۱۷۶۱)سوکڑا

سوکڑے کا مریض بچہ سامنے آئے تو اس کو غور سے دیکھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کریں۔

بچہ کب سے سوکھے کا شکار ہے؟

اس کے کان تو نہیں بہتے؟

اسے بار بار نمونیہ تو نہیں ہوتا؟

جلدی امراض کا شکار تو نہیں ہے؟

دن میں اسہال کتنی دفعہ آتے ہیں؟

علامات: بالعموم سوکڑا کے ستر فیصد مریض بچے اسہال سے کمزور ہوتے ہیں۔ جبکہ باقی تیس فیصد دوسرے امراض مثلاً خرابی جگر۔ پھیپھڑے اور خرابی خون میں مبتلا ہو کر سوکڑا کا شکار ہو جاتے ہیں۔ انسان کا بچہ سوکھ کر مثل بندر ہو جاتا ہے۔ اسہال آتے ہیں۔ دودھ ہضم نہیں ہوتا۔ ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے۔

(۱۷۶۲)حکایت:۱

قیام پاکستان سے چار سال پہلے کا ذکر ہے ایک بچہ میرے پاس لایا گیا۔ اسے اسہال کی ابتدا تھی۔ میں نے کافور ۲ ماشہ باریک کر کے ایک بوتل پانی میں حل کر کے رکھا تھا۔ کیونکہ ''رسالہ بخار'' میں لکھا تھا ''بخار کو مفید ہے اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا تھا کہ بچوں کی پیاس۔ تالو بیٹھ جانا اور رنگ برنگے اسہال آنے میں مفید ہے۔

میں نے آدھی بوتل ان لوگوں کے حوالہ کر دی اور کہا کہ ایک ایک چمچہ بچے کو ہر ۲ گھنٹے بعد پلاتے رہیں اور پانی ختم ہونے پر اطلاع دیں۔ سات دن گزرنے پر مریض کی والدہ نے آ کر بتایا کہ پیاس بھی کم ہے۔ اسہال کو بھی فرق ہے اور بخار بھی اب نہیں آتا۔

علاج: سنگ دانہ مرغ باریک کر کے چینی ملا کر ۲۔۲ رتی کی پڑیا باندھ دیں اور ہدایت کی کہ آٹھویں دن اطلاع کریں اور انہوں نے آ کر اطلاع دی کہ بخار۔ اسہال اور پیاس کا عارضہ دور

اور بچہ دن بدن موٹا ہو رہا ہے۔ اس وقت مجھے علم نہ تھا لیکن بعد میں اچانک ہومیو پیتھی کے مطالعہ کے دوران علم ہوا کہ کافور مرض عطاش کا آخری علاج ہے۔

(۱۷۶۳) حکایت: ۲

قیام پاکستان کے زمانہ کی بات ہے۔ کئی بہنوں کا اکلوتا بھائی مرض عطاش میں گرفتار ہو گیا۔ بچہ سوکھ کر مثل بندر ہو گیا تھا۔ دکانیں تباہ ہو چکی تھیں۔ میرے پاس آئے تو میں نے ''حب مرواریدی''، جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ کھلانا شروع کر دیں۔ تقریباً ایک ماہ کھلانے سے بچہ ہرا بھرا ہو گیا۔ اس کے والدین نے آ کر شکریہ ادا کیا اور دیگیں پکوا کر خیرات کی۔

بطور حفظ ماتقدم یہ نسخہ عرصہ تین سال تک کھلاتا رہا۔ آپ بھی بچوں کو کھلا کر تندرست توانا بنا سکتے ہیں۔ کیونکہ اس میں تریاقی اجزاء کے علاوہ کیلشیم کا خزانہ بھی شامل ہے۔

❀ بالغ افراد کو نخودی گولیاں کھلائیں۔

❀ بچے کی ماں کو بھی کھلائیں تا کہ دودھ میں کیلشیم کے اثرات پیدا ہو جائیں۔

فوائد: بہترین مفرح قلب ہے۔ بخار کے بعد ہونے والی کمزوری میں مفید ہے۔ خسرہ کی گرمی اور کمزوری کو دور کرتا ہے۔

(۱۷۶۴) حکایت: ۳

ہمارے قصبہ سے ایک صاحب علم طب سیکھنے کے لئے ریاست کپورتھلہ گئے۔ چار سال کے بعد واپس آ کر مطب شروع کیا۔ اس کے بعد مہاجر ہو کر اس کے استاد بھی ہمارے گاؤں میں آ کر آباد ہو گئے۔ وقت گزرنے کے ساتھ اس حکیم کے استاد صاحب فوت ہو گئے۔ حکیم نے کسی جگہ ملازمت کر لی۔ واقف کار آ کر ان سے دوا طلب کرتے ان کے پاس وقت نہ تھا وہ مجھ سے نسخے بنوا لیتے۔ ان دن حکیم نے مجھے یہ گولیاں بنا کر دینے کو کہا۔

ھوالشافی: سنگ یہود۔ زہر مہرہ خطائی۔ ناریل دریائی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مغز کول ڈوڈہ۔ سنگ دانہ مرغ۔ دانہ الائچی خورد ۳۔ ۳ ماشہ۔ گل سرخ صاف پتی ۲ ماشہ۔ جدوار خطائی ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ بھرتی۔ زیرہ گلاب ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: عرق گلاب و عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے گولیاں بنا دیں۔
میں نے پوچھا "یہ کونسا نسخہ ہے"
فرمانے لگے "یہ ریاست کپورتھلہ کے مشہور حکماء کا نسخہ ہے۔ میرے استاد صاحب کا اور میرا مجرب ہے میں نے اس سے متعدد کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ آپ بھی نوٹ فرمالیں۔ اور مجھے بھی تیار کر دیا کریں۔"

یہ نسخہ اول مذکورہ نسخے کے مماثل ہے صرف جدوار خطائی جو کہ عام تریاق ہے اس کا اضافہ ہے۔ دوسرے اجزاء نے مل کر اسے مجرب بنا دیا ہے۔ محترم ایسے نسخے کتابوں میں نہیں ملتے یہ صدری راز ہیں۔

(۱۷۶۵) دو مشہور دواخانوں کا راز

یہ نسخہ امراض اطفال سوکھا۔ کمزوری اور اسہال میں مفید اور مجرب ہے۔

هوالشافی: صندل سفید اصلی۔ دارچینی۔ کچور۔ پودینہ صاف۔ الائچی خورد و کلاں (دونوں کے دانے)۔ طباشیر۔ زیرہ سفید۔ مغز تخم کرنجواہ ایک ایک تولہ۔ عود صلیب۔ ناریل دریائی۔ زہر مہرہ خطائی۔ مغز کنول گٹہ ہر ایک ٦ ماشہ۔ مروارید ۴ رتی۔

ترکیب تیاری: روح گلاب اور کیوڑہ سے کھرل کر کے دو گھنٹہ تک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی دن میں ۴ مرتبہ عرق سونف میں حل کر کے دیں۔

فوائد: بچوں کے اسہال۔ قے۔ بخار۔ عطاش اطفال۔ سوکھا پن۔ دانت نکالنے کے زمانہ کی تکالیف ہچکی۔ بدہضمی۔ اپھارہ بطور حفظ ماتقدم بھی گاہے گاہے دیتے رہنا امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ جن بچوں کا ہاضمہ خراب ہو۔ پیٹ بڑھا ہو۔ بچہ ضدی ہو ان کے لیے اکسیر ہیں۔

ایک حکیم کے داماد نے بتایا ہم مندرجہ بالا امراض میں کوئی اور نسخہ استعمال نہیں کرتے۔

(۱۷۶۶) گوجرانوالہ کے حکیم کا نسخہ

قیام پاکستان سے پہلے کی بات ہے ضلع گوجرانوالہ کے ایک شخص نے بچوں کے سوکھا کے علاج کا اشتہار دے رکھا تھا۔ اس سے کئی آدمی دوا لے کر آئے اور آ کر تعریف کی۔ میں نے ایک حکیم کے ذمہ نسخہ حاصل کرنے کا کام لگایا اس حکیم نے مجھے یہ نسخہ حاصل کر کے دیا۔

ھوالشافی: مروارید ایک ماشہ۔ ورق سونا کلاں ۵ عدد۔ زیرہ مہرہ خطائی ۲ ماشہ۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ طباشیر ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ زیرہ گلاب ۶ ماشہ۔ اتیس ۷ ماشہ۔ خشخاش سفید ۸ ماشہ۔ مصری کوزہ ½۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کوٹ کر مثل سرمہ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی ہمراہ عرق گلاب۔ سونف اور گاؤزبان ملا کر دیں۔

فوائد: بچوں کے اسہال۔ کمزوری۔ سوکھا کو رفع کرتا ہے۔

یہ بھی ایک راز تھا جس کو افشاء کر دیا ہے۔ آپ بھی تیار کریں۔ اشتہاری نسخہ ہے۔

(۱۷۶۷) دوائے باخہ

ایک دوست حکیم کا ایک واقف کار تھا۔ جس نے ساری عمر سیر و سیاحت میں گزار دی۔ کئی سال بعد وہ میرے دوست کو ملنے آیا تو اس نے پوچھا "سیر و سیاحت کے دوران کوئی اچھے نسخے بھی ملے ہیں۔

اس نے جواب دیا "کئی نسخے ملے ہیں ان میں سے ایک یہ نسخہ ہے۔ میں نے اس کا نام دوائے باخہ رکھا ہے۔ یہ بچوں کے لئے ایک مفید دوا ہے۔ اس کے استعمال سے سوکڑا۔ اسہال دور ہو جاتا ہے۔ اسہال رک جاتے ہیں۔ اور پرانی رکی ہوئی مبارک بھی باہر نکل آتی ہے۔ بچوں کی ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی: کشتہ ہڈی کچھوا (باخہ) ½۲ تولہ۔ مصری کوزہ ½۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ طباشیر نقرہ ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو مانند سرمہ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی مناسب بدرقہ

میں نے اس نسخے کا خوب تجربہ کیا ہے اور ہمیشہ مفید پایا ہے۔ لاجواب نسخہ ہے۔

(۱۷۶۸) ہڈیوں کا ڈھانچہ

میں ایک نمونیہ کا مریض دیکھنے گیا تو ساتھ کے گھر والوں لے ایک بچہ دکھایا جو کہ محض

ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا۔ اس کا تالو بیٹھ چکا تھا۔ اسہال آ رہے تھے۔ جسم میں جان تو تھی لیکن ہڈیوں پر گوشت بالکل نہ تھا۔ انہوں نے اس بچے کے علاج کے لئے کہا اور ایک آدمی دوا لینے کے لئے ساتھ بھیج دیا۔ میں نے اسے یہ گولیاں دے کر بھیج دیا۔

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ کشتہ ہڈی کچھوا (باخہ) مساوی الوزن

ترکیب تیاری: عرق بید مشک میں ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ عرق گاؤ زبان میں ۱۵ روز کے لئے دیں۔ اتفاق سے چھ ماہ بعد اسی علاقہ میں ایک اور مریض دیکھنے گیا تو ایک عورت نے مجھے ایک بچہ لا کر دکھایا اور کہا ''یہ وہی ہڈیوں کا ڈھانچہ ہے جسے آپ نے دوا دی تھی۔ آپ کی دوا کھانے سے بچہ کا بخار اتر گیا۔ اسہال ختم ہو گئے اور جسم طاقتور ہونا شروع ہو گیا۔ جب گولیاں ختم ہو گئیں تو میں گھر والوں کو کہتی رہی کہ حکیم صاحب کے ہاں جا کر اور دوا لے آؤ۔ لیکن کوئی بھی نہ گیا۔ لیکن اللہ کا شکر ہے کہ اس دن سے میرا بچہ تندرست ہے''۔ (باخہ)

کشتہ ہڈی کچھوا

حسب ضرورت باخہ لے کر اوپلوں کی آگ میں رکھ دیں جب تمام ہڈی جل جائے تو اوپلوں کی راکھ سے پھول اٹھا لیں اور ہاون دستہ میں کوٹ کر مثل سرمہ بنالیں۔ اگر باریک ہو جائے تو ٹھیک ورنہ عرق گلاب سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر پیالہ میں بند کر کے آگ دیں اور پھر نکال کر عرق گلاب سے ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ تیار ہے۔

یہ ایک لاجواب دوا ہے۔ اس کے استعمال سے چھ چھ ماہ کی رکی ہوئی مبارکی باہر آ جاتی ہے۔ مرض سوکھا میں اکسیر ہے۔ اعلیٰ درجہ کا کیلشیم ہے۔ میں اور میرے کئی ساتھیوں نے اس سے خوب فائدہ اٹھایا ہے۔ اب ایک لاجواب کورس جس کا ذکر ہونے والا ہے۔

(۱۷۶۹) سفوف مطیب

ھوالشافی: ہلیلہ سیاہ ۳۰ تولہ۔ دار چینی ایک تولہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۲ تولہ۔ گل قیمولیہ ایک تولہ۔ چینی ۶ تولہ۔

میں تین ماشہ گندھک شامل کر کے پارہ کو جلدی حل کر لیتا ہوں اگر چہ یہ کتاب میں نہیں

لکھا۔

(۱۷۷۰)

ھوالشافی: سفوف مطیب ۴ رتی۔ کشتہ صدف مروارید رتی۔ کشتہ سنگ پشت (باخہ) ایک رتی۔ سفوف برش کافوری ۲ چاول ملا کر ایک پڑیا باندھ لیں۔

ترکیب استعمال: یہ پڑیا شربت صندل یا انجبار یا آس سے دیں۔

ایک ہی خوراک سے اسہال آنا رک جاتے ہیں۔ اور روزانہ دینے سے مرض سوکھا دور ہونے لگتا ہے۔ جب اسہال رک جائیں تو برش کافوری نسخہ سے خارج کر دیں اور باقی نسخہ سوکھا ختم ہونے تک کھلاتے رہیں۔ اور اس کے ہمراہ درج ذیل شربت دیں۔

(۱۷۷۱) شربت

ھوالشافی: ملٹھی۔ پوست خشخاش۔ گاؤزبان۔ تخم کاسنی۔ صندل سفید ۴۔۴ تولہ۔ گلو سبز۔ برگ بانسہ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ مالیدہ خشخاش ۱۰ تولہ۔ (خشخاش کو کونڈی میں ڈال کر ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں تو اس کا مالیدہ بن جاتا ہے۔) زوفا۔ تخم خرفہ۔ لسوڑیاں۔ بنفشہ ۲۔۲ تولہ۔ پانی چھ سیر۔

طریقہ تیاری: چھ بوتل عرق نکال لیں اور فی بوتل ایک سیر چینی ڈال کر شربت بنالیں اور سرخ رنگ ملا دیں۔ ہر تیار شدہ بوتل میں کیلشیم ہائپو فاسفیٹ ایک تولہ۔ کھرل کر کے ملالیں۔ اگر یہ نہ میسر ہو تو فی بوتل عرق چونا ۲½ تولہ ملا کر حل کر کے پن چھان کر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

فوائد: سوکھا اطفال۔ کھانسی۔ بخار۔ تپ دق۔ نزلہ۔ زکام۔ ملیریا۔ کمزوری عام کو مجرب ہے۔ ایک مشہور دواخانہ اس شربت کو تیار کر کے فروخت کر رہا ہے اور لاکھوں مریض اس سے شفا پا رہے ہیں۔

(۱۷۷۲) ایک اور راز

سائٹے کان جو کہ سرخ رنگ کا ولائتی شربت ہے۔ اس کی ۱۲۰ ملی لٹر مقدار ایک بوتل تیار شربت میں ملالیں تو یہ تریاق بن جاتا ہے۔ میں اور میرے دوستوں نے اس سے کئی کامیابیاں

حاصل کی ہیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے بچہ دن بدن ہرا ہونے لگتا ہے۔ چہرہ خوبصورت ہو جاتا ہے۔ یہ اکیلا ہی لاکھ روپیہ کا راز ہے۔ ایسی راز لوگ اپنی اولاد کو بھی نہیں بتاتے بلکہ ساتھ لے کر قبر میں اتر جاتے ہیں۔ یہ شربت اتنا مفید ہے کہ لوگ۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام اور ملیریا بخار کے دنوں میں خرید کر گھر لے جاتے ہیں۔ صرف ایک خوراک پینے سے پیاس۔ اسہال اور کھانسی کا زور ٹوٹ جاتا ہے۔

چونے کے پانی کے بارے میں مشہور ہے کہ سوکھا میں مجرب ہے اس میں شک نہیں۔

ھوالشافی: دو تولہ۔ چینی کو ایک پاؤ پانی میں حل کریں اور اس کے بعد ایک تولہ چونا بجھا ہوا مسفوف ڈال دیں اور دن میں ہم چار مرتبہ ہلایا کریں۔ دوسرے یا تیسرے دن نتھار لیں۔

خوشبودار بنانا مقصود ہو تو عرق سونف یا دار چینی یا الائچی بھی شامل کریں۔ خوش رنگ بنانا مقصود ہو تو ٹنکچر کارڈ کو شامل کر لیں یا صرف سرخ رنگ شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: بچے ۵ تا ۲۰ قطرے دن میں ۴ دفعہ

بالغ افراد: ایک ماشہ تا چار ماشہ۔ دن میں چار مرتبہ ہمراہ مناسب عرق۔ شربت۔ سادہ پانی یا دودھ۔

فوائد: ہر قسم کے اسہال۔ ترشی معدہ۔ بدہضمی۔ ترش ڈکار۔ بچوں کے ہرے پیلے دست۔ قے۔ ابکائی۔ متلی۔ عام جسمانی کمزوری۔ دودھ کا معدے میں پھٹ جانا۔ ہڈیوں کی کمزوری اور نیز بچوں کے دانت نکالنے کے زمانہ میں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بچے موٹے تازے خوبصورت ہو جاتے ہیں۔

(۱۷۷۳) بال شربت

موجد طریقہ: حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدروی

چونا قلعی ۵ تولہ لے کر سوا سیر پانی میں بھگو دیں اور دن میں چار مرتبہ لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ تیسرے دن نتھار لیں اور چار تہہ والے کپڑے سے پن لیں تا کہ چونے کے ذرات نہ آئیں۔ اور تین پانی آب چونا میں تین پاؤ چینی ملا کر شربت تیار کر لیں۔

فوائد: بچوں کے اسہال۔ کمزوری عام۔ سوکھا۔ بدہضمی کو لاجواب ہے۔

مقدار خوراک: بچوں کی عمر کے مطابق ایک تا دو سال ۲ ماشہ۔ دن میں ۳ مرتبہ پانی میں ملا کر دیں۔

تین سے چار سال: ۴ ماشہ دن میں تین مرتبہ

پانچ سے آٹھ سال: ۶ ماشہ دن میں دن مرتبہ

شربت کو خوبصورت بنانے کے لئے رس بھری کا ذائقہ یا رس ملا لیں۔ ایک لاجواب فارمولا ہے جو متعدد کتب میں مذکور ہے۔ فوائد میں بے مثل فارمولا ہے۔

(۱۷۷۴) شربت: ۲

ھوالشافی: سونف ۱۲ تولہ۔ سوئے ۱۲ تولہ لے کر تین بوتل عرق نکال لیں۔ ایک بوتل عرق میں سوڈا بائی کارب نصف تولہ حل کر کے چینی سفید ½ ۱ سیر ملا کر شربت بنا لیں۔ اب آپ چونا ½ ۱ پاؤ ملا لیں اور شربت کا قوام بنا کر اتار لیں اور ٹنکچر کارڈ کو اس قدر ملائیں کہ رنگ سرخ ہو جائے۔ تیار شدہ شربت میں سوڈا اسلی سلاس ایک ماشہ بھی ملا لیں۔ دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: عمر ۲ ماہ ۱۰۔۱۰ قطرے

۲ تا ۶ ماہ کے: ۱۵۔۱۵ قطرے

۶ ماں تا ایک سال: ۲۰۔۲۰ قطرے

۱ تا ۲ سال: نصف ٹی سیون

۲ تا ۳ سال: ٹی سپون ہمراہ دودھ گائے یا مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد: بچوں کے اسہال۔ کمزوری۔ سوکھا۔ کمزوری معدہ کو لاجواب ہے۔ ہاضمہ درست کرتا ہے۔

(۱۷۷۵) بچوں کے سوکھے کے مشہور شربت جو میرے تجربہ میں صحیح ثابت ہوئے...... بال رکھ شک شربت

ھوالشافی: بانسہ ایک سیر۔ گاؤزبان ایک پاؤ۔ گل نیلوفر ایک پاؤ۔ خوب کلاں ۱۰ تولہ۔

سرطان نہری ۳ تولہ۔ ملٹھی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو صاف کر کے معمولی جو کوب کرنے کے بعد پانی میں بھگو دیں اور صبح کو چار بوتل عرق نکال لیں نیچہ کے منہ پر کافور کی پوٹلی باندھ دیں تا کہ عرق پہلے کافور پر گرے اور پھر بوتل میں جاوے اب چونا ایک تولہ ایک بوتل میں بھگو دیں اور دن میں ۵ بار ہلائیں۔ دوسرے دن اوپر سے پانی نتھار کر عرق بانسہ ایک بوتل۔ آب چونا ایک بوتل ملا کر ۲½ سیر چینی کا شربت بنالیں۔ اور شربت کو خوبصورت بنانے کے لئے سرخ رنگ ملادیں۔

فوائد: بچوں کے اسہال۔ کھانسی۔ بدہضمی۔ دودھ الٹنا۔ ہرے پیلے اسہال دن بدن سوکھتے چلے جانا۔ سوکڑا والے بچے کو اکسیر ہے۔

میں نے اس نسخے کو کئی بار تیار کیا ہے اور ہمیشہ مفید پایا ہے۔ یہ وہ سب سے قدیم شربت ہے جو کہ قیام پاکستان سے قبل ایک کمپنی نے تیار کر کے پورے ملک میں فروخت کیا تھا۔ ویسے چیز لاجواب ہے۔

(۱۷۷۶) طب جدید شاہدروی کا دوسرا شربت

طب جدید والوں نے اس شربت کو بچوں کے امراض میں استعمال کرنے کی سفارش کی ہے۔

ھوالشافی: کنول پھول ۵ تولہ۔ برگ گاؤزبان ۵ تولہ۔ برگ بانسہ ۱۰ تولہ۔ گل نیلوفر ۵ تولہ۔ صندل سفید ۱۰ تولہ۔

ترکیب استعمال: تمام اجزاء کو کوٹ کر پانی میں بھگو دیں اور اگلے دن صبح کو جوش دیں۔ جب پانی ایک سیر رہ جائے تو پن کر آب چونا ایک سیر ملا کر ایک سیر چینی سے شربت بنائیں جب سرد ہونے کے قریب ہو تو رُب پھل زقوم ایک پاؤ ملا کر رکھ لیں۔ شربت تیار ہے۔

فوائد: بچوں کے امراض کھانسی۔ دق۔ سل۔ تمام امراض معدہ۔ اسہال۔ تے بخار۔ کھانسی اور سوکھا کو لاجواب ہے۔

(۱۷۷۷) رب پھل زقوم

درخت زقوم جسے بالعموم چھتر تھوہر کہا جاتا ہے۔ اسے میں ایک پھل لگتا ہے۔ یہ پھل خار

دار ہوتا ہے۔ جب یہ پختہ ہو جاتا ہے تو اس کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ اس کو اتار کر مسل لیں اور اس سے حاصل ہونے والے پانی کو پن لیں اور پانی سے نصف وزن چینی ملا کر قوام کر لیں۔ رب پھل زقوم تیار ہے۔ شربت کو آگ سے اتارنے کے بعد گرم گرم شربت میں یہ رب ملا لیں۔

یہ بھی ایک لاجواب شربت ہے۔ رب زقوم سرخ ہوتا ہے لہذا شربت میں رنگ ملانے کی ضرورت نہیں رہتی ٹی بی کو ختم کرتا ہے۔

فوائد: پھیپھڑے کے امراض۔ کھانسی۔ ڈبہ۔ سل۔ دق۔ اسہال۔ بخار۔ دانت نکالنے کے زمانہ میں مفید ہے۔

سوکھا پن میں حکیم مختار احمد صاحب استعمال کرتے رہے ہیں۔ اب بھی ان کا اشتہار نکلتا ہے۔ میں نے خود ایک مریض کو خرید کر یہ شربت دیا تھا۔

(۱۷۷۸) شربت اکبر

اس شربت کے اجزاء بھی مندرجہ بالا شربت جیسے ہی ہیں تاہم ایک معمولی سا اضافہ اس میں ہے اور اس اضافے نے اسے چار چاند لگا دیئے ہیں۔

ھوالشافی: چونا ان بجھا ۵ تولہ لے کر ایک سیر پانی میں بھگو دیں اور دن میں متعدد مرتبہ ہلائیں۔ اگلے دن اسے فلٹر کر لیں۔

اب بانسہ ایک سیر۔ گل نیلوفر ایک پاؤ۔ گاؤزبان ایک پاؤ۔ خوب کلاں ۱۰ تولہ۔ ملٹھی ۱۰ تولہ۔ سونف ۱۰ تولہ۔ سوئے ۱۰ تولہ۔ سرطان نہری خشک ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو دیکھ بھال کر صاف کر کے پانی میں دن رات بھگو کر عرق نکال لیں۔ پانی کا ادویہ سے پانچ گنا ہونا ضروری ہے۔ اور نیچہ پر کافوری پوٹلی ضرور باندھیں تا کہ گرم عرق کافور پر گرنے کے بعد بوتل میں گرے۔ یوں پانچ بوتل عرق نکال لیں۔

اب عرق مذکور ایک بوتل۔ آب چونا ایک بوتل۔ چینی ۱½ سیر ملا کر شربت بنا لیں۔ شربت پکاتے وقت فی بوتل سہاگہ ایک ماشہ۔ اور ست لیموں ایک ماشہ ملا لیا کریں۔ یوں شربت دیر تک قائم رہتا ہے۔ کیونکہ سہاگہ ڈالنے سے شربت جمتا نہیں اور ست لیموں سے جالا نہیں پڑتا اور دیر تک خراب نہیں ہوتا۔

اس شربت کا میں نے خوب تجربہ کیا ہے اور کئی دفعہ بنایا ہے۔

فوائد: کمزور اور دبلے پتلے بچے تندرست اور موٹے تازے ہو جاتے ہیں۔

بچوں کا بخار۔ کھانسی۔ سوکھا پن۔ دودھ گرانا اور اسہال ختم ہو جاتے ہیں۔ بچہ جسمانی اور دماغی طور پر طاقتور ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: عمر ۶ ماہ ۸ تا ۱۰ بوند

۱ سال ۲۰ تا ۲۵ بوند

اس شربت کو تیار کر کے مناسب نام رکھ کر تجارتی نام دے کر فروخت کرنا نفع بخش ہے۔

میں نے تیار کر کے کافی مریضوں کے دے چکا ہوں۔

نکتہ: دنیا کے تمام گرائپ واٹر میں سونف اور سویا شامل ہوتے ہیں اور اس نسخہ میں بھی یہ دونوں شامل ہیں۔ لہٰذا ہم اسے اکبر کا درجہ دے سکتے ہیں۔ سویا سے نیند بھی آ جاتی ہے۔

(۱۷۷۹) ٹانک ایری

اس شربت کو ہندوستان میں ایک حکیم نے پرچہ میں شائع کرایا ہے۔ اس شربت کا نام اس نے ٹانک ایری تجویز کیا ہے۔ اس میں بھی چند اضافے ہیں۔ صاحب نسخہ نے اس شربت کو امراض سینہ۔ کھانسی۔ ٹی بی۔ نفث الدم اور بچوں کے لئے مفید لکھا ہے۔

ھوالشافی: اسگندھ ناگوری ۱/۲ پاؤ۔ گاؤزبان ایک پاؤ۔ ملٹھی ایک پاؤ۔ خوب کلاں ۱۰ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ سرطان نہری خشک ۱۰ تولہ۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ باؤبڑنگ ۵ تولہ۔ سونف ۱/۲ پاؤ۔ سوئے ۱/۲ پاؤ۔ بانسہ ایک سیر۔ پانی ۱۰ سیر۔ چھ بوتل عرق نکال کر چھ بوتل آب چونہ ملا کر چودہ سیر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

ترکیب استعمال: بالغ افراد: ۲/۱ ۲-۲/۱ ۲ تولہ دن میں ۴ بار ہمراہ دودھ گائے۔

بچے: ایک ماشہ ٹانک ایک تولہ پانی میں ملا کر دیں۔

نوٹ! صاحب نسخہ نے اسگندھ لاغری دور کرنے کے لئے اور سونٹھ۔ الائچی کو ہاضمے کے لئے شامل کیا ہے۔ جبکہ باؤبڑنگ جراثیم کش ہے۔

میں نے یہ نسخہ بڑی مشکل سے حاصل کیا ہے۔ میں نے نسخہ کی تشریح خود کی ہے۔

ہندوستان میں ایک دکان آج بھی اسے تیار کر کے فروخت کرتی ہے۔ واقعی لاجواب نسخہ ہے۔
(رسالہ: امرداس بھاٹیہ ہندوستان)

(۱۷۸۰) بال پال کھانڈ

آب چونا ایک بوتل میں تین پاؤ چینی ملا کر آگ پر پکائیں اتنا پکائیں کہ دوبارہ کھانڈ بن جائے۔ اس کھانڈ کو باریک کر کے رکھ لیں۔

میں نے یہ نسخہ تیار کر کے بچوں کو دیا اس کے استعمال سے وہ موٹے تازے ہو گئے۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی پانی سے کھلائیں یا دودھ میں حل کر کے دیں۔ کم خرچ۔ لاجواب اور مجرب نسخہ ہے۔

(۱۷۸۱) کم خرچ شربت

ھوالشافی: آب مدار پختہ پتوں سے نکال کر دوگنا چینی میں ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ بوند دودھ میں ملا کر صبح شام پلائیں۔

فوائد: سوکھا پن۔ بدہضمی۔ قے کو مفید ہے۔ امراض سینہ۔ دمہ کو جب کہ سینہ بلغم سے بھرا پڑا ہو۔ یہ نسخہ مصفی خون بھی ہے۔ اس کا تجربہ بھی کیا ہے۔

(۱۷۸۲) بال خوش

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ نرکچور مساوی الوزن لے کر باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ شہد یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

اگر اس نسخہ میں سوڈا بائی کارب ملا لیا جائے تو اور بھی بہتر ہے۔ ایک بہت بڑے حکیم کا تحریری عطیہ ہے۔ عبدالرحیم گجراتی نے اس کو مفید پایا ہے اور ملتان کے ایک حکیم نے معمول بنالیا ہے۔

(۱۷۸۳) بھینس کا گوبر

سوکھا کے مریض بچے کی پشت پر بھینس کا گوبر مل دیں اور پھر ایک گھنٹہ بعد صاف کر دیں۔ آپ دیکھیں گے کہ پورے جلد پر کانٹے سے نکل آئے ہوں گے۔ ان کانٹوں کو چن لیں اس کے

ساتھ ہی سوکڑا کا مریض تندرست ہونا شروع ہو جائے گا۔

گائے کا گھی اور گائے کے گوبر کے اوپلوں کی راکھ بھی یہی کام کرتی ہے۔ ملنے کے ایک گھنٹہ بعد بچہ کو گرم پانی سے نہلا دیں۔ مریض کے کپڑے ہر روز تبدیل کریں۔

سورج کی دھوپ بھی سوکڑے کا بہترین علاج ہے۔

❀❀❀

جلدی امراض

(۱۷۸۴) بے ضرر اور لاجواب عرق

ایک حکیم نے بتایا کہ ایک دن متعدد عورتوں نے خون صاف کرنے کے لئے عرق مانگا تو میں نے صرف ان تین اجزاء کا عرق نکال کردے دیا۔ اس عرق سے مجھے خوب شہرت ملی۔

ھوالشافی: عناب۔ منڈی بوٹی۔ شاہترہ ہم وزن

ترکیب تیاری: فی بوتل ۱۰ تا ۱۵ تولہ ادویہ ڈالیں اور عرق نکال لیں

فوائد: مصفی خون ہے۔

مقدار خوراک: بالغ افراد: ۵ تولہ۔ بچے ۶ ماشہ تا ایک تولہ۔

نوٹ: ذرا میٹھا کر کے دیں۔

(۱۷۸۵) پرنسپل کا تحفہ

ایک حکیم جو کہ طبیہ پرنسپل تھے اور کئی کتب بھی تحریر کرچکے تھے۔ انہوں نے مجھے تحفہ کے طور پر یہ نسخہ دیا اور کہا کہ تیار کرلو میرا تمام عمر کا مجرب ہے۔

ھوالشافی: پوست ہلیلہ زرد ۸ تولہ۔ سونف کے چاول ۱۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۴ تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: عرق گلاب سے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی شیر مدار میں گھس کر یا کسی عرق میں حل کر کے صبح شام دیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے بچوں کے سر کے پھوڑے۔ پھنسیاں۔ جن سے سارا سر پک جاتا ہے بالخصوص مفید ہے۔

مقدار خوراک: بچوں کو حسب عمر نصف یا ایک گولی صبح شام دیں۔ بالغوں کو تین چار گولیاں

روزانہ دیں۔

نوٹ! اگر یہ گولی ایک رتی کی ہوتو نیلاتھوتھا ایک دانہ خشخاش کے برابر آتا ہے اور یہ مضر نہیں ہے۔

(۱۷۸۶) اکسیری جوہر

یہ نسخہ مجھے ۱۹۵۲ء میں ملا لیکن میں نے تیار نہ کیا۔ گذشتہ دنوں صاحب نسخہ کے داماد کے علاوہ ایک اور طبیب نے بھی مجھے یہ نسخہ تیار کرنے کی تاکید کی اور کیا کہ ہم نے اسے تیار کر کے مفید پایا ہے۔

ھوالشافی: نوشادر ٹھیکری۔ نیلاتھوتھا۔ گندھک آملہ سار مساوی الوزن

ترکیب تیاری: تمام ادویات کا جوہر نکال لیں۔

مقدار خوراک: شیر خوار ½ چاول تا ایک چاول

مدت کورس: دوا دینے سے قبل بچے کو دودھ پلالیں اس کے بعد مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلا دیں۔ مرض پرانا ہونے کی صورت میں بچے کی والدہ کو بھی چار چاول مکھن بالائی میں یا مرغن غذا کے ساتھ دیں۔

فوائد: دونوں افراد نے اس کی بہت تعریف کی اور کہا کہ ایسے پھوڑے پھنسیاں جو عام مرہموں سے ٹھیک نہ ہوں اس نسخہ سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ ہاضمہ بھی درست ہو جاتا ہے۔ مرض دوبارہ نہیں ہوتا۔

نوٹ! چونکہ ہر دو نسخوں میں نیلاتھوتھا ہے لہذا غذا مرغن استعمال کریں۔

مدت کورس : ۱۴دن۔ سات دن چھوڑ کر پھر دوبارہ۔

(۱۷۸۷) نظریہ مفرد والوں کی مجرب دوا

ھوالشافی: رائی ایک تولہ۔ باچی ایک تولہ۔ اجوائن دیسی صاف ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار تین تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوراک: بچوں کو ۲رتی دن میں ۴دفعہ ہمراہ پانی

(۱۷۸۸)

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۲تولہ پارہ ایک تولہ

ترکیب تیاری: مکمل دودن تک کھرل کریں۔تاکہ کجلی تیار ہو جائے۔

مقدار خوراک: ۲چاول تا۴ چاول بچوں کو ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

بیرونی استعمال کے لئے مکھن میں ملاکر دونوں نسخے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔بے ضرر ہیں۔دوا چبھتی بھی نہیں۔دونوں کو ملاکر بھی دے سکتے ہیں اور لگا بھی سکتے ہیں۔

مقدار خوراک: کجلی ۲چاول متذکرہ بالانسخہ ۲ررتی دن میں ۳دفعہ بچوں کو دیں۔متذکرہ بالا نسخہ میں سے دوتولہ لے کر جمال گوٹہ ایک ماشہ شامل کریں اور ایک رتی کی گولی بنائیں قبض کشائی روزانہ کرتے رہیں تو بقول حکیم شریف مرحوم امراض جلد۔دھپڑ۔چنبل۔خرابیٔ خون میں لاجواب ہے۔

مدت کورس: ایک تادوماہ

میں نے یہ تمام طریقہ نظریہ مفرد اعضاء والوں سے سیکھا ہے۔حکیم دوست محمد صابرؒ ملتانی سے متعدد دفعہ ملاقات کی اوران سے بہت کچھ سیکھا۔

(۱۷۸۹)عرق خون صفا

ایک لڑکی دس سالہ کی تمام چھاتی اور پیٹ پراس قدر پھنسیاں تھیں کہ اس کی کمر سیدھی نہ ہوتی تھی۔اس کو یہ عرق دیا گیا اس سے تمام پھنسیاں خشک ہوگئیں اور دوبارہ نہیں نکلیں۔

ھوالشافی: برگ حنا۔منڈی بوٹی۔کرنجواہ۔صندل سرخ۔صندل سفید۔چرائتہ۔پاپڑہ۔افسنتین۔گلو۔بانسہ۔ترپھلہ۔عناب ایک ایک پاؤ۔پوست درخت نیم ایک سیر۔برگ نیم ۵ تولہ۔دھمانسہ بوٹی ۵تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام کا عرق نکال لیں۔تقریباً۱۰تولہ ادویہ فی بوتل دیں۔

ترکیب استعمال: شربت عناب سے عرق کو میٹھا کر کے پلائیں۔

(۱۷۹۰)بیرونی استعمال کے لئے

ھوالشافی: پارہ ایک تولہ۔گندھک آملہ سار ۵تولہ۔زنک اوکسائڈ ۳تولہ۔پھٹکڑی سفید

ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو سرمہ کی مانند باریک کرلیں۔

ترکیب استعمال: مرہم مکھن یا تیل سرسوں میں ملا کر لگائیں۔

تیل: سات گنا تیل یا مکھن میں ملا کر پھنسیوں پر لگائیں اور بعد میں مریض کو نہلا دیں۔اس تیل یا مرہم کے لگانے سے ایک دن میں خارش اور پھنسیاں ختم ہو جاتی ہیں۔

❀❀❀

متفرقات

یہ نسخے بچوں کے امراض میں اکسیر ہیں۔ تیار کرلیں۔ یہ تمام نسخے اشتہاری اور مشہور و معروف ہیں۔

(۱۷۹۱) صبیانی پاؤڈر

کسی زمانہ میں ایک حکیم نے اس پاؤڈر کا اشتہار دیا اور تقریباً پانچ ہزار روپیہ اس کی مشہوری میں لگا دیا۔ لیکن نسخہ کو راز میں رکھا۔ ایک صاحب نے کسی طرح نسخہ کا سراغ لگا لیا۔

ھوالشافی: سونف دیسی۔ سفوف رومی۔ اجوائن دیسی۔ سعد کوفی۔ عود غرقی۔ زرنباد۔ عود صلیب۔ مصطگی رومی۔ رب السوس۔ گل سرخ صرف پتیاں۔ گل بنفشہ۔ جڑ پان۔ صندل سفید۔ دارچینی۔ تج۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ اسارون۔ برگ پودینہ۔ تخم کرفس۔ ریوند چینی۔ سہاگہ سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست آملہ۔ پوست بلیلہ۔ سونٹھ۔ ساذج ہندی۔ بال چھڑ۔ نمک سیاہ۔ اذخر۔ سوڈا بائی کارب ایک ایک تولہ۔ چینی کل وزن کے برابر۔

مقدار خوراک: ۲ رتی تا ایک ہمراہ ماشہ مناسب عرق و شربت دیں۔

نکات مطب: اس نسخہ میں خرابی ہاضمہ کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

امراض سینہ واعصاب کی ادویہ اس میں موجود ہیں۔

یہ نسخہ اس قابل ہے کہ اسے تیار کر کے ہر گھر میں پہنچایا جائے کیونکہ یہ لاجواب گھٹی ہے۔

فوائد: ازحد ہاضم اور مصفی خون ہے۔ دانت نکالنے کے زمانہ کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔ بچوں کا دودھ چھڑانے کے زمانہ میں مفید ہے۔ بطور حفظ ماتقدم بھی کھلا سکتے ہیں کیونکہ اکسیر کا کام کرتا ہے۔

(۱۷۹۲) رس پپری

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔ پارہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ اتیس تلخ۔ کاکڑا سنگی۔

ناگرموتھا۔ موچرس۔ جائفل۔ جلوتری۔ سہاگہ بریاں ایک ایک تولہ۔ کستوری ½ ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے آب ادرک سے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں یا پاؤڈر ہی رہنے دیں۔

ہندوستان کے صوبہ بہار میں یہ دوا ہر بچہ والے گھر میں موجود رہتی ہے۔ ہر بہاری اس دوا سے بخوبی واقف ہے۔ وہ بچوں کو فوراً یہ دوا دیتے ہیں۔ یہ دوا بچوں کے لئے امرت ہے۔

مقدار خوراک: ایک سال کے بچہ کو ایک رتی۔ زیادہ عمر والے بچوں کو ایک رتی دن میں چار مرتبہ ہمراہ شہد۔

❀ سردی کے زمانہ میں آب ادرک اور شہد ملا کر دیں۔

❀ بخار میں تلسی کے رس سے دیں۔

❀ پتلے دستوں میں جائفل کو پانی میں گھس کر دیں۔

❀ سردی لگنے۔ کھانسی۔ بخار۔ کمزوری۔ اسہال آنا۔ الٹی ہونا۔ بدہضمی اور دانت نکالنے کے زمانہ میں مناسب بدرقات سے دینا مفید ہے۔

❀ بطور حفظ ماتقدم بچوں کو دینے سے بچے عام امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔

نوٹ! آج کل کستوری بہت گراں ہے۔ لہذا میں نے گئوبوچن داخل نسخہ کر کے بنائی ہے۔ بالغ افراد کو بھی امراض مذکورہ میں ۴ رتی دینے سے اسہال فوری رک جاتے ہیں۔

(۱۷۹۳) اکسیر اطفال

ایک بزرگ ہستی کا مجرب نسخہ۔

ھوالشافی: الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ مغز کنول گٹہ۔ زرنباد۔ مصطگی نانخواہ۔ ریوند چینی۔ کہربا شمعی۔ ناریل دریائی۔ برگ سنا مکی صاف قدرے بریاں۔ غنچہ گل سرخ۔ عود صلیب۔ دار چینی۔ سونف دیسی۔ سونف رومی ہر ایک چھ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ برگ پودینہ۔ کتیرا۔ مازو سبز۔ نوشادر۔ نمک سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو پیس کر مثل سرمہ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۵ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ

نکات مطب: صاحب نسخہ نے الائچیاں لکھی ہیں میرا تجربہ یہ ہے کہ ان کے دانے لینا زیادہ مفید ہے۔اس نسخہ میں شامل تمام ادویہ امراض اعصاب اور امراض معدہ کو اکسیر ہیں۔اس کے استعمال سے مرض سوکھیا بھی دور ہوسکتا ہے۔

- ہاضمہ کو مفید اور تریاقی ادویہ بھی شامل ہیں۔
- امراض جگر اور امراض سینہ کے لئے ادویہ نسخہ میں شامل ہیں۔
- میرے خیال میں اسے عرق سفوف یا چوعرقہ سے دینا مناسب ترین ہے۔
- بطور حفظ ماتقدم کھلانا بھی مفید ہے۔

ام الصبیان۔ڈبہ اطفال۔اسہال۔قبض اور اپھارہ میں بھی مفید اور مجرب ہے۔

(۱۷۹۴)شربت بیل گری

ھوالشافی: بیل گری ۲½ تولہ۔گل دھاوا ۲½ تولہ۔سونف ۵ تولہ۔پانی ½ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو پانی میں جوش دینے کے بعد پن چھان لیں اور ½ سیر چینی ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۵ تا ۱۰ بوند تک اسہال کے مریض بچوں کو چٹائیں۔مجرب ہے۔

گنگادھر چورن

ھوالشافی: ناگرموتھا۔اندر جو۔بیل گری۔لودھ پٹھانی۔موچرس۔گل دھاوا ہر ایک' ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کریں۔

مقدار خوراک: بچے: ایک تا ۲ رتی / بالغ افراد: ۲ ماشہ ہمراہ پانی یا عرق الائچی دیں۔

فوائد: اسہال مروڑ کا حتمی اور آخری علاج ہے۔سخت قابض ہے۔میرا ذاتی مجرب ہے۔تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔بڑوں کو ۲۔۲ ماشہ دیں۔

(۱۷۹۵)لاجواب شربت

ھوالشافی: گل سرخ ایک تولہ۔سنا مکی صاف ۲½ تولہ۔عرق سونف ½ سیر۔انجیر خشک

۵تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو جوش دیں جب پانی آدھا رہ جائے تو پن کر شہد ۱۰ تولہ۔ چینی ایک پاؤ ملا کر قوام کریں اور قدرے سبت پودینہ ملالیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۶۔۶ ماشہ صبح شام عرق سونف یا عرق گلاب میں حل کر کے دیں۔

فوائد: بچوں کی قبض اور قبض سے پیدا شدہ عوارض دور ہو جاتے ہیں۔

ایک کارخانے کا راز ہے۔ وہ ہزاروں شیشیاں بنا کر بیچ چکا ہے۔

(۱۷۹۶) لاجواب گھٹی

بازار میں بیسیوں قسم کی گھٹی فروخت ہوتی ہے لیکن جو گھٹی میں بیان کرنے والا ہوں وہ سب سے افضل ہے۔

ھوالشافی: گل بنفشہ۔ تکی املتاس۔ گل سرخ ہر ایک ۵ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو پانی ۲ سیر میں بھگو کر جوش دیں۔ جب پانی ایک سیر رہ جائے تو پن کر شہد ایک پاؤ چینی ایک سیر ملا کر قوام کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تا ایک تولہ

فوائد: قبض۔ اپھارہ۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی۔ مروڑ قبض کو دور کرتا ہے۔ کھائی جانے والی مٹی بچے میں جمع ہو تو اسے بھی خارج کرتا ہے۔

نوٹ! املتاس کی صاف ٹکیہ ۵ تولہ اگر صبح جوشاندہ میں حل کر کے شربت بنالیں تو زیادہ بہتر نتائج ملتے ہیں۔ مجرب ہے۔

(۱۷۹۷) شربت قبض کشا

ایک بچہ میرے سامنے حاضر کیا گیا بچہ کو دس دس دن تک پاخانہ نہ آتا تھا۔ بڑے بڑے ڈاکٹروں کے زیر علاج رہ چکا تھا۔ اس کے والدین صاحب ثروت تھے۔ اتفاقاً ایک دن لڑکے کی ماں کو خیال آیا کہ جب ہم مہاجر ہو کر پاکستان آئے تھے تو ہمارے قافلے والوں کا علاج ایک حکیم صاحب کرتے تھے۔ انہوں نے ہم سب کو سنبھالا تھا۔ ہمارے آباؤ اجداد کو طرح طرح کے امراض تھے جو ان کے علاج سے دور ہو گئے۔ کیوں نہ بچہ انہیں دکھایا جائے!

بچہ کی عمر اس وقت تقریباً تین ماہ ہوگی۔ اس کا دادا بھی ہمراہ تھا۔ اس نے کہا کہ ''حکیم صاحب ہم حیران ہیں کہ بچے کو پاخانہ کیوں نہیں آتا۔ یہ شفایاب بھی ہوگا یا نہیں''

میں نے جواب دیا ''کیوں نہیں''

یہ شربت تیار کر کے دیا گیا تو بچہ کی قبض دور ہوگئی۔

ھوالشافی: گل بنفشہ۔ سنا مکی۔ سونف۔ گل سرخ ایک ایک تولہ۔ مویز منقی ۱۵ دانے۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پانی میں جوش دے کر ایک پاؤ چینی ملا کر شربت تیار کر کے دیا اور کہا کہ اس کو نیم گرم پانی میں ملا کر چٹاتے رہیں۔

ھدایت: بچے کی ماں کو چاول اور میدہ کی بنی اشیاء کھانے سے منع کر دیا۔ اور کہا کہ دس دن بعد اطلاع کریں۔

دس دن کے بعد وہ شخص آیا اور مبارک باد دی۔ اور بتایا کہ ''بچے کو اب روز پاخانہ آتا ہے۔ اپھارہ دور ہو چکا ہے۔ ہر طرح سے بچہ خوش وخرم ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا بھلا کرے آپ کی عمر دراز کرے۔ آمین

ہم نے ڈاکٹروں کو جا کر بتایا کہ ہمارا بچہ تندرست ہوگیا ہے تو انہوں نے پوچھا ''تم نے کیا علاج کیا''، ہم نے بتایا کہ دیسی ادویہ کا شربت ایک حکیم صاحب نے تیار کر کے دیا تھا'' تو انہوں نے کہا ''یونانی حکیم بھی فاضل ہوتے ہیں''؟

(۱۷۹۸) حب جواہرات

یہ نسخہ ایسے ہندو حکیم کا مجربہ ہے جو مختلف کتب کا مؤلف بھی ہے۔

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ یشب ہر ایک ۶ ماشہ۔ زمرد ۳ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ کہربا شمعی ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد۔ ورق سونا ۱۶ عدد۔ طباشیر نقرہ ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو عرق گلاب ۲ آتشہ سے کھرل کریں۔ اور مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: بچہ کو ایک گولی ہمراہ آب۔ شیر بکری یا عرق گلاب سے دیں۔

بچہ کی والدہ کو صبح تین تین گولیاں شام دیں۔

فوائد: ایسے بچے جن کو اسہال لگے رہتے ہوں۔ پیاس زیادہ ہو۔ ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو چکے ہوں تندرست ہو جاتے ہیں۔ عام کمزوری اور امراض کے بعد کی کمزوری کو لاجواب ہے۔ بچے کی والدہ کو کھلانے سے خفقان قلب اور کمزوریٔ دل و دماغ دور ہو جاتی ہے۔ نزلہ زکام دور ہو جاتا ہے۔

اس لاجواب نسخہ کو تیار کر کے میں بہت مفید پایا ہے۔ اکثر مریضوں کو دیتا ہوں۔

(۱۷۹۹) پیٹ کے کیڑوں کی لاجواب دوا

(سیونکوں کی لاجواب دوا)

ھوالشافی: کسٹر آئل ۴ ماشہ۔ روغن تارپین ۱۰ بوند

ترکیب استعمال: گرم کر کے دودھ میں ملا کر پلا دیں۔

فوائد: سیونکاں نکل جائیں گی۔

تارپین کے تیل کا پھایا مفرد یا تیل سرسوں میں ملا کر رکھنے سے سیونکوں کے بچے بھی مر جائیں گے۔

(۱۸۰۰) کانچ نکلنا (ڈھونڈری نکلنا)

ھوالشافی: پرانا چمڑہ جلا کر اس کی راکھ کانچ کو اچھی طرح دھو کر اس کے اوپر مل کر کانچ کو اندر دھکیل دیں۔

ھوالشافی: پوست انار یا کیکر کا چھلکا ابال کر اس پانی سے بچہ کو استنجا کروائیں یا اس میں بٹھائیں۔

(۱۸۰۱)

ھوالشافی: پھٹکڑی سوختہ۔ مازو۔ گل انار۔ پھلی کیکر خام۔ نسپال باریک کردہ کانچ پر پھونک دیں یا بھگو کر اوپر باندھ دیں۔

نوٹ: دراصل یہ پرانا مروڑہ ہوتا ہے قبض دور کریں اور اوپر جو شربت لکھے گئے ہیں پلا دیں اس کے علاوہ سفوف مطیب جو کہ لکھا گیا ہے متواتر دیں۔ (مؤلف)

کشتہ جات

اس باب میں وہ کشتہ جات شامل ہیں جن کو تیار کر کے میں اپنے معمولات میں شامل کرتا ہوں۔

(۱۸۰۲) کشتہ قلعی

قلعی صاف ۵ تولہ لے کر کڑاہی میں پگھلائیں اور ایک چٹکی برگ بھنگ کی دیں اور لوہے کے دستہ سے رگڑتے جائیں۔ جب وہ جل جائے تو شورہ قلمی کی ایک چٹکی ڈال دیں۔ جب وہ بھی جل جائے تو پھر بھنگ کی چٹکی ڈال دیں یہاں تک کہ پاؤ بھر بھنگ اور پاؤ قلمی شورہ ختم ہو جائے۔ اب اس کو اکٹھا کر کے اس کے اوپر لوہے کا برتن دے کر ڈھانپ کر ایک گھنٹہ تک نیچے آگ جلاتے رہیں۔ اس کے بعد آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر کڑاہی سے نکال لیں اور باریک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر باریک کریں اور کپڑے سے چھان لیں۔ اس کے اندر جتنا شورہ موجود ہو اس کو پانی میں حل کر کے پانی نتھار لیں۔ اس طرح سات بار پانی نتھار لیں تا کہ شوریت نکل جائے۔ اب کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ مکھن بالائی یا مکھن ۵ تولہ۔ مصری ۵ تولہ۔ مغز بادام چند دانے۔ کالی مرچ ۱۰ عدد کی چٹنی بنا کر کھلائیں۔

فوائد: کمزوری جگر۔ جریان۔ احتلام و سوزاک میں مفید ہے۔

جلن بول مردانہ و زنانہ کو لاجواب ہے۔

میں تمام عمر اس کو تیار کر کے استعمال کرتا رہا ہوں۔ لاجواب چیز ہے۔

(۱۸۰۳) کشتہ قلعی خاص

ترکیب تیاری: کشتہ قلعی بنانے کا یہ طریقہ کسی حکیم نے ایک رسالہ میں دیا تھا۔ محنت طلب

طریقہ ہے۔ بہرحال میں نے اسے تیار کر لیا تھا۔

قلعی ۵ تولہ لے کر کڑاہی میں پگھلائیں اور برگ بھنگ۔ برگ کیکر دیسی۔ پوست خشخاش ہر ایک ایک پاؤ کی چٹکی دے کر رگڑتے جاویں حتیٰ کہ تمام ادویہ ختم ہو جائیں۔ اب مواد کا اکٹھا کر کے اوپر ایک ڈھکن دے کر ایک گھنٹہ تک آگ دیں۔ اس کے بعد اتار کر باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔ اور پھر پانی میں بھگو دیں تاکہ تمام راکھ الگ ہو جائے۔

اب ٹکیاں بنا کر ایک پاؤ برگ بھنگ کے نغدہ میں رکھ کر ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور نکال کر باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی مفرد کھلا دیں یا مرکبات میں شامل کریں۔ یا مساوی برومائڈ ملا کر کھلائیں۔

دراصل کسی حکیم نے رسالہ کو خط لکھ کر کشتہ قلعی کا لاجواب نسخہ مانگا تھا۔ ادارے نے وہ خط شائع کر دیا تو جواب میں کسی حکیم نے یہ نسخہ لکھ بھیجا اور کہا کہ فوائد میں بہت اچھا ہے۔

(۱۸۰۴) کشتہ قلعی

ترکیب تیاری: پٹ سن کی بنی سیمنٹ کی خالی بوری کو برگ کیکر خشک سے بھریں اور بوری کے برابر ایک گڑھا کھود لیں۔

اب ۵ تولہ قلعی کے ٹکڑے کر کے برگ کیکر والی بوری میں ڈالتے جائیں۔ قلعی کے ٹکڑوں اور کیکر کے پتوں کو اچھی طرح مکس کرنے کے بعد بوری میں بھر لیں اور بوری کو گڑھے میں رکھ دیں اور اوپر دہکتے کوئلے رکھ دیں۔ تاکہ برگ کیکر کو آگ لگ جائے۔ جب تمام جل کر سرد ہو جائے تو ساری بوری کی راکھ نکال کر قلعی کے ٹکڑے اس میں سے چن لیں۔ وہ مکئی کے دانوں کی طرح پھول چکے ہوں گے۔ انہیں کھرل میں باریک کریں اور خام قلعی کے ٹکڑے الگ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں یا اس کے مساوی تخم املی کلاں ملا لیں اور لبوب کبیر میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد: مجلوق کے تمام عوارض دور ہو کر منی قابل اولاد بننا شروع ہو جائے گی۔ اور اس مرد کے ہاں کئی بچے پیدا ہوئے۔ لاجواب نسخہ ہے۔ ایک حکیم نے مایوس مریض کا اسی طرح علاج کیا۔

(۱۸۰۵) کشتہ قلعی پارے شورے والا

ترکیب تیاری : قلعی مصفی ۵ تولہ۔ پارہ مصفی ۵ تولہ میں ملا کر باریک کریں اور شورہ قلمی ایک پاؤ میں باریک کر کے ملا دیں۔ کوزہ اس قدر لیں کہ دوائی ڈالنے کے بعد بھی آٹھواں حصہ خالی رہے۔ اب کوزہ کو گل حکمت کر کے گڑھا میں رکھ دیں۔ اوپر ایک وزنی پتھر رکھ کر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ آگ سرد ہونے پر کوزہ سے نکال لیں اور باریک کر کے پانی میں ملا دیں۔ اور چند گھنٹے بعد پانی نتھار لیں۔ سات بار دھو نتھار کر دھوپ میں خشک کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کر دیں۔

فوائد: یرقان۔ جریان۔ سرعت انزال کے لئے جس نسخہ میں ضرورت ہو شامل کر لیں۔ ایک صاحب نے لکھا ہے کہ شدہ آدھ سیر ہو اور آدھے کو نہ دھوئیں اس کو ویسے ہی رکھ لیں یہ حبس بول اور سوزاک میں مفید ہوگا اور آدھے کو دھو کر نسخہ جات میں شامل کر لیں اور کوزہ کے اوپر والے ڈھکن میں ایک سوراخ نکال کر آگ دیں۔ دونوں طرح تیار کیا جاسکتا ہے۔

(۱۸۰۶) کشتہ قلعی بیضہ مرغ والا

ترکیب تیاری : قلعی ۵ تولہ کو پگھلا کر اس کے اوپر پوست بیضہ مرغ صاف شدہ کے پاؤڈر کی چٹکی ڈالتے جائیں اور رگڑتے جائیں حتی کہ بیضہ مرغ کا پاؤڈر تین چار حصہ ختم ہو جائے۔ پھر آگ سے اتار کر باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔ اگر قلعی کے ذرات نظر آئیں تو نکال کر ایک دن کنوار گندل سے کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اور نکال کر کھرل میں باریک کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی

فوائد: جریان اور کثرت بول والے کو دیں۔ حکماء نے لکھا ہے کہ یہ جریان کا حتمی علاج ہے۔ بڑے بڑے حکماء کے مطب میں تیار دیکھا ہے اور خود بھی کئی بار تیار کیا ہے۔ فوائد میں بے مثل ہے۔

مثل مشہور ہے کہ مرد کو رانگ اور گھوڑے کو تنگ یعنی جس طرح گھوڑے کو تنگ سے کسا جاتا ہے اسطرح مرد کو کشتہ قلعی دے کر اس کے مثانہ کو کسا (مضبوط) جاتا ہے۔ تجربہ نے اس کی

تصدیق کی ہے۔

(۱۸۰۷) کشتہ قلعی زیادہ مقدار میں بنانا

ترکیب تیاری: تین بڑے حکماء نے کشتہ قلعی زیادہ مقدار میں ایک دفعہ بنانے کی تصدیق کی ہے۔لکھا ہے کہ ایک گڑھا کھودیں کہ جس میں ۱۰ سیر کیکر کی چھال آسکے۔ پھر چھال کو باریک کوٹ لیں اوراس میں سے چار سیر خاکہ نکال لیں باقی چھ سیر موٹا حصہ الگ کر کے تین سیر گڑھا میں بچھادیں۔ پھر قلعی کے ۱۰ ٹکڑے روپیہ کے برابر لے کر الگ الگ رکھ دیں۔اب اس کے اوپر دو سیر باریک چھال ڈال دیں تاکہ قلعی کے ٹکڑے اس میں غائب ہو جائیں اس کے اوپر بقیہ دو سیر خاکہ بھی ڈال دیں اوراس کے اوپر بقیہ تین سیر موٹی چھال ڈال کر سب کو آگ لگادیں۔یہ آگ آٹھ دن میں ٹھنڈی ہوگی۔گڑھا ایسی جگہ بنائیں جہاں ہوانہ لگے۔یوں قلعی ڈلی میں کشتہ ہو جائے گی۔ نکال کر باریک کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

صاحب نسخہ کا بیان ہے کہ اس طرح قلعی کی ڈلیاں کشتہ ہو جاتی ہیں۔

فوائد: جریان۔سرعت انزال۔گردہ مثانہ کو قوت دیتا ہے۔

(۱۸۰۸) کشتہ مرجان

ترکیب تیاری: مرجان ایک تولہ کو لے کر ۵ تولہ گل سرخ کے نغدہ میں رکھ کر ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور باریک کر کے استعمال کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: مقوی قلب ودماغ۔نزلہ زکام۔کھانسی اور جریان کو نافع ہے۔

(۱۸۰۹) کشتہ صدف

اعلیٰ قسم کی صدف مصفی ۵ تولہ کو آملہ خشک ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔صدف کشتہ ہوگا۔آملہ کی راکھ سے صدف نکال لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

یہ بہت تیز ہوتا ہے لہٰذا اسے عرق گلاب سے کھرل کر کے اس کی تیزی کو ختم کریں اس کے بعد ادویہ ملا لیں یا مفرد ہی استعمال کریں۔

(۱۸۱۰) کشتہ صدف

ترکیب تیاری: صدف صاف لے کر آب کنوار گندل میں رکھ کر کشتہ کریں یا کوئلوں کی آگ میں صدف کو رکھ دیں۔ چند منٹ میں پھلہ ہو جائے گا۔ نکال کر آب کنوار گندل یا دودھ گائے سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ اگر صدف ایک پاؤ ہو تو ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور نکال کر عرق گلاب۔ گاؤزبان یا سادہ پانی سے دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھر لیں۔

فوائد: مقوی قلب اور دافع بخار ادویہ میں شامل کریں۔

(۱۸۱۱) کشتہ سنگ جراحت

ترکیب تیاری: سنگ جراحت لے کر باریک کر کے دودھ گائے میں کھرل کریں اور غلولے بنا کر خشک کر کے آگ دیں۔ پس تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ ماشہ صبح شام

فوائد: بخار کو دور کرتا ہے۔

اندرونی خون آنے کو ہمراہ شربت انجبار سے دیں۔

(۱۸۱۲) کشتہ سنکھ

سنکھ ۵ تولہ کو برگ نیم کے نغدہ ½ سیر میں رکھ کر گجپٹ کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی

فوائد: بخاروں کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔

سنکھ کو چار گنا باتھو کے نغدہ میں رکھ کر آگ دینے سے بھی کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد کوٹ کر شیر مدار میں تر کر کے ٹکیہ بنا کر آگ دیں۔

فوائد: سانپ کے زہر کا ازالہ کرتا ہے۔

(۱۸۱۳) کشتہ سنکھ خاص

ترکیب تیاری : سنکھ ۱۰ تولہ وزن کا لے کر گرم کریں اور تیل تارا میرا میں بجھاؤ دیں۔ یہ عمل دس بار دہرائیں۔ پھر گرم پانی سے دھو کر شیر مدار میں تر کر کے آگ ۲۵ سیر اوپلوں کی دیں۔ پھر شیر مدار میں تر کر کے ٹکیہ بنالیں اور ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی صبح شام بالغ افراد

فوائد: ذات الجنب بلغمی ریاحی تپ کہنہ مبارکی سن پات۔ تمام ریاحی دردوں کو مفید ہے۔ لگانا اور کھلانا سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔

میں نے اس کو تیار کر رکھا ہے۔ ایک صاحب کا مجرب تھا۔

(۱۸۱۴) کشتہ گئو دنتی

گئو دنتی ۵ تولہ لے کر نیم۔ گلو۔ کنوار گندل۔ کیکر یا اجوائن دیسی کے چار گنا نغدہ میں رکھ کر چاروں طرف آگ لگا دیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی

فوائد: عام بخار اتارنے میں مجرب ہے۔

اندر سے خون آنے کو روکتا ہے۔

ملیریا بخار والے مریض کو ایک رتی میٹھا سوڈا ملا کر دینا مفید رہتا ہے۔

(۱۸۱۵) گئو دنتی کشتہ خاص

(گئو دنتی کا یہ کشتہ فنے سے ٹین کے ہم پلہ ہے۔)

ترکیب تیاری : گئو دنتی ۸ تولہ۔ اجوائن دیسی ۴ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ گودہ کنوار گندل ۴ سیر۔ آدھی ادویہ اوپر اور آدھی نیچے درمیان میں دوائیں رکھیں۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو ایک ہانڈی میں ڈال کر اوپر بقایا گودا کنوار گندل ایک سیر ڈال کر ہانڈی کا منہ بند کر کے ۱۶ سیر کی آگ دیں اور ٹھنڈا ہونے پر نکال کر باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی

فوائد: بخار ہر قسم اور ذات الجنب کے مریضوں کو عرق سونف یا گلقند میں رکھ کر دیں۔اس کو میں نے تیار کیا تھا۔واقعی بخار کو پسینہ لا کر دور کرتا ہے۔کھانسی کو بھی مفید ہے کیونکہ کنوار گندل۔اجوائن اور نوشادر کا رس اس میں موجود ہے۔

(۱۸۱۶) کشتہ کوڑی زرد

ترکیب تیاری: چند عدد کوڑی زرد لے کر انگاروں کی آگ پر رکھ دیں۔تھوڑی دیر میں پھلہ ہو جائیں گی۔اب انہیں کھرل میں ڈال کر تین گھنٹہ تک پانی میں کھرل کریں تیار ہے۔ اگر آب کنوار گندل میں کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر آگ دیں تو زیادہ باریک اور مفید ہو جاتا ہے۔

فوائد: معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا ہے۔سنکھ کی طرح امراض معدہ میں مفید ہے۔آنکھوں اور کانوں کو بھی مفید ہے۔

(۱۸۱۷) کشتہ سنگ پشت (باخہ)

ترکیب تیاری: کچھوے کی ہڈی لے کر اوپلوں میں رکھ کر آگ دیں۔کھوپڑی کی ہڈیاں کھل جائیں گی۔دوسرے دن چن کر ہاون دستہ میں باریک کریں۔اگر باریک ہو جائے تو خیر ورنہ عرق گلاب سے خوب کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر پیالہ میں رکھ کر آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ۲ رتی تک۔

(۱۸۱۸) کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود لے کر باریک کریں اور آب مولی سے رگڑ کر ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں اسی طرح کنوار گندل کے گودہ میں کھرل کر کے بھی آگ دے سکتے ہیں۔

فوائد: پتھری کو خارج کرتا ہے۔مدر بول ہے۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی تک روزانہ دودھ گائے۔گھی اور چینی ملا کر دیں۔

(۱۸۱۹) کشتہ بارہ سنگا:ا

ھوالشافی: بارہ سنگا کے ٹکڑے ۵ تولہ شورہ قلمی ۵ تولہ۔اجوائن دیسی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو باریک کر کے بارہ سنگا کے ٹکڑوں پر لیپ کر کے خشک ہونے کے

لئے چھوڑ دیں۔ پھر ۲ سیر کوئلوں میں رکھ کر آگ لگا دیں۔ جب کوئلے سرد ہو جائیں تو بارہ سنگا کے ٹکڑے نکال لیں اور باریک کریں۔ زیادہ مفید بنانا چاہیں تو شیر مدار کے ہمراہ کھرل کریں۔ اور آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ رتی

(۱۸۲۰) کشتہ بارہ سنگا

ترکیب تیاری: بارہ سنگا لے کر اس کو پھاڑ لیں اور برگ مدار چار گنا کوٹ کر اس کے اندر رکھنے کے بعد اوپر مٹی سے لتھڑ کپڑا لپیٹ کر آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر کوئلے نکال کر باریک کر کے شیر مدار یا برگ مدار کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔

بارہ سنگا ۵ تولہ ہو تو ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

(۱۸۲۱) کشتہ بارہ سنگا

ترکیب تیاری: ایک عطائی سے لوگ بارہ سنگا کی پڑیا لے کر کھاتے اور آرام پاتے۔ میں نے اس عطائی سے پوچھا ''کیا کرتے ہو'' کہنے لگا ''بارہ سنگا کے سینگ کو پھاڑ کر ۵ تولہ ہو تو ½ سیر کنوار گندل کے نغدہ میں رکھ کر ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیتا ہوں۔ تمام عمر یہی کام کیا ہے۔ میرے پیر صاحب نے بتایا تھا۔''

مقدار خوراک: خوراک ایک رتی۔

فوائد: درد نمونیہ۔ درد مفاصل کو مجرب ہے۔

(۱۸۲۲) کشتہ عقیق: ۱

ترکیب تیاری: عقیق لے کر کٹھالی میں گرم کر کے عرق گلاب یا گاؤزبان میں بجھاؤ دیں۔ پھر باریک کر کے لعاب کنوار گندل سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ تین آگ دینے سے مثل سرمہ ہو جائے گا۔ اس کی رنگت سرخی مائل ہوگی۔ اب ایک آگ دودھ گائے میں کھرل کر کے دیں۔

مقدار خوراک: ۳ رتی

فوائد: دل کے امراض

(۱۸۲۳) کشتہ عقیق: ۲

عقیق ۴ تولہ لے کر برگ سرس (شرینہہ) ایک پاؤ میں بند کر کے دو تین آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور باریک کریں۔ تیار ہے۔ اب ادویہ داخل کریں۔

مقدار خوراک: خوراک ایک رتی۔

فوائد: مقوی دل ادویہ میں داخل کریں۔

(۱۸۲۴) کشتہ سنکھ برائے سگ دیوانہ گزیدہ و مبارکی۔ خسرہ اور چیچک

سنکھ ۴ تولہ۔ پیاز ۱۰ تولہ۔ شہد ۲ تولہ۔ گھی ایک تولہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے نغدہ بنا کر اس میں سنکھ کو بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تین آگ دینے سے زیادہ عمدہ بنتا ہے۔ نغدہ کپڑا یا پٹ سن کی بوری میں لپیٹ کر بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی صبح شام بتاشہ میں رکھ کر دیں۔

سگ دیوانہ گزیدہ کو گڑ میں لپیٹ کر دیں۔

(۱۸۲۵) کشتہ سرطان

ترکیب تیاری: خشک سرطان کو گرم پانی سے دھو کر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں۔ تیار ہے۔

فوائد: دق اور سل کی ادویہ کا لازمی جزو ہے۔ اس میں کیلشیم ہوتا ہے۔

(۱۸۲۶) کشتہ فولاد شنگرفی

ترکیب تیاری: پہلے فولاد کو نیم کشتہ کریں پھر اس میں شنگرف ملا کر آگ دیں۔ ۵ تولہ فولاد کو نکال کر تین بار ترش دہی ایک پاؤ میں بھگو کر پھر رگڑ کر ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ اس طرح تین بار کریں۔

آب جامن یا ہاتھی سونڈی کے پانی میں تر کر کے یا ببول کے خام تکوں میں برادہ فولاد کو تر کریں یا تر پھلہ کے پانی میں جس کے اجزاء ہم وزن ہوں اس میں سات مرتبہ تر کریں۔ اس کے بعد اچھی طرح کھرل کریں۔

اس کے بعد شنگرف رومی ۵ ماشہ ملا کر کنوار گندل سے ۵ گھنٹے تک کھرل کریں۔ پھر ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح ہر مرتبہ ۵ ماشہ شنگرف ملا کر کنوار گندل سے کھرل کر کے آگ دیں۔ کل گیارہ دفعہ ایسا کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مکھن۔ غذا مرغن ومقوی کھائیں۔

فوائد: مولد خون ہے۔ جسم کو از حد طاقت دیتا ہے۔ مقوی معدہ وجگر ہے۔ نامرد کو مرد بنا دینا اس کے لئے معمولی کام ہے۔

غذا مرغن ہو تو تاثیر گرم خشک ہے۔ لہذا بلغمی مزاج کو دیں۔ صفراوی کو ہرگز نہ دیں۔ غذا ہر حال میں مرغن کھائیں۔

ادویہ میں شامل کر کے یا مفرد استعمال کر سکتے ہیں۔

میں اسے محنت سے تیار کر لیا کرتا ہوں لاجواب چیز ہے۔ استعمال میں مجرب ہے۔

(۱۸۲۷) کشتہ فولاد بارد

ترکیب تیاری: برادہ فولاد کو ایک بار ترش انار کے پانی میں بھگوئیں پھر ایک بار آب لیموں میں بھگوئیں اور اس کے بعد ایک بار آب جامن میں بھگوئیں اس کے بعد لوہے کے کھرل یا کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے باریک کھرل کریں۔ تیار ہے۔ اگر کچھ رڑک محسوس ہو تو ایک ایک مرتبہ پھر تر کریں۔ تمام برادہ مثل سرمہ کے باریک ہو جائے گا۔

مقدار خوراک: خوراک ایک رتی۔

فوائد: امراض جگر میں۔

(۱۸۲۸) کشتہ زمرد: ۱

ترکیب تیاری: زمرد ایک تولہ کو ہاون دستہ میں کوٹ کر ۵ تولہ عرق گلاب سے رگڑ کر ٹکیہ بنا لیں اور کوزہ گلی میں گودا کنوار گندل ۵ تولہ کے اندر رکھ کر ۱۲ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ لاجواب کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ۲ چاول

(۱۸۲۹) کشتہ زمرد: ۲

برادہ زمرد ۱۰۰ گرام لے کر کپڑ چھان سفوف بنائیں۔ پھر آب کنوار گندل یا عرق گلاب یا کیوڑہ سے کھرل کر کے ٹکیاں بنالیں اور کوزہ میں بند کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح ۱۰ آگ دیں تا کہ مثل سرمہ ہو جائے۔

مقدار خوراک: ۲ چاول سے ۴ چاول تک۔

فوائد: مقوی گردہ مثانہ ہے۔

(۱۸۳۰) کشتہ ابرک سفید: ۱

ترکیب تیاری: ابرک سفید کے ورق بنالیں۔ پھر قینچی سے باریک کر کے آب مولی کے ساتھ خوب گھوٹیں حتی کہ غلولہ بن جائے۔ پھر گلو خشک ۵ تولہ کو ۱۰ تولہ پانی میں گھوٹ کر چھان لیں۔ اب قند سیاہ ۷ تولہ۔ قلمی شورہ ۱۵ تولہ خوب گھوٹیں اور دہی ۱۰ تولہ بھی شامل کرلیں۔ اور دھوپ میں رکھ کر خشک کریں اور کوزہ میں بند کر کے ۸ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پہلے کپڑ چھان کریں پھر ۲۰ گنا پانی میں ملا کر پرات میں رکھ دیں اور تھوڑی دیر بعد نتھار لیں۔ سات مرتبہ یہ عمل کریں تا کہ شورہ نکل جاوے۔ اب خشک کرلیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ شربت بنفشہ یا مناسب بدرقہ سے دیں صبح شام کھلانا اکسیر ہے۔

فوائد: ہر قسم کے بخار میں مفرد اور مرکب طور پر کھلائیں۔

صفراوی مزاج کو کشتہ فولاد بارد کے ساتھ کھلائیں۔

اس کشتہ کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔ اگر تمام اشیاء بھی قلمی شورہ۔ آب گلو۔ دہی اور آب مولی سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کرنے کے بعد آگ دیں تو زیادہ مفید ہوگا۔

دھو کر شورہ نکال لیں تیار ہے۔ (از مجربات سلطانی حصہ اول)

(۱۸۳۱) کشتہ ابرک سفید: ۲

ترکیب تیاری: ابرک سفید ۱۰ تولہ کے ورق بنا کر دوگنا قلمی شورہ اور دہی ترش کوزہ میں تہ بہ

تہ رکھیں اور ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ نکال کر دیکھیں اگر سفید براق ہو تو ٹھیک ورنہ شورہ اور دہی ترش ملا کر کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ پھر باریک کر کے دھو کر شورہ نکال دیں اور گلو اور چرائتہ کے جوشاندہ سے کھرل کر کے تین دن آگ دیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی ہمراہ مناسب بدرقہ یا مرکبات میں شامل کر کے دیں۔

فوائد: بخار والوں کو مفید ہے۔

(۱۸۳۲) کشتہ ابرک سیاہ

ترکیب تیاری: ابرک سیاہ لے کر آگ میں گرم کریں اور شیر گاؤ میں بجھاؤ دیں۔ یہ عمل سات بار کریں۔ ابرک ریزہ ریزہ ہو جائے گا۔ پھر اس کو دودھ گائے میں کھرل کر کے آگ دیں۔ پھر گلو اور چرائتہ کے جوشاندے سے کھرل کر کے آگ دیں۔ دونوں سے آٹھ آٹھ دفعہ کھرل کر کے بجھاؤ دیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: حکماء کا قول ہے کہ پرانے بخاروں میں مجرب ہے۔ میں نے تیار کر کے مفید پایا۔

(۱۸۳۳) کشتہ ابرک سیاہ ۲۱ آتشہ

ایک گاؤں میں جانے کا اتفاق ہوا اس گاؤں میں ایک مشہور حکیم رہتا تھا۔ اس سے بھی ملاقات کی اس نے میرا نام و مقام پوچھا تو میں نے بتا دیا تو کہنے لگا ''آپ کا نام تو سنا تھا لیکن ملاقات نہ ہوئی تھی۔'' میں نے نسخہ جات کے متعلق بات کی ''تو وہ کہنے لگا ''تمہیں کیا ضرورت ہے۔ تم تو خود ایک عظیم طبیب ہو تمہارے نام کی تو دور دور تک شہرت ہے''۔

ترکیب تیاری: یہ کشتہ ابرک سیاہ ۲۱ آتشہ ہے۔ ایک آگ آب مولی سے دیں دوسری آب کوار گندل سے اسی طرح ۲۱ دفعہ آگ دو۔ میں تمام عمر کا تیار کر رہا ہوں۔ میں نے اس کا نام ''بادشاہ'' رکھا ہے۔ تیار شدہ دکھایا۔

فوائد: بخار کے مریضوں اور جگر کے امراض میں مبتلا افراد کو مناسب بدرقات سے کھلاتا ہوں۔ یہ مجھے بڑے کام دیتا ہے۔ ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔ مدر بول ہے اور مریض کی کایا پلٹ دیتا ہے۔ ''اس بیان میں کوئی شک نہیں۔ اگر کوئی صاحب واقعی محنت سے تیار کر لیں تو واقع مفید

ثابت ہوتا ہے۔

(۱۸۳۴) کشتہ ابرک سیاہ

ترکیب تیاری: ۱۰ تولہ ابرک سیاہ محلوب لے کر آب بیدانجیر کے پانی سے کھرل کریں۔ جب ایک سیر پانی مروق جذب ہو جائے تو اس کی ٹکیاں بنالیں اور برگ بیدانجیر کے نغدہ میں رکھ کر کپڑ وٹی کر کے ۲۵ سیر کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا تیار ہوگا۔ اگر آب بیدانجیر سرخ پھول والا ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ ایک عجیب کشتہ ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی مدت کورس ایک ماہ

فوائد: اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ چہرے کی رنگت کو سرخ کرتا ہے۔ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے۔ میں نے خود تو کبھی تیار نہیں کیا لیکن دو بڑے حکما کا معمول مطب تھا۔

(۱۸۳۵) کشتہ جواہرات

اجزاء: مرجان ایک تولہ۔ زمرد۔ یاقوت۔ یشب سبز۔ عقیق۔ مروارید۔ ورق سونا۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ ورق چاندی ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: آب گل سرخ تازہ سے کھرل کریں پھر ٹکیاں بنا کر نغدہ گل سرخ ۱۰ تولہ میں رکھ کر ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر چار ماشہ عنبر شامل کر کے رگڑیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد: ایک یا ۲ چاول خمیرہ گاؤزبان سادہ ۵ تولہ میں رکھ کر کھلانا بچوں کی تمام کمزوریاں دور کرتا ہے۔ جواہر مہرہ کا بدل ہے۔

کشتہ جواہرات تو عام کتب میں بھی لکھا ملتا ہے لیکن قرشی صاحب کے رسالہ میں ۴ ماشہ عنبر کا اضافہ ہے۔ اس سے پڑھ کر مولوی اکبر سیال نے معمول مطب بنالیا۔

(۱۸۳۶) کشتہ شنگرف لاجواب

ضلع بہاولپور کے ایک شخص نے اپنی ساری عمر سونا بنانے کے شغل میں گزاری وہ تو نہ بنتا تھا نہ بنا لیکن کئی مجرب کشتے اس کے ہاتھ لگ گئے۔ اس نے دوستی و محبت میں مجھ کو عطا کر دیئے۔ انہی

میں سے ایک کشتہ شنگرف ہے۔ اگرچہ میں نے اس کو خود تیار نہیں کیا لیکن کشتہ بنانے والا شخص انتہائی نیک۔ خوش خلق۔ نیک سیرت اور ملنسار تھا۔ فقط محبت کی وجہ سے مجھے بتایا اور تیار کرنے کو کہا۔

ترکیب تیاری: شنگرف ایک تولہ کی ڈلی لے کر تخم مرچ سرخ ۵ تولہ۔ تخم حرمل ۵ تولہ۔ چہار اجوائن مصفی ہر ایک ۵ تولہ۔ تمام اشیاء کو نیم کوب کر کے شنگرف کی ڈلی ان کے اندر چھپادیں اور کڑاہی میں رکھیں۔ آگ کوئلوں کی ہو اور گھی ۱۲ تولہ۔ شہد ۱۲ تولہ لے کر پاس بیٹھ جائیں۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد گھی اور شہد کی چمچی کڑاہی میں ڈالتے جائیں۔ ۱۲ گھنٹے میں تمام مصالحہ ختم کریں۔ سرد ہونے پر ڈلی ہم رنگ کشتہ ہوگی

مقدار خوراک: ایک چاول

فوائد: از حد مقوی باہ ہے تیار کریں اور مرحوم صاحب نسخہ کے حق میں دعائے خیر کریں۔

(۱۸۳۷) کشتہ شنگرف

ترکیب تیاری: شنگرف ایک تولہ کی ڈلی لے کر تخم حرمل ایک پاؤ کے درمیان رکھ کر دبادیں اور نیچے آگ جلائیں۔ شنگرف کی ڈلی کو تابہ یا کڑاہی میں رکھیں۔ اوپر کے چند دانے ابھی خام ہوں کہ آگ بند کردیں بلکہ نیچے سے آگ بھی نکال لیں۔ اوپر کے دانے خود ہی جل جائیں گے۔ صبح کو اتار کر شنگرف نکال لیں۔ باوزن کشتہ تیار ہوگا۔ میں نے بھی اسے تیار کر کے مجرب پایا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ چاول سے چار چاول تک۔

فوائد: مرکبات میں شامل کریں۔

(۱۸۳۸) کشتہ شنگرف:۲

ترکیب تیاری: شنگرف ۴ تولہ کی ڈلی لے کر اوپر لوہے کی باریک تار لپیٹ دیں تاکہ ڈلی پھٹنے سے محفوظ رہے۔ پھر کنجد سیاہ ایک پاؤ۔ روغن گاؤ ½ ۱ پاؤ کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ بعد کڑاہی میں آگ لگ جائے گی اگر نہ لگے تو خود آگ لگادیں اور نیچے کی آگ بند کردیں۔ جب تمام دوا جل جائے تو ڈلی نکال لیں۔ ہم رنگ کشتہ ہوگی۔

مقدار خوراک: ۲ چاول تا ایک رتی

فوائد: ادویہ میں شامل کرتا ہیں۔

میں نے یہ کشتہ کئی دفعہ خود تیار کیا ہے۔ لا جواب ہے۔

(۱۸۳۹) کشتہ شنگرف ہم رنگ

مجھے وزیر آباد جانے کا اتفاق ہوا ایک تجربہ حکیم سے وہاں ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ کشتہ شنگرف کنز المجربات جلد دوم والا تیار کرتا ہوں۔ میرا مجرب ہے۔ میں نے بھی ان کے کہنے پر تیار کر لیا۔

اجزاء: شنگرف ڈلی ۵ تولہ۔ بھلانوہ ایک سیر۔ اتکال سفید ½ سیر۔ مغز اخروٹ ½ سیر۔ پوست بیخ کنیر ایک پاؤ۔ سفوف کچلہ کوفتہ ۱۰ تولہ۔ سفوف مٹھا تیلیا ۵ تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: شنگرف کی ڈلی پر نرم تار لپیٹ دیں۔ تمام اشیاء کا نغدہ بنائیں اور خشک ادویہ کوٹ کر اس نغدہ میں شامل کر لیں۔ اب نغدہ کے تین حصے کر لیں۔

ایک حصہ میں شنگرف کی ڈلی مذکورہ لپیٹ کر غلولہ بنا کر لوہے کی کڑاہی میں رکھیں اور اوپر سے روغن السی آدھ سیر ڈال دیں اور نیچے آگ جلائیں۔ جب پک جائے اور کڑاہی میں آگ لگ جائے اور تیل اور نغدہ بالکل سیاہ ہو جائیں اور دھواں نکلنا بند ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر ڈلی نکال کر تین بار دوسرے غلولہ میں رکھ کر اسی طرح روغن السی ڈال کر پکائیں اور وہی عمل دہرائیں۔ پھر نکال کر تیسرے غلولہ میں رکھ کر پکائیں سرد ہونے پر نکال کر باریک کریں۔ ہم رنگ کشتہ ہوگی۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۳ چاول ہمراہ مرغن غذا کھائیں۔

فوائد: قوت باہ کے بڑھانے میں اکسیر ہے۔ گئے گزرے نامرد کو شیر مرد بناتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ وجع المفاصل میں اکسیر ہے۔

نکات مطب: اس نسخہ میں شامل ہر جز واپنی جگہ مقوی اعصاب و باہ ہے۔ ایک نسخہ میں تمام اجزاء کامل جانا نسخے کی کامیابی کی دلیل ہے۔

میں نے تیار کیا۔ حکیم صاحب مذکور نے لاجواب کہا ہے۔ اجزاء کے حساب سے زبردست ہے۔ وزن قدرے کم نکلتا ہے۔ تین تولہ شنگرف رکھا تھا وزن ۵ ماشہ کم ہو گیا۔

(۱۸۴۰) اکسیری کشتہ

ایک بوڑھے خاندانی تجربہ کار حکیم نے مجھے بتایا کہ ایک سنیاسی میرے گھر پر رات ٹھہرا۔ صبح کو رات کی خاطر تواضع سے خوش ہو کر یہ نسخہ عطا کر گیا۔

ترکیب تیاری: قلعی ایک تولہ اور پارہ ایک تولہ۔ صاف لیں۔ قلعی کے ٹکڑے چنے برابر کرنے کے بعد چھال درخت پیپل خشک شدہ ۲۰ تولہ کو کوٹ کر اس کو آدھا ایک اوپلے پر ڈال دیں اور قلعی کے ٹکڑے مذکورہ کو علیحدہ رکھ کر باقی ۱۰ تولہ چھال کا نغدہ اوپر رکھ کر دوسرے اوپلے سے بند کر کے ۲۰ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر قلعی کے دانے کشتہ شدہ چن لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی مکھن یا بالائی سے دیں۔

فوائد: جریان اور کمزوری مثانہ میں اکسیر ہے۔

میں نے اس کا تجربہ کیا ہے اور تجھے پیار و محبت سے یہ نسخہ لکھوا رہا ہوں اس کو تیار کر کے کامیابیاں حاصل کرو۔ اس کے بعد اور کشتہ بنانے والے کی بھی تعریف کرو۔

(۱۸۴۱) کشتہ شنگرف

ترکیب تیاری: شنگرف ایک تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ دونوں کو باریک کر کے قدرے پانی ملا کر اس کی چار ٹکیاں بنا دیں اور خشک ہونے پر گھی ۱۰ تولہ میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب ٹکیاں سرخ ہو جائیں تو اتار کر سرد ہونے پر گھی سے نکال کر باریک کریں اور جو گھی باقی بچے اس کو سنبھال لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: ہر بلغمی مرض کا علاج ہے۔

بلغمی دمہ والوں کو پان کے پتے پر رکھ کر صبح شام دیں اور گھی کی سینہ پر مالش کریں۔ پان کے پتے پر مویز منقی ایک عدد۔ الائچی خورد ایک عدد۔ گری بادام ایک عدد رکھ کر کشتہ رکھ کر چوسائیں اور بوٹی سوما کلپا کا پاؤڈر کے ہمراہ کھلائیں۔ بلغمی بخار کو بھی مجرب ہے۔ مقوی باہ ہے۔

نوٹ! چند دن کھلا کر چند دن ناغہ کریں اس سے گلے اور پھیپھڑے کی سوزش دور ہوگی۔

(۱۸۴۲) قرص ابرک کلاں

ترکیب تیاری: ابرک سیاہ ۱۰ تولہ لے کر شیر مدار سے چار پہر کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر خشک کرلیں۔ کوزہ یا پیالہ میں برگ مدار رکھ کر کوزہ کو بند کر کے ۱۵ سیر کی آگ دی۔ پھر نکال کر شیر مدار سے کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ اور یہ عمل سات دفعہ کریں۔

مقدار خوراک: ۴ چاول مناسب بدرقہ یا خمیرہ گاؤزبان سادہ۔

فوائد: مقوی باہ و مقوی بدن ہے۔

- جریان وسیلان کو روکتا ہے۔
- کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔

یہ نسخہ حکیم اجمل خانؒ کے مطب میں قرص ابرک کلاں کے نام سے لعوقوں۔ شربتوں یا جوشاندوں کے ساتھ امراض سینہ میں دیا جاتا تھا لہٰذا لکھ دیا ہے تاکہ آپ کو حکیم اجمل خان صاحب کا معمول مطب نسخہ مل جائے۔

نکات مطب: ابرک سیاہ یا سفید صدیوں سے امراض سینہ میں برائے حکماء چالیس آتشہ کر کے دیتے تھے۔ حکیم اجمل خانؒ نے شیر مدار سے تیار کرنا لکھا ہے۔ شیر مدار کا حصول بھی آسان ہے۔ مدار کا درخت بلغمی امراض کے لئے اکسیر ہے۔ اسی طرح کنوار گندل اور پٹھکنڈا بھی امراض بلغمی میں یاد رکھیں۔ ان سے بلغم رقیق ہو کر نکلتی ہے۔ جو کہ شفا کی علامت ہے۔ (از اسرار صدریہ)

(۱۸۴۳) کشتہ طلاء مروارید ی

اجزاء: مرجان ½۲ تولہ۔ مروارید۔ ورق سونا۔ ورق چاندی۔ زمرد۔ یاقوت۔ عقیق ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: پہلے کنوار گندل سے دو روز کھرل کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر آب مکو مروق میں رکھ کر کھرل کریں اور آگ دیں۔ تیسری آگ گل سرخ یا روح کیوڑہ یا عرق گلاب سہ آتشہ سے کھرل کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ چاول ہمراہ مکھن۔ بالائی یا خمیرہ گاؤزبان سادہ۔

فوائد: جسم میں پیدا ہونے والی ہر قسم کی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔

میں نے اس نسخہ کو تیار کیا ہے۔ واقعی لاجواب ہے۔ کئی بڑے بڑے حکماء کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ اکیلا ہی کافی ہے۔

(۱۸۴۴) کشتہ سنگ یشب

ترکیب تیاری: سنگ یشب ۵ تولہ لے کر آگ میں گرم کر کے عرق گلاب یا عرق گاؤزبان میں بجھاؤ دیں۔ اس سے پتھر بھرا بھرا ہو جائے گا۔ اب ہاون دستہ سے کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور عرق گلاب یا عرق گاؤزبان یا عرق بیدمشک یا لعاب کنوار گندل میں کھرل کر کے ٹکیاں بنالیں اور کوزہ میں بند کر کے ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کل تین دفعہ آگ دیں تاکہ مثل سرمہ ہو جائے۔ اس کا صلایہ بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔

مقدار خوراک: ۴ چاول سے ایک رتی تک۔

فوائد: امراض دل ومثانہ میں مفید ہے۔

(۱۸۴۵) کشتہ سہ دھاتا (قلعی۔ سکہ اور جست)

قیام پاکستان سے قبل ایک سکھ حکیم سے جریان کے لئے نسخہ طلب کیا تو اس نے کہا کشتہ سہ دھاتا تیار کر لیا کریں۔

ھوالشافی: قلعی۔ سکہ اور جست ہم وزن لے کر صاف کر لیں۔ حضرت مولانا حکیم محمد عبداللہ صاحب نے لکھا ہے کہ ان کو پگھلا کر سات بار گھی میں بجھاؤ دیں۔ صاف ہو جائیں گی۔ ایک صاحب نے تیل سرسوں میں بجھاؤ دینے کو لکھا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ دھات کو تیل میں رکھ کر گرم کریں جب پگھل جائے تو تیل سے نکال لیں۔ اور پھر نئے تیل میں پگھلائیں جتنی مرتبہ چاہیں پگھلائیں تیل آپ کا وقت آپ کا اور آگ آپ کی۔

ایک ایک تولہ تینوں دھاتیں صاف کرنے کے بعد پوست خشخاش ۱۵ تولہ باریک اور سلاخ کردہ پاس رکھیں اور پگھلی ہوئی دھات پر اس کی چٹکی دیں اور لوہے کی ہتھوڑی سے ہلاتے جائیں۔ جب دھاتیں جل کر خاکستر ہو جائیں تو پھر اکٹھا کر کے کسی برتن سے ڈھانپ کر ایک گھنٹہ تک آگ دیں تو بسنتی رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔ پھر دہی سے کھرل کر کے پانچ آنچ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی مکھن یا بالائی کے ہمراہ دیں۔

فوائد: بقول مولانا عبداللہؒ صاحب اگر کوئی چالیس خوراک کھالے تو عمر بھر جریان کا اندیشہ نہ رہے گا۔

عورت کھالے تو لیکوریا یا ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

حکیم عبداللہ کشتہ سہ دھاتا اس کھیر کے ساتھ کھلاتے۔

ثعلب پنجہ ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۱۰ تولہ۔ تخم ریحان ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: پہلی دونوں ادویہ کو تیار کریں اور پھر تخم ریحان سالم شامل کریں۔ اور چھ ماشہ کی پڑیا ½ سیر دودھ گائے میں نرم آگ پر پکائیں۔ فرنی بن جائے تو ہمراہ کشتہ سہ دھاتا کھلائیں۔ لاجواب ہے۔

یہ نسخہ حکیم عبداللہ صاحب کے خاندان کا سوسالہ مجرب ہے۔ کئی ہزار ڈبے بنا کر فروخت کر چکے ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ اس سے کرم منی صاحب اولاد والے پیدا ہوتے ہیں۔

(۱۸۴۶) کشتہ سہ دھاتا از دیوی داس

دیوی داس نامی ایک مشہور پنڈت گزرے ہیں فرماتے ہیں کہ قلعی۔ سکہ اور جست تینوں دھاتیں ایک ایک تولہ لے کر ایک پاؤ خشخاش کے پوست کی چٹکی دیں اور لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں تاکہ ہر دھات کو برابر حرارت پہنچے۔ جب تمام دھاتیں جل جائیں اور کشتہ خالص رہ جائے جو قدرے سیاہی مائل ہوگا۔

نکات مطب: میرا ذاتی خیال ہے کہ کڑاہی میں ½ سیر دہی ڈال کر لوہے کے دستے سے رگڑیں اس طرح ایک تو کشتہ باریک ہوگا دہی اور دیسی بھی اچھی طرح جل جائے گا۔

فوائد: اس صاحب نے تصدیق کی ہے کہ اس کے کھلانے سے کرم منی پیدا ہو گئے۔

(۱۸۴۷) کشتہ سکہ

ترکیب تیاری: کسی بھی طریقہ سے سکہ کو صاف کر کے آگ پر رکھیں اور پگھلا کر پوست خشخاش۔ شورہ قلمی اور ہلدی کی چٹکی باری باری کڑاہی میں دیتے جائیں اور لوہے کے دستے سے ہلاتے جائیں۔ جب خاکستر ہو جائے تو لعاب کنوار گندل سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر باریک کریں اور دھو کر قلمی شورہ نکال لیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ سے چار چاول۔

فوائد: دمہ۔کھانسی ۔تپ کہنہ۔ جریان ۔احتلام ۔شوگر اور لیکوریا کے مریضوں کو مفید ہے۔

(۱۸۴۸) کشتہ جست برائے امراض چشم

ترکیب تیاری: جست کو پگھلا کر برگ نیم تازہ یا خشک شدہ ڈالتے جائیں اور آہنی دستہ رگڑتے جائیں حتی کہ تمام جست پھلہ بن جائے۔اس سے سبز نیلگوں رنگ کے شعلے نکلتے رہیں گے۔ جب تمام خاکستر ہو جائیں تو اکٹھا کر کے ڈھانپ کر ایک گھنٹہ تیز آگ دیں۔ پھر نکال کر اس کو باریک کریں اور کپڑے سے چھان لیں۔ برگ نیم خشک شدہ ڈالیں اس سے کشتہ زیادہ سفید اور شاندار ہو گا۔

فوائد: رات سوتے وقت آنکھ میں سلائی لگائیں۔سرخی چشم۔آشوب چشم۔دھندلا۔جالا کو دور کرتا ہے۔بازاری زنک اوکسائیڈ سے ہزار درجہ بہتر ہے۔

تمام قدیم حکماء اسے آنکھ کے لئے امرت بیان کرتے ہیں۔مجرب ہے۔

(۱۸۴۹) کشتہ چاندی برنگ سرخ

۱۹۵۰ کے حکماء کے جلسہ میں ایک صاحب نے بیان کیا تھا۔اس کے بعد کئی اور حکماء نے اس کی تصدیق کی ہے میں نے خود اس کو تیار کیا واقع سرخ رنگ میں تیار ہوا۔

ترکیب تیاری: چاندی کا باریک پترا کاغذ کے برابر موٹا بنا کر اس پر سم الفار سفید ایک تولہ پیس کر لیپ کر دیں۔خشک ہونے پر گندھک آملہ سار کا لیپ کر دیں۔اور دو پیالیوں میں بند کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔تیز سرخ رنگ کا کشتہ ملے گا۔

دوسرا طریقہ: سم الفار سفید اور گندھک آملہ سار کا سفوف بنالیں۔چاندی کے ناخن برابر ٹکڑے کاٹ لیں اور تینوں کو پیالیوں میں بند کر کے آگ دیں۔سرخ رنگ کی چیز حاصل ہو گی۔ اسے باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ۴ چاول ہمراہ مکھن

فوائد: بے حد مقوی دماغ۔مقوی اعضائے رئیسہ اور باہ ہے۔

دائمی نزلہ زکام کو دور کرتا ہے۔

باہیہ نسخوں میں کشتہ چاندی شامل کرنا مقصود ہو تو یہ کشتہ شامل کریں۔ اکیلا ہی پردھان ہے۔ مجرب ہے۔

(۱۸۵۰) کشتہ قلعی پھٹکڑی والا

ترکیب تیاری: قلعی کو پگھلا کر اس پر پھٹکڑی کی چٹکی دیتے جائیں اور رگڑتے جائیں۔ جب قلعی پھول جائے تو اسے اکٹھا کر کے لوہے کے برتن سے ڈھانپ کر ایک گھنٹہ تیز آگ دیں۔ پھر نکال کر کھرل میں ڈالیں اور لعاب کنوار گندل سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر گجپٹ کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: امراض مردانہ میں مفید ہے۔

دو مشہور حکماء نے اس کی تعریف کی ہے میں نے بھی اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

(۱۸۵۱) کشتہ سہ دھاتہ بطریق آیورویدک

ترکیب تیاری: ہر سہ دھاتہ پر پوست کو کنار کی چٹکی دے کر خاکستر بنا کر اکٹھا کر کے اس کو ڈھانپ دیں۔ اور ایک گھنٹہ تک آگ دیتے رہیں۔ سرد ہونے پر خاکستر کو کپڑ چھان کر کے لعاب کنوار گندل سے کھرل کریں اور ٹکیاں بنالیں اور آگ دیں۔ چار یا پانچ آگ دینے پر بسنتی رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ بالعموم لوگ ایک غلطی کرتے ہیں کہ آگ زیادہ دے لیتے ہیں۔

وید صاحب فرماتے ہیں کہ اگر خاکستر ½ اسیر ہو تو آگ صرف ۱۰ اسیر اوپلوں کی دیں۔

(۱۸۵۲) کشتہ ہفت دھاتا

اجزاء: قلعی۔ سکہ۔ جست۔ چاندی مصفی ہر ایک ۲۵ ماشہ۔ پارہ مصفی ۲۵ ماشہ۔ مرجان۔ عقیق سوختہ ۲۵۔ ۲۵ ماشہ۔

ترکیب تیاری: پہلے قلعی۔ سکہ۔ جست۔ چاندی اور پارہ کو ملا کر گٹکا بنا کر باریک کریں۔ پھر اس میں مرجان اور عقیق شامل کر کے ایک دن کنوار گندل کے گودہ سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کر کے ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر ایک دن کنوار گندل سے کھرل کر کے ۱۰ اسیر

اوپلوں کی آگ دیں۔ دوا آگ سے تیار ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ مکھن۔ بالائی یا مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد: مقوی قلب۔ مقوی گردہ ومثانہ۔ شوگر اور زیادتی پیشاب میں وید صاحب کا مجرب ہے۔

نکات مطب: صاحب نسخہ نے مرجان باریک کردہ اور عقیق باریک کردہ لکھا ہے لیکن تجربہ بتلاتا ہے کہ یہ دوا دو یہ آگ دینے سے وزن میں کم ہو جاتی ہیں لہذا اس کا طریقہ میں نے یہ سوچا ہے کہ مرجان کو گرم لوہے کی تھالی میں ڈال دیا جائے تو اس کی حرارت سے نرم ہو جائے گا اور وزن بھی مناسب رہے گا۔ جبکہ عقیق کو گرم کر کے عرقیات میں ۲۵ مرتبہ بجھاؤ دیں تو وہ پھونک ہو جائے گا۔

ہر جزو کا کشتہ الگ الگ مفید ہے لیکن جب یہ اکٹھا ہوگا تو تریاق بن جائے گا۔ تجربہ شاہد ہے۔

(نقل از کتاب آیورویدک کشتہ جات مولفہ وید جگن ناتھ ٹیکسلا آیورویدک فارمیسی یوپی۔ بھارت)

(۱۸۵۳) کشتہ مرگانگ

ترکیب تیاری: قلعی اور پارہ مصفی کو چھلبند کر کے نمک خوردنی ملا کر کھرل کریں اور پانی ڈال کر دھوتے رہیں اور پھر نمک ڈال کر رگڑ کر دھوتے رہیں جب تک پانی سیاہ نہ ہو جائے دھوتے رہیں۔ پھر سکھا کر گندھک آملہ سار اور نوشادر مساوی ملا کر کجلی بنا کر آتشی شیشی گل حکمت شدہ میں ڈال کر ریت سے بھری ہوئی دیگچی میں کھڑی کریں۔ ہانڈی کے پیندے میں سوراخ کیا ہو اور آتشی شیشی کا پیندا اس سوراخ کے اوپر ہو اب ہانڈی کو آگ پر رکھیں جب شیشی سے دھواں نکلنا شروع ہو تو اس میں لوہے کی سلاخ پھیرنی شروع کریں تا کہ شیشی کا منہ بند نہ ہونے پائے۔ جب سیاہ دھواں نکل جاوے تو پھر زرد رنگ کا دھواں نکلے گا۔ پھر سلاخ کو شیشی کے پیندے میں لے جادیں اور نکال کر دیکھیں کہ اس کے ساتھ سنہری ذرات آئے ہیں۔ اگر سنہری ذرات لوہے کی تار کو لگے ہوں تو آگ بند کر دیں اور ٹھنڈی ہونے پر شیشی کو گردن کے نزدیک سے توڑ دیں۔ اور نیچے سے مرگانگ نکال لیں۔ یہ مرگانگ تیار کرنے کا قدیم طریقہ تھا۔

جدید طریقہ میں اجزاء کو دو پیالوں میں بھی تیار کر لیتے ہیں۔ پیالوں کو ریت میں دبا دیتے ہیں۔اوپر کے پیالہ میں سوراخ کر لیتے ہیں۔میں نے خود تیار کیا ہے۔

۲ ہانڈی روغنی میں بند کر کے آگ دے کر بھی تیار کر لیتے ہیں۔

۳ بجلی کے بلب میں بھی تیار کر لیا جاتا ہے۔

۴ تیار شدہ کجلی ۱۰ تولہ میں اگر قلمی شورہ ۶ ماشہ شامل کر کے اڑائیں تو رنگ شوخ آتا ہے۔

۵ کوزہ کے ڈھکن میں سوراخ کر کے گڑھے میں اوپلوں کے اندر رکھ دیتے ہیں اس کے ذریعہ بھی سوراخ سے دھواں نکل جاتا ہے اور مرگانگ تیار ہو جاتا ہے۔

۶ ایک حکیم جو کہ پرنسپل تھے اپنا تجربہ بتایا بلکہ تیار شدہ کشتہ بھی دکھایا۔انہوں نے بتایا کہ تیار شدہ چاروں اجزاء کو شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر کوزہ میں بند کر کے آگ دیتا ہوں اور ٹھنڈا ہونے پر باریک کر کے کھلاتا ہوں۔میں نے دیکھا قدرے زرد رنگ کا تھا۔

میں نے اس کی چھ تراکیب لکھ دی ہیں جبکہ کتب میں صرف ایک ترکیب آتشی شیشی والی لکھی ہے۔

(۱۸۵۴) دوائے مرگانگ

جس سے مریض کی تمام طاقتیں بحال ہو گئیں اور وہ صاحب اولاد ہو گیا۔

ھوالشافی: مصطگی رومی۔طباشیر۔دانہ الائچی خورد ہر ایک' ایک تولہ۔کشتہ مرگانگ ۶ ماشہ ملا کر دیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی ہمراہ مکھن

میں نے کشتہ مرگانگ ایک نوجوان کو مکھن میں رکھ کر کھلایا۔اس کی دوسری شادی تھی۔اس قدر فائدہ ہوا کہ پچھلی عمر تک یاد کرتا رہا۔ اس کے ہاں ۱۰ بچے پیدا ہوئے۔

فوائد: آیورویدک والے اسے رسائن کہتے ہیں۔

- بخار کہنہ۔جریان۔نزلہ۔زکام۔لیکوریا کو دافع ہے۔
- جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔کایا کلپ ہے۔

(۱۸۵۵)نسخہ

هوالشافی: خوب کلاں مصفی ۶ ماشہ۔مصری حسب ضرورت۔شیر گاؤ تازہ ایک پاؤ مرگانگ ½ رتی سے کھائیں۔

فوائد: جسم کو موٹا کرتا ہے۔آلہ تناسل کو تند اور موٹا کرتا ہے۔

(۱۸۵۶) کشتہ ابرک سیاہ

ترکیب تیاری: ابرک سیاہ محلوب کرکے آب ارنڈ سے کھرل کرکے آگ دیں۔پھر

- آک کے پتوں کے پانی میں کھرل کرکے آگ دیں۔
- دھتورہ کے رس میں کھرل کرکے آگ دیں۔
- گلو کے پانی میں کھرل کرکے آگ دیں۔
- کنوار گندل کے لعاب میں کھرل کرکے آگ دیں۔
- اجوائن دیسی کے جوشاندہ میں کھرل کرکے آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: لاجواب چھ آتشہ کشتہ ہے۔اور بقول اقبال حسن یزدانی رحمۃ اللہ علیہ دق۔سل۔مزمن بخاروں اور عام کمزوری میں مفید ہے۔مجرب ہے۔

آیورویدک نے تو ابرک کو رسائن بدن لکھا ہے۔تجربہ اس کی تصدیق کرتا ہے۔

(۱۸۵۷) کشتہ بیضہ:۱

ترکیب تیاری: ۵ تولہ صاف بیضہ مرغ کا پاؤڈر۔چھال درخت شیشم ایک پاؤ۔چھال کو پانی ایک سیر میں جوش دیں۔جب ایک پاؤ پانی باقی رہ جائے تو پن چھان کر اس کو پکائیں۔جب محلول ۵ تولہ رہ جائے تو اس میں بیضہ مرغ کو کھرل کرکے ٹکیاں بنالیں۔

۱۰ سیر گوبر کا چورا لے کر اس میں ٹکیاں رکھ دیں اور آگ لگا دیں۔کشتہ بن جائے گا۔(از مولوی یوسف منگو کے)

(۱۸۵۸) کشتہ بیضہ:۲

ترکیب تیاری: بیضہ مرغ کو آب لیموں میں بھگو دیں۔خشک ہونے پر آگ دیں۔اگر ایک

آگ میں مفید نہ بن سکے تو دو یا تین آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی۔

فوائد: امراض گردہ۔ مثانہ۔ کثرت بول میں مفید ہے۔

(۱۸۵۹) کشتہ بیضہ مرغ آیورویدک لاثانی

ترکیب تیاری: بیضہ مرغ لے کر آب لیموں یا آب کھٹی دہی میں بھگو دیں اور روزانہ ہلائیں۔ خشک ہونے پر بند کر کے آگ دیں پھر اسے آب کنوار گندل میں آگ دیں۔ سفید خاکستر بن جائے گا۔ ۵ تولہ مواد کو ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دینا چاہیے۔ تیار شدہ کشتہ کو پانی میں حل کر لیں اور پھر خشک کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی

فوائد: کثرت احتلام۔ جریان۔ لیکوریا۔ کمزوری مثانہ۔ کثرت بول۔ بول فی الفراش میں مفید ہے۔

(۱۸۶۰) کشتہ ابرک سفید برائے (از خاندانی حکیم صاحب)

ترکیب تیاری: ابرک سفید کو گرم کر کے آب برگ سرس (شہرینہ) میں بجھاؤ دیتے جائیں جب ریزہ ریزہ ہو جائے تو سرد ہونے پر رگڑ کر باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: بخار میں مفید ہے۔

(۱۸۶۱) کشتہ ابرک سیاہ

ترکیب تیاری: ابرک سیاہ کو ترپھلہ کے جوشاندہ میں آٹھ دس بجھاؤ دیں۔ پھر آب مولی سے کھرل کر کے چار آگ دیں۔ خیال رہے کہ آگ ہر مرتبہ پہلے سے زیادہ ہو۔ لہذا آگ میں اوپلوں کے علاوہ لکڑیاں بھی جلائیں۔ پھر تین آگ آب ادرک سے کھرل کر کے دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی۔

فوائد: دل۔ دماغ۔ جگر۔ معدہ۔ گردہ و مثانہ کو تقویت دیتا ہے۔

❀ جگر کے امراض میں ہمراہ عرق کاسنی

✿ قوت باہ کے لئے ہمراہ شیر گاؤ

نسخہ عطا فرما کر کہنے لگے کہ میں نے نیت کر رکھی تھی کہ یہ نسخہ کسی صاحب فن کو دوں گا جو دل سے اس کی قدر کو جانتا ہو۔ اب وہ حکیم صاحب فوت ہو چکے ہیں۔ اگر کوئی صاحب تیار کریں تو انہیں دعائے خیر دے۔ صاحب نسخہ نے اس سے متعدد کامیابیاں حاصل کی تھیں۔ اس لئے بطور عطیہ دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین۔

(۱۸۶۲) کشتہ طلاء مرواریدی: ۱

یہ نسخہ بہاولپور طبیہ کالج کے سابق پرنسپل مرحوم نے مجھے عطا کیا تھا۔ کہنے لگے ”ایک لاثانی چیز ہے۔ تم سے دلی پیار ہے کیونکہ تم صاحب فن ہو اس لئے دے رہا ہوں۔

ترکیب تیاری: ورق سونا ایک تولہ اور مروارید ایک تولہ کو آب کنوار گندل میں کھرل کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر عرق گلاب سہ آتشہ سے کھرل کر کے ۲۰ سیر اوپلوں ک آگ دیں۔ پھر عرق کیوڑہ یا عرق گلاب سہ آتشہ یا عرق بید مشک سے کھرل کر کے گل گاؤزبان ۵ تولہ کے نغدہ میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر عرق گلاب سہ آتشہ سے ۱۲ گھنٹے کھرل کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول کیپسول میں بند کر کے دیں۔

فوائد: جملہ کمزوریوں کو مجرب ہے۔ میں نے اس سے وہ کام لئے میں کہ عام ڈاکٹر اور مریضوں کے لواحقین حیران رہ گئے۔

بے ہوش مریض کو شہد میں حل کر کے اس کی زبان پر مل دیں۔

(۱۸۶۳) کشتہ طلاء مرواریدی: ۲

یہ نسخہ بھی پرنسپل طبیہ کالج حکیم شہاب الدین کا عطیہ ہے نسخہ مرحمت فرما کر کہنے لگے ”یہ جواہر مہرہ سے آٹھ گنا زیادہ مفید ہے۔ اگر چہ اس میں سستی اشیاء بھی شامل ہیں۔“

ھوالشافی: مروارید ۳ ماشہ۔ برادہ سونا ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر آب کنوار گندل سے کھرل کر کے تین آگ دیں۔ پھر ادرک

۱۰ تولہ سے کھرل کرکے تین آگ دیں۔ چار دفعہ آگ دے لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ پھر اس کی باجرہ کے دانے برابر گولیاں بنالیں۔ حکیم صاحب نے مجھے تیار شدہ گولیاں بھی دکھائیں۔

صرف ایک گولی ½ سیر دودھ سے دینا جملہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔

اس نسخہ میں اگر کستوری ایک ماشہ ملا کر کھرل کرکے رکھیں تو زیادہ بہتر ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول ہمراہ مکھن۔ بالائی یا مناسب خمیرہ

حکیم صاحب نے فرمایا یہ نسخہ میرا معمول مطب ہے۔ فرمانے لگے آپ میرے ہمراز ہیں اس لئے صدری چیز صندوقچہ کا نسخہ حاضر کردیا ہے۔ میں اس سے بہت کام لیتا ہوں۔ امراء کا علاج اسی نسخہ سے کرتا ہوں۔

فوائد: جملہ کمزوریاں زنانہ و مردانہ۔

(۱۸۶۴) کشتہ جواہرات

اجزاء: مرجان۔ برادہ چاندی۔ یاقوت ہم وزن (ایک ایک تولہ) عرق گلاب ایک پاؤ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو عرق گلاب میں کھرل کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ شریفہ ہے۔

امراض قلبی و دماغی میں بے مثل ہے۔

صاحب قرابادین مجددی نے اس کو بے مثل پایا ہے۔ میں نے بھی تیار کر رکھا ہے۔ بوقت ضرورت استعمال کرتا ہوں۔ صاحب قرابادین مجددی کا عطیہ ہے۔

(۱۸۶۵) کشتہ مثلث

اجزاء: ابرک سفید محلوب ایک تولہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ایک تولہ۔ برادہ چاندی ایک تولہ۔ آب لیموں ایک پاؤ آب ادرک ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو آب لیموں میں کھرل کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر آب ادرک اپاؤ سے کھرل کرکے آگ دیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: ❀ تپ دق۔ حرارت جگر۔
❀ سلسل بول۔ کثرت بول۔ شوگر
❀ کمزوری گردہ ومثانہ۔ جریان سدردوار
❀ کمزوری قلب ودماغ کو مفید ہے۔

یہ کشتہ مٹیالے رنگ میں تیار ہوتا ہے۔ میں نے خود اسے تیار کر رکھا ہے۔ پرانے حکماء کا معمول ہے۔

(۱۸۶۶) کشتہ سکہ

ترکیب تیاری: سکہ صاف ۵ تولہ لے کر کڑاہی میں گلائیں اور اوپر سے شورہ قلمی اور بھنگ کی چٹکی باری باری دیتے جائیں۔ آنچ خوب تیز رکھیں۔ جب تمام مصالحہ ختم ہو جائے اور سکہ بھی راکھ بن جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ مسکہ دیں۔

فوائد: سوزاک زنانہ ومردانہ کو لاجواب ہے۔

نکات مطب: شورہ قلمی بھی مدر ہے اور بھنگ دافع درد اور دافع سوزش ہے۔ لہٰذا اس مرض میں لاجواب ہے۔ نیز بندش بول کو بھی مفید ہے۔ (از حرز جان)

(۱۸۶۷) کشتہ مرکب

ایک حکیم میرے دوست تھے۔ ان کے صاحبزادے کے پاس ایک بوڑھا حکیم آ کر مہمان ٹھہرا۔ صبح جاتے وقت خوش ہو کر ایک نسخہ عطا کر گیا اور کہا کہ ''میں نے تمام عمر اس سے فائدہ اٹھایا ہے۔''

ترکیب تیاری: قلعی ایک تولہ۔ پارہ ایک تولہ۔ قلعی کے ناخن برابر ٹکڑے کاٹ کر پوست بیضہ مرغ مصفی ۲ تولہ میں ملا لیں اور دودھ بھیڑ ایک پاؤ میں ملا کر کھرل کرتے جائیں حتی کہ تمام دودھ جذب ہو جائے۔ اب ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں اور کوزہ میں بند کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دے لیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ مناسب بدرقہ یا قلعی و پارہ کا کنگہ پن کر ملا لیں۔

فوائد: ❀ امراض مثانہ مردانہ وزنانہ

❀ احتلام۔ سرعت انزال۔ کثرت بول

❀ امراض رحم۔ لیکوریا اور کمزوری کو دور کر کے حمل کی استطاعت پیدا کرتا ہے۔

میں نے یہ نسخہ خود تیار کیا تھا۔ ٹھیک تیار ہو جاتا ہے۔ اجزاء تینوں ہی نسخوں میں شامل ہوتے ہیں۔ مجرب ہے۔ میرے خیال میں بیضہ مرغ چار تولہ کریں۔

(۱۸۶۸) معاون حیات

حکیم ایوب صدیقی ملتان والوں نے اپنی کتاب ''مطب ونسخہ نویسی'' میں یہ نسخہ لکھا ہے نسخہ کے اجزاء پر غور کیا تو نہایت اچھا معلوم ہوا۔

ھوالشافی: برادہ نقرہ ½ ا تولہ۔ مرجان ۵ تولہ۔ صدف مروارید ی صاف ۵ تولہ۔ قلعی اینٹ ۵ تولہ۔ پارہ ½ ۲ تولہ۔ پوست بیضہ مرغ صاف ½ ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: شورہ قلمی اور پارہ کو چھلبند کر کے تمام ادویہ کے ساتھ باریک کر کے گودا کنوار گندل ۱۰ چھٹانک میں کھرل کر کے ۲۰ سیر اوپلوں ک آگ دیں۔ پھر مزید دو آگ اسی طرح دیں لیکن اس دفعہ گودا کنوار گندل صرف ۵ تولہ ہی کافی ہے۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی ہمراہ مسکہ صبح وشام

فوائد: ❀ لیکوریا۔ درد رحم۔ درد کمر۔ ضعف اعضائے رئیسہ

❀ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ رقت منی اور مجلوق کے عوارضات۔

❀ زمانہ اعضاء۔ جنسی کمزوری۔ لیکوریا۔ رحم کا لٹک جانا۔

ایک حکیم صاحب نے جنہیں ادویہ سازی کا وقت نہ ملتا تھا مجھ سے تیار شدہ خرید کر لے گئے بعد میں اطلاع دی کہ جن امراض میں حکیم صاحب نے لکھا ہے اسی طرح مفید پایا ہے۔ مزید تیار کر کے دینے کی درخواست بھی کی۔

نکات مطب: یہ ایک لاجواب مرکب ہے اس میں کیلشیم۔ صدف مرجان شامل ہیں جبکہ قلعی۔ چاندی اور پارہ نے اسے چار چاند لگا دیئے ہیں۔ بیضہ مرغ مثانہ کو مقوی کرتا ہے۔ نسخہ ہر طرح سے مفید ہے

احتلام میں منی خارج ہونے سے ضعف اعضائے رئیسہ دل ودماغ پیدا ہوتا ہے۔ان کے لئے مرجان اور نقرہ ہیں۔تمام اجزاءمل کرایک لاجواب نسخہ بن گیا ہے۔

(۱۸۶۹) کشتہ سونا بے نظیر

کشتہ سونا بنانے کے ہزاروں نسخے کتابوں میں درج ہیں۔لیکن اگر آپ نے تیار کرنا ہے تو یہ ایک نسخہ تیار کریں۔

ھوالشافی: برادہ سونا ۶ ماشہ لے کر ادرک کے مقطر رس ۵ تولہ میں زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں۔

- شیر مدار تازہ ۵ تولہ ملا کر کھرل کریں۔
- آب پان ۵ تولہ سے کھرل کریں۔
- لعاب کنوار گندل میں کھرل کریں۔

اب گولی بنا کر خشک کر کے ۱۰ تولہ پان کے پتوں کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ میں بند کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال کر رگڑ کر باریک کریں۔

ھدایات: ❀ آب ادرک نکال کر چھان کر رکھ دیں اور چند گھنٹے بعد اوپر سے نتھار لیں۔

- شیر مدار ہمیشہ تازہ لیں۔
- پان کا پانی بھی مقطر لیں۔
- آب کنوار گندل لینے کے لئے کنوار گندل کے ڈنٹھل چھیل کر دھوپ میں رکھیں۔جو پانی الگ ہو وہ لے کر استعمال کریں۔
- کھرل زوردار ہاتھوں سے کریں تا کہ سونا کا برادہ پانی کو جذب کر سکے۔
- ایک آگ سے تیار ہو جاتا ہے اگر نہ ہو سکے تو دوبارہ اسی طرح آگ دیں۔

اس نسخہ کو میرے ایک حکیم دوست کے استاد اشتہار دے کر فروخت کرتے تھے۔ یہ بڑے ویدوں کا اسراری نسخہ ہے۔بعض نے صرف اسی نسخہ پر اکتفا کر لیا تھا۔

مقدار خوراك: ایک تا ۲ چاول

فوائد: جملہ کمزوریاں دور کرنے میں لاجواب ہے۔ سب سے بہتر ہے۔

- دق۔ سل۔ دمہ۔ اعصابی کمزوری اور باہیہ کمزوری۔
- بڑھاپے کی کمزوری عامہ۔ امراض بلغمی اور اعصابی کمزوری کو دور کرنے والی دوا ہے۔
- بیماری کے بعد کی کمزوری۔
- کمزوری کا علم نہ ہو لیکن کمزوری موجود ہو تو کشتہ دیں۔

نوٹ! اگر کسی کو موافق نہ آئے تو ہر ہفتہ آٹھ دن خوراک دیں۔ کئی مشہور حکیموں سے اس کا نسخہ ملا ہے۔ اسرار صدری ہے۔

(۱۸۷۰) کشتہ فولاد کسیسی

اجزاء: ہیرا کسیس ۱۰ تولہ۔ سوڈا میٹھا ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو الگ الگ برتن میں پانی لے کر حل کریں اور پھر ایک برتن میں اکٹھا کردیں۔ ان دونوں کے ملاپ سے ایک گیس پیدا ہوگی۔ اس گیس کو محفوظ رکھنے کے لئے برتن ہوا بند لیں۔ چند منٹ کے بعد جب جوش ٹھنڈا ہو جائے تو پانی کو نتھار لیں۔ یوں میٹھا سوڈا خارج ہو جائے گا۔ دو تین مرتبہ نتھار لیں۔ اور باقی کو آگ پر رکھ کر خشک کریں۔

انتہائی باریک سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ میں نے خود کئی بار تیار کیا ہے۔

نظریہ مفرد اعضاء والے اسے اپنے مرکبات میں استعمال کرتے ہیں وہ اسے انگریزی کشتہ فولاد کہتے ہیں۔

(۱۸۷۱) نکات برائے کشتہ فولاد

فولاد ترشیات میں حل ہو کر کشتہ بن جاتا ہے۔ مثلاً

- آب انار ترش۔ آب جامن۔ آب لیموں۔ آب ترپھلہ۔ آب ہاتھی سونڈی۔ آب پھلی کیکر۔ سرکہ انگوری۔ ترش لسی۔ کھٹا دہی۔ آب تربوز۔ آب مکھن بوٹی ان میں سے کسی بھی چیز میں بھگو کر خشک کر کے آگ دیتے جائیں تو فوراً اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

❀ آب کنوار گندل۔ بول مادہ گاؤ۔ جڑ بسکھپرا۔ برگ بانسہ۔ آب کگروندہ۔ شیر برگ مداریا آب مدار میں تر کر کے خشک کریں اور آگ دیں تو کشتہ فولاد تیار ہو جاتا ہے۔

❀ اگر ان ادویہ کے پانی یا جوشاندہ میں اس قدر رگڑیں کہ پانی پر تیرنے لگے اور ہاتھوں سے ملیں تو ناخنوں میں گھس جائے تو سمجھ لیں کہ کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی۔

نوٹ! جتنا زیادہ کھرل کیا جائے یا جتنی زیادہ آگ دی جائے تو اتنا ہی مجرب ہوتا چلا جاتا ہے۔ اسی طرح منور بھی چونکہ لوہا ہی ہوتا ہے وہ بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔ رگڑائی کرنے سے بھی منور کشتہ ہو جاتا ہے۔ بالخصوص آب ترپھلہ سے رگڑنے سے بہت جلد تیار ہو جاتا ہے۔ یہ کشتہ بارد ہے۔

(۱۸۷۲) کشتہ فولاد آسان نسخہ

ترکیب تیاری: برادہ فولاد ۵ تولہ لے کر دہی ترش ۱۰ تولہ میں ملا کر کسی تام چینی کے برتن میں رکھیں۔ جب خشک ہو جائے تو ۱۰ تولہ دہی ترش اور ملا دیں اور اچھی طرح مکس کر دیں۔ جب خشک ہو جائے تو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور آہنی دستہ سے رگڑتے جائیں۔ دہی دھواں بن کر اڑ جائے گا۔

دوبارہ ۱۰ تولہ دہی میں تر کریں خشک ہو جانے پر ۱۰ تولہ دہی اور ڈال دیں۔ خشک ہونے پر کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں۔ دہی دھواں بن کر اڑ جائے گا۔ یہ عمل چار مرتبہ دہرائیں۔

آخری مرتبہ دہی اڑنے کے بعد آہنی دستہ سے رگڑ کر تسلی کر لیں۔ انشاء اللہ باریک کشتہ تیار ہوگا۔ ترش دہی نے فولاد کو کشتہ کر دیا۔

مقدار خوراک: ایک رتی

اسی طرح آب انار سے تر کر کے آب ترپھلہ سے تر کر کے آگ دیں۔ تب بھی لاجواب کشتہ تیار ہوگا۔

(۱۸۷۳) کشتہ منور

ترکیب تیاری: منور ایک پاؤ لے کر گرم کریں اور گاؤ موتر میں بجھاؤ دیں۔ یہ صاف ہو

جائے گا۔ باری کر کے دہی ترش میں ڈال کر تام چینی کے برتن میں رکھ کر خشک کر لیں۔ اب ٹکیاں بنا کر گجپٹ کی آگ تین دفعہ یہ عمل کر کے دیں۔

تین آگ لعاب کنوار گندل کے ساتھ کھرل کر کے دیں۔ چھ آگ سے لاجواب کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ ترش دہی۔

فوائد: بہترین مؤلد خون ہے۔

(۱۸۷۴) کشتہ چاندی اور فولاد

ضلع بہاولپور کے ایک حکیم صاحب نے ذکر کیا کہ مجھے بواسیر کی شدید تکلیف ہو گئی۔ سیروں خون جاتا رہا خون کی شدید کمی ہوگئی۔ رنگت زرد ہوگئی۔ آخر میں یہ کشتہ تیار کر کے کھایا جس سے خون کی کمی بفضل تعالیٰ دور ہوگئی۔

ھوالشافی: برادہ فولاد ۲ تولہ۔ برادہ نقرہ ایک تولہ دونوں کو ملا کر کڑاہی میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں اور نوشادر کی چٹکی دینا شروع کی۔ ساتھ میں لوہے کے دستہ سے ہلاتا بھی گیا۔ یہاں تک کہ ۵ تولہ نوشادر ختم ہو گیا۔ جب ذرات فنا ہو گئے تو سب اکٹھا کر کے مٹی کا پیالہ کڑاہی پر اوندھا دیا اور ½ گھنٹہ تک نیچے آگ جلاتا رہا۔ جب نوشادر اڑ گیا تو سرخ رنگ کا کشتہ حاصل ہو گیا۔

مقدار خوراک: ایک رتی مکھن بالائی میں رکھ کر کھایا

فوائد: چند یوم میں خون کی کمی دور ہوگئی۔

(۱۸۷۵) کشتہ سنکھ

ترکیب تیاری: سنکھ حسب ضرورت لے کر باریک کر کے آب بانسہ تازہ میں کھرل کر کے آگ دیں۔ یہ عمل تین مرتبہ کرنے سے سنکھ کا چونا کی طرح سفید کشتہ تیار ہو جائے گا۔

مقدار خوراک: ایک تا ۴ رتی۔ ہمراہ مناسب بدرقہ۔ تپ دق کے مریضوں کو گدھی کے دودھ سے دیں۔ ٹائیفائیڈ بخار اور بخار کی دیگر اقسام میں شربت بنفشہ سے دیں۔ ضیق النفس اور مزمن کھانسی میں شربت اعجاز سے دیں۔ جن لوگوں کو کونین موافق نہیں آتی ان کے لئے بے حد نعمت ہے۔

نکات مطب: قیام پاکستان کے وقت لوگ ہجرت کے صعوبتوں کے ساتھ پاکستان پہنچے تو راستہ میں انہیں مختلف قسم کے امرض لگ گئے۔ جن میں بخار اور مروڑ عام تھے۔ ان دنوں دکانیں تباہ ہو چکی تھیں اور ان مہاجروں کے پاس پائی پیسہ نہ تھا۔ ایسے وقت میں کشتہ سنکھ۔ کشتہ گئودنتی آب کنوار گندل والا اور کشتہ ابرک سفید قلمی شورہ والا۔ شب یمانی پھلہ سے علاج کرتا رہا جو کہ کامیاب رہا۔ کشتہ گئودنتی بخار کے دورہ کو نہیں روک پاتا البتہ کشتہ سنکھ دورہ سے قبل دینے سے دورہ بھی رک جاتا ہے اور چڑھے ہوئے بخار کو پسینہ لا کر اتار دیتا ہے۔ مبارکی کے دانے باہر نکال دیتا ہے۔ میں نے اس سے کئی مریض صحت مند کئے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ فضل تھا۔

(۱۸۷۶) کشتہ طوطیا برائے سوزاک

ایک حکیم صاحب جو کہ میرے دوست حکیم کے صاحبزادے تھے۔ میں نے ان کے پاس کشتہ طوتیا کی شیشی دیکھی میں نے پوچھا ''یہ کونسا نسخہ ہے'' فرمانے لگے'' ابا جی بھی اس نسخے کو تیار کرتے تھے اور میں بھی تیار کرتا ہوں''

ترکیب تیاری: کوزہ میں کافور ۵ تولہ اور توتیا ۵ تولہ رکھ دیں۔ کوزہ اتنا ہو کہ ۱۰ تولہ سے بھر جائے۔ پھر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۲ چاول مسکہ میں رکھ کر دیں۔

فوائد: سوزاکی قرحہ کو ختم کر دیتا ہے۔ (ست بیروزہ ایک ماشہ۔ پھٹکڑی پھلہ ایک ماشہ بھی ساتھ دیں تو قرحہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔)

یہ کشتہ ہمارا معمول ہے۔

(۱۸۷۷) کشتہ صدف کافوری

ترکیب تیاری: صدف مصفی ۵ تولہ۔ کافور ۱۰ تولہ کوزہ میں اس طرح رکھیں کہ صدف کے اوپر نیچے کافور آ جائے اور بند کر کے ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر صدف نکال کر باریک کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

فوائد: ❀ سوزاک۔ پیپ۔ حرکت البول

- حرکت منی۔ سرعت انزال بوجہ ذکاوت حس
- احتلام۔ جریان منی۔ سیلان رحم
- اختلاج قلب بوجہ احتلام کو مفید ہے۔
- آنکھوں کی خارش۔ دھند۔ ککرے کے لئے دیگر ادویہ میں ملا کر دیں۔
- دانتوں پر ملنے کے لئے عقرقرحا کے ساتھ دیں۔ کرم دانت۔ بدبوئے دہن اور ماسخورہ کو مفید ہے۔ میں نے اس کو خود تیار کر کے آزمایا ہے۔ لاجواب چیز ہے۔

(۱۸۷۸) کشتہ تانبا

ایک گاؤں میں کسی رشتہ دار سے ملنے گیا تو ایک عطائی حکیم نے مجھ سے ذکر کیا کہ کریر جس پر ڈیلے لگتے ہیں۔ میں اس میں تانبے کا کشتہ بناتا ہوں۔ اس وقت تو میں نے خیال نہ کیا۔ لیکن نسخہ یاد کر لیا۔ اس کے بعد گجرات سے نکلنے والے ایک طبی رسالہ کے خاص نمبر میں پڑھا کہ کریر میں لاجواب کشتہ تیار ہوتا ہے۔ اس کے بعد الحاج حکیم غلام نبی صاحب نے بھی اپنی بیاض مرکبات میں اس کی تشریح کی ہے۔

ترکیب تیاری: آدھ سیر نغدہ میں تانبے کا روپیہ رکھ کر گل حکمت کر کے ۳۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تین آگ دینے سے تانبے کا سفید کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

اس کے باوجود میں نے تیار نہیں کیا۔ اسی طرح ایک اور حکیم صاحب نے حلفیہ بیان کیا کہ کنیر کی ۱۰ تولہ کونپلوں میں ایک پیسے جتنا تانبہ کا ٹکڑا رکھ کر ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ یہ عمل تین مرتبہ دہرائیں تو کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک چاول

فوائد: بلغمی امراض میں اکسیر ہے۔

گوجرانوالہ کے ایک حکیم صاحب کا معمول ہے۔

(۱۸۷۹) کشتہ تانبا سبز

ایک حکیم صاحب جن کی بات پر مجھے سو فیصد یقین ہے انہوں نے مجھے کشتہ تانبا دکھایا جو کہ

مثل میدہ تھا لیکن رنگت سبز تھی۔ انہوں نے بتایا کہ ''میں نے ۲۰ سیر تازہ حرمل منگوا کر ایک گھڑے میں کوٹ کر بھر دی اور درمیان میں ۲½ تولہ کے قریب تانبہ کے روپے رکھ دیئے۔ اور گھڑے کو گل حکمت کر کے اینٹوں کے بھٹہ میں رکھ دیا۔ جب بھٹہ پختہ ہو گیا تو میں نے گھڑا نکال لیا۔ جب کھول کر دیکھا تو تانبہ بتاشہ کے مانند پھول چکا تھا۔ میں نے پکڑ کر کھرل میں پیس لیا۔'' یہ کشتہ دہی پر زنگار نہیں دیتا۔ بلغمی امراض کو مفید ہے۔ میں نے پوچھا کہ ''رنگ سفید نہیں ہے۔'' تو فرمانے لگے ''کوئی شرط نہیں ہے''

مقدار خوراک: ایک چاول

فوائد: بلغمی امراض کو مفید ہے۔

میں نے ان کا بیان لکھ دیا ہے تا کہ آپ کی معلومات میں اضافہ ہو۔ تاہم میں نے خود تیار نہیں کیا۔ بتانے والا سو فیصد ٹھیک آدمی ہے۔ ایک لائق طبیب ہے۔ مستند طبیہ کالج ہے۔ تقریباً ساٹھ سال سے دواخانہ کا مالک ہے۔ نہایت دیانت دار اور لائق طبیب ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی عمر دراز کرے۔ آمین

(۱۸۸۰) کشتہ شنگرف

ایک صاحب طبیہ کالج کے گولڈ میڈلسٹ تھے۔ پھر وہ مطب کرنے لگے اور آخر سونا بنانے کے ٹھرک میں مبتلا ہو گئے۔ ایک دفعہ ان سے شنگرف کا نسخہ پوچھا تو فرمانے لگے تجربہ میں یہ نسخہ سب سے مفید ثابت ہوا ہے۔

ترکیب تیاری: شنگرف ۲ تولہ کی ڈلی لے کر اس کے اوپر باریک لوہے کی تار لپیٹ لیں۔ کڑاہی میں شہد۔ بھلانوا۔ مال کنگنی۔ روغن زرد ہر ایک ½ سیر ڈال کر شنگرف کو اس کے اندر رکھ دیں۔ (بھلانوا اور مال کنگنی نیم کوب کر کے شامل کریں)۔ ہلکی آنچ پر پکائیں جب پکنے لگ جائے تو آنچ بند کر دیں۔ جب سب کچھ جل جائے تو شنگرف نکال کر باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ½ رتی ہمراہ مکھن یا بالائی ۵ تولہ۔

فوائد: مقوی باہ

خانیوال کے ایک حکیم صاحب نے اس نسخہ کو کایا کلپ لکھا ہے وہ فرماتے ہیں۔ سفید بال

پہلے بھورے رنگ کے نکلیں گے پھر نسواری رنگ اختیار کریں گے۔ اور تیسرے مرحلہ میں سیاہ ہو جائیں گے۔

دوران استعمال اگر مریض کو گرمی محسوس ہو تو دیسی گھی کی چوری کھلائیں اور بادی اشیاء پرہیز کرائیں۔

مدت کورس: ۴۰ دن

(۱۸۸۱) کشتہ چاندی

ایک صاحب سے چاندی کا کشتہ پوچھا تو انہوں نے تیار کشتہ دکھایا۔

طریقہ: برادہ چاندی تیزابی لے کر آب برگ مدار زرد رنگ کے پتوں سے حاصل کر کے اس سے برادہ کو کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر تھوڑی سی آگ دیں۔ قدرے میلے رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔

خوراک: ۲ سے چار چاول

فوائد: امراض مردانہ اور دماغی میں مفید ہے۔

(۱۸۸۲) ایک لاجواب گر

برادہ چاندی ایک تولہ میں اگر مرجان۔ عقیق ۲۔۲ تولہ ملا کر کھرل کر کے آگ دیں تو چاندی بھی کشتہ ہو جائے گی اور ساتھ کی چیز بھی کشتہ ہو جائیں گی۔ نسخہ میں ملالیں۔

سانپ کاٹے کا علاج

سانپ ایک زہریلا جانور ہے۔اس کے کاٹنے سے کو سر درد۔ بے ہوشی۔ بخار۔دل کے عوارض اور دل کا دھڑکا پیدا ہو جاتا ہے۔سب سے آخر میں جب دل پر زہر کا اثر ہو جاتا ہے تو مار گزیدہ ہلاک ہو جاتا ہے۔اس سلسلہ میں مجھے جو کچھ ملا اور جو میں نے تجربات کئے حاضر خدمت ہیں۔

علامات: کاٹے ہوئے مقام پر جلن ہوتی ہے۔تھوڑی دیر بعد اس جگہ نشتر لگنے جیسا درد ہوتا ہے اس کے بعد متاثرہ مقام ماؤف ہو کر بے حس ہو جاتا ہے۔متاثرہ جگہ نیلی ہو جاتی ہے۔کاٹنے کے چند منٹ بعد سر درد شروع ہو جاتا ہے۔بے چینی اور اضطراب شروع ہو جاتا ہے۔ آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں اور بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔تمام جسم کے اختیاری عضلات میں استرخاء واقع ہو جاتا ہے۔

سانپ زیادہ زہریلا ہو تو متاثرہ جگہ پر شدید درد متواتر رہتا ہے اور اس جگہ سے سیاہ رنگ کا خون رستا ہے۔جسم کے مختلف مقامات سے جریان خون شروع ہو جاتا ہے بالعموم نکسیر پھوٹ پڑتی ہے۔ زیر جلد مقامات پر خون کے دھبے پڑ جاتے ہیں۔کبھی خون پیشاب اور خونی اسہال آنے لگے ہیں۔

علاج: متاثرہ جگہ پر اوپر کی جانب تھوڑے وقفہ سے دو بند لگا دیئے جائیں۔
متاثرہ جگہ پر چاقو سے شگاف دے کر خون نکال دیا جائے یا سینگی لگا دی جائے۔
متاثرہ جگہ کو کاربالک ایسڈ سے جلا دیا جائے یا پوٹاشیم پرمینگنٹ بھر دی جائے۔
مریض کو قے آور دوا پلائیں اور قے کے بعد محرک اشیاء دی جائیں تا کہ اسے نیند نہ آئے۔

(۱۸۸۳) طب آیورویدک کی لاجواب گولیاں

ھوالشافی: باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ فلفل دراز۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ورچ۔ گلو۔ بلادرمدبر۔ میٹھا تیلیا مدبر ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: پہلے مٹھا تیلیا کے سفوف کو ہمراہ بول مادہ گائے باریک کریں۔ اس کے بعد بلادرمدبر کو دوسرے کھرل میں باریک کریں اور پھر تمام ادویہ ملاکر ایک دن بول مادہ گاؤ سے کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: مارگزیدہ کو ۲ تا ۳ رتی گولیاں دن میں ۳ مرتبہ دیں تاکہ سانپ کا زہر بے اثر ہو۔ نیز میعادی بخار۔ ہیضہ۔ نمونیہ کو بھی مجرب ہے۔

(۱۸۸۴) حب مسکین نواز

حب مسکن نواز فوراً کھلائیں تاکہ اسہال آ جائیں اور مقام زخم پر بھی پیس کر لگا دیں۔ اگر زخم بند ہو گیا ہو تو پچھنے لگا کر دوا لگا دیں۔ ایک مریض عورت نے ذکر کیا کہ میرے بھائی کو سانپ نے کاٹ ہے۔ وہ ہر وقت پڑا رہتا ہے۔

میں نے مریض کو حب مسکن نواز ۴ گولیاں دیں۔ اس سے مریض کو چار دست آئے اور وہ تندرست ہو گیا۔ اس کے علاوہ اور کوئی دوا دینے کی ضرورت نہ پڑی۔ احتیاطاً میں اسے تین دن تک یہ گولیاں دیتا رہا تاکہ بذریعہ اسہال تمام زہر جسم سے خارج ہو جائے۔

(۱۸۸۵) اکسیر زہر مار

ھوالشافی: مرکی۔ مصبر۔ زعفران۔ مساوی وزن

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پیس کر نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: دن میں تین گولیاں دیں۔

بیرونی علاج: مقام مارگزیدہ پر عسل بلادر لگائیں تاکہ سانپ کا زہر دور ہو جائے۔ لاجواب ہے۔

تدبیر

ایک تدبیر یہ بھی ہے کہ متاثرہ جگہ پر کوئی دوسرا آدمی منہ لگا کر سارا زہر چوس کر تھوکتا

جائے۔ (ایسا کرنے والے شخص میں کوئی زخم وغیرہ نہیں ہونا چاہیے۔) یہ عمل کرنے کے بعد عامل گرم پانی سے کلیاں کرے اور مریض کا کمرہ گرم رکھا جائے۔

مریض کو دودھ گھی (دیسی) متواتر پلاتے رہیں۔ سرد پانی بالکل نہ پینے دیں۔ پیاس کی شدت میں عرق گاؤزبان گھونٹ گھونٹ پلاتے رہیں۔

مریض کو سونے نہ دیں۔ رات کو بھی دو افراد اس کے پاس رہ کر اسے جگائے رکھیں۔

مریض کے کمرہ میں ہوا نہ آنے دیں۔ سردی کا موسم ہو تو کمرہ خوب گرم کریں تا کہ پسینہ آ جائے۔

غذا: دودھ چاول۔ گھی۔ نمک اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔

علاج: تریاق افعی۔ تریاق فاروق۔ تریاق کبیر یا تریاق اربعہ میں سے کوئی دوا ۱۔۲ ماشہ کھلاتے رہیں۔

(۱۸۸۶) تریاق اربعہ

هوالشافی: حب الغار۔ مرکی۔ جنطیانہ رومی۔ زراوند طویل مساوی الوزن

ترکیب استعمال: روغن گائے سے مجرب کر کے شہد کے قوام میں معجون بنالیں اور چالیس روز تک محفوظ کرنے کے بعد استعمال کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب گرم

فوائد: بچھو اور تمام زہریلے جانوروں کے کاٹے پر تریاق کبیر کے قائم مقام ہے۔ غلیظ مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔

- قولنج کو کھولتا ہے۔ اصلاح جگر و طحال کرتا ہے۔
- اخراج جنین مردہ اور تسہیل ولادت اور ادرار فضلات میں مفید ہے۔
- جمیع امراض باردہ کے ازالہ کے واسطے مفید ہے۔
- پستانوں میں جمے ہوئے خون کو پتلا کر کے نکال دیتا ہے۔
- قوت اس کی دو سال تک رہتی ہے۔
- بعض مزاجوں میں سر درد لاتا ہے۔ صرع کے واسطے مفید ہے۔

❀ مصلح اس کا شیرہ خرفہ ہے۔

صاحب قرابا دین قادری نے اسے باب السموم میں لکھا ہے اور کئی حکماء نے اس کی تصدیق کی ہے۔

تیسرے درجہ میں گرم اور دوسرے درجہ میں خشک ہے۔

مفردات

زراوند طویل اور زراوند مدحرج ۴-۴ ماشہ کا جوشاندہ بنا کر پلانا مفید ہے۔ جدوار ۲ ماشہ عرق گلاب میں گھس کر دینا بھی مفید ہے۔

❀ پیاز دشتی یا تھوم کو روغن زیتون میں پکا کر متاثرہ جگہ پر لیپ کریں۔

❀ مغز پنبہ دانہ ۲ تولہ۔ کوٹ کر جوشاندہ بنا کر پلانا بھی مفید ہے۔ (نقل از مخزن حکمت)

❀ زہرمہرہ خطائی کو عرق روح کیوڑہ میں گھس کر ۴ رتی تا ایک ماشہ مریض کو صبح شام پلائیں اگر مریض بے ہوش ہو تو پانی میں ملا کر اس کے حلق میں ٹپکائیں اس کے استعمال سے سانپ کا زہر ایک دو دن میں انشاء اللہ دور ہو جائے گا۔ اس تریاق کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔ (از طب جدید شاہدرہ۔ بقول حکیم مختار احمد صاحب)

(۱۸۸۷) سم الفار

سم الفار اس کا تریاق ہے۔

سفوف ایک طاقت۔ بنانے کا طریقہ:

سم الفار ۱ ماشہ۔ چینی ۲۴ ماشہ کو ۱۲ گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی

سفوف ۲ طاقت۔ بنانے کا طریقہ:

سم الفار سفید ایک ماشہ۔ چینی ۸۰ ماشہ۔ کو ۱۲ گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی (از طب جدید شاہدروی)

(۱۸۸۸)تریاق زہر سانپ:۱

ھوالشافی: تمبا کو ایک تولہ کو ایک گلاس پانی میں گھوٹ کر پن کر پلائیں۔ یہ عمل تین دن تک کریں اور متاثرہ مقام پر بھی تمبا کو کا لیپ کریں۔ اس دوران مریض کو غذا بالکل نہ دیں۔ تین دن گزرنے کے بعد میٹھا سوڈا ۳۱ ماشہ منہ میں ڈال کر دودھ بغیر بالائی پلا دیں۔ اس کے پینے سے قے آئے گی اور مریض صحب یاب ہو جائے گا۔ دراصل تمبا کو سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔

(۱۸۸۹)تریاق زہر سانپ

مرچ سفید ۲½ تولہ لے کر باریک کریں اور ایک پیالہ میں رکھ کر ایک مور کا انڈا اس میں توڑ لیں اور چالیس دن تک رکھ چھوڑیں۔ خشک ہو جائے تو باریک کر کے بوتل میں ڈال لیں۔ مارگزیدہ مقام پر پچھنے لگا کر اوپر مل دیں۔ اگر مریض اس کے لگانے سے ہوش میں نہ آئے تو اسی کی نسوار دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند منٹ میں چھینک آ کر مریض ہوش میں آ جائے گا۔

❀ ہوش میں آنے پر یہ تریاق مریض کو ۲ ماشہ کھلا دیں۔ اس کے کھانے سے مریض کو قے ہوگی اور زہر نکل جائے گا۔

نوٹ! مور ایک ایسا جانور ہے جس سے سانپ بھاگتا ہے لہٰذا اس کے انڈے سے یہ تریاق بنتا ہے۔

بچھو کے ڈنگ سے متاثرہ جگہ پر ایک دو پچھنے لگا کر قریباً ۲ رتی مل دیں تو سات منٹ میں درد رک جائے اور پندرہ منٹ کے بعد مریض کہے گا کہ اب درد نہیں ہے۔ کئی حکماء کا مجرب ہے نسخہ ہے۔

(۱۸۹۰)تریاق:۳

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ریٹھا بھی ہے۔ ریٹھے کا چھلکا اتار کر اس کا سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک ماشہ۔ پانی یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

مریض بے ہوش ہو تو اس کی نسوار دیں اور اس کی آنکھوں میں پسا ہوا نوشادر ڈال دیں۔

جب مریض ہوش میں آجائے تو مریض کو سفوف ریٹھا کھلانا شروع کر دیں۔ اس کے کھانے سے قے بھی آئے گی جس میں زہر بھی نکل آئے مقام ڈنگ پر ریٹھا۔ حقہ کی میل اور لہسن ملا کر لیپ بنا کر لگائیں۔

❀ ایک صاحب رقمطراز ہیں کہ پوست ریٹھا کی نسوار دیں اور سرکہ میں گھس کر ڈنگ کی جگہ پر بھی لگائیں اور بے ہوش مریض کے جبڑوں پر مل دیں۔ اس تریاق کے معدہ میں داخل ہونے سے مریض کو ہوش آجاتا ہے۔

❀ مریض زندہ ہے یا مردہ

❀ تالو اور پیشانی کے درمیان پچھنے لگائیں اگر خون نکل آئے تو زندہ ہے ورنہ مردہ۔ زندہ ہو تو یہ تریاق دیں بعض لوگوں کو سانپ ایک خاص موسم میں کاٹتا ہے۔ اس موسم سے دو ہفتہ قبل یہ تریاق کھلانا شروع کر دیں تاکہ اس کی بو اس کے پسینے میں بھی آجائے۔ سانپ اس کے قریب بھی نہ آئے گا۔

❀ جس گھر میں سانپ اکثر آتے ہوں اس گھر میں ریٹھا کا جوشاندہ چھڑک دیا دیا کریں۔ ریٹھے کا سفوف جگہ جگہ رکھ دیں۔ سانپ اس گھر میں نہ آئیں گے۔

❀ سانپ اگر گائے بھینس کو کاٹ لے تو ۱۰ تولہ ریٹھا کا سفوف پانی میں حل کر کے ''نال'' سے دیں تو فوراً جانور ہوش میں آجائے گا اور چند خوراک دینے سے سانپ کا زہر نکل جائے گا۔

❀ مریض کو یہ سفوف جوش دے کر پلانے سے قے آتی ہے یا اسہال۔ اور بعض مریضوں کو بغیر قے و اسہال کے آرام آجاتا ہے۔

❀ اگر کسی شخص کا جسم سانپ کے زہر سے پھٹ جائے تو ایک ایک ماشہ سفوف ریٹھا تین ہفتہ تک صبح شام کھلائیں تمام زہر جسم سے نکل جائے گا اور پھٹی ہوئی جلد درست ہو جائے گی۔

❀ میری گھریلو ملازمہ کو ہر مہینے سانپ کاٹتا تھا میں نے پوست ریٹھا کی گولیاں بنا کر دو ہفتہ

کھلائیں اب قریباً بیس سال ہو چکے، میں اسے سانپ نے نہیں کاٹا۔ ایک کم خرچ غریبانہ نسخہ ہے۔

میں نے تمام تجربات لکھ دیئے ہیں تاکہ مخلوق خدا کو فائدہ ہو اور یہ عمل میرے لئے صدقہ جاریہ بن جائے اور میرے گناہوں کا کفارہ ہو۔ آمین۔

(۱۸۹۱) پوست ریٹھا

پوست ریٹھا کو پانی میں جوش دے کر اس سے مریض کو نہلانا بھی ایک صاحب نے مفید لکھا ہے۔ آپ بھی تقریبا ۱۰ تولہ سفوف سے نوجوان اور ۵ تولہ سفوف سے بارہ سالہ اور ایک تولہ سفوف سے چھوٹے بچوں کو نہلا دیا کریں۔

(۱۸۹۲) استادطب

میرے ایک دوست کو سانپ نے پاؤں پر کاٹا۔ زخم خراب ہو گیا۔ اتفاقاً ایک حکیم حافظ آباد آئے یا اس نے سکول بنایا اور وہاں لوگوں کو طب کا سبق دیتا۔ یہ مریض بھی اتفاق سے ان کے پاس گیا۔ حکیم صاحب نے پوچھا ''پاؤں پر زخم کیسا ہے؟'' اس نے کہا ''سانپ کاٹے کا زخم خراب ہو گیا ہے'' حکیم صاحب نے نسخہ لکھ دیا اور کہا کہ جمال گوٹا کا مسہل لو اور اگر چھالا ہو تو کاٹ دو اور اس پر یہ ضماد کرو اور اگر جگہ سخت ہو تو پچھنے لگا کر دوا لگاؤ۔

ھوالشافی: پوست ریٹھا۔ حقہ کے ڈٹہ یا ٹوپی کا میل۔ آب لہسن۔ مٹھا تیلیا مد برایک ایک تولہ کی گولی بنالیں گولی کو گھس کر کسی اوزار سے ضماد کریں۔

ضماد کرنے سے زرد رنگ کا پانی خارج ہوا اور زخم کو آرام آ گیا۔ حالانکہ خراب زخم میں نے خود بھی دیکھا تھا۔ لاجواب گولیاں ہیں۔ دو تین دن میں سال بھر کا زخم ٹھیک ہو گیا۔

(۱۸۹۳) مرہم زہر سانپ

لہسن۔ حقہ کا جلا ہوا گل۔ تمباکو کا گڑ۔

ترکیب تیاری: تینوں کو ملا کر زخم کی جگہ باندھ دیں۔ اس سے سانپ کا زہر خارج ہو کر زخم درست ہو گا۔ یہ نسخہ ایک مریضہ کا عطیہ ہے۔

(۱۸۹۴) تریاق مار گزیدہ

سم الفار سفید۔ نیلا تھوتھا۔ رتی سرخ۔ حقہ کا گل اور لہسن ہم وزن۔

ترکیب تیاری: پانچوں اجزاء کو شیر مدار سے تر کر کے نخود دی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: متاثرہ جگہ پر پچھنے لگا کر گولی پیس کر لیپ کر دیں۔ صرف تین بار کے استعمال سے انشاء اللہ زہر کا اثر دور ہوگا۔ حالت زیادہ خراب ہو تو ایک گولی دیں۔ (از کنز الاطباء)

(۱۸۹۵) حب زہر مار

مریضہ ۷۵ برس کے پاؤں پر سانپ ڈس گیا۔ زخم اس قدر خراب ہو گیا کہ گھٹنے تک تمام پاؤں خراب ہو گیا۔ وہ علاج کے لئے میرے پاس آئی۔ میں نے حب زہر مار ۲ عدد دے دیں اور کہا کہ رات کو کھالے۔ اگر تین چار اسہال آ جائیں تو ٹھیک ہے ورنہ اگلی صبح ۲ گولیاں اور کھالے۔

تیسرے دن مریضہ ملی تو کہنے لگی ۲ گولیاں کھانے سے چھ اسہال ہوئے لہذا میں نے دوسری رات اس لئے نہیں کھائیں کہ حکیم صاحب سے پوچھ کر کھاؤں گی۔ میں نے زخم دیکھا تو خشک ہو چکا تھا۔ میں نے کہا کہ ایک رات چھوڑ کر کھالے تاکہ زخم مکمل طور پر درست ہو جائے۔

حکایت

کسی زمانے میں ایک حکیم ان گولیوں کو تیار کرتا تھا۔ ان کے فوائد دیکھ کر ایک ڈاکٹر صاحب نے مبلغ پانچ صد روپے دینے کا وعدہ کیا یہ اس زمانے کی بات ہے جب گندم ایک روپے من ہوتی تھی۔ لیکن حکیم صاحب نے نسخہ دینے انکار کر دیا۔ اس کے بعد حکیم کو خیال ہوا کہ دنیا سے چلے جاتا ہے کہیں نسخہ بھی قبر میں ساتھ ہی نہ چلا جائے۔ تو اس نے ۱۹۲۲ء میں ایک رسالہ میں شائع کروادیا۔

ھوالشافی: مغز جمال گوٹا تازہ لے کر اس میں سے سفید رنگ کا پتہ نکال دیں اور چھلکا بھی دور کر کے ایک عدد میں ۸ عدد سیاہ مرچ ملا کر ۲ عدد گولیاں بنالیں۔

فوائد: زہر مار۔ وجع المفاصل اور جلاب کے لئے اکسیر ہیں۔

اس وزن کی جتنی چاہیں گولیاں تیار کر لیں۔ اگر مریض ہوش میں ہو تو ایک یا ۲ گولیاں

دے دیں اگر بے ہوش ہو تو کسی طرح منہ کھول کر اس کے حلق میں انڈیل دیں۔ اس سے اسہال آئیں گے اور اگر سخت بے ہوشی ہو اور جسم چہرہ اور آنکھ کا رنگ سیاہ یا زرد یرقانی یا سبز ہو جائے اور پانی بھی حلق سے نہ اترے تو جیسے کیسے بھی حلق سے نیچے اتار دیں۔ اس سے اسہال آئیں گے۔ اس کے سر کے بال استرے سے مونڈ دیں اور تالو پر استرے سے پچھنے لگا کر دو گولیاں پیس کر لیپ کر دیں۔ اگر سانس کی آمد و رفت صرف سینے میں ہو تو ناف کے اردگرد اور ناف کے اوپر پچھنے لگا کر دو گولیاں پیس کر لگا دیں۔ اگر اس سے بھی حالت خراب ہو تو پانی میں گھس کر آنکھ میں بھی لگا دیں۔ اگر مریض کی زندگی باقی ہوئی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلد ہی ہوش میں آ جائے گا۔

مریض ہوش میں آ جائے تو ہوشیاری سے اس کی آنکھوں میں دیسی گھی لگا دیں اور جب اچھی طرح ہوش میں آ جائے تو سر اور ناف پر بھی روغن زرد لگا دیں اور آنکھ میں ہر نصف گھنٹہ بعد لگاتے رہیں۔ آنکھ میں سرخی اور ورم آنے سے مت گھبرائیں کیونکہ زندگی مقدم ہے۔ آنکھ خود بخود ایک دو دن میں درست ہو جائے گی۔

❀ ایک مریض کو دو گولیوں سے پانچ یا چھ اسہال آ جائیں تو اس دن اور گولیاں نہ دیں دست نہ آنے کی صورت میں ایک گولی اور دے دیں۔ تین دن تک گولیاں دیں اس سے سانپ کے زہر کا خاتمہ ہو گا۔

❀ آنکھوں کی رنگت زرد یا سیاہ ہو یا جسم کا رنگ یرقانی ہو تو اس کا علاج دوسری تدبیروں سے کریں۔ ورنہ سخت زہروں کا اثر جو اس وقت بدن میں موجود ہے تمام عمر باقی رہتا ہے۔

❀ بچھو کاٹے کے مقام پر بھی یہ گولیاں گھس کر لگائیں ایک دو بار لگانے سے بچھو کا زہر نکل جائے گا۔

غذا: مریض کھانے کو کچھ مانگے تو صرف مرغ کا شوربا دیں تین دن گزرنے کے بعد جو دل چاہے کھائے۔

یہ نسخہ قارون کا خزانہ ہے۔ کم خرچ۔ جلد تیار ہونے والا اور قلیل اجزاء سے مرکب ہے۔ صاحب نسخہ نے رسالہ میں لکھوا کر مخلوق خدا پر احسان کیا۔

نوٹ! آنکھ میں لگانے سے آنسو جاری ہو جائیں تو مریض کی صحت کی علامت جانیں۔ ایسے

نسخے لوگ قبروں میں لے جاتے ہیں۔ اگر کہیں سے مل جائے تو کتاب میں لکھنا تو درکنار اپنی اولاد کو بھی نہیں دیتے۔ لیکن میں نے یہ قسم اٹھا رکھی ہے۔ کہ جو کچھ ملا ہے قوم کو دے کر جاؤں گا۔ شاید جذبہ خدمت خلق ہی میری نجات کا ذریعہ بن جائے۔

(۱۸۹۶) حکایت

ایک بار میں اور میری بیوی سفر پر تھے راستے میں ایک جگہ نلکے پر پانی پینے کے لئے ٹھہرے تو نلکا کے مالک کے تمام جسم پر زخم تھے۔ اس سے پوچھا ''باباجی کیا ہوا ہے؟''

باباجی نے جواب دیا ''بیٹا! آج سے چالیس سال پہلے ایک سانپ نے ڈسا تھا۔ جب وہ موسم دوبارہ آتا ہے تو جسم پھوٹ پڑتا ہے۔ سخت جلن ہوتی ہے اس کی تکلیف دیکھ کر میں نے چند پڑیاں کشتہ سنکھ کی دے دیں۔ میری بیوی نے اسے بتایا کہ میرے دادا کو سانپ نے کاٹا تھا اور اس جگہ سخت جلن ہوتی تھی ان کو کسی حکیم نے بتایا تھا کہ جو کا آٹا اور مہندی پانی میں ملا کر ضماد کرو۔ اس علاج سے ان کو آرام آ گیا تھا۔ لہٰذا باباجی آپ بھی مہندی اور جو کا آٹا ملا کر لیپ کریں۔ اگلی دفعہ جب میں اس طرف گیا تو باباجی نے بتایا کہ لیپ کرنے سے میری جلن ختم ہو گئی تھی۔ اور دوا کھانے سے زخم درست ہو گئے ہیں۔ لیپ کی انہوں نے بہت تعریف کی اور میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اتنی بڑی تکلیف سے اللہ کے ایک بندے کو نجات مل گئی۔ اس دن سے تجربہ ہوا کہ کشتہ سنکھ بھی سانپ کے زہر کو ختم کرتا ہے۔

(۱۸۹۷) سنکھ اور تارامیرا

ایک عورت عمر اسی سال نے مطب میں آ کر شکایت کی کہ ''اس کی انگلی پر سانپ نے کاٹا تھا اب انگلی کا گوشت گلنے لگ گیا ہے۔ سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اس کا علاج کوئی ہے تو کریں۔''

میں نے کہا اچھا کرتا ہوں۔ میں نے اسے کھانے اور لگانے کی دوا دے دی۔ چند دن کے بعد مریضہ نے آ کر بیان کیا کہ ''انگلی بھی ٹھیک ہو گئی ہے اور جسم کو بھی آرام آ گیا ہے۔''

ھوالشافی: کشتہ سنکھ۔ تارامیرا اور شیر مدار والا ایک ایک حصہ۔ سہاگہ سفید ۳ ملا کر حصہ ایک ماشہ کھلا دیں اور زخم پر بھی لگا دیں۔

(۱۸۹۸) سانپ کاٹے کا لاجواب علاج

ھوالشافی: جائفل ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ افیون خالص ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کرنے کے بعد افیون ملا کر بارہ گھنٹے کھرل کریں۔ بعد میں شہد ۶ ماشہ ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۵ رتی ہمراہ پانی دیں۔

اگر مریض بے ہوش ہو تو پانی میں حل کر کے اس کے منہ میں ڈال دیں اور نتھنوں کو اچھی طرح دبائیں تاکہ دوا حلق سے نیچے اتر جائے۔ اور متاثرہ جگہ پر پچھنے لگا کر ضماد کریں۔ ضماد کرنے سے سارا زہر اس جگہ اکٹھا ہو کر چھالا بن جائے گا۔ اس کو سوئی سے چھید کر اوپر دوا لگاتے رہیں۔ زخم بھی درست ہو جائے گا۔ دو یا تین دن کے علاج سے مارگزیدہ تندرست ہو جائے گا۔

صاحب نسخہ نے وعدہ لیا تھا کہ کتاب میں چھپوانے کے ساتھ یہ ہدایت بھی لکھی جائے کہ اس نسخے کو استعمال کرنے والا مریض سے کوئی پائی پیسہ نہ لے گا۔ ویسے نسخہ مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔ سانپ کاٹے کا تریاق ہے۔

(۱۸۹۹) تریاق زہر سانپ

اجزاء: سنکھ ۱۰ تولہ۔ تیل سرسوں ۱۰ تولہ۔ روغن زرد ۱۰ تولہ۔ شہد ۱۰ تولہ۔ آب پیاز ۱/۲ پاؤ۔

ترکیب تیاری: ① سنکھ کو گرم کر کے آب پیاز میں بجھاؤ دیں۔ ② گرم گرم سنکھ کو شہد میں بجھاؤ دیں۔ ③ دوبارہ گرم کر کے تیل سرسوں میں بجھاؤ دیں۔ ④ سب سے آخر میں گھی میں بجھاؤ دیں۔

سنکھ کو اچھی طرح سرخ کر کے بجھاؤ دیں۔ اس کے بعد باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک: ۶ رتی شہد میں ملا کر چٹائیں مریض بے ہوش ہو تو پانی میں ملا کر حلق میں انڈیل دیں مریض پر لحاف دے دیں تاکہ پسینہ آئے اور زہر دور ہو۔ اس کی نسوار بھی دی جاسکتی ہے۔ بے ہوش مریض ہوش میں آجائے گا۔

(۱۹۰۰) دافع زہر سانپ انجن

اجزاء: قسط شیریں۔ فلفل سیاہ جمال گوٹہ ہم وزن

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی گھس کر آنکھ میں لگائیں بے ہوش مریض ہوش میں آ جائے گا۔ اس کے بعد آنکھ میں روغن زرد لگاتے رہیں۔ آنکھ ایک دو دن میں خود بخود ٹھیک ہو جائے گی۔

صرف جمال گوٹا گھس کر آنکھ میں لگائیں اگر آنکھ میں سرخی آ جائے اور آنسو نکل آئیں تو مریض زندہ ہے۔ علاج جاری رکھیں۔

(۱۹۰۱) حکایت

ایک مریض کا علاج کرنے گیا تو ایک شخص نے بتایا کہ مجھ کو سانپ نے کاٹا تھا متاثرہ جگہ پر ہر سال دانہ بن جاتا تھا۔ میں نے شربت افسنتین بنوا کر پیا اس کے بعد مجھ کو سانپ کا زہر نہیں پھوٹا۔ آپ مجھے یہ شربت بنا کر دے سکتے ہیں۔ میں نے اس کے کہنے پر اسے شربت افسنتین بنا دیا۔

(۱۹۰۲) ایک لاجواب تجربہ

بہاولپور میں اس شخص کے پاؤں پر سانپ نے ڈس لیا جس سے اس کا پاؤں متورم ہو کر دوسرے پاؤں سے چار گنا موٹا ہو گیا جلد اس قدر نازک ہو گئی کہ اگر تنکا بھی چھو جاتا تو خون کی دھاریں پھوٹ پڑتیں۔ میں نے اس واقعہ کا ذکر ڈاکٹر محمد اعظم ہومیو پیتھ سے کیا تو انہوں نے ایک پڑیا لیکسز (LACHESIScm) ایک لاکھ طاقت کی دے دی۔ اور ساتھ میں دو ہدایات کیں۔

- مریض کو سامنے بٹھا کر دوا کھلائیں۔
- مریض کو چار پہر تک سونے نہ دیں۔

میں نے دوا کھلا دی اور چار پہر تک نہ سونے کی ہدایت کر دی۔ خدا کی قدرتوں کے قربان

جاؤں۔ چھ روز بعد وہ آدمی آیا تو اس کے پاؤں پر بالکل ورم نہ تھا۔ اس نے کہا کہ دوسرے دن سے سوج اترنا شروع ہو گئی تھی اور چھ روز میں مکمل آرام آ گیا ہے۔ حالانکہ یہ تکلیف عرصہ چھ سال سے تھی۔ ہومیوپیتھی کی بڑی طاقت کی صرف ایک خوراک نے مریض کو تندرست کر دیا۔

لاہور میں ڈاکٹر محمد شفیع ہومیو پیتھ سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے کہا ''آپ (LACHESIS200) کی ایک خوراک ہر چار دن بعد دے دیا کریں۔

یہ دو نسخے بطور نمونہ ہومیوپیتھی کے لکھ دیئے ہیں اگر اللہ نے زندگی رکھی تو ہومیوپیتھی کے تجربات بھی قلمبند کروں گا۔ میں نے جس مریض کو بھی 200 دی اس کی تمام تکالیف جاتی رہی۔

(۱۹۰۳) لاجواب حکایت

میرے ایک رشتہ دار کو باؤلے کتے نے کاٹ لیا اور اس پر ہلکاؤ کی علامات آنا شروع ہو گئیں۔ مریض عقیدہ کے لحاظ سے اہل حدیث تھا اسے معلوم ہوا کہ ایک حکیم ہلکاؤ کا علاج کرتا ہے اور ہے بھی اہل حدیث۔ اس کا بیٹا جا کر اس حکیم کو لے آیا۔ حکیم صاحب نے آتے ہی آنکھوں میں دوا لگا دی اور چند منٹوں کے بعد کچی لسی سے آنکھیں دھلا دیں۔ صرف دو تین بار یہ عمل کرنے سے ہلکاؤ کی علامات ختم ہو گئیں۔

جب میں نے اس اسراری علاج کا ذکر سنا تو حیران ہوا اور کوشش کی کہ جس طرح بھی ہو سکے اس نسخہ کو حاصل کرنا چاہیے اور خیال کیا کہ وہ صاحب شاید نسخہ نہ بتائیں لہٰذا میں اپنی لائبریری کی کتب کھنگالنے میں لگ گیا۔ جوئندہ یابندہ کے مصداق مجھے ایک اہل حدیث حکیم کی مرتب کردہ کتاب میں وہ نسخہ مل گیا۔ میں نے کتاب پکڑی اور جن حکیم صاحب نے علاج کیا تھا ان کے پاس پہنچ گیا، وہ کسی کام میں مصروف تھے۔ انہوں نے میرے آنے کا سبب پوچھا تو میں نے جواب دیا آپ ذرا فارغ ہو لیں تو بتاؤں گا۔

جب فارغ ہوئے تو میں نے کہا کہ ''آپ نے فاروق آباد میں ہلکاؤ کا علاج کیا تھا۔'' وہ کہنے لگے ''ہاں! کیوں آپ کے پاس بھی کوئی مریض ہے۔'' میں نے کہا ''نہیں۔'' اور پوچھا ''کیا کسی نسخے سے سانپ کا زہر بھی دور ہو سکتا ہے۔'' فرمانے لگے ''ہاں! ہلکاؤ اور سانپ کے زہر کا

ایک علاج ہے۔ہم جب اپنے سابقہ گاؤں میں ہندوستان میں تھے تو اس جگہ اس قسم کے مریضوں کا علاج اسی نسخے سے کرتے تھے۔اب نہیں کرتے کہ آدمی دوا لگانے سے اچھلنے لگ جاتا ہے۔اور چیختا چلاتا ہے۔تو برداشت نہیں ہوتا کیونکہ آنکھوں میں سرخی آجاتی ہے"۔

میں نے کہا "کیا وہ نسخہ کہیں سے مل سکتا ہے۔"؟

اس پر انہوں نے کچھ دیر خاموشی اختیار کی تو میں نے کتاب کھول کر نسخہ پر انگلی رکھ کر پوچھا "کہیں یہ تو وہ نسخہ نہیں ہے؟"

نسخہ کو دیکھ کر کبھی میری طرف اور کبھی نسخے کی طرف دیکھتے۔آخر کہنے لگے "کہاں سے حاصل ہوا" میں نے کہا "جب میں نے آپ کے علاج کے بارے میں سنا تو نسخہ حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا لہذا میں نے اپنی لائبریری میں موجود کتب کا مطالعہ شروع کر دیا۔اتفاق سے یہ نسخہ میرے سامنے آگیا اور میں اس کتاب کو لے کر آپ کے پاس حاضر گیا ہوں۔"

فرمانے لگے "میں آپ کی محنت کی داد دیتا ہوں" اور کہا "اس کے لگانے سے مریض چیخ و پکار شروع کر دیتا ہے۔اگر آپ نے تیار کرنی ہو تو کر لیں نسخہ تو یہی ہے"

ھوالشافی: مغز جمال گوٹا ۶ عدد۔مغز بیدانجیر مقشر ۱۲ عدد۔زعفران۔افیون۔کافور ہر ایک ایک ماشہ۔فلفل گرد ۲۴ عدد۔لونگ ۸ عدد۔گھوں گچی سفید مقشر ۴ عدد۔گوند کیکر ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے سرکہ انگوری۔آب پیاز۔آب سبز مکو میں بالترتیب کھرل کر لیں۔ہر ایک میں دو دو گھنٹے کھرل کریں۔اور بعد میں دانہ مونگ کے برابر گولی بنالیں۔

ترکیب استعمال: عرق گلاب یا پانی میں گھس کر آنکھوں میں سلائی سے لگادیں۔چھ گھنٹے گزرنے کے بعد پھر لگائیں لیکن ہر دفعہ دوا لگانے کے پندرہ منٹ بعد کچی لسی یا دودھ بکری سے آنکھوں کو ضرور دھو ڈالیں۔

دوا کوئی بھی استعمال کریں بعض اوقات آنسوؤں کے راستے سانپ اور ہلکاؤ کا زہر نکل جاتا ہے۔اگر آنکھوں میں سرخی زیادہ ہو جائے تو گھی لگائیں اس کے لگانے سے جمال گوٹہ کی جلن اور سوزش دور ہو گی اور آنکھوں کو عرق گلاب یا آب ترپھلہ سے دھوتے رہیں سرخی دور کرنے کے

لیے گھی گاوا لگاتے رہیں اس سے جلن دور ہوگی۔

(۱۹۰۴) مدار

سانپ کاٹے کے علاج میں آک کا درخت بھی کار آمد ہے۔ آک کی کونپل یا اس کے درخت کی چھال ۲ ماشہ گڑ میں ملا کر چار چار گھنٹے بعد کھلا کر اوپر سے گھی پلا دیں۔ مدار سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔

بعض کتابوں میں شیر مدار سے روئی تر کے متاثرہ مقام پر رکھنے کو لکھا ہے۔ نیز یہ بھی لکھا ہے کہ روئی کو شیر مدار سے متواتر تر رکھیں۔ جب روئی خود بخود گر پڑے تو سمجھ لیں کہ سانپ کا زہر دور ہو گیا ہے۔

(۱۹۰۵) جوگی

ایک خاندان جو کہ سانپوں کا علاج اور دم کرنے میں مشہور تھا میں نے ان سے پوچھا کہ "اگر جسم میں زہر ہو تو کیا کرتے ہو تو ایک جوگی نے جواب دیا" ایک سیر لہسن لے کر اس میں سے ۵ تولہ ہر روز مریض کو ہمراہ گھی دیسی یا دودھ میں کھویا بنا کر کھلایا جائے جسم کی رگ رگ سے سانپ کا زہر دور ہو جاتا ہے۔ ان کا مجرب ہے۔

(۱۹۰۶) سفوف تریاق مار گزیدہ

اجزاء: ریوند عصارہ۔ موصلی سفید۔ پوست ریٹھا۔ جدوار خطائی۔ بیخ جمال گوٹا۔ جڑ حنظل۔ ریوند خطائی ہر ایک چھ ماشہ۔ کشتہ سنکھ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے ۲۔۳ ماشہ دن میں ۳ مرتبہ ہمراہ شہد دیں۔ اوپر سے پاؤ دودھ میں روغن زرد ۲ تولہ نیم گرم ملا کر پلا دیں۔ سانپ کا زہر دور ہو جائے گا۔

(۱۹۰۷) مرہم زخم سانپ

ریٹھے ۳ عدد۔ رتیاں سرخ ۴ عدد۔ تیل سرسوں ۲½ تولہ میں جلا کر سندھور ۶ ماشہ میں ملانے کے بعد اتنا پکائیں کہ جل کر سیاہ ہو جائے۔ یہ مرہم سانپ کے زخم پر لگانے سے زخم درست ہو جاتا

ہے۔

دوستو! میں نے سانپ کاٹے کے علاج میں کھلانے اور اور لگانے کے اعلیٰ سے اعلیٰ نسخے لکھ دیئے ہیں۔ ان میں سے کئی نسخہ جات مجربات میں سے ہیں اور کئی نسخے میرے ذاتی مجرب ہیں۔ ان میں ایک لفظ بھی میں نے غلط نہیں لکھا۔ ایک نسخہ حب مسکین نواز کا ذکر آیا تھا اب اس کی قسم کا ایک اور نسخہ مجرب لکھ دیا ہے۔

(۱۹۰۸) حب مسکین نواز یا حب گھوڑ چڑھی

یہ دراصل ویدک نسخہ ہے اور ویدوں نے اسے مختلف بدرقات سے کئی امراض میں مفید لکھا ہے۔ اور نسخہ کے اجزاء میں بھی کافی فرق ہے۔ طب یونانی والوں نے بھی اسے اپنے مجربات میں شامل کرلیا ہے اور کئی آدمیوں نے اسی نسخہ میں ردوبدل کر کے کئی امراض میں استعمال کرنا لکھا ہے۔ میں نے کئی کتب سے اس نسخہ کے متعلق تحقیق کر کے اسے تیار کیا ہے۔ بعض کتب میں تمام ادویہ ایک ایک تولہ اور جمال گوٹا آٹھ تولہ لکھا ہے اور کئی نسخوں میں جمال گوٹا ہم وزن لکھا ہے۔ اور کئی آدمیوں نے اسی نسخہ میں ردوبدل کر کے کئی امراض میں استعمال کرنا لکھا ہے۔ میں نے کئی کتب سے اس نسخہ کے متعلق تحقیق کر کے اسے تیار کیا ہے۔

- ❀ ازرانی صاحب نے قرابادین میں بخاروں کے باب میں لکھا ہے۔
- ❀ صاحب شرح رباعیات طب یوسفی نے اسے دیدان کے باب میں لکھا ہے۔
- ❀ فوائد میں تین سو امراض کو مفید لکھا ہے۔
- ❀ آیورویدک فارماکوپیا کے مصنف نے بھی اسے گھوڑا چولی رس کے نام سے لکھا ہے۔
- ❀ ایک بوڑھے طبیب نے مجھے بتایا کہ کئی پرانے حکماء صرف اس نسخہ کو تیار کر کے اپنے پاس رکھ لیتے اور مناسب بدرقات سے تمام امراض میں استعمال کرتے تھے۔
- ❀ صاحب قرابادین مجددی نے لکھا ہے کہ بعض مزاجوں میں اس سے گرم بخارات پیدا ہو جاتے ہیں اور بعض کو اس سے خفقان اور تنگی تنفس پیدا ہو جاتی ہے۔ لہذا اس کو تین ماشہ کشنیز میں رکھ کر دیں تو عوارض پیدا نہ ہونگے۔ اگر ہوں تو دور ہو جاتے ہیں۔

قولنج میں اس کے استعمال کرنے کا طریقہ تخم کسنبہ ایک تولہ۔ سونف ایک تولہ شکر ۲ تولہ کے شیرہ سے دیں دیگر امراض میں مناسب بدرقات سے دینا مفید ہے۔

تجربہ میں یہ بات آئی ہے کہ اس کے استعمال سے مہلک امراض دور ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

وید جگن ناتھ مؤلف آیورویدک فارما کوپیا نے سب سے انوکھی بات لکھی ہے کہ "جو شخص ہمیشہ تندرست رہنا چاہے۔ وہ ہر روز اس کی آدھی یا ایک گولی مناسب بدرقہ سے کھالیا کرے۔ وید صاحب کی بات اپنے اندر بڑا وزن رکھتی ہے۔ کیونکہ اس نسخہ میں مقویات بھی اعلیٰ درجہ کے ہیں اور مصفیات بھی اعلیٰ درجہ کے ہیں اور فضول مادہ کو خارج کرنے والا جمال گوٹا بھی شامل ہے جو کہ تمام مسہلات کا سردار ہے۔

اس دوا کو مناسب بدرقات سے استعمال کرنا واقعی مفید ثابت ہوگا۔ اب میں اس کا نسخہ عرض کرتا ہوں جو کہ میں نے کم و بیش پچیس کتب سے منقول ہے۔

ھوالشافی ۱: پارہ گندھک۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کے پوست۔ چترا۔ ریوند چینی۔ مٹھ تیلیا مدبر۔ ہڑتال ورقیہ ایک ایک تولہ۔ جمال گوٹا مدبر ۸ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو آب بھنگرہ میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

(۱۹۰۹)

ھوالشافی ۲: تمام ادویہ ایک ایک تولہ اور جمال گوٹا مدبر بھی ایک تولہ شامل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں۔ (از کتاب مرکبات یونانی) عرق سونف یا آب کنوار گندل میں بنالیں۔

(۱۹۱۰)

ھوالشافی ۳: آیورویدک فارما کوپیا کا نسخہ

اجزاء: پارہ۔ گندھک۔ ہڑتال ورقیہ۔ مٹھا تیلیا۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کا چھلکا۔ سہاگہ پھلہ۔ جمال گوٹا مدبر ایک ایک تولہ۔ آب بھنگرہ میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کر لیں۔ میں نے آپ کو تین قسم کے نسخے لکھ دیئے ہیں جس کو چاہیں تیار کریں۔

عام فائدہ اس کا یہ ہے کہ ایک لاجواب مسہل ہے۔

- رات کے وقت دو تین گولیاں کھلا دیں صبح کو اسہال آ کر پیٹ صاف ہو جاتا ہے یا صبح کو تین عدد کھلا دیں تو چند منٹ میں پیٹ صاف ہو جاتا ہے۔
- بواسیر کے مریض کو بھی ایک گولی رات کو دے دیں تو قبض دور ہو جاتی ہے۔
- خون صاف کرنے کے لئے بھی کھلانا مفید ہے۔
- درد معدہ۔ قبض۔ قولنج۔ ریح شکم۔ درد کمر۔ ڈبہ اطفال۔ تپ ریح۔ تپ طاعون۔ برص۔ آتشک۔ ناسور۔ باؤ گولہ۔ سنگ مثانہ۔ نزلہ زکام۔ درد سر۔ مرگی۔ وجع المفاصل۔ امراض رحم کو لاجواب ہے۔

میں نے اس کو متعدد بار استعمال کیا ہے۔ اب میں اس کے وہ فوائد لکھتا ہوں جو میں نے مختلف کتب سے نقل کئے ہیں۔

- درد سر عصابہ میں ایک گولی ہمراہ ترپھلہ ایک تولہ کے ساتھ کھلائیں اور ایک گولی تیل کڑوے میں گھس کر ماتھے پر لیپ کریں۔
- مرگی میں ایک گولی ہمراہ کالی مرچ ایک ماشہ کے ساتھ پیس کر نسوار دیں۔
- نزلہ زکام میں ایک گولی سونٹھ ۳ ماشہ کے ساتھ دیں۔
- درد چشم میں ایک گولی آملہ اور زیرہ سفید کے ساتھ پیس کر آنکھ پر لیپ کریں۔
- ناخونہ میں آملہ اور زیرہ سفید کے پانی میں رگڑ کر آنکھ میں لگائیں۔
- شب کوری میں ایک گولی تھوک میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔
- بدبوئے دہن میں ایک گولی گڑ میں ملا کر کھائیں یا ادرک اور پان کے ساتھ کھائیں۔
- درد دندان میں ایک گولی کتائی خورد کے ساتھ باریک کر کے دانتوں پر ملیں۔
- سن پات میں ایک گولی دار فلفل کے ساتھ گھس کر آنکھ میں لگائیں اس سے مریض کو ہوش آ جائے گا۔
- ایک گولی سہ چند ہینگ خالص میں ملا کر کھلائیں۔ قے دور ہو گی۔

- ایک گولی زیرہ سیاہ کے ساتھ کھلائیں تشنگی دور ہوگی۔
- بلغمی اور صفراوی امراض ہوں تو زیرہ سفید کے ہمراہ دیں۔
- ہضم طعام کے لئے ایک گولی ۹ ماشہ اجوائن کے ساتھ دیں۔
- قبض کے مریض کو تین روز کھچڑی کھلا کر چوتھے روز حسب عمر وطاقت دیں اگر اسہال کم آئیں تو چینی کا شربت پلائیں۔
- اسہال میں ایک گولی گرم پانی سے دیں۔
- درد ریاحی میں ایک گولی ۳ ماشہ اجوائن پیس کر شیرہ ادرک کے ساتھ دیں۔
- استسقاء میں ایک گولی ۹ ماشہ منڈی بوٹی کے ساتھ دیں۔
- اسہال کہنہ میں ایک گولی گائے کی چھاچھ آہن تاب کے ساتھ دیں۔
- مروڑ میں ایک گولی سونٹھ کے سفوف ۳ ماشہ کے ساتھ دیں۔
- پیٹ کے کیڑوں کے لئے ایک گولی ادرک کے پانی سے تین دن دیں۔
- دردناف کے لئے ایک گولی سیاہ مرچ کے ساتھ دیں۔
- درد کمر میں ایک گولی لونگ ۵ عدد کے ساتھ ملا کر ادرک کے ساتھ کھلائیں۔
- سنگ مثانہ میں ایک گولی کلتھی کے ساتھ دیں۔
- احتباس حیض میں ایک گولی مرغی کے انڈے سے کھلا کر اوپر سے مدرات پلائیں۔
- بدہضمی میں ایک گولی سونٹھ یا پان کے ساتھ دیں۔
- سیلان منی میں ایک گولی طباشیر ۴ رتی کے ساتھ کھلا کر اوپر سے جوشاندہ ترپھلہ پلائیں۔
- پرمیہہ کے لئے ایک گولی دودھ بکری سے چند روز دیں نیز آب برگ سنبھالو سے بھی مفید ہے۔
- سدہ امعا کے کے لئے ایک گولی کھلا کر لعاب ریشہ خطمی۔ عرق سونف۔ گل قند اور بادام روغن ملا کر کھلائیں۔
- وجع المفاصل میں ایک گولی شیرہ بھنگرہ اور سفوف دارچینی۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز کے

سفوف کے ہمراہ شہد ملا کر دیں۔

- بواسیر بادی میں ایک گولی شیرہ آکاس بیل کے ہمراہ کھلائیں اور بواسیر خونی میں ایک گولی کشنیز کے سفوف کے ساتھ دیں۔
- دردمقعد میں ایک گولی برگ بھنگ ۳ ماشہ۔ کے ساتھ دیں۔
- تپ کہنہ میں ایک گولی ست گلواور روغن السی کے ہمراہ دیں۔
- تپ سہ روزہ میں ایک گولی ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید۔ شکر سفید ۷ ماشہ۔ کے ساتھ سات روز دیں اگر مادہ بلغمی ہوتو فلفل دراز ایک عدد بھی شامل کرلیں۔
- تپ گرم میں ایک گولی ۵ عدد لونگ کے ہمراہ دیں۔
- تپ لرزہ میں ایک گولی ۵ عدد لونگ کے ہمراہ دیں۔
- تپ مرکب میں ایک گولی جوشاندہ گلو۔ چرائتہ۔ نیلوفر ۳۔ ۳ ماشہ ملا کر جوشا کردیں۔
- ناسور میں ایک گولی بلی کی ہڈی کے ساتھ پتھر پر گھس کر لگائیں۔
- سوختگی آتش میں ایک گولی آب آملہ کے ساتھ گھس کر مقام سوختہ پر لگا دیں۔
- آتشک کے مریض کو ایک گولی برگ نیم ایک تولہ کے ساتھ ملا کر دیں۔ مجامعت۔ میٹھی۔ بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔
- برص کے مریض کو تخم کونچ۔ تخم دھتورہ کے ہم وزن سفوف ۳ ماشہ میں رکھ کر بیس روز کھلائیں۔
- سرخبادہ میں ایک گولی زیرہ سفید ۳ ماشہ کے پانی سے دیں اور اگر کشنیز ملالیں تو زیادہ بہتر ہے۔
- پانڈوروگ میں ایک گولی ۷ ماشہ میتھی کے بیجوں کے ہمراہ دیں۔
- ڈبہ اطفال میں ایک گولی شیرہ سونف کے ساتھ دیں۔
- بندش بول میں ایک گولی شیرہ زیرہ سفید یا شیرہ پکھان بید کے ہمراہ دیں۔ نیز سونٹھ کے سفوف اور پان کے ہمراہ دینا بھی مفید ہے۔

❀ بانجھ عورت کو ایک گولی حب کافور کے ساتھ دیں۔

❀ سستی قضیب میں ایک گولی انڈے کی سفیدی میں گھس کر طلاء کرنا مفید ہے۔ اور امساک و باہ کے لئے تین ماشہ شہد یا برگ پان کے ساتھ کھانے کو دیں۔

❀ باہمنی پلک میں ایک گولی آب آملہ کے ساتھ گھس کر پلکوں پر لیپ کریں۔

❀ سانپ کاٹے کے لیے چند گولیاں باریک کر کے متاثرہ مقام پر پچھنے لگا کر چھڑک دیں۔

❀ بچھو کاٹے پر ایک گولی سونٹھ کے پانی میں گھس کر طلاء کریں۔

❀ نواسیر میں چار گولی فلفل دراز کے ساتھ باریک کر کے ناک میں ٹپکائیں۔

❀ ترپھلہ اور روغن ارنڈ کے ساتھ ملا کر کھلانا امراض شکم میں مفید ہے۔

❀ شہد کے ساتھ ملا کر کھانے سے قبل از وقت بال سفید ہونا رک جاتے ہیں یا فلفل دراز ½۱ عدد۔ دارچینی ۳ ماشہ اور شہد کے ساتھ دیں۔

❀ دمہ اور کھانسی میں شہد اور اڑوسہ کے رس کے ساتھ دینا مفید ہے۔

❀ بخار میں تلسی کے رس کے ساتھ دینا لاجواب ہے۔

❀ روزانہ ہونے والے بخار میں گھیکوار کے رس سے دیں۔

❀ گھی کے ساتھ دینے سے تمام اقسام قولنج دور ہو جاتے ہیں۔

❀ آب ترپھلہ کے ساتھ دینے سے لاعلاج دمہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

❀ برہمی کے ساتھ دینے سے عقل بڑھتی ہے۔

❀ پان میں رکھ کر کھانے سے چہرے کا رنگ نکھر آتا ہے۔

❀ لیموں کے رس میں گھس کر انجن لگانے سے گھر میں بھوتوں کا داخلہ بند ہو جاتا ہے۔

❀ بول مادہ گاؤ میں گھس کر لگانے سے باؤلے کتے کا کاٹے کا زہر دور ہو جاتا ہے۔

❀ بول مادہ گاؤ یا آب گلو کے ساتھ گھس کر دینے سے جذام دور ہوتا ہے۔

❀ بخار نیا ہو تو اس کے دینے سے پیٹ صاف ہو کر بخار دور ہو جاتا ہے۔

❀ کامیاب وید اس کی ایک گولی میعادی بخار میں رات کو دیتے ہیں۔ جس سے امعاء

صاف ہو جاتی ہیں اور نیا عارضہ پیدا نہیں ہوتا۔

- ❀ بواسیر۔ قبض دور کرنے کے لئے مناسب بدرقہ سے دیں۔
- ❀ سرس کے رس کے ساتھ دینے سے سانپ کا زہر دور ہو جاتا ہے۔
- ❀ اٹ سٹ کے رس سے دینا پانڈو روگ کو دور کرتا ہے۔
- ❀ زیرہ سفید اور شہد کے ساتھ کھانا سوزاک کو دور کرتا ہے۔
- ❀ اجوائن اور بچ کے سفوف ہمراہ دینے سے لاعلاج کمر درد کے لئے دور ہو جاتی ہے۔

مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلانا اور جسم پر لگانا امراض جسم کو دور کرنے کے لیے کئی اطباء فقط یہی گولیاں مختلف بدرقہ جات سے استعمال کراتے ہیں۔

- ❀ چھاجن کے لئے ۱۰ گولیاں۔ روغن کنجد ½ سیر میں حل کریں اور ½۲ تولہ سندھور بھی ملا لیں اور تمام کو باریک کریں اور مقام چھاجن پر اس کی مالش کریں! اور دو گھنٹے کے بعد گرم پانی سے دھو کر تیل سرسوں یا گھی لگائیں (نقل از معمولات جمیل حصہ اول گجرات) وہاں روغن بیش لکھا تھا لیکن میں نے روغن کنجد لکھ دیا ہے تا کہ آسانی رہے۔

میں نے حب گھوڑ چڑھی یا گھوڑا چولی یا مسکین نواز کے تمام فوائد آیورویدک اور یونانی اطباء کے تجربات لکھ دیئے ہیں تا کہ نئے طالب علموں کو آسانی رہے۔ خدا میری اس کاوش کو قبول کرے۔ اور یہ کتاب مخلوق خدا کی شفا کا باعث بنے۔ آمین مزید دیکھنا ہو تو آیورویدک فارما کو پیا اور معمولات جمیل حصہ اول میں دیکھ لیں۔

(۱۹۱۱) چوٹ لگنا (گر پڑنا یا آگ سے جل جانا گر کر چوٹ لگنے کے زخم اکسیری لیپ)

ھوالشافی : ہلدی ۲ حصہ۔ صابن دیسی ایک حصہ کو پانی ملا کر حلوہ کی مانند بنا لیں۔ نیم گرم کو ورم کی جگہ پر لیپ کریں۔ چار گھنٹے بعد اس کے اوپر لیپ کر دیں۔ اس کے لگانے سے چوٹ کا ورم اور درد دور ہو نگے۔ کئی دفعہ اس کے لگانے سے سخت قسم کی چوٹ بھی دور ہو جاتی ہے۔ ایک دو دن میں تمام تکلیف ختم ہو جاتی ہے۔

(۱۹۱۲) ہلدی اور گھی کا لیپ

ایک شخص کو سخت چوٹیں لگیں وہ کئی دنوں تک چار پائی پر رہا اس کے بعد اس کا دوست آیا

اور کہا کہ ہلدی لاؤ اور گھی گرم کرو۔ اس نے گھی اور ہلدی پلا دیا۔ دوسرے دن پھر پلائی۔ آخر مریض کو خونی اسہال شروع ہو گئے اور اس کے بعد تمام تکلیف دور ہو گئی۔ ہلدی اور گھی سے تمام اندرونی ورم تحلیل ہو گئے۔ لاجواب علاج ہے۔

(۱۹۱۳) پھٹکڑی پھلہ

پھٹکڑی پھلہ بھی چوٹوں میں مفید ہے۔ آیورویدک والے بھی اس کے معترف ہیں۔

ترکیب تیاری: پھٹکڑی ایک ماشہ کو پیس کر چار تولہ گھی میں پیس کر ڈال دیں۔ گرم کرنے پر پھٹکڑی نیچے بیٹھ جائے گی پھر اس گھی میں میدہ اور شکر ملا کر حلواہ بنا لیں اور پھٹکری نکال کر تین روز تک کھلائیں۔ چوٹ کی تکلیف رفع ہو جائے گی۔ مومیائی سے بہتر ہے۔

(۱۹۱۴) ہندی مومیائی

ایک مستری کو چوٹیں لگیں۔ ایک پنڈت لاہور سے ہمارے گاؤں میں آیا ہوا تھا اس نے سنا تو کہنے لگا۔

➊ کڑاہی میں گندم ڈال کر بھونیں۔ سرخ ہو جائے تو باریک کر کے ہم وزن گڑ ملا کر اور گھی سے خوب مجرب کر کے نیم گرم دودھ سے کھلائیں۔

دو تین دن میں ہی مستری کی دردیں دور ہو گئیں۔ اس نسخہ کو ہندی مومیائی کہتے ہیں۔

➋ تل سیاہ۔ سہانجنہ کے پتے ملا کر لیپ کریں۔

➌ تل کی کھلی پانی میں حل کر کے کپڑے پر لیپ کر کے باندھیں اس سے بھی ورم دور ہو گا۔

(۱۹۱۵) بھلانوہ اور گھی

ایک زمیندار کو چوٹیں لگیں اور جسم کے کئی حصے بیکار ہونے کے قریب ہو گئے۔ ان کا علاج اس نسخہ سے کیا۔

ھوالشافی: بھلانوہ سالم ۷ عدد کو روغن زرد ۱۰ تولہ میں ڈال کر پکائیں۔ جب بھلانویں بریاں ہو جائیں تو نکال لیں۔ اس کے بعد رال سفید ۱۰ تولہ۔ ہینگ اصلی ۶ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ تین

عدد ملا کر بھلانوے والے گھی میں ڈال دیں اور آگ پر اس قدر جوش دیں کہ کڑاہی دھوئیں سے بھر جائے اب اسے نیچے اتار لیں۔ خیال رہے کہ کڑاہی کے اجزاء کو آگ نہ لگنے پائے۔ احتیاطاً ایک ڈھکنا بھی پاس رکھیں اگر آگ لگ جائے تو فوراً ڈھک دیں۔ اس تیار شدہ سیاہ مرکب کو کسی کھلے منہ والی بوتل میں بند کر لیں۔

طریقہ استعمال: سیاہ مرکب ایک ماشہ لے کر ۲ تولہ گھی میں ملا کر گرم کریں جب حل ہو جائے تو اس کو دودھ ½ سیر یا ایک پاؤ میں ملا کر پلائیں۔

مالش: ایک تولہ مرکب سیاہ کو بیس تولہ روغن کنجد یا روغن زیتون میں ملا کر گرم کر کے بیرونی چوٹوں پر مالش کریں۔

فوائد: چوٹ کے ورم کو دور کرنے کی لاثانی دوا ہے۔ میں نے خود اس کو تیار کر رکھا ہے۔

احتیاط: دوا بناتے وقت دھوئیں سے بچیں۔ کیونکہ بھلانوے کا دھواں لگ جانے سے جسم متورم ہو جاتا ہے۔ یہ تیل بنا کر میں نے ایک مریض کو دیا تو اس کے خراب اعضاء نے کام شروع کر دیا۔ لاجواب نسخہ ہے۔

(۱۹۱۶) سلاجیت

ایک شخص کا ایکسیڈنٹ ہو گیا کئی چوٹیں لگیں۔ اصلی سلاجیت کھانے کو دی۔ اور بیرونی طور پر مذکورہ بالا تیل مالش کو دیا اس کے تمام درد پان دور اور ورم تحلیل ہو گیا۔

اس مریض کی بہن کے بازو پر ایک جگہ صرف ہڈی تھی اوپر گوشت نہ تھا اس نے سیاہ مرکب کی مالش شروع کی۔ چند دنوں میں ہی اس سوکھی ہوئی جگہ پر گوشت آ گیا۔

نوٹ: سلاجیت خالص کھانے سے ورم تحلیل ہوتا ہے اور جما ہوا خون تحلیل ہوتا ہے۔ بہت سے مریضوں کو دیا۔

(۱۹۱۷) بلادر مفرد کا کرشمہ

ترکیب تیاری: بھلانوہ ایک عدد کے چار ٹکڑے کر کے ۵ تولہ گھی میں ڈال کر پکائیں جب جل جائے تو نکال کر پھینک دیں۔ اب اس گھی میں ایک چھٹانک آٹا اور بارہ تولہ چینی ملا کر حلوہ بنا لیں۔

مقدار خوراک: ہر روز صرف ایک بھلانوہ کو جلا کر اس طرح حلوہ بنا کر کھالیا کریں۔ چوٹ کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

نوٹ! صاحب نسخہ نے پہلے سات عدد بھلانوے لکھے تھے لیکن اس سے جسم پھٹ نکلتا ہے۔ فقط دو یا تین کافی ہیں۔ لیکن اگر پھر بھی جسم پر پھنسیاں نکل آئیں تو بھینس کا گوبر جسم پر مل کر دھوپ میں بیٹھ جائیں۔ بھلانوے کا زہر خون سے نکل جائے گا۔ چوٹ کی اکسیری دوا ہے۔

(۱۹۱۸) اکسیر نسخہ برائے چوٹ ورم

اجزاء: شنگرف رومی ۵ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۱۰ تولہ۔ کچلہ مدبر ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء کو پیس کر آہنی تابہ پر رکھیں۔ شگفتہ ہونے پر الٹا دیں تاکہ دوسری طرف سے بھی پھلہ ہو جائے۔ پھر اتار کر باریک کر کے اس میں کچلہ مدبر ۵ تولہ ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی صبح و شام نیم گرم دودھ سے کھلا دیں۔

فوائد: چوٹ کی درد اور ورم کے لئے مومیائی سے بڑھ کر ہے نیز وجع المفاصل کے لئے بھی مجرب ہے۔

(۱۹۱۹) ہلدی کے کیپسول

اجزاء: شنگرف رومی ۵ تولہ۔ کچلہ مدبر ۵ تولہ۔ ہلدی نباتی ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری: ایک صاحب نے مذکورہ بالا نسخہ میں ایک تولہ ہلدی نباتی باریک کر کے ملانے کو لکھا ہے۔ میں نے ہلدی ملا کر دوا تیار کر رکھی ہے۔

مقدار خوراک: ۲ رتی کے کیپسول میں بند کر کے ہمراہ نیم گرم دودھ کھانے کے بعد دیں اور غذا مرغن کھلائیں۔

نوٹ: شنگرف اور کچلہ مدبر ملنے سے دوا گرم خشک ہو جاتی ہے۔ ویسے چوٹ کو اکسیر ہے۔ تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے استعمال سے جما ہوا خون تحلیل ہو جاتا ہے۔

(۱۹۲۰) روغن ضربہ

مکینیکل کام کرنے والوں کو اکثر چوٹ لگ جاتی ہے جس سے ورم آتا اور درد ہوتا ہے اور بسا اوقات زخم بھی ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کی چوٹوں کے واسطے اکسیر تیل کا نسخہ حاضر ہے۔

ایک مستری اس نسخہ کو تیار کرتے تھے۔ان کا دعویٰ تھا کہ ہتھوڑا کی چوٹ لگ جائے تو اس تیل سے مضروبہ جگہ کو چپڑ دو تو درد اور ورم نہ ہوگا اور زخم بھی جلد درست ہو جائے گا۔ یہ نسخہ مجھے کئی جگہ سے حاصل ہوا اور میں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا۔ کئی بار تیار کیا ہے۔ لاجواب نسخہ ہے۔ عام کتب میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

ھوالشافی: تیل میٹھا ½ سیر۔ رتن جوت ایک تولہ۔ مردار سنگ ایک تولہ۔ کتھ سفید ایک تولہ۔ مجیٹھ ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے تیل میں ڈال کر پکائیں جب پک جائے تو مجیٹھ سالم ہی ڈال دیں۔ جب وہ تیل میں پھول جائے تو تیل کو آگ سے اتار لیں۔ اور مجیٹھ کو ایک کنارے پر رکھ کر ماچس سے آگ لگا دیں۔ تمام مجیٹھ موم بتی کی طرح جل جائے گی۔ اس کو تیل میں ملا کر کھلے منہ والی بوتل میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔

اس تیل سے مضروبہ جگہ کو چپڑ دیں۔ نہ صرف ورم بلکہ کٹا ہوا چمڑہ بھی جلد درست ہو جائے گا۔ اور صرف ایک گھنٹہ میں درد دور ہو جائے گا۔ میں نے اس تیل سے متعدد کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

اس کے فوائد کی نسبت سے مستری لوگوں نے اس کا نام ''جادوئی تیل'' رکھا ہوا ہے۔

کسی نے ایک پاؤ تیل لکھا ہے لیکن اس طرح گاڑھا پن آ جاتا ہے۔ بہتر ہے کہ ½ سیر میں بنائیں۔ اس تیل کو تجارتی بنیادوں پر بھی تیار کر کے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

ایک صاحب نے اس طرح بیان کیا کہ اس سے ٹوٹی ہوئی ہڈیاں بھی جڑ جاتی ہیں۔

ھوالشافی: مردار سنگ۔ کتھ سفید۔ لونگ۔ مویز منقیٰ۔ رتن جوت۔ مجیٹھ۔ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: حسب طریقہ تیل میٹھا ایک پاؤ میں تیل بنا کر اس سے چپڑتے رہیں تو شکستہ ہڈیاں بھی جڑ جاتی ہیں۔ صاحب نسخہ نے اپنی جڑی ہوئی ہڈیاں بھی دکھائیں۔ لاجواب چیز ہے۔

ہر دو طرح سے بنایا جا سکتا ہے لیکن میں نے تو پہلے مذکور کردہ نسخہ تیار کیا ہے۔ ورم اور زخم اور امراض جلد کو اکسیر ہے۔

(۱۹۲۱) چار تیل

ایک پنساری کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اسی اثنا میں ایک شخص نے آ کر چوٹ کی درد کے

لئے تیل مانگا پنساری نے ملازم کو کہا اسے چار تیل دے دو۔ وہ شخص لے کر چلا گیا تو میں نے پوچھا
''یہ کون سے چار تیل دیئے ہیں'' پنساری نے نسخہ بتایا۔

اجزاء: روغن بابونہ۔ روغن تارپین۔ کسٹر آئل اور تیل میٹھا ہم وزن ملا کر دیتے ہیں۔

فوائد: ورم اور درد کو دور کرتا ہے۔ مالش کر کے اوپر روئی باندھ دیں۔ فوری آرام دہ ہے۔

(۱۹۲۲) ایک لاجواب لیپ

اجزاء: ایلوا۔ مرکی۔ گوگل۔ کندر۔ عصارہ ریوند۔ میدہ سک۔ سجی کھار۔ لودھ پٹھانی۔ مازو پھل۔ پھٹکڑی ہلدی ہر ایک ۵ تولہ۔ سفوف انبہ ہلدی ۵ چھٹانک۔

ترکیب استعمال: سب جزاء کو باریک کر کے رکھ لیں اور بوقت ضرورت سفوف لے کر گرم پانی میں ملا کر مقام ماؤف پر لیپ کر دیں اور اوپر روئی رکھ کر پٹی باندھ دیں۔ اس لیپ کو لگاتار اڑتالیس گھنٹے لگا رہنے دیں۔ پھر ہٹا کر اس جگہ کو صاف کریں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو دوسرا لیپ کر دیں۔ لیپ ہٹانے کے بعد اگر جگہ سرخ معلوم ہو تو بارہ گھنٹے تک مضروبہ جگہ کو کھلا چھوڑ دیں۔

فوائد: کیسی ہی چوٹ ہو اس کے درد اور ورم کو دور کرنے میں بالعموم ایک لیپ کافی رہتا ہے۔ شدت درد کو فوری آرام آتا ہے اور جلد کے نیچے جمع شدہ خون کو تحلیل ہو جاتا اور سوجن اتر جاتی ہے۔

آیورویدک فارمولا ہے۔ تمام انگریزی پلستر اس کے آگے ہیچ ہیں۔

(۱۹۲۳) لاجواب ٹکور

اجزاء: مغز تخم بیدانجیر۔ مال کنگنی۔ انبہ ہلدی۔ کنجد سیاہ۔ چربی گردہ بکرا ہر ایک دو تولہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کی پوٹلی بنا کر تابہ پر گرم کریں اور چار ساعت کے بعد ان ادویہ کو نیم گرم کر کے مقام متاثرہ پر باندھ دیں اور تین روز کے بعد کھولیں۔ درد اور ورم دور ہوگا۔ (عطیہ حافظ جلیل احمد انصاریؒ)

(۱۹۲۴) غریبانہ علاج

ھوالشافی: ہلدی کو سرکہ میں پیس کر لیپ کریں اور نمک اور شکر سرخ باریک کر کے عمر کے

مطابق اندرونی طور پر دیں۔اس کے استعمال سے ضربہ وسقطہ کی درد اور ورم دور ہوگا۔

حلبہ باریک کر کے اس میں موم ملا کر مقام مضروبہ پر طلاء کرتے رہنا مفید ہے۔

(۱۹۳۵) جلنا......علاج بلا دوا:

ھوالشافی: جلی ہوئی جگہ پر چار تہہ کپڑا لپیٹ دیں اور آگ کا سینک دیں۔ جب برداشت ہو جائے تو ایک تہہ اتار کر سینک دیں۔ برداشت ہونے پر تیسری تہہ بھی اتار دیں اور پھر سینک دیں اور برداشت ہونے پر کپڑا اتار کر سینک دیں جب برداشت ہو جائے تو تمام تکالیف دور ہوں گی۔

نہ آبلے بنیں گے اور نہ زخم ہوگا بلکہ وہیں کی وہیں جلن ختم ہو جائے گی۔ یہ علاج بلا دوا ہے۔اس سے فوری آرام آ جاتا ہے۔ذاتی مجرب ہے۔

(۱۹۲۶) رال کی مرہم

ایک دکاندار پکوڑے تیار کرنے لگا کہ پاؤں پر غلطی سے گرم تیل گر گیا جس سے تمام پاؤں جل گیا۔

ھوالشافی: رال سفید لے کر باریک کپڑ چھان کر کے کھرل میں ڈال کر روغن کنجد اس قدر ڈالیں کہ تر ہو جائے۔ باریک کر کے اسے کھرل کرتے رہیں۔اب پانی ڈال کر کھرل کریں۔ مرہم پھولنا شروع ہو جائے گی اور پانی جذب کرنا چھوڑ دے گی۔

فوائد: جلی ہوئی جگہ پر لگائیں۔فوراً سکون مل جائے گا اور چند یوم میں زخم بھی درست ہو جائے گا اگر زخم میں پیپ زیادہ ہو تو معمولی مقدار میں نیلا تھوتھا ملا دیں تاکہ رنگت قدرے سبز ہو جائے۔ زخم درست ہو جائے گا۔رال کی مرہم جل جانے پر رحمت الٰہی ہے۔

(۱۹۲۷) لاجواب علاج

ترکیب تیاری: چونا ۲½ تولہ کو پانی ½ سیر میں حل کریں اور دن میں چار مرتبہ ہلاتے رہیں۔ پھر دوسرے دن پانی نتھار کر رکھ لیں۔آب چونا تیار ہے۔اس میں مساوی وزن روغن کنجد یا السی ملا کر مقام جلن پر لگایا کریں۔جلن کے لئے عمدہ دوا ہے۔میں نے کئی بار تجربہ کیا ہے۔فوراً سکون مل جاتا ہے اور زخم درست ہو جاتا ہے۔

کہیں کہ اپنے ارادے کو پختہ کرے یوں بغیر دوا کھائے بھی افیون چھوٹ سکتی ہے۔

ایک شخص ٦ ماشہ۔افیون روزانہ کھاتا تھا۔اس کے دل میں خیال آیا کہ بری چیز ہے اس نے اپنے لڑکوں سے کہا ''میں افیون چھوڑنا چاہتا ہوں''

نیک بیٹوں نے کہا ''ابا ہم نے تو کبھی شکایت نہیں کی۔ہمارے لئے کیا حکم ہے''؟

اس نے کہا ''میری روزانہ مالش کرواور کھانے کو گوشت اور مرغن غذادو''۔

لڑکوں نے باپ کی مالش روزانہ کی اور غذا بھی مرغن دینا شروع کردی۔اور یوں اس شخص نے افیون کھانا چھوڑ دیا۔پختہ ارادے کے ہمراہ اگر دوا بھی کھائی جائے تو سونے پر سہاگے کا کام کرتی ہے۔

ھوالشافی: کچلہ مدبر۔تخم دھتورہ۔تخم حرمل ہرایک ۲ تولہ۔گھی میں ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: افیون کھانے کے وقت یہ گولیاں کھلادیں یا افیون کم کرتے چلے جائیں اور گولیاں بڑھاتے جائیں۔اس نسخہ کے استعمال سے کئی آدمیوں کی افیون کھانے کی عادت بدختم ہوچکی ہے۔گھی میں بریاں کریں اور اجوائن خراسانی ڈیڑھ تولہ۔جائفل چار تولہ۔جاوتری ۲ تولہ۔الائچی خورد ڈیڑھ تولہ ملاکررکھیں۔تمام اجزا ایک ہی نسخہ ہے۔

(۱۹۳۵) افیون توڑ

ھوالشافی: کچلہ مدبر۔اجوائن خراسانی۔سونف۔اجوائن دیسی مساوی الوزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے لعاب گوند سے گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ گولی

فوائد: افیون کھانے کی عادت بد چھوٹ جائے گی۔اس دوران نہ اسہال آئیں گے نہ مروڑ۔فالج لقوہ ہوگا اور نہ کثرت بول۔لاجواب گولیاں ہیں۔

''الحکیم'' میں کسی صاحب نے افیون چھوڑ گولیوں کے نسخہ کا سوال بھیجا تھا۔جس کے جواب میں حکماء نے یہ نسخہ لکھ بھیجا تھا۔

(۱۹۳۶) معجون افیون توڑ

اجزاء: جائفل۔لونگ۔جاوتری۔دارچینی۔جڑ پان۔سنبل الطیب ہرایک ۲۔۲ تولہ۔کچلہ مدبر ۴ تولہ۔شہد ۳ پاؤ۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ۔ معجون یا گولیاں بنا کر بعد از غذا کھائیں۔

(۱۹۳۷) حب سیکران

ھوالشافی: سونٹھ۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی مساوی الوزن

ترکیب تیاری: گوند کیکر سے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: کھانا کھانے سے پہلے اوپر والی معجون اور غذا کھانے کے بعد یہ گولیاں دیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ

(۱۹۳۸) غریبانہ نسخہ

- کھانے سے پہلے حب شفا کی گولیاں قرابادینی ایک عدد اور
- کھانے کے بعد حب کچلہ دیں۔

ھوالشافی: کچلہ مدبر۔ مویز منقیٰ۔ مغز بادام مقشر ہم وزن لے کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی

اگر ارادہ نیک ہو تو بالکل ٹھیک نسخہ ہے۔

(۱۹۳۹) معجون ترک افیون

ھوالشافی: افیون ایک تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کٹھ تلخ۔ جاوتری۔ تخم دھتورا مدبر ہر ایک تولہ۔ روغن زیتون ۲ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ ۴ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ شہد دو چند۔

ترکیب استعمال: افیون کھانے کے وقت افیون کے ہمراہ یہ کھلا دیں۔ ہر روز افیون کم کرتے جائیں اور معجون کی مقدار میں اضافہ کرتے جائیں آخر معجون پر آ جائیں اور پھر معجون بھی چھوڑ دیں۔ غذا ہر حال میں مقوی و مرغن دیں۔ لاجواب کورس ہے۔

(۱۹۴۰) کرشمہ سم الفار

سم الفار سفید ۱ ماشہ۔ چینی ۸۰ ماشہ ملا کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی صبح شام ہمراہ پانی

فوائد: بہترین ترک افیون نسخہ ہے۔

(۱۹۴۱) حب شفا سم الفاری

ھوالشافی: تخم دھتورہ $3\frac{1}{2}$ تولہ۔ دارچینی $2\frac{1}{2}$ تولہ۔ سونٹھ $1\frac{1}{2}$ تولہ۔ گوند کیکر $2\frac{1}{2}$ تولہ۔ سم الفار سفید ۷ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے حب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال: افیون کھانے کے وقت $\frac{1}{2}$ یا ایک گولی۔ غذا مرغن کھائیں۔ افیون کم اور گولیاں زیادہ۔ اس سے شفا ہوگی۔

مدت کورس: ۳ تا ۵ ماہ

(۱۹۴۲) حب نجات سلاجیت

ھوالشافی: سونٹھ۔ سلاجیت۔ جائفل۔ اجوائن خراسانی۔ تخم دھتورہ۔ زعفران۔ جدوار خطائی ہر ایک ۶ ماشہ۔ میٹھا تیلیا مدبر ایک ماشہ۔ شہد ہم وزن ملالیں۔ اور ڈبی میں بند کر دیں۔

ترکیب استعمال: افیون کے وقت صرف یہ دوا کھائیں اور افیون بالکل بند کر دیں۔ ارادہ مضبوط رکھیں۔ آہستہ آہستہ دوا بھی کم کرتے کرتے چھوڑ دیں۔ ایک لاجواب دوا ہے۔

اس دوا کا رنگ بھی سلاجیت کی وجہ سے افیون جیسا ہی ہے۔ نشہ آور اور تریاقی ادویہ بھی اس میں موجود ہیں۔ صرف سلاجیت کا کھانا ہی تمام طاقتوں کا محافظ ہے۔ ریح بادی کو دور کر کے آلہ تناسل کو سختی دیتی ہے۔

(۱۹۴۳) ''محافظ'' از رسالہ گجرات

ھوالشافی: فلفل دراز۔ دارچینی۔ سونف۔ جائفل۔ مصطگی رومی۔ کندر۔ جاوتری تمام ایک ایک تولہ۔ کستوری ۶ ماشہ اور لونگ ایک تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۷ تولے کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ بہترین افیون توڑ ہے۔

فوائد: کثرت بول اور کھانسی کو نافع ہے۔ منی کو تادیر قائم رکھ کر باہر نکلنے سے روکتا ہے اور

زوجین کوسکون دیتا ہے۔ اولادِ نرینہ کے جرثومے پیدا کرتا ہے۔

(۱۹۴۴) معجون افیون توڑ

ھوالشافی: تخم دھتورہ۔ تخم کنجد۔ تخم بھنگ۔ خشخاش سفید ہر ایک ۵ تولہ میں شہد ملا کر معجون بنا لیں۔

ترکیب استعمال: افیونی سے کہیں کہ سات دن میں جتنی افیون کھاتا ہے وہ لا کر دے اس میں سے ایک دن کی افیون نکال کر اپنے پاس رکھ لیں کسی دوا میں ڈالنے کے کام آئے گی اور اتنی مقدار میں یہ معجون اس میں ملا دیں۔ اگلے ہفتہ دو دن کی افیون نکال کر اپنے خزانہ میں جمع کر لیں اور اتنی دوا شامل کر دیں۔ چوتھے ہفتہ میں رسونت مصفی بھی ساتھ شامل کر دیں۔ یوں سات ہفتوں میں مریضوں کے حصہ میں صرف دوا اور رسونت آ جائے گی آٹھویں ہفتہ سے معجون کم کرتے چلے جائیں اور رسونت بڑھاتے چلے جائیں۔ چودھویں ہفتہ مریض صرف رسونت پر آ جائے گا۔ اس طریقہ سے مریض کی تمام طاقتیں بحال ہو جائیں گی۔

دل دماغ۔ جگر۔ گردہ۔ اور قضیب وخصیہ سے افیون کا خیال بھی نکل جائے گا۔ مریض کو اسہال بھی نہ لگیں گے اور نہ نیند میں کمی ہوگی۔ کیونکہ اعلیٰ درجہ کی منوم ہے۔

غذا ہر حال میں مرغن رکھیں اور مریض کو جماع سے نہ روکیں۔ مریض دوران جماع نیند بھی پوری کر لیتا ہے اس کے باوجود انتشار ختم نہیں ہوتا۔ پرانے زمانے میں اس علاج سے کئی لوگ بچ گئے۔

(۱۹۴۵) کورس افیون توڑ از ہوم ڈاکٹر

ھوالشافی: دو بوتلیں ایک ایک ماہ کی افیون ڈال کر تیس نشان لگا دیں اور دوسری میں رسونت ڈال کر تیس نشان لگا دیں اور دونوں بوتلوں کو پانی سے بھر دیں۔ افیون والی بوتل سے ایک خوراک نکال کر مریض پی لے اور رسونت والی بوتل سے اتنا رس اس میں ڈال دے رسونت والی بوتل خالی ہو جائے گی اب اگلے ماہ صرف بھری ہوئی بوتل سے روزانہ ایک خوراک پیئے۔ صرف دو ماہ میں افیون چھوٹ جائے گی۔

دوران استعمال اگر ہاضمہ خراب ہو جائے تو امرت دھارا کی ایک شیشی تیار کریں اس میں

سے دو قطرے بتاشہ پر ڈال کر کھلائیں۔ ہاضمہ بھی درست رہے گا اور تریاقی اثر سے دل و دماغ بھی متاثر نہ ہوگا نیز برمائیڈ سے امساک بھی برقرار رہے گا۔ لاجواب کورس۔

(۱۹۴۶) مجرب ویدک گولیاں

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۱۰ تولہ۔ سپاری ایک تولہ فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔ مغز تخم املی کلاں درمیانہ سائز ۸ عدد۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو سفوف کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: افیون کے وقت مریض کو یہ گولیاں کھلائیں اور غذا مرغن دیں۔

ایک اشتہاری راز ہے جو کہ وید صاحب نے ایک مجلس میں عطا فرمایا اور میں نے کتاب میں بھی لکھ دیا ہے۔ یہ گولیاں مقوی باہ بھی ہیں۔ قضیب کی ہر قسم کی کجی۔ لاغری اور کمزوری کو دور کر کے عصاء پیری بنا دیتی ہیں۔ (از طبی جواہرات ایڈیشن اول)

(۱۹۴۷) ایک سیلانی درویش کا عطیہ

ایک درویش میرے ہاں مہمان ٹھہرے۔ ایک دن فرمانے لگے اگر کسی نے افیون چھوڑنا ہو تو اس طرح کریں۔

ھوالشافی: سم الفار ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ مویز منقیٰ ۲½ تولہ۔ جڑ پان ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو پیس کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

اگر سم الفار نہ مل سکے تو اس کی جگہ مٹھا تیلیا ایک تولہ ڈال کر تمام ادویہ ملا کر گولیاں بنالیں۔

فوائد: اس نسخہ سے ہم نے چھ چھ ماشہ افیون کھانے والوں کی افیون چھڑوا دی۔ دونوں نسخے عطیہ کے طور پر دے کر چلے گئے۔ فرمانے لگے ہم ایسے نسخے راز میں رکھتے ہیں۔ آپ کی خدمت کا صلہ دیا ہے۔ آپ کو جب ضرورت ہو اس سے پوری کر لیا کریں۔

(۱۹۴۸) افیون توڑ قرابادین مجددی

چوب چینی باریک کر کے ہر روز ۳ ماشہ کھانا افیون کی عادت کو ختم کرنے کے علاوہ ہر قسم کی

کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔کئی حکماء نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔

(۱۹۴۹) افیون توڑ

رسالہ ''الحکیم'' میں ایک اشتہار ''رفیق بدن'' تمام عمر نکلتا رہا۔ایک صاحب نے اس طرح لکھا ہے کہ رفیق بدن مریض کو دے دیں اور کہیں کہ افیونی آدھا رفیق بدن اور آدھی مقدار میں افیون ملا کر کھائے۔دو تین دن کے بعد رفیق بدن کی مقدار زیادہ اور افیون کی مقدار کم کرنا شروع کر دیں۔یہاں تک کہ صرف رفیق بدن باقی رہ جائے۔تمام طاقتیں بحال ہوں گی۔رفیق بدن قریباً سو سال تک اشتہاری دنیا میں مشہور ہے۔رسالہ ''الحکیم'' میں اس کا اشتہار نکلتا رہا ہے۔میں کئی سال سے اصل نسخہ کا مشتاق تھا آخر مراد بر آئی اور نسخہ مل گیا۔

ھوالشافی: بہمن سرخ ۸ تولہ۔بہمن سفید ۸ تولہ۔جڑ پان۔جفت بلوط۔عاقر قرحا ہر ایک ایک تولہ۔شاہدانہ ۲ تولہ۔کندر ۳ تولہ۔مایہ شتر اعرابی ۳ تولہ۔ثعلب۔اقاقیا۔جائفل۔سوئے سعد کوفی ہر ایک ۵ تولہ۔افیون ۲ تولہ۔ارگٹ آف رائی ۳ رتی۔کشتہ منورے تولہ۔کشتہ عقیق ۳ تولہ۔کشتہ سہ دھاتا ۲ تولہ۔کشتہ قلعی ۵ تولہ۔کشتہ سونا ½۱ ماشہ۔زعفران ۳ ماشہ۔شہد ۱۲ چھٹانک۔چینی ۱۲ چھٹانک۔ترنجبین ایک سیر۔

ترکیب تیاری: ترنجبین کو پانی میں حل کر کے پن چھان کر اس میں شہد اور چینی ملا کر قوام کریں۔باقی ادویہ کو باریک کر کے شامل کریں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ

فوائد: مقوی معدہ ہے۔بھوک لگاتا ہے۔قبض کی عادت کو دور کرتا ہے۔مقوی اعضائے رئیسہ۔دل۔دماغ اور جگر ہے۔مادہ تولید پر اس کا خاص اثر ہے۔نطفہ کو قابل اولاد بناتا ہے۔جریان۔سرعت انزال اور لیکوریا کو دور کرتا ہے۔حالت صحت اور بیماری دونوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔مرد عورت۔بچے بوڑھے سبھی اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔اس کے استعمال سے جسم طاقتور اور سڈول ہو جاتا ہے اور ''جسم'' کوفی الواقع لوہے کی لٹھ بنا دیتا ہے۔

نکات مطب: ایک لاجواب مرکب ہے۔
جب سے رسالہ ''الحکیم'' شروع ہوا تھا اس کا اشتہار نکلتا رہا اور لوگ خرید کر کھاتے رہے۔

اس کے اجزاء اس کے موثر ہونے کی دلیل ہیں۔اس ایک نسخہ میں پوری کتاب کی جان ہے ازحد مقوی باہ اور ممسک ہے۔افیونی کی تمام خواہش پوری کرتا ہے۔

حکیم محمد شریف دنیاپوریؒ کا فرمان

نظریہ مفرد اعضاء کے بزرگ حکیم محمد شریفؒ دنیاپوری نے فرمایا کہ اس دونوں نسخوں سے ایک تولہ افیون کھانے والے افیونی بھی افیون چھوڑ دیتے ہیں۔

(۱۹۵۰) حب مقوی خاص اور حب فالج

ھوالشافی: سرخ مرچ ۱۲ تولہ۔رائی ۱۲ تولہ۔کشتہ فولاد ۴ تولہ۔کچلہ مدبر ۴ تولہ۔سم الفار ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں ۴ دفعہ

(۱۹۵۱) حب سلاطین یاحب فالج

ھوالشافی: مغز جمال گوٹا ۶ ماشہ۔شنگرف ایک تولہ۔کچلہ مدبر ۲ تولہ۔رائی ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پیس دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

فوائد: قبض کے مریض کو دیں۔غدی عضلاتی ملین ہیں۔

کھاتے ہی جسم میں حرارت غریزی کی پیدائش بڑھا کر عام تیزابی مادوں کو یکسر ختم کردیتی ہیں۔فالج۔لقوہ۔کثرتِ بول۔ذیابیطس۔پھوڑے پھنسیاں آتشکی مادہ کو ختم کرتی ہیں۔

مقوی باہ میں نامرد کے لئے آب حیات ہیں۔

میں ان کو ویزلین میں ملاکر طلاء کا کام بھی لیتا ہوں۔

نوٹ! ایک عدد حب مقوی خاص اور ایک عدد حب فالج ملا کر دیں تو اس سے افیون کی عادت ختم ہوجاتی ہے۔یہ گولیاں میں نے خود تیار کی تھیں۔

(۱۹۵۲) حب افیون توڑ

ھوالشافی: رسونت ۲ تولہ۔شب یمانی سفید ایک تولہ۔تخم دھتورہ ایک ایک تولہ۔کافور ۶

ماشہ۔قیصوری قلب الحجر ۳ ماشہ۔زعفران ۹ ماشہ۔عنبر اشہب ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: رسونت کو عرق گلاب ۵ تولہ میں بھگو کر اس کا زلال لے کر اس پانی سے ادویہ کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح۔دوپہر۔شام

مدت کورس: ایک ماہ

ان گولیوں کے استعمال سے بے ضرر طریقے سے افیون چھوٹ جائے گی اور مقوی باہ ادویہ سے کمزوری بھی نہ ہوگی۔(نقل از دریکتا ھروم بہاولپور)

(۱۹۵۳) جوارش افیون توڑ

افیون کھانے سے انسان کا دل و دماغ اور اعصابی فعل خراب ہو جاتا ہے لہذا اس جوارش کے استعمال سے از سر نو مریض طاقتور ہو جاتا ہے۔حوصلہ بلند ہو جاتا ہے اور جملہ کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں۔

ھوالشافی: سونٹھ ایک تولہ۔سازج ہندی ۶ ماشہ۔دار چینی ۶ ماشہ۔لونگ ایک تولہ۔جڑ پان ۶ ماشہ۔سنبل الطیب ۶ ماشہ۔جائفل ۶ ماشہ۔درونج عقربی ۲ تولہ۔ورق سونا ۲ رتی۔کستوری ۳ رتی۔ شہد ایک پاؤ۔

خوراک: ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک

فوائد: اس کے استعمال سے قوت پیدا ہوگی۔دل و دماغ اور اعصاب کا فعل درست ہوگا۔یہ معجون پچاس سال سے معمول مطب ہے۔کایا پلٹ چیز ہے۔استعمال کرنا لاجواب ہے۔

(۱۹۵۴) غریبانہ نسخہ

قیام پاکستان سے قبل ارجن وٹی کے نام سے ایک اشتہار نکلتا تھا اس کے استعمال سے کئی آدمی افیون چھوڑ گئے۔اس کے بعد ایک ذمہ دار حکیم نے ایک کتاب لکھی اور اس کتاب میں ارجن وٹی کا بھی ذکر کیا۔نسخہ یہ تھا۔

ھوالشافی: آک کے سبز پتے۔دھتورہ کے سبز پتے مساوی وزن لے کر تین دن تک پانی میں بھگوئیں۔اس کے بعد جوش دیں۔نصف رہ جانے پر پن چھان کر پانی کو ہلکی آنچ پر رکھ کر

گاڑھا کریں۔رُب بن جانے پر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: افیون کی طلب ہوتو یہ گولیاں کھلائیں اور افیون بھی کھانے کی اجازت دے دیں۔ ہر روز افیون کم کرتے جائیں اور گولیاں زیادہ کرتے جائیں۔ غذا مرغن رکھیں۔ اس کے استعمال سے کئی آدمیوں کی افیون کی عادت ختم ہوگی۔ اس کے اشتہار میں نے خود پڑھے اور افیون چھوڑنے والے آدمی ملے۔

حکایت

ایک شخص مطب میں آیا اور آکر کہنے لگا ''حکیم صاحب میرا کچھ کریں'' میں نے پوچھا ''کیا ہوا ہے'' کہنے لگا افیونی افیون کھارہے تھے میں نے بھی مانگی تو انہوں نے دے دی۔ میں نے چائے سے کھالی۔ اب جسم میں طرح طرح کی خرابیاں معلوم کرتا ہوں۔ میں نے فوراً حب کچلہ دے دیا۔ کیونکہ حکماء سے سنا ہے کہ افیونی کے اسہال کا علاج کچلہ کے مرکب ہیں۔

(۱۹۵۵) حب کچلہ

(میں پچاس سال سے حب کچلہ تیار کر کے مطب میں رکھتا ہوں۔)

ترکیب تیاری: کچلہ حب ضرورت لے کر روغن زرد میں بریاں کریں اور نکال کر گرم گرم ہی کوٹ لیں۔ یہ کچلہ مدبر ہے۔

نسخہ: کچلہ مدبر ۲½ تولہ۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ دارچینی۔ سہاگہ سفید ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ باریک کرنے کے بعد ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی چینی ملا کر کھلائیں یا مویز منقیٰ میں گولیاں بنالیں۔

فوائد: رعشہ۔ ریگن۔ فالج۔ لقوہ۔ بلغمی کھانسی۔ نمونیہ۔ نزلہ زکام بارد کے لیے

کم خرچ اور جلد تیار ہونے والا نسخہ ہے۔ میں نے کئی بار تیار کیا ہے اور ہمیشہ مفید پایا ہے۔

حکایت

مریض عمر ۳۵ سال مطب میں آیا اور سارا جسم دکھایا اور کہا بہت تنگ ہوں ٹیکے بھی لگوا چکا

ہوں کئی حکما سے علاج بھی کروا چکا ہوں۔ حالت دن بدن خراب ہو رہی ہے۔

علاج : شاہترہ۔ چرائتہ۔ گلو۔ اجوائن دیسی۔ منڈی بوٹی۔ تخم کاسنی۔ خوب کلاں۔ گل غافث ۵۔۵ تولہ۔ نیم کوب کر کے ۵ سیر پانی میں بھگودیں۔ دوسرے روز جوشادیں جب پانی آدھا رہ جائے پھر پن کر نوشادر چار تولہ تیزاب گندھک خالص ایک تولہ شامل کر کے رکھیں تین روز کے بعد اوپر سے نتھار لیں۔ کھاد نیچے بیٹھی رہے گی۔

خوراک : ڈھائی ڈھائی تولہ صبح وشام بعد از غذا دیں۔ گرم اشیاء نہ کھلائیں۔ ٹھنڈی ترکاریاں کھلائیں۔ قبض کی صورت میں سالٹ دو تولہ فی خوراک شامل کریں یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ اجزاء کی کمی بیشی سے کئی کتب میں ملتا ہے۔ خرابی خون۔ پھوڑے پھنسیاں۔ داد چنبل آتشک۔ ملیریا بخار کو لاجواب ہے۔ ایک بوتل سے ساری تکلیفیں ختم ہو جاتی ہیں۔ یہ نسخہ جلدی امراض کا ہے جو کہ آگے آئے گا۔

❀❀❀

امراض جلد

ناسور۔ چھپاکی۔ دھدر۔ چنبل۔ خارش اور عام امراض جلد، چار اخلاط سے پیدا ہوتے ہیں اس کا علاج یہ کہ خون سے اخلاط کو خارج کر دیا جائے۔ تب امراض جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں ورنہ یہ امراض جلد تمام عمر ستاتے رہتے ہیں۔ ان امراض میں خون کی صفائی۔ قبض کا خاتمہ اور خرابی ہاضمہ کو درست کرنا صحیح علاج ہے۔

مریض عمر انتیس سال کے گھر جانے کا اتفاق ہوا تو مریض نے کہا کہ ایک ماہ سے بیمار ہوں مجھ کو بہت پھوڑے نکلے ہیں۔ ایک درست ہوتا ہے تو دوسرا نکل آتا ہے۔ کئی علاج کئے ہیں۔ ٹیکے بھی لگوائے ہیں لیکن پھوڑے نکلنا بند نہیں ہوئے۔ ٹیکے لگنے سے پھوڑے خشک ہو جاتے ہیں لیکن کوئی نہ کوئی اور مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ خرابی خون تشخیص کرتے ہوئے یہ شربت تیار کر دیا۔

(۱۹۵۶)

ھوالشافی: شاہترہ۔ چرائتہ۔ منڈی بوٹی۔ سرپھوکہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ عشبہ مغربی ہر ایک ۳½ تولہ۔ عناب ۴۰ دانے۔ پانی ۲ سیر۔ چینی ایک سیر۔

ترکیب تیاری: عناب کے دانے پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں جب پانی نصف رہ جائے تو پن کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۲½ تولہ صبح اور ۲½ تولہ شام پانی میں ملا کر پئیں۔

پرہیز: مرچ سرخ۔ گوشت۔ انڈے۔ پکوڑے۔ اچار نہ کھائیں۔ صرف سادہ غذا کھائیں۔

بارہ دن گزرنے پر مریض کو مسہل دیا اور زخموں پر مرہم سیاہ کا پھاہا لگانے کو دیا۔ آج تیس سال ہو گئے مریض کو پھوڑے نہیں نکلے۔ انتہائی لاجواب شربت ہے۔ کئی نسخوں کا نچوڑ ہے اور کئی

دواخانوں کا راز ہے جو میں نے عیاں کر دیا ہے۔

(۱۹۵۷)ایک حکیم صاحب کا راز

ایک حکیم صاحب کسی اور جگہ کے تھے اور اکثر شہر میں ملتے رہتے تھے ایک دفعہ میں نے پوچھا ''حکیم صاحب! امراض جلد کا علاج کیسے کرتے تھے'' فرمانے لگے ''میں ایک عرق تیار کرتا ہوں تمام عمر کا معمول ہے۔اب بھی وہی نسخہ لینے آیا ہوں۔''

ھوالشافی: چرائتہ۔افسنتین۔برگ جل نیم۔کرنجوہ۔دھمانسہ بوٹی۔برہم ڈنڈی۔کچور۔منڈی بوٹی۔برگ حناء۔گل سرخ۔برگ سنا ہر ایک ۵ تولہ۔صندل سرخ ۲½ تولہ۔صندل سفید ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری: مناسب پانی میں تمام اجزاء کو بھگو کر چار بوتل عرق نکال لیں اور سارے عرق میں آدھ سیر سالٹ آف میگنیشیا حل کر کے بوتلیں بھر لیں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ صبح نہار منہ پلائیں۔

دیسی گھی زیادہ استعمال کریں۔اس سے اسہال زیادہ نہ آئیں تو سالٹ زیادہ کر دیں اصل میں ایک پاؤ سالٹ فی بوتل ہونا چاہیے۔

میرا ذاتی خیال ہے کہ بعد از غذا دیں اس سے پھوڑے پھنسی دور ہونگے اور اسہال آنے سے آنتیں صاف ہونگی۔۱۵ تولہ دوائیں آئیں گی۔فی بوتل ایک تولہ آجائے گی۔از حد مفید عرق ہے۔

(۱۹۵۸)لاجواب عرق

ایک مریضہ لڑکی مطب میں لائی گی جس کے تمام جسم پر پھوڑے تھے اور کئی جگہ سے جلد پھوڑوں کے زخموں سے سیاہ رنگت اختیار کر چکی تھی۔ان لوگوں نے بتایا کہ انگریزی علاج بہت کروایا ہے۔لیکن آرام نہیں آیا۔تھوڑے وقت کے لئے پھوڑے بیٹھتے ہیں اور پھر دوبارہ زور سے نکلتے ہیں۔میں نے ان کی بات سن کر کہا آپ لوگ مایوس نہ ہوں آپکی لڑکی کو انشاء اللہ آرام آجائے گا۔میرے مطب میں یہ عرق تیار تھا لڑکی کو دے دیا۔

ھوالشافی: منڈی بوٹی۔ برگ حناء۔ کوڑ پت۔ کرنجواہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ چرائتہ۔ پاپڑہ۔ افستین۔ گلو۔ بانسہ۔ ترپھلہ۔ عناب ایک ایک پاؤ۔ پوست درخت نیم سیر۔ دھمانسہ بوٹی اور ہر ایک ۵ تولہ۔ برگ نیم ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کوٹ کر پانی ڈال کر عرق نکال لیں۔ فی بوتل ۱۰ تولہ ادویہ آئیں گی۔

ترکیب استعمال: شربت عناب سے میٹھا کر کے دیں۔

(۱۹۶۰) صندل پوڈر بنانے کا طریقہ

ھوالشافی: صندل سرخ۔ صندل سفید۔ سفوف ملٹھی۔ مجیٹھ۔ ہرمچی۔ کچور۔ گیری۔ برگ نیم۔ برگ حناء۔ مساوی الوزن۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: بچوں کو ۲ رتی اور بالغوں کو ایک ماشہ ہمراہ آب یا رُب عناب دیں۔

(۱۹۶۱) رب عناب بنانے کا طریقہ

عناب ایک پاؤ۔ پانی دو بوتل کو اچھی طرح جوش دیں۔ جب پانی ایک بوتل رہ جائے تو اس میں تین پاؤ چینی ملا کر اس میں شربت بنائیں۔

مقدار خوراک: ½۲ تولہ صبح ½۲ تولہ شام پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: عام پھوڑے پھنسیاں ختم ہو جاتی ہیں۔

نکات مطب: یہ نسخہ حکیم نورالدین قادیانی کا تجویز کردہ ہے۔

ایک صاحب نے کہا میں اس میں آدھا وزن برگ چرائتہ شامل کر کے بناتا ہوں۔ تمام عمر کا معمول ہے دوسرے نے اپنے معمولات میں لکھا ہے کہ کشتہ مرجان اجزاء ملا کر رکھیں تو خفقان کو بھی مفید ہے۔ تیسرے صاحب فرماتے ہیں کہ اس کو عرق مصفی یا خیساندہ شاہترہ سے دیں تو مجرب ہے۔

ایک اور صاحب فرماتے ہیں کہ گندھک آملہ سار مدبر فی خوراک ۲ رتی ملا کر دینا مجرب ہے۔

اور ایک حکیم صاحب جو حکیم نورالدین نائی مرزائی کے شاگرد ہیں فرماتے ہیں کہ ایک جزو جدوار ملا کر بنا دیں تو ناسور کو بھی مفید ہے اوپر چھڑک دیا کریں اور اندرونی طور پر بھی کھلا دیں تو زیادہ سودمند ہے۔

لاہور کا ایک حکیم لکھتا ہے کہ فی خوراک ایک ماشہ اور شہد تین حصہ ملا کر چٹانا چھپا کی کو زائل کرتا ہے۔

صاحب نسخہ حکیم نورالدین نائی قادیانی مرزائی لکھتا ہے کہ ۲۔۲ رتی حاملہ کو کھلانا اسے اٹھرا سے محفوظ رکھتا ہے۔تا وضع حمل کھلانا بچے اور حاملہ کو دونوں کو مفید ہے۔

حکیم لوگ اسے کیپسول میں بند کر کے کھلاتے ہیں اور بعض مشین سے ٹکیاں بنا کر فروخت کرتے ہیں۔

(۱۹۶۲) صندل پاؤڈر کلاں

ھوالشافی : برگ نیم۔ برگ حنا۔ نرکچور۔ مجیٹھ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ کالی زیری۔ نوشادر۔ کلونجی ہر ایک پانچ تولہ۔ دھمانسہ بوٹی ۱۰ تولہ۔ جل نیم ½۲ تولہ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو اچھی طرح باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: بچے ۲ رتی۔ بالغ ایک ماشہ۔ آب تازہ کے ساتھ صبح وشام بعد از غذا دیں۔

فوائد: محافظ حمل۔ مصفی خون۔ دافع زہرباد۔ اٹھرا کو لاجواب ہے۔ میں نے بھی اس کو تیار کیا اور مفید پایا ہے۔

حکایت

ایک حکیم صاحب کے متعلق یہ خبر ملی کہ امراض جلد میں ماہر ہیں۔ اشتہار بھی دے رکھتے ہیں۔ میں ان کے پاس نسخہ کی غرض سے گیا پہلے بھی واقف تھے میں پہنچا تو سلام ودعا کے بعد بیٹھ گیا۔ فرمانے لگے ”کیسے قدم رنجہ فرمایا۔“ میں نے صاف کہا ”خون صاف کرنے والی دوا کا نسخہ لینے آیا ہوں۔“

فرمانے لگے ”آپ کو کیا کمی ہے“

میں نے جواب دیا ''شوق ہے''

جواب دیا ''پورا کرلو''

(۱۹۶۳)

کھانے کے لئے صندل پاؤڈر نو اجزاء والا ہی۔ فی خوراک ایک ماشہ دیتا ہوں اور لگانے کو مرہم دیتا ہوں۔ اس کا نسخہ حاضر ہے۔

ھوالشافی: کاربالک ایسڈ۔ نیلا تھوتھا۔ گندھک ڈنڈا۔ کمیلہ۔ برگ مہندی۔ کتھ سفید۔ بورک ایسڈ۔ کافور تمام اجزاء ۵۔۵ تولہ۔ ویزلین سادہ $\frac{1}{2}$ اسیر

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پیس کر ویزلین میں ملالیں اور ۵ تولہ کی ڈبیا بھرلیں۔

فوائد: دھدر۔ چنبل۔ پھنسیوں پر لگادیں۔

خارش والوں کو تیل میں ملا کر دیں۔ تیل ملنے کے ۲ گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے غسل کریں اور کپڑے تبدیل کرلیں۔

پس یہ مرہم اور صندل پاؤڈر ہی کھانے کو دیتا ہوں۔

(۱۹۶۴) حکایت

ایک ستر سالہ عورت نے اپنا سر دکھایا اور کہنے لگے کہ بارہ سال سے اس مرض میں مبتلا ہوں۔ کبھی سر اس قدر پک جاتا ہے کہ خدا کی پناہ اور کبھی کم ہو جاتا ہے۔ کئی علاج کروا چکی ہیں۔ ٹیکے بھی کئی لگ چکے ہیں۔ ٹکیاں بھی کئی بار لے کر کھا چکی ہوں۔ لیکن مرض دور نہیں ہوتا۔ خارش بہت زیادہ ہوتی ہے۔

ھوالشافی: حب سرخ ۲۔۲ عدد ہمراہ پانی صبح وشام کھائیں۔

غذا: انڈے گوشت۔ گرم مصالحہ نہ کھائیں۔ ٹھنڈی ترکاریاں۔ کدو۔ ٹینڈے۔ دال مونگ کھائیں۔

ایک ہفتہ کی دوا دے کر بھیج دیا۔

ایک ہفتے بعد مریضہ آئی اور کہنے لگے حکیم صاحب آج تک کسی بھی علاج سے اتنا فائدہ نہ

ہوا تھا جتنا ایک ہفتہ کے علاج سے ہوگیا۔ جو گولیاں اسے دی تھیں ان کا نسخہ یہ ہے۔

ھوالشافی: گلو۔ پاپڑہ۔ چرائتہ۔ درخت نیم کا چھلکا۔ پوست ریٹھہ۔ منڈی بوٹی۔ سرپھوکہ ۵۔۵ تولہ لے کر ۸ گنا پانی میں رات کو بھگوئیں اور صبح کو جوش دیں۔ جب پانی چوتھا حصہ رہ جائے تو مل اور پن کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ موم کی طرح گاڑھا ہونے پر اتار لیں باریک کردہ گیری پاس رکھیں۔ قدرے گیری ملا کر نخود دی گولیاں بنالیں۔

یہی گولیاں میں نے مریضہ کو دیں تو اس کی جملہ شکایات دور ہوگئیں۔ انہی گولیوں کے استعمال سے پرانی خارش اور زہر باد دور ہوگیا۔

- ایک مریضہ کو اٹھرا تھا بچے نہیں بچتے تھے۔ چھاتیاں پکی رہتی تھیں اور گول گلٹیاں بھی تھیں۔ وہ بھی دور ہوگئیں۔ اور بچے بھی زندہ رہنے لگے۔
- لقوہ۔ سوزاک۔ جذام۔ آتشک۔ درد گردہ۔ دمہ۔ کھانسی اور دائمی سر درد کو بھی مفید ہیں۔
- بواسیر خونی اور بادی کو مجرب ہیں۔

نکات مطب: اصل نسخہ جو کہ قدیم کتب میں تھا۔ اس میں پانچ اجزاء تھے لیکن بہاولپور کے ایک طبیب نے منڈی اور سرپھوکہ کا اضافہ کر کے تیار کرنے کو کہا۔

(۱۹۶۵) لاجواب عرق

دو تین حکماء نے اس عرق کی تصدیق کی ہے کہ یہ عرق خون صاف کرنے میں مجرب ہے۔

ھوالشافی: منڈی بوٹی۔ برگ حنا۔ پوست ہرڑ۔ افسنتین۔ بانسہ۔ چرائتہ۔ برگ نیم۔ امر بیل۔ بلیلہ سیاہ۔ پاپڑہ۔ کوڑ۔ گلو۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ سونف۔ گل سرخ۔ تخم کاسنی۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ۔ دھنیا ہر ایک ۵ تولہ۔ چھال نیم ½ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو کوٹ کر ۱۰ بوتل عرق نکال لیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ تولہ عرق میں شہد خالص ۲ تولہ ملا کر صبح شام پلائیں۔

فوائد: پھوڑے۔ پھنسیاں۔ خارش۔ جذام۔ دھدر۔ خرابی خون۔ سانپ کے زہر کا تریاق ہے۔

میں نے اس کو تیار کیا تھا۔ اور حکماء نے بھی اس کی تصدیق کی ہے۔

(۱۹۶۶)لاجواب مرہم

(ایک حکیم نے بیرونی طور پر دھدر چنبل پر لگانا مفید بتایا ہے۔)

ھوالشافی: شنگرف۔ پارہ۔ ہڑتال ورقیہ۔ سہاگہ سفید۔ ہیرا کسیس۔ نوشادر۔ گندھک آملہ سار۔ پانچوں ایک ایک تولہ نیلاتھوتھامد بر ۴ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کریں۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ کو چربی بکرا دوتولہ ملاکر گرم کریں اور تمام ادویہ اس میں ملاکر اچھی طرح حل کریں۔

طریقہ استعمال: دھدر کے مقام کو آب گرم سے دھوکر مرہم لگائیں اور قدرے سرکہ ملاکر نرم کرلیا کریں تاکہ طلاء ٹھیک ہو جائے چھ گھنٹہ بعد گرم پانی سے دھوئیں اوراس کے بعد روغن گل وسرکہ ملاکر لگائیں اور اندرونی طور پر مذکورہ بالا عرق پلائیں۔ لاعلاج دھدر اور چنبل دور ہوگی۔

نکات مطب: دھدر چنبل کے مقام پر جونکیں ہر تین ماہ بعد لگائیں۔ لاعلاج دھدر چنبل ٹھیک ہوگی۔

ایک اسی سالہ تجربہ کار حکیم نے یہ علاج بتلایا تھا اگر چہ نسخہ کتابی ہے۔

(۱۹۶۷)شربت منڈی بوٹی

ایک لڑکے کے سر پر پھنسیاں نکل آئیں اور مواد اس قدر زیادہ تھا کہ سر پر مٹی کا لیپ دیا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ کئی جگہ سے بال بھی گر چکے تھے۔ یہ شربت بنا کر دیا گیا۔

ھوالشافی: عناب ۱۰ تولہ، منڈی بوٹی ۱۰ تولہ ½ اسیر پانی میں پکا کر تین پاؤ چینی ملاکر شربت بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳ تولہ صبح شام پانی میں ملاکر دیں۔

فوائد: سر کی تمام پھنسیاں دور ہوگئیں۔ بال بھی دوبارہ آگ آئے۔

یہ شربت میرا معمول مطب ہے۔ زیادہ کڑوا بھی نہیں ہے۔ اور فوائد میں بھی بے نظیر ہے۔ اس کے استعمال سے بار بار آنکھیں دکھنا بھی ختم ہو جاتا ہے کیونکہ منڈی بوٹی آنکھوں کا علاج ہے۔

(۱۹۶۸) حکایت

مریض عمر ۳۰ سال کو پھوڑے نکل رہے تھے۔ ایک درست ہوتا تو دوسرا نکل آتا کئی ٹیکے لگوا چکا تھا لیکن آرام نہ ہوا۔ میرے پاس آیا تو کڑوی دوا کھانے سے انکار کر دیا۔ لہٰذا اسے یہ گولیاں دی گئیں اور اس کے تمام پھوڑے درست ہو گئے۔ اور نئے نکلنے بھی رک گئے۔

ہوالشافی: ست نیم، ست چرائتہ، رسونت صاف، ریوند خطائی ہر ایک ایک تولہ تمام کو ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام بعد از غذا

ترکیب تیاری ست چرائتہ: ایک پاؤ چرائتہ لے کر کچل کر دو سیر پانی میں بھگو کر ابال لیں۔ آدھا پانی باقی رہ جائے تو پن کر ہلکی آنچ پر پکا کر رب بنائیں۔ اسی طریقہ سے نیم کا ''ست'' بھی نکال لیں۔

نکات مطب: یہ نسخہ طب جدید والوں کی ایجاد ہے۔ اب مولانا عبداللہ صاحب نے اس میں ست ترپھلہ بھی شامل کر کے گولیاں تیار کی ہیں۔

میں نے الگ الگ ست نکالنے اور رسونت صاف کرنے کا ایک طریقہ نکالا ہے۔ اس طریقہ کے مطابق چرائتہ ایک پاؤ چھلکا نیم ایک پاؤ، دونوں کو چار سیر پانی میں بھگونے کے بعد جوش دیں۔ پانی آدھا رہ جائے تو پن لیں۔

اب اس میں ۱۲ تولہ رسونت کوٹ کر ملا دی اور رات بھر بھیگا رہنے دیں اور صبح کو پن کر نرم نرم آگ پر گاڑھا کریں۔ اب اس میں چرائتہ اور نیم کا رُب بھی نکل آیا اور رسونت بھی صاف ہو کر مل گئی۔

- اب ریوند خطائی چھ تولہ باریک کر کے ملا دیں اور گولیاں بنالیں۔
- آپ کو آسانی ہو جائے گی اور گولیاں بھی بن جائیں گی۔
- ان کے استعمال سے قبض کشائی بھی ہو جاتی ہے۔
- بڑے بڑے پھوڑے پھنسیاں، آتشکی مادہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

طب جدید شاہدروی کا اشتہاری نسخہ ہے۔ ہندوستان میں کئی حکماء کا معمول ہے۔ میں نے

اس نسخے کو کئی مرتبہ بنایا ہے۔ ہر دفعہ اس کے نئے فوائد سامنے آئے ہیں۔

❀ بہت سی عورتوں کے پستانوں کی تکلیف ان کے استعمال سے دور ہوگئی۔

(۱۹۶۹) قدیم اطباء کی ایجاد

مریض عمر ۲۵ سال دور کا رہنے والا تھا۔ اس نے اپنا تمام جسم دکھایا جو خارش کی وجہ سے لہولہان تھا۔ کئی جگہ سے کھال اتر چکی تھی۔ زخم بن گئے تھے۔ ادھر علاج بھی کئی کروا چکا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر صافی کی آٹھ عدد پڑیاں دے دیں اور کہا کہ ایک پڑیا رات کو ۱۰ تولہ پانی میں بھگو کر صبح اٹھ کر پانی نتھار کر پی جائیں اور پڑیا کے پھوک میں روغن کنجد ملا کر رگڑ کر مرہم بنالیں اور لگا کر دھوپ میں بیٹھ جائیں اور دو گھنٹے بعد نیم گرم پانی میں تھوڑا سا بیسن ملا کر اس کو ابالیں اور اس سے نہا کر دوسرا لباس پہن لیں اور نتیجہ سے اطلاع کریں۔

وہ مریض واپس نہ آیا ایک دن اتفاقاً مل گیا تو کہنے لگا ''حکیم صاحب! وہ علاج تو ٹھیک تھا اس کے دوسرے دن ہی تمام زخم خشک ہونے شروع ہو گئے تھے اور آٹھ دن میں جسم بالکل صاف ہو گیا تھا۔''

ھوالشافی: گندھک آملہ سار، بابچی، کالی زیری، تخم پنواڑ ہر ایک ۵ تولہ باریک کر کے ایک ایک تولہ کی پڑیاں باندھ دیں۔

نکات مطب: یہ نسخہ قدیم اطباء کی ایجاد ہے۔ صاحب قرابادین اکمل اعظم نے جہاں اس نسخے کو لکھا ہے وہاں اس کو معمول مطب بھی لکھا ہے۔

آگے چل کر صاحب قرابادین مجددی نے لکھا ہے کہ اس میں چاکسو اور انجیر ایک ایک حصہ ملا کر بنائیں تو تریاقی اثر پیدا ہو جائے گا اور یہ برص کو بھی فائدہ پہنچائے گی۔ (مؤلف)

بیرونی استعمال کی دوا میں نیلا تھوتھا بریاں ۲ رتی رگڑتے وقت شامل کر لیں تو بڑے بڑے گھاؤ بھی درست ہو جاتے ہیں۔ بارہا کا مجرب ہے۔

(۱۹۷۰) حکایت

مریض عمر ۵۰ سال مطب میں آیا۔ اس کے تمام جسم پر خارش سے زخم ہو چکے تھے اور کئی

جگہ سے جلد بھی خراب ہو چکی تھی۔نہایت مایوس تھا انگریزی علاج کروا کے تھک چکا تھا۔اللہ تعالیٰ کا نام لے کر خون صفا کی پڑیا باندھ دیں ۱۰ دن بعد مریض ملا تو بہت خوش تھا کہنے لگا" دوسرے دن ہی خارش ختم ہوگئی تھی۔"

ھوالشافی: پارہ مصفی ۶ ماشہ، گندھک آملہ سار ۸ تولہ، گیری ۸ تولہ، قلمی شورہ ۸ تولہ،

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو لے کر باریک کریں۔اب ایک کڑاہی لے کر گھی سے چپڑ لیں اور اس میں گندھک ڈال کر گرم کریں گرم کرنے سے گندھک تیل ہو جائے گی۔اس میں اب پارہ ڈال دیں اور کسی چیز سے ہلاتے جائیں پارہ سیاہ رنگ کا ہو کر گندھک میں مل جائے گا۔اب قلمی شورہ ڈال دیں اور خوب ہلائیں جب تمام اجزاء یک جان ہو جائیں تو سرد ہونے پر باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک ماشہ صبح شام ہمراہ پانی۔

یہ نسخہ کنزالمجربات حصہ اول کے علاوہ دیگر کتب میں بھی لکھا ہے لیکن خوراک ۳ تا ۴ ماشہ لکھی ہے۔اتنی مقدار بہت زیادہ ہے صرف ایک ماشہ ہی کافی ہے۔

ایک بوڑھے حکیم کا کہنا ہے کہ یہ چھپاکی کو بھی مفید ہے۔

بہاولپور کے ایک حکیم صاحب نے فرمایا کہ پارہ ۶ ماشہ کم ہے ایک تولہ کر لیں اور کہا کہ میں ایک خود بھی تولہ ڈالتا ہوں۔

نکات مطب: گندھک اور پارہ مل جانے سے رس بن جاتا ہے۔یہ رس بہت مفید چیز ہے۔

ایک صاحب نے اس کے ساتھ اور ادویہ ملا کر جلد کے لئے لاجواب بنایا ہے۔وہ میرے ایک دوست کا بیٹا ہے۔میں نے اس سے جا کر پوچھ لیا تو اس نے بتا دیا۔وہ اس کی ایک خوراک صبح غذا سے پہلے اور غذا کے بعد حب مصفی دیتا ہے۔اسی طرح عصر کے وقت اور رات کو حب قبض کشا اور لگانے کے لئے۔

پارہ ایک تولہ اور چینی ۱۰ تولہ کھرل کر کے رکھیں اور تھوڑا پانی ملا کر دھدر یا خراب جلد پر لگائیں۔

(۱۹۷۱) حب مصفی

رسونت مصفی ۵ تولہ، چاکسو، منڈی بوٹی، برہم ڈنڈی، نیل کنٹھی بوٹی، نیلوفر، سرپھوکہ،

صندل سفید، صندل سرخ، شاہترہ، برگ حناء، جوانسہ، برگ نیم، برگ بکائن، کشنیز خشک، گل کچنال، گوند کیکر ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: رسونت کو صاف کرنے کے بعد بالکل خشک نہ کریں بلکہ گیلی حالت میں پاؤڈر ڈال کر گولیاں نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ گولی بعد غذا

نکات مطب: یہ نسخہ تو قرابادینی ہے لیکن رسونت زیادہ کردی گئی ہے۔

(۱۹۷۲) حب قبض کشا

ھوالشافی: مصبر ۴ تولہ، سقمونیا ۳ تولہ، اجوائن خراسانی ۳ تولہ، شحم حنظل ۲ تولہ، غاریقون ۲ تولہ، ہمراہ شہد گولیاں بنالیں۔

ترکیب تیاری: غاریقون ویسے ہی باریک کرکے ملالیں یہ قبض کشا ہیں ان سے ہر روز قبض کشائی کریں ورنہ دوسرے یا تیسرے دن لازماً کریں۔

یہ گولیاں حب منقیٰ سے زیادہ موثر ہیں کیونکہ ان میں سقمونیا زیادہ ہے۔ یہ ہی ان صاحب کا معمول ہیں۔

میں نے ایک دکاندار کا مخفی راز آپ کے سامنے رکھ دیا ہے۔

نکات مطب: خون صفا، پارہ اور گندھک کا مرکب ہے۔ رسونت والی گولی بھی متقدمین کی ایجاد ہے پارہ کی کجلی کے متعلق تو لکھا ہے جس دوا میں شامل کردی جائے۔ وہ فوائد میں بیس گنا مؤثر ہوجاتی ہے۔ وہ بھی اس نسخے میں شامل ہے۔

قبض کشائی بھی امراض جلد میں مفید بلکہ مجرب ہے۔ لہذا یہ تمام مرکبات ملا کر کھلانا امراض جلد میں مفید ہے کڑوی اشیاء مصفی خون ہوتی ہیں۔ لہذا تمام مرکبات مفید ہیں۔

مؤلف: یہ ایک لاجواب ونادر فارمولا ہے۔

(۱۹۷۳) لاجواب عرق

قیام پاکستان سے قبل ایک ہندو حکیم خون صفا عرق کی بوتل ایک روپیہ میں بیچا کرتا تھا جبکہ دوسرے عرق دو آنے یا چار آنے فی بوتل بیچتا تھا۔ وہ اس عرق کو بیچ کر کئی روپے روزانہ کماتا تھا

لیکن کسی کو اپنا راز نہ دیتا تھا۔ آخر ایک حکیم نے اس راز کو پالیا۔ میں بھی اس حکیم کے پاس نسخے وغیرہ کے تبادلے کے لئے جاتا تھا۔ ایک دن اس نے یہ نسخہ مجھے بتادیا۔

ھوالشافی: عشبہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی بوٹی۔ برگ حنا۔ برگ سناء۔ چرائتہ۔ عناب ہرایک ۱۰ تولہ۔ (دس اجزاء)

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پانی میں ڈال کر ۱۰ بوتل عرق نکال لیں۔

مقدار خوراک: بلحاظ عمر چینی ملا کردیں۔ یا شربت عناب سے میٹھا کر کے پلائیں۔

نسخہ بتانے والے حکیم صاحب نے ایک اور بات بتائی کہ خون میں زیادہ خرابی ہو تو شربت دینار ملا کر پلائیں۔ حکیم صاحب کا یہ نقطہ مجھے پسند آیا کیونکہ جب تک اعضائے ہاضمہ۔ معدہ۔ جگر۔ آنتوں کا فعل درست نہ ہوگا تو مرض کیسے دوہوگا۔

(۱۹۷۴) شربت دینار

ھوالشافی: گل سرخ ۵ تولہ۔ جڑ کاسنی ۵ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ تخم کشوث ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ پانی ½ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو رات کو بھگودیں اور صبح چینی ۳ پاؤ ملا کر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ۔ عرق میں ملا کر صبح شام پلائیں۔

فوائد: یہ شربت قبض کشا۔ دافع یرقان۔ سوء القنیہ۔ استسقاء۔ دافع ورم جگر اور معدہ ہے۔ چونکہ عرق میں بھی برگ سنا ہے لہٰذا اکیلا عرق بھی مفید ہے۔ بہت اعلیٰ درجہ کا خون صفا نسخہ ہے۔

بیرونی استعمال کے مجرب نسخے

(۱۹۷۵) سفوف خارش وزخم :۱

ھوالشافی: پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ سندھور۔ نیلا تھوتھا۔ مردار سنگ۔ بانچی۔ سنگ جراحت۔ کمیلہ۔ مرچ سیاہ سہاگہ خام۔ برگ نیم ہم وزن۔

ترکیب تیاری: تمام اشیا کو مثل سرمہ باریک کر لیں اور سات حصہ روغن کنجد۔ سرسوں۔ مکھن یا گھی میں ملا کر مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: مریض کو مرہم کی مالش کرنے کے بعد دھوپ میں بٹھادیں۔ دو گھنٹے بعد گرم پانی سے غسل کرے اور کپڑے بدل لے۔ پہلے دن ہی خارش دور ہوگی۔

مدت کورس: سات دن

یہ نسخہ تمام نسخوں کا نچوڑ ہے۔ اسے معمول بنالیں اور اگر اس میں تیل ملا کر اتنا کھرل کریں کہ مرہم بن جائے تو ڈبیوں میں بند کرلیں۔

فوائد: دھدر۔ چنبل۔ پھوڑے۔ پھنسیوں پر لگائیں تو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔ معمول مطب بنا لیں۔

(۱۹۷۶) سفوف خارش وزخم :۲

ھوالشافی: گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ مردار سنگ ایک تولہ۔ بانچی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو مثل سرمہ باریک کرلیں۔ اور سات گنا تیل میں ملا کر مرہم تیار کرلیں۔

مذکورہ بالا نسخہ میں نیلا تھوتھا شامل ہے جو جسم کو چبھتا ہے۔ جبکہ یہ نسخہ بے ضرر ہے۔

(۱۹۷۷) سفوف خارش وزخم: ۳

ھوالشافی: پارہ ایک تولہ۔ زنگ اوکسائیڈ ۳ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کریں اور سات حصے مکھن یا تیل میں ملا کر مرہم بنالیں۔

فوائد: بالکل بےضرر ہے۔ جسم کو چبھتا نہیں۔

خارش اور زخموں کو لاجواب ہے۔ پہلے ہی دن زخم خشک ہو جاتے ہیں۔

میں آغاز میں اس میں کیلومل (Calomel) ملاتا تھا اب وہ ملتا نہیں لہٰذا پارہ ہی ملا کر بنا لیتا ہوں اور تقریباً ۶ ماشہ۔ گیری بھی ملا لیتا ہوں۔

نکات مطب: گرم پانی میں بیسن ملا کر نہانا زیادہ مفید ہے۔ اس کے علاوہ بیسن اور مہندی خشک دونوں کو ملا کر دوائی لگانے کے ایک گھنٹہ بعد دونوں جسم پر مل کر گرم پانی سے غسل کرلے۔

خارش کے زخموں کو صاف کرتا ہے۔ دونوں طریقے لاجواب ہیں۔

(۱۹۷۸) ایک حکیم صاحب کا راز

ھوالشافی: کمیلہ۔ پارہ۔ گندھک۔ سہاگہ۔ باچی نوشادر۔ برگ مدار سوختہ ۶۔ ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۲ رتی سے ایک ماشہ تک

ترکیب تیاری: مکھن گائے صد آب شستہ ۵ تولہ لے کر اس میں ۶ ماشہ یا ایک تولہ دوا ملائیں اور ایک گھنٹہ کے بعد گوبر گائے یا بھینس ملا کر غسل کریں یا کاربالک صابن سے غسل کریں۔ کپڑے روز تبدیل کریں۔

یہ نسخہ ایک حکیم صاحب کا راز ہے وہ ساری عمر اس نسخہ سے فیض پاتے رہے۔ پیار کی وجہ سے مجھے بتادیا۔ لاجواب علاج ہے۔

(۱۹۷۹) اکسیر خارش

(رسالہ ''لقمان'' جولائی ۱۹۵۶ء میں سے نقل کیا۔)

ھوالشافی: گندھک۔ پارہ۔ سہاگہ۔ کمیلہ۔ مردار سنگ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶

ماشہ۔مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔رسکپور ڈیڑھ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو مثل سرمہ باریک کریں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ سفوف میں ۵ تولہ مکھن اکیس بار دھلا ہوا ملا کر رات کو مالش کریں اور صبح اٹھ کر صابن مل کر نہالیں۔اور تیل سرسوں لگالیں۔

فوائد: کیسے ہی گندے زخم ہوں ایک دن میں درست ہو جائیں گے۔لاجواب کورس ہے۔

جلد کے تمام زخم دور ہونگے۔

اندرونی طور پر بھی یہ دوا کھلائی جاسکتی ہے۔

مدت کورس: سات دن

(۱۹۸۰)خوردنی نسخہ

ایک حکیم صاحب کھانے کی دوا دیا کرتے تھے اور یہی ان کی شہرت کا باعث تھا۔

ھوالشافی: نرکچور۔ ہرپچی۔صندل سرخ۔مغز کرنجواہ۔ برگ کرنجوہ مصفا۔منڈی بوٹی۔ دھمانسہ بوٹی۔رسونت انڈین۔(آٹھ اجزا مساوی الوزن۔)

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو پیس کر شہد سے گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ پانی اور غذا مرغن

حکیم صاحب کا فرمان تھا کہ یہ گولیاں ہماری تمام عمر کی مجرب ہیں۔ان کے استعمال سے خون صاف ہوتا ہے۔اب وہ حکیم صاحب فوت ہو چکے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ جنہوں نے یہ دونوں راز بتائے۔

مدت کورس: ۳ ہفتے۔یہ گولیاں دافع اٹھرا بھی ہیں۔

(۱۹۸۱)لاجواب گھی

ھوالشافی: دارچکنہ ایک تولہ۔روغن سرسوں ایک سیر

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر کانسی کے برتن میں نیم کے ڈنڈے سے کھرل کریں۔اچھی طرح یکجان ہو جائیں تو اس وقت اس کا رنگ سبز ہوگا۔اس تیل کو بیرونی طور پر جلد پر لگائیں۔

فوائد: خارش۔دھدر۔چنبل پر لگانا مفید ہے۔

یہ نسخہ ایک بھیڑ بکری رکھنے والے (ایالی) سے حاصل ہوا تھا۔ وہ یہ دوا لگا کر بھیڑ بکریوں کی خارش دور کرتا تھا۔

(۱۹۸۲) ماء الشفا

ھوالشافی: دار چکنہ ۵ گرین لے کر آب مقطر یا عرق گلاب ایک بوتل میں ملالیں۔

فوائد: ❀ تمام قسم کے زخم دھونے کے لئے مفید ہے۔

❀ چھوت دار پھنسیوں پر لگانے سے شفاء ہو جاتی ہے۔

❀ کان کے زخم اور سوزش اس کے ساتھ دھونے سے درست ہو جاتے ہیں۔

❀ رحم کی صفائی کے لئے پچکاری بھی کی جاسکتی ہے۔

❀ کلیاں کرنے سے ماسخورہ کے جراثیم مر جاتے ہیں۔ پیپ بند ہو جاتی ہے۔

❀ طب جدید شاہدروی کے مرکبات میں شامل ہے۔

(۱۹۸۳) سفوف خارش از حکیم نابینا صاحب انصاری

ایک معتبر ہستی کا مجوزہ نسخہ ہے۔ آپ حیدر آباد دکن کے شاہی طبیب تھے۔

ھوالشافی: منسل۔ رال۔ سہاگہ۔ پارہ گندھک۔ پھٹکڑی۔ مردار سنگ۔ کتھ سفید۔ کمیلہ بابچی۔ تخم پنواڑ۔ لونگ۔ کافور ہر ایک ایک تولہ۔ طوطیا خام۔ نوشادر۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ باریک کریں اور ۶ ماشہ سے لے کر ایک تولہ تک۔ روغن گاؤ یا گلیسرین میں ملا کر مالش کریں۔

فوائد: داد۔ چنبل۔ امراض جلد۔ خارش کو چند یوم میں آرام دیتا ہے۔

نیز اندرونی طور پر خون صفا دوا بھی کھلائیں۔

مدت کورس: دس دن

حکیم نابینا صاحب انصاری دکن حیدر آباد ریاست میں نظام دکن کے شاہی طبیب تھے۔

(۱۹۸۴) لاجواب مرہم

ایک جراح ایک مرہم کی وجہ سے مشہور تھا۔ ایک شخص جو کہ حکیم بھی تھا اور پیری مریدی بھی کرتا تھا۔ اس کے پاس گیا اور نسخہ طلب کیا۔ جراح نے دینے سے انکار کر دیا کیونکہ اس نسخہ پر اس

کی روزی کا دارومدار تھا۔ آخر حکیم نے کسی طریقہ سے نسخہ حاصل کر لیا وہ حکیم میرا ہم راز تھا اس نے مجھے بتایا اور میں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا۔

ھوالشافی: روغن گل۔ زنک اوکسائڈ۔ سندھور۔ برگ حنا۔ گندھک آملہ سار۔ شورہ قلمی۔ پارہ۔ رتن جوت۔ روغن کنجد۔ موم دیسی۔ مردار سنگ۔ کافور۔ کمیلہ۔ رال سفید ایک ایک تولہ۔ ویزلین سفید ۲ تولہ۔ مکھن اکیس بار دھلا ہوا ۵ تولہ۔ (سولہ اجزاء۔)

ترکیب تیاری: پارہ و گندھک کی کجلی تیار کریں۔ اور تیل میں موم پگھلا کر شامل کر لیں۔ اور پھر تمام ادویہ اور مکھن وغیرہ ملا کر مرہم بنالیں۔

فوائد: چنبل خشک۔ کان کی لوط۔ سر کی پھنسیاں۔ چہرہ کے کیل۔ چھائیاں۔ جسم کے کسی بھی حصہ پر داغ۔ خارش خصیہ۔ خارش مقعد۔ بواسیر کے مسے ہاتھ پاؤں کی خارش تر۔ سرخ باد۔ چوٹ کے زخم۔ خارش کنج ران کو مجرب ہے۔

طریقہ استعمال: سوتی کپڑے پر لگا کر دن میں ۲ بار لگادیں۔

زخم دھونے کا طریقہ: نیم کے پتے پانی میں ابال کر اس پانی سے زخم کو دھوئیں اور سوتی کپڑے سے پونچھ دیں۔ اگر پورے جسم پر خارش ہو تو ایک تولہ مرہم میں ۵ تولہ روغن سرسوں ملا کر لگایا کریں اور دو گھنٹہ بعد غسل کریں۔ بلکہ مقام زخم کو دودھ میں بیسن ملا کر دھویا کریں۔

پرھیز: گرم اشیاء نہ کھائیں اور زخم پر صابن نہ لگائیں۔ بواسیر کے مسوں پر لگانا ہو تو روغن سرسوں سے مجرب کر کے لگائیں تا کہ خشک نہ ہو۔ اس کے لگانے سے مسوں کی جلن کو سکون ملتا ہے اور مسے سکڑنا شروع ہو جاتے ہیں۔ یہ ایک لاجواب اور بے ضرر مرہم ہے۔

یہ نسخہ بہت مشکلوں سے حاصل ہوا۔ ایسے نسخے لوگ اپنی اولاد کو بھی نہیں بتاتے بلکہ قبروں میں ساتھ لے جاتے ہیں آپ اس قیمتی نسخہ کو بنائیں اور فائدہ حاصل ہو تو میرے حق میں دعائے خیر کریں میں نے تو اسے تیار کر کے بہت مفید پایا ہے۔ اسلام آباد کے ایک مشہور حکیم کی مرہم تھی وہ اسے ڈبوں میں بند کر کے فروخت کرتا تھا۔ اور کہتا تھا کہ میرا خاندانی نسخہ ہے۔

(۱۹۸۵) مرہم اکسیر

ھوالشافی: پارہ ۶ ماشہ۔ گندھک ۶ ماشہ۔ دال ایک تولہ۔ کمیلہ ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ برگ نیم ایک تولہ۔ برگ حنا ایک تولہ۔ ملتانی مٹی ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے پاؤڈر تیار کر

لیں۔

ترکیب تیاری: اس پاؤڈر کو کھرل میں ڈال کر روغن سرسوں ملا کر کھرل کرتے جائیں جب مرہم بن جائے تو پھاہا سے زخموں پر لگا دیں۔

فوائد: زہریلے جانور کے کاٹے۔ چاقو چھری لگنے۔ گنج۔ اگزیما۔ دھدر۔ چنبل۔ کے لئے لاجواب ہے۔ میں نے اس کو تیار کر کے خوب آزمایا ہے۔

مرغیوں اور کتوں کو چچڑیاں چڑھ جاتی ہیں۔ تیل میں ملا کر لگانے سے چچڑیاں دور ہو جاتی ہیں۔ گندے اور خراب زخموں پر لگانے سے فائدہ دیتی ہے۔

حکماء کی طلب ایک آدھ نسخہ ہوتی ہے۔ اس کتاب میں ہر قدم پر موتی بکھیر دیئے ہیں۔ امراض جلد کے لئے لاجواب مرہم ہے۔ مذکورہ بالا مرہم سے یہ کسی طرح بھی فوائد میں کم نہیں۔ نیلا تھوتھا کی مقدار کم ہونے کی وجہ سے بے ضرر بھی ہے۔ مجرب ہے۔ میں نے تیار کر کے کامیابیاں حاصل کیں۔

(۱۹۸۶) لاجواب مرہم

مرہم سیاہ کو میں متواتر ۵۵ سال سے مطب میں تیار رکھتا ہوں۔ ایک ہی پٹی زخم صاف کر دیتی ہے۔ میں اس کو استعمال کر کے زخم پھاڑتا اور درست کرتا ہوں۔

ھوالشافی: روغن کنجد ایک پاؤ۔ سندھور ۱۰ تولہ۔ نیلا تھوتھا مثل سرمہ باریک ۱½ ماشہ۔

ترکیب تیاری: ایک بڑی کڑاہی میں تیل اور سندھور ملا کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب بہت زیادہ جوش آنے لگے تو اتار لیں۔ پھر دوبارہ آگ پر چڑھا دیں۔ یہاں تک کہ سندھور سیاہ ہو جائے۔ اب نیلا تھوتھا بھی ملا دیں اور ایک پانی کا بھرا ہوا برتن پاس رکھ لیں ایک قطرہ کڑاہی میں ٹپکائیں اگر موتی کی طرح مرہم پر پانی کے اوپر تیرنے لگے تو قوام درست ہے۔ اتار کر سرد جگہ پر رکھیں اور لوہے کی موصلی اس میں پھیرتے رہیں۔ حتیٰ کہ مرہم ٹھنڈی ہو جائے۔

طریقہ استعمال: کپڑے کے پھاہا پر لگا کر مقام زخم پر لگا دیں اگر سخت ہو جائے تو قدرے نرم کر کے لگائیں نیز تیل اور ڈال کر نرم مزید کر لیں۔

❀ آٹھ پہر گزرنے پر پھاہا بدل دیا کریں۔

لاجواب مرہم ہے۔ متواتر ۵۵ سال سے تجربہ میں ہے۔ کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔

(۱۹۸۷) اپریشن مرہم

اس مرہم کی ایجاد کا سہرہ نظریہ مفرد اعضاء کے موجد علامہ دوست محمد صابر ملتانی کے سر ہے۔ اس مرہم کو سرجن مرہم اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ اپریشن کر دیتی ہے۔ مثلاً خراب پھوڑا جو کہ درست ہونے میں نہیں آ رہا انجکشن خراب ہو گیا ہے اس کا اپریشن کرنا سرجن نے تجویز کیا ہے لیکن مریض اپریشن سے بچنا چاہتا ہے یا جگہ پردے والی ہے۔ جتنی جگہ پر یہ مرہم لگائی جاتی ہے اتنی جگہ پر سوراخ کر دیتی ہے۔ دھدر۔ چنبل۔ ناسور۔ گھمبیر اس کے لگانے سے دور ہو جاتے ہیں۔ ایسے زخم جن کے کنارے موٹے ہو چکے ہوں اس کے لگانے سے گندہ گوشت کٹ جاتا ہے اور زخم صاف ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی: مغز جمال گوٹا ۵ تولہ۔ صابن سن لائٹ ایک عدد سندھور ۵ تولہ۔ کا بالک ایسڈ ۳ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: پہلے کاربالک ایسڈ اور تیل ملا لیں۔ پھر جمال گوٹا کو باریک کر کے صابن میں ملا لیں اس کے بعد سندھور ملا لیں اور خوب کھرل کریں تا کہ تمام اجزا سیاہ ہو کر مل جائیں گے۔

ترکیب استعمال: مرہم کو پھوڑے پر لگا دیں۔ یہ اس کو پھاڑ کر صاف کر دے گی۔ پھر سیاہ مرہم مذکورہ بالا لگائیں اگر آپ یہ دونوں مرہم تیار کر لیں تو آپ پھوڑوں کے معالج بن جائیں گے۔

نوٹ! اپریشن مرہم طلاء کا کام بھی دیتی ہے۔ مجلوق کی غلط کاریوں کو مدد کرنے میں بھی مجرب ہے۔ دھد پر ذرا پتلی اور نرم کر کے لگائیں۔

(۱۹۸۸) حکایت اکسیر شفیا

ایک مریضہ کے پاؤں پر سخت قسم کا خراب پھوڑا تھا اسی طرح ایک اور مریض کی پنڈلی پر خراب زخم تھا۔ یہ دونوں مریض مایوس تھے۔ دونوں کے زخموں پر یہ دوا لگا دی۔ اور اوپر سیاہ مرہم کی پٹی رکھ دی۔ دونوں لاعلاج مریض تھے۔ تندرست ہو گئے۔

ھوالشافی: کشتہ سنکھ ۳ تولہ۔ سپاری سوختہ ۹ ماشہ۔۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۹ ماشہ۔ دار چکنہ ایک ماشہ۔ کتھہ سفید ۹ ماشہ۔ زنگار ۹ ماشہ۔ رال ۹ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو باریک کر کے ایک بوتل عرق گلاب میں کھرل کریں۔ (ہفتہ عشرہ بھی کھرل کرنے میں لگ سکتا ہے)

فوائد: زخم پر چھڑک دیں۔ صاف ہو جائیں گے۔

ویزلین میں ملا کر مرہم بنالیں۔

اندرونی طور پر دینے کے لئے ہمراہ ایک رتی مکھن سے دے کر امراض سوزاک۔ آتشک۔ جذام۔ ناسور۔ بھگندر کو دور کریں۔

❀ سوزاک کے مریض کو ۲ رتی مرہم کو پانی ۵ تولہ میں ملا کر اس کی پچکاری کریں۔

❀ حلق کے زخموں میں ۴ رتی۔ عرق گلاب ۳ تولہ یا پانی میں ملا کر قطور کریں۔ بے ہوشی میں نسوار دیں۔

❀ اسہال خونی۔ زخم امعاء۔ کانچ نکلنا میں شربت انجبار کے ہمراہ ایک رتی کھلائیں۔ از حد مصفی خون ہے۔ میں تو تمام عمر اس نسخہ کو تیار کر کے استعمال کرتا رہا ہوں۔ اس مرہم کی موجودگی میں جو ہر نکالنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

نکات مطب: یہ نسخہ طب جدید شاہد روی کا مجربہ ہے۔ انہوں نے اس کا نام اکسیر شفا رکھا ہے آنکھوں میں بطور سرمہ بھی لگایا جاسکتا ہے۔

(۱۹۸۹) اکسیری علاج نمبر ۱

ایک شخص کی انگلی کٹ گئی۔ زخم ہڈی تک گہرا تھا۔ یہ مرہم بنا کر لگا دی گئی۔ اس کے لگانے سے نہ صرف درد دور ہوا بلکہ زخم بھی بھر گیا۔ مریض حیران رہ گیا کہ اتنا گہرا زخم اتنی جلدی کیسے بھر گیا۔

ھوالشافی: روغن کنجد ٦ تولہ۔ سندھور ۲ تولہ۔ مردار سنگ ٦ ماشہ۔ رال ۹ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: روغن کنجد میں سندھور ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب سیاہ ہو جائے تو اس میں باقی چیزیں پیس کر ڈال دیں اور آگ سے اتار لیں۔ سرد ہونے تک لوہے کی سلاخ سے ہلاتے

رہیں۔

فوائد: صاحب نسخہ کا فرمان ہے کہ پھوڑے کو پکاتی اور پھوڑتی ہے اور پھر گھاؤ بھر دیتی ہے۔ لاجواب مرہم ہے۔

(۱۹۹۰) حب کرامات

یہ نسخہ اطباء قدیم کی ایجاد ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی اور مرہم کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ انہوں نے اس کا نام ''حب کرامات'' رکھا ہے۔ دہلی والوں نے اسے لکھا اور لاہور والوں نے اس کی تعریف کی ہے۔ میں نے بھی اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

ھوالشافی: چونا۔ مردار سنگ۔ کمیلہ۔ نیلا تھوتھا۔ پوست ہلیلہ۔ کتھ سفید ہر ایک ایک تولہ۔ پانی ملا کر کھرل کر کے سکھالیں۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے کپڑ چھان کریں اور تین حصہ روغن گاؤ ملا کر مرہم بنالیں۔

فوائد: ہر قسم کے زخموں پر لگا دیا کریں۔

اس کا نام حب کرامات اس لئے رکھا گیا ہے کہ قدیم اطبا اس کی گولیاں بنا کر رکھتے تھے۔ اور باریک کر کے لگاتے تھے۔ میں نے بھی اس مرہم سے متعدد مریضوں کا علاج کیا۔ کامیابی ہوئی۔

(۱۹۹۱) پستان کا زخم

ایک جوان عورت کی چھاتی پر خراب قسم کا پھوڑا نکل آیا۔ حیران تھی کہ اب کیا ہوگا؟ یہ مرہم بنا کر اپنے ہاتھوں سے پٹی کرتا رہا۔ زخم درست ہو گیا اور پستان بھی نہ کٹوانا پڑا۔ علاج کے بعد اس عورت نے اپنے کئی بچوں کو دودھ پلایا۔

ھوالشافی: روغن گاؤ ایک پاؤ۔ موم دیسی ایک پاؤ۔ مردار سنگ ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۸ ماشہ۔

ترکیب تیاری: روغن گاؤ اور موم کو ملا کر آگ پر رکھ کر گرم کریں۔ پگھل جانے پر آگ سے اتار لیں اور باقی اجزاء شامل کر کے اچھی طرح ملائیں۔ خشک ہونے پر ۱۰۰ بار پانی سے دھوئیں۔

فوائد: ❀ زخم سوختہ کو بھی مجرب ہے۔

❀ اس کے لگانے سے کیل بھی نکل گئے۔

❀ ناسور۔بھگندر کی دافع ہے۔

❀ بے ضرر اور مجرب ہے۔

(۱۹۹۲) مرہم سبز

ھوالشافی: گندہ بیروزہ ۱۰ تولہ لے کر ۱۰۰ بار پانی سے دھوئیں تاکہ اس کی میل کچیل نکل جائے۔ پھر اس میں مثل سرمہ باریک شدہ نیلا تھوتھا ۴ ماشہ ملالیں۔

ترکیب استعمال: تیار شدہ مرہم کو کپڑے پر لگا کر پھوڑے پر لگادیں۔ پھاہا سختی کے ساتھ چمٹ جائے گا۔عام طور سے ایک پھاہا ہی کافی ہوگا۔زخم کو پیپ سے صاف کردے گا۔

اگر نیلا تھوتھا کی بجائے زنگار ۴ ماشہ ملالیں تب بھی مجرب ہے۔

یہ مرہم عظیم جراحوں کا راز ہے۔میں نے اس کو تیار کر کے خوب استعمال کر کے فائدے اٹھائے ہیں۔یہ کم خرچ نسخہ تیار بھی جلد ہو جاتا ہے۔

(۱۹۹۳) مرہم سرخ

گندہ بیروزہ ۱۰ تولہ کو ۱۰۰ بار دھونے کے بعد اس میں سندھور ۴ ماشہ۔ملالیں۔

سرخ رنگ کی مرہم تیار ہوگی۔مفید اور لاجواب ہے۔

(۱۹۹۴) نکات مطب

کوئی زخم یا پھوڑا ٹھیک ہونے میں نہ آتا ہو۔زخم کے کنارے اونچے ہوں یا چھوٹا نہ ہوتو اس پر خالص کا بالک ایسڈ لگادیں۔کوئی چنڈی خراب ہوتو کاربالک ایسڈ لگادیں۔

میرے ایک دوست حکیم کی ہمشیرہ کی انگلی کا زخم خراب ہوگیا۔ڈاکٹروں نے کہا کہ انگلی کٹوانا ضروری ہے۔لڑکی نے انگلی کٹوانے سے انکار کردیا۔وہ لوگ اسے ایک جراح کے پاس لے گئے۔جراح نے صرف تین یا چار دن دوا لگائی تو زخم ٹھیک ہوگیا۔

حیران ہوئے کہ کیا دوا تھی۔جراح سے تعارف ہوا۔تو اس نے بتایا صرف خالص کاربالک ایسڈ لگاتا رہا ہوں۔

مجھے ایک مسئلہ درپیش ہوا۔ ایک لڑکی کے ہاتھ پر پھوڑا تھا۔ علاج کیا لیکن پھوڑا نہ پھٹا۔ اس کے گھر والوں نے کہا اگر آج پھوڑا نہ پھٹا تو ہم مریضہ کو کسی دوسرے معالج کے پاس لے جائیں گے۔ میں نے انہیں کہا تم لڑکی کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لو میں ابھی پھوڑا پھاڑ دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کاربالک ایسڈ کی پھریری پھوڑے پر پھیرنا شروع کی۔ صرف دو پھریری لگانے سے پھوڑا پھٹ گیا۔ اوپر سیاہ مرہم کی پٹی لگا دی۔ صبح تک تمام مواد نکل گیا۔ عورت کا خاوند حیران ہوا کہ اتنا بڑا پھوڑا صبح تک کیسے درست ہو گیا!

یہ علاج میں نے کئی بار کیا ہے۔ اور ہمیشہ کامیاب رہا ہے۔ لاجواب راز ہے۔

(۱۹۹۵) منسل کا ضماد

ایک عورت کے پھوڑا تھا ڈاکٹر نے کہا اپریشن ہو گا۔ عورت نے اپریشن سے انکار کر دیا۔ ایک حکیم صاحب کے پاس لے گئے انہوں نے کہا "بغیر اپریشن کے ٹھیک ہو جائے گا۔ انہوں نے منسل باریک کر کے پانی میں حل کیا اور چند گھنٹوں میں پھوڑا پھٹ گیا۔

اسی طرح میں نے بھی ایک عورت کے پھوڑے پر منسل کا ضماد کر دیا۔ چند گھنٹوں میں منسل نے نشتر کی طرح پھوڑا چیر دیا۔ میں نے اوپر مرہم لگا دی اور پھوڑا کا زخم بھی ٹھیک ہو گیا۔

لوگوں کے پاس ایک نسخہ آ جائے تو اسی کو تمام عمر بناتے رہتے ہیں۔ چونکہ مجھے اوائل عمر سے ہی نئے نئے تجربات کا شوق تھا لہٰذا آئے دن نئے تجربات کرتا رہا چونکہ خیال کتابیں لکھنے کا تھا۔ اس لئے ہر مرض پر کئی دفعہ تجربے کیے۔

(۱۹۹۶) لاجواب نشتر :۱

ھوالشافی: تیزاب گندھک ایک حصہ پانی ۱۰ حصہ میں ملا لیں اور ایک بوتل میں بند کر کے سنبھال لیں۔ جو ورم ابھی خام ہو اس پر لگانا شروع کر دیں یا تو زخم بیٹھ جائے گا یا چند بار لگانے سے اس میں سوراخ ہو جائے گا۔ میں نے اس کا تجربہ کر کے کئی پھوڑے پھاڑے۔

(۱۹۹۷) لاجواب نشتر :۲

ھوالشافی: نیلا تھوتھا ۴ رتی۔ سہاگہ خام ایک ماشہ۔ میدہ گندم ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو سفوف کر کے ملالیں اور گرم پانی میں ملا کر لئی بنالیں۔

ترکیب استعمال: دن میں تین بار لگائیں۔ پھوڑا خود بخود پھٹ جائے گا۔ ذاتی مجرب ہے۔

(۱۹۹۸) خام پھوڑے کو پکانا۔ لپری: ۱

خام پھوڑے کو پکانے کے لئے بالعموم حکیم یا جراح لپری باندھتے ہیں۔ اور یوں پھوڑا چیرا دینے کے قابل ہو جاتا ہے۔

ترکیب تیاری: اسپغول ۲½ تولہ لے کر ایک پاؤ دودھ میں پکائیں۔ جب کھیر بن جائے تو گرم گرم پھوڑے پر باندھ دیں۔ شام کو دوبارہ باندھ دیں۔ آٹھ پہر میں پھوڑا نرم ہو جائے گا۔ اور ورم بھی دور ہو گا۔

فوائد: ہر قسم کے پھوڑے پھنسی۔ بال توڑ پر باندھنے سے پیپ تک دور ہو جاتی ہے۔

(۱۹۹۹) لاجواب لپری: ۲

ھوالشافی: آرد تخم حرمل۔ آرد تخم السی ایک ایک تولہ۔ میدہ گندم ۶ ماشہ۔ روغن کنجد ۱½ تولہ۔ ہلدی۔ سہاگہ۔ سندھور ہر ایک ۱½ ماشہ۔ قند سیاہ ۵ تولہ۔ پانی ۷ تولہ۔

ترکیب تیاری: قند سیاہ کو پانی میں پکا کر شربت بنائیں۔

آرد حرمل اور السی میدہ کو تیل میں بریاں کر کے شربت میں ملا کر حلوہ بنالیں۔ اب اس میں سندھور۔ سہاگہ۔ ہلدی ملا کر نیم گرم باندھیں۔

ترکیب استعمال: جب لپری اترنے لگے تو گرم کر کے دوبارہ باندھ دیں۔ دن میں ۴ دفعہ گرم کر کے باندھیں۔ آٹھ پہر گزرنے پر نئی لپری تیار کر کے باندھیں۔

فوائد: پھوڑے کو پکا کر پھاڑتی ہے۔ اور اس کے زخم کو درست کرتی ہے۔ لاجواب نسخہ ہے۔

(۲۰۰) لاجواب لپری: ۳

ھوالشافی: آٹا السی۔ آٹا گندم۔ شکر سرخ ۵۔ ۵ تولہ۔ مصبر۔ سہاگہ سفید۔ تخم میتھی۔ راکھ اوپلہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ سونگی ۷ ماشہ۔

ترکیب تیاری وطریقہ استعمال: تمام اجزاء کو کوٹ کر رکھ لیں اور حسب ضرورت مناسب مقدار لے کر روغن کنجد میں ملا کر گرم گرم حلوہ بنا کر باندھیں۔

فوائد: اس سے پھوڑا پھٹ جائے گا۔ درد اور ورم دور ہوگا۔

صاحب نسخہ: زخموں۔ پھوڑے۔ پھنسیوں میں مشہور تھا۔ اس نے اپنے اس نسخہ سے بہت کام لئے۔ اس نسخہ کو تیار کر کے مخفی رکھتا تھا۔ اور کسی کو بتاتا نہ تھا۔ میں نے حاصل کر کے لکھ دیا ہے۔

(۲۰۰۱) حکایت

ایک مریض کا انگوٹھا متورم ہوگیا۔ جراح نے خام کو ہی چیرا دے دیا۔ انگوٹھا خراب ہوگیا ڈاکٹر کو دکھایا اس نے فوراً کاٹ دینے حکم لگا دیا۔ مریض نے انگوٹھا کٹوانے سے انکار کر دیا۔ اب طبیب کی طرف رجوع کیا۔ اس نے مرہم سندھور لگا دی۔ چند دن میں زخم ٹھیک ہوگیا اور انگوٹھا کٹنے سے بچ گیا۔

ھوالشافی: مردار سنگ۔ سیندور۔ کتھ۔ رال سفید۔ ۶۔ ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔۔ موم سفید ایک تولہ۔ سیپ سوختہ ایک تولہ۔ مسحوقہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: روغن کنجد اور سیندور کو ملا کر آگ پر رکھیں اور ہلاتے جائیں۔ سیاہ ہونے پر اتار کر باریک کردہ اشیاء ملالیں اور پھوڑے پر لگا دیں۔

طبیب نے بتایا کہ میں اس مرہم کو متعدد بار تیار کر چکا ہوں۔ خراب سے خراب زخم پر لگا دیتا ہوں۔ مایوس اور لاعلاج مریض اس کے لگانے سے تندرست ہو جاتے ہیں۔ لگاتے ہی درد رک جاتا ہے اور گندہ گوشت کٹ کر زخم سے الگ ہو جاتا ہے۔

کم خرچ اور جلد تیار ہونے والی بہترین مرہم ہے۔ اس مرہم سے حکیم نے کئی علاج کیے۔

(۲۰۰۲) مرہم گنج وداد

ھوالشافی: کشتہ جست ۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا پھلہ ۶ ماشہ۔ روغن ناریل ۷ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو کھرل میں رگڑ کر مرہم بنالیں اور گنج پر لگائیں۔

فوائد: دھدر۔ چنبل۔ امراض جلد دور ہوتے ہیں۔

لاجواب۔ کم خرچ۔ سبز رنگ کی مرہم تیار ہوتی ہے۔ خرچ بھی کم ہوتی ہے۔ کئی مرتبہ تیار کر چکا ہوں۔

(۲۰۰۳) روغن گنج سر

ھوالشافی: برگ مہندی سبز۴ تولہ۔ بابچی ۲ تولہ۔ مردار سنگ ۲ تولہ۔ کمیلہ ۲ تولہ۔ کتھ سفید ۲ تولہ۔ سہاگہ چوکیہ ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کی ٹکی بنا کر روغن کنجد ½ سیر میں ملا کر پکائیں۔ جب سیاہ ہو جائے تو پن کر سنبھال لیں۔

فوائد: سر کا گنج۔ بچوں کے سر کے پھوڑے۔ پھنسیاں۔

نوٹ! ان ادویہ کو اگر سفوف حالت میں ہی رکھا جائے اور مصبر ۲ تولہ ملا کر زخموں کو تیل سے چپڑ کر اس کا سفوف اوپر چھڑک دیا جائے تب بھی ویسا ہی مفید ہے۔

زخموں میں کتنی ہی درد کیوں نہ ہو قدرے افیون ملا لیں۔ ایک حکیم کا تمام عمر کا معمول ہے اور ان کا خاص نسخہ ہے۔ میں نے یہ تیل تیار کر کے مفید پایا ہے۔ ایک لاجواب تیل اور سفوف ہے۔ اس کو تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

(۲۰۰۴) لاجواب روغن

ھوالشافی: ایک پاؤ روغن سرسوں کو آگ پر رکھیں اور ۵ تولہ برگ مدار کی ٹکیہ بنا کر اس میں چھوڑ دیں اور نیچے ہلکی آگ جلائیں جب ٹکیہ اچھی طرح سوختہ ہو جائے تو آگ بند کر دیں اور کڑاہی میں ہی اسے اچھی طرح رگڑیں اور اس میں گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی سفید خام ایک تولہ باریک کردہ ملا کر لوہے کی موصلی سے رگڑ کر مرہم بنا لیں۔

فوائد: خراب زخم ہو یا سر کا گنج برگ نیم کے پانی سے دھو کر لگا دیں۔ زخم بھی درست ہو نگے اور نئے بال بھی پیدا ہوں گے۔ دھدر۔ چنبل اور زخم دور کرنے کا کم خرچ غریبانہ نسخہ ہے۔

(۲۰۰۵) ارک تیل (آیورویدک)

اجزاء: آب برگ مدار ۴ سیر۔ تیل سرسوں ایک سیر۔ ہلدی ایک پاؤ

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے اتنا پکائیں کہ صرف تیل باقی رہ جائے۔ پن چھان کر محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: تر و خشک خارش کو دور کرتا ہے۔

طب جدید شاہدرہ والوں نے صرف آب مدار اور روغن کنجد مساوی وزن میں ملا کر پکانے کو لکھا ہے۔ انہوں نے اس کا نام "**روغن عشر**" رکھا ہے۔ اس تیل کو دردوں پر بھی ملا جاتا ہے اور زخموں پر بھی لگایا جاتا ہے۔

فوائد: خراب زخم۔ ٹیکوں کے زخم۔ کتے کے کاٹے کے زخم۔ سانپ کاٹے کے زخم درست ہو جاتے ہیں۔ میرا تمام عمر کا معمول رہا ہے۔

(۲۰۰۶) حکایت

ایک عورت کے پستان پر پھوڑا نکل آیا جس سے اس کا پستان ۴ گنا وزنی ہو گیا۔ بیچاری درد اور ورم سے لاچار تھی۔ غریب لوگ تھے مجھے گھر بلایا اور پوچھا کہ کیا یہ پھوڑا بغیر ہسپتال جائے ٹھیک ہو سکتا ہے۔ میں نے کہا بالکل ٹھیک ہو جائے گا اور چیرا بھی نہیں دینا پڑے گا۔ صرف دوا سے ہی کام بن جائے گا۔

ھوالشافی: نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ ہالیوں ۴ ماشہ۔ ہلدی ۶ ماشہ۔ رال سفید ۶ ماہ۔ گوگل ایک تولہ۔ گڑ ۲½ تا ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: پانی ملا کر ادویہ کو باریک کرلیں اور آگ پر رکھیں۔

ترکیب استعمال: جب حلوہ کی طرح بن جائے تو پھوڑے پر لیپ کردیں۔

فوائد: اس دوا کا لیپ کرنے سے پھوڑا پک جاتا ہے۔ ورم دور ہو جاتا ہے اور پھر پھوڑا خود بخود پھٹ کر مواد بہہ جاتا ہے۔

میں اس کی گولیاں بنا کر ہمیشہ مطب میں رکھتا ہوں۔ بوقت ضرورت پانی میں حل کر کے لیپ بنا کر لگاتا ہوں۔

اگر مریضہ کسی دیسی (جراح) یا ولائتی سرجن کے پاس چلی جاتی تو سینکڑے یا ہزاروں روپے خرچہ اٹھتا۔ سرجن تو پستان کاٹنے کے علاوہ دوسرا لفظ ہی نہیں جانتا۔ دیسی علاج سے عورت کا پستان بچ گیا۔ بعد میں اس نے اپنے کئی بچوں کو دودھ پلایا۔ نہایت مجرب اور کم قیمت نسخہ ہے۔

فوائد: اکسیر ہونے کی وجہ سے میرا معمول مطب ہے۔

(۲۰۰۷) سبز دھوڑا

هوالشافی: نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ گندھک ڈنڈا ایک تولہ۔ بورک ایسڈ۔ زنک اوکسائڈ ہر ایک ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: متاثرہ جگہ کو کاربالک آئل سے چپڑ کر یہ دھوڑا چھڑک دیں۔

فوائد: برسات کے موسم میں نکلنے والی پھنسیوں کے لئے اکسیر ہے۔ میرا بارہا کا ذاتی تجربہ ہے۔

کاربالک آئل بنانے کا طریقه: ایسڈ کاربالک ایک حصہ۔ روغن کنجد ۲۰ حصہ ملا کر رکھ لیں۔

(۲۰۰۸) سیاہ دھوڑا

هوا لشافی: کچلہ سوختہ ۵ تولہ۔ مردار سنگ۔ کمیلہ۔ کتھہ سفید۔ رال سفید ہر ایک ایک تولہ۔ برگ حنا ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے کچلے لے کر کوزہ میں (حنظل) میں بند کر کے جلا لیں۔ اس کے بعد باقی اجزاء کو مثل سرمہ باریک بنالیں۔

ترکیب استعمال: برگ نیم کے جوشاندے یا کاربالک صابن۔ کاربالک آئل (مذکورہ بالا) سے متاثرہ جگہ کو دھو کر اوپر لیپ کر دیں۔ پھوڑا اچمٹ جائے گا۔ دوسرے دن ننگی جگہ پر تیل لگا کر چھڑک دیں۔ کاربالک آئل کے علاوہ اس وقت صرف تیل سرسوں یا گھی لگا کر بھی چپڑا جا سکتا ہے۔ برسات کے موسم میں بچوں کے سر کی پھنسیاں اس کے لگانے سے ختم ہو جاتی ہیں۔

جب دھوڑا اچمٹ جائے تو اوپر مکھی نہ بیٹھنے دیں۔ ایک ویدک دواخانہ کا اشتہاری نسخہ ہے۔ فوائد میں لاجواب ہے۔

(۲۰۰۹) سفید مرہم بے ضرر

بچوں اور عورتوں کے جسم پر جلن دار پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ جلن بے حد زیادہ ہوتی ہے۔

بچوں کے لئے اس تکلیف کو برداشت کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ پھنسیاں خواہ جسم کے کسی حصہ پر ہوں میں یہ مرہم تیار کر کے دیتا ہوں۔

ھوالشافی: زنک اوکسائڈ (جست کا ولایتی کشتہ) لے کر ویزلین سفید ملا کر مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: یہ مرہم زخموں پر لگانے سے مریض کی جلن دور ہو جاتی ہے۔ اور چند بار لگانے سے زخم خشک ہو جاتے ہیں۔

بے بو اور بے ضرر مرہم ہے۔

اگر زنک اوکسائڈ کو گلیسرین میں ملا لیں تو آنکھوں کی پھنسیوں اور ورم دور کرنے میں لاجواب ہے۔ دونوں چیزیں بنا کر ساری عمر استعمال کرتا رہا ہوں۔ لاجواب چیز ہے۔

(۲۰۱۰) کاربالک ایسڈ

کاربالک ایسڈ ایسی دوا ہے جو بوتل میں جمی ہوتی ہے۔ اسے دھوپ میں رکھ دیں یا چولہے کے قریب رکھ دیں تو پگھل جاتی ہے اس کے لگانے سے امراض جلد و زخم کے لئے کئی قسم کے تیل تیار کئے جاتے ہیں۔ میں نے کاربالک ایسڈ کو استعمال کر کے بہت فائدے حاصل کئے۔

ھوالشافی: کاربالک ایسڈ ایک حصہ روغن کنجد ۱۰ حصے ملا کر زخم پر لگائیں تو زخم کو پھاڑ دیتا ہے۔

ھوالشافی: کاربالک ایسڈ ایک حصہ۔ روغن کنجد ۲۰ حصے۔ اگر اس کی رنگت سرخ بنانا چاہیں تو ایک پاؤ تیل میں ایک تولہ رتن جوت ملا کر جوش دیں۔

ھوالشافی: گاڑھا کرنا چاہیں تو ایک پاؤ روغن کنجد میں موم ایک تولہ ملائیں۔

(۲۰۱۱)

ھوالشافی: کاربالک ایسڈ ایک تولہ۔ موم دیسی ایک تولہ۔ روغن کنجد ایک پاؤ۔ مرکری کرومؔ رتی ملا لیں تو تیل کا رنگ سرخ ہو جائے گا۔ اور فوائد میں بھی بہتر ہو جائے گا۔ میرا معمول مطب ہے۔

(۲۰۱۲) اکسیری روغن نیم

ھوالشافی: پوست درخت نیم ایک پاؤ لے کر کوٹ کر دو سیر پانی میں بھگو کر اگلے دن جوش

دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو پن کر مکھن گاؤ صد آب شستہ ۸ تولہ ملا کر دوبارہ آگ پر چڑھا کر پکائیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو اتار کر سرد کریں اور ٹھنڈا پانی اور ڈال دیں تا کہ مکھن جم جائے۔ جب مکھن پانی کے اوپر آ جائے تو اتار لیں۔ اس کی رنگت قدرے سیاہ ہوگی۔ اسے ڈبی میں بند کر لیں۔

فوائد: ❀ زخموں کو مجرب ہے۔

❀ خصیہ و کنج ران کی خارش میں استعمال کریں۔

❀ فرج کی جلن دار پھنسیوں پر لگانا ان کو ختم کرتا ہے۔

❀ زود اثر کرنا مقصود ہو تو سنگ جراحت کشتہ۔ (برگ نیم یا برگ حنا والا۔)

❀ مردار سنگ ایک تولہ۔ مکھن دو چند میں ملا دیں تو بڑے بڑے گھاؤ بھر دے گا۔ مجرب ہے۔

(۲۰۱۳) نظریہ مفرد اعضاء والوں کی اکسیری دوا

نمبر ۱ ھوالشافی: اجوائن دیسی۔ رائی۔ بانچی ۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱۲ تولہ باریک کر کے باہم ملا لیں۔ تیار ہے۔

نمبر ۲ ھوالشافی: اس ۲۴ تولہ پاؤڈر میں جمال گوٹہ کے مغز صاف کردہ ایک تولہ ملا لیں۔ اور رگڑ کر گولیاں نخودی بنا لیں۔

نمبر ۳: پارہ مصفا ا تولہ۔ گندھک آملہ سار مدبرے تولہ۔ کو کھرل کر کے کجلی بنا لیں۔

ترکیب استعمال: حکیم شریف صاحب مرحوم نے خود فرمایا کہ پاؤڈر ایک طاقت سے ایک ایک ماشہ دن میں تین بار کھلائیں اور ۲ طاقت کی گولیاں روزانہ رات کو ۲ عدد کھلائیں تا کہ اسہال آ جائیں۔ اور کھانے کے بعد والی دوا ایک طاقت میں سے کجلی ایک رتی ملا کر کھلائیں۔

دونوں یا تینوں کو گھی۔ مکھن تیل ویزلین میں ملا کر لگانا بیرونی طور پر مجرب ہے۔

حکیم شریف صاحب مرحوم نے رسالہ میں بھی لکھا ہے کہ اور ذاتی طور پر بھی مجھے بتایا ہے کہ اس کورس کے استعمال سے خارش۔ داد۔ چنبل۔ آتشک۔ ناسور دور ہوگا۔

مدت کورس: ایک تا ۳ ماہ

تین ماہ تک کھلانے سے جسم کندن بن جائے گا۔ اور گولیاں جمال گوٹا اتنی کھلا دیں کہ جس سے دو تین اسہال آ جائیں اس سے امالہ ہوتا رہے گا۔

(۲۰۱۴) ایک اور راز

ایک طاقت سے پاؤڈر ایک تولہ لے کر ۵ تولہ تیل یا گھی میں پکا کر اس کو خارش کی جگہ لگانا مفید ہے۔ فرج میں لگانے سے فرج و مہبل کی کھجلی دور ہوتی ہے۔ متواتر بیس سال سے میرا معمول ہے۔

حکیم شریف صاحب نے بتایا کہ اس کے کھلانے سے بڑی بڑی رسولیاں بھی تحلیل ہو جاتی ہیں۔ لاجواب۔ کم خرچ اور جلد تیار ہونے والا نسخہ ہے۔

(۲۰۱۵) تیل دھدر چنبل

معالج حکیم الٰہی بخش صاحب ملتانی نے بتایا کہ اندرونی طور پر مذکور بالا نسخہ کھلانا مفید ہے لیکن اس کے ساتھ اگر بیرونی طور پر یہ تیل لگا دیا جائے تو مریض کو بہت جلد آرام آ جاتا ہے۔

ھوالشافی: اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ روغن سرسوں ایک پاؤ میں ڈال کر جمال گوٹا کے ۸ عدد موٹے دانے ملا کر جلا لیں تا کہ سیاہ ہو جائیں۔ نتھار کر تیل سنبھال لیں۔

طریقہ استعمال: اس تیل کی مالش کریں اور برگ نیم سے روز دھونے کو کہیں۔ ساتھ میں اندرونی دوا اور مسہل بھی دیتے رہیں۔

اگر تیل لگانے سے دانے نکل آئیں تو چند دن مالش روک دیں اور سادہ گھی سے چپڑتے رہیں۔ دانے ختم ہونے کے بعد جمال گوٹہ والا تیل لگانا شروع کریں اور غذا مرغن دیں۔

فوائد: دھدر۔ چنبل دور ہوگی۔

مدت کورس: ایک ماہ

(۲۰۱۶) جاتی آدی تیل (آیورویدک مرہم)

ویدوں نے امراض جلد کے لئے لمبے چوڑے نسخے تیار کیے۔ ان قدیم نسخوں میں یہ ایک جدید نسخے کا اضافہ ہے۔

ھوالشافی: برگ چنبیلی۔ برگ نیم۔ ہلدی۔ برگ پرول۔ دار ہلدی۔ قسط۔ کنگی۔ مجیٹھ۔ ملٹھی۔ موم دیسی۔ مغز تخم کرنجواہ۔ خس۔ عشبہ۔ نیلا تھوتھا ہر ایک ایک تولہ۔ گھی گاؤ ایک سیر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا پاؤڈر ایک تولہ۔ کپڑ چھان کیا ہوا۔ ایک پاؤ گھی کو گرم کر کے اس میں موم ملا لیں پھر تمام ادویہ کو کڑاہی میں اس قدر کھرل کریں کہ تمام ادویہ یکجان ہو جائیں۔

ترکیب استعمال: زخم کو دن میں تین بار اس سے چپڑیں۔

فوائد: پھوڑا۔ پھنسی۔ زخم۔ ناسور۔ بھگندر۔ کان سے پیپ آنے کو مفید ہے۔ آتشکی زخم۔ ناک کے زخم۔ مقعد کے زخم۔ ناف کا زخم اور دیگر زخموں کو مفید ہے۔ آتشکی زخم پر ایک تولہ مرہم میں ایک رتی رسکپور ملا لیں تو اور بھی مفید ہوگا۔ جلنے کے زخم بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

نوٹ! مرہم لگانے سے پہلے زخموں کو برگ نیم کے جوشاندہ یا ترپھلہ کے جوشاندہ سے دھو لیا کریں اور ناسور کے اندر اس کی بتی رکھیں یا ڈراپر سے چند قطرے ٹپکا دیں۔

آیورویدک کا سیس آدی گھرت بھی لاجواب ہے۔ یہ دونوں مرہمیں لاجواب ہیں۔

(۲۰۱۷) ایک مہاجر جراح کا راز

ایک مہاجر جراح زخموں کا علاج کرنے میں مشہور تھا۔ میں نے اس سے پوچھا ''تم جلدی امراض کا علاج کس طرح کرتے ہو'' اس کے جواب میں یہ نسخہ بتا دیا۔

مغز تخم نیم ۵ تولہ۔ رسونت مصفا ۵ تولہ۔ ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ پانی کھلا دیں اور بیرونی طور پر زخم کو کاربالک ایسڈ خالص سے چپڑ کر زخم کے برابر پھاہا بنا کر اس پر مندرجہ ذیل دوا چھڑک کر زخم کے مقام پر چپکا دیں۔ دوا لگانے سے پہلے کپڑے کو تر کر لیں۔

ھوالشافی: رال سفید ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا خام ۲ ماشہ۔ گوند کیکر ۹ ماشہ۔ باریک کر کے رکھیں اور کپڑے پر لگا کر زخم پر لگا دیں۔ یہ جلد کے ساتھ چپک جائے گا۔

فوائد: پرانے زخم۔ ناسور بھگندر دور ہوگا۔

یہ نسخہ ہمارا خاندانی راز ہے۔ ہمارے تمام بزرگ اس نسخے کو ہی استعمال کرتے

تھے میں بھی اسے لگا کر فائدہ اٹھاتا رہا ہوں۔ اس کے علاوہ ایک تیل کا نسخہ بھی دیا۔

پرانا ناریل ۵ تولہ باریک کر کے پانی میں ڈال دیں اور تخم جمال گوٹہ ۵ تولہ کوٹ کر ملا دیں اور چولہے پر چڑھا دیں۔ دونوں کا تیل نکل آئے گا۔ سرد ہونے پر کڑاہی میں پانی ڈال دیں۔ تیل اوپر آ جائے گا اور تلچھٹ نیچے بیٹھ جائے گی اور تیل اوپر سے نتھار کر دھدر کی جگہ لگا دیں۔ یہ راز بھی محبت میں بتا دیا ہے۔

(۲۰۱۸) مرہم سرخ

اجزاء: دار چکنہ ۲ تولہ۔ پوٹاشیم آیوڈائیڈ ۲ تولہ۔ مکھن تازہ ۱۶ تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر کھرل کرنے سے سرخ رنگ کا پاؤڈر حاصل ہوگا۔ پھر مکھن ملا کر کھرل کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی چینی۔ کیپسول یا مویز منقیٰ میں لپیٹ کر کھلا دیں تاکہ دانتوں کو نہ لگنے پائے۔

فوائد: یرقان۔ ورم لوزتین۔ خنازیر۔ خناق۔ کن پیڑے کچھرالی اور شرم گاہ پر بدبودار پسینہ آنے کو مجرب ہے۔

بیرونی استعمال: گلہڑ یا رسولی پر ہلکی مالش کریں۔ جب پھنسیاں پیدا ہو جائیں تو چھوڑ دیں اور گھی کی مالش کریں۔ اگر مالش کرنے سے دانے نکل آئیں تو روک دیں اور گھی کی مالش کریں دانے بیٹھ جانے کے بعد مالش دوبارہ شروع کر دیں۔

اس طرح مالش کرنے سے بڑے بڑے گلہڑ اور رسولیاں دور ہو جاتی ہیں۔

داد۔ چنبل پر لیپ کرنے سے چند دنوں میں جلد بالکل صاف ہو جاتی ہے۔

بالچر اور گنج پر لگانا بھی مفید ہے۔ خیال رہے کہ چبھتی بہت ہے۔ لہذا رقیق کر کے لگائیں۔

اگر جگہ چکنی ہو اور مرہم لگانا مشکل ہو تو جلد کو کھرچ کر یا استرا پھیر کر لگا دیں۔

خارش خشک کے مریض کو چھ رتی دو تولہ روغن کنجد یا روغن بنولہ میں حل کر کے لگائیں۔ زیادہ چبھنے کی صورت میں چند یوم چھوڑ کر لگائیں۔

دھدر۔ چنبل کو جڑ سے اکھیڑ دیتی ہے۔ میں نے اس کا بارہا تجربہ کیا ہے۔ میرے ایک ہم عصر طبیب نے اس کا اشتہار دے کر لاکھوں روپے کمائے ہیں۔ لاجواب نسخہ ہے۔

(۲۰۱۹) لاجواب برائے چنبل

ہڑتال ورقی ۳ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ روغن کنجد ۳ تولے

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو رگڑ کر مثل مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: دھدر چنبل پر لیپ کریں۔ چبھتی زیادہ ہے۔ مریض کو کہیں ذرا حوصلہ سے کام لے بعد میں مہندی کا موٹا لیپ تین بار دن میں کریں۔ جڑ سے دھدر چنبل دور ہو جائے گی۔ ایک حکیم صاحب کا تمام عمر کا معمول ہے۔ اگر جڑ سے نہ دور ہو تو دوبارہ اسی طرح کریں۔

(۲۰۲۰) روغن

ایک صاحب نے اپنا تجربہ بیان کیا۔

گوبر خشک دو سیر۔ نوشادر ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: پتال جنتر سے تیل نکال لیں۔

فائدہ: داد۔ چنبل کو جڑ سے دور کر دے گا۔ انہوں نے مجرب کہا۔

(۲۰۲۱) اکسیر چنبل

کشتہ جست ۲ تولہ۔ نوشادر ۶ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ (برتن لوہے کا ہو) جب پانی ہو جائے تو اتار لیں۔ سرد ہونے پر پھر آگ پر کر رکھ دیں۔ یہ عمل تین بار کریں۔ اس کے بعد چینی کے برتن میں محفوظ کر لیں بعد میں رگڑ کر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: اس کو قدرے پانی میں گھس کر لگائیں۔ چبھتی بہت زیادہ ہے۔

فوائد: ❀ دھدر۔ چنبل کو جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔

❀ بواسیر کے مسوں پر لگانے سے ان کو نکال دیتی ہے۔

❀ ایک حکیم صاحب کے چہرہ پر مسہ تھا۔ صرف تین دن لگانے سے مسہ جڑ سے غائب ہو

گیا۔

کنز المجربات جلد دوم از حکیم مولانا محمد عبداللہ روڑی والے اور بعض کتب میں جست اور نوشادر مساوی الوزن لکھا ہے۔ یہ نسخہ کئی طرح سے حاصل ہوا ہے۔ ایک جراح کا بھی معمول تھا۔ اس کو میں نے تیار کر کے دیا تھا۔ وہ لگاتا رہا۔ اس کے بعد اور نسخے بھی تیار کرنے لگ گیا۔ اس کے لگانے سے متاثرہ حصہ کی جلد کمزور پڑ جاتی ہے لہٰذا سرکہ میں رسونت رگڑ کر اس جگہ لگائیں۔ داغ مٹ جاتا ہے اور جلد مضبوط ہو جاتی ہے۔

مدت کورس: صرف سات دن۔

(۲۰۲۲) آب شفا

مریض عمر ۳۰ سال ایک عرصہ دراز سے جلد خراب تھی۔ مایوس ہو کر میرے پاس آیا تو میں نے یہ دوا تیار کر کے دی۔ جس کے استعمال سے اسے آرام آ گیا۔

ھوالشافی: دار چکنہ۔ ہڑتال ورقی۔ شنگرف رومی۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ۔ گھی گاؤ ایک پاؤ پانی چھ سیر۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے گھی میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب تمام ادویہ حل ہو جائیں تو ۶ سیر پانی میں ڈال دیں اور اوپر سے ڈھانپ دیں۔ صبح کو اوپر سے گھی اتار لیں اور پانی کو محفوظ کر لیں۔ نیچے بیٹھی ہوئی ادویہ اور گھی کو باہم رگڑ کر مرہم بنا لیں اور پانی کو پن کر بوتلوں میں بھر لیں۔

خوراک: ۶۔۶ ماشہ۔ صبح و شام ہمراہ دودھ پلائیں۔

نوٹ! اول گھی کو گرم کریں۔ پھر ادویہ ملائیں۔ دھوئیں سے بچائیں۔

بعض حکماء کا خیال ہے کہ سادہ پانی کے بجائے عرق عشبہ ۶ سیر ملائیں۔

اوپر کا گھی اور نیچے کے تلچھٹ ملا کر رگڑیں اور مرہم بنائیں اور بیرونی طور پر لگائیں۔ محفوظ کردہ پانی دس سال تک خراب نہ ہوگا۔

(۲۰۲۳) ایک اور حکیم صاحب کا نسخہ

ھوالشافی: دار چکنہ۔ ہڑتال ورقی۔ شنگرف رومی۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ منسل

ایک تولہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔

اس طریقے سے تیار کر کے ایک شخص کو لگایا تو اس کے جلدی امراض ختم ہو گئے۔

(۲۰۲۴) ایک اور حکیم صاحب کا ارشاد

ھوالشافی: مذکورہ بالا ادویہ کی تلچھٹ اور گھی میں زنگار ایک تولہ۔ شہد ۳ تولہ۔ سب کو ملا کر کھرل کر کے مرہم بنائیں اور ضماد کریں۔ اس طریقے سے جوہر بھی نکالنا نہیں پڑتا اور نہ عرق نکالنے کی حاجت ہوتی ہے۔

فوائد: خنازیر۔ برص۔ چنبل۔ داد۔ خارش کہنہ۔ بواسیر۔ نواسیر۔ سوزاک۔ آتشک جیسے امراض خبیثہ کو موثر ہے۔

(۲۰۲۵) ہندوستان کے حکیم صاحب کا نسخہ جو کہ کتابوں کے مصنف بھی ہیں

ھوالشافی: عناب ۱۰ تولہ۔ پت پاپڑہ ایک پاؤ۔ سر پھوکہ ۱۰ تولہ۔ چرائتہ ۱۰ تولہ۔ صندل ۵ تولہ۔ منڈی بوٹی ۵ تولہ۔ جل نیم ۱۰ تولہ۔ عشبہ ۵ تولہ۔ چھل نیم ۱۰ تولہ۔ دھمانسہ بوٹی ۱۰ تولہ۔ چوب چینی ۵ تولہ۔ (گیارہ اجزاء)۔ دار چکنہ گندھک آملہ سار۔ ہڑتال ورقیہ شنگرف ۹۔۹ ماشہ۔ چار اجزاء گھی گاؤ ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری: ابتدائی گیارہ اجزاء کو دو دن تک بھگو کر ۶ سیر عرق نکال لیں۔

آخری چار اجزاء کو حسب طریقہ گھی گرم کر اس میں انڈیل دیں اور ٹھنڈا ہونے کے لئے رات بھر چھوڑ دیں اور عرق ملا دیں۔

اگلے دن اوپر کا گھی اور نیچے کی تلچھٹ ملا کر مرہم بنالیں۔ اور عرق موٹے کپڑے سے پن کر ۱۰ سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔ قوام تیار ہونے پر ایک سیر شہد ملا لیں۔

نوٹ! اس دوا کو تیار کرتے وقت ہوا کے مخالف رخ بیٹھیں تا کہ دھواں آپ کی آنکھوں کو نہ لگے۔ اگر دھواں آنکھوں کو لگ جائے تو شورہ قلمی پانی میں حل کر کے آنکھوں میں لگائیں تا کہ آنکھوں کو گزند نہ پہنچے۔

فوائد: ہر قسم کے جلدی امراض کو جڑ سے دور کرتا ہے۔

پھوڑا۔ پھنسی۔ مہاسے۔ داغ۔ خنازیر۔ آتشک۔ بھگندر۔ جذام۔ چنبل۔

برص۔ چہرہ کی زرد رنگت اور کل امراض دموی کا بہترین مجرب علاج ہے۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تا ۱½ تولہ۔ ہمراہ شیر گاؤ بعد از غذا مرغن دیں۔ (از رسالہ حکیم امرداس بھاٹیہ بھارت)

میں نے اپنے علم سے تمام نکات بیان کر دیئے ہیں۔ میں نے سادہ پانی میں بنایا تھا۔ اب میرا خیال ہے کہ آپ عرق کا شربت تیار کر کے علیحدہ تیار رکھیں۔ اور مریض کو دوا دیتے وقت عرق میں ملا کر دیں یا عرق اور شربت الگ الگ دیں اور ملا کر پینے کو بتا دیں۔

(۲۰۲۶) خارش خشک وتر کا ایک تجربہ

گندھک آملہ سار کو سات بار دودھ میں مدبر کریں اور پھر مساوی الوزن باپچی ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ۔ ترپھلہ ۷ ماشہ۔ شاہترہ ۷ ماشہ۔ عناب ۷ دانے رات کو بھگو کر صبح چھان کر شہد ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

خارجی روغن: کنجد ۷ تولہ۔۔ آب چونا ۷ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۳ تولہ رگڑ کر ملا کر رکھیں۔ دو گھنٹے بعد اچھی طرح مل کر آب گرم یا جوشاندہ نیم سے غسل کریں۔

حکیم صاحب نے لکھا ہے کہ میرا تمام عمر کا معمول ہے۔ خراب اور بگڑے ہوئے مریض اس کے استعمال سے ٹھیک ہوئے۔

آب چونا بنانے کا طریقہ: چونا ۲½ تولہ ایک بوتل میں ڈال کر دن میں ۴ بار ہلائیں اور اگلے دن نتھار لیں اور نسخہ میں شامل کریں۔

(۲۰۲۷) روغن گندھک

گندھک آملہ سار ۵ تولے کو گائے کے گھی میں اچھی طرح ملائیں۔ اب اس آمیزے کو سوتی کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر بتی بنالیں اس بتی کو لوہے کی سیخ پر لگا کر چمٹے کے ساتھ پکڑیں اور بتی کو آگ لگا دیں۔ بتی جلنے سے تیل ٹپک کر پیالی میں جمع ہوگا اس تیل کو سنبھال لیں۔ تیل کی رنگت سرخی مائل سیاہ ہوگی۔

فوائد: بواسیر کے مسوں۔ دھدر اور پھنسیوں پر لگائیں۔

یہ روغن گھی کے علاوہ خوردنی تیل میں بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔ آپ لوشن بھی بنا سکتے ہیں۔

اندرونی طور پر کھانے کو بھی دیا جاسکتا ہے۔ میں نے بھی تیار کر کے مفید پایا۔

(۲۰۲۸) آب گندھک

گندھک آملہ سار۔ چونا آب نادیدہ ۵۔۵ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر

ترکیب تیاری: تینوں اجزاء کو مٹی کے برتن میں ڈال کر پکائیں۔ پانی کا رنگ نارنجی ہو جائے تو اتار لیں اور سرد ہونے پر نتھار لیں۔

ترکیب استعمال: روئی تر کر کے داد اور پھنسیوں پر دن میں تین بار لگائیں یا خارش والی جگہ پر ملیں اور بعد میں صابن لگا کر نہا لیں۔ خوردنی طور پر ۵ سے ۱۰ قطرہ تک پانی میں ملا کر پئیں۔

ہاضمہ کو تیز کرتا ہے اور فساد خون کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: بچے: ۲ تا ۴ قطرے

اس کی تلچھٹ کو آگ پر خشک کریں اور باریک کر کے بچوں کے اسہال میں ٹیڑا سائیکلن سے بہتر اور فوری نتائج کا حامل ہے۔

(۲۰۲۹) عطائی کا نسخہ (پنسلین)

ایک عطائی کے پاس لوگ خارش کی دوا لینے جاتے اور چند روز میں شفایاب ہو جاتے۔ کئی لوگوں نے اس کی تعریف کی۔ میں بھی نسخہ کے لئے اس کے پاس گیا۔ اس نے کہا حکیم صاحب نسخہ حاضر ہے کیونکہ آپ تو ہمارے پورے گھرانہ کے معالج ہیں۔

ھوالشافی: کچور۔ چاکسو۔ تخم بکائن خشک کوٹ کر ایک ایک ماشہ کی پڑیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک پڑیا صبح۔ دوپہر شام پانی سے دیں۔

(۲۰۳۰) مقامی دوا

ھوالشافی: پارہ۔ گندھک۔ نیلا تھوتھا۔ مازو۔ مائیں۔ بابچی۔ کمیلہ۔ رال۔ مردار سنگ۔ کالی مرچ ایک ایک تولہ۔ کافور ۲ ٹکیاں۔ نوشادر ایک ٹکی

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے ملا لیں اور پنسلین (Penicilline) ۱۰ لاکھ یونٹ کا ایک ٹیکہ اور مکھن صد آب شستہ ملا لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو لگا کر صبح غسل کریں پہلی ہی رات فائدہ دے گا۔

کہنے لگا ''بہت سے لوگوں نے مجھ سے نسخہ طلب کیا لیکن میں نے سب کو انکار کیا آپ کو اس لئے انکار نہیں کر سکا کہ آپ ہمارے خاندانی معالج ہیں۔'' میں نے کہا ''خدا تمہارا بھلا کرے'' آمین۔

(۲۰۲۴) جلن دار پھنسیوں کی مرہم

یہ لاجواب مرہم معمول مطب ہے۔ ایسی جلن دار پھنسیاں جن میں آگ لگی ہو ان پر اس مرہم کے لگانے سے فوری سکون ملتا ہے۔ مجرب ہے۔

ھوالشافی: گندھک آملہ سار ۳ تولہ۔ مردار سنگ تین تولہ۔ کتہ سفید ۳ تولہ۔ سفیدہ کاشغری ۳ تولہ۔ سیندور ایک تولہ۔ کافور ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء باریک کریں اور مکھن کو اکیس بار دھو کر اس میں ملا کر لگائیں یا اتنی مقدار میں تیل سرسوں ملائیں کہ مرہم بن جائے لاجواب مرہم ہے۔

بغیر مکھن یا تیل ملائے سفوف کا چھڑک دینا بھی مفید ہے۔

(۲۰۲۵) مرہم منقی زخم

روغن زرد ۳ تولہ میں موم سفید ایک تولہ ملا لیں اور آگ پر رکھیں جب جل ہو جائے تو اتار کر نتھار لیں تاکہ تلچھٹ نہ ہو۔

ھوالشافی: سیندور۔ مردار سنگ۔ سمندر جھاگ ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کرنے کے بعد حاصل شدہ روغن میں ملا کر اچھی طرح رگڑ کر مرہم بنا لیں

ترکیب استعمال: اس مرہم کو زخم پر لگا دیں۔ گندے گوشت کو کاٹ کر جگہ کو صاف کر دے گی۔ اور مواد کو جلا کر ختم کر دے گی۔

فوائد: خراب زخم کو درست کرتی ہے۔ ذاتی محرب ہے۔

(۲۰۲۶) حکایت

ایک شخص کی انگلی پر مسہ تھا۔ ایک حجام نے مسہ کاٹ دیا لیکن زخم خراب ہو گیا جب میرے

پاس آیا تو انگلی انتہائی خراب حالت میں تھی۔ کہنے لگا "میری بیوی کی انگلی خراب ہوئی تھی۔ آپ نے دوالگائی تو ٹھیک ہوگئی۔" اتفاق سے اس دن مرہم سیاہ تیار نہ تھی۔ میں نے دوسرے نسخہ کی مرہم لگا کر پٹی کر دی۔ دوسرے دن کھولا تو تمام خراب زخم ٹھیک ہو چکا تھا۔ حالانکہ یہ دوا میں نے چنبل کے لیے تیار کی تھی۔ اس مرہم کا نسخہ تمام مشہور کتب میں موجود ہے۔

ھوالشافی: کتھہ سفید۔ سفیدہ کاشغری، کمیلہ، برگ حنا، برگ نیم، سرپھوکہ، شاہترہ، چھلکا ہلیلہ، چھلکا ہلیلہ زرد، رتن جوت، نیلا تھوتھا ایک ایک تولہ۔ گیارہ اجزا۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کریں پھر تیل سرسوں ملا کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر کھرل کرتے رہیں تاوقتیکہ مرہم بن جائے۔

فوائد: دھدر، چنبل اور عام زخموں پر لگائیں

نوٹ: خشک ادویہ کو کپڑ چھان کرلیں تو جلد تیار ہوگی۔

میں نے مفید پائی ہے۔ آپ بھی تیار کر لیں۔ لاجواب ہے۔

(۲۰۲۷) مرہم سیاہ لاجواب

پھٹکڑی سرخ، چھالیہ کاٹھی ۵-۵ تولہ۔ طوطیا سبز ۱/۲ تولہ، مرچ سرخ، کونپل مدار، اجوائن دیسی ۵-۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ کر باریک کریں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اوپر لوہے کا برتن دے کر ڈھانپ دیں اور درزوں کو مٹی سے بند کر دیں تا کہ دھواں باہر نہ نکلے۔ جب تمام ادویہ جل جائیں تو اتار کر باریک کریں۔

ترکیب استعمال: زخم پر چھڑک دیں اگر چبھن زیادہ ہو تو تیل میں ملا کر لگائیں۔

فوائد: ہر قسم کے گندے زخم، ناسور، بیلوں کے کان کی خرابی، گھمبیر، ناسور پر چھڑک دیں یا تیل میں ملا کر لگائیں۔ بیرونی اور مقامی استعمال کی بہترین دوا ہے۔

سندھ میں ایک عورت اس نسخہ کو تیار کرتی تھی ایک حکیم نے اس سے حاصل کر کے مجھے بھی بتایا۔ میں نے تیار کی ہے لاجواب ہے۔

(۲۰۲۸) شربت مصفی

شربت کا یہ نسخہ کنز الاطباء مصنفہ: (مولانا عبداللہ صاحب روڑی والے) سے ملا تھا۔ یہ

نسخہ حکماء دہلی کے مجربات میں سے ہے۔اس کی تعریف میں لکھا ہے ’’خون صاف کرنے والی ایسی دوا آج تک نہ ایشیا پیدا کرسکا ہے اور نہ ہی یورپ‘‘۔

ھوالشافی: شاہترہ‘ چرائتہ‘ منڈی بوٹی‘ ہلیلہ سیاہ‘ صندل سرخ‘ عشبہ مغربی‘ برہم ڈنڈی‘ برادہ شیشم ہر ایک ڈھائی تولہ‘ عناب ۴۰ دانے۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو رات کو کوٹ کر ۲ سیر پانی میں بھگودیں اور صبح کو جوش دیں۔ جب پانی ایک سیر رہ جائے تو چھان کر ایک سیر چینی ملاکر شربت بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ تولہ ہمراہ عشبہ ۵ تولہ صبح شام پلائیں۔

فوائد: کھجلی‘ داد‘ پھنسیاں‘ سوزاک‘ آتشک اور جذام کو دور کرتا ہے۔

اس شربت کا نسخہ حاجی محمد احمد خان صاحب کے مشورہ سے تیار ہوا اور ہندوستانی دواخانہ دہلی نے شائع کیا۔

نکات مطب: خون صاف کرنے والے جتنے شربت ہیں وہ انہی اجزاء سے بنتے ہیں۔لہٰذا اسی کو معمول بنالیا۔

(۲۰۲۹) حکایت

ایک مریض کے پورے جسم پر پھنسیاں‘ داد اور خارش کی تکلیف تھی۔دیسی ولائتی علاج کروا چکا تھا۔ہر وقت کپڑوں میں جراثیم کی شکایت کرتا تھا۔اسے **شربت مصفی خون** ایک بوتل تیار کرکے پلایا۔(نہایت خوبصورت سرخ رنگ کا شربت بنتا ہے۔)

ھواشافی: منڈی بوئی‘ برادہ ریشم ۴-۴ تولہ‘ چرائتہ ۳ تولہ‘ برگ حنا‘ برگ نیم‘ شاہترہ‘ صندل سرخ وسفید‘ عشبہ ۲-۲ تولہ‘ عناب ۲۵ دانے۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ کر رات کو بھگودیں اور صبح جوش دے کر نتھار کر تین پاؤ چینی ملاکر شربت بنالیں

مقدار خوراک: ۳-۳ تولہ صبح شام۔تیار کرکے مریض کو دیتا رہا ہوں۔

اس کے بعد مریض آیا تو اس کی جلد صاف ہوچکی تھی۔لیکن اس دفعہ مریض قبض کی شکایت لے کر آیا تو اسے ایک بوتل درج ذیل اجزاء سے بنا کردی۔

(۲۰۳۵)

ھوالشافی: عشبہ ۲ تولہ ہذا چرائتہ ۴ تولہ

ترکیب تیاری: دو بوتل پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو نتھار کر ابال لیں۔ جب پانی ایک بوتل رہ جائے تو میگنیشیا سلف ایک پاؤ شامل کر کے بوتل بنا دیں۔

فوائد: اس کے پینے سے مریض کی قبض بھی دور ہو گئی۔

نکات مطب: میگنیشیا سلف والی یہ بوتل لاجواب ہے۔ صرف اسی بوتل سے خارش اور پھوڑے دور ہو جاتے ہیں میرے علاوہ دو اور دوستوں نے بھی اس کی تعریف کی ہے

حکماء یونان نے لکھا ہے کہ ایسے شربت اور جوشاندے چودہ روز پلانے کے بعد **عرق ہفت روزہ** کا مطبوخ سات دن پلانا امرلض جلد کو مفید ہے۔ مجرب ہے۔

اس کے بعد ضرورت ہو تو اطریفل شاہترہ اور معجون عشبہ کھلائیں۔ ہر قسم کے امراض جلد دور ہو جاتے ہیں۔ قدیم اطباء دہلی اور لکھنؤ نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔

(۲۰۳۱) عرق ہفت روزہ

ھوالشافی: پوست درخت نیم، پوست درخت کچنال، بیخ حنظل، پھلی ببول خام، کٹائی خورد بمعہ جڑ برگ وثمر، قند سیاہ تمام ۱۰۔۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: تین سیر پانی میں کچل کر بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ جب پانی ایک بوتل رہ جائے تو نتھار کر ایک بوتل تیار کریں اور سات خوراک بنا لیں۔

طریقہ استعمال: ہر روز صبح ایک خوراک پلایا کریں اس سے اسہال آئیں گے ہر دفعہ اسہال آنے کے بعد عرق سونف نیم گرم دیں۔ مروڑ لگ جانے کی صورت میں ناغہ کریں اور افاقہ ہونے کے بعد دوبارہ شروع کریں

سات خوراک پوری کریں۔

غذا: نرم کھچڑی اور مرغن۔

شام: خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ کھلائیں

فوائد: سوداوی اور بلغمی امراض مارے خارج ہو جائیں گے۔

تمام قدیم اطباء کا اس پر اتفاق ہے کہ شربت مذکور بالقوع شاہرہ چودہ روز پلا کر یہ مطبوخ پلایا جائے تو اس کے بعد معجون عشبہ شام کے وقت اور اطریفل شاہترہ صبح کے وقت ہمراہ عرق مصفی دیں اور پھر ''ثنایا عام یا جوہر مرکب گیا ہیہ'' کھلایا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ جسم سے خرابی خون مادہ دور نہ ہو۔

حکیم دلبر حسن خاں، حکیم اجمل خاں اور مولانا جمیل احمد انصاری پرنسپل نے بھی اس کی تعریف کی ہے۔

نوٹ: حکماء نے لکھا ہے کہ اگر جوشاندہ روز تیار کر کے پلایا جائے تو مروڑ نہیں پڑتا ایک تجربہ کار حکیم اس کو ضیق النفس اور وجع المفاصل کے مریضوں کو پلانے کے بعد اصل مرض کا علاج شروع کرتا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ اس طریقہ سے ضیق النفس اور وجع المفاصل کا مادہ جڑ سے نکل جاتا ہے

(۲۰۳۲) جوہر شفا عام

ھوالشافی: رسکپور، دار چکنہ، سم الفار سفید ایک، ایک تولہ، لے کر آب اندرائن سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر جوہر اڑائیں اور بمقدار ۲ چاول کیپسول میں بھر کر سات روز دیں۔

(۲۰۳۳) حب رسکپور

ھوالشافی: رسکپور، دانہ الائچی سفید، لونگ، عاقر قرحا مساوی الوزن

ترکیب تیاری: باریک کر کے حب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

(۲۰۳۴) جب سیماب

ھوالشافی: سیماب ۲ ماشہ، مصطگی رومی، عاقر قرحا ۲۰۔۲۰ ماشہ۔ سم الفار سفید ایک ماشہ

ترکیب تیاری: پہلے پارہ اور سم الفار کو آب لیموں سے اتنا کھرل کریں کہ سیماب ناپید ہو جائے

اب مصطگی اور عاقر قرحا ملا کر آب لیموں سے کھرل کر کے مونگ برابر گولی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک، ایک گولی صبح شام ہمراہ شوربا بکری۔ یا مرغ یا ارہر کی دال اور چپاتی سے دیں۔

فوائد: ناسور، بھگندر، آتشک، جذام کو جڑ سے ختم کرتی ہے۔

قرابادین اکمل و اعظم والوں نے سب سے پہلے اس نسخہ کو لکھا اور اس زمانہ کے حکماء نے اس کا خوب تجربہ کیا۔ اور کہا کہ یہ گولیاں کھانے سے منہ میں دانے یا سرخی پیدا نہیں ہوتی مرض خواہ کسی وجہ سے ہو فائدہ دیتی ہے۔

حکیم عبدالرحیم نظام آبادی' خافظ جمیل احمد انصاری اس نسخہ کے مداح ہیں میں نے بھی ایک مرتبہ تیار کر کے خنازیر کے مریض کو دی تھیں۔ لاجواب گولیاں ہیں۔

(۲۰۳۵) لاجواب شربت

ماءالجبن کے تمام طریقے مراق کے باب میں لکھ آیا ہوں لیکن ایک اور بھی لاجواب شربت ہے۔ ایک وید صاحب نے اس کا اشتہار دے رکھا تھا کہ خرابی خون کے تمام امراض کو مفید ہے۔

ھوالشافی: سولہ سیر شیر گاؤ لے کر اس کا عرق چار بوتل نکال لیں۔ اور اس عرق میں: عشبہ مغربی ۵ تولہ' برادہ چوب چینی' سنا مکی' ہلیلہ سیاہ' گل سرخ' فصلی عناب ۳۔۳ تولہ' برگ شاہترہ' برگ بادرنجبویہ' برادہ شیشم' گل منڈی' برگ گاؤزبان' تخم شاہترہ' افتیمون ولائتی درپارچہ بستہ' تخم کاسنی' صندل سرخ ہر ایک سوا تولہ کو فتہ کر کے ملائیں اور جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو ڈھائی سیر چینی ملا کر شربت بنا۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ مقدار میں پانی ۱۰ تولہ تازہ یا نیم گرم میں ملا کر پلائیں

پرہیز: مرچ سرخ' گڑ' تیل' کھٹائی' مچھلی' شراب' گرم اشیاء۔

غذا: گندم کی روٹی یا چنے کے آٹے کی روٹی' مسور کی دال' توری' ٹینڈے' کدو' ٹھنڈی ترکاری دیں

فوائد: خون صاف کرنے میں ایسی تاثیر رکھتا ہے کہ جس طرح گندے کپڑے کو صابن صاف کرتا ہے۔

چند دنوں میں ہی خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے پھوڑے' پھنسیاں' خارش خشک وتر آتش جسم پر سرخی وسیاہی مائل دھبے پڑنا ختم کر دیتا ہے۔

چہرہ پر بدنما دھبے پڑنا۔

طبیعت میں گرمی رہنا۔ جسم بوجھل ہونا وغیرہ کو نیست و نابود کرتا ہے

اس کے استعمال سے بدن میں صالح خون کی افزائش شروع ہو جاتی ہے۔

نوٹ: میرے خیال میں عرق الگ نکال کر اور شربت الگ بنا کر پلاتے وقت ملائیں۔ یا ہر روز دودھ کو پھاڑ کر اس کے پانی میں شربت مذکور ملا کر پلانا مفید ہوگا۔

(۲۰۳۶) مرہم اعجاز

طب جدید شاہدرہ والوں نے ایک **"کتاب صدمات"** بھی لکھی ہے، اس میں زخموں وغیرہ کے لیے ایک مرہم لکھی ہے، جو کہ ورموں کو تحلیل اور زخموں کو دور کرتی ہے۔

ھوالشافی: بال زنانہ، سیندور، مردار سنگ، رال سفید، نیلا تھوتھا، اجوائن دیسی، سینگ بکرا، سفوف نمک۔ شیشہ مسحوق۔ ہلدی، برگ نیم، مرچ سرخ، پیاز، رتن جوت۔ گوگل ۶۔۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے ۱۰ تولہ کو تیل سرسوں ایک پاؤ کے ساتھ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب گرم ہو جائے تو ادویہ مذکورہ ملا کر لصف گھنٹہ تک آگ پر ہی گھوٹیں اس کے بعد آگ پر سے اتار کر خوب گھوٹیں حتیٰ کہ مرہم بن جائے۔

فوائد: ہر قسم کے گندے زخموں اور اورام کو تحلیل کرنے میں مجرب ہے

(۲۰۳۷) نسخہ از گلدستہ مجربات

(مولفہ حکیم اللہ بخش فیروز پوری)

حکیم اللہ بخش فیروز پوری نے بڑی محنت سے قریباً تیس سال محنت کر کے گلدستہ مجربات مرتب کی اس میں انہوں نے دو نہایت مجرب علاج لکھے۔ عام طبیوں نے ان نسخوں کو اپنے معمولات میں شامل کر لیا

(۲۰۳۸) دھدر کے لیے لاجواب نسخہ :۱

پہلے ہلکا سا منضج کر کے مسہل اور اس کے بعد یہ نسخہ استعمال کرائیں

ھوالشافی: بنفشہ ۹ ماشہ۔ گاؤزبان ۶ ماشہ، عناب ۲۱ دانے، شاہترہ ۵ ماشہ

ترکیب استعمال: گرم پانی میں بھگو کر سات دن تک پلائیں اس کے بعد

عشق پیچہ خام ۴ ماشہ، پوست ہلیلہ ۳ ماشہ زرد ۳ ماشہ، تربد سفید ۲ ماشہ، گوند کتیرا ۲ رتی، سنا مکی ایک ماشہ بادام روغن ۴ ماشہ، مصری کوزہ ۳ ماشہ۔

ترکیب استعمال: تمام ادویہ کو سفوف کر کے پھانک لیں۔ اور اوپر سے شیرہ مغز بادام ۳۰ عدد، مصری ۶ تولہ، شیرہ بنا کر پلائیں اس سے آٹھ اسہال ہونگے، ہر اسہال کے بعد دو گھونٹ سرد پانی پئیں۔

لگانے کے لیے

گندم کی روٹی سوختہ ۵ تولہ، کمیلہ ۵ تولہ، کالک تندور کے چھپر یا بھڑ بھونجہ کی بھٹی ۵ تولہ۔

ترکیب استعمال: جملہ اشیاء کو باریک کر کے اس سے دو چند مکھن گائے صد آب شستہ ملا کر مرہم بنالیں اور داد کے مقام پر اس کا لیپ کریں۔ ہر روز اس کے اوپر لیپ کرتے جائیں تین دن گزرنے کے بعد جوشاندہ برگ نیم سے دھوئیں اور قدرے صابن لگا کر صاف کر کے پھر لیپ کر دیں۔ یہ عمل کئی مرتبہ کریں۔ مجرب ہے۔

حکیم صاحب کے حقیقی بھائی حافظ الٰہی بخش کو عرصہ ۱۳ سال سے داد تھی۔ انتہائی زہریلی ادویہ اور تیزاب وغیرہ بھی لگاتے رہے لیکن ختم نہ ہوئی۔ لیکن اس علاج سے جڑ سے دور ہوگئی۔ اس کے بعد ۴۰ یوم تک۔

مصری کوزہ ۶ ماشہ، مکھن گاؤ تازہ ۳ تولہ کو آگ پر گرم کر کے کھائیں یا عرق گاؤزبان ملا کر نوش کریں۔

فائدہ: تمام عمر اس مرض سے نجات رہے گی۔ اس لیپ کا اکثر کتب میں ذکر ملتا ہے طب جدید شاہدرہ والوں نے بھی اپنے معمولات میں اسے مجرب لکھا ہے۔

(۲۰۳۹) نکات مطب

پرانے اطباء نے اس طرح لکھا ہے کہ گاؤزبان ۹ ماشہ کو ہلکا جوش دے کر اس میں بادام روغن ۳ تا ۶ ماشہ ملا کر پینا اس مرض کو دور کرنے میں مجرب ہے۔

مدت کورس: ۴۰ دن

صاحب ''گلدستہ مجربات'' نے روغن بادام کی جگہ مکھن گائے اور جوشاندہ گاؤزبان کے

بجائے عرق گاؤزبان لکھا ہے اور گاؤزبان کے خواص میں لکھا ہے کہ دافع سودا ہے

بادام روغن.....دافع خشکی، مرطب دماغ، ملین شکم، منوم۔ مقوی دماغ اور دافع خشکی ہے اور خوراک میں سب سے اول ہے۔ دنیا میں جتنے پہلوان گزرے میں سب ہی پستہ بادام کھاتے تھے۔ کیونکہ یہ جسم کو بہت زیادہ طاقت پہنچانے کی خاصیت کا حامل ہے.............دافع سوزش جگر ہے

۲(۲۰۴۰)

ترکیب تیاری: دودھ گائے سولہ سیر لے کر اس سے ۴ سیر عرق کشید کریں دیگ میں بچنے والے فضلہ میں چینی ملا کر مٹھائی بنالیں۔ اس عرق سے عنبر جیسی خوشبو آتی ہے

عرق مذکورہ ۷ تولہ، عرق گاؤزبان ۵ تولہ، عرق شاہترہ ڈھائی تولہ، ذرا گرم کر کے برگ سنا مکی صاف ۳ ماشہ، گل سرخ بہاری ایک ماشہ، عشبہ کوفتہ ۳ ماشہ کو بھگو دیں۔

ترکیب استعمال: صبح کو مل چھان کر بادام روغن، ۳۰ قطرے اور شربت عناب ۳ تولے ملا کر پلا دیں۔ اس کے پینے سے دو دو اسہال ہونگے۔

غذا: صرف ایک وقت (صبح) روٹی یا چاول بے نمک یا خشکہ میں قدرے مصری ملا کر مع روغن رزد۔

رات: دال روٹی مگر نمک کم۔

پرہیز: ساگ، میتھی، بینگن، دال موٹھ، قند سیاہ، ترشی اور گرم اور خشک اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔

نوٹ: دو روز دوا پی کر ایک دن ناغہ کریں دو یا تین ہفتے میں مکمل صحت ہو جائے گی۔

(۲۰۴۱) نسخہ مرہم

جسم پر چھوٹے بڑے ثبورات ہونے کی صورت میں ان پر یہ مرہم لگائیں بے ضرر ہے اور ام اور سوزش کو مفید ہے۔

ھوالشافی: سفیدہ کاشغری ایک تولہ۔ کافور ایک تولہ، مردار سنگ ایک تولہ، روغن گل ۴ تولہ، موم دیسی شہد کی مکھی کا ڈیڑھ تولہ

ترکیب تیاری: پہلے ایک تولہ برگ نیم کی ٹکیہ گل روغن میں ملا کر پن لیں پھر اس میں موم

ملالیں۔ پھر مذکورہ بالا ہر سہ ادویہ باریک کر کے ۳ ماشہ گھی سے مجرب کر کے ملالیں اور آگ سے نیچے اتار لیں۔ پھر ۲ عدد سفیدی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کریں اور سفیدیاں مرہم کے سرد ہونے پر ملائیں پھر کپڑے کا پھاہا بنا کر زخموں پر لگائیں مرہم تھوڑی مقدار میں لگائیں اگرچہ زہریلی اور مضر نہیں ہے تاہم قانون یہی ہے

فوائد: آتشکی مادہ انگ انگ سے نکل جائے گا۔

اس کے پینے سے جسم کے داغ بھی مٹ جائیں گے

نطفہ بھی آتشکی مادہ سے پاک گا اور قابل بار آوری ہوگا۔

جسم کی شدھی ہو جائے گی

آتشکی دے کی وجہ سے جسم میں موجود تمام خرابیاں دور ہونگی۔

یہ دو علاج انہوں نے دعویٰ سے پیش کئے ہیں۔ جو کہ علم کے اعتبار سے ٹھیک معلوم ہوتے ہیں۔ تجربہ تصدیق کرے گا۔ لاجواب علاج ہے

(۲۰۴۲) سفوف رسکپور

ھوالشافی: رسکپور ایک ماشہ، طباشیر نقرہ ایک تولہ، الائچی خورد (بمعہ پوست) ایک، ایک تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے ملا کر ایک دو یوم کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: خوردنی ایک رتی ہمراہ مکھن کھائیں

مقامی: ایک ماشہ ڈھائی تولہ مکھن میں ملا کر مرہم بنا کر لگائیں

فوائد: دھدر، چنبل، خارش، مزمن آتشک پر لگانا اور کھلانا رسالہ ''الحکیم'' کی کئی فائلوں میں لکھا ہے

ایک لاجواب مرکب ہے۔ فی خوراک رسکپور دانہ خشخاش کے برابر آتا ہے

(۲۰۴۳) رسالہ ''الحکیم'' اپریل ۱۹۵۸ء

سوال: موسم سرما میں ہمارے علاقہ میں ایک وبا پھیلتی ہے۔ جس میں مرد عورت بچے سب مبتلا ہو جاتے ہیں بعض کو منہ میں زخم ہو جاتے ہیں تالو پھٹ جاتا ہے اور بعض کو خصیوں اور اعضائے مخصوصہ پر شدید خارش ہو جاتی ہے اور پھر زخم بن جاتے ہیں

جواب: مئی ۱۹۵۸ء

(۱) یہ ایک وبائی خارش ہے نسخہ پیش خدمت ہے۔

ھوالشافی: بابچی، گندھک آملہ سار، فلفل سیاہ، صندل سفید اصلی مساوی الوزن کا پاؤڈر بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ رتی کھلائیں اور اسی دوا کو روغن شرسف میں ملا کر مقام مرض پر مالش کریں (عبدالحمید چغتائی)

جواب: ۲:۳۵۵۹ چوب چینی ۵ تولہ، گل سرخ مصفا صرف پتیاں ۴ تولہ، رسکپور ایک تولہ

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو پیس کر مثل سرمہ باریک کریں۔

مقدار خوارک: ایک رتی مناسب بدرقہ یا ماء الجبن سے دیں۔ ایک ماشہ دوا ۲½ تولہ مکھن میں ملا کر مالش کریں از حکیم محمد حسین صاحب)

نکات مطب: پہلے مسہل دیں پھر مناسب بدرقہ سے کھلائیں۔

(۲۰۴۴) مرہم داد (از کلید مطب)

ھوالشافی: تخم پنواڑ۔ سہاگہ۔ گندھک آملہ سار۔ مردار سنگ۔ کتھہ سفید ۳۔ ۳ ماشہ۔ رسکپور ۲ رتی۔ مرہم سادہ ۲½ تولہ میں ملا کر مرہم بنالیں۔

ترکیب استعمال: اول داد کے مقام کو کار بالک صابن سے دھو کر خشک کریں اور پھر اس پر مرہم لگائیں۔

(۲۰۴۵) مرہم سادہ

تیل ۵ تولہ۔ چربی ۵ تولہ۔ موم سفید ۲½ تولہ کو گرم کر کے مرہم بنالیں۔ مجرب نسخہ ہے۔

(۲۰۴۶) خارش مزمن کا مریض

سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ گھی ۸ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر نیم کے دستہ سے ۵ گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر اس میں گھی ملالیں۔

ترکیب استعمال: مریض کا منہ ناک اور سر بچا کر باقی جسم پر مل دیں۔ مریض کا سر سایہ میں اور باقی جسم دھوپ میں ہو اور ایک گھڑی (۳ گھنٹہ) کے بعد خشک مٹی (سفوف) اس کے جسم پر مل دیں اور گرم پانی سے نہلا دیں۔ صرف ایک دو دن یہ عمل کرنے سے خارش دور ہو جائے گی۔

نکات مطب: یہ نسخہ قرابادین اکمل اعظم کا ہے۔ اس دور کے لوگوں نے اسے مجرب لکھا ہے۔ اور حکیم علم الدین صاحب بھاگووالیہ نے بھی اسے مجرب لکھا ہے۔ علامہ جلیل احمد صاحب انصاری فرماتے ہیں کہ سم الفار ایک ماشہ کافی ہے۔

میری ذاتی رائے یہ ہے کہ میریض خالی پیٹ نہ ہو۔ مرغن غذا کھلا کر طلاء کریں۔ سر سایہ میں ہو اور باقی جسم کو صرف ایک گھنٹہ دھوپ میں رکھنا کافی ہے۔ مریض کے نہانے کے بعد سارے جسم پر گھی یا تیل کی مالش کریں۔

اگر مریض گبھراہٹ وغیرہ محسوس کرے تو گھی گرم ڈھائی تا ۵ تولہ دودھ میں ڈال کر پلا دیں۔ مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں۔ سم الفار کا مزمن مرض میں لگانا اور کھلانا مجرب ہے۔

مرہم داد سے پہلے لگائیں۔

(۲۰۴۷) ایک اور سوال

سوال: عرصہ تین سال سے جسم پر خارش شروع ہو جاتی ہے۔

جواب: جلدی مرض ہے۔ یہ سفوف تیار کریں۔

ھوالشافی: چوب چینی ۱۰ تولہ۔ بسفائج ایک تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ گل گاؤزبان ایک تولہ۔ ترپھلہ ۳ تولہ۔ ترکٹہ ۳ تولہ لے کر تمام اشیاء کو خوب باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ ماشہ ہمراہ رُب عناب ۲ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۵ تولہ۔ ملا کر دیں۔

فائدہ: امراض جلد۔ چھپاکی وغیرہ کو لاجواب ہے۔

مدت کورس: ۴۰ روز

نکات مطب: اس نسخے میں چوب چینی ہے۔ یہ ملطف (تازہ مجفف) محلل فضلات ردیہ۔ مفتح سدد اور مصفی خون ہے۔ پرانے امراض سوداویہ دمویہ۔ دماغی خلل اور جنون میں مفید ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ وجع المفاصل۔ آتشک کو دور کرتی ہے۔ محافظ حرارت عزیزی اور رطوبات ردیہ کو خشک کرنے والی ہے۔

نوٹ! سفوف مذکور دینے سے قبل مریض کو مسہل دیں۔

(۲۰۴۸) حب برص

اس مرض میں جسم پر جا بجا سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔ منضج پلا کر مسہل دیں۔ اس کے بعد ادویہ شروع کرائیں۔ بہتر ہے کہ ہر دس دن کے بعد مسہل دیں اور یہ گولیاں کھلائیں۔

ھوالشافی: بھلانوہ ایک تولہ۔ باپچی ۹ تولہ۔ ترپھلہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے گولی بقدر دانہ نخود بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲۔۲ گولی دن میں ۳ مرتبہ

خارجی استعمال: گولی کو باریک کر کے لگا دیں۔ اس سے داغ مٹنے شروع ہو جاتے ہیں۔ یہ نسخہ نظریہ مفرد اعضاء والوں کا ہے۔ میں نے کئی مریضوں کو دیا اور مفید پایا ہے۔

(۲۰۴۹) روغن برص

ھوالشافی: لہسن مصفی ۵ تولہ۔ روغن کنجد ایک پاؤ

ترکیب تیاری: لہسن کو تیل میں پکائیں جب سیاہ ہو جائے تو پن کر اس کی مالش کریں۔

علاج کافی وقت تک جاری رکھیں (۶ ماہ تا ایک سال)

پرھیز: بلغمی اشیاء

(۲۰۵۰) سفوف برص (طب جدید شاہدروی)

ھوالشافی: کشتہ سم الفار ایک ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ایک ماشہ۔ سہاگہ سفید ایک ماشہ۔ چینی ۴۰ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی صبح وشام اندرونی طور پر دیں۔

فوائد: اس کے مسلسل استعمال سے برص (پھلبہری) دور ہو جاتا ہے۔ اشتہاری نسخہ ہے۔

(۲۰۵۱) معجون انقردیا (طب جدید شاہدروی)

ھوالشافی: بھلانوہ مدبر۔ مغز اخروٹ۔ مغز ناریل۔ تل مقشر۔ مال کنگنی۔ باپچی۔ روغن گاؤ ۵۔۵ تولہ۔ شہد خالص ۱۳ چھٹانک

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو باریک کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ۔

فوائد: برص سفید۔خدر۔فالج۔لقوہ۔موٹاپا اور کمی باہ کولا جواب ہے۔

طریقہ بھلانوہ مدبر: بھلانوہ کوٹ کر دس گنا پانی میں ملا کر ایک گھنٹہ جوش دیں اور پانی کو پھینک دیں۔یہ عمل چار دفعہ کریں۔(از حکیم محمد صدیق فاضل طب جدید شاہدروی)

(۲۰۵۲) اکسیر برص

ھوالشافی: سم الفار سفید ۳ ماشہ۔تخم مولی ۳ تولہ۔

ترکیب استعمال: دونوں اجزاء کو باریک کر کے رکھیں اور ملنے سے ۲ گھنٹہ پہلے سرکہ میں رکھیں۔جب خمیر اٹھ آئے تو برص کے داغوں پر تھوڑا تھوڑا مل دیں۔اگلے دن صبح دہی مل کر نہا لیں۔

مدت کورس: صرف تین دن لگانا کافی ہے۔صاحب نسخہ کا دعویٰ ہے کہ تین روز میں چہرہ درست ہو جاتا ہے۔

احتیاط: یہ دوا منہ اور آنکھوں میں نہیں لگنی چاہیے

مفردات

غاریقون ۳ ماشہ کھلانا برص کو دور کرتا ہے۔

حب النسیل ۱ ماشہ کھلانا بلغمی مواد کا تنقیہ کر کے برص کو دور کرتا ہے۔

ریٹھے کا چھلکا پیس کر ضماد کرنا اور بقدر نخود گولی بنا کر کھلانا بھی مفید ہے۔

کلونجی کو سرکہ میں پیس کر ضماد کرنا سفید داغوں کو دور کرتا ہے۔

(۲۰۵۳) سفوف سمی

ھوالشافی: سم الفار سفید ایک ماشہ۔چینی سفید ۸۰ ماشہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر ۱۲ گھنٹے کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی صبح شام ہمراہ پانی (از طب جدید شاہدروی)

(۲۰۵۴) اکسیر نایاب

باونچی باریک کر کے رکھیں اور ۳ ماشہ سفوف باونچی رات کے وقت ۱۰ تولہ پانی میں بھگوئیں۔

صبح کو اس کا زلال لے کر مصری یا شہد ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور پھوک کو سرکہ میں رگڑ کر مقام ماؤف پر ضماد کریں۔

فوائد: ❀ ہر قسم کے داد۔ چنبل۔ برص۔ بالچر اور گنج کو دور کرتا ہے۔ مصفی خون ہے۔

❀ بہق کو دور کرتا ہے۔ خارش کے لیے مفید ہے۔

❀ نزلہ زکام کھانسی مزمن کو دور کرتا ہے۔

❀ مقوی معدہ اور دافع کرم ہے۔ قبض اور بواسیر کو مفید ہے۔ کم خرچ اور لاجواب ہے۔

منڈی فاروق آباد کے ایک حکیم نے اس کا خوب تجربہ کیا ہے۔ اس کے استعمال سے سفید داغ پہلے سرخ ہوتے ہیں پھر آہستہ آہستہ کھال اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔

(۲۰۵۵) حب وشیاف برص

حکیم عبداللہ بسمل صاحب فرماتے ہیں کہ بانجی ۲ تولہ۔ سم الفار ایک رتی کو عشبہ کے تیز عرق سے تین یوم کھرل کریں۔ اور ایک سو گولی بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ کھانے اور لگانے کے لئے دیں۔

ھوالشافی: سم الفار سفید۔ ہڑتال ورقی۔ سہاگہ۔ مجیٹھ۔ رائی۔ صندل سفید۔ شنگرف۔ مغز پلاس پاپڑہ۔ آملہ۔ ہلیلہ زنگی۔ نوشادر۔ گندھک۔ آملہ سار اور پارہ۔

ترکیب تیاری واستعمال: تمام ملا کر سرکہ میں کھرل کر کے شیاف بنائیں اور سرکہ میں گھس کر برص کے داغوں پر لگائیں۔

یہ شیاف نہایت تیز ہیں ان کے لگانے سے اگر چھالے پڑ جائیں تو لگانا چھوڑ دیں اور جلد کو دیسی گھی سے چپڑیں۔

(۲۰۵۶) متقدمین نے لکھا ہے کہ......

ھوالشافی: دار چکنہ ۶ ماشہ۔ صندل سفید ۲½ تولہ۔ دونوں اجزاء کو باریک کر کے پانی میں حل کر کے مقام برص پر لگائیں اور دو گھنٹہ بعد دھو کر صندل سفید و صندل سرخ پانی میں پیس کر ضماد کریں۔ جب آبلہ پیدا ہو جائے تو مناسب مرہم لگا کر علاج کریں۔

علامہ جلیل احمد صاحب فرماتے ہیں کہ برص کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔ برص کے داغوں کو دور کرنے میں دونوں نسخے مجرب ہیں۔

(۲۰۵۷) حب لاجواب

ھوالشافی: شنگرف۔ رسکپور۔ دار چکنہ ۳۔۳ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۹ ماشہ۔ کتھہ سفید ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری: عرق گلاب سے کھرل کریں اور گولی بقدر دانہ باجرہ بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ ۵ تولہ گھی دیسی اور آدھ سیر دودھ پئیں۔

نکات مطب: آتشک۔ ناسور۔ خرابی خون اور امراض خبیثہ میں پرانے اطباء ان کا جوہر نکالتے تھے۔ یہ نسخہ اگر تیار کرلیا جائے تو جوہر نکالنے کی ضرورت نہیں۔ مسہل دے کر دینا زیادہ بہتر ہے۔

فوائد: برص۔ خنازیر۔ ناسور۔ بھگندر کو مفید ہے۔

(۲۰۵۸) مصفی خون کم خرچ

ھوالشافی: چھال نیم۔ باوچی ۵۔۵ تولہ۔

ترکیب: دونوں کو خوب باریک کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ رات کو بھگو کر صبح زلال میں شہد ملا کر پلائیں اور پھوک کو سرکہ میں ملا کر مقام برص پر لگائیں یہ خارش کو صاف کرتی اور برص کے داغوں کو دور کر کے جلد کو درست کرتی ہے۔ (از: رسالہ آب حیات ۱۹۲۲ء میں نہایت اچھے الفاظ سے لکھا ہے)

(۲۰۵۹) برص کے لئے آیورویدک لیپ

ھوالشافی: آک کی جڑ کا چھلکا۔ باوچی۔ ہلدی ۵۔۵ تولہ۔

ترکیب تیاری واستعمال: تمام اجزاء کو باریک کر کے رکھیں اور بول مادہ گاؤ یا سرکہ نیشکر میں رگڑ کر داغوں پر لیپ کریں۔ اگر جلن ہو تو مناسب تیل لگائیں۔

فوائد: برص کے داغ مٹ جاتے ہیں۔ چھوت دار کھجلی اور برص کے لئے لاجواب لیپ ہے۔ (از: طبی جواہرات)

(۲۰۶۰) لیپ برائے بہق

ھوالشافی: پھٹکڑی سفید۔ نیلا تھوتھا ۵۔۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر آگ پر رکھ کر پھلہ کریں اور ٹھنڈا ہونے پر وزن کریں اور اس وزن کی نصف مقدار گندھک ڈنڈا باریک کر کے ملائیں۔

ترکیب استعمال: اس میں سے ٦ ماشہ لے کر دہی میں ملا کر داغوں پر لیپ کریں اور اچھی طرح جذب کریں جب خشک ہو کر جھڑ جائے تو صابن لگا کر نہالیں۔

فوائد: داغ دور کرنے میں مجرب ہے۔

میں نے اس نسخہ کو تیار کر کے بہت سے مریضوں کو دیا۔ امراض جلد میں وزن کم وبیش کر کے لگا تا رہا ہوں۔ برص میں اکسیر ہے۔

(۲۰٦۱) روغن ورقی آیورویدک

اجزاء: ہڑتال ورقیہ۔ گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ۔ تیل سرسوں ایک پاؤ

ترکیب تیاری: ہر دوا دویہ کو باریک کر کے تیل سرسوں میں ملا لیں اور آگ پر رکھ کر بیس منٹ تک پکائیں۔ جب تیل دھواں دینے لگے تو جلدی سے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں اور خارش کی جگہ پر مل دیں جب دوبارہ خارش ہو تو پھر مل دیں۔ یوں صبح سے شام تک ملتے رہیں اور شام کو صابن لگا کر نہالیں صرف تین روز کافی ہے۔

آیورویدک والے کہتے ہیں کہ یہ تیل ہمارا صدہا بار کا مجرب ہے۔ اس کے علاوہ داد چنبل پر مالش کرنا بھی مفید ہے۔

نکات مطب: ورقی ایک لاجواب دوا ہے یہ گندھک اور سم الفار کا مرکب ہے۔ گندھک امراض جلد میں چوٹی کی دوا ہے۔

احتیاط: دوا تیار کرتے وقت دھوئیں سے بچنا لازم ہے۔

❀❀❀

چھپاکی

(۲۰۶۲)

جلدی مرض چھپاکی کے مریض کو پورے جسم پر سرخ دھپڑ بن جاتے ہیں۔خوب خارش ہوتی ہے لیکن دھپڑوں سے مواد کسی بھی قسم کا خارج نہیں ہوتا۔جب دھپڑ ختم ہو جاتے ہیں تو جلد صاف ہو جاتی ہے۔

بعض اوقات چھپاکی برسوں جان نہیں چھوڑتی۔پندرہ سال پرانے چھپاکی کے مریض تو میں نے بھی دیکھے ہیں۔

ایک ایم۔بی۔بی۔ایس دوست نے کہا کہ الرجی۔چھپاکی کے علاج میں ہم بے بس ہیں اسی طرح ایک ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس دوست نے بھی ہومیوپیتھی کی ناکامی کا اعتراف کیا۔

علامات وعلاج: غذا کھانے کے بعد اگر مریض کو متلی ہو اور چھپاکی نکل رہی ہو تو فوراً قے کرائیں۔نمک پانی میں حل کر کے پلائیں فوری طور پر قے ہوگی۔

اسہال کے لئے کیسٹر آئل پلا دیں اس سے آنتیں صاف ہوں گی۔یہ علاج ابتدائی حالتوں میں فوری کرنا انتہائی مفید ہے۔

(۲۰۶۳)

گرم پانی سے غسل کرنے سے بھی چھپاکی دور ہو جاتی ہے۔پودینہ خشک اگر تازہ ہو تو ایک تولہ خشک گھوٹ کر پن کر ہمراہ نوشادر چار رتی صبح وشام کھلائیں تو چھپاکی غائب ہو جاتی ہے۔

(۲۰۶۴) چھپاکی:۱

ھوالشافی: کالی مرچ ۲ عدد۔گیری ۲ رتی۔کافور ایک ٹکیہ رگڑ کر ایک سلائی آنکھ میں لگا

دیں۔

(۲۰۶۴) سرمہ چھپا کی: ۲

الائچی خورد ۱۴ عدد کے دانے نکال کر نوشادر ایک ماشہ باریک کر کے بوتل میں محفوظ کر لیں۔ چھپا کی کے مریض کی آنکھ میں سلائی سے لگا کر ہوا سے بچا کر بٹھا دیں۔ چھپا کی دور ہو جائے گی۔

(۲۰۶۵) حکایت

ایک بار مجھ کو عشاء کی نماز کے بعد دونوں پاؤں پر شدید خارش ہوگئی میرے پاس مندرجہ ذیل سرمہ تیار تھا میں نے فوراً آنکھوں میں لگا لیا۔ طبیعت کو سکون محسوس ہوا۔ نیند آ گئی اور چھپا کی دور ہوگئی۔

ھوالشافی: فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ فلفل دراز ۴ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۴ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۳ تولہ۔ نمک سیندھا ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے ڈبیا میں سنبھال لیں۔

فوائد: دھند۔ جالا۔ غبار۔ ککرے۔ ناخونہ کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی خارش کو ختم کرتا ہے۔ مقوی بصر ہے۔ سرمہ کو مدبر کرنے کے لئے گرم کر کے سات بار آب ترپھلہ میں بجھاؤ دیں۔

(۲۰۶۶) اکسیری عرق

گئے وقتوں کی بات ہے کہ ایک ماسٹر صاحب جو کہ طب کو بھی تھوڑا بہت سمجھتے تھے۔ عرق گلاب ایک بوتل میں ۲ رتی نیلا تھوتھا ملا کر بدن پر مالش کرنے کو کہتے تھے اور اس کے لگانے سے چھپا کی دور ہو جاتی تھی۔ ایک بوتل عرق گلاب میں نیلا تھوتھا ۴۰۰ واں حصہ آتا ہے۔

(۲۰۶۷) اکسیر چھپا کی

ناگ کیسر باریک کردہ کو پانی کے ساتھ ۳ ماشہ کھلانا یا شہد میں ملا کر چٹانا مفید ہے۔ میں نے دو مایوس مریضوں کو ناگ کیسر ۵ تولہ کو ۱۵ تولہ شہد خالص مصفا میں معجون بنا کر

دی۔ یہ دوا کھانے سے ان کی چھپا کی دور ہوگئی۔ آج دس سال گزر چکے ہی۔ دوبارہ نہیں ہوئی۔

(۲۰۶۸) گلقند

گل مدار تازہ سے دوگنا چینی ملا کر گلقند تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ۔ (مجرب از: حکیم علم الدین بھاگووالیہ)

(۲۰۶۹) حب جل نیم

جل نیم کے ہم وزن مرچ سیاہ ملا کر حبوب بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی دن میں تین بار شہد میں پانی ملا کر دیں۔

فائدہ: چھپا کی کو دور کرتی ہے۔

نکات مطب: جل نیم اس قدر مصفی خون ہے کہ سانپ کے زہر اور جذام کو دور کرتی ہے

(۲۰۷۰) حب جل نیم کلاں

اجزاء: برگ جل نیم۔ مغز چاکسو۔ رسونت مصفی۔ سرپھوکہ۔ برہم ڈنڈی۔ فلفل سیاہ ۵۔ ۵ تولہ۔ کچور ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک کر کے گولی مرچ سیاہ کے برابر گولی بنالیں۔

فوائد: جن عورتوں کے بچے زہر باد۔ ام الصبیان۔ خرابی خون کے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہوں۔ وہ ایام حمل میں ایک ایک گولی صبح شام کھائیں۔ ان کے کھانے سے اٹھرا ختم ہو جائے گا۔

فوائد: خونی بواسیر۔ نواسیر۔ بھگندر۔ ہر قسم کی خرابی خون دور ہوگی۔ عورتوں کے پستان کا زہر باد بھی دور ہو جاتا ہے۔

ایک صاحب نے رسالہ میں ہمدردی کے ساتھ پیش کیا (از: رہنمائے زندگی)

(۲۰۷۱) روغن بلادر

بھلانوہ کا تیل نکال کر محفوظ کرلیں۔

(۱) **ترکیب تیاری:** ۳ ماشہ تیل بھلانوہ لے کر ۹ تولہ چینی میں کھرل کریں۔ پہلی طاقت تیار ہے۔

(۲) ترکیب تیاری: پہلی طاقت سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی میں ملا کر کھرل کریں۔ دوسری طاقت تیار ہے۔

(۳) اب دوسری طاقت سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر کھرل کریں گے تو تیسری طاقت تیار ہو جائے گی۔

مقدار خوراک: ایک ایک رتی دن میں چار مرتبہ ہمراہ پانی۔

فوائد: چھپا کی کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔ اور اگر ایک قطرہ روغن بلادر کا ۵ تولہ تیل کنجد میں ملالیں اور چھپا کی خارش میں اس کی مالش کریں تو مفید ہووے اس کا نام روغن بلادر ہے۔

(۲۰۷۲) سوڈا بائی کارب

سوڈا بائی کارب ایک تولہ۔ چونا ان بجھا ایک ماشہ۔ پانی ایک پاؤ

ترکیب تیاری: دونوں چیزوں کو پانی میں بھگو دیں۔

اس کا زلال چھپا کی کی جگہ ملنا چھپا کی کو رفع کرتا ہے۔

طب جدید شاہدروی کے موجد علامہ احمد دینؒ نے اسے اپنی کتاب **''ہمارا مطب''** میں لکھا ہے۔ میں نے ذاتی طور پر اس کا بارہا تجربہ کیا ہے۔

نوٹ! قبض کی صورت میں مریض کو حب منقیٰ یا میگنیشیا سالٹ ۳ تولہ دیں۔

(۲۰۷۳) سفوف انفر دیا

ایک عدد بھلانوہ کا دانہ لے کر اس کی ٹوپی دور کریں (بھلانوہ اندازاً ۳ ماشہ کا ہو) اور چینی ۱۲ تا ۱۵ تولہ لیں۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ہاون دستہ میں باریک کریں اور محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی دن میں ۴ مرتبہ ہمراہ پانی

فوائد: سوزاک۔ آتشک۔ جلن بول۔ چھپا کی۔ جسم پر گمیاں نکلنا اور چھپا کی کو مفید ہے۔ ورم خصیہ۔ ورم غدہ قدامیہ کو دور کرتا ہے۔ خارش کو بھی مفید ہے۔

عرصہ پندرہ سال سے معمول مطب ہے۔

خارش کو بھی مفید ہے۔

(۲۰۷۴) ''الحکیم'' اکتوبر ۱۹۶۴ء

سوال: ایک مریض کو ٹیکہ لگا اور اس کے بعد سے اسے ہر روز چھپاکی نکل آتی ہے۔ جواب دیں۔

لیجئے جواب حاضر ہیں۔

اجزاء: جدوار۔ درونج عقربی۔ فلفل سیاہ۔ کچور۔ صندل سرخ مساوی وزن لے کر سفوف بنائیں اور دانہ نخود کے برابر گولیاں بنا کر شہد ملے پانی سے دیں۔

فوائد: رسولیاں۔ چھپاکی اور مادہ سرطان دور ہوگا۔

(۲۰۷۵)

۲: ایک اور طرف سے بھی اس سوال کا جواب موصول ہوا۔

اجزاء: رُب عناب ۲ تولہ۔ عرق منڈی ۱۰ تولہ سے دیں۔ مجرب ہے۔ مرض مزمن ہونے کی صورت میں عرق ماء الجبن سے دیں۔

میں نے ان دونوں اجزاء کو ملا کر گولیاں بنائیں تو خراب ہوگئیں۔ لہٰذا سفوف رکھنا ہی بہتر ہے۔ (مؤلف)

(۲۰۷۶) سفوف چھپاکی

مال کنگنی ۱۰ تولہ۔ نمک طعام ۲½ تولہ باریک کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ایک ماشہ تک۔ ہمراہ پانی

فوائد: ایلوپیتھی کے مایوس مریض اس علاج سے درست ہوں گے۔ چھپاکی دور ہوگی۔ ہاضمہ خراب ہو تو اصلاح کریں یا میٹھا سوڈا فی خوراک ۴۔۴ رتی ہمراہ دیں۔

(۲۰۷۷) اکسیر چھپاکی

سرکہ اور سکنجبین ملا کر پینا	سرکہ اور عرق گلاب ملا کر ملنا
حرمل اور اجوائن کی دھونی	سانپ کی کیچلی دھونی لینا

بھی مفید ہے۔ مزمن چھپاکی کا خاتمہ صرف ایک بار دھونی لینے سے ہوجاتا ہے۔

دھونی لیتے وقت سر اور آنکھوں کو بچائیں۔

(۲۰۷۸) حکایت

حکیم اجمل خان صاحب پرانی چھپاکی میں معدے کی اصلاح کرتے۔ پیٹ صاف کرنے کی ہدات دیتے۔ چنانچہ جوارش کمونی ٦۔٦ ماشہ۔ ہمراہ جوشاندہ پودینہ ایک تولہ دیتے اور گرم اشیاء جیسے مرغ۔ مچھلی۔ گوشت ہر قسم سے پرہیز کرواتے۔

ایک صاحب اپنا تجربہ بیان کرتے ہیں کہ ہر ہفتہ تخم سویا ۲ تولہ۔ ابال کر نمک خوردنی ۲ تولہ ملاتے کرادیں۔ اس محلول سے پانچ بار قے ہوجاتی۔

فوائد: مزمن چھپاکی دور ہوگی۔

(۲۰۷۹)

جسم پر ملنے کو عرق گلاب ۵ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۳ ماشہ۔ روغن گل ایک تولہ ملا کر مالش کریں۔

(۲۰۸۰)

مویز منقیٰ ۹ دانہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ تخم کشوث اور پودینہ ۳۔۳ ماشہ۔ عرق سونف اور عرق گلاب ٦ تولہ۔ میں پیس کر شربت سکنجبین ۴ تولہ ملا کر پلانا بھی مفید ہے۔

(۲۰۸۱)

گیری۔ پھٹکڑی۔ مساوی الوزن عرق گلاب میں حل کر کے ملنا بھی چھپاکی میں اکسیر ہے۔

(۲۰۸۲)

مزمن چھپاکی کی صورت میں عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولہ۔ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ یہ تمام علاج چھپاکی میں اکسیر ہیں (از: حکیم اجمل خان صاحب)

(۲۰۸۳) حکایت

ایک شخص کو عرصہ پندرہ سال سے چھپاکی تھی۔ اس کی قبض دور کر کے یہ جوشاندہ دو ہفتے

پلایا گیا۔

اجزاء: اسرول کوفتہ ۳ ماشہ۔ برنجاسف ۳ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ زیرہ سفید ۵ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے پودینہ خشک ۵ ماشہ۔ تمام اجزاء ہر صبح پانی میں ابال کر چینی ملا کر پلائیں۔

مدت کورس: ۱۵ دن

صاحب نسخہ فرماتے ہیں کہ میں نے بیس بیس سال کی پرانی چھپاکی اس نسخہ کی مدد سے دور کی۔ خورد میں بھی اس نسخہ سے پندرہ سال پرانے چھپاکی کے مریض کا کامیاب علاج کر چکا ہوں۔

(۲۰۸۴) آیورویدک کا مجرب علاج

مرچ سیاہ ایک تولہ۔ روغن گاؤ ایک تولہ۔ شہد ۴ تولہ میں ملا کر چٹائیں اور مریض کو کپڑا اوڑھا دیں اس کے استعمال سے چھپاکی یکدم غائب ہو جاتی ہے۔

(۲۰۸۵) اکسیر چھپاکی

کشتہ صدف مروارید اور چھوٹی چندن مساوی الوزن لے کر دن میں ۳ بار بمقدار ۲۔۲ رتی دیں۔

(۲۰۸۶) ہردرا کھانڈ

یہ چھپاکی کا لاجواب علاج ہے۔ آٹھ دس روز کے استعمال سے چھپاکی غائب ہو جاتی ہے۔ دراصل اس مرض کا باعث ہسٹامین (Histamine) نامی جوہر بنتا ہے۔ جب یہ جوہر اندرون جسم کسی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے تو پتی اچھال دیتا ہے۔ یہ دوا (Anti - Histamine) خواص کی حامل ہے۔ لہٰذا اس کے استعمال سے پتی غائب ہو جاتی ہے۔ دس پندرہ سال پرانے مریضوں کو یہ ہردرا کھانڈ ۶۔۶ ماشہ متواتر دس روز کھلا دیں۔

میں کئی سال اس نسخہ کی تلاش میں سرگرداں رہا۔ آخر بہت محنت سے یہ نسخہ حاصل ہو گیا۔

ترکیب تیاری: دو سیر چینی میں پانی ڈال کر گاڑھی چاشنی تیار کریں اور اس میں درج ذیل ادویہ ڈالیں۔

اجزاء: ہلدی مدبر سفید۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۶۔۱۶ تولہ۔ دار ہلد۔ ناگرموتھا۔ اجوائن۔ اجمود۔ پوست چترک۔ کٹکی۔ زیرہ سفید۔ پیپل۔ سونٹھ۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ تیزپات۔ باؤبڑنگ۔ گلو۔ اڑوسہ۔ قسط۔ پوست ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ چب۔ دھنیا تمام اشیاء ۶۔۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ ابرک سیاہ ۶۔۶ ماشہ ملادیں۔ اس کے بعد ایک پاؤ روغن زرد بھی گرم کر کے ملادیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ تا ایک تولہ ہمراہ آب نیم گرم۔

فوائد: پرانی کتب ویدک میں لکھا ہے کہ اس کے استعمال سے سوداوی چھپاکی۔ بلغمی چھپاکی۔ چکتے نکلنا۔ کھجلی۔ چھوت دار کھجلی۔ اگزیما۔ بالخصوص مزمن چھپاکی دور ہوتی ہے۔ پرانا بخار۔ کرم شکم اور سوجن دور ہوجاتی ہے۔

آیورویدک کے پرانے گرنتھوں کا لاجواب نسخہ ہے۔ اور وید کویراج جگن ناتھ کی مجرب ہے۔

(۲۰۸۷) مجرب ویدک نسخہ

ایک صاحب نسخہ جات کا شوق رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنا مجربہ نسخہ بیان کیا۔

باپچی لے کر سات دن تک گئوموتر میں بھگوئیں۔ موتر ہر روز بدل دیا کریں۔ آٹھویں روز اسے ہاتھوں سے ملیں اس سے چھلکا دور ہوگا۔ اس کے بعد گرم پانی سے دھولیں اور گیلی گیلی ہی کوٹ لیں۔ خشک ہونے پر اس کے مساوی گندھک آملہ سار مدبر ملالیں۔ اور دونوں کے مساوی مصری کوزہ ملالیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ پانی یا شہد و گھی میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد: چھپاکی۔ چنبل۔ دھدراور دیگر امراض جلد کی لاجواب دوا ہے۔

(۲۰۸۸) حکایت

ایک صاحب جو کہ مشہور خاندانی حکیم ہیں اپنا مجربہ علاج بیان کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ مریض کو ہر سات دن بعد جلاب دیا کریں۔

خوب کلاں ۵ تولہ مسحوق۔ روغن گل ۱۰ تولہ میں رگڑ کر مرہم بنالیں اور دھپڑوں پر ملیں۔

اسکے لگانے سے دھپڑ دور ہونگے۔

خوراکی

ھوالشافی: شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ منڈی۔ برہم ڈنڈی۔ عشبہ مغربی۔ صندل سفید صندل سرخ۔ چوب چینی۔ نیل کنٹھی نباتی۔ باؤبڑنگ۔ برادہ شیشم۔ دھمانسہ ۳۔۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ ہلیلہ سیاہ ۵ ماشہ باریک کرکے جوش دیں اور شہد ملا کر پلائیں۔ **(یہ ایک خوراک ہے)**

فرماتے ہیں۔ ''میں نے اس نسخہ سے سات سات برس کی مزمن چھپا کی کا علاج کیا ہے۔''

نکات مطب: تمام ادویہ کا وزن ۴ تولہ بن جاتا ہے۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ اس مقدار کو صبح پینے کے بعد باقی بھوک کو شام کے وقت جوش دے کر شہد ملا کر پلایا جائے تو زیادہ اچھے نتائج دیتا ہے۔

ایسے تمام مفردات جو صدیوں سے امراض جلد میں شہرت رکھتے ہیں۔ حکیم صاحب نے تمام کو اس نسخہ میں جمع کر دیا ہے۔ میں نے اس نسخے کو تیار کیا اور خرابی خون کے مریضوں کو پلاتا رہا۔ تمام خون صفا شربت اور معاجین اسی نسخہ کے اجزاء ہوتے ہیں جیسے معجون عشبہ۔ معجون مصفی خون۔ اطریفل شاہترہ وغیرہ اس نسخہ میں شہد جیسی شفا بخش چیز بھی شامل ہے۔

سرطانی مادے کو دور کرنے والے اجزاء چوب چینی اور دھمانسہ بھی شامل ہیں۔

(۲۰۸۹) ابٹن اکسیر

چہرے کے کیل۔ داغ دھبے دور کرنے میں اکسیر ہے۔

ھوالشافی: تخم مولی ۶ تولے۔ گندھک آملہ سار ½۴ تولہ۔ بابچی ½۴ تولہ۔ سرسوں ۶ تولے۔

ترکیب تیاری واستعمال: تمام اجزاء کو باریک کرنے کے بعد دودھ یا دہی میں بھگو دیں۔ جب پھول جائیں تو رگڑ کر چہرے پر لیپ کریں۔ اور چار گھنٹے بعد دھولیں۔

فوائد: چہرے کے کیل۔ داغ۔ دھبے۔ دانے سب دور ہو جاتے ہیں۔ میرا تمام عمر کا معمول ہے۔

(۲۰۹۰) طلاء کلف

گل سرخ پتیاں ایک تولہ۔ سم الفار سفید ۲ رتی

دونوں کی گولیاں بنا کر رکھیں اور پانی میں گھس کر لگائیں۔ یہ بھی قرابادینی نسخہ ہے اور قرابادین مجددی والے کا معمول ہے۔

(۲۰۹۱) سفوف مصفی

ھوالشافی: سم الفار ایک رتی۔ طباشیر نقرہ ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری: دو روز تک کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ رب عناب ۲ تولہ سے صبح شام دیں۔

طریقہ رب عناب: عناب ایک پاؤ۔ چینی ۳ پاؤ کا گاڑھا شربت بنالیں۔

(۲۰۹۲) حکایت

ایک مریضہ نے بیان کیا کہ مجھے متواتر کئی سالوں سے چھپاکی نکلتی تھی۔ کسی نے بتاشہ پر مٹی کا تیل صرف ۲ قطرہ ڈال کر مجھے کھلا دیا اور کہا کہ کپڑا اوڑھ کر لیٹ جاؤں۔ یہ علاج صرف تین دیا کیا اور میری برسوں کی چھپاکی دور ہوگئی۔

(۲۰۹۳) اکسیر چھپاکی

کیلا کی پھلی لے کر اسے چھیل لیں لیکن چھلکا الگ نہ کریں۔ ایک ماشہ گندھک آملہ سار باریک کر کے پھلی پر مل کر اسی چھلکا سے دوبارہ پھلی کو بند کر دیں اور ساری رات رکھ چھوڑ دیں۔ صبح نہار منہ یہ کیلا چھلکا اتار کر کھالیں۔ تین دن کے لیے کھانے سے پرانی چھپاکی غائب ہوگئی۔ ایک ڈاکٹر کے ملازم نے تجربہ کیا اور کامیاب رہا۔

(۲۰۹۴) مرہم سبز

لاہور کے بازاروں میں ایک صاحب سائیکل پر مرہم کی ڈبیاں فروخت کرتے تھے۔ کئی ڈبیاں روزانہ فروخت ہو جاتیں۔ ایک دفعہ میں نے برسبیل ان سے نسخہ پوچھا تو انہوں نے بتا دیا۔

ھوالشافی: ویزلین ایک پاؤنڈ میں نیلا تھوتھا اور گندھک آملہ سار ایک ایک تولہ باریک کر کے ملالیں۔ تیزاب گندھک ڈراپر میں بھر کر اس کے اوپر چھڑک دیں۔ تاکہ رنگ سیاہی مائل ہو جائے اور ڈبیوں میں بھر لیں۔

فوائد: امراض جلد دھدر۔ چنبل۔ خارش پر لگائیں۔

فرمانے لگے یہ ہماری خاندانی مرہم ہے۔ اس سے مسے بھی دور ہو جاتے ہیں۔

❀❀❀

موسم گرما میں روزہ داروں کے لیے بے نظیر مشورے اور طب یونانی کے بہترین نسخے

اور (بہترین مشروب پیاس اور گرمی کو دور کرنے میں لاجواب)

روزہ میں سب سے بڑی چیز بھوک اور پیاس ہے انسان اپنے معبود حقیقی کی فرمانبرداری میں سارا دن عطش اور اشتہا کی جاں گسل تکلیف برداشت کر کے شام کے وقت حق عبودیت کی تکمیل میں جب افطاری کا جام نوش کرتا ہے تو بعض اوقات اپنے آپ کو ضبط نفس کے تمام بندھنوں سے آزاد ہو کر کھانے پینے میں اس قدر بے احتیاطی اور بے اعتدالی اختیار کر لیتا ہے جس سے کئی غیر مفید نتائج برآمد ہوتے ہیں لہٰذا یہ چاہیے کہ روزہ کھول کر چند گھونٹ پانی پی کر شام کی نماز ادا کریں اور بعد میں پانی وقفہ وقفہ سے پئیں تو پیاس ان شاء اللہ کم ہو جائے گی اور کوئی خرابی نہ ہوگی خاص کر موسم گرما میں کیونکہ سخت پیاس کی حالت میں یک دم بہت زیادہ ٹھنڈا پانی پینے سے کئی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں بلکہ استسقاء پیدا ہونے کا خطرہ ہے لہٰذا جتنا ہو سکے پانی کم پئیں پیاس کی شدت تھوڑی دیر بعد خود بخود زائل ہو جائے گی کیونکہ پیاس بجھانے کے لیے کثیر مقدار مشروبات کے بجائے تھوڑے سے وقت کی ضرورت ہوا کرتی ہے کیونکہ پانی جب تک معدے سے گزر کر دیگر اعضا تک نہیں پہنچتا پیاس برابر معلوم ہوتی رہتی ہے اب ہم ذیل میں یہ فریضہ اسلامی ادا کرنے والے اصحاب کی خدمت میں طب اسلامی کے چند ہاضم اور مفرح مرکبات پیش کرتے ہیں۔

(۲۰۹۵) جوارش انارین

ھوالشافی : آب انار ترش۔ آب انار شیریں۔ ایک ایک سیر۔ آب سبز پودینہ۔ عرق گلاب ۱۰۔۱۰ تولہ۔ بال چھڑ۔ مصطگی رومی ۷۔۷ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ پوست ترنج ۴۔۴

ماشہ۔ پوست بیرون پستہ۔ دانہ الائچی خورد ۳۔۳ ماشہ۔ قند سفید ایک سیر۔ پہلے عرق گلاب و پودینہ وہر دو اناروں کے پانی میں چینی ملا کر قوام کریں اور دوسری ادویہ باریک کر کے وہ ملالیں جوارش تیار ہے خوارک ۷۔۷ ماشہ۔

فوائد: معدہ وجگر کو طاقت دیتی ہے اور قے متلی کو روکتی ہے بھوک لگاتی ہے اور صفراوی مزاجوں کو مجرب ہے۔

(۲۰۹۶) جوارش شاہی

ھوالشافی: زرشک ۹ تولہ۔ مربہ آملہ۔ مربہ ہلیلہ ہر ایک ۶ تولہ۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش۔ ندچینی۔ ہر ایک ۱۰۔۱۰ تولہ۔ زرشک اور مربوں کو پیس کر باقی ادویہ کا قوام بنا کر ادویہ ملالیں تیار ہے۔

خوراک: ۵ ماشہ۔

فوائد: خفقان اور وحشت کو دور کرتی ہے تبخیر کو روکتی ہے۔ دل کو قوت دیتی اور فرحت پیدا کرتی ہے۔

(۲۰۹۷) جوارش طباشیر

ھوالشافی: گل سرخ۔ صندل سفید۔ آملہ۔ طباشیر۔ کشنیز خشک ۳۔۳ تولہ۔ حب آس۔ پوست ترنج۔ سماق دانہ۔ مصطگی ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ کافور ساڑھے چار ماشہ۔ آب بہی شیریں یا رُب بہی شیریں تین پاؤ۔ قند سفید ایک پاؤ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ قند و گلاب و آب بہی کا قوام بنا کر ادویہ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۵ ماشہ سے ۷ ماشہ تک مقوی معدہ ہے قے، متلی اور صفراوی دستوں کو روکتی ہے۔ تبخیر معدہ اور دیگر شکایتوں کو دور کرتی ہے گرم مزاجوں کے عین مطابق ہے۔

(۲۰۹۸) جوارش عود ترش

ھوالشافی: سنبل الطیب۔ الائچی خورد۔ زعفران۔ پوست اترج۔ دارچینی۔ بادرنجبویہ۔ مصطگی۔ طباشیر۔ لونگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ عود ہندی ۳ تولہ۔ آب سیب ترش۔ عرق گلاب پاؤ پاؤ۔ قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک ۲۵ تولہ۔ آب لیموں سات چھٹانک تمام عرق و شہد ملا کر قوام

بنادیں۔ زعفران کو قدرے عرق گلاب میں ڈال کر کے ملالیں اور قوام بنالیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک : ۷ ماشہ۔ جوارش کو عرق گاؤزبان سے کھائیں۔

فوائد : مقوی معدہ ہے غذا ہضم کرتی ہے بھوک لگاتی ہے۔ صفراوی غلبہ کو دور کرتی ہے۔ صفراوی اسہال روکتے ہیں نہایت مفید ہے۔

(۲۰۹۹) جوارش عود ملین

هوالشافی : سونف۔ سونف رومی۔ پودینہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ عود ہندی۔ طباشیر ۷۔ ۷ ماشہ۔ گل سرخ۔ سنا مکی۔ تربد سفید۔ ۹۔ ۹ ماشہ۔ قند سفید۔ شہد۔ عرق گلاب ہر ایک ایک پاؤ۔ قوام بنا کر ادویہ ملالیں۔

خوراک : ۷ ماشہ۔ عرق بادیان یا پانی سے کھائیں۔

فوائد : قبض کو دور کرتی ہے۔ ہاضم ہے۔ اشتہا پیدا کرتی ہے مجرب ہے۔

(۲۱۰۰) جوارش فواکہ

هوالشافی : آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ آب سیب۔ آب بہی۔ آب امرود۔ آب انگور۔ آب لیموں۔ شیرہ زرشک۔ شیرہ سماق۔ تمام ادویہ ہم وزن لے کر آگ پر پکائیں چوتھائی رہ جائے تو چینی ملا کر قوام کریں۔

خوراک : ایک تولہ غذا کے بعد کھائیں۔ دل معدہ اور جگر کو طاقت دیتی ہے صفرا کو خارج کرتی ہے۔ قے بند کرتی ہے۔ لاجواب چیز ہے۔ حکیم اجمل خاں صاحب کے مجربات میں سے ہے۔

(۲۱۰۱) خمیرہ مروارید

هوالشافی : کہربا شمعی۔ طباشیر۔ سنگ یشب۔ زہر مہرہ خطائی۔ صندل سفید۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ مروارید ساڑھے چار ماشہ۔ ورق نقرہ ساڑھے تین ماشہ۔ شربت انار۔ شربت بہی۔ شربت سیب۔ ہر ایک چھ چھ تولہ۔ چینی ۱۵ تولہ۔ دوائیں باریک کر کے کھانڈ اور شربتوں کا قوام کر کے گھوٹ کر خمیرہ بنادیں اور ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملاتے رہیں۔ تیار ہے۔

خوراک : ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک تقویت و تفریح قلب کے لیے بے نظیر تحفہ ہے۔ خفقان گھبراہٹ اور پریشانی کو زائل کرتا ہے موتی جھرہ اور چیچک کے لیے مفید ہے۔ بیماری کے بعد کی

کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ تمام حکماء کے معمولات میں سے ہے۔

(۲۱۰۲) سکنجبین

ھوالشافی : سرکہ خالص۔ عرق گلاب۔ آب لیموں ہر ایک ۹۔۹ تولہ۔ چینی تین پاؤ۔ قوام کر کے ملا لیں۔

فوائد : تین تولہ حسب ضرورت پانی ملا کر پئیں۔ صفراوی قے، متلی، پیاس کو تسکین دیتی ہے بھوک لگاتی ہے۔ غذا ہضم کرتی ہے۔ صفراوی بخاروں کو مفید ہے۔ لاجواب سکنجبین تیار ہوتی ہے۔

(۲۱۰۳) شربت صندل

ھوالشافی : صندل سفید ۱۰ تولہ کو عرق گلاب ایک سیر میں جوش دے کر آدھا رہ جانے پر چینی ایک سیر ملا کر قوام بنا لیں۔ دل کا مفرح ہے پیاس روکتا ہے۔ طبیعت میں فرحت پیدا کرتا ہے۔

(۲۱۰۴) شربت فرحت افزا

ھوالشافی : گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ صندل سفید۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر۔ ۵۔۵ تولہ۔ گل سیوطی۔ خس ہر ایک تین تین تولہ۔ اشنہ۔ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔ رات کو پانی تین سیر میں بھگو رکھیں۔ صبح کو دو سیر شیر مادہ گائے ملا کر چار بوتل عرق نکال کر اس میں ۵ سیر چینی ملا کر قوام کریں آخر میں روح کیوڑہ۔ روح بید مشک۔ عرق بہار ہر ایک ایک پاؤ ملا کر قوام درست کریں اور خوش رنگ بنانے کے لیے رنگ ملا لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر بوتلیں بھر لیں۔

فوائد : پیاس کو تسکین دیتا ہے گرمی خشکی، حرارت، گھبراہٹ، بے چینی کو دور کر کے دل کو فرحت دیتا ہے۔ طبیعت کو خوش کر دیتا ہے۔

(۲۱۰۵) شربت کیوڑہ

ھوالشافی : روح کیوڑہ ایک سیر چینی ملا کر قوام کریں۔ بوقت ضرورت پانی ملا کر پئیں۔ روزے فرض کرنے والے فیاض حقیقی نے انسان کے لیے کیسی کیسی عدیم المثال نعمتیں پیدا کی ہیں جو کہ فوراً پیاس کو دور کر کے سکون پیدا کرتی ہیں۔

(۲۱۰۶) شربت گڑھل

ھوالشافی : ایک سو گڑھل کے پھولوں کی سرخ پنکھڑیاں لے کر ان کو چینی کے برتن میں ڈال کر ایک پاؤ آب لیموں میں بھگو دیں۔ دوسرے روز ایک سیر مصری۔ بارش کے دو سیر پانی یا عرق گلاب دو سیر میں حل کر کے ملا دیں۔ تین چار روز کے بعد چھان کر قوام بنالیں۔

مقدار خوراک : تین تولہ شربت میں پانی ملا کر لیموں یا عرق ملا کر یا گاؤزبان ملا کر پئیں۔

فوائد : موسم گرما کا لاجواب تحفہ ہے گرمی کی گھبراہٹ اور پیاس کی شدت کو تسکین دیتا ہے صفرا کی حدت کو توڑتا ہے اور اکثر گرم بیماریوں میں مفید ہے۔ نہایت مقوی اور مفرح ہے۔

(۲۱۰۷) شربت نیلوفر

ھوالشافی : گل نیلوفر ۱۵ تولہ لے کر ایک سیر پانی میں بھگو کر جوش دے کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

مقدار خوراک : تین تولہ پانی یا عرق گاؤزبان ملا کر پلائیں۔ صفرا کی تیزی کو توڑتا ہے گرمی کو زائل کرتا اور پیاس کو تسکین دیتا ہے مشہور شربت کم خرچ بالانشیں ہے۔

(۲۱۰۸) یاقوتی بارد

یاقوتی بارد۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کاہو۔ ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ تخم خرفہ مقشر۔ ۱۶ ماشہ۔ مروارید ۵ ماشہ۔ صندل سفید۔ سنبل الطیب۔ طباشیر۔ فوفل۔ صندل سرخ۔ بسد۔ کہربا شمعی۔ سرطان سوختہ ۸۔ ۸ ماشہ۔ زمرد ۲ ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ و سفید۔ گل گاؤزبان۔ غنچہ گل سرخ۔ شقاقل مصری۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی ہر ایک ۱۰۔ ۱۰ ماشہ۔ آملہ پونے ۲ تولہ۔ زعفران۔ عنبر اشہب۔ ورق طلاء۔ کستوری ہر ایک پونے دو ماشہ۔ ورق نقرہ ۸ ماشہ۔ مصری ۷ ا تولہ۔ آب سیب۔ آب امرود۔ آب بہی شیریں۔ شربت فواکہ۔ عرق گلاب۔ عرق صندل۔ شہد خالص ۷۔ ۷ تولہ۔ جواہرات کو عرق میں کھرل کر کے شربت اور پانیوں کا قوام بنا کر ادویہ ملا لیں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔ گرم مزاج والوں کو لاجواب ہے۔ دل دماغ کو قوت دیتی ہے۔ خفقان اور وحشت کو دور کرتی ہے ہر قسم کی کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ قرابادینی نسخہ ہے۔

(۲۱۰۹) شربت تسکین افزا

جس کے ایک گلاس سے روزہ دار کے دن بھر کی تھکن اور جملہ عوارضات دور ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی: چھلکا تریا خشک سنگترہ ۵ تولہ۔ صندل سفید ۳ تولہ۔ الائچی خورد کوفتہ ایک تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو بھگو کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں اور خوش رنگ کرنے کے لیے حسب ضرورت رنگ بھی ملا لیں۔ افطاری کے وقت پانی ملا کر پئیں۔ ان شاء اللہ دن بھر کی گرمی خشکی گھبراہٹ وغیرہ دور ہو جائے گی اس کے ہمراہ لعاب بہی دانہ یا شیرہ بادام یا بالائی وغیرہ ملا لیں تو اور بھی مفید رہے گی۔ لاجواب شربت دافع صفرا اور پیاس ہے۔

(۲۱۱۰) حب عطش

ھوالشافی: مغز بادام ۲ تولہ۔ طباشیر۔ گوند کیکر۔ ۶-۶ ماشہ۔ مویز منقیٰ۔ بہی دانہ ۲-۲ تولہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کھانڈ ۹ تولہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن ۳-۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: پہلے بہی دانہ کو تھوڑے عرق گلاب میں بھگو کر لعاب نکال کر اور منقیٰ کے دانہ نکال کر تمام ادویہ باریک کر کے لعاب بہی دانہ سے کھرل کر کے ۳-۳ ماشہ کی ٹکیاں بنا دیں۔ روزہ افطاری کے وقت جب پیاس بار بار لگے تو پانی پی پی کر پیٹ پھٹنے کو آ رہا ہو تو اس وقت ایک ٹکیہ منہ میں رکھ کر چوسیں اور اس کا رس نگلتے رہیں اس سے پیاس فی الفور بند ہو گی اور طبیعت آن کی آن میں درست ہو جائے گی۔

(۲۱۱۱) آرام دہ مالش

دوپہر کے وقت جب سورج کی گرمی عین پورے شباب پر ہوتی ہے تو اس وقت روزہ دار کی حالت جو ہوتی ہے اس کو اللہ میاں ہی جانتے ہیں زبان تالو سے لگ جاتی ہے۔ حلق خشک، سارا بدن تنور کی طرح گرم ہو جاتا ہے۔ سر چکرانے لگتا ہے ایسی حالت میں مندرجہ ذیل مالش کریں۔ بفضلہ ایزدی عام مذکور عوارضات کا خاتمہ ہو کر روزہ دار کو ٹھنڈک چین محسوس ہونے کے بعد خوب گہری نیند آ جاتی ہے۔

ھوالشافی: روغن کدو ایک تولہ۔ روغن بادام ایک تولہ۔ روغن خشخاش ایک تولہ۔ روغن آملہ ۱۰ تولہ۔ روغن تارپین ۲ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ پہلے کافور اور تیل تارپین ملا لیں۔ جب حل ہو جائے تو

تمام روغنیات ملالیں۔تیار ہے۔بوقت ضرورت تمام جسم پر مالش کریں اس کے لیے یہ مفید۔روزہ کی وجہ سے انتڑیوں میں خشکی کا ہو جانا لازمی ہے اور اس کا نتیجہ قبض ہے۔بعض احباب کو دو دو تین یوم اجابت نہیں ہوتی جس کی وجہ سے روزہ کے عوارضات میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔رفع قبض اور یبوست امعاء کے لیے تمام ادویات سے بہتر اور افضل نماز عشا روزانہ بلاناغہ ایک تولہ چھلکا اسپغول نیم گرم دودھ سے کھانا مفید ہے۔اس سے ایک تو اجابت ہمیشہ حسب معمول ہوتی رہتی ہے باقی اس کے استعمال سے بدن میں رطوبت کافی پیدا ہوتی رہتی ہے جو دن بھر کی جلن پیاس گھبراہٹ وغیرہ میں بہت حد تک معاون مددگار ثابت ہوتی ہے اس کے علاوہ لعاب بہی دانہ سبوس اسبغول۔تخم بالنگو وغیرہ کا رمضان شریف میں استعمال زیادہ رکھا جائے اتنا ہی قبض جلن۔ خشکی۔پیاس۔گھبراہٹ بے چینی دل کی دھڑکن وغیرہ سے بہت زیادہ آرام میں رہیں گے اور اگر گلقند گلاب کو سرد پانی میں ہاتھوں سے مل کر پی لیا جائے تو بھی قبض اور گرمی سے آرام میں رہیں گے۔

(۲۱۱۲) شربت روح پرور

هوالشافی : صندل سفید۔گاؤزبان۔گل نیلوفر ایک ایک تولہ۔گل گڑھل۔ پچاس عدد۔ خس خوشبودار ۲ تولہ۔تمام ادویہ کو ایک سیر پانی میں بھگو کر جوش دیں آدھا رہ جانے پر آدھ سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں اور روح کیوڑہ چار تولہ ملالیں اور افطاری کے وقت قبل ڈھائی تولہ سے ۵ تولہ تک آب سرد میں ملا کر پینے سے دن بھر کی گرمی خشکی پیاس کا سدباب ہوگا۔یہ شربت خوش رنگ خوشبودار خوش ذائقہ دل کو فرحت پہنچانے والا اور پیاس کو تسکین دے کر روزہ دار کی ہمت بندھوانے والا روح پرور ہے۔

(۲۱۱۳) منڈی یزمان

ضلع بہاولپور سے منڈی یزمان کو جاتے ہوئے راستہ میں بارہ چک ارائیاں والا نام کا ایک گاؤں ہے وہاں ایک ماسٹر صاحب کے متعلق سنا کہ وہ روزہ داروں کو افطاری کے وقت ایک خوشبودار شربت پلاتے ہیں ادھر ماسٹر صاحب بھی اپنے دوست تھے۔نسخہ طلب کیا انہوں نے جھٹ نوٹ کروا دیا۔

ھوالشافی : گل گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ گل نیلوفر ۵ تولہ۔ گل سیوطی ۵ تولہ۔ ابریشم مقرض ۱۰ تولہ۔ دھنیا ڈھائی تولہ۔ صندل سفید ڈھائی تولہ۔ خس تازہ ڈھائی تولہ۔ اور الائچی خورد کوفتہ ڈھائی تولہ۔ سولہ سیر پانی میں بھگو کر ۱۲ بوتل عرق نکال لیں۔ اس عرق میں ۱۰ سیر کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں اور فی بوتل شربت روح بید مشک ۲ تولہ۔ روح کیوڑہ ۲ تولہ۔ رنگ سرخ یا رنگ سنگترہ ملا لیں۔ تیار ہے۔ روح اور دل اور پیاس کو تسکین دینے والا ہے۔ گرمی کو توڑنے والا لاجواب شربت ہے میں نے بھی تیار کر کے مفید پایا ہے اور اگر گل سیوطی نہ ملے تو گل سرخ ہی شامل کر کے بنا لیں۔

(۲۱۱۴)

ایک شخص نوجوان نے مجھ کو کہا کہ روزے رکھتے ہیں اور دودھ لسی نہیں ہے کوئی شربت بنا دیں کہ میں اس کو پی کر روزے رکھ سکوں یہ شربت بنایا گیا اس سے وہ ایک گلاس صبح پی لیتا اور ایک گلاس شام کو اس سے روزہ کی تکلیف سے آرام رہا۔

ھوالشافی : صندل سفید ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ تخم خربوزہ ۳ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد کوفتہ ۶ ماشہ۔ پانی دو سیر میں بھگو کر پکائیں جب ایک سیر رہ جائے تو چھان کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

(۲۱۱۵) حکیمی نسخہ

ایک حکیم کی دکان پر گرمی کے دنوں میں یہ شربت عام فروخت ہوتا تھا ان سے نسخہ طلب کیا انہوں نے فوراً دے دیا۔

ھوالشافی : صندل سفید ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ گاؤزبان تولہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ۔ الائچی خورد کوفتہ ۶ ماشہ۔ ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر صبح تین پاؤ چینی ملا کر ایک بوتل شربت تیار کریں۔

خوراک : ڈھائی تولہ۔ شربت پانی میں ملا کر قدرے برف ملا کر پئیں۔ موسم گرما میں گرمی توڑنے کے لیے لاجواب شربت ہے میں نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے۔

فوائد : برادران اسلام! آپ کو روزے جو گرمی کے موسم میں خاص کر آتے ہیں ان کے بیس عدد لاجواب شربت اور جوارشات اور معجونیں لکھ دی ہیں تیار کر کے میرے حق میں دعا خیر کریں اور موسم گرما کے روزوں میں اس کو تیار کر لیا کریں۔

(۲۱۱۶) شربت بادام

ھوالشافی : مغز بادام مقشر ایک پاؤ۔ الائچی سفید ایک تولہ۔ صندل سفید کا برادہ ۲ تولہ۔ صندل اور الائچی دونوں کو پانی میں گھوٹ کر شیرہ بنالیں اور اس میں مغز بادام کو رگڑیں پانی ڈیڑھ سیر میں رگڑ کر شیرہ بنادیں پھر چینی ڈیڑھ سیر ملا کر شربت بنادیں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ پانی میں ملا کر صبح وشام پلادیں۔

فوائد : کمزوری دماغ۔ گرمی۔ مالیخولیا۔ خشکی دماغ۔ نیند کا کم آنا۔ نسیان رفع کرتا اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ بادام کا بہترین شربت ہے ایک حکیم صاحب نے ایک مریض کو عطا فرمایا انہوں نے مجھ کو بتادیا۔ یہ بھی روزہ دار کو گرمی میں مفید ہے ویسے شوقیہ طور پر پینا بھی لاجواب مفرح ہے۔

(۲۱۱۷) شربت نیلوفر۔ بنفشہ

یہ نسخہ بھی متقدمین کا لاجواب مرکب ہے۔ گرم امراض میں پلانا گرمی کو توڑ دیتا ہے۔

ھوالشافی : ڈھائی ڈھائی تولہ لے کر دو سیر پانی میں پکائیں اور تین پاؤ چینی ملا کر ایک بوتل شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ڈھائی سے ۵ تولہ ایک گلاس پانی میں ملا کر پلادیں۔ فوراً گرمی کو توڑ دیتا ہے گرمی کے تپ مروڑ کو فوراً دور کرتا ہے قبض کشا ہے دل کی رفتار کو درست کرنے میں مجرب ہے۔

غذاؤں سے علاج

بقراط کا قول ہے کہ سب سے پہلے بیماریوں کا علاج غذا سے کریں اگر ان سے فائدہ نہ ہو تو حیوانی ادویہ سے کریں۔ پھر نباتاتی اور آخر میں مجبور ہو کر معدنی ادویہ سے استفادہ حاصل کریں اور علامہ صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جسم پر پچاس فیصد غذا کا اثر ہے اور پچیس فی صد ماحول کا اور پچیس فی صد دوا کا اثر ہے۔ لہٰذا چند غذاؤں کی بابت بھی لکھ دیتا ہوں اور چند غذائیں جو کہ مختلف امراض میں مجرب ہیں وہ بھی لکھ دیتا ہوں۔

گرم امراض کے لیے غذائیں

آش جو۔ چاول کھچڑی۔ آلو بخارا۔ چقندر۔ ککری۔ امرود۔ خرفہ۔ کیلا۔ انار خشکہ۔ گاجر۔

بالائی۔ دودھ۔ گنا۔ بہی۔ دہی۔ لوکاٹ۔ تربوز۔ ساگودانہ۔ لیموں۔ توری۔ سردہ۔ مولی۔ تمر ہندی۔ سنگترہ۔ مکھن۔ پالک۔ سوڈاواٹر۔ میٹھا لیموں۔ ٹماٹر۔ سیب۔ ناشپاتی۔ ٹنڈے۔ کدو۔ لسی۔ لسی خام۔

سرد امراض کے لیے غذائیں۔

آڑو۔ انگور۔ بکری کا گوشت اور شوربا۔ آم۔ بادام۔ بیضہ مرغ۔ ادرک۔ بریانی۔ بینگن۔ پرندوں کا گوشت۔ چولائی کا ساگ۔ شہد۔ پستہ۔ چلغوزہ۔ قہوہ۔ پلاؤ۔ خربوزہ۔ کباب۔ پیسٹری۔ خوبانی۔ کریلا۔ چائے۔ زردہ۔ ماء العسل۔ چوزہ مرغ۔ شلغم۔ مچھلی۔ مربہ زنجبیل۔ کالی مرچ۔

اطباء متقدمین کے غذا کے متعلق اشارے

موسم سرما میں بھنا ہوا گوشت۔ کلہ پائے۔ مرغ۔ مچھلی۔ پرندوں کے گوشت۔ انڈے۔ حلوہ جات وغیرہ کا استعمال بدنی حرارت کو بڑھاتا ہے اور انسان سرد بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔ اسی طرح بعض موسمی چیزیں خاص خاص امراض سے محفوظ رکھتی ہیں۔ مثلاً املی۔ آلو بخارا۔ لیموں۔ ہیضہ سے، بیر چیچک سے، شہتوت خناق سے اسی طرح بل اور بہی پیچس سے بچاتے ہیں۔ جالینوس کے نزدیک گرمی دور کرنے کے لیے انار اور سردی کے لیے شہد سے بہتر کوئی دوا اور غذا نہیں۔ سنگرہنی کا علاج بل اور مروڑ کے لیے کیلا سے بخوبی ہوسکتا ہے۔ جریان کے لیے کھرنی اور گولر بہترین چیزیں ہیں۔ منہ ناک اور پیشاب سے خون آنے کے واسطے خرفہ کا ساگ مفید ہے۔ خونی دستوں کے واسطے املی کی پتی یا کھٹی دہی۔ (بوٹی) پانی میں گھس کر یا شکر انار دانہ گھوٹ کر پینا لاجواب ہے۔ خشک کھانسی کے واسطے منقیٰ۔ چھوہارا۔ دودھ میں ابال کر کھانا مفید ہے۔ تر کھانسی کے واسطے شہد اچھی چیز ہے۔ کالی کھانسی میں امرود بھلبھلا کر کھانا۔ مینا کا گوشت۔ سیاہ مرچ اور نمک طعام کے ساتھ کھانا یا بیر جھلس کے یا پیاز کو بھوبھل میں دبا کر کھانا مفید ہے۔ ذیابیطس کے واسطے جامن۔ کریلے۔ کچا انار۔ پتھری کے واسطے تیتر اور مولا کا گوشت۔ شکار کا گوشت۔ پتھر چٹہ کا ساگ۔ خربوزہ۔ خرفہ کا ساگ۔ مولی کی بھجیا۔ بادی بواسیر کے واسطے پپیتہ۔ خربوزہ۔ مولی کا ساگ۔ بلڈ پریشر کے لیے مربہ آملہ کمی خون کے لیے آم۔ چقندر کا عرق۔ بکری کی تلی کا عرق جو اسے کوٹ کر نکالا گیا ہو۔ جامن کا عرق لو کے واسطے آم کا شربت خون کی صفائی کے لیے پھاڑے

ہوئے دودھ کا پانی۔ تربوز استسقا کے لیے اونٹنی کا دودھ۔ کریلا۔ چولائی۔ کرنڈ۔ باتھو کی بھجیا۔ دق کے واسطے عورت۔ گھوڑی۔ گدھی یا بکری کا دودھ۔ موسمی بخاروں کے لیے میٹھا لیموں۔ ترش لیموں کی سکنجبین۔ املی آلو بخارا کا زلال۔ بالوکاٹ کا شربت مفید ہے۔ منہ زبان پک جانے کے واسطے تازہ ناریل اختلاج القلب کے لیے سنگترہ۔ سیب گاجر اور انار کا پانی۔

پیٹ کے کیڑوں کے لیے آڑو۔ شفتالو۔ شریفہ۔ اعصاب۔ اور دماغ کی طاقت کے لیے بادام۔ بٹیر کا گوشت۔ عام جسمانی کمزوری کے واسطے انڈا۔ روغن بادام۔ روغن فرار۔ بھنا ہوا گوشت۔ خناق کے لیے شہتوت۔ مسور کی دال کا پانی کھانسی اور سینہ کی بیماریوں کے لیے جنگلی کبوتر۔ خرگوش اور ہرن کا گوشت۔ پیشاب کی سوزش کے لیے تربوز کا پانی یا گاجر کی کھیر۔ آش جو۔ مولی کا پانی۔ فوراً فائدہ کرتا ہے۔ جسم کا دبلا پن دور کرنے کے لیے خمیری روٹی۔ اوجھڑی کا سالن۔ ساگودانہ کی کھیر۔ گاجر کی کھیر۔ انڈوں کا حلوہ۔ بہترین چیزیں ہیں۔ سلسلہ تناسل کو بڑھانے کے لیے تالمکھانہ کی کھیر۔ چنے کا حلوہ۔ بادام کی کھیر۔ مناسب غذائیں ہیں۔

(۲۱۱۸) آش جو

گرم امراض میں گرم مزاج کی عمدہ غذا ہے۔ جو کوٹ لیں اور ان کا چھلکا دور کر کے پانی میں جوشا دیں۔ پھر پانی نتھار کر پھینک دیں دوسری بار پھر جوشا دیں۔ پانی نتھار کر پھینک دیں۔ تیسری بار پانی ڈال کر جوش دیں اور پن کر چینی ملا کر پلائیں۔ اس کے دو گلاس پلانے سے گردے صاف ہو جاتے ہیں۔

(۲۱۱۹) باہیہ قیمہ

کمر درد اور جوڑوں کے درد کا دافع ہے۔ گوشت بکرا ایک پاؤ ڈنڈا تھوہر کا گودا جس میں تھوہر کے دودھ کا قطرہ بھی نہ ہو دونوں کو ملا کر مرچ مصالحہ ڈال کر کھلائیں۔

(۲۱۲۰) حریرہ خشخاش

کمزوری دماغ اور درد سر کو نافع ہے۔ تخم خشخاش دو تولہ۔ مغز بادام چودہ دانے۔ اسطوخودوس ۳ ماشہ۔ شیر مادہ گائے آدھ سیر میں گھوٹ کر گھی اور شکر سفید ملا کر بگھار دے کر رات کو چینی ملا کر پلا دیں لاجواب ہے۔

(۲۱۲۱) حریرہ مغزیات

مغز بادام ۹ دانے۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خیارین۔ مغز پنبہ دانہ۔ نشاستہ گندم ۳۔۳ ماشہ پانی میں شیرہ نکال کر شکر سفید ملا کر حسب ضرورت گھی کا داغ دے کر گاڑھا کر کے پئیں کمزوری دماغ اور دوار سر کو از حد مفید ہے۔

(۲۱۲۲) حلوائے بادام

بدن کو فربہ کرتا ہے قوت باہ اور منی کی افزائش کے لیے مفید ہے۔ میدہ گندم۔ آرد نخود بریاں۔ آرد مونگ۔ ہر ایک ۵۔۵ تولہ۔ علیحدہ علیحدہ گھی میں بریاں کریں اور ثعلب مصری۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز ناریل۔ مغز چرونجی۔ مغز پستہ۔ ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ قند سفید ۵۰ تولہ کا گاڑھا قوام کر کے ملا کر پلائیں۔

خوراک: ایک تولہ سے دو تولہ تک دودھ سے کھلائیں۔ میرے خیال میں کھانڈ ویسے ہی ملا لیں کیونکہ اگر قوام پتلا رہا تو پھپھوندی لگ جائے گی۔

(۲۱۲۳) حلواہ بیضۂ مرغ

کمزوری اعصاب۔ کمزوری باہ۔ کمی شہوت کے لیے مفید ہے۔ مثانہ اور گردہ کی سردی دور کرتا ہے زردی بیضہ مرغ۔ شہد خالص۔ آب ادرک۔ آب پیاز ۵۔۵ تولہ۔ سوجی ۱۰ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ کو گھی میں بریاں کریں اور آب پیاز و ادرک کا شکر سفید ہموزن کا ادویہ کے ساتھ قوام کریں اور شہد بھی ملا لیں۔ ستاور سفید موصلی ایک ایک تولہ۔ جاوتری ۶ ماشہ زعفران ۳ ماشہ ملا لیں۔

خوراک: ڈھائی تولہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ۔

(۲۱۲۴) حلوائے گاجر

دل دماغ کا مقوی ہے اس کے بعد مقوی باہ بھی ہے۔

ایک سیر گاجر جنگلی کدوکش کریں اور دو سیر شیر گائے میں پکائیں۔ جب کھویا بن جائے تو میدہ گندم۔ آرد نخود پاؤ پاؤ بھر اضافہ کر کے گھی میں بھونیں اور قند سفید ایک سیر شامل کریں۔

خوراک: مناسب اگر مغز سر کنجشک نر خانگی چالیس عدد گھی میں بھون کر ملا دیں تو زیادہ مجرب

ہوگا ورنہ ویسے ہی لاجواب ہے۔

(۲۱۲۵) حلوہ کنوار گندل

کمزوری اعصاب۔ جھولہ۔ رفع قبض کو مجرب ہے۔

کنوار گندل کا گودہ پاؤ بھر دودھ ڈھائی سیر میں پکائیں کھویا بن جائے تو شکر سفید ایک سیر شامل کریں اور سورنجاں شیریں۔ اسگندھ ناگوری۔ ستاور ۳۔۳ تولہ ملالیں۔

خوراک: ایک تولہ سے ۲ تولہ تک۔

(۲۱۲۶) فالودہ مغلظ منی

مدر، تسکین حرارت کو مجرب ہے۔ تخم ریحان ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۵ تولہ میں بھگودیں پھول جائے تو شیر مادہ گائے ایک پاؤ اور چینی حسب ضرورت ملا کر پلایا کریں احتلام اور گرمی مثانہ کو مفید ہے۔

(۲۱۲۷) فیرنی

مادہ منویہ کو گاڑھا کرتی ہے اور جریان سوزش مثانہ کو مفید ہے۔

ھوالشافی: ثعلب مصری۔ تخم بالنگو۔ سبوس اسپغول۔ موصلی سفید۔ مغز پنبہ دانہ ۴۔۴ ماشہ۔ شیر مادہ گائے آدھ سیر میں پکائیں۔ آگ ہلکی ہو جب غلیظ ہو جائے تو برتن میں جمادیں۔ صبح نہار منہ کھائیں۔

(۲۱۲۸) ماء الشعیر ملحم

اگر مریض بہت ہی کمزور ہو گیا ہو تو اس کو یہ لکھ دیا کریں۔

بکری کا گوشت آدھ پاؤ۔ جو مقشر آدھ پاؤ۔ پانی ایک سیر میں پہلے جو شالیں اور پانی نتھار لیں پھر اور پانی ڈال کر گوشت ملا کر نمک طعام بقدر ذائقہ ملا کر ہانڈی کا منہ بند کر کے پکائیں جب گل جائیں تو پن کر پلائیں۔

(۲۱۲۹) ماء العسل

امراض بادہ میں پانی کی جگہ دیں خاص کر فالج اور لقوہ میں شہد خالص ۱۰ تولہ پانی آدھ سیر

یا عرق سونف میں پکائیں آدھارہ جائے تو پن کر پلایا کریں۔ بچوں کے نمونیہ میں لاجواب ہے۔

(۲۱۳۰) ماءالقوع

صفراوی اور دموی امراض کو نافع ہے تپ دق کے مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ دماغی خشکی کو مجرب ہے تازہ کدو لے کر جو کے آٹے میں گل حکمت کر کے بھوبھل میں دبا دیں جب آٹا سرخ ہو جائے تو اتار کر پانی نچوڑ لیں اور چار گنا عرق گاؤزبان ملا کر پلا دیں۔ لاجواب ہے۔

(۲۱۳۱) مقوی باہ لڈو

مردانہ قوت کا محافظ ہے۔ بام مچھلی کا گوشت ایک سیر۔ نخود بریاں پاؤ بھر۔ گوند ببول ۵ تولہ۔ مچھلی کے گوشت کی یخنی تیار کریں۔ باقی اشیاء کو گھی میں بریاں کریں۔ پھر یخنی میں شکر سفید ڈیڑھ سیر میں ملا کر قوام کریں۔ پھر مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز اخروٹ۔ مغز پستہ ۲۔۲ تولہ۔ تالمکھانہ۔ بیخ بند۔ جڑ پان۔ سنڈھ۔ بسباسہ ایک ایک تولہ۔ سب اشیاء قوام میں ملا کر ۵۔۵ تولہ کے لڈو تیار کریں۔ رات یا دن کو چائے کے ساتھ دیں۔ لاجواب مقوی باہ ہیں مقوی جسم ہیں۔

(۲۱۳۲) یخنی

کمزور مریضوں کو دی جاتی ہے حرارت غریزی پیدا کرتی ہے عام کمزوری اور بیماری کے بعد کی کمزوری کی دافع ہے۔ چوزہ مرغ کو صاف کر کے (جس نے ابھی بانگ نہ دی ہو) اس کے دو ٹکڑے کریں سیب دو عدد۔ ادرک سبز دھنیاں۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سیاہ۔ نمک طعام ایک ایک تولہ۔ پانی ۳ سیر دیگچی میں ڈال کر منہ بند کر کے کانرم آگ پر پکائیں۔ سب کچھ گل جائے تو اتار کر پن کر نیم گرم ملا لیں۔

(۲۱۳۳) پائے

بکرے کے پائے لا کر صاف کر کے ابال کر قدرے نمک مصالحہ ڈال کر کھانا نزلہ زکام مزمن۔ نمونیہ۔ کھانسی کے مریض کو لاجواب ہے۔ اسی طرح کھا کر کئی صاحبوں نے تعریف کی ہے۔

(۲۱۳۴) مرغ کی ٹانگیں

مرغ کی ٹانگیں صاف کر کے پکا کر کھانا امراض سرما کمزوری اعضاء کو مجرب ہیں۔

(۲۱۳۵) یخنی

اسی طرح چوزہ مرغ کے گوشت ایک پاؤ کی یخنی تیار کر کے نمک دھنیا۔ دارچینی چھڑک کر پلانا نمونیہ میں مفید ہے۔ اگر مرغ نہ ملے تو بکرے کے گوشت جو کہ چربی کے بغیر ہو اس کی یخنی تیار کر کے پلانا لاجواب ہے۔ کئی مریض کو بتایا تمام نے تعریف کی ہے۔

(۲۱۳۶) اکسیر دماغ

بکرے کا مغز لے کر اس کے مساوی الوزن آٹا گندم ملا کر دو روٹی کے پیڑے باندھ لیں اور انہیں گھی میں بریاں کریں۔ پھر قدرے چینی ملا کر حسب ضرورت مغز بادام۔ مغز ناریل۔ مغز چار ملا کر کھلائیں۔

(۲۱۳۷) فالج

ھوالشافی : دال ماش ایک پاؤ۔ ادرک ڈھائی تولہ۔ تھوم ۷ ماشہ ملا کر پکا کر صبح و شام کھلانا مقوی اعصاب ہے اور فالج کو دور کرتا ہے۔ (از حکیم نور محمد چوہان)

(۲۱۳۸) ماش

ھوالشافی : دال ماش ایک پاؤ۔ کیسٹر آئل ڈھائی تولہ ملا کر مناسب مرچ مصالحہ ڈال کر کھلانا وجع المفاصل کو مفید ہے۔

(۲۱۳۹) امراض مخصوصہ

ھوالشافی : دال ماش مدبر در شیر تر و خشک کریں۔ مغز تخم املی۔ (بھنے ہوئے)۔ سنگھاڑا خشک۔ موصلی سفید مساوی الوزن اس سے ایک تولہ لے کر دودھ آدھ سیر گھی کھانڈ ملا کر تیار کریں۔ پھر مغز بادام ۱۱ عدد۔ الائچی خورد ۷ عدد ملا کر کھلانا مفید ہے۔ خدا کے فضل سے اعضاء مضبوط ہوں گے جریان لیکوریا کو از حد مفید ہے۔ کرم منی پیدا کرتا ہے لاجواب ناشتہ ہے اس سے منی زیادہ پیدا

ہوگی اور اولاد پیدا کرنے والی ہوگی۔

وٹامن اے

آج کل جدید سائنس نے اکثر بیماریوں کا سبب وٹامن کی کمی سے معلوم کیا ہے۔ جس کا علاج محض ہیر پھیر سے کیا جا سکتا ہے اگر جسم میں وٹامن اے کم ہو جائے تو آنکھوں میں سوزش، خشکی امراض، سل، نمونیا اور کساح پیدا ہو سکتے ہیں اس کا علاج دودھ مکھن گھی کلیجی کے پانی سے ہو سکتا ہے ان چیزوں میں حیاتین الف کافی مقدار میں پائی جاتی ہیں۔

وٹامن بی

وٹامن بی کی کمی سے حسب ذیل بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ بیری بیری جس میں اعضاء سن ہو کر کھال اترنے لگ جاتی ہے۔ اعضا مفلوج ہو جاتے ہیں۔ قے دست بھوک میں کمی۔ نگلنے میں دشواری۔ پیشاب میں تیزابی مادہ کی کثرت۔ تلی لبلبہ، دل، جگر، گردہ معدہ و دماغ کے امراض اور رطوبات ہضم میں کمی ہو جاتی ہے۔ اس کا علاج انڈا، گاجر، ٹماٹر، شفتالو، عرق انگور، عرق لیموں، بادام، دھان سے کریں ان اشیاء میں وٹامن بی کافی مقدار میں موجود ہوتی ہیں۔

وٹامن سی

وٹامن سی کی کمی سے جوڑوں میں درد (گھٹنے) خصوصاً پائی اوریا، استقا پیدا ہو جاتے ہیں۔ کریلا، گاجر، مولی، شلغم سے ان کا علاج کریں۔ وٹامن سی ان میں کافی موجود ہے۔

وٹامن ڈی

وٹامن ڈی کی کمی سے بچوں کی ہڈیوں کی نشو ونما بند رک جاتی ہے۔ کیلشیم چونا جمع نہیں ہوتا جس کو عرف عام میں سوکھا مسان بھی کہتے ہیں۔ ہڈیاں نرم ہو جاتی ہیں۔ اس کا علاج عرق لیموں، گاجر شلغم، گوبھی، پالک، چولائی، اخروٹ، بنولہ کی گری، ٹماٹر، انگور، نارنگی، دھان اور دودھ کی بالائی سے کیا جا سکتا ہے ان اشیاء میں وٹامن ڈی کافی موجود ہے۔

وٹامن ای

وٹامن ای کی کمی سے ضعف تولید تناسل پیدا ہو جاتا ہے اس کا علاج گوشت، مغز بادام، مغز

پستہ، مغز تخم کدو، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز خیارین، بکرے کا بھیجا وغیرہ سے کریں۔ آخر میں یاد رکھیں کہ اچھی اور مناسب غذا ہر قسم کی دواؤں سے بہتر ہے۔

نکات مطب

ڈاکٹر لوگ اپنی اس تحقیق پر بہت خوش ہیں لیکن اطبا یونان نے صدیوں پہلے پھلوں اور ادویات سے علاج کرنا لکھا ہے۔ مثلاً رُب سیب، رُب انار، مربہ گاجر۔ مربہ آنولہ۔ مربہ ہریڑ اور ہر قسم کے غذائیں علاج کے باب میں لکھی ہیں۔ مثلاً اگر وٹامن ای مغزیات میں ہوتی ہے تو ہم لبوب کبیر میں ہر قسم کے مغزیات شامل کر دیتے ہیں۔ اسی طرح حاملہ کے امراض میں رب انگور، رب سیب کو مفید لکھا ہے اطباء تمام امراض میں مناسب پھل اور ان کے مربے، شربت، رب انار صدیوں سے استعمال کرتے چلے آ رہے ہیں۔

آخر میں مشہور غذائیں امراض کے لیے درج ہیں اور مضر بھی ساتھ ہی لکھ دی ہیں۔

امراض دماغ

مفید غذائیں: مکھن۔ بالائی۔ دودھ بکری۔ خصوصاً مغزیات کھلا کر حاصل کردہ دودھ۔ بکری کا بھیجا۔ بادام شیریں۔ خشخاش۔ ناریل۔ دوسرے تمام مغزیات۔ دھنیا۔ سونف۔ سیب۔ انڈا۔ جو۔ چاول

مضر غذائیں : بینگن اور تمام ترش اشیاء علاوہ ازیں رات کو کم خوابی کھانے کے بعد فوراً دماغی کام اور کثرت جماع۔

امراض چشم

مفید غذائیں : پیاز۔ سونف۔ شلغم

مضر غذائیں : قابض اور گرم اشیاء۔

امراض قلب

مفید غذائیں : جو۔ الائچی۔ بادام شیریں۔ مویز منقیٰ۔ کشمش۔ آم۔ انگور۔ سنگترہ شیریں۔ مالٹا۔ سیب۔ شہتوت۔ بہی۔ شلغم۔ کدو۔ پالک۔ خرفہ کا ساگ۔ تندرست گائے بکری کا دودھ اور

لوکی۔

مضر غذائیں: ادرک۔ بھنڈی۔ بینگن۔ چائے۔ کریلا۔ گوبھی ہر قسم اس کے علاوہ ہر قسم کی ثقیل اشیا۔

سینہ اور پھیپھڑے کے امراض

مفید غذائیں: پالک۔ پیٹھا۔ پیلو۔ جو۔ تندرست گائے اور بکری کا دودھ۔ ابلے انڈے کی زردی شہد میں ملا کر۔

مضر غذائیں: آلو بخارا۔ برف۔ چھاچھ ترش۔ لیموں اور تمام ترش اشیاء۔

معدہ کے امراض

مفید غذائیں: باجرہ۔ ماش۔ مسور۔ پالک۔ پیٹھا۔ پیلو۔ خرفہ کا ساگ۔ شلغم۔ کدو لانبا۔ گنا۔ انار۔ امرود۔ سونف۔ الائچی۔

مضر غذائیں: جوار۔ چنا۔ آلو۔ بھنڈی۔ بینگن۔ پیاز۔ توری۔ کدو گول۔ سیب۔ کیلا۔ سخت ناشپاتی اور برف

تلی اور جگر

مفید غذائیں: انجیر۔ جامن۔ ناشپاتی۔ پیٹھا۔ شلغم۔ مولی۔ اونٹنی کا دودھ۔

مضر غذائیں: گھی اور تمام مرغن اشیاء

آنتوں کی بیماریاں

مفید غذائیں: انار۔ (خاص کر اسہال اور مروڑ کے لیے)۔ بہی۔ بھیڑ کا دودھ۔ دہی میٹھا اور مفید معدہ غذائیں۔

مضر غذائیں: باجرہ۔ کچنار اور تمام ثقیل معدہ غذائیں۔

امراض ریح

مفید غذائیں: مونگ۔ بکری کا دودھ۔ مرغی۔ بٹیر۔ تیتر اور ان کا شوربہ۔ خربوزہ۔ تھوڑی مقدار میں پالک۔ لانبا کدو۔ گندل کا ساگ۔ خرفہ۔ شلغم۔

مضر غذائیں : باجرہ۔ ماش۔ چنا۔ موٹھ۔ گوبھی ہر قسم۔ مٹر۔ مولی۔ کچنار۔ بینگن گول۔ کدو۔ کریلہ۔ کھیرا۔ کیلا۔ گاجر۔ سیب۔ ناشپاتی۔ بیر۔ بڑا گوشت۔ خالی گوشت اور بھینس کا دودھ۔

امراض خون

مفید غذائیں : انگور۔ بیر۔ تھوڑی مقدار میں شہتوت۔ شلجم۔ مولی۔ گھی۔ بیسنی روٹی۔ چاول۔

مضر غذائیں : سرخ مرچ اور تمام ترش اشیاء۔

صفراوی بخار

مفید غذائیں : مونگ۔ جو۔ چھاچھ۔ کدو۔ پالک۔ کھیرا۔ گاجر۔ مولی۔ سکنجبین لیموں آلو بخارا۔ آم۔ تھوڑی مقدار میں ساگودانہ۔ جامن۔ فالسہ۔ تربوز۔ (اس کے ہمراہ چاول نہ کھائیں)۔

مضر غذائیں : ادرک۔ چنا۔ گیہوں اور دوسری تمام ثقیل اور دیر ہضم اشیاء۔

ضعف باہ

مفید غذائیں : اخروٹ۔ پستہ۔ چلغوزہ۔ چھوہارا۔ کھجور۔ تل۔ بادام شیریں۔ سیب۔ آم۔ انگور۔ کیلا۔ لہسوڑے۔ (جریان احتلام میں) چنا۔ پیاز۔ پیٹھا۔ بھنڈی۔ شلغم۔ لانبا کدو۔ بھیڑ کا دودھ۔

مضر غذائیں : لیموں۔ اور تمام ترش اشیاء زیادہ ٹھنڈی اشیاء علاوہ ازیں تمام نفسانی محرکات۔ مثلاً فحش خیالات وصحبت۔ لٹریچر اور سینما وغیرہ۔

ضعف اعصاب

مفید غذائیں : انڈے کا حلوہ۔ نیم برشٹ انڈا۔ مونگ۔ جو چائے (تھوڑی مقدار میں)۔ شوربہ گوشت۔ بکری۔ کبوتر۔ مرغابی۔ بٹیر۔ تیتر اور مرغی کا تندرست گوشت۔ گائے یا بکری کا دودھ۔ انگور۔ سنگترہ شیریں۔ مالٹا۔ سیب۔ خربوزہ۔ (تھوڑی مقدار میں) بادام شیریں مقشر۔

خرفہ کا ساگ۔ پالک۔ کدو لانبا۔ شلغم۔

مضر غذائیں : افیون۔ برف۔ آلو۔ بھنڈی۔ بینگن۔ توری۔ کدو گول۔ گوبھی ہر قسم لیموں۔ مٹر۔ مسور اور ناشپاتی۔

ایک مشہور دواخانہ نے غذا کے بارے میں مفید اور غیر مفید چارٹ لکھ دیا ہے اور چند الفاظ میں حیاتین کی طرف اشارہ کر دیا ہے اس سے فائدہ اٹھائیں۔

اب اوزان کے متعلق انگریزی راج میں یہ پیمانے رائج تھے اور ادویہ کے وزن بھی ان پیمانوں میں تھے۔ مثلاً یہ وزن ہم نے زبانی یاد کئے تھے۔

- آٹھ خشخاش کا ایک چاول
- آٹھ چاول یا چار دھان کی ایک رتی۔
- آٹھ رتی کا ایک ماشہ
- ۱۲ ماشہ کا ایک تولہ
- ۵ تولے کا ایک چھٹانک
- ۸۰ تولے یا ۱۶ چھٹانک کا ایک سیر
- چالیس سیر کا ایک من
- اگر کسی ایک رتی دوا کی ہزار پڑی بنانی ہو تو اس کو ۱۰ تولہ چینی میں کھرل کریں اور ایک ایک رتی کی پڑیاں باندھ لیں۔ مثلاً میٹھا تیلیہ۔ یا سم الفار سفید۔ یا شیر مدار خشک۔ یا مغز جمال گوٹہ۔ کچلہ مدبر۔ لفاح۔ پارہ مصفیٰ۔ بھلاوہ یا سرخ کا ہی تمام کا ایک ہی قانون ہے۔

معذرت

کتاب ہذا کا مسودہ کئی سال سے بن رہا تھا لہٰذا میں بصری اور جسمانی کمزوری کے باعث اوزان۔ اعشارے سکون میں نہیں لکھ سکا البتہ اس کی فہرست دے دیتا ہوں جس سے آپ خود اندازہ لگالیں۔ مہربانی ہوگی۔ اس اندازہ سے آپ وزن تیار کر کے ادویہ بنالیا کریں۔ مہربانی ہو گی۔

ایک رتی	۱۲۱ ملی گرام	ایک گرام	سوا آٹھ رتی
۲ رتی	۲۴۳ ملی گرام	دو گرام	ساڑھے ۱۶ رتی
تین رتی	۳۶۴ ملی گرام	تین گرام	سوا ۲۲ رتی
چار رتی	۴۸۶ ملی گرام	چار گرام	۳۳ رتی
۵ رتی	۶۰۷ ملی گرام	پانچ گرام	سوا ۴۱ رتی
۶ رتی	۷۲۹ ملی گرام	چھ گرام	سوا ۴۹ رتی
۷ رتی	۸۵۰ ملی گرام	سات گرام	سوا ۵۷ رتی
۸ رتی یا ایک ماشہ	۹۷۲ ملی گرام	آٹھ گرام	۶۶ رتی
۲ ماشہ	۹۲۴'۳ ملی گرام	۹ گرام	سوا ۷۴ رتی
۳ ماشہ	۹۱۶'۲ گرام	دس گرام	ساڑھے ۸۲ رتی
۴ ماشہ	۸۸۸'۳ گرام	گیارہ گرام	سوا ۹۰ رتی
۵ ماشہ	۸۶۰'۴ گرام	بارہ گرام	ایک تولہ تین رتی
۶ ماشہ	۴۳۲'۵ گرام		

❀❀❀

متفرقات

اس باب میں بھی چند مجربات درج ہیں جو کہ کتاب کے پچھلے صفحات میں نہیں ہیں۔تمام کے تمام میرے اور میرے دوستوں کے تجربہ پر صادق ثابت ہوئے ہیں۔

(۲۱۴۰) سوکھا بچہ

ایک بچہ جو کہ سوکھے کے مرض میں مبتلا تھا۔مختلف رنگ کے اسہال آتے تھے بچہ مثل بندر بن چکا تھا یہ واقعہ ۱۹۴۴ کا ہے اس کو یہ دوا بنا کر دے دی گئی۔

ھوالشافی : کافور ۲ ماشہ لے کر باریک کر کے ایک بوتل پانی میں حل کر لیں اس سے ایک ایک چمچ بچوں کو دیں لہٰذا اس کو تیار کر کے دیا گیا اس سے بچے کا بخار اور رنگ برنگ کے اسہال پیچش پیاس دور ہو گئی اور بچہ کی صحت آگے سے بہتر ہو گئی اس کے بعد سنگدانہ مرغ باریک کر کے اس کے مساوی الوزن چینی ملا کر ۲-۲ رتی کی پڑیاں باندھ دیں۔اس سے کمی ہاضمہ کا عارضہ بھی دور ہو گیا کئی اور سوکھا ہوا بچہ ہرا بھرا ہو گیا۔

نکات مطب

اس کے بعد ہومیو پیتھی کا مطالعہ کیا تو انہوں نے لکھا کہ کافور مدر ٹنکچر عطاش کے مرض کی آخری دوا ہے۔اسی طرح ایک آدمی نے ذکر کیا کہ ایک آدمی سوکھا کی گولیاں دیتا ہے اور مریض راضی ہو جاتا ہے اس سے نسخہ طلب کیا تو اس نے بتایا کہ سنگدانہ مرغ اور اس کے مساوی تخم کشائی خورد ملا کر باریک کریں اور دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنالیں شیر مادر کے ساتھ یا مناسب بدرقہ سے کھلانا سوکھا کا مفید علاج ہے۔اس سے کئی بچے راضی ہو چکے ہیں اس نے یہ نسخہ کتاب کے لیے عطا کیا۔

(۲۱۴۱) اذ راقی

ایک مریض دواخانہ میں آیا اور کہا کہ میں افیون کھا چکا ہوں اور مجھ کو طرح طرح کی تکلیفیں معلوم ہو رہی ہیں اس کو فوراً حب کچلہ دی گئی۔ وہ مریض صبح کو آیا اور کہا کہ گولیاں کھانے کے بعد آرام آ گیا تھا وہ یہ ہیں۔

ھوالشافی : کچھلہ مدبر ڈھائی تولہ۔ مرچ کالی۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ سہاگہ۔ دارچینی ایک ایک تولہ۔ باریک کریں۔

خوراک : ایک رتی۔ اس کی منقی کے ساتھ گولیاں بنالیں کہ فی گولی ایک رتی دوا دی جائے۔ اس سے افیون کھانے کی تکلیف رفع ہوگی نیز افیونیوں کے اسہال بھی دور ہوں گے۔

نوٹ : کچلہ کو گھی گائے میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب کچلے پھول جائیں تو گرم گرم کوٹ لیں کچلہ مدبر ملے گا۔

(۲۱۴۲) بینائی

ایک شخص جوتے بنانے کا کام کرتا تھا اس نے کہا کہ نظر کمزور ہو رہی ہے اور تلے کا کام نہیں ہوتا۔ اس کو یہ خمیرہ بنادیا اس سے اس کی نظر ٹھیک ہوگئی۔

ھوالشافی : گھی (گاؤ کا ہو تو بہتر ہے) تین پاؤ۔ گرم کر کے ایک سیر چینی ملا لیں۔ پھر مغز سونف۔ مغز کشنیز۔ تخم خشخاش سفید۔ مغز بادام ۱۰۔ ۱۰ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ شامل کر لیں۔ ایک سے دو تولہ تک اگر اس میں چار مغز ۱۰ تولہ۔ مغز پستہ ۱۰ تولہ۔ مغز ناریل ۱۰ تولہ اور سنڈھ ۵ تولہ کا اضافہ کر کے تیار کریں تو زیادہ مفید ہوگا۔

(۲۱۴۳)

ایک ماسٹر صاحب ریٹائرڈ ایک قسم کی گولیاں تیار کرتے خود کھاتے اور لوگوں کو بھی دیتے ان سے لوگ لے کر فائدہ حاصل کرتے۔ مجھ کو علم ہوا تو نسخہ طلب کیا انہوں نے بتا دیا۔ اور کہا کہ تمام عمر بنا کر رکھتا ہوں۔

ھوالشافی : مصبر۔ مصطگی۔ مرچ سیاہ۔ سورنجاں شیریں۔ ۲۔ ۲ تولہ۔ مگھاں ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ سنا مکی۔ (صرف پتی) ایک تولہ۔ کنوارل گندل سے گولیاں تیار کر لیں۔

فوائد : دافع درد۔ دافع ریاح۔ وجع المفاصل۔ مخرج بلغم۔ قبض کشا کے لیے سینکڑوں مریضوں پر آزمودہ ہے۔

(۲۱۴۴) لعوق سعال

ھوالشافی : معجون فلاسفہ۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ۔ جوارش کمونی۔ شہد خالص ۵۔۵ تولہ ملا لیں۔

خوراک : ۶۔۶ ماشہ۔ صبح وشام۔

فوائد : ایک حکیم صاحب جو کہ فوت ہو چکے ہیں۔ اس کو بنا کر ڈبیوں میں بند کر کے کھانسی کے مریضوں کو دیتے ان کا معمول مطب نسخہ تھا مجھ کو عطیہ کر دیا۔

(۲۱۴۵) جریانی

مجھے ایک مریض نے بتایا کہ فلاں آدمی جریان کے مریضوں کو گولیاں دیتا ہے۔ کئی لوگ اس سے گولیاں لے کر شفایاب ہو چکے ہیں۔ میں اس آدمی کے پاس پہنچا اور اس سے نسخہ طلب کیا۔ اس نے صاف بتا دیا۔

ھوالشافی : کشتہ قلعی ایک تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ بیج بند ۲ تولہ۔ گوند کیکر ۲ تولہ۔ حب نخودی بنا دیں۔

خوراک : ایک ایک عدد صبح وشام ہمراہ دودھ گائے نسخہ بتلا کر فرمانے لگے ”یہ ہی وہ نسخہ ہے کہ جو تمام عمر بنا کر لوگوں کو دیتا رہا ہوں۔ پرانے سے پرانے مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔“

(۲۱۴۶) تخم کرنجواہ

مجھ کو ایک ہاتھ پر چھوٹا سا پھوڑا نکلا ایک صاحب جو کہ نابینا تھے انہوں نے سنا وہ میرے واقف تھے فرمانے لگے مجھ کو ایک سال بہت پھوڑے نکلے ایک صاحب نے مجھ کو بتایا کہ مغز تخم کرنجوہ باریک کر کے اس کو پانی سے کھائیں میں نے ایسا ہی کیا وہ بہت کڑوا تھا لیکن میں نے سات دن کھایا آج کئی سال ہو گئے پھوڑے نہیں نکلے۔ لاجواب ہے۔

(۲۱۴۷)

ایک شخص نے ”الحکیم“ نومبر ۱۹۳۱ میں سوال لکھا کہ میں جو کھاؤں ہضم ہو جائے تو اس کے

جواب میں ایک حکیم نے یہ نسخہ چورن کا لکھ دیا۔

ھوالشافی : نوشادر ۸ تولہ۔ نمک لاہوری ۵ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ پودینہ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ سونف تیار کریں۔

خوراک : ایک ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ یا ذیل کے عرق سے دیں۔

ھوالشافی : سونف۔ پودینہ۔ کچور ۱۲۔۱۲ تولہ۔ الائچی کلاں کوفتہ ۲ تولہ عرق ۱۰ بوتل نکال لیں۔

مقدار خوراک : ڈھائی تولہ سے ۵ تولہ تک یہ عرق بھی ایک صاحب کی دکان کا چالو نسخہ تھا انہوں نے مجھ کو تحفہ کے طور پر دیا۔ ان کی دکان سے موسم گرما میں عرق ہاضم کے نام سے لوگ خریدتے تھے۔

(۲۱۴۸) جریان

کسی زمانے میں اس نسخہ کا اشتہار نکلا کرتا تھا صاحب نسخہ اس کو بند کر کے ایک ماہ کی خوراک تیار کر دیتا اور کہتا کہ تمام عمر جریان دوبارہ نہ رہے گا یہ نسخہ بھی حاصل کیا مجرب ہے۔

ھوالشافی : بیج بند۔ تخم تریالہ۔ گوکھرو۔ آرد سنگاڑھا۔ سمندر سوکھ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید تولہ تولہ۔ باریک کریں اور کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ مرجان ۲۔۲ ماشہ باریک کریں۔

خوراک : ۲۔۲ ماشہ ملا کر صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ غذا سے قبل ایک گھنٹہ اور عصر کے وقت دیں۔

کورس : ایک ماہ۔ یہ نسخہ وزن کے اعتبار سے ہے اور اجزا بھی ٹھیک ہیں۔ اچھا نسخہ ہے تیار کریں۔ صاحب نسخہ نے قیام پاکستان سے پہلے اکسیر جریان نظامی کا اشتہار دے کر سینکڑوں روپے کمائے۔

(۲۱۴۹)

ایک شخص دمے کا مریض تھا اس کو قبض بھی تھی اور سخت دورہ پڑا ہوا تھا ایک حکیم صاحب تجربہ کار ریاست کپورتھلہ سے تشریف لائے ہوئے تھے مریض ان کے سامنے پیش کیا گیا انہوں نے نسخہ لکھ دیا۔ بنوایا اور دیا۔ اس کا دورہ بھی دور ہوا اور قبض بھی دور ہوگئی۔ مجھ کو علم ہوا تو میں مریض

کے گھر گیا اور نسخہ طلب کیا وہ یہ ہے۔

ھوالشافی: ریوند عصارہ گل بنفشہ۔گل سرخ۔سنا مکی (صرف پتی)۔حب النیل۔مصبر ایک ایک تولہ۔سقمونیا ولایتی ۶ ماشہ۔گولیاں نخودی بنا دیں۔مناسب کھلائیں کہ ایک دو اسہال آئیں۔ اس کے بعد صاحب نسخہ مہاجر ہو کر ہمارے گاؤں میں ہی آ گئے یہ نسخہ وجع المفاصل۔قبض دائمی۔ امراض بلغمی کو مجرب ہوگا۔

(۲۱۵۰) کالی مرچ

ایک حکیم صاحب نے مجھ کو بتایا کہ مرچ کالی کو باریک کر کے اگر اورام پر لیپ کر دیا جائے تو یہ ورم کو بھی دور کرتی ہے اور پکانے والے کو پکا بھی دیتی ہے بلکہ پھاڑ بھی دیتی ہے یہ محلل اورام اور مفجر ہے۔

(۲۱۵۱) مصری کوزہ

ایک تجربہ کار بوڑھے حکیم سے میں نے امراض مردانہ کے نسخے طلب کیے فرمانے لگے یہ تیار کر لیا کریں۔سکہ کو کتر کر مصری کوزہ سے رگڑ رگڑ کر کشتہ کریں اس کے مساوی الوزن مغز تخم سرس باریک کر کے شیر برگد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔چودہ گولی سے زیادہ کی ضرورت نہ رہے گی فرمانے لگے تمام عمر کا معمول ہے۔آپ میرے دوست کے بیٹے ہیں ان کی محبت میں بتا دیا ہے۔ اس کے علاوہ لبوب کبیر اگر تیار کر لیا کریں تو امراض مردانہ میں اور دوائی کی ضرورت نہ رہے گی۔

(۲۱۵۲) لاجواب گھی

چھال نیم ایک پاؤ کو کچل کر دو سیر پانی میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دیں اگر تین دن بھگوئیں تو بہتر ہوگا۔صبح کو جوش دیں آدھ سیر رہ جانے پر چھان لیں اور مکھن گائے آٹھ تولہ کو صد بار پانی سے دھو کر اس پانی میں چھوڑ دیں پھر آگ پر چڑھا دیں جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو اتار کر سرد کریں مکھن جم جائے گا اتار کر رکھ لیں اس کو خارش کی جگہ پر مالش کیا کریں خارش خصیہ اور ان کو مجرب ہے اور ہر قسم کے گھاؤ کو بھر دیتا ہے۔ذاتی مجرب ہے۔

(۲۱۵۳) حب صدف

نسخہ تو کتابی ہے مگر ایک بوڑھے حکیم نے مجھ کو پیار کی وجہ سے بتایا اور اخفا کی تاکید کی۔

ھوالشافی : چھلکا اسپغول۔ گوند کتیرا۔ خشخاش سفید۔ سونف۔ برگ سداب۔ کشنیز خشک۔ گل سرخ۔ ہر ایک ۱۰۔۱۰ تولہ۔ صدف سوختہ۔ مصطگی رومی ۸۔۸ تولہ۔ مازو ۶ تولہ۔ باریک کر کے لعاب گوند کیکر سے حب بقدر جنگلی بیر بنا دیں۔

خوراك : ۲۔۲ عدد صبح وشام مناسب بدرقہ سے دیں جریان احتلام کو مفید ہیں۔ یہ گولیاں قبض نہیں کرتی۔ صاحب موصوف کے تجربے میں لاجواب تھیں۔ اس لیے اخفا کی تاکید کی اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔

(۲۱۵۴) سرمہ

ایک عورت نے ذکر کیا کہ ہمارے خاندان میں ایک سرمہ مشہور ہے وہ نظر کو تیز کرتا ہے سرمہ سیاہ کو سونف کے پودے کے پانی سے کھرل کریں تو لاجواب ہے ایک صاحب نے کہا کہ سونف کے پودے پر جو شبنم پڑے اس سے سرمہ کو کھرل کریں تو لاجواب ویسے سونف کو چبانا بھی نظر کو تیز کرتا ہے جوتوں پر تلا کا کام کرنے والے اکثر سونف کو چباتے رہتے ہیں کہ یہ نظر کو تیز کرتی ہے۔

(۲۱۵۵) مستری

ایک مستری صاحب کو سر درد عام رہتی تھی ایک حکیم صاحب کو علاج کے لیے کہا اس نے کمزوری دماغ سمجھ کر یہ نسخہ بتایا۔

ھوالشافی : اسطوخودوس ۴ ماشہ۔ دھنیا ۳ ماشہ۔ خشخاش سفید ایک تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ مغز ناریل ایک تولہ۔ خوب گھوٹ کر دودھ اور کھانڈ ملا کر پئیں اس سے کمزوری دماغ بھی دور ہوگی کیونکہ حریرہ بھی بن گیا اور دافع درد اسطوخودوس بھی شامل ہو گیا۔

(۲۱۵۶)

ہمارے رشتہ داروں سے ایک مائی قبض کشا گولی تیار کرتی اور دودھ کے ہمرہ کھلاتی۔ قبض

عام اور دائمی کو مفید پڑتی۔

ھوالشافی: سنا مکی صرف پتی۔ مغز بادام مقشر۔ مویز منقیٰ۔ تینوں ملا کر گولی بقدر دانہ جنگلی بیر بنا دیں۔

خوراک : ہمراہ دودھ ایک سے تین چار عدد کھلانا دائمی قبض کو اور بواسیر کو مفید ہے۔

(۲۱۵۷)

ایک خاندان کے متعلق پتہ چلا کہ ان کے پاس ایک نسخہ ہے مگر وہ بتاتے نہیں لیکن پیسے لے کر دوا تیار کر دیتے ہیں۔ لیکن جب میں جا کر نسخہ پوچھا تو بتا دیا۔

ھوالشافی : مغز بادام۔ چار مغز۔ سونف۔ خشخاش سفید آدھ آدھ سیر باریک کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک دودھ آدھ سیر میں جوشائیں جب کھویا بن جائے تو پی لیں سارا نسخہ ایک مریض کو بتدریج کھلائیں۔ اس سے کمزوری دماغ اور نزلہ وزکام کو دور کرنے اور جسم کو موٹا تازہ کرنے میں اکسیر ہے۔

(۲۱۵۸) تیل برائے فالج

ھوالشافی : کچلہ کوفتہ۔ جائفل۔ لونگ۔ سنڈھ ۳۔۳ تولہ۔ ایک کلو تیل میٹھا میں پکا لیں ادویہ سیاہ ہو جائیں تو پن لیں اس کی مالش کریں اور لونگ جائفل سنڈھ باریک کر کے تین تین ماشہ کی پڑیاں باندھ لیں اور بڑے گوشت کی ہڈیوں کی یخنی بنا کر یہ پڑی اوپر چھڑک کر پلائیں یہ کبوتر کے شوربے کے قائم مقام ہے۔ فالج لقوہ کے علاج میں اس نسخہ کو ہمیشہ یاد رکھیں مجرب ہے۔

(۲۱۵۹) منجن لاثانی

ھوالشافی : پھٹکڑی پھلہ ۲۰ تولہ۔ چھلکا کیکر۔ چھلکا نیم۔ ۱۵۔۱۵ تولہ۔ عاقر قرحا۔ دنداسہ۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیندھا۔ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ کبابہ ۵ تولہ۔ کافور۔ ست اجوائن ڈھائی ڈھائی تولہ۔ پہلے کافور اور ست اجوائن کو کھرل کریں پھر تمام ادویہ ملا لیں رات کو سوتے وقت دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں اور رال ٹپکاتے رہیں۔

فوائد : خون کو روکتا ہے درد بند کرتا ہے پیپ بند کرتا ہے آیورویدک کا اشتہاری نسخہ ہے۔ اس منجن کا میں نے تجربہ کیا لاجواب ہے۔

(۲۱۶۰) پرانا گڑ

میں ایک وید کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ کسی شخص نے کھانسی کا سوال کیا تو وید صاحب نے اپنے تھیلے میں سے چند گولیاں چوسنے کے لیے دے دیں میں نے پوچھا تو فرمانے لگے یہ نسخہ یہ ہے۔

ھوالشافی: سمندر پھل۔ سمندر سوکھ۔ گڑ کہنہ۔ مساوی الوزن کی گولیاں بنالیں اور منہ میں رکھ کر چوسا دیں۔ اس سے تر وخشک کھانسی دور ہو جاتی ہے تمام عمر کا معمول ہے۔ اس کے بعد آپ نے یہ بھی بتایا۔

(۲۱۶۱) کھانسی کے لیے لاجواب کورس

ھوالشافی: خشخاش سفید ایک تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ۸ دانے۔ پانی ایک پاؤ میں شیرہ بنادیں اور اس میں شربت اعجاز ۵ تولہ ملالیں۔

طریقہ استعمال: پھر گھی دیسی ۲ تولہ کو گرم کر کے اس میں ملا کر کھلایا کریں۔ کھانسی ہر قسم کو لاجواب ہے۔

(۲۱۶۲) اکسیر مروڑ

ھوالشافی: گل دھاوا۔ دھنیا۔ پوست خشخاش۔ رال سفید۔ ۵۔ ۵ تولہ۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک سادہ پانی۔ شربت صندل سفید ۵۔ ۵ تولہ سے تین خوراک دیں۔ مروڑ اور پیچش کا لاجواب علاج ہے۔ پرانے سے پرانا مروڑ اس نسخہ سے شفایاب ہوتے دیکھا۔

(۲۱۶۳) سوزاک ایک خوراک سے دور

ھوالشافی: روغن صندل ۶ ماشہ۔ لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ دونوں کو ملالیں۔ پہلے مریض کو شوربا گوشت یا نخود تیز مرچ مصالحہ ڈال کر کھلائیں اس کے بعد یہ دوائی ساری ایک بار کھلا دیں اس سے زخم دھل جائے گا اور سوزاک دور ہوگا اس نسخہ کو حکیم بڑے بڑے دعویٰ کے ساتھ پیش کرتے ہیں بڑی بڑی رقم وصول کرتے ہیں لاجواب علاج ہے تیار کریں۔

(۲۱۶۴) مدرحیض اخراج مشیمہ وجنین

ھوالشافی : گھگر بیل ایک تولہ جوشا کر میٹھا ڈال کر پلا دیں۔ زبردست مدرحیض ہے اس سے رحم صاف ہو جاتا ہے اور بچہ زندہ مردہ اور مشیمہ بھی خارج ہو جاتا ہے۔

(۲۱۶۵) حب ممسک

ایک صاحب نے ''الحکیم'' کے پرچے میں سوال کیا کہ ممسک تاترشی کی ضرورت ہے۔

ھوالشافی : عاقرقرحا۔ جائفل۔ ریگ ماہی۔ شقاقل۔ افیون۔ زعفران۔ لونگ ایک ایک تولہ۔ عرق گلاب سے کھرل کر کے حب نخودی بنا دیں۔ قبل از جماع کھلائیں اس سے از احد امساک ہوگا اور متواتر بھی صبح وشام کھلائیں۔ ان شاء اللہ مقوی باہ۔ دافع سرعت انزال لاجواب گولیاں ہیں۔

(۲۱۶۶) حب مصفی خون

کسی صاحب نے ''الحکیم'' میں خون صاف کرنے کے لیے نسخہ طلب کیا تو ایک حکیم نے جواب میں مجرب نسخہ لکھ بھیجا۔

ھوالشافی : دھمانسہ۔ چرائتہ۔ برگ نیم۔ ترپھلہ۔ ایک ایک پاؤ۔ پانی آٹھ سیر پانی میں بھگو کر جوشا دیں جب دو سیر رہ جائے تو پن کر نرم نرم آگ پر اس کو شہد کی مانند گاڑھا کریں۔ اب جل نیم کا سفوف باریک تیار کردہ اس میں ملا کر حب نخودی بنا دیں۔

خوراک : ایک ایک عدد صبح وشام ہمراہ عرق عشبہ سے دیں اس سے انشاء اللہ خون صاف ہوگا پھنسیوں کی جگہ کو برگ نیم سے دھو کر گندھک ایک تولہ مکھن ۵ تولہ میں ملا کر لگا دیں۔ خارش مزمن چھپا کی مزمن۔ دھدر چنبل دور ہوں گے۔ (از محمد اکرم ربانی لاہور)

(۲۱۶۷) معجون آملہ

جگر کی گرمی اور خفقان دور کرنے نیز مقوی معدہ اور مانع احتلام ہے مربہ آملہ ایک پاؤ دھو کر اس کو پیس لیں اور مصری چالیس تولہ کا گاڑھا قوام کر کے اس میں ملا لیں بعدہ یہ ادویہ بھی ملا لیں۔

ھوالشافی : مصطگی۔ عود خام۔ بالچھڑ۔ ۶۔ ۶ ماشہ۔ مغز کشنیز خشک ایک تولہ۔ تخم کاسنی ۹ ماشہ

مغز تخم خیارین ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ ۹ ماشہ اور طباشیر ۶ ماشہ باریک کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک تولہ صبح و شام کھلایا کریں اس معجون کا میں نے تجربہ کیا ہے جن امراض کے لیے لکھا ہے مجرب ہے۔

(۲۱۶۸)

ایک بوڑھے ستر سالہ کو ایک حکیم نے گولیاں دیں وہ گولیوں کی تعریف کر رہا تھا کہ وہ ازحد مقوی باہ ہیں میں نے حکیم سے نسخہ طلب کیا تو انہوں نے مجھ کو لکھا دیا۔

ھوالشافی : مغز زر کنجشک خانگی۔ شقاقل مصری۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ پوست خرما۔ ثعلب مصری۔ تخم جرجیر۔ ریگ ماہی ۶۔ ۶ ماشہ۔ کستوری ڈیڑھ رتی حسب ضرورت شہد سے گولیاں نخودی یا دانہ جنگلی بیر برابر بنالیں۔

خوراک : رات یا صبح کو ایک گولی کھلا کر اوپر سے کابلی چنوں کا زلال مصری سے میٹھا کر کے پلا دیں۔ یہ گولیاں ازحد مقوی باہ ہیں۔

نکات مطب : چڑوں کے مغز کو گھی میں بریاں کر کے ملائیں ورنہ بہت جلد گولیاں خراب ہو جائیں گی۔ بہاولپور کے ایک طبیب نے بھی کہا کہ ایک دن رات میں شہوت لے آتی ہیں۔ اجزا اصلی ہونے چاہئیں یہ گولیاں حب جالینوس کے نام سے قرابادینوں میں ہیں۔

(۲۱۶۹) حب ملیریا

ھوالشافی : مرچ سیاہ ڈھائی تولہ۔ مغز تخم کرنجوہ ۵ تولہ۔ آب برگ دھتورہ ۱۰ تولہ سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ رنگت سرخ کرنے کو ذرا سی گیری ملالیں۔

خوراک : ایک ایک گولی صبح دوپہر شام مناسب بدرقہ سے ملیریا کو لاجواب گولیاں ہیں میں نے خود تیار کر کے مفید پائی ہیں۔ لاجواب ہیں۔

(۲۱۷۰) مقوی باہ

ایک ادھیڑ عمر کے آدمی نے کمی باہ اور سرعت اور مقوی باہ دوا مانگی تو میں نے یہ کیپسول تیار کر دیئے دوبارہ بھی خریدنے آیا۔ نسخہ کی ازحد تعریف کی اور دوبارہ لے گیا۔

ھوالشافی : شنگرف رومی۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ جاوتری۔

ہرایک ۱۰۰ گرام لونگ کافور ۵۰۔۵۰ گرام۔لوبان ۳۰ گرام باریک کھرل کریں اور زیرو سائز کے کیپسول بھرلیں تول کر دیکھا تو چار رتی کیپسول میں آ گئی۔

خوراک : دو تین گھنٹہ قبل مجامعت دودھ سے کھائیں اور رات کی روٹی نہ کھائیں۔صرف دودھ پر گزارہ کریں۔قوت امساک اس قدر پیدا ہوگی کہ بیان کرنا شاید مبالغہ آرائی سمجھا جائے آزمانے والا خود بیان کرے گا۔

(۲۱۷۱) گل قند لقمانی

ھوالشافی : گل قند۔گل سرخ۔۱۵ تولہ۔سقمونیہ ولایتی ڈھائی تولہ۔برگ سنا مکی ۵ تولہ۔ ہریڑ کا چھلکا ۵ تولہ۔بادام روغن ۲ تولہ۔مغز بادام مقشر ڈھائی تولہ۔

ترکیب تیاری : سنا مکی کو صاف کر کے باریک کرلیں اور ہلیلہ کو بھی باریک کریں۔سقمونیہ بھی باریک کر کے سب کو ملا کر ایک ایک عدد مغز بادام ڈالتے اور کوٹتے جائیں جب سب مل جائیں تو بادام روغن سے چرب کر کے ڈبی میں بند کرلیں ایک بے ضرر جامع الفوائد نسخہ ہے۔

خوراک : قبض کے لیے ۳ ماشہ سے چار ماشہ۔مسہل کے لیے ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ نیم گرم دودھ ایک گھنٹہ میں نرم طبیعت والے کو جلاب ہو جاتا ہے۔بے ضرر ہے ایک حکیم نے اس کو تیار کر کے ڈبیوں میں فروخت کیا۔

(۲۱۷۲) بابونہ

میں ایک مریض کا علاج کرنے گیا وہاں ایک آدمی نے مجھ کو ایک نسخہ مالش عطا کیا جو کہ اس کے ایک دوست کے مریض ہونے پر ایک حکیم نے بتایا تھا۔

ھوالشافی : بابونہ مثل سرمہ باریک کپڑ چھان کریں۔اور روغن گل ۵ تولہ۔روغن تارپین ۵ تولہ۔موم سفید ۵ تولہ لیں۔روغن گل وموم کو گرم کریں اور تیل تارپین و بابونہ کا پاوڈر ملا کر خوب ملا لیں اس کو تشنج کزاز وجع مفاصل اور دوا کی جگہ مالش کریں اوپر روئی باندھ دیا کریں۔اس سے اورام اور دردوں کو فائدہ ہوگا۔

(۲۱۷۳) عطائی

ایک عطائی آدمی گو عام حکیم نہ تھا لیکن نسخہ کا شوق اور علاج معالجہ کرتا میں نے اس سے خون

صاف کرنے کا نسخہ مانگا اس نے عطا کر دیا۔

ھوالشافی: عشبہ۔ چرائتہ۔ افسنتین۔ جل نیم۔ برگ کرنجوہ۔ دھمانسہ بوٹی۔ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ اس کا چھ بوتل عرق نکال لیں ایک بوتل میں ۱۰ تولہ میگنا سلفاس گھول کر مریض کے حوالے کر دیں۔

مقدار خوراک: ۵۔۵ تولہ۔ صبح وشام اس سے ایک اسہال آئے گا غذا مرغن کھلائیں۔ کم از کم ۵ تولہ گھی روز کھلائیں۔ زیادہ ہو تو بہتر ہے۔ اس سے خون صاف ہوگا۔ فرمانے لگے پیار کی وجہ سے بتا دیا اس سے خرابی خون کے مریض میرے پاس کافی آتے ہیں ایک بوتل سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔ میری مشہوری اسی نسخہ سے کافی ہوئی ہے۔

(۲۱۷۴)

ایک عورت جا رہی تھی اور ٹیوب ویل لگ رہا تھا اس کی ایک تار ٹوٹی تو عورت کی ناف کے نیچے لگی جس سے عورت بے ہوش ہوگئی اس جگہ ورم بن گیا ماہواری بند ہوگئی۔ اس نے مجھ سے علاج طلب کیا میں اس کو یہ دوائی ناف کے نیچے لگواتا رہا۔ وہ عورت ٹھیک ہوگئی۔ ماہواری بند کھل گئی اور پھر بچے جننے لگ گئی۔

ھوالشافی: کالی زیری۔ مغز تخم بیدانجیر۔ سنڈھ ۴۔۴ ماشہ۔ باریک کر کے قدرے پانی میں پکا کر زیر ناف ضماد نیم گرم کیا گیا اس سے ورم دور ہو گیا اور تمام تکلیف دور ہوگئیں۔

(۲۱۷۵) چھپائی

ایک نوجوان لڑکی کو کئی سال سے چھپاکی نکلتی تھی وہ انگریزی علاج کرا کر مایوس ہوگئی تھی۔ ایک بار علاج کی طالب ہوئی تو میں نے مسہل دے دیا۔ وہ یہ تھا۔

ھوالشافی: سقمونیہ۔ مغز بادام۔ منقی مساوی الوزن۔ گولیاں نخودی بنا کر۔ ۵ عدد دے دیں۔ اس اسہال ہوئے پیٹ صاف ہو گیا تو ناگ کیسر۔ ۵ تولہ۔ باریک کر کے ۱۵ تولہ شہد صاف ملا کر معجون بنا دی

خوراک: ۶۔۶ ماشہ صبح وشام کھانے کی ہدایت کی اس کے بعد اس کے بھائی نے کہا کہ ہماری بہن بالکل تندرست ہوگئی ہے۔ چھپاکی اب نہیں نکلتی۔

(۲۱۷۶) مرغی

ایک عورت نے ذکر کیا کہ مرغیاں پال رکھی ہیں اور تمام کو چچڑیاں چمک گئی ہیں اور ایک آدمی نے کہا کہ پالتو کتا کو جسم پر عجیب قسم کے زخم اور چچڑیاں ہیں۔

ھوالشافی : گندھک۔ پارہ ۶۔۶ ماشہ۔ مردار سنگ۔ رال سفید۔ کمیلہ۔ برگ حنا۔ برگ نیم ایک ایک تولہ۔ ملتانی مٹی ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : باریک کر کے تیل سرسوں میں ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں کہ مثل مرہم بن جائے اس کو ہر قسم کے ناسور بھگندر گندے زخم کتے کے زخم چاقو کے زخم پر لگا دیں اور مرغیوں اور کتوں کے زخموں پر پتلا کر کے لگا دیں۔ ایک بار کے لگانے سے چچڑیاں جھڑ جاتی ہیں اور زخم ایک پٹی سے ٹھیک ہونے لگ جاتا ہے کئی بار ہا تیار کی۔ معمول مطب رہ چکی ہے اس کے ہوتے ہوئے اور کسی مرہم ضرورت نہیں۔

(۲۱۷۷) داخلیون

ایک عورت عرصہ ۶ ماشہ سے بیمار تھی کئی ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج ہو چکا تھا۔ لیکن آرام نہ ہوا۔ عورت صاحب فراش تھی۔ ناف کے نیچے کا حصہ ابھرا ہوا تھا۔ ایام حیض خراب تھے۔ قبض بھی تھی۔ پیشاب بھی خراب حالت میں تھا۔ ورم رحم سمجھ کر مرہم داخلیون رحم میں رکھوانے کو کہا اور قبض دور کرنے کے لیے گل بنفشہ گل سرخ۔ سنا مکی ۶۔۶ ماشہ۔ ابال کر چینی ملا کر دو یوم پلانے کو کہا اس سے تمام تکالیف دور ہو گئیں۔

(۲۱۷۸) ریگن

ایک پرانا ریگن کا مریض اور ایک آدمی ۵۰ سالہ کو جوڑوں کا درد اور چوٹیں لگی تھیں۔ دونوں کو سرخ رنگ کی گولیاں ایک ایک عدد دن میں تین بار دیں۔ جن کا عام کتابوں میں مختلف ناموں سے ذکر ملتا ہے۔ لقوہ، بلغمی بخار کو مفید ہیں۔ مقوی باہ بھی ہیں اور بلڈ پریشر اگر کم ہو تو اس کو بھی ٹھیک کر دیتی ہیں۔ یہ آیورویدک کا چھوٹا سا نسخہ ہے۔

ھوالشافی : شنگرف رومی۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ فلفل سیاہ۔ سہاگہ پھلہ۔ فلفل دراز ایک ایک تولہ لے کر آب ادرک سے بہت زیادہ کھرل کر کے گولی بقدر ایک ایک رتی بنا دیں۔

خوراک : ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ شہد یا آب نیم گرم اگر اسہال زیادہ آتے ہوں تو تین ماشہ اندر جو کا سفوف شہد ملا کر دیں۔ گٹھیا کے بخار اور بلغمی بخار کو مفید ہے۔ تپ پر سوتک کو لا جواب ہے۔ اسہال زیادہ آتے ہوں قدرے افیون ایک چاول بھی خوراک میں رکھ دیں زکام پک جانے پر اس کو کھانسی بھی ہو تو اس کو شہد کے پانی سے دیں۔ سنگرہنی کو بھی مفید ہیں۔ زیادہ اسہال میں رات کو برگ بھنگ کا پاؤڈر ایک ماشہ دیا کریں۔ ایک شخص اس کو معمول مطب بنا کر سینکڑوں روپے کما چکا ہے۔ نمونیا میں اس کے ساتھ کشتہ بارہ سنگا ایک رتی ملا کر کھلانا بھی مفید ہے۔ ادھرنگ کے مریض کو بھی فائدہ مند ہیں۔

دوستو! آخر کتاب پر چالیس نسخہ جات۔ اپنے اور اپنے دوستوں کے مجربات لکھ دیے ہیں۔

(۲۱۷۹) مقوی باہ

ضلع شیخوپورہ میں ایک صاحب دوائی کھرل میں پیس رہے تھے میں نے کہا یہ کون سا نسخہ ہے انہوں نے نسخہ بیان کر دیا۔

ھوالشافی : سم الفار ایک ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۶ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ کونین سلفاس ۶ ماشہ۔ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری ۶ ماشہ اور شقاقل مصری ۶ ماشہ۔ افیون ۹ ماشہ کو فاسفیٹ آف آئرن ۹ ماشہ کے ساتھ کھرل کر کے شہد سے گولی نخودی بنالیں۔

خوراک : ایک ایک گولی بعد از غذا ہمراہ دودھ اور غذا مرغن فرمانے لگے "یہ گولیاں از حد مقوی باہ ہیں اور میری کئی بار کی تجربہ شدہ ہیں۔" میں نے کہا یہ "نسخہ گجرات کے ایک رسالہ میں پڑھا تھا" انہوں نے کہا "ٹھیک ہے کتاب سے ہی لیا ہے مگر تمام عمر کا مجرب ہے۔"

(۲۱۸۰) مرکبات

ایک صاحب نے "الحکیم" میں سوال کیا کہ درد معدہ بار بار ہوتا ہے خرابی ہاضمہ ہے۔ ترش ڈکار آتے ہیں۔

ھوالشافی : جوارش کمونی ۶ ماشہ۔ جوارش مصطگی ۶ ماشہ۔ جوارش جالینوس ۳ ماشہ۔ ملا کر بعد

از غذا آب نیم گرم سے دیا کریں۔ اور رات کو حب کبد نوشادری ۲۔۲ عدد دیا کریں۔ (از الحکیم اکتوبر نومبر ۱۹۷۱ء)

نکات مطب : یہ لاجواب نسخہ خرابی ہاضمہ کو لاجواب ہے۔ یہ مرکب خرابی ہاضمہ کے لیے صدیوں سے مجرب ہیں اس سوال میں حکیم صاحب نے مرکبات ملا کر کھلانا لکھا ہے یہ لاجواب فارمولا ہے۔

(۲۱۸۱) عرق خاص

ایک حکیم صاحب نے مجھ کو ایک نسخہ عرق بتایا اور کہا اس کو معمول مطب بنالیں۔

ھوالشافی : سونف۔ پودینہ۔ موٹی الائچی۔ اجوائن۔ سوئے۔ گل سرخ۔ ۵۔۵ تولہ۔ ملا کر عرق تین بوتل نکال لیں۔ اگر بخار بھی ہو تو گلو ۵ تولہ شامل کریں یہ لاجواب عرق میرا مجرب ہے اگر ہاضم زیادہ کرنا ہو تو کچور۔ چرائتہ ڈھائی ڈھائی تولہ ملالیں تو خون بھی صاف ہوگا اب وہ فوت ہو چکے ہیں ان کے ارشادات کو لکھ دیا ہے۔ یہ نسخہ عرق مجربات میں سے ہے۔

(۲۱۸۲) نزلہ زکام

ایک عطائی آدمی گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر لوگوں کو دیتا اور نزلہ و زکام کھانسی کے لیے لوگ اس سے خرید لیتے۔ میں نسخہ کا طالب ہوا تو اس نے بتا دیا۔

ھوالشافی : ملٹھی۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ ۶۔۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ دانے۔ مویز منقیٰ ڈیڑھ تولہ کوٹ کر گولی بقدر دانہ جنگلی بیر بنائیں اور چائے سے کھلا دیں۔

(۲۱۸۳) عرق ہاضم برائے اپھارہ بچگاں

ھوالشافی : عرق سوئے۔ عرق سونف۔ عرق پودینہ۔ عرق الائچی۔ عرق زیرہ۔ عرق اجوائن۔ عرق دارچینی۔ کسی ایک کا بچوں کو پلانا ان کا ہاضمہ درست کرنے میں مجرب ہے۔

فوائد : تمام ملا کر پلا دیں اس سے بچوں کا ہاضمہ درست ہوگا اپھارہ دور ہوگا۔ (از: عبدالمجید صاحب سوہدرہ)

(۲۱۸۴) حب لاجواب

ان گولیوں کو میں نے تیار کر کے مفید پایا ہے۔ قولنج کا بلا انتہا علاج ہے۔

ھوالشافی: تربد سفید۔ حب النیل۔ سورنجاں شیریں۔ مصبر۔ صاف۔ نوشادر۔ جوکھار۔ نمک سونچل۔ گوگل صاف۔ سنڈھ۔ سقمونیہ۔ ایارج فیقرا۔ نمک ہندی۔ انیسون۔ مصطگی رومی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سہاگہ پھلہ۔ اجوائن خراسانی۔ گوداتمہ تمام ایک ایک تولہ۔ گودا کنوار گندل ایک پاؤ سے گولیاں نخودی بنا دیں۔

فوائد: قبض۔ ریاح معدہ۔ اپھارہ کولا جواب اور موٹاپا کو مفید ہیں۔ کتاب میں تو نسخہ یہی تھا مگر میں نے گل سرخ ایک تولہ۔ گل بنفشہ۔ سنا مکی صاف کا ایک ایک تولہ اضافہ کر کے تیار کی تھیں۔ تو لاجواب مفید ثابت ہوئیں امراض پیٹ اور درد مفاصل میں مفید ہیں۔ خونی بواسیر والے مریضوں اور حاملہ کو نہ دیں۔

(۲۱۸۵) درد گردہ ریاحی

ھوالشافی: نمک سانبھر۔ کالی مرچ۔ اجوائن دیسی۔ مگھاں۔ تخم کرفس۔ کلونجی۔ زیرہ سیاہ کشمیری ۵۔۵ تولہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ ڈھائی ڈھائی تولہ کو باریک کرلیں۔

خوراک: ایک ایک ماشہ صبح دوپہر و شام۔ اس کے استعمال کرنے سے ریاح پیدا ہوتے ہی نہیں اگر پیدا ہو جائیں تو فوراً دور ہو جاتے ہیں از حد مفید ہے۔ قاسمی صاحب طبیہ کالج سے فاضل تھے۔ پھر صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کے نظریہ مفرد اعضا کو اپنا لیا۔ (از: قاسمی لاہور)

(۲۱۸۶) برائے کھانسی

ھوالشافی: آرد ملٹھی۔ دانہ الائچی کلاں۔ مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ مغز بادام۔ مویز منقیٰ۔ مساوی الوزن کوٹ کر گولیاں بنا دیں اور کھانسی کیلیے چوسا دیں۔ یہ نسخہ رسالہ آب حیات میں زور دار الفاظ سے شائع ہوا تھا میں نے اس کو تیار کر کے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔ مجرب ہے۔

(۲۱۸۷) اکسیر بخار

ھوالشافی: لوبان کوڑیہ چار تولہ۔ کشتہ سنکھ ۴ ماشہ۔ کشتہ گئودنتی ۴ ماشہ۔ کشتہ ابرک سفید ۴ ماشہ۔ باریک کر کے ملا دیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔ ہمراہ مناسبہ بدرقہ سے دینا بخاروں کو مفید ہے۔ یہ نسخہ بھی معمول مطب بنائے رکھا تھا جب پاکستان بنا تو ان دنوں مہاجروں کو بہت زیادہ

بخار آتے تھے معمول مطب رہا ہے۔

(۲۱۸۸)

دو تین عورتوں کو درد معدہ بار بار ہو جاتا تھا۔ ان کو کلونجی ۳ ماشہ کا جوشاندہ پلایا گیا اس کے بعد کئی سال ہو چکے ہیں ان کو درد معدہ کا دورہ نہیں ہوا۔ لاجواب مجرب ہے۔

(۲۱۸۹) معجون ہاضم۔ دافع ریاح

ھوالشافی : سنڈھ۔ پودینہ۔ زیرہ سیاہ مدبر ۴ دانہ ہیل صغر۔ انیسون۔ نانخواہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ تخم کرفس۔ مصطگی ایک ایک تولہ۔ مویز منقیٰ گیارہ تولہ۔ گل قند ۲۲ تولہ۔ کوٹ کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں یہ لاجواب نسخہ امراض معدہ کو مجرب ہے۔ میں نے تیار کر کے مفید پایا۔

(۲۱۹۰) ضعف معدہ (از عزیز الدین درزی لاہور)

کسی حکیم نے اس کو بتایا وہ تمام عمر اس کو کھاتا رہا پھر اس نے مجھ کو بتایا کہ امراض معدہ میں اس کو یاد رکھیں۔

ھوالشافی : انجیر ایک دانہ۔ مصبر ۳ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ ترپھلہ۔ ترکٹہ۔ سمندر جھاگ ۳۔۳ ماشہ۔ نمک پانچ ۵ ماشہ رات کو سرکہ میں بھگو دیں۔ صبح کو اس سرکہ میں رگڑ کر گولیاں بقدر دانہ جنگلی بیر بنالیں۔

خوراک : ایک ایک گولی دن میں تین بار کھلا دیں یہ نسخہ ان کا مجرب تھا۔

فوائد : قبض۔ نفخ۔ اسہال۔ بدہضمی۔ درد معدہ۔ قولنج عادتی دائمی مخرج ریاح اور ہاضم طعام ہے۔ ایک لاہور کے حکیم کا راز تھا جو کہ قیام پاکستان سے پہلے مجھ کو عطا ہوا۔

(۲۱۹۱) جوارش آملہ

ایک خاندانی حکیم صاحب کی مجرب ہے۔ کم خرچ بالا نشیں ہے۔ مقوی معدہ و جگر و قلب اور خون پیدا کرنے والی ہے۔ کمزور مریضوں کو دی جاتی ہے۔

ھوالشافی : صندل سفید عرق گلاب میں گھسا ہوا۔ زرشک شیریں۔ ابریشم مقرض۔

گاؤزبان۔گل گاؤزبان۔دانہ الائچی کلاں۔پوست ترنج۔زہرمہرہ خطائی مسحوقہ۔عرق گلاب۔لونگ۔گل سرخ۔بہمن سرخ وسفید۔گل سیوطی۔۷۔۷ ماشہ۔مغز کشنیز ۱۴ ماشہ۔مربہ آملہ بنارسی ۱۲ دانہ۔مربہ ہلیلہ کلاں ۴ دانہ۔مصری سہ چند قوام کر کے ادویہ ملالیں۔اگر زیادہ کرنا ہوتو ورق نقرہ ایک ماشہ تک کھرل کر کے ملالیں مقوی اعضاارببعہ ہے۔

مقدار خوراک : یہ جوارش مجددی صاحب کی مجرب ہے۔کم خرچ ہے مگر جملہ کمزوریوں کو دور کرتی ہے۔

تمت بالخیر

الحمدللہ کتاب ختم ہوئی۔

دعا

یااللہ اس کتاب کے نسخہ جات سے دکھی مریضوں کو شفاعطافرما۔آمین یاالہٰ العالمین۔


حکیم محمد حیات ساکن کیلے ڈاک خانہ خاص تحصیل وضلع شیخوپورہ۔پنجاب۔پاکستان


عاجزانہ درخواست

میں نے اس کتاب کو نہایت دیانتداری سے لکھا ہے اور بار بار پڑھ کر درست کیا ہے اگر کوئی غلطی ہوتو اس کو لکھ کر بھیج دیں تو دوسرے ایڈیشن میں درست کردی جائے گی


مؤلف حکیم محمد حیات


ادارہ مطبوعات سلیمانی کی دیگر شاہکار کتب






















ادارہ مطبوعاتِ سُلیمانی

رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور • فون: 042-7232788
042-8414546 E-mail: idarasulemani@yahoo.com